ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری

DR. ZAKIR HUSAIN LIBRARY

JAMIA MILLIA ISLAMIA
JAMIA NAGAR

NEW DELHI

CALL NO. 891.4 3902
12.6.85 ADAB

Accession No. 14 3 19

891.43905
Call No. 68C5 Acc. No. 1WW19
AD ABI
RARE BOOK

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

فہرستِ مضامین سالنامۂ "ادبی دنیا"

سنہ ۱۹۳۵ عیسوی

NATIONAL MUSLIM UNIVERSITY DELHI.

مضامین نثر و نظم

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۱	بزم ادب	صلاح الدین احمد پروپرائٹر ادبی دنیا	۴
۲	ہندوستان کے شکسپیر آغا حشر کاشمیری ڈراما کیونکر لکھتے ہیں	منصور احمد	۹
	ڈرامے		
۳	آنکھ کا نشہ	جناب آغا محمد شاہ صاحب حشر کاشمیری ڈراما نویس	۱۰
۴	رلّی کا بیاہ	(مصنفہ) جناب پروفیسر الشیو رچندر صاحب بنداہ ایم اے (مترجمہ) محترمہ زینب صاحبہ	۱۴۴
۵	بے بسی	جناب شاہد احمد صاحب دہلوی بی اے (آنرز) ایڈیٹر رسالہ ساقی	۱۴۷
۶	فریب دولت	جناب ملک عطاء اللہ صاحب کلیم ایم اے	۲۲۱
۷	ساس	جناب اندر لال داس صاحب قمر بی اے	۲۲۷
	افسانے		
۸	دنیا کا جال	جناب منشی پریم چند صاحب	۱۳
۹	جنون	جناب مرزا فہیم بیگ صاحب فہیم چغتائی	۹۷
۱۰	خونِ کفتار و شیرہ	جناب مرزا عظیم بیگ صاحب بی۔ اے ایل ایل۔ بی (علیگ)	۱۱۰
۱۱	عورت کی طاقت	حضرات نور الٰہی، محمد عمر صاحبان	۱۲۵
۱۲	امتحان	حضرت کامران ایم اے	۱۵۴
۱۳	صرف آغاز	جناب آغا عبد الحمید صاحب بی اے (آنرز)	۱۷۵
۱۴	آپریشن	حضرت آسی رام نگری (بنارس)	۱۸۶
۱۵	خواب رنگیں	محترمہ طاہرہ دیوی شیر لوی	۲۰۱
۱۶	سوت کی انٹی	جناب ناظم علی صاحب وقار انبالوی	۲۱۳
	علمی مضامین		
۱۷	عورت اور آرٹ	جناب ملک عطاء اللہ صاحب کلیم ایم اے	۳۳
۱۸	جنگ اور مفکرین عالم	حضرت ظفر قریشی دہلوی بی۔ اے	۱۰۵
۱۹	قوت ارادہ	جناب پروفیسر منظور سروش صاحب بھوپالی	۱۱۸
۲۰	دماغی پریشانیاں اور اُن کا علاج	پروفیسر آر آر کمرپا رسنٹرل ٹریننگ کالج (اجمیر) مترجمہ ملک محمد باقر صاحب نسیم ضوانی ایم اے	۱۷۹
۲۱	فن صحافت کا معیار	جناب شیخ مقبول الٰہی صاحب بی اے (آنرز)	۲۱۷
	تحقیقی مضامین		
۲۲	نئی شاعری کا پہلا مشاعرہ	علامہ پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی دہلوی	۳۳
۲۳	بن راس	جناب ملک محمد باقر صاحب نسیم ضوانی ایم اے	۹۰
۲۴	شعرائے ایران و جدید تحریکات	جناب ملک عطاء اللہ صاحب کلیم ایم اے	۱۷۹
۲۵	برنارڈ شا دوست اور مخالف کی حیثیت سے	جناب بادشاہ حسن صاحب حیدر آبادی	[illegible]

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۲۶	ہماری غزلوں پر مقامی اثرات	جناب سید وقار عظیم صاحب	۱۹۴
۲۷	نواب بدر عالم بیگم صاحبہ بدر	حضرت تبکین کاظمی حیدرآبادی	۱۹۵

تاریخی افسانے و تبصرے

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۲۸	الازدی کی فتوح الشام	جناب مولانا سید حسن صاحب برنی	۸۱
۲۹	کلو پیٹرا کی ایک رات	جناب مولانا حامد علی خاں صاحب بی اے جائنٹ ایڈیٹر "ہمایوں"	۲۰۰
۳۰	روم کا آخری جانباز	جناب ابوالفضل صاحب عثمانیہ	۲۰۵
۳۱	جاپان میں اردو	جناب پروفیسر کے۔ آرگامو صاحب جاپان	۲۳۲

ادبی مضمون و قطعات منثور

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۳۲	رادھا کے گیت	حضرت عظیم قریشی	۷۷
۳۳	آہ وہ سیریا	حضرت تمنائی	۸۸
۳۴	تمنائے فراق	جناب محمد طفیل احمد صاحب بدر امروہوی	۱۲۷
۳۵	نیاگ	جناب محمد اقبال صاحب بی اے	۱۴۶
۳۶	کیف بہار	حضرت خالد (لندن)	۱۶۲
۳۷	عورت کی تخلیق	جناب پروفیسر عبدالرحمن صاحب ایم اے (کارڈن کالج راولپنڈی)	۱۷۳

نظمیں

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۳۸	کیف خرابات	حضرت جوش ملیح آبادی	۲۱
۳۹	نوائے غیب	حضرت اختر شیرانی	۸۹
۴۰	ہجر کی ایک رات	حضرت صدق جائسی	۹۶
۴۱	اے دل افسردہ	جناب پروفیسر عابد علی صاحب عابد ایم اے	۱۰۹
۴۲	آج کی رات	حضرت فیض ہوشیارپوری	۱۱۶
۴۳	دعوت طرب	حضرت حکیم آزاد انصاری	۱۲۲
۴۴	[illegible]	محترمہ [illegible] صاحبہ	۱۴۸
۴۵	[illegible]	حضرت مسافر نظامی	۱۴۷
۴۶	خلوت گاہ حسن	جناب سید عبدالحمید صاحب عدم	۲۱۲
۴۷	دل	حضرت ضیا فتح آبادی	۲۲۵
۴۸	بہروعام	جناب مولانا سید علی [illegible] صاحب حیدرآبادی	۲۳۷

گیت

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۴۹	برہن کا گیت	جناب پنڈت اندرجیت صاحب شرما	۱۱۷
۵۰	بیتے ہوئے دنوں کی یاد	حضرت حفیظ ہوشیارپوری	۱۵۳
۵۱	جوانی	جناب سید عبدالحمید صاحب عدم	۱۷۹
۵۲	آہنگ نو	حضرت حفیظ ہوشیارپوری	۱۹۳
۵۳	ساون میں	جناب پنڈت اندرجیت صاحب شرما	۲۰۴
۵۴	التفاتات	حضرت ن۔ م راشد وحیدی ایم اے	۲۲۰

غزلیں

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۵۵	غزل	خان بہادر سید خاکی صاحب دخت	۳۲
۵۶	غزل	سمان الہند حضرت کیفی چریاکوٹی	۴۳
۵۷	پیام روح	حضرت ضیا فتح آبادی	۷۹
۵۸	احسن الکلام	حضرت احسن مارہروی	۸۰
۵۹	غزل	حضرت شمیم جمیلی	۹۵
۶۰	تجلیات	جناب عبدالسمیع صاحب پال اثر صہبائی	۱۰۴
۶۱	غزل	حضرت حاجی سرحدی	۱۵۲
۶۲	تجلیات	مولانا جلال الدین صاحب اکبر	۱۶۳
۶۳	نیرنگ عشق	جناب عطاء اللہ صاحب کلیم ایم اے	۱۷۴
۶۴	معراج سخن	جناب قاضی معراج الدین صاحب معراج دھول پوری	۱۸۴
۶۵	غزل	حضرت تاباں زیدی عابدی (جبلپوری)	۱۸۵
۶۶	غزل	حضرت فراق گورکھپوری	۱۹۴
۶۷	سوز تمام	جناب پنڈت ہری چند صاحب اختر	۲۱۶

رباعیات

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۶۸	آخری منزل	جناب سید احمد حسین صاحب امجد	۲۰

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۶۹	محبت لوٹی.....	حضرت حکیم آزاد انصاری	۳۱
	اسرار جہاں.....		
۷۰	ہر رنگ زمیں.....	حضرت حکیم آزاد انصاری	۴۲
	مبدأ کائنات.....		
۷۱	رباعیات	حضرت محشر رام پوری	۷۳
۷۲	گناہ	جناب عاشق حسین صاحب سیماب اکبرآبادی	۷۴
۷۳	ہم اور تم	جناب احمد حسین صاحب امجد	۱۰۳
۷۴	رباعی	جناب سعید احمد صاحب اعجاز	۱۳۵
۷۵	رباعیات	جناب پنڈت تلوک چند صاحب محروم بی اے	۱۳۶
۷۶	رباعی	حضرت نجم ندوی بی اے	۱۵۲
۷۷	رباعیات	جناب سعید احمد صاحب اعجاز	۱۷۷
۷۸	رباعی	حضرت اثر صہبائی	۱۹۳
۷۹	رباعیات	حضرت منظر صدیقی اکبرآبادی	۲۱۱
۸۰	جام صہبائی	حضرت اثر صہبائی	۲۱۵
۸۱	رباعی	حضرت منظر صدیقی اکبرآبادی	۲۱۹
۸۲	رباعی	جناب سید احمد حسین صاحب امجد حیدرآبادی	۲۲۵

تصاویر

سہ رنگی

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۱	سرفروش	عمل چغتائی	۴
۲	دربار خسرو	ایرانی آرٹ	۲۲۱
۳	وینس کی عشرت گاہ	انگریزی آرٹ	۴۴
۴	نسیم شمال	برن جونز	۱۰۹
۵	دختران بہار	انگریزی آرٹ	۱۴۲
۶	سحر عشق	انگریزی آرٹ	۱۷۴
۷	خواب رنگیں	انگریزی آرٹ	۱۹۳

یک رنگی

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۸	آہوان صحرا	جاپانی آرٹ	۳۲
۹	نابینا مغنیہ		
۱۰	دوشیزہ کوہسار		۳۳
۱۱	بچھڑوں کا ملاپ		
۱۲	خواب کے آغوش میں		۳۶
۱۳	ایسل لڈوگ		
۱۴	برنارڈ شا		۱۴۴
۱۵	زال اور رودابہ		
۱۶	تہمینہ اور سہراب		۱۴۶
۱۷	عورت کی تصویر	بنگالی آرٹ	۲۱۲

سالانہ چندہ چار روپے سات آنے محصول اور وی پی نو آنے کل پانچ روپے ممالک غیر سے دس شلنگ

رسالہ "ادبی دنیا"

جدید و قدیم ادبیات کا ایک شاندار ماہوار مرقع ہے۔ جو ہر حیثیت سے ہندوستان کے تمام اردو رسائل سے ممتاز ہے۔ اس میں خاص علمی ادبی اور تاریخی مضامین ہوتے ہیں، طنز زاد اور مترجم افسانے ہوتے ہیں ملک کے چیدہ شعرا کی نظمیں، غزلیں، رباعیاں اور گیت ہوتے ہیں۔ وقت پر شائع ہوتا ہے۔ ہر پرچہ مصور رہتا ہے۔ سائز، کتابت و طباعت وغیرہ میں اپنی نظیر آپ ہے۔ اس کے مستقل خریدار بن کر اپنے علم و ادب کی خدمت کیجئے باوجود ان سب خوبیوں کے قیمت سالانہ پانچ روپے محصول ڈاک (ص)

بزمِ ادب

ادارت کی بے پناہ ذمہ داریاں ایک عرصے مولانا مصور احمد کی صحت کا جائزہ لے رہی تھیں، مگر وہ مردانہ وار اپنے روز افزوں فرائض ادا کرتے رہے۔ سالنامہ کی ترتیب و تدوین نے ان کی دماغ سوز مصروفیتوں میں ایک حوصلہ آزما اضافہ کر دیا، پھر بھی وہ ایک عرصہ تک تنہا اپنے تمام فرائض سے عہدہ برآ ہوتے رہے۔ جس جوش و خروش سے وہ سالنامہ کو دنیائے صحافت کا شاندار ترین کارنامہ بنانے میں مصروف تھے اس سے ان کے احباب کو یہ اندیشہ تھا کہ مولانا کو فالج ہو جائے۔ افسوس ہے کہ یہ خیال صحیح ہو کر رہا۔ آج ڈیڑھ ماہ سے مولانا صاحب فراش ہیں۔ ان کی علالت اور طویل غیر حاضری میں سالنامہ کا مکمل ہو جانا کوئی آسان بات نہ تھی لیکن نائبِ غیبی میرے شامل ہوئی اور مجھے ملک عطاء اللہ صاحب کلیم ایم اے جیسے رفیق کار میسر آ گئے جنھوں نے ترتیب و تدوین کی تمامتر ذمہ داری اپنے اوپر لے لی۔ الحمد للہ کہ ان کی قابلیت مستعدی اور دوست نوازی کی بدولت سالنامہ اپنی پوری آب و تاب سے شائع ہو گیا اور مجھے ان پریشانیوں کا احساس تک نہ ہوا جو مولوی صاحب کی علالت کے باعث مجھ پر قدرتاً نازل ہونے والی تھیں۔

ادبی دنیا نے دورِ جدید میں جو ترقی کی ہے اور جس طرح اپنے معیار کو بلند سے بلند تر بنانے کے لئے اپنی تمام کوششیں صرف کی ہیں اور مصارفِ کثیر برداشت کر کے گراں قدر اور دلچسپ مضامین کی اشاعت کا انتظام کیا ہے۔ ناظرین سے مخفی نہیں، ہماری مساعی کس حد تک کامیاب ہوئی ہیں اس کا اندازہ آپ سال گذشتہ کے بلند پایہ مضامین کی کثرت اور تنوع سے کر سکتے ہیں، ادارہ کی کاوشوں کا حاصل علم و ادب کے وہ جواہر پارے ہیں جن سے "ادبی دنیا" کا دامن بھرا ہوا ہے، ہمارے کرمفرماؤں کے اس قول میں کوئی مبالغہ نہیں کہ "ادبی دنیا" کا معمولی پرچہ ضخامت اور معیارِ مضامین کے لحاظ سے عام رسالوں کے خاص نمبروں کا مقابلہ کرتا ہے اس طرح گویا "ادبی دنیا" سال میں بارہ خاص نمبر اپنے خریداروں کی نذر کرتا ہے لیکن چونکہ سالِ نو کو غیر معمولی شان و شوکت سے منانا صحافت کی روایات کے خلاف سمجھا جاتا، اس لئے "ادبی دنیا" کو بھی سالنامہ کی اشاعت پر توجہ کرنی پڑی۔ اس طرح ادارہ کو ایک کٹھن مشکل درپیش ہوئی۔ وہ یہ کہ جو امتیازی شان عام نمبروں میں پائی جاتی ہے۔ اس سے بڑھ کر سالنامے میں امتیازی خصوصیات پیدا کی جائیں۔ اور سالنامہ بہ حیثیت سالنامہ کہلانے کا مستحق ہو۔ یہ مشکل پہاڑ کی طرح ہمارے سامنے تھی۔ اڑھائی سو جہازی صفحات کو ہندوستان کی بہترین ادبی جنس سے پر کرنا ایک دشوار مرحلہ تھا۔ اگر خدا کی رحمت اور ناخدایانِ ادب کی اعانت شاملِ حال نہ ہوتی تو یہ جہاز کبھی ساحلِ امید تک نہ پہنچتا، لیکن اللہ جل شانہ نے ہمارے ارادے کو برکت دی اور ہماری کوششیں رائگاں نہ گئیں۔ "سالنامہ" کو دیکھنے کے بعد ناظرین خود ہی یہ رائے قائم کر لیں گے کہ شاہیرِ اہلِ قلم کا ایسا شاندار اجتماع بہت کم موقعوں کو نصیب ہوتا ہے۔

سالنامہ کے مضامین پر ایک چھچھلتی ہوئی نظر ڈالنے سے ظاہر ہو جائے گا کہ یہ بہترین ادبا کے بہترین افکار سے بھرا پڑا ہے، تمام مضامین پر فرداً فرداً قلم اٹھانا اور ان میں سے ہر ایک کی بے شمار خوبیاں گننا تو ممکن نہیں البتہ یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ صرف وہی افسانے اور ڈرامے شامل کئے گئے ہیں جو بہ اعتبارِ فن بے عیب ہیں اور جن میں زندگی کی نیرنگیوں سے گہری واقفیت کا ثبوت دیا گیا ہے، وہی تحقیقی مضمون درج کئے گئے ہیں، جو مدتِ دراز کے مطالعہ، غور و فکر اور واقعات کی جانچ پڑتال کے بعد قلم بند کئے گئے ہیں، سالنامہ کے صفحوں کو صرف انہی شعرا کا کلام مزین کرتا ہے جن کو زبان پر قدرت حاصل ہے اور جنہیں شعر گوئی کا ملکہ قدرت سے ودیعت ہوا ہے، اشعار کہنے والے کے دل سے نکلتے ہیں اور سننے والے کے دل میں اتر جاتے ہیں۔

ہمارے محترم اربابِ نگارش تعارف کے محتاج نہیں اور نہ ہم صرف رسمی شکریے سے ان کے احسانات سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں۔ اس لئے ان کے گرانبہا ادبی عطیات کے پیشِ نظر جو ہدیۂ سپاس ہم ان کی خدمت میں پیش کر سکتے ہیں وہ ایک مختصر تبصرہ کی صورت ہی میں ہو سکتا ہے۔

عمل چغتائی اس بے نظیر تصویر کی سب سے بڑی فنی خوبی یہ ہے کہ مصور نے محبت اور فرض کی کشمکش کو بہترین رنگ میں ظاہر کیا ہے سرفروش کی ماں اور بیوی کے دھندلے نقوش سے یہ دکھانا مقصود ہے کہ فرض شناسی کے جذبہ نے ان کی یاد کو اس کے دل سے محو کر دیا ہے۔ رنگوں میں اس نادر تخیل کا اظہار چغتائی ہی کے موقلم کا حصہ ہے، اور تصویر کے آئینہ میں جذبات کی اس کامیابی سے عکاسی صرف چغتائی ہی کر سکتا ہے۔

شاعرِ انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کی وجہ آفرین غزل "کیف خرابات"۔ ایک ایسا ساغر ہے جس کا ہر جرعہ کشتگانِ ادب کو دعوتِ سرمستی دیتا ہے جس کی رنگینی بادۂ شیراز کو شرمندہ کرتی ہے اور جس کا نشہ غمِ روزگار کو محو کر دیتا ہے۔ حضرتِ آزاد انصاری کی "دعوتِ طرب" جدید رنگ کی ایک غزل ہے اور اس طرز کے موجد بھی وہی ہیں۔ خان بہادر رضا علی وحشت اور مولانا احسن مارہروی کی غزلیں قدیم شاعری کا بہترین نمونہ ہیں اور اگر ان استادانِ سخن کو اردو کا عرفی و نظیری کہا جائے تو نامناسب نہ ہوگا۔ حضرتِ امجد کی "آخری منزل" میں صوفیانہ رنگ جھلکتا ہے، حق تو یہ ہے کہ ہندوستان کی صوفیانہ شاعری کا وجود ہی ان کے دم سے ہے۔ حضرت سیماب اکبرآبادی کی فلسفیانہ رباعیات اپنی قسم کی بہترین چیز ہیں۔ حضرتِ صدق جائسی کی "سحر کی رات" ان کے رنگ کی پختگی کی شاہد ہے۔ پنڈت تلوک چند محروم کی "رباعیات" اور نظم سے ظاہر ہے کہ وہ مناظرِ قدرت اور جذباتِ قلب کی ترجمانی کس خوبی سے کرتے ہیں۔ حضرت اثر صہبائی فراق، ساغر، علی منظور کیفی چریا کوٹی، منظر، ہری چند اختر، اندرجیت شرما کے نو رکلام قابلِ تحسین ہے، مقامی حضرات میں سے پروفیسر عابد، پروفیسر تبسم، حضرتِ اختر شیرانی اور مولانا جلال الدین اکبر "ادبی دنیا" کے خاص مہربانوں میں سے ہیں، کوئی کور ذوق ہی ہوگا جو عابد کے کلام کی موسیقی اور رنگینی سے متاثر نہیں ہوتا، جس پر تبسم کا کلام کیفیت طاری نہیں کرتا۔ جو اختر کے "الہامِ منظوم" کا قائل نہیں اور جس کے دل پر اکبر کے کلام کی پختگی کا نقش نہیں۔ "ادبی دنیا" کے نوجوانِ شعراء عدم، ضیا اور حفیظ سے بھی اردو شاعری کی بہترین توقعات وابستہ ہیں۔

سالنامہ کے افسانوں میں منشی پریم چند کا "وفا کا جال"، نورالٰہی محمد عمر صاحبان کا "عورت کی طاقت"، مرزا عظیم بیگ چغتائی کا "خود مختار دوشیزہ" اور حضرت فہیم بیگ چغتائی کا "تہمتون" خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ "وفا کا جال" میں تلیا کا کیریکٹر خاص دلچسپی کا باعث ہے، قابلِ مصنف نے دکھایا ہے۔ کہ ایک بظاہر نیچ عورت بھی اپنے اخلاق کی بلندی اور اپنی دانائی سے ہیروئن بن سکتی ہے۔ "تہمتون" اور "عورت کی طاقت" نفسیات سے گہری واقفیت ظاہر کرتے ہیں۔ حامد علی خاں کے افسانہ کلو پہلوان کی دلآویزی سے کسے انکار ہو سکتا ہے؟ "خود مختار دوشیزہ" مغرب کی آزادی کا ایک پرلطف مظہر ہے، اسے پروفیسر نندا کے دلچسپ ڈراما "لی کا بیاہ" کے ساتھ پڑھیئے تو تہذیبِ مغرب کا ایک مکمل نقشہ آپ کے ذہن میں مرتب ہو جائے گا۔

سے بھی زیادہ ہے، اس بنا پر بعض غلطیوں کا ہونا ناگزیر ہے، کئی قابلِ قدر نظمیں اور مضامین فرمائشی نہ ملنے پر مجبوراً رد کرنے پڑے، بعض حضرات کا ذکر قلتِ گنجائش کی وجہ سے نہ ہو سکا، اس لئے ادارہ

آغا حشر کاشمیری کا اصلاحی ڈراما "آنکھ کا نشہ"، شاہد احمد صاحب مدیر "ساقی" کا نفسیاتی ڈراما "بے بسی"، اندرلال واس صاحب قمر کا معاشرتی ڈراما "تماس" اور حضرتِ کلیم کا تاریخی ڈراما "فریبِ دولت" پڑھنے کے بعد کسی کے دل میں شک کی گنجائش نہیں رہے گی کہ "ادبی دنیا" تنوع، دلچسپی اور رفعتِ خیال کو یکجا کرنے میں کسی ہمعصر سے پیچھے نہیں۔

ادبی مضامین میں "ادبی دنیا" کی وسعت تسلیم کرنے میں کسی کو عذر نہیں ہو سکتا، علامہ کیفی دہلوی کا جامع مقالہ "اردو شاعری کا پہلا مناظرہ" اردو ادب کی ایک دیرینہ ضرورت کو پورا کرتا ہے۔ پروفیسر کے آر گاموے جو جاپانی نژاد اور جاپان کے ایک نامور عالم ہیں، سمندر پار سے اپنا پُراز معلومات مضمون "جاپان میں اردو" بھیجا ہے۔ آپ ایسی رواں اور بے تکان اردو لکھتے ہیں کہ اس زبان کو بھی حیرت ہوتی ہے۔ "بن راس" جو ایک مشہورِ عالم انگریز مصنف کے مشاہدات کا نتیجہ ہے اور جسے مسٹر نسیم رضوانی نے محنت اور خوبی سے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ ڈراما کی تاریخ میں مستقل حیثیت کا مطالبہ کرتا ہے۔ حضرتِ کلیم کا عالمانہ مقالہ "شعرائے ایران اور جدید تحریکات" مشرقی ادبیات اور سیاسیات سے دلچسپی رکھنے والوں کی معلومات میں کافی اضافہ کریگا۔ فارسی ادب کے کسی مداح کو اس کے مطالعہ سے محروم نہ رہنا چاہئے۔ مولانا حسن برنی کا عالمانہ محاکمہ "الازدی کی فتوح الشام" ایک ایمان افروز مقالہ ہے جو اسلامی تاریخ کے عہدِ زریں کی یادگار ہے۔ وقار عظیم صاحب کا مضمون "غزل میں مقامی اثرات" اردو شاعری کے ایک پیچیدہ مسئلہ پر روشنی ڈالتا ہے اور موجودہ تحقیق کے بہترین نمونوں میں سے ہے۔ حضرتِ کلیم کا رنگین مضمون "عورت اور آرٹ" فنونِ لطیفہ پر صنفِ لطیف کے اثرات کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے آخری عنوانات "دخترانِ فرنگ" اور "دخترانِ مشرق" خاص توجہ کے قابل ہیں۔ خالص علمی مضامین میں پروفیسر منظور سروش کا "قوتِ ارادہ" خاص تعریف کا مستحق ہے۔ نہ صرف اس میں نفسیاتی مسائل کی توضیح کیا گیا ہے بلکہ اس میں ایک اخلاقی درس بھی مضمر ہے۔ دماغی پریشانیاں اور ان کا علاج پروفیسر کرپا کے ارشادات کا حاصل ہے صاحبِ موصوف کو پنجاب یونیورسٹی کے بیدار مغز پروفیسروں میں سے ہونے کی شہرت حاصل ہے۔ ناظرین کو اس مضمون میں بہت سی مفید باتیں ملیں گی۔

ادارۂ "ادبی دنیا" ان محترمات کا بھی بیحد ممنون ہے جن کے دلچسپ مضامین سالنامے کی زینت ہیں، محترمہ ح۔ ب صاحبہ کی پاکیزہ نظم "ستارے" اس لاذہبیت کے دور میں ایک مشعلِ ہدایت کی حیثیت رکھتی ہے۔ محترمہ ز۔ ب صاحبہ نے جس کامیابی اور خوش اسلوبی سے "لی کا بیاہ" کو پنجابی سے اردو میں منتقل کیا ہے وہ اردو کے لئے باعثِ فخر ہے۔ جنابہ طاہرہ دیوی صاحبہ کی "خوابِ رنگین" کے متعلق عرض کر دینا کافی ہے کہ اگر آج مولیسان زندہ ہوتا تو فیصلہ نہ کر سکتا کہ ترجمہ کونسا ہے اور اصل کونسا۔

سالنامہ کی ترتیب کے لئے جو محنت درکار ہوتی ہے وہ کئی کتابوں کی تصنیف سے بھی زیادہ ہے۔ اس بنا پر بعض غلطیوں کا ہونا ناگزیر ہے، کئی قابلِ قدر نظمیں اور مضامین فرمائشی نہ ملنے پر مجبوراً رد کرنے پڑے، بعض حضرات کا ذکر قلتِ گنجائش کی وجہ سے نہ ہو سکا، اس لئے ادارہ تمام معاونین کو بحیثیت مجموعی ہدیۂ سپاس پیش کرتا ہے اور اگر کوئی کوتاہی انہیں نظر آئے تو اس کے لئے بھی عذر پیش کرتا ہے۔

صلاح الدین احمد

سالنامہ کی تصاویر

سالنامہ کی تصاویر کے انتخاب میں خاص طور پر احتیاط برتی گئی ہے کہ کوئی ایسی تصویر نہ دی جائے جس سے ادبی دنیا کی شہرت میں فرق آئے۔ اچھی تصویر کی ایک ادبی حیثیت ہوتی ہے، اس میں ایک کیف آور نظم، ایک جذبات آفریں افسانے یا ایک حقیقت افروز مقالے کی خوبیاں پائی جاتی ہیں۔ سالنامہ کی تصویریں اس اصول کی شرح ہیں یہی نہیں بلکہ وہ مشرق و مغرب کے آرٹ کی مختلف اقسام کا مجموعہ بھی ہیں اس طرح "ادبی دنیا" اپنے خریداروں کو انگریزی، ایرانی، ہندی اور جاپانی آرٹ کا ایک مختصر البم نذر کر رہا ہے۔

انگریزی آرٹ

صد رنگی تصویروں میں سے پانچ انگریزی مصوروں نے بنائی ہیں۔ نسیم شمال گذشتہ صدی کے شہرۂ آفاق مصور "برن جونز" کی یادگار ہے۔ "برن جونز" اس سکول کا ایک ممتاز فرد تھا جس نے تخیلی تصویروں کو رواج دے کر دنیائے مصوری میں انقلاب برپا کر دیا۔ اس سکول کے مصوروں نے یہ محسوس کیا کہ لکیر کا فقیر بنے رہنے سے وہ آرٹ کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ اس لئے انھوں نے اپنا نصب العین یہ قرار دیا کہ دنیا کی فرسودہ چیزوں کی نقالی کو ترک کر کے آرٹ میں خیالات کی تشکیل کریں۔ زیر نظر تصویر میں بھی یہی تخیلی شان نظر آتی ہے، بائیں جانب گل بدوش ہوائیں دنیا میں ایک نئی روح پھونکنے کو ہیں سو گیت گاتی اور کیف برساتی آرہی ہیں، اور کلیاں ان کو دیکھ کر مسکرا رہی ہیں۔

"دختران بہار" میں موسم گل کی نشاط آفرینی کو ہنستے کھیلتے بچوں کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے۔ فطرت کی معصومیت بچوں کے شگفتہ چہروں سے ظاہر ہو رہی ہے، مصور نے دنیا کی دو بہترین نعمتوں اولاد اور بہار کو یک جا کر دیا ہے۔

"سحر عشق" میں اطالوی ساحل کا ایک منظر ہمارے پیش نظر ہے، عشق کے دیوتا کیوپڈ کا مجسمہ چٹان پر نصب ہے۔ اس کے زیر سایہ ایک ماہی گیر ایک دوشیزہ سے عشق جتا رہا ہے، انہوں نے راز و نیاز کے لئے موزوں جگہ تلاش کی ہے، آج کل مچھیرے کیوپڈ کے بت پر اپنے حال سوکھنے کے لئے ڈال دیا کرتے ہیں، مگر کیوپڈ بھی موقع پا کر اس توہین کا انتقام لیا کرتا ہے اور ایسا تیر چھوڑتا ہے کہ دل اور جگر دونوں چھد جاتے ہیں۔

"وینس کی عشرت گاہ" اٹلی کے مشہور بندرگاہ کی شوکت کی شاہد ہے، وینس نہ صرف تجارت بلکہ عیش و نشاط کا مرکز بھی ہے، اس کی روح پرور فضا میں مشرق و مغرب یکجا داد عشرت دیتے ہیں، تصویر کے وسط میں دو ہندوستانی بازار کی رونق دوبالا کر رہے ہیں۔

"انجام داستان" جدید آرٹ کا ایک شاہکار ہے، مصور تخیل کے پرستان کو خیرباد کہہ کر واقعیت کی طرف متوجہ ہوا ہے، تصویر میں گھریلو زندگی دکھائی گئی ہے، سرما کی رات ہے، گھر کی مالکہ مطالعہ سے جی بہلاتی رہی ہے۔ اور اب داستان ختم کر کے آگ تاپنے لگی ہے، آرٹسٹ کی نظر میں محبوب ترین چیزیں "فراغتے و کتابے و موسم سرما" ہیں رگوشۂ چمنے نہیں۔

عمل چغتائی

"سرفروش" ہندوستان کے مایۂ ناز مصور خان بہادر عبدالرحمن چغتائی کا جدید ترین شاہکار ہے۔ حضرت چغتائی کو "رفیل" کی طرح "رنگوں کا راجہ" سمجھا جاتا ہے، اس تصویر سے اس خیال کو اور تقویت ہوتی ہے، جس کامیابی سے انھوں نے نوجوان سپاہی کے دل میں محبت اور فرض کی کشمکش دکھائی ہے وہ انہی کا حصہ ہے۔ نوجوان کے چہرے پر معصومیت کے آثار نمایاں ہیں وہ لوٹ مار کی ترغیب سے متاثر نہیں ہوا، بلکہ جنگ اس کے لئے ایک مقدس فرض ہے۔ وہ گناہ اور بدی سے لڑنے چلا ہے اس کے ایک ہاتھ میں نائۂ حکومت ہے اور دوسرے ہاتھ میں تلوار، ان کے ہوتے ہوئے اسے دنیا کی کسی اور دولت کی آرزو نہیں ہو سکتی اور نہ اسے بڑی سے بڑی طاقت مرعوب کر سکتی ہے، اسے دیکھ کر HAPPY WARRIOR اور SIRGALAHAD کی تصویریں یاد آجاتی ہیں۔ چغتائی صاحب سے یہ مژدہ سن کر ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے کہ وہ عنقریب دیوان غالب کا ایک مصور ایڈیشن چھاپنے کا ارادہ رکھتے ہیں اس میں انکی وہ تازہ ترین تصویریں شامل ہوں گی جو خود ان کے مرقع کی تصویروں سے بھی بہتر ہیں، "نقش چغتائی" مرقع سے بھی زیادہ قدر کا مستحق ہے، تفصیلات کے لئے آئندہ اشاعت کا انتظار فرمائیے۔

"دوشیزۂ کوہسار" لاہور کے مشہور فوٹوگرافر مسٹر آر۔ آر بھاردواج کے کمال کا نمونہ ہے، تصویر دراصل ایک گڑیا کا فوٹو ہے مگر آرٹسٹ کے تخیل نے اس میں ایک عجیب شان پیدا کر دی ہے۔ ہمارے سامنے ایک باوقار

دیوی عالم محویت میں کھڑی ہے، پہاڑ، درخت اور آسمان سب فوٹوگرافر کے پیدا کردہ ہیں، تخیل اور حقیقت کی یہ دلفریب آمیزش خراج تحسین لئے بغیر نہیں رہ سکتی۔ یہ بھی عرض کر دینا ضروری ہے کہ یہ جس گڑیا کا فوٹو ہے۔ وہ کوئی معمولی گڑیا نہیں بلکہ حضرت مریم کا ایک نادر مجسمہ ہے جس کی قیمت ایک ہزار روپیہ سے زیادہ ہے اور جو برلن کے ایک عجائب گھر میں رکھا ہے۔

"بچھڑوں کا ملاپ" انگلستان کے باکمال مصور لارڈ لائٹن نے دیوتاؤں کے رنگین افسانوں کی شرح جس کامیابی سے اپنی تصاویر میں کی ہے محتاج بیان نہیں۔

زیر نظر تصویر میں ایک لڑکی دنیائے زیریں کی تاریکی سے نجات پانے کے بعد ارضی زندگی میں دوبارہ قدم رکھنے کو ہے، دونوں دنیاؤں کی سرحد پر اس کی ماں سراپا اشتیاق بنی کھڑی ہے، تفصیلات کے لئے تصویری مضمون "عورت اور آرٹ" کا مطالعہ فرمائیے۔

خواب کے آغوش میں

یونانی تخیل اس تصویر میں جھلک رہا ہے، خواب کا دیوتا تھکی ہوئی دنیا کو اپنے آغوش میں لے کر سلا رہا ہے، عورت کے سر میں گندھے ہوئے پھولوں سے مضمون کی نزاکت کا احساس ہوتا ہے، اس سے خواب کی راحت آفرینی مراد ہے۔ نیند دیوتا کے پروں پر آسمان سے اترتی ہے، اور پھول بن کر دماغ عالم کو معطر کرتی ہے۔

ہندوستانی آرٹ

یہ تصویر فارمن کرسچن کالج کے ادب نواز پرنسپل ڈاکٹر ایس کے۔ دتا صاحب بنگال کے صنعتی ادارہ گویا سکول اوآرٹ کلکتہ سے پسند فرما کر لائے تھے اور یہ عرصے سے ان کے ذاتی مجموعہ کی زینت تھی۔ ہم صاحب موصوف کے ممنون ہیں کہ انھوں نے "ادبی دنیا" کے سالنامے میں اس کی اشاعت کی اجازت دی۔ آپ عنقریب اپنے کالج میں ادبی اور صنعتی چیزوں کی نمائش کرنے والے ہیں جس میں قدیم اور نایاب تصاویر، قلمی نسخوں، قدیم جنگی سامان اور ہندوستان کی تاریخی صنعتوں کے بہترین نمونوں کو جمع کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، اہل ادب، اور مصوروں کو چاہئے کہ اس نمائش کے کامیاب بنانے میں حصہ لیں۔

ایرانی آرٹ

"پرویز کی بزم نشاط" کا ایک نظر افروز نقشہ نظامی نے اپنی مقبول عام مثنوی "خسرو شیریں" میں کھینچا ہے ایرانی مصور بیرک کے موقلم نے اسے نقش دوام بخش دیا ہے، خسرو اور شیریں مسند پر بیٹھے کہانیوں کا مزا لے رہے ہیں تصویر میں اکثر چہرے منگول نسل کے آثار ظاہر کرتے ہیں، مگر ایک عورت کے خدوخال سے یورپی قومیت کا اظہار ہوتا ہے۔

"زال اور رودابہ" جن کی محبت کا ایک منظر اس تصویر میں دکھایا گیا ہے شاہنامہ کی ایک ایسی داستان کے کردار ہیں جس پر فردوسی نے اپنا پورا زور کلام صرف کیا ہے، زال رودابہ کے حسن کی تعریف سن کر اس پر فریفتہ ہو جاتا ہے اور رودابہ بھی اس کی شجاعت کے تذکروں سے متاثر ہو کر دل و جان سے اس کی تمنا کرنے لگتی ہے، جوش عشق ایک رات زال کو کشاں کشاں خانۂ محبوب کی دیوار تک لے آتا ہے۔ اور عین اسی وقت رودابہ بھی جسے زال کا خیال سونے نہیں دیتا۔ سر بام آ کھڑی ہوتی ہے، زال کو دیکھ کر اپنی چوٹی لٹکاتی ہے کہ اس کے سہارے چڑھ کر آ جاؤ، زال کہتا ہے کہ شرع عشق میں ایسا فعل روا نہیں، اس کی چوٹی کو اس جوش و خروش سے چومتا ہے کہ بوسہ کی آواز آسمان تک جاتی ہے۔ پھر کمند پھینک کر چھت پر چڑھتا ہے اور صبح تک عاشق و معشوق یکجا رہتے ہیں، مگر آداب عشق بے حیائی کی اجازت نہیں دیتے ؎

ہمے بود بوس و کنار و نبید
نگر شیر کو گور را نشکرید

"تہمینہ اور سہراب" شاہنامہ کا ایک اور رنگین ورق ہے، رستم تہمینہ سے بیاہ کے چند روز بعد ہی رخصت ہو جاتا ہے، اس کی غیر حاضری میں سہراب پیدا ہوتا ہے، تہمینہ اس سے رستم کے نام کو مخفی رکھنا چاہتی ہے تاکہ وہ بھی کہیں باپ کی طرح جنگ کا دلدادہ نہ ہو جائے، سہراب اصرار کرتا ہے کہ اسے باپ کا نام ضرور بتایا جائے، ان دو تصویروں میں آرٹسٹ نے تاریخی حیثیت کا پورا لحاظ کیا ہے "رودابہ اور زال" میں آرٹسٹ کی ایرانی فن تعمیر سے پوری واقفیت ظاہر ہوتی ہے، ستون کی تراش فارس کے پرانے محلوں جیسی ہے، زال کا لباس بعینہ ایسا ہے جیسا دارا کے محل پر تیر اندازوں کی تصویر میں ظاہر ہوتا ہے، ماہرین حفریات کے جدید ترین انکشافات نے اس تصویر کی واقفیت پر مہر ثبت کر دی ہے۔

جاپانی آرٹ

"تابینا مغنیہ" اور "آہوان صحرا" براہ راست جاپان سے حاصل کی گئی ہیں، جاپانی مصوروں کو مناظر قدرت کی جاذب نظر تصویریں بنانے میں جو کمال ہے، اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا، لیکن ان تصاویر میں نہ صرف تفاصیل کی نزاکت اور نفاست قابل ملاحظہ ہے بلکہ ان کے شاعرانہ موضوع کی داد دینا بھی ہمارا فرض ہے۔

سرورق

سالنامہ کے سرورق کا ڈیزائن سید سرفراز کا تیار کیا ہوا ہے جو لاہور کے بہترین تلمکاروں میں سے ہیں۔ وہ پنجاب میں حروف کے بادشاہ اور انگریزی طرز تزئین کے ماہر تسلیم کئے جاتے ہیں۔ ابھی نوجوان ہیں پختگی عمر کے ساتھ خبر نہیں ان کا آرٹ کہاں جا پہنچے سالنامہ کی تمام تصویروں کے بلاک "مدن اف ٹون کمپنی لاہور" نے بنائے ہیں جسے اعلیٰ بلاک بنانے کے لئے خاص شہرت حاصل ہے۔

مرقع چغتائی

(یا)

دیوان غالب مصوّر

غالب کی شاعری
چغتائی کی مصوری
اقبال کا تعارف

بہترین شاعری، بہترین مصوری اور بہترین ادب

تینوں یکجا

بہزاد ہند جناب محمد عبدالرحمن چغتائی نے غالب کے غیر فانی اشعار کی شرح بے نظیر رنگین تصاویر کے ذریعہ کی ہے۔ جس پر علامہ سر محمد اقبال نے اپنے مخصوص انداز میں فاضلانہ تعارف نامہ سپرد قلم کیا ہے۔ علاوہ ازیں ہندوستانی مصوری کے بہترین نقاد ڈاکٹر کرنز کا ایک مبسوط مقدمہ اور خود جناب چغتائی کے قلم سے مصوری کے محاسن پر ایک بصیرت افروز اور پُر از معلومات تبصرہ بھی شامل ہے۔

وہ کتاب یقیناً قابل دید اور قابل قدر کتاب ہے جو

(۱) حضور نظام (۲) مہاراجہ سر کرشن پرشاد (۳) سر سالار جنگ (۴) گورنر پنجاب (۵) گورنر یو۔پی۔ (۶) مہاراجہ پٹیالہ (۷) مہاراجہ کپورتھلہ (۸) نواب بھوپال۔ اور دیگر والیان ریاست اور ممالک سلطنت کے کتب خانوں کی زینت ہے +

پُرکیف شاعری۔ وجد آور مصوری۔ دیدہ زیب کتابت اور امیٹیشن مراکو کی مضبوط اور خوبصورت جلد۔ اس کا خریدنا حسن مذاق اور صحیح ادبی ذوق کی دلیل ہے (ا) دو رنگین تصاویر جن کے بلاک یورپ کے بہترین کارخانوں میں بنے ہیں (ب) دو رنگین تصاویر خطوط میں (ج) دو پنسل کی بنی ہوئی تصاویر (د) گیارہ تصاویر جو اس کی خوبیوں میں چار چاند لگا رہی ہیں +

کتاب بڑی تقطیع کے ۳۰۰ صفحات پر مشتمل ہے جس کی ہر سطر فوٹو بلاک سے نہایت قیمتی جاپانی ویلم اور بہترین آرٹ پیپر پر چھپی ہے ناشر کا یہ دعویٰ بالکل صحیح ہے کہ ہندوستان اس سے پہلے کوئی ایسی شاندار کتاب شائع نہیں کر سکا نہ صرف ہندوستانی مصوروں نے بلکہ یورپ اور امریکہ کے رسائل و جرائد اور اس فن کے ماہرین نے اس کتاب کی نہایت بلند الفاظ میں تعریف کی ہے۔ پہلا ایڈیشن ۱۰۰ روپیہ فی نسخہ کے حساب سے ۳ ماہ میں فروخت ہو گیا۔ دوسرا ایڈیشن قیمتی سترہ روپے فی کتاب ختم ہو چکا ہے۔ اب تیسرا ایڈیشن شائع ہو چکا ہے۔ اس خیال سے کہ ہندوستان کا ہر ادبی ذوق رکھنے والا شریف انسان اس غیر فانی کتاب کو خرید سکے اسکی قیمت بارہ روپے کر دی گئی ہے دوسرے اور تیسرے ایڈیشن میں کوئی فرق نہیں

بانگِ درا

حسن آئینۂ حق اور دل آئینۂ حسن
دل انساں کو ترا حسن کلام آئینہ

بانگ درا علامہ اقبال کے اردو کلام کا مجموعہ ہے جس میں ابتدا سے لیکر آجتک کی نظمیں درج ہیں۔ اگرچہ حضرت علامہ نے اپنے افکار کے اظہار کیلئے اب زبان فارسی کو منتخب فرما لیا ہے لیکن انکے جس کلام نے اسلامیان ہند کی موجودہ نسل کو بیدار کیا وہ اس کا اردو کلام ہے +

اقبال۔ کی حقیقت ترجمانی اور اس کی سحر آفرین نغمہ پیرائی کی تعریف کرنا ایسا ہی ہے جیسا کہ آفتاب کی درخشانی و تابانی کی مدح سرائی۔ البتہ اتنا کہے بغیر نہیں رہا جا سکتا کہ شاعری کی روح مدتوں سے خوابیدہ تھی مشرق کے اس زندہ جاوید شاعر کی نظموں نے اسے ایک رقص جاوید عطا کیا۔ نوجوان اسلام کی قوت عمل مردہ ہو چکی تھی اقبال کے حیات آفرین نغمے نے ان کی رگوں میں خون غیرت کی حرکت تازہ کر دی۔

بانگ درا ہمارے احساسات لطیفہ کیلئے زندگی کا پیغام ہے۔

بانگ درا حسن تخیل حسن بیان اور نکات و معارف کا ایک بیش بہا خزانہ ہے۔

بانگ درا کی ایک جلد ہر اسلامی گھرانے میں موجود ہونی چاہیئے +

اسرار و رموز۔ یعنی اسرار خودی و رموز بیخودی ہر دو یکجا۔ یہ وہی مثنویاں ہیں جن سے اہل صوفیا میں ہلچل پڑ گئی تھی۔ ان کی تعلیم پر عمل پیرا ہونے سے ہی کشتی قوم منزل مقصود پر پہنچ سکتی ہے قیمت بلا جلد عا مجلد عہ +

پیام مشرق (فارسی)۔ یہ کتاب جرمن شاعر "گوئٹے" کے دیوان کے جواب میں لکھی گئی ہے اور اس کا مدعا زیادہ تر ان اخلاقی بلی اور مذہبی حقائق کو پیش نظر لانا ہے جن کا تعلق افراد و اقوام کی باطنی تربیت سے ہے یہ کتاب اہل مشرق کے ہر قسم کے مذہبی انقلاب میں رہنمائی کریگی۔ قیمت بلا جلد ۲ مجلد ۳ +

جاوید نامہ۔ علامہ موصوف کی جدید ترین فارسی نظموں کا مجموعہ جو ڈانٹے کی کتاب کے جواب میں لکھی گئی ہے۔ بلا جلد ۲ مجلد للعہ۔

پیکچر انگریزی۔ جو علامہ نے علی گڈھ اور مدراس میں دئے قیمت مجلد پانچ روپے

اقبال۔ علامہ اقبال کی سوانحعمری۔ ان کے منظومات کا مقصد شاعری اور خیالات کے نشو و نما مضامین کلام اور طرز بیان پر ایک نظر۔ اس سے بہتر اور مستند حالات آپکو نہیں ملیں گے قیمت عہ

ملنے کا پتہ:- شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم علیہ الرحمۃ

مجلد فی حصہ

محصولڈاک و پیکنگ وغیرہ بذمہ خریدار

حضرت مولانا جلال الدین رومی کی مثنوی جس قدر مقبول عام ہے وہ محتاج بیان نہیں مسلمان اس کی یہانتک عزت کرتے ہیں کہ اسے فارسی کا قرآن کہتے ہیں

مسلمانوں کے علاوہ ہندو، سکھ، عیسائی وغیرہ مذاہب میں بھی اس کتاب کو خاص مقبولیت حاصل ہے دنیا بھر کی تمام کتابوں میں یہی ایک ایسی کتاب ہے۔ کہ جس کو خاص شوق سے مطالعہ کرنے والے ہر ملک اور قوم میں پائے جاتے ہیں۔ ہر مذہب کے صوفی خیال لوگ اس کی صوفیانہ کلام کو پڑھکر لطف حاصل کرتے ہیں۔ لیکچرار اپنے لیکچر کو، واعظ اپنے وعظ کو **مصنف** اپنی تصنیف کو مثنوی کے بحر کہتے ہوئے اشعار سے مزین کرتے ہیں پرانے فیشن کے راسخ العقیدہ لوگ یا نیو فیشن کے آزاد خیال لوگ سب کیلئے مثنوی شریف قابل قدر اور قابل مطالعہ ہے۔ یہ وہ کتاب ہے کہ جس کے پڑھنے والوں میں فقیر بھی ہیں درویش اور صوفی بھی ہیں۔ عالم اور فاضل بھی ہیں۔ امیر اور غریب بھی ہیں۔ رئیس و جاگیردار اور نواب بھی ہیں۔ حتیٰ کہ ایسے شخص بھی ہیں کہ جو خود تو پڑھ نہیں سکتے لیکن کسی سے پڑھوا کر کمال شوق سے سنتے ہیں۔

پس ایسی مقبول عام و بلند پایہ کتاب کی شرح کو ہم نے نہایت عظیم الشان ہمایہ پر شائقین کی خاطر شائع کرنا شروع کیا ہے

جو سلیس اردو میں ایسی طرز پر لکھی گئی ہے۔ کہ جسے عالم سے لیکر کم علم تک سب لوگ پڑھ کر مطلب حاصل کر سکتے ہیں۔ جس کو ہندوستان کے عالموں۔ فاضلوں صوفیوں لیڈروں اور مشہور اخباروں نے مثنوی کی تمام قدیم و جدید شرحوں سے اعلیٰ اور عمدہ و بہتر تجویز کیا ہے۔ شرح کی بے شمار خوبیوں میں سے صرف چند خوبیاں جن کو پڑھ کر آپ آسانی سے اس کی خوبی کا اندازہ لگا سکیں گے۔ درج ذیل ہیں:۔

(۱) مثنوی شریف کا اصل فارسی شعر جلی قلم سے بہ ہیئت و تشخیص بعض اعراب سے کر لکھا گیا ہے (۲) مشکل الفاظ کی لغوی و اصطلاحی تشریح و وضاحت کی گئی ہے (۳) ہر شعر کی صرفی نحوی ترکیب جامع مختصر کر کے لکھی گئی ہے (۴) ہر شعر کے اندر علم معانی علم بیان بدیع کے جو نکات مضمر ہیں ان کو شرح کر دیا گیا ہے (۵) ہر شعر کا ترجمہ اس خوبی کیساتھ کیا گیا ہے کہ جو نحوت لفظی بھی ہے اور محاورہ بھی (۶) ہر شعر کی مطلب قرآن و حدیث و اقوال ائمہ کے حوالجات سے مفصل و مکمل طور پر لکھا گیا ہے۔ (۷) مثنوی کے ہر شعر کے مطابق مفید مشہور شعرائے صوفیہ فارسی و اردو کے اشعار لکھے گئے ہیں (۸) شرح کے حاشیہ پر کثیر اشعار کے مطلب کا خلاصہ لکھ دیا گیا ہے تاکہ کسی مضمون کی تلاش میں وقت ضائع نہ ہو (۹) ہر حصہ کے شروع میں ایسی جامع فہرست مضامین لگا دی گئی ہے کہ جس سے مطالعت کتاب سے ہر قسم کا مضمون فوراً دیکھا جا سکے (۱۰) لکھائی چھپائی کاغذ بہترین اعلیٰ لگایا گیا ہے۔

مندرجہ بالا شرح کی دس خاص خوبیاں ہیں اہل کتاب دیکھ کر آپ اچھی طرح اندازہ لگا سکیں گے کہ یہ شرح کس قدر اعلیٰ اور مفید اور عمدہ ہے۔

پس آپ کی غرض ہے کہ آپ اشتہار کو دیکھتے ہی فوراً اس علمی کتاب کو منگا کر مطالعہ کریں کسی کالج کی کسی شہر کی کسی قصبہ اور کسی گاؤں کی لائبریری اور کسی رئیس و امیر و غریب کے گھر کی لائبریری اس کتاب کی [illegible] ہونی چاہیے۔ قیمت جو اس کی خوبیوں کے لحاظ سے بالکل کم ہے درج ذیل ہے۔

حصہ اول بلا جلد عا۔ حصہ دوم عا۔ حصہ سوم عا۔ حصہ چہارم عا۔ حصہ پنجم عا۔ حصہ ششم عا۔ حصہ ہفتم عا۔ حصہ ہشتم عا۔ مجلد جس پر سنہری حروف میں کتاب کا نام درج ہے علیحدہ علیحدہ فی حصہ [illegible] حصہ اول و دوم کی مجلد چھ روپے [illegible] حصہ سوم و چہارم کی مجلد چھ روپے (۷) حصہ پنجم و ششم کی مجلد چھ روپے (۷) حصہ ہفتم و ہشتم کی مجلد چھ روپے (۷) [illegible] حصوں کے خریدار کو مفت کمیشن کے علاوہ مواعظ مولانا روم [illegible] مفت دیا جائے گا۔

مشتاق مثنوی کے انتظار کا خریداروں میں داخلہ

چند معززین کے اسمائے گرامی

امیر الملک عالیجناب نواب عالمگیر محمد حسان صاحب آف بھوپال

عالیجناب آنریبل سر سید عبد الرؤف صاحب سابق جج ہائیکورٹ پنجاب

عالیجناب ڈاکٹر آف پبلک انسٹرکشن مالک و سرکار نظام دکن

عالیجناب نواب فخر یار جنگ صاحب صدر قانون ریاست حیدرآباد دکن

عالیجناب چودھری سر شہاب الدین صاحب پریذیڈنٹ پنجاب کونسل لاہور

عالی جناب نواب صاحب بہادر کنج پورہ۔ کرنال۔

عالیجناب سید کامل حسین صاحب کتبخانہ نواب صاحب۔ رامپور

عالیجناب مولوی محمد اکبر صاحب بی اے۔ ایل ایل بی بہاولپور

عالیجناب مولوی محمود اللہ صاحب بیرسٹرایٹ لا۔ الہ آباد

عالیجناب مولانا نذیر احمد صاحب عباسی ڈپٹی کلکٹر گورکھپور

عالیجناب حاجی محمد انس صاحب شیرانی رئیس اعظم دتاولی

عالیجناب شیخ سراج الدین صاحب ڈپٹی کمشنر

عالیجناب مرغوب احمد صاحب ایم اے۔ ایل ایل بی جودھپور

عالیجناب قبلہ حضرت مولانا حافظ حاجی سید جماعت علی شاہ صاحب علیپوری

عالیجناب ہز ہولی نس پیر موناں صاحب مانگرول

عالیجناب ایڈیٹر صاحب اخبار زمیندار۔ لاہور

عالیجناب ایڈیٹر صاحب اخبار انقلاب۔ لاہور

عالیجناب ایڈیٹر صاحب اخبار سیاست۔ لاہور

عالیجناب ایڈیٹر صاحب اخبار وکیل۔ امرتسر

عالیجناب ایڈیٹر صاحب اخبار مدینہ۔ بجنور

عالیجناب ایڈیٹر صاحب اخبار الجمعیۃ۔ دہلی

عالیجناب ایڈیٹر صاحب رسالہ ادبی دنیا۔

عالیجناب ایڈیٹر صاحب رسالہ صوفی عالمگیر۔ نیرنگ خیال

وغیرہ

پتہ کا منگوانے

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار۔ لاہور (الف)

مغل لائن

دی بمبئی اینڈ پرشیا سٹیم نیویگیشن کمپنی لمیٹڈ

قائم شدہ ۱۸۷۷ء

مندرجہ ذیل نئے اور ساز و سامان سے آراستہ جہاز حجاج کے سفر کے لیے تیار کئے گئے ہیں

ساختہ	وزن (ٹن)	جہاز	ساختہ	وزن (ٹن)	جہاز
۱۹۲۴	۴۰۴۳	ایس ایس اکبر	۱۹۲۴	۴۰۴۳	ایس ایس خسرو
۱۹۲۴	۳۵۶۶	" ملوی	۱۹۲۸	۵۲۹۱	" رحمانی
۱۹۲۴	۳۵۶۶	" جہانگیر	۱۹۳۰	۵۳۰۷	" رضوانی
			۱۹۳۴	۵۸۷۹	" اسلامی

مغل لائن کے جہازوں میں حجاج کے آرام و آسایش کا خاص طور پر انتظام کیا گیا ہے۔

حاجیوں کے سر جہاز میں ایک ریسٹارنٹ ایسا ہوگا جس کا انتظام کلیتہً مسلمانوں کے ہاتھ میں ہوگا جو حجاج کا کھانا اسلامی طریقہ پر تیار کریں گے اور نہایت ارزاں نرخوں پر دیں گے۔

مزید تفصیلات مثلاً کرایہ اور روانگی کی تاریخوں کے لیے مندرجہ ذیل پتوں پر خط و کتابت کیجیے۔

ٹرنر مارلیسن اینڈ کو لمیٹڈ۔ میسنگ ایجنٹس
۱۶ بنک سٹریٹ۔ فورٹ۔ بمبئی

کلکتہ ایجنٹس:۔ ٹرنر مارلیسن اینڈ کو لمیٹڈ ۶ لائنز رینج۔ کلکتہ
کراچی ایجنٹس:۔ گراہمز ٹریڈنگ کمپنی (انڈیا) لمیٹڈ۔ میکلوڈ روڈ۔ کراچی

دنیائے اسلام کی نادر اور انمول کتابیں کوڑیوں کے مول

ملک و ملت کے ناموس اور اسلام کے نام پر مر مٹنے والے

ترک

جن کے خون کا آخری قطرہ آج بھی اس مقدس فرض کی انجام دہی میں بہنے کیلئے تیار ہے

ان کی

ہولناک سرگرمیاں اور مجاہدانہ کارنامے، دلوں میں حرکت، حرکت میں جوش اور جوش میں استقلال پیدا کرنے کے لئے کافی ہیں۔ اس لئے ہر مسلمان کا قومی فرض ہے کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں

ترکانِ احرار

کا مطالعہ کرے جس میں تقریباً چالیس سرفروش ترکوں کے حیرت آموز اور یادگار تاریخی کارنامے کافی شرح و بسط کے ساتھ پیش کئے گئے ہیں اور جس کا مقدمہ مشہور ادیب مولانا ظفر علی خاں صاحب ایسے اسلامی سیاسیات کے ماہر نے تحریر فرمایا ہے کتاب میں تین درجن سے زائد ملک کی تصاویر ہیں ضخامت ۲۵۰ صفحے لکھائی، چھپائی اور کاغذ ملک کے بہترین جرائد اور رسائل اس پر رائے دے چکے ہیں، علمائے کرام، بزرگان قوم اور اکابرات اس کے مطالعہ کی پرزور سفارش فرماتے ہیں کتاب کی قیمت [illegible] مقدمہ اس کی پیشکش کے ساتھ ہی بلا قیمت اب کتاب کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ قیمت مجلد [illegible] جلد صرف ایک روپیہ چار آنے

سرورِ کائنات

اگر آپ مسلمان ہیں تو بانی اسلام کے نام پر اپنا سب کچھ قربان کر دیجیے

حضرت محمد مصطفےٰ صلعم نے دین اسلام پھیلا کر دنیا پر جو احسانِ عظیم فرمایا ہے وہ اپنی نظیر آپ ہے

ان کے

سبق آموز سوانح حیات، بصیرت افروز حالات، مجاہدات، فقر اور نفس کشی کے واقعات پڑھ کر اگر آپ اپنی روح میں قوت ایمانی پیش کرنا چاہتے ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ اپنی پہلی فرصت میں

پیغمبرِ عالم

کا مطالعہ کریں جس کا ماخذ عالم اسلامی کی وہ مستند تاریخیں ہیں جن پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے مشہور و معروف ادیب ظفر الملت والدین مولانا ظفر علی خاں صاحب نے حضور سرور کائنات سرکارِ دو عالم کی زندگی کے تمام حالات و واقعات اس تفصیل اور توضیح کے ساتھ بیان کر دیے کہ حق ادا کر دیا ہے۔ ضخامت ۳۰۰ صفحے لکھائی، چھپائی اور کاغذ عالی، تمام علمائے دین نے اس کتاب کو مستند اور بہترین بتایا ہے، تقریباً ہر پڑھے لکھے مسلمان کے گھر میں پہنچ چکی ہے صرف چند جلدیں باقی ہیں قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے (۱۶ر)

[illegible] ہر زبان کی کتابیں ملنے کا پتہ: [illegible] دار الکتب [illegible] روڈ۔ لاہور۔ تمام کتابیں ارزاں قیمت پر ملتی ہیں

NATIONAL MUSLIM UNIVERSITY DELHI.

ہندوستان کے شکسپیئر آغا حشر کاشمیری ڈراما کیونکر لکھتے ہیں؟

حشر کا نام سنتے ہی اردو ڈرامے کی ساری تاریخ ذہن میں روشن ہو جاتی ہے۔ اردو ڈراما حشر کی تخلیق ہے، اور آغاز سے لے کر اب تک وہ جن جن منازل میں سے گزرا اور اُس میں جو جو ترقیاں ہوئیں ان کے لئے وہ سب سے زیادہ حشر کے جوہر قابل کا رہین منت ہے۔

حشر ظاہری اور ذہنی دونوں حیثیتوں سے ایک شاندار انسان ہیں۔ انہیں اپنی عظمت کا احساس ہے۔ وہ بڑائی اور غرور سے متنفر ہیں خلوص اور محبت کے سامنے وہ آنکھیں بچھا دیتے ہیں۔ سخن ناشناسوں سے ناراض اور سخن فہموں کی دل سے قدر کرنے والے ہیں۔ اُن کے غصے میں دشمنی نہیں اُن کی دشمنی میں ضرر نہیں، وہ صرف ایک شریف اور بے شر طبیعت کے مالک ہیں۔ اپنے کام سے انہیں بے حد شغف ہے۔ اس کی ذرا ذرا سی تفصیلات کے وہ ماہر ہیں۔ اور ہر بات اپنے اہتمام اور اپنی نگرانی میں کرانا چاہتے ہیں۔ دوسروں کے فن اور مہارت پر انہیں کامل اعتماد نہیں۔

میں نے حشر کو پہلی مرتبہ شاید ۱۹۱۴ء میں دیکھا تھا۔ وہ ایک جلسے میں تقریر کر رہے تھے تقریر کے دوران میں انہوں نے اپنے کسی ڈرامے کا ایک منظر اس جوش سے بیان کیا کہ اس کے آخری فقرات اب تک مجھے اپنے کانوں میں گونجتے معلوم ہوتے ہیں۔ ۱۹۱۴ء کے بعد میں اُن سے ۱۹۳۴ء میں پورے بیس سال کے بعد ملا علالت کی وجہ سے اُن کی صحت میں ایک انقلاب آچکا تھا لیکن اُن کا جوش اور اُن کا عزم اب بھی غیر متزلزل تھے ایک ملاقات کے دوران میں انہوں نے اپنے ڈراما لکھنے کے اسلوب کو یوں بیان کیا۔

منصور صاحب! آپ کو تعجب ہوگا کہ میں نے کبھی لکھتے وقت نشہ سے استعداد نہیں کیا، اب بھی اگرچہ میرے قواء کمزور ہوتے جاتے ہیں لیکن دماغ روز بروز قوی تر ہوتا جاتا ہے، اور مجھے وہ وہ نکتے سوجھتے ہیں جن کا جوانی کے عالم میں گمان بھی نہ تھا، غور کیجئے کہ جب آمد ہوتی ہے تو گھنٹوں تک اس کا اثر رہتا ہے میں کمرے میں ٹہلنے لگتا ہوں اور اپنے دو منشیوں کو پاس بٹھا کر انہیں ڈراما لکھواتا رہتا ہوں، انہیں میری سخت تاکید ہوتی ہے کہ وہ اس دوران میں غلطیاں اگر انہیں کہیں کسی خامی کا احساس ہو تو اس جگہ ایک نشان بنا دیں۔ جب جوش کم ہوتا ہے تو میں اسی وقت ڈراما لکھوانا بند کر دیتا ہوں، کیونکہ میں طبیعت پر جبر کر کے کوئی چیز لکھنا نہیں چاہتا، اور جس طرح کوئی کوچبان تھکے گھوڑے کو چابک مار مار کر بھگاتا ہے، اس طرح میں طبیعت پر زور دے کر لکھنا پسند نہیں کرتا۔

میں جب کوئی ڈراما لکھنے کا خیال کرتا ہوں تو پہلے اس کے موضوع پر تمام معلومات بہم کر لیتا ہوں اور اس وقت تک اس پر قلم نہیں اٹھاتا، جب تک اس کی تمام تفصیلات پر حاوی نہ ہو جاؤں۔ میں وقت اور سوسائٹی کی حالت کو ہمیشہ پیش نظر رکھتا ہوں اور اسی کے مطابق اپنا اصلاحی پروگرام مرتب کرتا ہوں، میں نے متقی اور سرو پا ڈراموں کو جن کا آج سے بیس برس پہلے بہت رواج تھا اسٹیج کو خیرباد کہنے پر مجبور کر دیا ہے۔ لیکن مجھے پبلک کو ادبی ڈرامے کے لئے تیار کرنے کی خاطر کئی سالوں تک انتظار کرنا پڑا۔

میں اپنے ڈرامے کے کردار اپنے دوستوں، آشناؤں اور ملاقاتیوں کے حلقے میں سے انتخاب کر لیا کرتا ہوں اور بعض اوقات انہیں اپنی دنیائے تخیل ہی سے پیدا کر لیتا ہوں، ایک بار میں ایک فلم دیکھنے گیا نام تو شاندار تھا DEVIL'S HOLIDAY لیکن دیکھ کر بہت مایوسی ہوئی، مگر ایک بات سے میں بہت متاثر ہوا اس میں ایک عورت کا کیریکٹر بہت جاذب تھا وہ گناہ و ثواب کی قیود سے بالکل آزاد تھی، میں نے کہا اسے ڈرامے کی ہیروئن ہونا چاہئے دو سال تک میں اسی فکر میں رہا اور پھر میں نے "دل کی پیاس" لکھا جو مجھے اپنے ڈراموں میں سب سے زیادہ عزیز ہے۔

منصور احمد

آنکھ کا نشہ

خود مصنف نے ہندی سے ترجمہ کیا ——— ایک دلچسپ سین

ڈرامے کے افراد

جگل ——— ایک نوجوان رئیس
مادھو ——— جگل کا ایک خالہ زاد بھائی
سروجنی ——— جگل کی تعلیم یافتہ، خوبصورت اور خوب سیرت بیوی
کام لتا ——— شہر کی ایک حسین ترین طوائف جگل کی داشتہ

(محل سرائے سے ملحق باغ)

(پھولوں کی کمان کے نیچے سنگ مرمر کے صوفے پر جگل اور کام لتا بیٹھے ہیں۔ میز پر شراب کے کنٹر اور گلاس رکھے ہوئے ہیں)

کام لتا۔ کیا دیکھتے ہو پیارے، کبھی شراب کے گلاس کی جانب کبھی میرے چہرے کی طرف ——— کیا دیکھتے ہو!

جگل۔ جب تمہارے چہرے کی طرف دیکھتا ہوں، تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ جوانی کے پیالے میں حسن کی شراب، کیف و رنگ کے ساتھ کھیل رہی ہے۔ کام لتا! سمجھ میں نہیں آتا کہ پہلے کیسے پیوں؟ ——— گلاس کی شراب یا تمہارے حسن کی شراب،

کام لتا۔ پریتم، حسن اور شراب ہی مل کر محبت پرست دل میں راحت کی آفرینش کرتے ہیں ——— پیو ——— اتنا پیو ——— کہ پیالے میں ایک گھونٹ بھی باقی نہ رہے ——— ایک کو ہونٹوں سے پیو ——— اور دوسرے کو آنکھوں سے،

جگل۔ جس گھر میں تمنا سے کامیابی ہم آغوش ہے، حسن ہے، شراب ہے موسیقی ہے، وہی گھر بہشت ہے ——— سندری! میں جیتے جی بہشت میں ہوں، اور یہ بہشت تمہاری محبت کا عطیہ ہے، تنہا اندر جاتا ہے،

کام لتا۔ (نفرت آمیز ہنسی کے ساتھ) ہا! ہا! ہا! یہ شرافت کا طمع کئے ہوئے کمینے، یہ عیاش مرد بھی کتنے جھوٹے اور بے شرم ہیں ——— اخباروں میں، لکچروں میں، ناولوں میں، ناٹکوں میں، ہم طوائفوں کو بازار کی بخس کتیا ثابت کرتے اور پھر اسی بخس کتیا کی ایک حقیر مسکراہٹ کے لئے، "میری زندگی" اور "میرے دل کی رانی" کہہ کر اپنا منہ کالا ہوا آپ ہی چاٹتے ہیں ——— ذلیل! ——— بے غیرت ——— (کنٹر سے شراب انڈیلتی ہے، جوں جوں گلاس بھرتا ہے، بوتل خالی ہوتی جاتی ہے)۔ جگل ——— ٹھہر جا! ——— اسی بوتل کی طرح میں ایک دن تیرے گھر کو بھی دولت، امن اور خوشی سے خالی کر دوں گی۔

(جگل کی بیوی سروجنی رکتی، جھجکتی ہوئی آتی ہے)

سروجنی۔ محبت کی دیوانگی یہاں تک کھینچ لائی، لیکن اب قدم آگے نہیں بڑھتے ——— جی چاہتا ہے۔ مجھے یہاں نہ آنا چاہئے تھا۔ لوٹ جاؤں۔ ارے پاگل دل پھر یہاں لایا ہی کیوں تھا! ——— (سوچتی ہے) نہیں قسمت کا لکھا پڑھ کر لوٹوں گی، ڈرتے ڈرتے کام لتا کے قریب جاتی ہے) کیا تم ہی کام لتا ہو!

کام لتا۔ (چونک کر) ہاں ——— غور سے دیکھ کر تم کون ہو!

سروجنی۔ پہلے میرا نام سروجنی تھا ——— اور اب ابھاگنی ———

کام لتا۔ (سر ہلا کر) پہچان گئی ——— تمہارے پتی سے یہ نام سن چکی ہوں، لیکن یہ کیا کہا! ایسا چہرہ۔ ایسا روپ اور ابھاگنی!

سروجنی۔ اسے روپ نہ سمجھو، یہ میرے جلے ہوئے نصیب کی راکھ ہے، جو ایشور نے میرے منہ پر مل دی ہے ——— کام لتا، کیا تم عورت ہو!

کام لتا۔ تم کیا سمجھتی ہو!

سروجنی۔ اگر تم عورت ہو، تو ایک بدنصیب عورت کی زخمی روح کی تکلیف

کو ضرور سمجھ سکو گی ـــــ جانتی ہو، کون سی شے چھن جانے پر عورت کا چہرہ مرجھائے ہوئے زرد پتے کی طرح سوکھ جاتا ہے؟ جانتی ہو کس چیز کی کمی سے تمام دنیا سے چتا کی طرح دھائیں دھائیں جلتی ہوئی نظر آتی ہے، کام لتا، جس چیز کو اپنا بنانے کے لئے ہندو عورت رات دن دیوتاؤں کی منتیں کرتی ہے ـــ جس شے کے مقابلے میں وہ دو جہاں کی دولت کو ہیچ سمجھتی ہے اسی شے کے لئے میں تمہارے پاس التجا لے کر آئی ہوں ـــــ تم عورت ہو ـــ کیا ایک دکھیا عورت پر رحم نہ کرو گی؟

کام لتا۔ اگر ہو سکا ـــــ کہو، کیا تمنا ہے؟

سروجنی۔ جو سوہاگ کا سنگھار ہے، ماتھے کا تلک ہے، مانگ کا سیندور ہے، دل کا راجہ ہے۔ اس کی تمنا کے سوا ہندو عورت کی اور کیا تمنا ہو سکتی ہے ـــ میں بڑے گھر کی لڑکی اور بڑے گھر کی بہو ہو کر، ایک بھکارن کی طرح تمہارے سامنے ہاتھ پھیلاتی ہوں: ـــــ بھیک دو ـــ مجھے میرے پتی کی بھیک دو۔

کام لتا۔ تھوڑی دیر تک سروجنی کو دیکھنے کے بعد، تمہارا اپنی تمہیں دیدوں!

سروجنی۔ ہاں! ـــــ بھکارن کی پونجی بھکارن کو دے دو ـــ اور دنیا پر ثابت کر دو کہ جس طرح ہیرا پرنالے کی کیچڑ میں گر کر بھی اپنی چمک نہیں چھوڑتا، اسی طرح گناہ کی گندگی میں لتھڑی ہوئی بھارت کی عورت سب کچھ کھو دینے پر بھی دل کی نیکی نہیں کھوتی

کام لتا۔ ٹھہرو! مجھے سوچنے دو ـــ دل میں، اس کی دکھ بھری پکار سے دل میں سویا ہوا رحم کروٹ لینے لگا ـــــ کیا اسے جھنجھوڑ کر جگا دوں؟

سروجنی۔ کیا سوچ رہی ہو! میری دولت، عزت، سکھ، چین، نیند، زندگی، نجات جو کچھ ہیں، پتی ہیں ـــ ان کے بغیر دنیا میں میرے لئے کچھ نہیں، اور تمہارے لئے سب کچھ ہے، کیونکہ میں دھرم کے بندھنوں سے بندھی ہوئی استری ہوں ـــ اور تم ـــــ آزاد ـــ ویشیا ـــــ

کام لتا۔ (چونک کر) کیا کہا! ـــــ ویشیا! اوہ! میں رحم کرنے چلی تھی ـــــ تم نے ٹھیک وقت پر طانچہ مار کر میری غلطی مجھے سمجھا دی۔ غصے میں ناگن کی طرح بل کھا کر، بیشک! میں ویشیا ہوں ـــــ ایک وقت تھا، جب میں پارسا تھی، نیک تھی، پاک تھی۔ گناہ کے سائے سے بچنا، اور نیکی کی پناہ میں زندگی بسر کرنا چاہتی تھی ـــــ لیکن تمہارے ہی بھائیوں اور بیٹوں تمہارے ہی سماج کے شریف بدمعاشوں نے میرے اور بہشت کے درمیان گناہ کی دیوار کھڑی کر دی۔ میں نے تمنا بھی کی ـــ اور کوشش بھی۔ پھر بھی دیوی نہ بن سکی ـــ کیا بنی!

ویشیا ـــ جانتی ہو، کیوں ویشیا بنی؟

سروجنی۔ مجھے کانوں کو زخمی کرنے والی، یہ پاپ کی کہانی نہ سناؤ

کام لتا۔ جو لوگ بڑے دھرمی بن کر، ویشیا کو ویشیا، بننے کے لئے الزام دیتے ہیں، انہیں ویشیا کے زخمی دل کی فریاد بھی سننا ہی ہوگی۔ سنو ـــــ کوئی لڑکی ماں کے پیٹ سے ویشیا پیدا نہیں ہوتی ـــ اس کی یتیمی، بیکسی، ناداری، فاقہ کشی، اور دنیا کے مکر و فریب سے ناواقفیت کا مجرمانہ فائدہ اٹھا کر، بدچلن، بدمعاش، اسے ویشیا بننے پر مجبور کر دیتے ہیں۔

سروجنی۔ اوہ! ـــــ چپ رہو۔

کام لتا۔ دنیا میں ایسا کون ہے، جس سے کبھی غلطی نہیں ہوئی، نادان، غریب لڑکی بھی، بدکار مردوں کے فریب اور دھوکے میں پھنس کر غلطی کر بیٹھتی ہے لیکن، اپنی غلطی کا علم ہونے کے بعد جب وہ مستقبل میں پاک زندگی بسر کرنے کے لئے دو مٹھی اناج کا سہارا تلاش کرتی ہے۔ تو سارے رحم و احسان کا وعظ کرنے والے بہرے اور گونگے بن جاتے ہیں۔ سماج کی چوکھٹ سے، شریفوں کے گھر سے، اناتھ شالے اور رودھوا آشرم کے دروازے سے دھتکارے جانے کے بعد نجات کا ہر ایک راستہ بند پا کر وہ جس گناہ کے آہنی پنجے سے کلائی چھڑا کر بھاگی تھی آخر مجبوری اور مایوسی کے ساتھ اسی کے قدموں پر جا گرتی ہے، اور بے شرمی کے بازار کی رونق بن کر اپنی زندگی کے لئے بددعا۔ اور سماج کے لئے زندہ لعنت بن جاتی ہے

سروجنی ـــــ کام لتا ـــ اگر ـــــ

کام لتا۔ اگر یہ بے شرمی کی زندگی، ذلت کی زندگی، گناہ کی زندگی نفرت اور الزام کے قابل ہے تو اس نفرت اور الزام کا بوجھ اس سماج کے کاندھے پر ہے، جو منہ پھاڑ کر گناہ کو برا کہنا جانتا ہے لیکن گناہ کے بھنور میں زبردستی پھینک دی ہوئی بدقسمت روحوں کو تیرا کر کنارے تک پہنچانا نہیں جانتا۔

سروجنی۔ ٹھیک ہے۔ وقت کا پھیر ہے!

کام لتا۔ کسی سانی ہنسی ہنس کر) وقت کا پھیر کبھی کبھی الٹا بھی ہو جاتا ہے جو سماج پہلی غلطی پر بھی رحم نہیں کرتا ——— ایسی سماج کی ایک دیوی رحم کی بھیک مانگنے آئی ہے، اور کس سے ایک ذلیل رنڈی سے روانت ہیں کر، ہنیں سماج کے کسی مرد اور عورت نے ہم بے گناہ گناہگاروں پر رحم نہیں کیا ——— ہم کبھی کسی پر رحم نہیں کریں گے ——— ہم دلشیا ہیں۔ گھر کی عورتوں کے سہاگ پر ڈاکہ ڈالنا ہمارا پیشہ ——— اور ان کے بیٹوں بھائیوں اور شوہروں کی زندگیوں کو انتقام کے پیروں سے روند ڈالنا ہمارا دھرم ہے

سروجنی۔ نہیں ——— کام لتا نہیں ——— بھکارنی کو دروازے سے واپس نہ کرو۔ میں دو جہاں کی دولت، آسمان کی سلطنت، ستاروں کا ملک نہیں مانگتی۔ سمندر کے پانی کی ایک بوند، سورج سے ایک کرن، دولت کے دیوتا سے ایک پیسہ، اور سکھ کے راج کی رانی سے ایک رحم کی نظر مانگتی ہوں۔

کام لتا۔ گرہست گھر کی ہر عورت ہم رنڈیوں کی دشمن ہے، دشمن پر رحم کرنا بے وقوفی ہے ——— تم بھی عورت ہو ——— تم بھی خوبصورت ہو۔ تم بھی محبت بھرا غصہ، اور ہنسی ملا ہوا رونا جانتی ہو ——— اگر تمہارے ہونٹوں میں بھگانے، اور تمہاری محبت میں روٹھے ہوئے کو منانے کی طاقت ہے، تو اپنے پتی کو میرے بازوؤں کی قید سے چھڑا لے جاؤ ——— آج دیکھنا ہے کہ کون زیادہ طاقتور ہے بیوی کی محبت یا رنڈی کا حسن

سروجنی۔ اتنی سنگ دلی!! اتنا غرور!!!۔ اچھا میں بھی دیکھتی ہوں کہ گناہ نیکی کا چہرہ لگا کر کہاں تک محبت اور اعتبار کو دھوکا دے سکتا ہے۔ تم اپنے فریب کی پوری طاقت سے بھی بیوی اور شوہر کے مضبوط رشتہ کو نہیں توڑ سکتیں، آج ہو، کل ہو، دس برس بعد ہو۔ وہ دن ضرور آئے گا۔ جب میرے سرتاج دل کی پیاس بجھانے کے لئے تمہارے حسن کے سراب سے پناہ! پناہ کہتے ہوئے راحت کے چشمہ کی تلاش میں گھر کی طرف دوڑیں گے اور تمہیں اسی طرح چھوڑ دیں گے۔ جس طرح لوگ مندر میں داخل ہوتے وقت کیچڑ میں لتھڑی ہوئی جوتی کو باہر چھوڑ دیتے ہیں۔

(جگل ہاتھ میں گلدستہ لئے ہوئے آتا ہے)

جگل۔ پیاری، اندر چلو! بادل گھرے آرہے ہیں (سروجنی کو دیکھ کر چونک پڑتا ہے) کون! ——— سروجنی!!

کام لتا۔ (بناوٹ سے ہنس کر) تمہیں مجھ سے چھیننے آئی ہیں، کہتی ہیں کہ رنڈی کو محبت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

جگل ——— (دل میں) تاریکی کے سامنے روشنی (سروجنی سے) یہاں ——— تم ——— کیوں آئی ہو!

سروجنی۔ میرے مالک، ہندو عورت اپنے سوامی کو نصیحت کرنے کا حق نہیں رکھتی، لیکن معاف کرنا آج جرأت کر کے تمہاری بھلائی کے لئے ——— دو حرف بولنے کی اجازت چاہتی ہوں دیوتا جھوٹے روپ، جھوٹی محبت، جھوٹی ہنسی کے سوا، اس عورت میں کونسی خوبی ہے، جو تمہیں دکھائی دیتی ہے، اور دنیا کو دکھائی نہیں دیتی۔ اس کے چہرے کی طرف دیکھو، اس چہرے پر بجلی کی چمک ہے لیکن عصمت کا نور کہاں ہے، ان آنکھوں میں جوانی کا نشہ ہے لیکن پریم کا امرت کہاں ہے۔ ان گالوں پر پھولوں کی لالی اور سفیدی ہے لیکن حیا کا انگ اور پاکیزگی کی خوشبو کہاں ہے، میرے مالک، بہشت و دوزخ ایک جگہ نہیں رہ سکتے، دلشیا کا چہرہ ہی خوبصورت ہوتا ہے، دل خوبصورت نہیں ہوتا۔

جگل۔ (سوچتا ہے) سروجنی ٹھیک کہہ رہی ہے ——— اس نے غفلت کی شراب پلا کر اپنے حسن کی چھری میرے ہاتھ میں دے دی ہے۔ جس سے میں اپنی زندگی کو گھائل کر رہا ہوں۔ کیا کروں! ——— نہیں ——— بہت سویا! اب جاگنا چاہئے۔ (بگڑ کر) جاؤ، کام لتا، اپنے گھر واپس جاؤ ——— تمہارے حسن میں آنکھوں کے لئے روشنی ہے، دل کے لئے تسلی نہیں۔

(رو کر سروجنی کا ہاتھ تھام لیتا ہے)

سروجنی۔ آؤ، سوامی، میں ان بازار کی ٹھگیوں سے ڈر گئی ہوں۔ اب تمہیں اپنے دل میں چھپا کر رکھوں گی!

آغا حشر کاشمیری

وفا کا جال

(۱)

بڈھوں میں جو ایک طرح کی بے شرمی، قریب قریب خلوص سے ملتی ہوئی پیدا ہو جاتی ہے وہ "تلیا" میں اس وقت تک نہ آئی تھی، حالانکہ اس کے سر کے بال چاندی ہو گئے تھے اور گال لٹک کر ڈاڑھوں کے نیچے آ گئے تھے۔ لوگ اس کی عمر کا اندازہ سو سے اوپر کرتے تھے۔ وہ خود تحقیق کچھ نہ کہہ سکتی۔ لیکن اب بھی وہ کسی سے اپنے دل کی بات نہ کہتی تھی۔ چلتی تو ساڑی سے سر ڈھانک کر آنکھیں نیچی کئے ہوئے، گویا نویلی بہو ہے۔ ذات کی چمارن تھی لیکن کیا مجال کہ کسی غیر کے گھر کا پکوان دیکھ کر اس کا جی للچائے۔ گاؤں میں اونچی ذاتوں کے بہت سے گھر تھے۔ "تلیا" کی سب جگہ آمد و رفت تھی۔ سارا گاؤں اس کی عزت کرتا تھا۔ اور عورتیں تو دل سے اسکے ساتھ عقیدت رکھتی تھیں۔ اُسے اصرار کر کے اپنے گھر بلاتیں، اس کے سر میں تیل ڈالتیں، مانگ میں سیندور بھرتیں، کوئی اچھی چیز پکائی ہوتی جیسے پھلوڑیاں یا کھیریا حلوا، تو اسے کھلانا چاہتیں، لیکن بڑھیا کبھی نہ کھاتی تھی۔ اُس کے آگے پیچھے کوئی نہ تھا۔ چماروں کے ٹولے میں ایک آدمی بھی نہ تھا۔ کچھ تو گاؤں چھوڑ کر بھاگ گئے۔ کچھ پلیگ اور ملیریا کی نذر ہو گئے۔ ان کے ماتم میں تھوڑے سے کھنڈر کھڑے تھے۔ برہنہ سر، چھاتی سی پیٹتے ہوئے۔ صرف "تلیا" کی جھونپڑی زندہ تھی اور "تلیا"۔ حالانکہ "تلیا" مسافت کا وہ حصہ طے کر چکی تھی جہاں انسان تمام ظاہری اور مذہبی قیود سے نجات پا جاتا ہے اور اب اونچی ذات والوں کو بھی اس کی ذات کی بنا پر اس سے کوئی پرہیز نہ تھا، سبھی اسے اپنے گھر میں ایک گوشہ دینے کے لئے تیار تھے۔ مگر وضعدار بڑھیا کیوں کسی کا احسان لے۔ کیوں اپنے شوہر مرحوم کی عزت میں بٹہ لگائے۔ جس کی اس نے کبھی صورت بھی نہ دیکھی تھی۔ صرف نام سنا تھا۔ ہاں صرف نام سنا تھا۔ جب اُس کی شادی ہوئی تو اس کی عمر کل پانچ سال کی تھی، اس کا شوہر اٹھارہ سال کا خوش رو گٹھیلا نوجوان تھا۔ شادی کے بعد وہ پورب کی طرف کمانے چلا گیا تھا، سوچا تھا ابھی بیوی کے بالغ ہونے میں دس بارہ سال کی دیر ہے۔ اتنے دنوں میں کیوں نہ کچھ روپے جمع کر لیں۔ اور پھر ساری زندگی مزے سے گھر پر رہ کر کھیتی باڑی کریں لیکن بیوی بالغ بھی ہو گئی، جوان بھی ہوئی، بوڑھی بھی ہوئی۔ وہ لوٹ کر نہ آیا۔ اس کے خطوط ہر تیسرے مہینے آتے تھے۔ اور خط کے ساتھ تیس روپے کا منی آرڈر بھی ہوتا۔ خط کے لفافہ کے اندر جواب کے لئے ایک خالی لفافہ بھی رکھا ہوتا تھا۔ یہی وہ رشتہ تھا جو ان میں میاں اور بیوی کا تعلق قایم رکھے ہوئے تھا۔ خط میں وہ اپنی مجبوری اور بدنصیبی کا اظہار کرتا۔ اور لکھتا "کیا کروں تولا، دل میں یہی ارمان ہے کہ ایک بار تم سے مل لیتا، اپنی جھونپڑی آباد کر دیتا، مگر سب کچھ نصیب کے ہاتھ ہے۔ اپنا کوئی بس نہیں ہے جب بھگوان لائیں گے تب آؤں گا۔ تم صبر کرنا۔ میرے جیتے جی تمہیں کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ تمہاری باہ پکڑی ہے تو مرتے دم تک اس کا نباہ کروں گا۔ جب آنکھیں بند ہو جائیں گی تب کیا ہوگا کون جانے!" قریب قریب یہی مضمون الفاظ کے خفیف تغیر کے ساتھ ہر ایک خط میں ہوتا۔ اور یہ خطوط "تلیا" کے حرز جاں تھے۔ ایک خط بھی اس نے نہ پھاڑا تھا۔ ایسے شگون کے خط کہیں پھاڑے جاتے ہیں۔ ان کا ایک چھوٹا سا دفتر جمع ہو گیا تھا، بوسیدہ بے رنگ، سیاہی تک اڑ گئی تھی، کاغذ کا رنگ بھی اڑ گیا تھا۔ مگر سب کے سب جوں کے توں اس کی پٹاری میں ایک لال ڈورے سے تہہ بہ تہہ بندھے ہوئے رکھے ہوئے تھے۔ ان خطوط کو پا کر "تلیا" کو بے اندازہ مسرت ہوتی۔ اس کے پاؤں زمین پر نہ پڑتے۔ بار بار پڑھواتی، اور بار بار روتی۔ اور اس دن ضرور سر میں تیل ڈالتی سیندور سے مانگ بھرواتی، رنگین ساڑی پہنتی۔ اس کا سہاگ جاگ اٹھتا تھا۔ بہوئیں مذاق سے پوچھتیں۔ کیوں تولا بوا تم نے پھوپھا کو دیکھا تو ہوگا۔ ان کی کچھ یاد آتی ہے؟ اور "تلیا" کے پرشکن چہرے پر جوانی عود

کر آتی۔ آنکھوں میں ایک سرور پیدا ہو جاتا کہتی یاد کیوں نہیں آتی بیٹا۔ ان کی صورت تو اب بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ بڑی بڑی آنکھیں، لال لال، اونچا ماتھا۔ چوڑی چھاتی۔ ایسا تو اب یہاں کوئی بھیا ہی نہیں پلے موتیوں کے سے دانت تھے بیٹا۔ لال لال کرتا پہنے ہوئے تھے، جب بیاہ ہو گیا تو میں نے ان سے کہا۔ میرے لیے بہت سے گہنے بنوا دو گے نا؟ نہیں تو میں تمہارے گھر نہ آؤں گی۔ لڑکپن تھا بیٹا۔ سرم لہاج کچھ تھوڑے ہی تھا۔ وہ میری بات سن کر بڑے جور سے ہنسے اور مجھے اپنے کندھے پر بٹھا کر بولے۔ میں تجھے گہنوں سے لاد دوں گا تلیا۔ کتنے گہنے پہنے گی تو۔ میں پردیس کمانے جاتا ہوں وہاں سے روپے بھیجوں گا۔ تو بہت سے گہنے بنوانا۔ اور جب میں آؤں گا تو اپنے ساتھ بہت سے گہنے لاؤں گا میرا ڈولا گیا تھا بیٹا۔ ماں باپ کی ایسی حیثیت کہاں تھی کہ انہیں برات کے ساتھ بلاتے۔ انہیں کے گھر میرا ان سے بیاہ ہوا۔ اور ایک دن میں وہاں رہی۔ اسی ایک دن میں وہ مجھے کچھ ایسے بھائے کہ جب وہ چلنے لگے تو ان کے گلے لپٹ کر روتی تھی۔ اور کہتی تھی مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو۔ میں تمہارا کھانا پکاؤں گی، تمہاری کھاٹ بچھاؤں گی۔ وہاں انہیں کے عمر کے دو تین آدمی اور بیٹھے تھے۔ انہیں کے سامنے وہ مسکرا کر میرے کان میں بولے۔ اور میرے ساتھ سوئے گی نہیں۔ بس میں ان کا گلا چھوڑ کر الگ کھڑی ہو گئی اور بگڑ کر بولی۔ مجھے گالی دو گے تو کہے دیتی ہوں ہاں۔

لاکھوں ہی بار اس کے منہ سے یہ الفاظ نکل چکے تھے۔ مگر اس کے لیے وہ ہمیشہ تازہ تھے۔ اس کے بنگر کے عزیز ترین گوشے میں محفوظ جہاں ہوا کا گذر نہ تھا۔ ان میں وہی لطافت تھی، وہی لذت، وہی شیرینی آہ! اس وقت کوئی اس کا چہرہ دیکھتا! کھلا پڑتا تھا، گھونگھٹ نکال کر، بھاؤ بتا کر، منہ پھیر کر، اور ایک دلآویز تبسم کے ساتھ، دل میں اس کا مزہ لیتی ہوئی، وہ اس واقعہ کو بیان کرتی جو اس کی عمر طویل کی بہترین یادگار تھا۔ اوس میں کھلے ہوئے پھول کی طرح دلآویز۔ وہ پھول بھی اب تازہ تھا، اس میں وہی خوشنمائی تھی، وہی خوشبو۔ واقعاتی زندگی کی جھلسانے والی آلائشوں سے پاک۔ تمنا ابھی تک تمنا کی سرخوشیوں اور کیفیتوں سے مرقع تھی، جسے کشاکش حیات نے بے جان نہ کر پایا تھا۔

(۲)

تلیا کسی زمانہ میں حسین تھی، کافر ادا تھی، قاتل تھی اور اپنے کشتگان

ناز کی درد بھری داستانیں جب وہ بہ چشم پرنم کہتی تو شاید کشتوں کی روحیں عالم زیریں، یا عالم بالا میں وجد کرتی ہوں گی۔ زندگی میں جن کی اس نے بات نہ پوچھی، انہیں پر ہمدردی اور وفا کے پھول نثار کرتی تھی۔ اس کی اٹھتی ہوئی جوانی تھی کہ ماں باپ، رخصت ہو گئے۔ بھائی بھی پردیس چلا گیا وہ گھر میں اکیلی رہ گئی۔ وہ جدھر سے نکل جاتی تھی نوجوان کلیجہ تھام کر رہ جاتے تھے، تب بنسی سنگھ نام کا ایک ٹھاکر تھا۔ بڑا چھیلا، بڑا رسیا، دن میں سیکڑوں بار اس کے گھر کے چکر لگاتا۔ تالاب کے کنارے کھیت میں کھلیان میں، کنوئیں پر، جہاں وہ جاتی، سایہ کی طرح اس کے پیچھے لگا رہتا۔ کبھی دودھ لے کر اس کے گھر جاتا، کبھی گھی لے کر کبھی ساڑیاں لے کر کہتا تلیا میں تجھ سے کچھ نہیں چاہتا۔ تو میری بھینٹ لے لے۔ تو مجھ سے نہیں بولنا چاہتی۔ مت بول، میری صورت نہیں دیکھنا چاہتی مت دیکھ۔ لیکن میں جو کچھ لاؤں اسے لے لے۔ بس، اسی سے میرا دل بھر جائے گا۔ بھولی بھالی تلیا ایسی انیلی نہ تھی، جانتی تھی یہ انگلی پکڑنے کی باتیں میں انگلی پکڑتے ہی پہنچا پکڑنے کی باتیں ہونے لگیں گی۔ لیکن نہ جانے کیسے وہ اس کے دھوکے میں آ گئی نہیں دھوکے میں نہیں آئی۔ اسے اس کی جوانی پر ترس آیا۔ ایک دن وہ پکے ہوئے قلمی آم لایا۔ تلیا نے اپنی زندگی میں قلمی آم نہ کھائے تھے۔ آم اس سے لے لیے۔ پھر تو روز آم کے ٹوکرے آنے لگے۔ اور آم لے کر بنسی سنگھ خود آتا اور چھپ کر رات کو آتا کہ کہیں کوئی دیکھ نہ لے نہیں گاؤں میں شور مچ جائے گا۔ ایک دن جب تلیا آم کی ٹوکری لے کر گھر میں جانے لگی تو بنسی سنگھ نے اس کا ہاتھ آہستہ سے پکڑ کر اپنے سینہ پر رکھ لیا اور چت اس کے پیروں پر گر پڑا۔ اور بولا تلیا اگر اب بھی تجھے پر دیا نہیں آئی تو آج مجھے مار ڈال۔ اپنے ہاتھوں سے مار ڈال۔ بس اب یہی اجلا کھلا ہے۔

تلیا نے آم کی ٹوکری ٹپک دی اور اپنے پاؤں چھڑا کر ایک قدم پیچھے ہٹ گئی اور اس کی طرف قہر کی نگاہوں سے دیکھ کر بولی۔ اچھا ٹھاکر اب یہاں سے چلے جاؤ نہیں تو یا تم نہ رہو گے یا میں نہ رہوں گی تمہارے آنوں میں آگ لگے۔ اور تم کو کیا کہوں۔ میرا آدمی کالے کوسوں میرے نام پر بیٹھا ہوا ہے، اسی لئے کہ میں یہاں اس کے نام کو کلنک لگاؤں! وہ مرد ہے، چار پیسے کماتا ہے، کیا وہ دوسری نہ رکھ سکتا تھا! عورتوں کی سنسار میں کمی ہے! لیکن وہ میرے نام پر بیٹھا ہوا ہے۔ مرد ہو کر بیٹھا ہوا ہے۔ تم سے کم بیٹھا نہیں ہے۔ تمہارا جیسا سندر چاہے نہ ہو

پڑھو گے اس کی چٹھیاں جو وہ میرے نام بھیجتا ہے۔ آپ چاہے جس حال میں ہو، میں کون یہاں بیٹھی دیکھتی ہوں لیکن ہر مہینے میرے لئے روپے بھیج دیتا ہے، اسی لئے کہ میں دوسروں سے پیار کروں! وہ ایک پیسہ بھی نہ بھیجے، لیکن جب تک وہ ایسی پریم سے بھری چٹھیاں بھیجتا رہے گا۔ جب تک وہ مجھ کو اپنی اور اپنے کو میرا سمجھتا رہے گا۔ تلیا اسی کی رہے گی، دل میں بھی، دکھاوے میں بھی۔ جب اس سے میرا بیاہ ہوا ہے تب میں پانچ برس کی الہڑ چھوکری تھی۔ تمہارے دروازے پر جاتی تھی تو تم دتکار دیتے تھے۔ اس نے میرے ساتھ کیا سکھ اٹھایا۔ جو میرے لئے اتنا کر رہا ہے۔ بس ایک ہاتھ پکڑنے کی لاج کو نبھا رہا ہے تو میں عورت ہو کے اس کے ساتھ دغا کروں۔

یہ کہہ کر وہ اندر گئی اور چٹھیوں کی پٹاری لاکر ٹھاکر کے سامنے پٹک دی، مگر ٹھاکر کو چٹھیوں کے پڑھنے کا ہوش کہاں تھا۔ آنکھوں سے آنسوؤں کا تار بندھا ہوا تھا، ہونٹ پھڑکے جا رہے تھے۔ چپ چاپ سر جھکائے کھڑا تھا۔

ایک لمحہ کے بعد اس نے ہاتھ جوڑ کر کہا۔ مجھ سے بہت بڑا قصور ہو گیا۔ تو لاکھ میں نے تم کو پہچانا نہ تھا۔ اب اس کی سزا یہی ہے کہ تم مجھے اپنے ہاتھوں سے مار ڈالو۔ اسی وقت مار ڈالو۔ ایسے روسیاہ آدمی کا زندہ رہنا کس کام کا۔ میں کسی کو منہ دکھانے کے لائق نہیں رہا۔ بس اب یہی آرزو ہے کہ تمہارے ہاتھوں قتل ہو جاؤں۔

تلیا کو اس پر رحم نہیں آیا۔ وہ بھی سمجھ رہی تھی کہ یہ ابھی تک شرارت کئے جاتا ہے۔ جھلا کر بولی۔ مرنے کو جی چاہتا ہے تو مر جاؤ۔ کیا دنیا میں کنوئیں تالاب نہیں ہیں۔ یا تمہارے پاس تلوار کٹار نہیں ہے۔ میں کسی کو کیوں ماروں۔

ٹھاکر نے مایوس نظروں سے دیکھا۔ اتو تمہارا یہی حکم ہے؟

"میرا حکم کیوں ہونے لگا۔ مرنے والے کسی سے حکم نہیں لیتے!"

وہ چلا گیا اور دوسرے دن ندی میں اس کی لاش تیرتی ہوئی ملی۔ کسی کی سمجھ میں نہیں آیا۔ کیسے ڈوب گیا۔ یہی خیال ہوا کہ نہانے آیا ہوگا۔ پاؤں پھسل گیا ہوگا۔ کئی دن تک کیا۔ کئی مہینوں تک گاؤں میں اس کا چرچا رہا۔ تلیا نے زبان تک نہ کھولی۔ ٹھاکر کے مرتے ہی بھائی نے جائیداد پر قبضہ کر لیا اور اس کی بیوی اور بچے کو ستانے لگے۔ دیورانی طعنے دیتی دیور عیب لگاتا۔ آخر غریب بیوہ ایک دن زندگی سے تنگ آکر بچے کو لے کر گھر سے نکل پڑی۔ رات کا وقت تھا۔ تلیا اپنے دروازہ پر کھڑی تھی۔ لالٹین جل رہی تھی۔ اندھیری کے دن تھے۔ سہ ماہی تیس روپے میں اس کی بڑی فراغت سے گذران ہوتی تھی۔ جو وہ کھاتی اور پہنتی تھی وہ ٹھکرائنوں کو بھی نصیب نہ تھا۔ گائے پال لی تھی۔ اسی کو روٹی کھلانے نکلی تھی کہ اس نے ٹھکرائن کو بچے کے ساتھ جاتے دیکھا۔ ٹھکرائن سسکتی اور آنچل سے آنسو پونچھتی جاتی تھی تین سال کا بچہ گود میں تھا۔

تلیا نے پوچھا۔ اس وقت کہاں جاتی ہو ٹھکرائن۔ سنو سنو۔ کیا بات ہے۔ تم تو رو رہی ہو۔

ٹھکرائن جا تو رہی تھی، مگر کہاں۔ یہ اسے خود نہ معلوم تھا۔ وہ یہاں رہنا نہ چاہتی تھی اور اپنے بچے کی جان کا خوف تھا۔ ان دنوں یہ پولیس کی تحقیقاتیں کہاں تھیں۔ دیور اسے اور اس کے بچے کو مار ڈالتے۔ کسی کو خبر بھی نہ ہوتی۔ مگر اس چمارن سے اپنا دکھڑا کیسے کہے۔ آخر تھی تو ٹھکرائن۔ ایک بار تلیا کی طرف دیکھ کر بلا کچھ جواب دیئے آگے بڑھی جواب کیسے دیتی گلے میں تو آنسو بھرے ہوئے تھے اور وہ اس وقت نہ جانے کیوں اور زیادہ امڈ آئے تھے

تلیا نے گائے کے سامنے روٹی پھینکی، لوٹے سے ہاتھ دھوا اور قریب آکر بولی۔ جب تک تم مجھے بتلا نہ دو گی کہاں جا رہی ہو میں تمہیں آگے ایک قدم نہ جانے دوں گی۔

ٹھکرائن رک گئی اور آنسو بھری آنکھوں میں غصہ بھر کر بولی۔ تو کیا کرے گی۔ پوچھ کر تجھ سے مطلب۔

مجھ سے کوئی مطلب ہی نہیں! میں تمہارے گاؤں میں نہیں رہتی! گاؤں والے ایک دوسرے کے دکھ درد میں نہ ساتھ دیں گے تو کون دے گا!"

اس زمانے میں کون کس کا ساتھ دیتا ہے تلیا۔ جب اپنے گھر والوں نے ساتھ نہ دیا، اور تیرے بھیا کے مرتے ہی میرے خون کے پیاسے ہو گئے تو پھر میں کس سے امید رکھوں۔ کیا تو میرے گھر کا حال نہیں جانتی۔ تجھ سے کیا چھپا ہے وہاں نائن کہارن کے لئے روٹیاں ہیں میرے لئے نہیں ہیں۔ اور لاتوں کی ماری روٹیاں کون کھائے۔ میں کسی سے خیرات نہیں مانگتی۔ اپنا حق مانگتی ہوں میں رکھیلی نہیں ہوں، اڑھری نہیں ہوں، بیاہتا ہوں دس گاؤں کے آدمیوں کے بیچ میں بیاہ کے آئی ہوں۔ اپنا رتی بھر حق نہ چھوڑوں گی آج کوئی نہ دے۔ میں اتاتھ ہوں لیکن چاہے میری آبرو جائے لاج کو مٹا کر چھوڑوں گی۔ اور اپنا حصہ لے کر رہوں گی!"

"میرے بھیا" یہ دو لفظ تلیا کو اتنے پیارے لگے کہ اس نے ٹھکرائن کو گلے سے لگا لیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر بولی۔ تو بہن میرے گھر میں چل کر رہو۔ اور کوئی تمہارا ساتھ دے یا نہ دے تلیا مرتے دم تک تمہارا ساتھ دے گی۔ میرا گھر تمہارے رہنے کے لائق نہیں ہے، میں بھی غریب ہوں لیکن گھر میں چاہے اور کچھ نہ ہو شانتی تو ہے اور میں کتنی ہی غریب ہوں لیکن تمہاری بہن تو ہوں۔

ٹھکرائن نے اس کے چہرہ کو حیرت کی نگاہ سے دیکھا۔ ایسا نہ ہو میرے پیچھے میرا دیور تمہارا بھی دشمن ہو جائے۔

تلیا نے دلیرانہ انداز سے کہا میں دشمنوں سے نہیں ڈرتی۔ اور پھر ان سے کہنے ہی کون جاتا ہے۔ اور تم پردے میں رہتی ہی ہو۔

ٹھکرائن تلیا کے ساتھ اس کے گھر میں آکر بیٹھ گئی۔ وہاں ایک ہی کھاٹ تھی۔ تلیا نے اس پر بچے کو لٹا دیا۔ چاروں کے برتن میں ٹھکرائن کیسے کھانا پکائے کیسے پانی پیئے۔ تلیا دوسرے ہی دن بازار سے برتن بھانڈے لائی اور ٹھکرائن کے لئے ایک کوٹھری الگ کر دی۔ ٹھکرائن مغرور تھی، آرام پسند تھی، مگر دھن کی پوری۔ تلیا اس کے برتن دھوتی، اس کے کپڑے صاف کرتی۔ اس کا بچہ کھلاتی۔ ٹھکرائن اس طرح رہتی تھی گویا یہ اسی کا گھر ہے اور تلیا سے اس طرح کام لیتی تھی گویا وہ اس کی لونڈی ہے لیکن تلیا کشتۂ ناز عاشق کے ساتھ شرط وفا کا نباہ کر رہی تھی۔ اس کا من کبھی نہ میلا ہوتا۔ ماتھے پر کبھی نہ بل پڑتا۔

ایک دن ٹھکرائن نے کہا۔ تو لالہ، تم بچے کو دیکھتی رہنا، میں دو چار دن کے لئے ذرا باہر جاؤں گی۔ اس طرح تو یہاں زندگی بھر پڑی رہوں گی۔ مگر دل کی آگ نہ ٹھنڈی ہوگی اس بے حیا کو اس کی شرم کہاں کہ اس کی بھاوج کسی غیر کے ٹکڑوں پر پڑی ہوئی ہے وہ تو اسی کوشش میں ہے کہ کسی طرح مجھے یہاں سے نکلوا دے۔ اور ممکن ہو تو بدنام کر کے اتنے دن تو آرام کر چکی اب کچھ کام بھی کرنا چاہیئے۔

تلیا نے پوچھا۔ کہاں جانا چاہتی ہو بہن۔ کوئی ہرج نہ ہو تو میں بھی ساتھ چلی چلوں، اکیلی کہاں جاؤ گی؟

"اس سانپ کو کچلنے کے لئے کسی کی مدد کے بغیر کام نہ چلے گا"

"وہ مدد کہاں ملے گی"

"میں جانتی ہوں..... اور پھر تجھ سے کیا چھپاؤں میں اپنے روپ کے جادو سے ان کا گھمنڈ توڑوں گی۔ میرے پاس دوسرا کون ہتھیار ہے، میں جوان ہوں اور ابھی بُری بھی نہیں ہوں میں آج اپنا روپ بیچنے پر آجاؤں تو جانتی ہو اس کے دل کا کیا ہوگا اس بھیڑیئے کا سر بلور میں نے ہی ٹیکا ہے۔ اس پرگنہ کا حاکم جو کوئی بھی ہو اسی پر میرا جادو چلے گا اور ایسا کوئی مرد نہیں ہے جو کسی خوبصورت عورت کے جادو سے بچ سکے چاہے وہ اسی سال کا بڈھا ہی کیوں نہ ہو چاہے وہ رشی ہی کیوں نہ ہو۔ دھرم جاتا ہے جائے مجھے پروا نہیں ہے۔ میں یہ نہیں دیکھ سکتی کہ میں بن بن کی پتیاں توڑوں اور وہ شوہدا موگھوں پر تاؤ دے کر راج کرے۔ اور یہ کل تین چار دن کا کام ہے تلیا۔ کل تین چار دن کا۔ تو بچے کی دیکھ بھال کرنا بچہ تجھ سے ہلا ہوا بھی ہے۔ میرے لئے بہت نہ ہٹ کرے گا۔ کوئی پوچھے کہاں گئی۔ تو کہہ دینا میکے چلی گئی ہے"

تلیا کو معلوم ہوا اس خوددار عورت کے دل پر کتنی گہری چوٹ ہے اس جلن کو مٹانے کے لئے وہ جان ہی پر نہیں کھیل رہی ہے، دھرم پر کھیل رہی ہے۔ جسے وہ جان سے زیادہ عزیز سمجھتی ہے، بنسی سنگھ کی وہ صورت التجا اس کی نظروں کے سامنے کھڑی ہو گئی۔ وہ طاقتور تھا، اپنے فولادی قوئے سے وہ بڑی آسانی سے اس پر جبر کر سکتا تھا۔ اور اس رات کے سناٹے میں اس کی حمایت کرنے والا کون تھا۔ مگر اس کی اس عفت آمیز تنبیہ نے بنسی سنگھ کو کس طرح رام کر لیا، گویا کوئی خونخوار اژدہا سریلا راگ سن کر مست ہو گیا ہو اور اپنا خونی ارادہ ترک کر کے اس راگ کے تالوں پر ناچنے لگے اسی بچے سورما کی آبرو آج خطرے میں ہے۔ کیا تلیا اس آبرو کو لٹنے دے گی اور خاموش بیٹھی رہے گی۔ نہیں نہیں نہیں۔

بنسی سنگھ کا وہ سرفروشانہ ضبط، وہ مردانہ تحمل، وہ ذوق شہادت وہ سچا عشق، وہ اپنی شمع حیات بجھا کر سوز نہاں کو ٹھنڈا کرنے کا شجاعانہ عمل وہ اس کے فیصلہ پر جاں نثار کر دینے کا جذبۂ نیاز..... نہیں بنسی سنگھ نے اس کی آبرو کو اپنی جان سے زیادہ عزیز سمجھا تو وہ بھی اس کی آبرو کو اپنی آرزو سے زیادہ عزیز ثابت کر دے گی، اپنی سحر طرازیوں سے، اپنی محبت نوازیوں سے، اپنی شیریں اداؤں سے، اپنی عصمت کو گوشۂ جگر میں محفوظ رکھے ہوئے، وہ اپنی وفا کا حق ادا کرے گی۔

تلیا نے ٹھکرائن کو تشفی دیتے ہوئے کہا۔ ابھی تم مت جاؤ بہن کہیں مت جاؤ۔ پہلے مجھے اپنی طاقت آزما لینے دو میری آبرو چلی بھی گئی تو کون ہنسے گا۔ تمہاری آبرو کے پیچھے ایک خاندان کی آبرو ہے۔

"ٹھکرائن نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا اور مسکرائی۔
اس نے کہا تو یہ فن کیا جانے تلیا،
"کونسا فن!"
"سبھی مردوں کو اُلو بنانے کا۔"
"یہ فن سبھی عورتوں کو آتا ہے بہن۔ کہیں سیکھنے جانے کا کام نہیں۔"
"اچھا بتا تو کیا کرے گی۔"
"وہی جو تم کرنے جا رہی ہو۔ تم حاکم پرگنہ پر اپنا جادو ڈالنا چاہتی ہو۔ میں تمہارے دیور پر جادو ڈالوں گی۔"
"بڑا گھاگھ ہے"
"گھاگھوں کو پھانسنا اور بھی زیادہ آسان ہے۔"

(۳)

تلیا نے آزمودہ کار جنرل کی طرح جارحانہ عمل اور مدافعت اور مراجعت کے نقشے تیار کئے اور تسخیر کی تیاریاں کرنے لگی۔ عمل کے مدارج اور کامیابی کی منزل جتنی صفائی سے اُسے نظر آتی تھی۔ شاید سکندر یا نپولین کو بھی نہ نظر آئی ہوگی۔ پیش بندی کے لئے اس نے مدافعت اور مراجعت کے پہلو بھی سوچ لیے مگر اُسے اس میں شک نہ تھا کہ یہ بڑھے چلو والی جنگ ہوگی۔ غنیم بالکل بے خبر تھے، بالکل غیر مسلح اور اس فن حرب سے بالکل غیر معروف۔

بنسی سنگھ کا چھوٹا بھائی گردھر کندھے پر چھ فیٹ کا موٹا ڈنڈا رکھے اکڑتا چلا آتا تھا کہ تلیا نے پکارا۔ ٹھاکر جرا یہ گھاس کا گٹھا اٹھا کر میرے سر پر رکھ دو۔ مجھ سے نہیں اٹھتا۔

اندھیرا ہو گیا تھا۔ کسان اپنے اپنے کھیتوں سے لوٹ کر گھر آ چکے تھے۔ راستے میں سناٹا تھا۔

اس وقت تلیا کا آنچل کھسک گیا اور سرخ چولی کے اندر کا ابھار جھلک پڑا۔ تلیا نے جھٹ آنچل سنبھال لیا۔ مگر اس کوشش میں اس کا سر کھل گیا اور اس کے جوڑے میں گتھی ہوئی پھولوں کی بینی بجلی کی طرح آنکھوں میں کوند گئی۔ گردھر پر خود فراموشی کی کیفیت طاری ہو گئی۔ اعلیٰ اور ادنیٰ کا امتیاز مٹ گیا۔ آنکھوں میں ہلکا سا نشہ نمودار ہوا، اور چہرے پر ہلکی سی سرخی اور خفیف سا تبسم رگ رگ میں نغمہ سا گونج اٹھا۔

اس نے تلیا کو ہزاروں بار دیکھا تھا۔ آرزو اور التجا کی آنکھوں سے۔ مگر تلیا اپنے حُسن اور عصمت کے غرور میں اس کی طرف کبھی مخاطب نہ ہوئی تھی۔ اس کے انداز اور لہجے میں کچھ ایسی بے نیازی، کچھ ایسی سرد مہری تھی کہ ٹھاکر کے سارے حوصلے پست ہو جاتے تھے۔ سارا شوق ٹھنڈا پڑ جاتا تھا۔ آسمان پر اڑنے والے طائر پر اس کے لاسے اور دانے اور جال کا کیا اثر ہو سکتا تھا۔ مگر آج وہ طائر اس کے مکان کے سامنے والی شاخ پر آ بیٹھا تھا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بھوکا ہے۔ پھر کیوں نہ وہ دانا اور جال لے کر دوڑے۔

اس نے مخمور ہو کر کہا۔ میں پہنچائے دیتا ہوں تلیا۔ تو کیوں سر پر اٹھائے گی۔

تلیا نے شکار پر وار کیا۔ "اور کوئی دیکھ لے تو یہی کہے کہ ٹھاکر کو کیا ہو گیا ہے۔"

"مجھے کتوں کے بھونکنے کی پروا نہیں ہے"

"لیکن مجھے تو ہے"

ٹھاکر نے نہ مانا۔ گٹھا سر پر رکھ لیا اور اس طرح چلا گویا کونین کا خزانہ لوٹے لئے جاتا ہو۔

(۴)

ایک مہینہ گزر گیا۔ تلیا نے ٹھاکر پر موہنی ڈال دی تھی۔ اور اب اسے مچھلی کی طرح کھلا رہی تھی کبھی بنسی ڈھیلی کر دیتی کبھی کھینچ لیتی لگاوٹ بازی بھی تھی اور پرہیز بھی۔ اور ٹھاکر کی آتش شوق تیز سے تیز تر ہوتی جاتی تھی۔ اپنا ایمان اور دھرم سب کچھ نثار کر کے بھی وہ حصول مدعا کے قریب نہ آ پاتا تھا۔ تلیا آج بھی اس سے اتنی ہی دور تھی جتنی پہلے۔

ایک دن وہ تلیا سے بولا۔ اس طرح کب تک جلائے گی تلیا۔ چل کہیں بھاگ چلیں۔

تلیا نے پھندے کو اور کسا۔ ہاں اور کیا۔ جب تم منہ پھیر لو تو کسی کام کی نہ رہوں۔ دین سے بھی جاؤں، دنیا سے بھی،

ٹھاکر نے شکوہ آمیز لہجے میں کہا۔ اب بھی تجھے مجھ پر بشواش نہیں آتا!

"بھونرے پھول کا رس لے کر اُڑ جاتے ہیں"

"اور پتنگے جل کر راکھ ہو جاتے ہیں"

"پتیاؤں کیسے؟"

"میں نے تیرا کوئی حکم ٹالا ہے؟"

"تم سمجھتے ہوگے تلیا کو ایک رنگین ساڑی اور دو ایک چھوٹے موٹے گہنے دے کر پھنسا لوں گا۔ میں ایسی نیلی نہیں ہوں۔"

تلیا نے ٹھاکر کے دل کی بات بھانپ لی تھی۔ ٹھاکر حیرت میں آکر اُس کے منہ کی طرف تکنے لگا۔

تلیا نے پھر کہا "آدمی اپنا گھر چھوڑتا ہے تو پہلے کہیں بیٹھنے کا ٹھکانا کر لیتا ہے۔"

ٹھاکر نے خوش ہو کر کہا۔ "تو تو چل کر میرے گھر میں مالکن بن کر رہ۔"

تلیا آنکھیں مٹکا کر بولی۔ "آج مالکن بن کر رہوں اور کل لونڈی بن کر بھی نہ رہنے پاؤں۔ کیوں؟"

"تو جس طرح تیرا من بھرے وہ کر۔ میں تیرا غلام ہوں۔"

"بچن دیتے ہو"

"ہاں دیتا ہوں"

"پھر تو نہ جاؤ گے؟"

"بچن دے کر پھر جانا نامردوں کا کام ہے"

"تو اپنی آدھی جمین جایداد میرے نام لکھ دو"

ٹھاکر اپنے گھر میں ایک کوٹھری، دس پانچ بیگھے کھیت، گہنے کپڑے، اور اپنی عزت تو اس کے قدموں پر نثار کرنے کو تیار تھا، لیکن آدھی جائداد اس کے نام منتقل کرنے کی ہمت اس میں نہ تھی۔ کل کو تلیا اس سے کسی بات پر ناراض ہو جائے تو اسے آدھی جائیداد سے ہاتھ دھونا پڑے۔ عورت کا کیا اعتبار۔ اسے یہ گمان تک نہ تھا کہ تلیا اس سے اتنا سنگین مطالبہ کرے گی۔ اُسے تلیا پر غصہ آیا۔ یہ چمارن ذرا سند رکیا ہو گئی ہے کہ سمجھتی ہے میں اپسرا ہوں۔ اس کی محبت ایک بے تاب خواہش تھی۔ اور بس۔ وہ محبت جو اپنے کو فنا کر دیتی ہے اور فنا ہو جانا ہی زندگی کا حاصل سمجھتی ہے اس میں نہ تھی۔

اس نے چیں بجبیں ہو کر کہا۔ "میں نہ جانتا تھا کہ تجھے میری زمین جائیداد ہی سے محبت ہے مجھ سے نہیں۔"

تلیا نے برجستہ جواب دیا۔ "تو کیا میں جانتی تھی کہ تمہیں میرے روپ اور جوانی ہی سے محبت ہے۔ مجھ سے نہیں!"

"تو محبت کو بازار کا سودا سمجھتی ہے!"

"ہاں سمجھتی ہوں۔ تمہارے لئے محبت چاروں کا تماشا ہوگی۔ میں تو کہیں کی نہ رہوں گی میں اپنا سب کچھ تمہیں دے رہی ہوں، تو اس کے بدلے میں سب کچھ لینا بھی چاہتی ہوں۔ تمہیں اگر مجھ سے محبت ہوتی تو تم آدھی کیا، پوری جائداد میرے نام لکھ دیتے لیکن تمہاری نیت معلوم ہو گئی۔ ہاں بھگوان نہ کرے کہ ایسا کوئی سماں آئے، لیکن دن کسی کے برابر نہیں جاتے۔ اگر ایسا کوئی سمے آیا کہ تمہارے پاس کچھ نہ رہا تو تلیا دکھا دے گی کہ عورت کیا کچھ کر سکتی ہے۔"

تلیا جھلائی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔ مگر مایوس نہ تھی۔ نہ بے دل آگے کیا ہونے والا ہے، اس کے متعلق اُسے مطلق شبہ نہ تھا۔

ٹھاکر نے جائداد تو اپنی دانست میں بچا لی تھی۔ مگر بڑے مہنگے داموں۔ اُس کا اطمینانِ قلب رخصت ہو چکا تھا۔ زندگی میں جیسے کوئی لطف ہی نہ رہ گیا تھا۔ جائیداد آنکھوں کے سامنے تھی۔ تلیا دل کے اندر۔ روز سامنے آکر بیٹھنے والی تلیا حقیقت تھی دل کے اندر بیٹھی رہنے والی تلیا آرزو جو حقیقت سے کہیں زیادہ دلاویز ہے، نشہ خیز ہے۔

تلیا اُسے کبھی کبھی خواب کی ایک جھلک کی طرح نظر آجاتی۔ اور خواب ہی کی طرح غائب ہو جاتی۔ گردھر اس سے اپنا درد دل کہنے کا موقع ڈھونڈتا رہتا لیکن تلیا اس کے سایہ سے بھی پرہیز کرتی۔ گردھر کو اب محسوس ہو رہا تھا کہ اس کی زندگی میں مسرت پیدا کرنے کے لئے اس کی زمین کے مقابلہ میں تلیا کہیں زیادہ لازمی ہے۔ اُسے اپنی تنگ ظرفی پر غصہ آتا۔ زمین اور جائداد کیا تلیا کے نام رہی کیا اس کے نام۔ اس ذرا سی بات میں کیا رکھا ہے۔ تلیا تو اس وقت کے لئے پیش بندی کر رہی تھی۔ جب میں اس کے ساتھ بے وفائی کرتا۔ جب میں اس کا بن کوڑی کا غلام ہوں، تو بے وفائی کیسی۔ میں اس کے ساتھ بے وفائی کروں گا جس کی ایک نگاہِ کرم کے لئے ترستا رہتا ہوں۔ کاش وہ ایک بار مل جاتی تو اس سے کہہ دیتا تو لا میرے پاس جو کچھ ہے وہ سب تمہارا ہے۔ کہو جو نامہ لکھ دوں۔ کہو جو نامہ لکھ دوں۔ مجھ سے جو غلطی ہوئی اس کے لئے نادم ہوں جائداد سے انسان کو جو ایک رواجی الفت ہے اسی کے زیر اثر میں نے وہ حماقت کی تھی۔ اب مجھے معلوم ہوا کہ دنیا میں وہی چیز سب سے بیش قیمت ہے جس سے زندگی میں کیف اور سرور پیدا ہو۔ اگر فقر اور بے نوائی میں سرور حاصل ہو تو وہی سب سے بیش قیمت ہے جس پر زمین اور ملکیت سب کچھ قربان کر دی جاتی ہے۔ آج بھی لاکھوں خدا کے بندے ہیں جو

دنیا کی نعمتوں پر لات مار کر جنگل بیابان کی سیر کرنے میں مست ہیں۔ اور اس وقت میں اتنی ذرا سی بات نہ سمجھا۔ ہائے رے میری کم عقلی!

(۵)

ایک دن ٹھاکر کے پاس تلیا نے پیغام بھیجا۔ میں بیمار ہوں۔ آکر مجھے دیکھ جاؤ۔ کون جانے بچوں کہ نہ بچوں۔

رات کے دس بجے ہوں گے ٹھاکر نے سنا اور دوڑا۔ اس کی چھاتی دھڑک رہی تھی۔ اور سر اڑا جاتا تھا۔ تلیا بیمار ہے! تلیا اس کی آنکھوں سے دور تھی، لیکن دل میں بسی ہوئی۔ اور دل اور جان سے بھی زیادہ عزیز۔ دل تو محض اس کا مکان تھا۔ اور وہ تلیا بیمار ہے! کیا ہوگا بھگوان! تم مجھے کیوں نہیں بیمار کر لیتے۔ میں تو اس کی جگہ مرنے کو بھی تیار ہوں۔ تلیا کی بیماری اس کے ذہن میں ہر لحظہ خوف ناک ہوتی جاتی تھی۔ اور بیماری میں تلیا نے مجھے بلایا ہے۔ کہا ہے کہ آکر دیکھ جاؤ۔ کون جانے بچوں کہ نہ بچوں۔ تو اگر نہ بچے گی تلیا تو میں بھی نہ بچوں گا۔ نہ بچوں گا۔ دیوار سے سر پھوڑ کر جان دے دوں گا۔ پھر میری اور تیری چتا ایک ساتھ بنے گی ایک ساتھ دونوں کے جنازے نکلیں گے۔

اس نے قدم اور تیز کیا۔ وہ اپنا سب کچھ تلیا کے قدموں پر رکھ دے گا۔ تلیا اسے بے وفا سمجھتی ہے۔ آج وہ دکھا دے گا۔ وہ کتنا وفادار ہے۔ آج اس کی محبت خواہشوں سے پاک ہو گئی ہے۔ اس میں حیوانیت کا شائبہ بھی نہیں رہا۔ روح تک جا پہنچی ہے۔

اس نے دھڑکتے ہوئے دل اور تھرتھراتے ہوئے پاؤں سے تلیا کے گھر میں قدم رکھا۔ تلیا اپنی کھاٹ پر ایک چادر اوڑھے سمٹی پڑی تھی۔ اور اس نیم تاریکی میں جاں بلب معلوم ہو رہی تھی۔ گردھر نے اس کے قدموں پر سر رکھ دیا اور کانپتی ہوئی اشک میں ڈوبی ہوئی آواز میں بولا تولا! تولا! یہ بدنصیب تمہارے قدموں پر پڑا ہوا ہے۔

تلیا نے آنکھیں کھولیں اور نقاہت آواز سے بولی تم ہو گردھر سنگھ! تم آ گئے! اب میں آرام سے مروں گی۔ تمہیں ایک بار دیکھنے کے لئے جی بہت بے چین تھا۔ میرا کہا سننا، ماپ کر دینا۔ اور میرے لئے رونا مت اس مٹی کی دیہہ میں کیا رکھا ہے گردھر۔ یہ تو مٹی میں مل جائے گا لیکن میں کبھی تمہارا ساتھ نہ چھوڑوں گی۔ پرچھائیں کی طرح سدا تمہارے ساتھ رہوں گی۔ تم مجھے دیکھ نہ سکو گے۔ میری باتیں سن نہ سکو گے لیکن تلیا آٹھوں پہر سوتے جاگتے تمہارے ساتھ رہے گی۔ میرے لئے اپنے کو بدنام مت کرنا گردھر۔ کبھی کسی کے سامنے میرا نام جبان پر مت لانا۔

گردھر زار و قطار رو رہا تھا۔ ہاتھ میں کٹار ہوتی تو اسی وقت جگر میں مار لیتا۔ اور اس کے سامنے تڑپ کر مر جاتا۔

تلیا نے ذرا دم لے کر پھر کہا۔ میں بچوں گی نہیں گردھر تم سے ایک منتی کرتی ہوں۔ مانو گے!

گردھر نے چھاتی ٹھونک کر کہا اب جیوں گا تو اسی لئے کہ تیرا حکم پورا کروں۔ نہیں اس جندگی میں کیا رکھا ہے۔

اُسے ایسا معلوم ہوا کہ تلیا مسکرائی۔

نہیں نہیں۔ ایسا مت کہو۔ تمہارے بال بچے ہیں۔ ان کی پرورش کرنا۔ اور مجھے بھول جانا۔ میری یہی منتی ہے کہ اپنی بھابی کو اور اس کے بچے کو اسی طرح رکھنا جیسے وہ بنسی سنگھ کے سامنے رہتی تھیں۔ ان کا آدھا انہیں دے دینا۔"

گردھر بولا لیکن بھاوج تو دو مہینے سے اپنے میکے میں ہیں اور کہہ گئی ہیں کہ اب کبھی نہ آؤں گی

یہ تم نے برا کیا ہے گردھر۔ بہت برا۔ اب میں سمجھی کہ کیوں مجھے بڑے بڑے سپنے آ رہے تھے۔ اگر چاہتے ہو کہ میں جی اٹھوں تو جتنی جلد ہو لکھا پڑھی کر کے گاؤں کے پاس رکھ دو۔ تمہاری یہ بے انصافی ہی میری جان کی گاہک ہو رہی ہے۔ اب مجھے معلوم ہوا کہ تمہاری بھاوج کیوں بار بار مجھے سپنے میں دکھائی دیتی تھی۔ اور بنسی سنگھ کیوں مجھ سے سپنے میں کہتے تھے، گردھر نے میری مکت بگاڑ دی" بس ابھی جاؤ گردھر اور لکھا پڑھی کر کے کاگذ لاؤ۔ دیر کی تو مجھے جیتا نہ پاؤ گے۔

گردھر نے دبی زبان سے کہا لیکن رات کو کیسے لکھا پڑھی ہو گی تولا۔ اسٹامپ کہاں ملے گا؟ لکھے گا کون۔ گواہ کہاں ہیں بتلاؤ۔

کل سانجھ تک یہ کام کر لو گے تو میں بچ جاؤں گی گردھر۔ بنسی سنگھ مجھے لگے ہوئے ہیں۔ وہی مجھے ستا رہے ہیں۔ وہی میری جان لے رہے ہیں۔

اگر تم نے دیر کی تو تلیا مر جائے گی۔"

"میں کل سانجھ تک آ جاؤں گا تلیا۔ تیرا حکم سر اور آنکھوں پر لیکن کہیں ایسا نہ ہو کہ تو....."

نہیں نہیں میں کل سانجھ تک نہیں مروں گی۔ اس کا بشواش رکھو"

گردھر اسی وقت وہاں سے نکلا۔ راتوں رات پچیس کوس کی منزل

لے کر کے صدر پہنچا۔ وکیلوں سے مشورہ کیا۔ شاستر لیا۔ بھاوج کے نام آدھی جائداد منتقل کرائی۔ اور چراغ جلتے جلتے حیران و پریشان، تھکن سے چور، امید و بیم سے محدود، آکر تلیا کے سامنے کھڑا ہو گیا۔

تلیا نے روحانی شگفتگی کے عالم میں کہا۔ تم آگئے گردھر کام کر آئے؟

گردھر نے کاغذ اس کے سامنے رکھ کر کہا۔ ہاں تو لا کر آیا۔ اور اگر اب بھی تم اچھی نہ ہوئیں تو تمہارے ساتھ گردھر کی جان بھی جائے گی۔

تلیا اٹھ بیٹھی اور کاغذ کو اپنے سرہانے رکھ کر بولی۔ میں بہت اچھی ہوں گردھر۔ تم جب رات یہاں سے چلے گئے تب ہی میری طبیعت سنبھلنے لگی اور اب میں بہت اچھی ہوں۔ سویرے تک بالکل اچھی ہو جاؤں گی لیکن ابھی ابھی مجھے نیند آگئی تھی اور بنسی سنگھ سپنے میں مجھ سے کہہ رہے تھے۔ تلیا تو بیاہتا ہے۔ تیرا آدمی بجار کوس پر بیٹھا تیرے نام کی مالا جپ رہا ہے۔ چاہتا تو دوسری کر لیتا۔ لیکن تیرے نام پر بیٹھا ہوا ہے۔ اور جنم بھر بیٹھا رہے گا۔ اگر تو نے اس سے دگا کی تو میں تیرا دشمن ہو جاؤں گا۔ تو نے اپنے آدمی کے ساتھ کپٹ کیا، اسی دن میں تیری جان لے لوں گا۔ بس یہ کہہ کر وہ چلے گئے اور میری آنکھ کھل گئی۔

گردھر نے ایک لمحہ تلیا کے چہرے کی طرف دیکھا جس پر اس وقت ایک روحانی جلال سا چمک رہا تھا۔ اور دفعتہً جیسے اس کی آنکھوں کے سامنے سے پردہ ہٹ گیا اور ساری سازش سمجھ میں آگئی۔ اس نے سچی عقیدت سے تلیا کے قدموں کو بوسہ دیا اور بولا۔ سمجھ گیا۔ تلیا، تو دیوی ہے۔

پریم چند

آخری منزل

جب جان گئی، تو جانِ جاں تک پہنچا — مل کر مٹی میں آسماں تک پہنچا
ہے مرقدِ تنگ بطنِ مادر کی طرح — اس گور میں آرام ملا گھر کی طرح

اس عالمِ فتنہ زا سے روپوش ہوا — جان بیچ کے، قبر سے ہم آغوش ہوا
تسکین جگر نے دل نے راحت پائی — تن خانہ بدوشی سے سبکدوش ہوا

مر مر کے لحد میں میں نے جا پائی ہے — یاں تک مجھے تیری ہی کشش لائی ہے
آ اے مرے منہ چھپانے والے، آجا — خلوت ہے، شبِ تار ہے، تنہائی ہے

سید احمد حسین امجد

فریبِ نظر

صحنِ گلشن میں گلِ نورستہ احمر لباس — خندہ ہائے دل نشیں سے جس کے رنگیں ہے بہار
دیکھتا ہوں، اور ترے ہونٹوں پہ کرتا ہوں قیاس — جن کی دل افروز رنگینی کی گل چیں ہے بہار
ڈال دیتی ہے نگاہِ شوق حیرت میں مجھے — فرق دونوں میں کوئی آتا نہیں جس دم نظر
سوچتا ہوں میں کہ یہ گل ہیں لبِ لعلیں ترے — یا لبِ لعلیں ہیں تیرے ثانیِ گلہائے تر

حفیظ ہوشیارپوری

کیفِ خرابات

یہ خرابات ہے، تقوے کا نہیں کام یہاں
عین طاعت ہے تماشائے لبِ بام یہاں

رقص کرتی ہے زمیں رات کی رنگینی میں
وجد کرتا ہے فلک صبح کے ہنگام یہاں

جس پہ گردوں سے نہ آتی ہو صدائے احسنت
کبھی ایسا نہیں ہوتا کوئی اقدام یہاں

میکدے میں نہ ہوا ے شیخِ حرم نکتہ فروش
کہ ازل سے نہیں گنجائشِ اوہام یہاں

شکرِ باری کہ علے الرغمِ فقیہہِ خود بیں
حکمِ ایزد ہے کہ گردش میں رہے جام یہاں

اثرِ تربیتِ پیرِ مغاں کے قربان
خارج از بحث ہے اندیشۂ آلام یہاں

میکدے کا ہے مشیّت کے اشاروں پہ مدار
مانعِ کیف نہیں شرع کے احکام یہاں

طوطیٔ قدس ہے اک صیدِ زبونِ مستی
طائرِ سدرہ ہے اک مرغِ تہہ دام یہاں

سایۂ زلف سے ہے زینتِ رخسارِ حبیب
ظلمتِ کفر سے ہے رونقِ اسلام یہاں

ہدفِ مسخرگی ہے طلبِ جاہ و نمود
موجبِ ننگ و زیاں ہے ہوسِ خام یہاں

گوشِ رندانِ قدح خوار ہے اور لعلِ نگار
لبِ جبریل نہیں درخورِ پیغام یہاں

کسی سورت میں بھی باقی نہیں جائے تاویل
کسی آیت میں بھی ممکن نہیں ابہام یہاں

منزلیں راہ میں تبدیل ہوا کرتی ہیں
رو بہ آغاز ہی رہتا ہے ہر انجام یہاں

خوفِ عقبےٰ کی اداسی کے عوض چہروں پر
کھیلتا ہے اثرِ بادۂ گلفام یہاں

قیمتِ بادہ میں جو خرقہ کہ ہوتا ہے گرو
اُس پہ قربان ہیں سو خرقۂ احرام یہاں

اک توہّم ہے مہ و سال کی ترتیب و شمار
اک تمسخر ہے نظامِ سحر و شام یہاں

ایک حالت پہ خرابات میں ہوتی ہے بسر
فقط اک واہمہ ہے گردشِ ایام یہاں

ذرّے ذرّے پہ ہے اتنا ابدیت کا جلال
وقت رہتا ہے سدا لرزہ براندام یہاں

گردِ رندانِ سیہ مست بصد عشوہ و ناز
حلقہ باندھے ہوئے رہتے ہیں گُل اندام یہاں

خوابِ صد سالہ کے مانند ہے، اے محرمِ راز
وقفۂ یک نفس و لغزشِ یک گام یہاں

لب ہلاتے ہی جو دنیا کو ہلا دیتے ہیں
چند ایسے بھی نکل آئیں گے خدام یہاں

شکر ہے جوشؔ! کہ اوراد و وظائف کے عوض
لب پہ ہے زمزمۂ حافظ و خیّام یہاں

جوشؔ ملیح آبادی

نئی شاعری کا پہلا مشاعرہ

بعض نہایت عجیب و غریب دریافتوں یا ایجادوں کو مفاجاتی بتایا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص آسٹریلیا کے ویرانوں میں پھرتے پھرتے تھک گیا وہ سستانے کو ایک پتھر پر بیٹھا اور وقت کاٹنے کو ہاتھ کی چھڑی سے زمین کریدنے لگا جس میں ایک چمکتی ہوئی چیز دکھائی دی۔ کھودنے پر اتنا بڑا سونے کا ڈلا جسے نگٹ کہتے ہیں ملا کہ اس وقت تک کسی کے ہاتھ نہ آیا تھا۔ سننے میں آتا ہے کہ فلاں شخص کو کھلتی ہوئی دیگچی کے سرپوش کے اُچھل اُچھل ہونے کے مشاہدے سے دخانی انجن کی ایجاد کا خیال ہوا۔ لکھا ہے کہ فلاں شخص سیب کے درخت کے نیچے چت پڑا ہوا تھا کہ ایک سیب ڈال سے ٹوٹ کر اس کی چھاتی پر آگرا۔ اس سے اُسے کشش ارض یا میل مرکزی کے اصول کا ادراک ہوا۔ یہ کچھ بھی ہو لیکن آپ کے شعر کی تجدید یعنی نئی یا نیچرل شاعری کی ابتدا اتفاقیہ یا مفاجاتی طور پر واقع نہیں ہوئی۔ چونکہ نئی شاعری کے اولین مشاعرے کی کیفیت جاننے سے پہلے یہ معلوم کرنا نہایت ضروری ہے کہ نئی شاعری کب اور کیونکر وجود پذیر ہوئی اس لیے اس کی مجمل تاریخی روداد پیش کی جاتی ہے۔

آب حیات کے بعد اردو ادب اور نظم کی کئی تاریخیں لکھی جا چکی ہیں لیکن اس موضوع پر کسی نے بھی تاریخی واقعات سے بحث نہیں کی گل رعنا کے فاضل مصنف نے اس تنقیح پر اس قدر لکھنا مناسب سمجھا:۔

"پھر اور کچھ بڑھ گئے رازلو کی تنخواہ کے روپے، اور ان (آزاد) کو موقع ملا کہ یہ اپنی کارگذاری کے جوہر دکھائیں۔ اس وقت گورنمنٹ کو بھی اردو کے نشو و نما و ترقی کی فکر تھی ان کو اس سے خاص طرح کا لگاؤ تھا۔ انجمن پنجاب میں مشاعرہ کی بنیاد ڈالی گئی اور بجائے طرح کے مصرع کے مضمون کا عنوان دینا قرار پایا انھوں نے کئی نظمیں لکھیں اور مقبول ہوئیں"[1]

اس تحریر سے صرف یہ باتیں دریافت ہوتی ہیں کہ (۱) گورنمنٹ کو اردو کی ترقی کی فکر تھی (۲) آزاد کو اس سے خاص طرح کا لگاؤ تھا اور (۳) انجمن پنجاب میں صرف موضوع کی تمہید کے ساتھ مشاعرے کی بنیاد ڈالی گئی۔ بنیاد ڈالی گئی جو فعل ماضی مطلق مجہول استعمال کیا ہے اس سے فاعل کی تلاش باقی رہتی ہے۔ نتیجہ یہ کہ اردو سے متعلق ایک نہایت مہتم بالشان واقعہ غیر متحقق رہا جاتا ہے۔ اس نئی شاعری کے اولین مشاعرے میں آزاد کے سوا اور بھی کئی شاعروں نے مقررہ موضوع پر نظمیں پڑھیں۔ ان کو بھی آزاد کی طرح اردو کی نشو و نما اور ترقی سے خاص طرح کا لگاؤ ہوگا۔ ورنہ وہ اس ادبی بدعت میں شریک و معاون ہی کیوں ہوتے۔ غرضکہ یہ حضرت جو محقق عصر شبلی مرحوم کے مشہور ندوہ کی نظامت کا امتیاز رکھتے تھے اس اہم تاریخی مسئلہ پر روشنی نہ ڈال سکے یا ایسا کرنا ان کو پسند نہ ہوا۔

دوسرے صاحب مولانا عبدالسلام ندوی کا نام اس سلسلہ میں لینا پڑتا ہے جنھوں نے شعر الہند لکھ کر مطبع معارف اعظم گڈھ کے سلسلہ دارالمصنفین کے بیسویں نمبر کی تکمیل فرمائی (چونکہ یہ اردو شاعری کی ابتدا سے وقت تالیف تک کی اردو شاعری کی تاریخ تھی شاید اسی لیے فاضل ادبی مورخ نے دیباچہ کے اختتام پر یا کتاب کے سرورق پر تصنیف اشاعت کی تاریخ دینا غیر ضروری خیال کیا بہر حال میں نے یہ کتاب ۱۹۲۶ء میں خریدی)

شعر الہند کی اول جلد کے چوتھے باب کا عنوان ہے دور جدید اس باب کو آپ اس طرح شروع کرتے ہیں:۔

"اردو شاعری میں اگرچہ فلسفہ، اخلاق اور فقر و تصوف سب کچھ موجود ہے تاہم اس کا بیشتر حصہ عاشقانہ شاعری پر مشتمل ہے اور عشق و محبت میں بھی جذبات و واردات کو چھوڑ کر ہمارے شعرا زیادہ تر زلف گیسو میں الجھے ہوئے ہیں۔ اس بنا پر دور جدید میں انگریزی تعلیم کے ساتھ جب شاعری کے متعلق بھی نئے خیالات پیدا ہوئے اور جدید تعلیم یافتہ اصحاب نے ہمارے

---

[1] تذکرہ گل رعنا۔ مؤلفہ مولانا حکیم سید عبدالحی۔ سابق ناظم ندوۃ العلما لکھنؤ۔ ۱۳۴۳ھ ہجری المقدس ۱۲

شعرا کے عاشقانہ اشعار کے ساتھ ملٹن اور شیکسپیر کے شاعرانہ خیالات کا مطالعہ کیا تو ان کو اردو شاعری چند محدود فرسودہ اور غیر شایستہ خیالات کا مجموعہ نظر آئی۔ اس لئے ان کو اس میں ایک عام انقلاب پیدا کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی اور اس ضرورت کو پیش نظر رکھ کر انھوں نے ہمارے شعرا کے سامنے حسب ذیل اصلاحی مطالبات پیش کیے[1]

فاضل مصنف نے اس کے بعد انگریزی تعلیم یافتہ اہل وطن کے اصلاحی مطالبات تشریح کے ساتھ دیے ہیں جو شمار میں پانچ ہیں۔ یہاں ان کے اعادے کی ضرورت نہیں لیکن ہر معقول پسند شخص مولانا سے یہ سوال کریگا کہ اس دعوے کا ثبوت کیا ہے؟ آخر اتنی بڑی بات آپ کہتے تو کہہ گئے لیکن اس کی واقعیت کی طرف سے بالکل بے پروا رہے۔ انکے بیانوں سے ثابت ہوگا کہ مولانا کا یہ دعوے صرف واہمہ یا کسی خیال پر مبنی ہے۔ اچھا ہوتا کہ وہ یہ بات نظم میں تحریر فرماتے جس میں اگر قافیہ نہیں وزن تو ہوتا

اس کے بعد ہی آپ مقدمہ خواجہ حالی کا ذکر کر گئے جانتے تھے کہ اس میں شعر شاعری کی مبسوط بحث ہے۔ مولانا یہ بھول گئے کہ دیوان حالی مع مقدمہ ۱۸۹۳ء میں شائع ہوا اس سے پہلے لاہور میں جو کچھ ہوا وہ چونکہ ان کی رائے میں دور جدید کے تاریخی تسلسل سے خارج تھا۔ اس لئے یہاں اس کا تذکرہ ان کے نزدیک نامناسب ٹھہرا پھر اگر پنجاب کو یہ شکایت ہو کہ یو۔ پی کے حضرات ادب اور شاعری کے بارے میں پنجاب کے مساعی کے ساتھ سرد مہری کا سلوک کرتے ہیں تو آپ ہی فرمایئے بجا ہے کہ نہیں!

اور لطف دیکھئے اسی باب میں حالی۔ اسمٰعیل۔ حسرت موہانی۔ وفا رام پوری۔ وحشت کلکتوی۔ فانی۔ جوہر وغیرہم ایک درجن سے زیادہ ناموں کے بعد آپ کو غریب آزاد کا نام یاد پڑتا ہے۔ ذیل کی سطور غور سے ملاحظہ کیجئے اور شعر الہند کے مصنف کی تاریخی واقفیت کی داد دیجئے ارشاد ہوتا ہے۔

"..... لیکن ان اصلاحات کی طرح مولانا حالی کو اس ضرورت کے پورا کرنے کا بھی موقع ملا چنانچہ لاہور میں کرنل الرائڈ ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم نے جب اردو زبان کی اصلاح کی طرف توجہ کی تو اس سلسلے میں انھوں نے ایک بزم مشاعرہ بھی قایم کی جس میں بجائے مصرع طرح کے کوئی خاص مضمون دیا جاتا تھا تاکہ عاشقانہ مضامین کی جگہ مناظر قدرت اور جذبات انسانی پر شعرا کو طبع آزمائی کا موقع مل سکے اس وقت مولانا حالی اور مولوی محمد حسین آزاد نے جو سررشتہ تعلیم سے متعلق تھے اس مشاعرے میں خصوصیت کے ساتھ حصہ لیا ..... "[2]

"شعر الہند میں تاریخی دیانت اور واقعہ نگاری کا جو خون کیا گیا اس پر زیادہ وقت صرف کرنا فضول ہے۔ مزے کی بات یہ امر ہے کہ خود خواجہ حالی اس بارے میں کیا فرماتے ہیں ملاحظہ ہو۔

"۱۸۷۴ء میں جبکہ راقم پنجاب گورنمنٹ بک ڈپو سے متعلق لاہور میں مقیم تھا مولوی محمد حسین آزاد کی تحریک اور کرنل الرائڈ ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب کی تائید سے انجمن پنجاب نے ایک مشاعرہ کیا تھا جو ہر مہینہ میں ایک بار انجمن کے مکان میں منعقد ہوتا تھا کہ اینشیانی شاعری جو کہ دردبست عشق اور مبالغہ کی جاگیر ہو گئی ہے اس کو جہاں تک ممکن ہو وسعت دی جائے ..... چار مثنویاں یعنی برکھا رت۔ نشاط امید حب الوطن اور مناظرہ رحم وانصاف اسی مشاعرے کی نقلیں ہیں[3]

خواجہ مرحوم اس واقعہ کا اقبال کرتے ہیں کہ انجمن پنجاب کا تاریخی مشاعرہ ان کے لاہور میں آنے سے پہلے قایم ہو چکا تھا۔ مولانا کے بیان کی جو لاگ لپیٹ سے خالی نہیں کافی تردید خواجہ حالی کے الفاظ سے ہوتی ہے یہاں ضمناً یہ ذکر کرنا بے محل نہ ہوگا کہ چند ہی سال بعد خواجہ مرحوم دہلی واپس چلے گئے۔ اور وہاں ۱۸۷۹ء میں انہوں نے اپنا نامی گرامی مسدس تصنیف کیا۔

اب بحث کے مثبت پہلو پر نظر ڈالنی ہے۔ مولانا آزاد مرحوم کو ۱۸۷۴ء سے بہت برس پہلے اردو کی تجدید اور اصلاح کا خیال پیدا ہوا تھا۔ خدا معلوم کب سے یہ دھن ان کے دماغ پر حاوی تھی تاریخی ثبوت ہمیں ۱۸۶۷ء تک پہنچا تا ہے۔ چنانچہ اگست ۱۸۶۷ء کے ایک جلسہ میں آپ نے "نظم اور کلام موزوں کے باب میں خیالات" اس موضوع پر ایک مفصل تقریر فرمائی۔ جس میں سے چند جملے آپ کے غور کے لئے پیش کیے جاتے ہیں:۔

---

[1] شعر الہند حصہ اول صفحہ ۳۵۹ [2] شعر الہند حصہ ۱ صفحہ ۳۸۶ [3] مجموعہ نظم حالی۔ دوسرا اڈیشن۔ دیباچہ صفحہ ۱۰۳۔

"..... اس سے بڑھکر یہ ہے کہ اکثر اشخاص علی العموم فن شعر کو گمراہی خیال کرتے ہیں اور فی الحقیقت حال ایسا ہی ہو لیکن جو لوگ ترمعنی اور اصل سخن کو پہنچے ہوئے ہیں وہ جانتے ہیں کہ اگر صناع خبث طبیعت سے صنعت کو بری طرح کام میں لائے تو اصل صنعت پر الزام نہیں آسکتا....."

یہ لکچر ان الفاظ کے ساتھ ختم ہوا تھا۔

"امید ہے کہ جہاں اور محاسن و قبائح کی ترویج و اصلاح پر نظر ہوگی فن شعر کی اس قباحت پر بھی نظر رہے۔ گو آج نہیں مگر امید قوی ہے کہ انشاءاللہ کبھی نہ کبھی اس کا ثمرہ نیک حاصل ہو۔" آزاد

تمہاری سینہ نگاری کوئی تو دیکھے گا
نہ دیکھے اب تو نہ دیکھے کبھی تو دیکھے گا[1]

جس نظر سے ان ادبی سورخوں نے آزاد کی سینہ نگاری کو دیکھا ہے اس پر آزاد کی روح کیا کہتی ہوگی۔

یہ لکچر تبصرے اور تاویل کا محتاج نہیں آزاد کے دل پر صدمہ ہے کہ اردو شاعری جیسی کچھ بھی ہے مقتضائے زمانہ کے ہم ردیف نہ ہونے کی وجہ کس مپرسی کے گڑھے میں پڑی ہوئی ہے۔ وہ کڑھتے ہیں۔ جب شاعری اور شاعروں کو ذلیل ہوتا دیکھتے ہیں۔ اہل وطن کو ترعیباً تاکید کرتے ہیں کہ بُرے شاعروں کے سبب شاعری بُری نہیں ہوسکتی اور اپیل کرتے ہیں کہ شاعری کی طرف توجہ کی جائے۔

طوالت کے خوف سے اور اقتباسات نہیں دیئے جائیں گے اور صرف اس عظیم الشان جلسہ کا ذکر کیا جائے گا جس میں انھوں نے نئی شاعری کے نوطرز مشاعرے یعنی مناظمہ کی بنیاد رکھی۔ ایک جملہ معترضہ معاف فرمایئے۔ ایسی ادبی صحبت کو جس میں صرف مقررہ موضوع پر نظمیں پڑھی جائیں میں مناظمہ کہا کرتا ہوں۔

جلسہ کی مندرجہ ذیل روداد ضمیمہ کوہ نور لاہور مطبوعہ ۱۶ مئی ۱۸۷۴ء سے ماخوذ ہے۔

یہ عظیم الشان جلسہ جس کی تاریخی عظمت ادبی دنیا میں کسی جلسہ سے کم نہیں ۹ اپریل ۱۸۷۴ء کو شام کے چھ بجے انجمن کے اہتمام سے سکشا سبھا کے مکان میں منعقد ہوا۔ حاضرین میں ہندوستانی اصحاب کے علاوہ کرنل ہالرائڈ، مسٹر جسٹس بولنو چیف جج چیف کورٹ، مسٹر تھارنٹن سکرٹری پنجاب گورنمنٹ، کرنل مکلاگن، مسٹر ینگ کمشنر اور مسٹر لسبٹ ڈپٹی کمشنر لاہور۔ اور نواب عبدالمجید خاں، فقیر سید قمرالدین وغیرہ اصحاب تشریف رکھتے تھے۔ مسٹر جسٹس بولنو صدر جلسہ تھے۔ اس جلسہ میں آزاد مرحوم نے ایک زبردست تقریر کی جس کا ملخص نہایت خساست اور سنگدلی سے پیش کیا جاتا ہے:۔

"..... اے گلشن فصاحت کے باغبانو، فصاحت اسے نہیں کہتے کہ مبالغہ اور بلند پروازی کے بازوؤں سے اڑے قافیوں کے پروں سے فرفر کرتے گئے۔ لفاظی اور شوکت الفاظ کے زور سے آسمان پر چڑھتے گئے اور استعاروں کی تہ میں ڈوب کے غائب ہوگئے.....

تب اس موقع پر ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟ ہمیں چاہیئے کہ اپنی ضرورت کے موجب استعارہ اور تشبیہ اور اضافتوں کے اختصار فارسی سے لیں۔ سادگی اور اظہار اصلیت کو بھاشا سے سیکھیں لیکن انہی پر قناعت ناجائز۔ کیونکہ اب زمانہ کچھ اور ہے۔ ذرا آنکھیں کھولیں گے تو دیکھیں گے کہ فصاحت و بلاغت کا عجائب خانہ کھلا ہے جس میں یورپ کی زبانیں اپنی اپنی تصانیف کے گلدستے۔ ہار طرے ہاتھوں میں لئے کھڑی ہیں اور ہماری نظم خالی ہاتھ الگ کھڑی منہ دیکھ رہی ہے لیکن اب وہ بھی منتظر ہے کہ کوئی صاحب ہمت موجو میرا ہاتھ پکڑ کے آگے بڑھائے۔"

یہ اہل ہمت خود حضرت آزاد تھے۔ آگے چل کر فرماتے ہیں:۔

"اے انگریزی کے سرمایہ دارو بڑا افسوس ہے کہ تم اپنے گھر کی نظم کو ایسی حالت میں دیکھتے ہو اور تمہیں افسوس نہیں آتا۔ تمہارے بزرگوں کی یادگار عنقریب مٹا چاہتی ہے اور تمہیں اس کا درد نہیں آتا۔ تم اپنے خزانے اور توشہ خانے سے ایسا بندوبست نہیں کرتے کہ جس سے وہ اپنی حیثیت درست کرکے کسی دربار میں جانے کے قابل ہو۔ وطن کا یہ فرض ہے کہ تمہیں قرض سے زیادہ ادا کرنا واجب ہے۔ ہمدردی کی

---

[1] مجموعہ نظم آزاد۔ دوسرا ایڈیشن ۱۸۹۹ء صفحہ ۱۰۸۔

آنکھیں آنسو بہاتی ہیں جب مجھے نظر آتا ہے کہ چند روز میں اس رائج الوقت نظم کا کہنے والا بھی کوئی نہ رہے گا۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ بسبب بے قدری کے اور کہنے والے پیدا نہ ہوں گے۔ کئی پرانی مورتیں جو باقی ہیں وہ چراغ سحری ہیں۔ انجام یہ کہ زبان ہماری ایک دن نظم سے بالکل محروم ہوگی اور اردو میں نظم کا چراغ گل ہوگا۔"

اب یہ امر صاف ہوگیا کہ اس زمانے کے انگریزی تعلیم یافتہ اصحاب جن کو مولانا عبدالسلام صاحب کے شاعرانہ تخیل نے اصلاح اور مطالبات پنجگانہ کا تمغہ عطا فرمایا ہے اس وقت کس شغل میں تھے۔ بہت برس نہیں گزرے کہ سر عبدالقادر نے بھی اپنے "نیو سکول آف اردو لٹریچر" میں وہی شکایت کی جو حضرت آزاد نے کی تھی۔ الحمد للہ کہ آج وہ شکایتیں صرف تاریخی حیثیت رکھتی ہیں۔ آج کل جو خدمت اردو ادب اور شاعری کی میرے انگریزی تعلیم یافتہ ارباب وطن کر رہے ہیں اعتراف اور تحسین سے مستغنی ہے۔

آگے چل کر فرماتے ہیں:۔

اے میرے اہل وطن مجھے بڑا افسوس اس بات کا ہے کہ عبارت کا زور مضمون کا جوش و خروش۔ لطائف اور صنائع کا سامان تمہارے بزرگ اس قدر دے گئے ہیں کہ تمہاری زبان کسی سے کم نہیں۔ کمی فقط اتنی ہے کہ وہ چند بے موقع احاطوں میں آکر محبوس ہوگئی ہے۔ وہ کیا؟ چند مضامین عاشقانہ ہیں جن میں کچھ وصل کا لطف بہت سے حسرت و ارمان اس سے زیادہ ہجر کا رونا۔ شراب۔ ساقی۔ بہار۔ خزاں۔ فلک کی شکایت۔ اقبال مندوں کی خوشامد یہ مطالب بھی بالکل خیالی ہوتے ہیں۔ . . . . افسوس یہ ہے کہ اس محدود دایرے سے ذرا بھی نکلنا چاہیں تو قدم نہیں اٹھا سکتے یعنی اگر کوئی واقعی سرگزشت یا علمی مطلب یا اخلاقی مضمون نظم کرنا چاہیں تو بدمزہ ہو جاتے ہیں۔

اگرچہ مدت سے مجھے اور اکثر اہل وطن کو اس کا خیال تھا مگر اب اس تقریر میں زیادہ زور دینے کا باعث یہ ہے کہ میں دیکھتا ہوں آج کل ہماری گورنمنٹ کو اور اس کے اراکین کو اس طرف توجہ ہے جو ہماری تعلیم و اصلاح کا ذمہ جان سے ذمہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ حق پوچھو تو یہ ہماری انشا کے ستارۂ اقبال کی ساعت ہے۔ اس موقع پر ہماری تھوڑی کوشش بہت سا اثر کرے گی....."

اس بارے میں گورنمنٹ اور اس کے اراکین کی توجہ ماسٹر پیارے لعل مرحوم اور آزاد مغفور کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

اس تقریر کے خاتمہ پر حضرت آزاد نے ایک نظم مسمّٰی بہ شب قدر سنائی۔ اس سے لوگوں کو یہ جتانا مقصود تھا کہ اردو کی نظم مروجہ مضامین کے سوا اور مطالب کے بیان کرنے کی بھی قابلیت رکھتی ہے۔ اگر شاعر کو سلیقہ ہو۔ یہ نظم ان کے مطبوعہ مجموعے میں شامل ہے اور نئی شاعری کی سب سے پہلی نظم قرار دی جاتی ہے۔

کرنل ہالرائڈ نے اپنی تقریر کے سلسلے میں فرمایا:۔

"اس وقت مولوی محمد حسین صاحب نے جو مضمون پڑھا اور رات کی حالت پر اشعار سنائے وہ بہت تعریف کے قابل ہیں اور ہم سب کو مولوی صاحب کا بہت شکر گزار ہونا چاہئے یہ نظم ایک عمدہ نمونہ اس طرز کا ہے جس کا رواج مطلوب ہے....."

مسٹر تھارنٹن۔ رائے مول سنگھ۔ پنڈت بسنت رام اور صاحب صدر کی مختصر اعترافی تقریروں کے آخر میں اس نئی شاعری کے اول مناظرہ کے لئے ایک موضوع قرار پایا۔

اس مجتہد عصر اور مسیحائے ادب کے مساعی مشکور اسی حد تک محدود نہیں جس کا مجمل تذکرہ اب تک ہوا ہے شاعری کی تجدید کی تحریک سے متعلق حضرت آزاد نے مضامین بھی بہت سے لکھے۔ مثال کے طور پر رسالہ انجمن مفید عام قصور ضلع لاہور کی ۱۹۷۵ء کی جلد اسی موضوع پر آپ کے مضامین سے بھری ہوئی ہے۔

یہ معلوم کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ تجدید شاعری کی ان کوششوں کا آزاد کے اہل وطن نے کس انداز سے استقبال کیا اور اردو پریس نے کیا تبصرہ کیا اس بارے میں تفصیل کے لئے تو ایک دفتر درکار ہے پھر بھی سرسری واقفیت کی غرض سے صرف ایک اخبار سے استفادہ کیا جائے گا۔

میرٹھ کے ہفتہ وار اردو اخبار الونس گزٹ کی ۱۰ اکتوبر ۱۸۷۴ء کی اشاعت میں مفصل افتتاحیہ اس موضوع پر درج ہے۔ جس کے

بعض حصے اس بارے میں کافی روشنی ڈالتے ہیں۔ اردو شاعری کے ابتدائی عہدوں کے تذکرہ کے بعد صاحب اخبار اس وقت کی اردو شاعری کی قابل رحم حالت کا خاکہ اتارتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔

"۔۔۔۔ اس واسطے اردو شاعری مردوں میں سمجھی جاتی تھی۔ مگر آفرین ہے مولوی محمد حسین صاحب آزاد تخلص پروفیسر عربی کالج لاہور کی رائے صائب پر کہ انھوں نے اردو شاعری کی بے قدری کو نظر کر کے ایک انجمن قایم کی جس کے سرپرستی حالات کو شرح و بسط کے ساتھ بعد اپنے اظہار میں موزوں کرتے ہیں اگرچہ بعض شاعروں نے اس تجویز پر طعن آمیز مضمون اخباروں میں چھپوائے ہیں جیسا ابتدائی قاعدہ ہر ایک عمدہ سے عمدہ تجویز کا ہوتا ہے کہ اول اس پر ہنسا کرتے ہیں۔ پھر اس کے فائدے دیکھ کر خود بھی اُدھر ہی متوجہ ہو جاتے ہیں۔ مگر سچ پوچھو تو حضرت آزاد نے آزادانہ اور بے باکانہ شاعری کو دوسرے قالب میں ڈھال دیا جس سے پرانا مردہ زندہ ہو گیا۔۔۔۔۔۔"

لاہور کی اس جدت آفرینی کے صدائے عام نے کہاں کہاں گونج پیدا کی اس کا بھی کچھ اندازہ لارنس گزٹ کے اسی افتتاحیہ سے ہو سکتا ہے صاحب اخبار نے لکھا:۔

"۔۔۔۔ افسوس کہ میرٹھ میں صرف دو ہی جلسے نظم سوسائٹی کے ہونے پائے تھے کہ وبائی بیماری تپ دلرزہ نے لوگوں کو پراگندہ کر دیا ورنہ وہ اس انجمن کی شائع ہو جاتی۔"

(انجمن پنجاب کی)

یہ پایا جاتا ہے کہ مناظرہ کا جہاں تک تعلق ہے میرٹھ کی نظم سوسائٹی نے نظم و ضبط کے ساتھ انجمن پنجاب کے ضابطہ کی تقلید کی۔ یہ یوں ہوا کہ لاہور کی انجمن کے موضوع لے کر انھوں نے اپنے ہاں مناظرہ قایم کیا چنانچہ اس وقت کی کم سے کم ایک نظم ہم کو ملتی ہے۔ جو لاہور کے موضوع پر کہی گئی۔ سید محمد مرتضیٰ میرٹھ کے رئیس اور نامی شاعروں میں گزرے ہیں آپ اردو میں بیان اور فارسی میں یزدانی تخلص کرتے تھے۔ بیان و یزدانی کے نام اور کلام سے نہ صرف اردو اور فارسی کا ذوق رکھنے والے واقف ہیں بلکہ صحافت بھی ان کی اعلیٰ قابلیت سے بے بہرہ نہیں رہی۔ مناظرہ لاہور کے ابتدائی موضوعوں میں امید بھی ایک موضوع تھا۔

اس موضوع پر حضرت بیان مرحوم نے ایک نظم مثنوی، میرٹھ کے مناظرہ میں پڑھی۔

لاہور کے نعرہ اصلاح کی صدائے بازگشت دہلی سے بھی اٹھی اور کیوں نہ اٹھتی۔ مولوی سیف الحق ادیب دہلوی مرحوم تلمیذ مرزا غالب جو بعد میں لاہور آکر انجمن پنجاب کے مناظروں میں شریک ہوئے انھوں نے ایک نظم لاہور کے ایک ابتدائی موضوع برسات پر دہلی لٹریری سوسائٹی کے ایک جلسے میں پڑھی جو اسی کے رسالے میں شائع ہو چکی ہے حضرت بیان کی مذکورہ نظم کا تذکرہ زمانہ کانپور کی حال کی اشاعت میں بھی آتا ہے اگرچہ وہ اُن کے کلیات میں شائع ہو چکی ہے۔

اب میں آپ کو نظم کی اُس خاص اور تاریخی صحبت میں لے جانا چاہتا ہوں جو ساٹھ برس گزرے لاہور میں منعقد ہوئی یہ مناظرہ ۳۰ جون ۱۸۷۴ء کو انجمن پنجاب کے مکان میں ہوا تھا۔ آپ دیکھ چکے ہیں کہ پرانی چال کے طرحی مشاعروں کی جگہ موضوعی مناظروں کی قرارداد آزاد مرحوم نے ۹ اپریل ۱۸۷۴ء کے عالی وقار جلسہ میں منظور کرائی تھی جس کی کیفیت آپ کے گوش گذار ہو چکی ہے اور یہ مناظرہ اسی سال کی تیسویں جون کو ہوتا ہے اس لئے ظن غالب ہے کہ یہ نئی شاعری کا اولین مناظرہ ہے اس میں نو شعرا نے اپنی نظمیں پڑھ کر سنائیں۔ آیندہ مناظرہ کے لئے امید موضوع قرار پایا۔ وہ شعرا حسب ذیل ہیں:۔

(۱) شاہ انور حسین ہما (۲) مولوی مرزا اشرف بیگ خاں اشرف رئیس دہلی اسسٹنٹ مترجم محکمہ ڈائرکٹری پنجاب۔ نظم کا عنوان تھا برد عجوز (۳) منشی الٰہی بخش رفیق عنوان تیغ بستہ (۴) حضرت آزاد (۵) مولوی محمد مقرب علی رئیس جگراؤں (۶) مولوی امو جان ولی دہلوی شاگرد غالب ہیڈ ماسٹر ورنیکولر مڈل سکول فیروزپور جھرکہ (۷) مولوی قادر بخش مدرس انبالہ (۸) مولوی عطاء اللہ (۹) مولوی علاء الدین محمد کاشمیری۔

اس مناظرہ کے لئے موضوع زمستان مقرر تھا۔ جون کی جلتی بلتی گرمی اور مناظرہ کا موضوع زمستان۔ شاید یہ سوچا ہو کہ جاڑوں کا ذکر گرمی کی گرم بازاری کو سرد کر دے گا۔ کوئی کہہ گیا ہے ع۔ ذکر حبیب کم نہیں وصل حبیب سے۔

مختصر یہ کہ ان میں سے پچھلے دو کو چھوڑ کر باقی شاعروں کی نظموں سے کچھ کچھ شعر نذر ناظرین کئے جاتے ہیں۔

۱۔ شاہ انور حسین ہما حمد سے اپنی مثنوی شروع کرتے ہیں۔ چند

اشعار کے بعد فرماتے ہیں:۔

گرچہ سر زد نہ ہوویں ہم سے گناہ
معفرت خواہ ہوں نہ خواہ مخواہ
یہ ہے شان مہائن اس کی عیاں
گرمی اور سردی اور بہار خزاں
تر و تازہ ہے موسم برسات
نہیں کوئی سوائے دلبر مات
تن ہے گرمی سے صورت عناب
دل حرارت سے ہوگیا بیتاب

گرمی کے بعد برسات آئی۔ پھر حضرت زمستان تشریف لائے۔

کیا لکھوں حال خوبی گرمی
گئی گرمی کی صاف سرد روی
عیش و آرام ہے امیروں کو
غم و آلام ہے فقیروں کو
ہے برانڈی برانڈے میں موجود
کان میں آتی ہے سرائے سرود
رکھی مسکوٹ میں ہے اغذیہ گرم
بہر شرب شراب ہیں سرگرم
کیوں نہ کمروں میں آکے کھولیں کمر
رخت ہے نرم و گرم شام و سحر
ساقی و جام و شیشہ ہے اور دین
دیتے ہیں داد عیش و عشرت و چین
کس طرح مارے سردی آکر لحاف
گرم ہے نرم توشک اور لحاف
غربا کا یہ سردی سے ہے حال
سر گرمی ہے سر بسر پامال
صورت یخ ہے سرد بستر و تن
روتے گرمی کو ہیں کے مرد اور زن
شب کو کروٹ جدھر بدلتے ہیں
کف افسوس دن کو ملتے ہیں

اس نظم کا تبصرہ غیر ضروری ہے۔ یہ صاف کسی انگریز افسر کے متوسل یا کسی سرکاری دفتر کے عملہ سے وابستہ معلوم ہوتے ہیں۔ کمر کھولنا اصل میں ایک فوجی اصطلاح تھی اس سے عبارت ہے سپاہی کا وردی وغیرہ اتارنا۔ برانڈہ اور برانڈی۔ شیری اور شیر بھی خیال کو اسی طرف لے جاتے ہیں لے جائیں کے بدلے لے جاویں ۱۹۳۷ء میں ضرور مروج تھا اور مضارع و مستقبل کے ایسے صیغوں کو اب سے ساٹھ برس پہلے کوئی نہ ٹوکتا تھا لیکن ہینگے یقیناً متروک ہو چکا تھا عشرت و چین بھی مخالفت قیاس لغوی میں داخل تھا۔ ان کی لفظی رعایتیں کچھ مزہ پیدا نہیں کرتیں۔ پھر بھی خدا بخشے یہ حضرت تحسین کے مستحق ہیں۔

۲۔ ان کے بعد مرزا اشرف بیگ کی نظم ہوئی۔ یہ فوراً برسات سے چل پڑتے ہیں:

رات دن کی جھڑی معاذ اللہ
مینہ تھا یا قہر تھا خدا کی پناہ

مرزا صاحب واقع میں نکتہ رس تھے حمد سے کلام کی ابتدا جو پرانی رسم تھی۔ اسے تو ترک کر دیا۔ لیکن اللہ کا پاک نام شروع ہی میں لے گئے۔ خیر۔ بہت سے شعر برسات کی نذر کر کے اس طرح اصل موضوع کی طرف رجوع لاتے ہیں:۔

بارے صد شکر کچھ ہوا بدلی
وہ گھمس اب رہی نہ وہ گرمی
جاڑے کی ہو گئی شروع بہار
کونجیں آنے لگیں قطار قطار
ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں چلنے لگیں
اب گھمس کی شکائتیں نہ رہیں
آئے فرحت اور انبساط کے دن
آئے صحت کے اور نشاط کے دن
اب ہوا میں فساد وہ نہ رہا
بارے بیماریوں نے چین لیا
اندنوں میں ہے تندرستی عام
ہے اگرچہ کسی کو زکام
مغنم ہوتی ہے اچھی طرح غذا
کھانا پینا ہے انگ سب لگتا
رہے سونے کے اب نہ صحن میں دن
نیند آتی نہیں رضائی بن
موسم آیا لحاف توشک کا
روئی کا بھاؤ ہو گیا مہنگا
ہندو آئے نہا کے گنگا سے
جاڑا لائے بدل کے برکھا سے

آگے چل کر فرماتے ہیں:۔

ہیں جو دنیا میں لوگ دولتمند
گھر میں بیٹھے ہیں اپنے وہ خورسند
ان کے دن عیش میں گزرتے ہیں
بیٹھے بے فکر چین کرتے ہیں۔
جبۂ پوستیں ہے زیب بدن
کمرے میں ہیں انگیٹھیاں روشن
پردے چھوٹے ہیں اور کھٹکے لگے
چار احباب اک جگہ بیٹھے
چائے کے چل رہے ہیں دور پہ دور
لطف ہم صحبتوں میں ہے کچھ اور
چہلیں کرتے ہیں میوے کھاتے ہیں
خوب بیٹھے مزے اڑاتے ہیں

اور جو مسکیں ہیں مفلس اور قلاش
ان کا پشمینہ دھوپ ہے یا آنچ
کانپتے پھرتے ہیں وہ سردی ہے
دانت بجتے ہیں ہونٹ ہیں نیلے
رات کرتے ہیں گدڑیوں میں تیر
زندگانی سے ہو رہے ہیں سیر
تاپتے ہیں تنور پر بیٹھے
یا کر سکتے ہیں چولہے کے آگے
کوئی گھر میں پڑا ٹھٹرتا ہے
کوئی جنگل میں ٹھٹھرے مرتا ہے

دشت میں بھی ہے آج کل جوبن
ہے برستا کچھ اک سہانا پن

ہر طرف کھیتی لہلہاتی ہے
سبزی آنکھوں میں بھی جاتی ہے
اوس سبزے پہ اس طرح ہر پڑی
جیسے مخمل میں ہوں جڑے موتی

+ + + +

چرتے پھرتے ہیں کھیتوں میں ہرن
پیٹ بھر بھر کے ہو رہے ہیں مگن

+ + + +

کابلی شہر میں اب آنے لگے
ہر ولایت کے میوے لانے لگے
میوے والوں کی اب دکانوں پر
بھیڑ بھاڑ اتنی رہتی ہے دن بھر
چھوٹ دم بھر کی ہے انہیں دشوار
نہیں لگتا ہے بات چیت کا وار
مانگتا ہے کوئی انار و بہی
اور چکاتا ہے کوئی مونگ پھلی
مول لیتا ہے کوئی تو بادام
پوچھتا ہے کوئی گری کے دام
ناسپاتی کسی کے بد نظر
اور کسی کا ہے دانت پستہ پر
کوئی کشمش پسند کرتا ہے
کوئی انگور ہی پہ مرتا ہے
ہاتھ میں کوئی سیب اٹھاتا ہے
اور چھوارے کوئی چکاتا ہے

+ + + +

مرزا صاحب اپنی نظم اس طرح ختم کرتے ہیں:۔

پیسے والے مزے اڑاتے ہیں
مول ہر چیز کے کھاتے ہیں
اور محتاج ہیں جو بے چارے
رہتے ہیں وہ غریب من مارے
عمر کتنی ہے بے مزا اُن کی
عیش کیا ان کا زیست کیا ان کی؟
ہے تو یوں مفلسی بُری ہے بلا
اس سے ہر شخص کو بچائے خدا

مرزا صاحب کی نظم اِدھر اُدھر سے آپ نے سنی۔ اپنے زمانے کے تعلیمی نصابوں میں اور بک ڈپو کے کام میں ان کا بڑا حصہ تھا۔ فن کے واقف اور مشق سخن سے آراستہ تھے۔ بلاغت کا رنگ ان کے کلام میں موجود ہے زبان پر بھی قوت رکھتے ہیں۔ اگر ان کی ساری نظم پڑھیئے تو کہہ اٹھئے کہ نظم کیا ہے سردی کا دل کش مینا بازار ہے۔

۳۔ منشی الٰہی بخش رفیق قلم کو خطاب کرکے نظم شروع کرتے ہیں:۔

اے کلک شعلہ بار اب آتش کا کام ہے
سردی کے بادشاہ کا گرم انتظام ہے

تمہیدی اشعار کے بعد سردی کو خطاب کرکے کہتے ہیں:۔

جب سے نرالا تیری حکومت کا ڈھنگ ہے
نکھرا ہوا یہ گنبد فیروزہ رنگ ہے
دنیا میں رنگ یہ ترے فرماں کا جم گیا
دریا بھی جس کو دیکھ کے چلنے سے تھم گیا
ہر دل نشانہ ہے تری الفت کے تیر کا
پنجاب میں ہے اب کے سما کاشمیر کا
دریا ہے آج کل ترے بخشش کا جوش پر
ہوتا ہے خوش خدا بھی بہت پردہ پوش پر
یکساں تو چاہتا ہے غریب و امیر کو
دیتا غنی کو شال ہے کمبل فقیر کو

+ + + + + + + + +

بہت سے اشعار کے بعد کہتے ہیں:۔

لیلائے شب کی کھل گئی زلف دراز ہے
ہم کو درازیٔ شب ہجراں پہ ناز ہے
آتی اجل بھی خوف کے مارے ادھر نہیں
اُس کی تو صبح ہے کہیں اس کی سحر نہیں
یہ مجمر سیہ میں دہکتا زغال ہے
یا ملک ہند کا حبشی کو تو ال ہے
انگارے آگ کے نہیں اس میں دھرے ہوئے
میوے سے فصل دے کے ٹیں میں بھرے ہوئے
دل میں اثر محبت آتش یہ کر گئی
یعنی کہ اپنی حد سے بھی آگے گذر گئی
الفت کا ڈھنگ ہے یہ طریقہ ہے چاہ کا
اٹھتا ہے بار بار دھواں دل کی آہ کا
منہ سے دھواں نکلنے لگا دم کے ساتھ ہے
اب سب کی زندگی اسی ہمدم کے ساتھ ہے
تارے نہیں ہیں گرد یہ ماہ منیر کے
سردی سے رونگٹے ہیں کھڑے چرخ پیر کے

+ + + + + + + +

آگے چل کر کہتے ہیں:۔

الٹی نقاب رُخ سے جو نہی حور صبح نے
ٹھنڈا جہاں کو کر دیا کافور صبح نے
وقت سحر ہے اے دل دلگیر آ گیا
مشرق سے ٹیکتا وہ عصا پیر آ گیا
وہ دیکھ تو سحر کی ہے تصویر سامنے
بکھری ہوئی ہے یا یہ طباشیر سامنے

یہ حضرت رفیق اس طرح اپنی نظم ختم کرتے ہیں:۔

جاڑے کے خوف سے ہر قلم تھرتھرا رہا
کاغذ کی چادروں میں ہر چہرا چھپا رہا
سردی بہت جو کھائی ہے سرما کی رات میں
سب روشنائی رہ گئی جم کر دوات میں

آرام کرے کوئی گھڑی تو بھی لیٹ کر
سورہ رفیق منہ پہ رضائی لپیٹ کر

حضرت رفیق کون صاحب تھے یہ نہ معلوم ہو سکا۔ آیا حضرت آزاد سے ان کا کچھ تعلق تھا یا نہیں انداز گفتار یہ آزاد کی زبان کا اڑانا چاہتے ہیں مگر وہ بات نہیں پا سکتے۔ ان کی طبیعت میں اُپج ضرور ہے اور اچک بھی لیکن کلام میں پست و بلند موجود ہے بعض اشعار کے مصرعے دو لخت ہیں۔ یہ بھی سراغ چلتا ہے کہ آپ پر غزل کا خاصا گہرا رنگ چڑھا تھا۔ مبالغہ بھی کم نہیں۔ غالباً یہ ان سب اصحاب کی اوّل مشقیں ہیں اس لئے یہ سب کچھ درگزر کے قابل ہے۔

۴۔ مولوی امو جان دلی مرزا غالب کے تلامذہ کی دوسری صف

کے شاعر تھے۔ ان کی مثنوی بہت لمبی ہے۔ حمد کے شعر سے شروع ہو کر موسمی جنگ نامہ کی صورت اختیار کر لیتی ہے معلوم ہوتا ہے ۵۷ء کے خونریز ہنگامہ سے ان کا ذہن ابھی تک متاثر تھا تیسرے ہی شعر میں کہتے ہیں:۔

اے شہ آسماں خفا کیوں ہے تخت گیتی سے اب جدا کیوں ہے

رزم کے تیور ملاحظہ ہوں:۔

دل پہ دل بادلوں کے آتے ہیں ملک پامال ہوتے جاتے ہیں
کب یہ بادل گرجتے جاتے ہیں جنگ کے باجے بجتے جاتے ہیں
یہ مخالف کی فوج کا ہے زور کہ زمیں سے ہے آسماں تک شور

* * * * * * * *

رعد کا توپ خانہ وہ ہمراہ شور محشر بھی جس سے مانگے پناہ
ہے سپاہی کے پاس وہ تلوار صاعقہ کہیے یا خدا کی مار

* * * * * * * *

سردی کے تذکرے میں فرماتے ہیں:۔

دھوپ نعمت ہے آج کل یا آگ اور دونوں ملیں تو اچھے بھاگ
آج جاڑے سے جی ہی چھٹتا ہے طبقۂ زمہریر ٹوٹا ہے
دن تو کاٹیں گے خیر جوں توں کر رات اے دل بسر کریں کیوں کر
دن کو تو ہے لحاف پانی سا شب کو ہوگا وہ برف کا ٹکڑا
ایسے جاڑے میں وہ پہاڑی سی رات کیونکہ گزرے گی کیا بنے گی بات

* * * * * * * *

حضرت ولی کی نظم میں رزمیہ تمہید کے سوا کوئی خاص بات نہیں ان اور دوسرے حضرات کا کلام جیسا کچھ بھی ہے غنیمت ہے۔ کہاں غزل کا بحران اور کہاں موضوع زمستان۔

۵۔ مولوی قادر بخش صاحب مدرس انبالہ خامہ خوش مقال کے آواہن سے ابتدا کرتے ہیں۔ ان کی مشق سخن ناقص معلوم ہوتی ہے مثلاً فرماتے ہیں:۔

مورخ ہے تو واقعات جہاں ترے سے ہے باقی نشان جہاں

"ترے سے" غالباً اس زمانے میں بھی متجھ سے کو اپنی جگہ چھوڑ چکا تھا پہلے مصرع کی نسبت کچھ کہنا فضول ہے۔ خیر اصل موضوع پر فرمایا ہے۔

غرض کیا کروں وصف تیرا بیان ہر اک شے پہ ہے حکم تیرا رواں
ذرا سرد مہری کو اب دور کر کہ حال زمستاں کو مسطور کر
کیا ہے نے قصد برج حمل ہے آتش پرستوں کا سب جا عمل
برودت کی یارو یہ تاثیر ہے بنا شہر لاہور کشمیر ہے
ہے سردی سے جی سب کا جلتا یہاں نکلتا دم گفتگو ہے دھواں
دہن کی صدا کان تک کم گئی جو نہیں منہ سے نکلی وہیں جم گئی

مولوی صاحب کیسے ہی شاعر سہی مگر آخر کے دو شعر جو آپ نے ابھی سنے دلو لیے بغیر نہیں رہ سکتے۔

مولوی مقرب علی صاحب رئیس جگراؤں کی نظم بھی اچھی اور خاصی لمبی ہے۔ یہ شروع ہی مطلب نگاری سے ہوتے ہیں فرماتے ہیں:

کس جوش سے آئی فصل سرما عالم پہ خزاں ہے کار فرما

* * * * * * * *

سردی کا ہوا ہے گرم بازار ہر شخص ہے آگ کا خریدار
جس کو دیکھو وہ کانپتا ہے لرزہ سا ہر اک کو چڑھ رہا ہے
اس درجہ ہوئی ہے شدت برد آتشکدے ہو گئے ہیں سب سرد
گھٹتا ہر وقت گو لہو ہے دن رات پر آگ رو برو ہے

* * * * * * * *

ہے برد مجوز کی جوانی سرمایۂ لطف زندگانی

* * * * * * * *

پانی سرد اور خنک ہوا ہے کہرا ہر سمت پڑ رہا ہے
اڑتی نہیں مطلق ان دنوں گرد گرمی سردی کے آگے ہے سرد
سردی سے جو آفتاب کانپا منہ پردۂ ابر میں ہے ڈھانپا

* * * * * * * *

شمس الدولہ کا اب پتا کیا ہے عہد یہ زہریر خاں کا

۶۔ حضرت آزاد نے جو نظم اس مناظرہ میں سنائی وہ ان کے مجموعۂ کلام میں موجود ہے۔ یہاں چند ہی اشعار پر اکتفا کروں گا کیونکہ پہلے ہی مضمون بہت طویل ہو چکا ہے۔ آزاد مرحوم اپنی نظم کے لئے بحر کے انتخاب میں فرد تھے ان کا یہ خصوصی امتیاز ہے کہ وہ لیٹی ہوئی اور سست بحروں میں قلم نہ اٹھاتے تھے اور نظموں کی طرح ان کی یہ نظم بھی رواں دواں اور جاندار ہے۔ قوت تالیف اور حسن ادا۔ جدت تخیل اور اسلوب کی ندرت ان پر ختم تھی۔ یہ موقع ان کے کلام پر عام تنقید کا نہیں اب ان کی نظم کے چند شعر پیش کئے جاتے ہیں:۔

آرزو مستاں کہ ہے تو بادشہ برفانی
شاہ برفانی و شاہنشہ برفستانی

تخت اقبال ہے عالم سے نرالا تیرا
اور ہے دربار سر کوہ ہمالہ تیرا

باد صرصر ہے نشاں تیرا اڑاتی آتی
فوج اقبال کو رستہ ہے بتاتی آتی

طرفۃ العین میں کر لیتا ہے تسخیر جہاں
تیرے آتے ہی بدل جاتی ہے تاثیر جہاں

* * * * * *

یا تو گرمی سے نہ تھا پاس بھی بیٹھا جاتا
اور بغل سے دل وحشت زدہ کھلا جاتا

یا ہیں اب ہاتھوں کو بغلوں میں دبائے لیتے
آگ ہاتھ آئی تو ہیں دل میں چھپائے لیتے

مارے سردی کے جگر سینوں میں تھرّاتے ہیں
بچے ماں باپ کی بغلوں میں گھس جاتے ہیں

ہیں زمستاں ترے سب کام زمانے سے الگ
یہ لطیفہ ہے مگر فہم میں آنے سے الگ

جام گردوں میں ہے تو شیر جماتا کیونکر
اور ہوا میں ہے تباشیر جماتا کیونکر

ابر و بادل تو نہ چرخ بریں دیکھا تھا
پر برستا ہوا کافور نہیں دیکھا تھا

* * * * * *

خاتمہ کے شعر ہیں:۔

بس کر اے دل کہ نہیں لکھنے کی طاقت باقی
مارے سردی کے نہیں ہاتھ میں حالت باقی

دیکھ کاغذ کا ورق ہاتھ میں تھرّاتا ہے
اور قلم ہاتھ سے تھرّا کے گرا جاتا ہے

مارے سردی کے ہے سر پنا چھپائے لیتا
منہ ہے کاغذ کی رضائی میں چھپائے لیتا

ہے اللہ تو ہی اب ہے بچانے والا
تیرے آزار کو جاڑے سے پڑا ہے پالا

آرزو کچھ نہیں دنیا کی رہی ہے دل میں
اب تمنا ہے باقی تو یہی ہے دل میں

طپش عشق سے میرا ہے دل نرم سدا
گرمی شعر و سخن سینہ رکھے گرم سدا

اب یہ نصف صدی سے زیادہ کی صحبت ہم سے رخصت ہوتی ہے۔ ان بزرگوں کی جدت طرازی۔ ان کی جسارت۔ ان کی قوت عمل کی جیسی کہ چاہیئے داد نہیں دی جا سکتی۔ وہ شخص جس کا عنصری ڈھیر اس وقت لاہور میں کربلا کے ایک گوشہ میں آسودہ ہے پچاس برس گزرے ۳۰ جون ۱۸۸۴ء کی شام کو کتنا خوش ہوا ہوگا آپ میں پھولا نہ سمایا ہوگا جس وقت یہ منظوم ہو رہا ہوگا

جب تک اردو زبان کا نام و نشان دنیا میں باقی رہے گا۔ یہ تاریخ یادگار رہے گی۔ اور ان سات سخن سنجوں کی نقلیں جن سے آپ کا ابھی تعارف ہوا کعبۂ ادب کے آستانہ پر سبعۂ معلقات کا حکم رکھیں گی۔

برجموہن دتاتریہ کیفی (دہلوی)

رباعیات

محبت اول کا الف ہے جو ابھی نہ ملا
پھر کوشش و تدبیر کا پھل ہی نہ ملا
پھر عقدۂ تقدیر کا حل ہی نہ ملا
پھر زیست بصد عمر تجسس ہی گئی
پھر تیری محبت کا بدل ہی نہ ملا

اسرار جہاں سے نہ تم آگاہ نہ ہم
اخبار نہاں سے نہ تم آگاہ نہ ہم
ہر ذرہ یہاں گرچہ سخن سنج ہے لیکن
قدرت کی زباں سے نہ تم آگاہ نہ ہم

حکیم آزاد انصاری

غزل

کبھی جو دل کو اٹھایا قدم اٹھا نہ سکا
غرض میں کوچۂ جاناں سے اُٹھ کے جا نہ سکا

کہیں نہ مجھ کو تغافل سے اب وہ تنگ کرے
جفاؤ جور سے تو دل مرا دُکھا نہ سکا

کچھ اِس طرح سے بگاڑا تھا میں نے اپنا کام
کہ پھر وہ بن نہ سکا اور میں بنا نہ سکا

کشش اُدھر سے بھی کچھ تھی اِدھر سے بھی کچھ تھی
خدنگِ یار کی زد سے میں بچ کے جا نہ سکا

برابر ایک رہا حال ربطِ باہم کا
کہ تم بڑھا نہ سکے اور میں گھٹا نہ سکا

شکستِ دل کی صدا تو پہنچ گئی تجھ تک
اگرچہ میں تری محفل میں بار پا نہ سکا

حریفِ سوزِ دروں سیلِ اشک ہو نہ سکی
لگی وہ آگ کہ دریا جسے بجھا نہ سکا

بہت ہی حوصلہ فرسا ہے ایسی مجبوری
تم آپ آ نہ سکے اور میں بُلا نہ سکا

حجابِ عشق سے کیا دستِ شوق کی چلتی
خدا گواہ ہے میں آنکھ بھی ملا نہ سکا

ترے وصال کا دل میں سرور تھا کیسا
میں جس کو سختیِ ہجراں میں بھی بھلا نہ سکا

میں تیری بزم سے کچھ نامراد بھی نہ پھرا
بقدرِ شوق اگر بامراد آ نہ سکا

یہ شاعری تری وحشت ہے کس مرض کی دوا
جو ایک شعر بھی معشوق کو سنا نہ سکا

(خان بہادر) رضا علی وحشت

عورت اور آرٹ

حُسنِ ہر جلوہ کہ از جائے دلت را ببرد
از پیش گر بروی راہ بجائے دارد (نظیری)

انسان جہاں بھی چلا جائے، دو چیزیں ضرور اسکے ساتھ رہتی ہیں (۱) مذہب اور (۲) حسن پرستی، ہر عہد میں مذہب اور حسن پرستی کا ساتھ رہا ہے، دنیا میں تین قسم کے مذاہب کو عروج حاصل ہوا ہے، ابتدا میں انسان کائنات کی پرستش کرتا تھا، پھر روحانی جذبات بھی مذہب میں شامل ہو گئے، جدید عہد میں سائنس کی ترقی کا دلوں پر ایسا رعب جما اور اقتصادی پیچیدگیوں نے دماغوں کو ایسا پریشان کیا کہ خدا اور روح کے وجود پر بھی شک ہونے لگا، مذہب ایک ذاتی مسئلہ بن گیا، ہر شخص اپنی اپنی ضروریات کے مطابق اصول وضع کرتا ہے اور انہیں اپنا مذہب سمجھتا ہے، حسن پرستی کو بھی انہی منازل سے گذرنا پڑا پہلے انسان فطرت کے حسن سے متاثر ہوا، زمین و آسمان کی دلفریبیوں اور صبح و شام کی رنگینیوں نے اس کے دل پر ایسا اثر کیا کہ کائنات کی رعنائیوں پر دل و جان سے فریفتہ ہو گیا، اور انہیں کو پوجنے لگا، پھر جب ان نشلی چیزوں سے نظر بلند ہوئی اور یہ محسوس ہوا کہ اس زمین کی تہ میں اور آسمان کی نیلی چھت سے پرے بھی کوئی چیز ہوگی تو یہ جستجو ہوئی کہ اس عناصر کی چار دیواری سے نکل کر ذرا گلشن روح کی بھی سیر کریں، دنیا کے خیالات کو چھوڑ کر لوگ جنت کے خوابوں سے دل بہلانے لگے، تمام دنیاوی تعلقات کو ترک کر کے کسی مذہبی پیشوا کی خدمت میں عمر بسر کرتے اور محبوبِ حقیقی کے حُسنِ لازوال سے بے خود ہو کر دنیا سے منہ پھیر لیتے تھے، یہ دور بھی گذر گیا، دیوتاؤں کو بھولنے والے خدا کو بھی بھول گئے، لیکن فطرت کا تقاضا اب بھی بدستور رہا، انسان کو اپنی زندگی میں ایک خلا نظر آیا اور ایک ایسے رفیق کی خواہش ہوئی جو اس خلا کو پُر کرے، حسن اور عشق کو اپنی تکمیل کے لئے ایک دوسرے کی ضرورت محسوس ہوئی، اور پایۂ کمال تک پہنچنے کی آرزو نے انہیں چین لینے نہ دیا۔

آرٹ کو بھی تین دور دیکھنے پڑے، کائناتی دور میں دیوی دیوتا برسرِ اقتدار تھے، پھر آرٹ کو مسیح علیہ السلام اور حضرت مریم صدیقہ کے تقدس کے سامنے سر جھکانا پڑا،

اس کے بعد اگرچہ عورت کے ہاتھ میں نہ دیویوں کی طرح نظامِ عالم کی زمامِ اختیار تھی نہ اسے مریم صدیقہ کی طرح سرچشمۂ نجات سمجھا جاتا تھا، لیکن اس نے دلوں کی ملکہ کی حیثیت سے بدستور حکمرانی کی۔

(۱)

یونان اور روما کے بت کدے

عورت کائنات کے حسن کی آئینہ دار ہے اور اس کی پر اسرار فطرت قدرت کی نیرنگیوں کا بہترین مظہر ہے، اس لئے مصور نے دنیا کی رعنائیوں اور غیبی طاقتوں کے کارناموں کی تشکیل کے لئے عورت ہی کو منتخب کیا ہے، یونان، روما اور ہندوستان میں زندگی کے کئی شعبوں کی نگرانی دیویوں سے منسوب تھی، ہندوستان میں کس نے پاربتی، لکشمی اور کالی دیوی کا نام نہیں سنا! یونان اور روما ان کے مقابلے میں جونو، اور دوسری دیویوں کے نام پیش کر سکتے ہیں۔

قدیم زمانہ میں انسان قدرتی مناظر سے متاثر ہو کر ان کے اسباب و علل سے واقف ہونے کی کوشش کرتا تھا، اکثر اوقات تخیل عقل سے پیش پیش ہوتا تھا، عقل تخیل کے مقابلہ میں نہ تیز رو ثابت ہوتی ہے نہ وہ اتنی جاذب ہے کہ تخیل کے مقابلہ میں اس کے فیصلوں کو منظور کیا جائے، اس لئے مشاہدۂ قدرت میں پہلے تخیل ہی میدان میں آتا ہے اور اسی کی حکمرانی ہوتی ہے، انسان مناظرِ قدرت اور کاروبارِ عالم کے صحیح حالات سے آگاہ نہیں ہوتا تو پوشیدہ قوتوں کو دیوتاؤں اور

دیویوں کی شکل میں تصور کرتا ہے رفتہ رفتہ جب عقل حقیقت کے چہرہ سے نقاب اٹھاتی ہے تو انسان اپنے تخیل کی تخلیق سے اتنا مانوس ہو چکتا ہے کہ وہ عقل کے انکشافات پر نظر رکھتے ہوئے بھی دیوی دیوتاؤں سے اپنے تعلقات میں فرق آنے نہیں دیتا۔

یونان اور روما کی صنمیات کو تخیل کا بہترین سرمایہ کہنا نامناسب نہ ہوگا، اگر کسی کو ایک جامع اور ہوش فریب فلسفۂ زندگی مطلوب ہو تو اس کے لیئے اس سے بہتر کوئی طریق نہیں کہ یونان اور روما کے بتکدوں کو جی بھر کر دیکھے، اسے ایک ایسی قوم کے مذہب سے واقفیت ہو جائے گی جس نے زندگی کا پورا پورا لطف اٹھانا چاہا اور ہر بات میں حسن پیدا کیا جس نے اسرار قدرت کو ایک ڈرامے کی صورت میں سمجھنا چاہا، اور دیوی دیوتاؤں کو اس عالمگیر ڈرامے کے کردار فرض کیا۔

۱۔ پیدائش اور شادی زندگی کے ڈرامے کے اہم مناظر ہیں، ان کی ذمہ دار آسمانی ملکہ جونو مقرر کی گئی ہے، وہ ایک دراز سن ملکہ تصور کی گئی ہے، اس کے ساتھ آرگس نام ایک مور ہوتا ہے، جو مسرت کا مظہر ہے جونو کی صورت سے جلال ٹپکتا ہے، اس کے اعزاز میں روما میں ایک میلہ ہوا کرتا تھا اور عورتیں اس سے حصولِ اولاد کے لیئے دعائیں کیا کرتی تھیں۔

۲۔ زندگی کے ڈرامہ میں علم کی اہمیت کو اس طرح ظاہر کیا گیا تھا کہ علم کو ایک دیوی تصور کیا گیا اور اس کا نام مائی نروا تجویز کیا گیا، اس کے ہاتھ میں ایک برچھی یا سوت کی انٹی ہوتی تھی، اور اس کے سر پر ایک خود، اس کے متعلق یہ مشہور تھا کہ وہ جس پر مہربان ہوتی ہے اس کے لیئے سب کچھ کر گزرتی ہے اور اس کی کوئی خواہش رد نہیں ہوتی، ایتھنز والوں نے مائی نروا کے اعزاز میں ایک شاندار مندر تعمیر کیا تھا اور اس میں اس کا ایک سونے کا بت نصب کیا تھا۔

۳۔ گھر بنا کر رہنا مہذب قوموں کا امتیازی نشان ہے، اس اصول کو اس طرح واضح کیا ہے کہ ایک دیوی کا نام وسٹا رکھا ہے جس کا مطلب ہے گھر بار۔ اس دیوی کے اعزاز میں ہمیشہ آگ جلتی رہتی تھی، روما میں اس کا ایک مندر تھا جس میں دوشیزہ لڑکیاں اس کی خدمت پر مامور تھیں، اگر کسی کی غفلت سے مندر میں آگ بجھ جاتی تھی تو اس کی سزا موت ہوتی تھی، وسٹا کا مجسمہ ہاتھ میں ایک مشعل اٹھائے ہوتا تھا۔

۴۔ سیر و شکار کا لطف اور فطرتِ آزاد کی شوکت دکھانا ایک دیوی ڈائنا کا کام تھا، ڈائنا کے ذمے آسمان زمین اور زیرِ زمین دنیا کی نگرانی کے فرائض تھے، زمین پر وہ آکر جنگلوں میں شکار کھیلا کرتی تھی اور دوشیزہ لڑکیوں کی حفاظت کیا کرتی تھی، آسمان پر وہ چاند کی دیوی بن کر نوجوان عورتوں کی نگرانی کیا کرتی تھی، اس تمثیل کا یہ مطلب ہے کہ یونانیوں کے خیال میں چاند کا عورت کی فطرت پر بہت اثر ہوتا ہے، ڈائنا تصویروں میں ہمیشہ شکاری لباس میں کتوں کو ساتھ لیئے نظر آتی ہے آج کل بہت سی مغربی عورتیں ڈائنا کی پیروی کرتی نظر آتی ہیں، شعراء ڈائنا کو کبوتروں کے پروں پر سوار تصور کرتے ہیں۔

۵۔ یونانی زندگی کا ایک اہم حصہ زراعت میں بسر ہوتا تھا، اس خیال کو یونانی آرٹ نے اس طرح ظاہر کیا ہے کہ سیرز ایک دیوی ہے جو انہیں زراعت سکھاتی ہے اور اناج پکانے میں مدد دیتی ہے، زراعت کی اہمیت دکھانے کے لیئے انھوں نے یہ افسانہ بنایا ہے کہ دنیائے زیریں کا بادشاہ پلوٹو اس کی لڑکی پرسرپینا کو اٹھا کر لے گیا، غم نصیب ماں نے بیٹی کے غم میں زراعت کا شغل ترک کر دیا، تمام دیوتا اور انسان اس بات پر مجبور ہو گئے کہ دیوی کو اس کی لڑکی واپس دلا کر اس سے التجا کریں کہ وہ انہیں کسی طرح فاقوں سے بچائے، ہروزیٹی اور لارڈ ڈلٹن نے اس افسانہ کو سامنے رکھ کر دو تصویریں کھینچی ہیں اور یہ کمال دکھایا ہے کہ تصویریں منہ سے بولتی نظر آتی ہیں گویا کہ افسانہ کہہ رہی ہیں، ہروزیٹی کی تصویر میں پرسرپینا زیریں دنیا میں مغموم کھڑی ہے، اس کے قلب میں ہیجان نہیں لیکن اسے اپنی بے کسی کا احساس ہے جو طوفانِ غم سے بیسیوں درجے زیادہ مہلک ہے، وہ زیریں دنیا کو بھولنا چاہتی ہے اس کے خیالات ایک دور افتادہ دنیا میں پہنچے ہوئے ہیں، وہ ایک بیابان کی نام نہاد ملکہ ہے، اس کا پیارا وطن اس سے کوسوں دور ہے، وہ اس دنیا میں ہے جہاں سورج کی روشنی بھی پہنچتے پہنچتے سرد پڑ جاتی ہے، اس کے سامنے پلوٹو کا دیا ہوا ایک انار ہے یعنی ثمرِ ممنوع، اگر وہ اسے نہ کھاتی، تو ہمیشہ کے لیئے آزاد ہو جاتی، لیکن ضرورت نے اسے مجبور اور ہمیشہ کے لیئے بے بس کر دیا ہے، لارڈ ڈلٹن کی تصویر میں پلوٹو پرسرپینا کو اس کی ماں کے حوالے کرتا نظر آتا ہے پرسرپینا بے تابی سے اپنی ماں کی کھلی آغوش میں لپکا چاہتی ہے،

۶۔ یونانی امن کی برکات سے بخوبی واقف تھے اور اس کے خواہاں

رہتے تھے، یونان میں ایک امن و انصاف کی دیوی کی بھی پوجا کی جاتی تھی اس دیوی کے ایک ہاتھ میں میزانِ عدل ہوتا تھا اور دوسرے میں تلوار، آنکھوں پر پٹی بندھی ہوتی تھی جس سے یہ دکھانا مقصود تھا کہ وہ کسی کی رعایت نہیں کرتی۔

۶۔ خوش مذاقی اور تفریح بھی زندگی کی بڑی نعمتیں ہیں اور قسمت سے میسر آتی ہیں، یونانیوں کے خیال میں یہ تین دیویوں کے فیض سے حاصل ہوتی تھیں، تصویروں میں وہ تین سہیلیاں بن کر نظر آتی ہیں۔ جو ایک دوسری کے ہاتھوں میں ہاتھ دیئے۔ مستانہ وار خرامِ ناز کرتی ہیں۔

۸۔ فنونِ لطیفہ کی ضرورت جس قدر ایک قوم کو ہوتی ہے وہ کسی سے مخفی نہیں، یونانیوں کے نظریۂ زندگی میں اس خیال کو کافی وقعت حاصل ہے، اور انہوں نے فنونِ لطیفہ کے لئے ایک لطیف ذریعہ اظہار پسند کیا ہے، ان کی صنمیات میں نو دیویاں ہیں جن سے مراد فنونِ لطیفہ کی نو اقسام ہیں، تاریخ کی دیوی ایک کتاب پڑھتی ہے، موسیقی کی دیوی بانسری بجاتی نظر آتی ہے، ایک اور دیوی سرودی ڈرامے کو دیکھ کر خط اٹھاتی ہے، ایک ایسی دیوی بھی ہے جو تلوار اٹھائے، بھویں چڑھائے۔ المیہ ڈرامے دکھلاتی ہے، رقص کی دیوی حسین، نوجوان اور شگفتہ مزاج ہے، عاشقانہ شاعری سکھانے کے لئے ایک دیوی بالوں میں پھول گوندھے مسکراتی ہوئی آتی ہے، الہامی شاعری کی دیوی متین نظر آتی ہے، نجوم کی دیوی تاروں بھرا لباس پہنے، اور ہاتھ میں کرہ اٹھائے آتی ہے، رزمیہ شاعری کی دیوی ایک سرو قد حسینہ کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے، اس کے سر پر سونے کا ایک حلقہ ہوتا ہے فنونِ لطیفہ کی نمائش اس سے زیادہ پُرشوکت نہیں ہو سکتی۔

۹۔ وقت اور تقدیر کی عالمگیری کا احساس کسے نہیں ہوتا لیکن اس حقیقت کے اظہار کے لئے جو طریقہ یونانیوں نے اختیار کیا اس سے ان کی شاعرانہ ذہنیت کا ثبوت ملتا ہے، تقدیر تین بہنوں کی شکل میں سامنے آتی ہے، ایک کے ہاتھ میں رشتۂ زندگی ہے دوسری اسے کھولتی جاتی ہے، تیسری اسے قطع کر دیتی ہے،

۱۰۔ زندگی کے اس عظیم الشان ڈرامے میں جسے یونانی تخیل نے اس اہتمام سے پیش کیا ہے، ایک اور نسوانی کردار ہے جسے اس ڈرامے کی روح رواں کہا جا سکتا ہے، وینس ملکۂ حسن یونانی دیویوں میں شہرت اور مقبولیت کے لحاظ سے اپنی مثال نہیں رکھتی، اسے یونانی تخیل کا شاہکار کہنا چاہیئے، کبھی وہ مسکرا کر دلوں پر بجلی گراتی ہے کبھی وہ سمندر کی سطح پر ابھرتی نظر آتی ہے، کبھی وہ اپنی گاڑی میں راج ہنس جوت کر سیر کو نکلتی ہے، وینس کی اہمیت کا اسی سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس کا ایک شکستہ بت جو پیرس کے سب سے بڑے عجائب گھر میں رکھا ہے، دنیا میں سب سے زیادہ قیمتی تسلیم کیا گیا ہے،

وینس کے مجسمہ کے بازو کٹ گئے ہیں لیکن اس حادثہ کے بعد بھی آرٹ کا کوئی بڑے سے بڑا شاہکار اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا، اس کے اعضا کا تناسب، اس کا رعبِ حسن، اس کا جاہ و جلال، اس کے جسم کا دلفریب گداز، اور پھر ایک نامعلوم وصف جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں وہ بات ہے جو عورت سے کسی بلند تر ہستی کا حصہ ہے، یہ تمام امور اس کے لاجواب ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

ایک وقت تھا جب وینس کا مندر پجاریوں سے کھچا کھچ بھرا ہوتا تھا، گرفتارانِ محبت کے ارمان بھرے دلوں سے نکلی ہوئی دعائیں ایک عجیب سماں پیدا کر دیتی تھیں، مست شباب خوش بیان سیفو[2] جوشِ عشق سے گھبرا کر وینس کے آگے جھک کر دعا کرتی تھی:۔

زنگار رنگ تخت والی، غیر فانی وینس، سب سے بڑے دیوتا کی بیٹی! مجھے بھول نہ جا، مجھے کبھی تنہا نہ چھوڑ، اے ملکہ میرے دل کو محبت کے داغ سے بچا، اپنے باپ کے آسمانی قصر سے اترنے کی تکلیف فرما، اپنی زریں گاڑی پر سوار ہو کر کبھی ادھر سے بھی گذر، آسمانی چڑیاں تجھے اٹھا کر آسمان پر لے جاتی ہیں، تو آسمان پر سے گذر کر اپنے باپ کے تخت کے پاس پہنچ جاتی ہے اور تجھے خلا کی آگ ضرر نہیں پہنچاتی۔ شکر ہے تیری سواری ادھر سے بھی گذری تھی اور تو نے میری طرف دیکھ کر مسکرا کر مجھے عزت بخشی، جب میں نے تجھ سے دعا کی تو تو نے مجھ سے پوچھا کہ کس بات نے تجھے اتنا بے قرار کر دیا! تو کسے اپنی آغوش میں لینا چاہتی ہے سیفو" تجھے کون ستاتا ہے، اے دیوی اب پھر آ، محبت کی ٹیس میرے دل میں اٹھ رہی ہے، آ مجھے قرار بخش، جس کے لئے میں مضطرب ہوں وہ تمنا پوری کر۔

(۲) مسیحیت اور آرٹ

دیویوں کا زمانہ گذر گیا، اب کوئی سیفو نہ رہی، جو اپنا پُرارمان دل کھول کر وینس کے سامنے رکھ دے اور رو رو کر اس سے وصل

[1] زہرہ
[2] یونانی شاعرہ

کی دعائیں مانگے حسن پرستی جو دیوتاؤں کی تخلیق کا باعث تھی۔ اب ان کے اقتدار کے لئے سنگ راہ بن گئی مصوروں کا بت پرستی سے اسی حد تک تعلق تھا، جتنا آرٹ کے لئے ضروری تھا، انھوں نے دیویوں اور دیوتاؤں سے استمداد کرنا ترک کر دیا اور ان کی آسمانی طاقتوں کے منکر ہو گئے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مذہب اور آرٹ کی علیحدگی سے آرٹ کی روح جاتی رہی اور بت تراشی کی صنعت کا خاتمہ ہو گیا۔

عیسائیت کی اشاعت نے بھی آرٹ پر ایک کاری ضرب لگائی، جب رومتہ الکبریٰ پر مسیحیت کا پرچم لہرانے لگا۔ اور جگہہ جگہہ گرجے تعمیر ہونے لگے تو بت کدے ویران ہو گئے، جس طرح آرٹ نے یونان میں مذہب کا خاتمہ کیا تھا، اسی طرح مذہب نے روما میں آرٹ کو ناکارہ کر دیا لیکن خوش قسمتی سے مسیحی یورپ میں آرٹ کا زوال ایک نئے دور کا پیش خیمہ بن گیا، یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ آرٹ مذہب میں جان نہیں ڈال سکتا لیکن مذہب آرٹ کو زندہ کر سکتا ہے، آرٹ مذہب کے نشر و اشاعت کا ایک ذریعہ بن سکتا ہے۔ لیکن مذہب آرٹ کی جان ہے، مذہب روح ہے اور آرٹ جسم، جسم روح کو حرکت میں نہیں لا سکتا، لیکن روح جسم سے حیرت انگیز کام لے سکتی ہے۔

عیسائیت کے عروج کے بعد کچھ عرصہ تک تو مصوری کس مپرسی کی حالت میں رہی لیکن اس نے رفتہ رفتہ عبادت کا درجہ اختیار کر لیا مسیح کی ولادت کا حیرت انگیز واقعہ آرٹ کے لئے ایک مناسب موضوع ثابت ہوا اور آرٹ میں اس واقعہ کی تشکیل بلیغ خطبات سے بھی زیادہ موثر ثابت ہوئی، حضرت مریمؑ کی پاک دامنی، اور ان کا تقدس جس کے طفیل انہیں دنیا کے ایک بڑے نجات دہندہ کی ماں بننے کا شرف حاصل ہوا آرٹ کے مردہ جسم میں جان ڈالنے کے لئے کافی تھے، یورپ کے طول و عرض میں مقدس ماں اور مقدس بچے کی تصویریں پھیل گئیں بیسیوں مصوروں کی عمر کا حاصل یہی فن تھا، تزفیل کو انہی تصویروں نے زندۂ جاوید بنا دیا تمام بڑے بڑے مصوروں نے خواہ ان کا مدعا زندگی کچھ ہی تھا میڈونا کی تصویر بنانے میں اپنا کمال ضرور دکھایا ہے، مائیکل انجلو سنگتراش اور معمار ہونے کے علاوہ میڈونا کا مصور بھی تھا لیونارڈو دے ونچی انجینئر سائنس کا ماہر اور ریاضی دان ہونے کے علاوہ میڈونا کی تصویریں بھی بنایا کرتا تھا اگر جاؤں میں تو لوگوں کی عمریں ہی اسی بات کے لئے وقف تھیں۔

جب میڈونا کی تصویریں بنانے کا رواج ہو گیا تو اس کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ مصور جسمانی خوبصورتی کے علاوہ روحانی جذبات کا بھی مطالعہ کرنے لگے اور اپنی تصاویر میں ان کو ظاہر کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ میڈونا کی ذات میں مصور جسم اور روح کے کمالات جمع کرنا چاہتے تھے، اور اس لئے وہ اپنی زندگی میں ان باتوں کو بغور دیکھتے رہتے تھے، اور اپنی تصاویر میں اپنے مشاہدات کے اثرات ضرور دکھاتے تھے، اس سے یہ تو ہوا کہ میڈونا ایک یہودی النسل خاتون کے بجائے ایک خوش رنگ، زریں بالوں والی مغربی لڑکی دکھائی دیتی ہے، لیکن اس کی بلند نظری، اس کا انکسار اور اس کی محبت کے جذبات کامیابی سے ظاہر کئے گئے ہیں، میڈونا کا پاک حسن، اس کی متانت، اس کی حیا سے جھکی ہوئی نظریں اور اس کی خود فراموشی جس کے ساتھ ہی ماں کی مسرت ملی ہوئی ہے، بصیرت کے لئے سبق آموز منظر پیش کرتی ہیں،

پہلے پہل مصور صرف مذہبی جوش سے مجبور ہو کر میڈونا کی تصویر بنایا کرتے تھے، پھر جب میڈونا کی تصویر بنانا رواج ہو گیا۔ اور مذہبی جذبات کے ساتھ تصنع اور اظہار کمال کی خواہش بھی شامل ہو گئی تو تصاویر کا معیار بہت گر گیا، لوگ میڈونا کا تصور دل میں جمانے کے بجائے اپنی آشناؤں کو سامنے بٹھا کر تصویر بنانے لگے۔ اور چونکہ یہ عورتیں اخلاق باختہ ہوتی تھیں اس لئے مصور کو میڈونا کے روحانی اوصاف کے اظہار میں کامیابی نہ ہوتی تھی۔

(۳) دختران فرنگ

لوگ میڈونا کی آڑ میں اپنی آشناؤں کی تصویریں بناتے رہے، رفتہ رفتہ یہ پردہ بھی اٹھ گیا، اور مصور عام عورتوں کی تصاویر بھی اسی اہتمام سے بنانے لگے جس سے وہ میڈونا کے آسمانی حسن کی نمائش کیا کرتے تھے احترام کی جگہہ مصور کے دل میں محبت کے جذبات موج زن ہونے لگے، اور وہ عورت سے صرف اس کی ذات کی وجہ سے دلچسپی لینے لگے اب عورت کی قدر اس کی مذہبی حیثیت سے نہیں بلکہ اس کی نفسیاتی خصوصیات کی وجہ سے ہونے لگی، مصور پہلے رہنمایان مذہب اور اکابر کو خوش کرنے کے لئے تصویریں بنایا کرتے تھے مگر اب انہوں نے اپنی تسلی کے لئے اپنا موقلم اٹھایا۔

پیرس کے عجائب گھر میں ایک تصویر ہے جس سے لوگ اتنے

متاثر ہوتے ہیں کہ بعض تو جوش میں آکر خودکشی کر لیتے ہیں، یہ وینس دیوی یا کسی اور دیوی کی تصویر نہیں، نہ اُسے میڈونا سے کچھ مشابہت ہے۔ یہ ایک اطالوی عورت مونالزا کی تصویر ہے۔ جس نے چار سال تک لیونارڈو جیسے باکمال مصور کو چین نہ لینے دیا، تصویر اگرچہ دنیا کے بہترین شاہکاروں میں شمار ہوتی ہے لیکن اس کی تاریخی حیثیت سے اس کی دلچسپی میں اور بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ تاریخ کہتی ہے کہ اس پراسرار عورت نے اپنے ساحرانہ تبسم سے مصور کے دل کو اسیر کیا اور اُسے یہ دلکش مجسمہ بنانے پر مائل کیا، جس نے ایک زمانہ کو تحیر میں ڈال رکھا ہے، مصور کی روح اس عورت کے پراسرار تبسم میں مقید ہے، ۱۵۰۰ء میں لیونارڈو کی نظر مونالزا پر پڑی اور وہ اس کی تمام توجہات کا مرکز بن گئی، شہر میں مونالزا کے حسن کی دھوم مچی ہوئی تھی، لیونارڈو بھی حسن کا قدردان تھا، اور اس کی تصویر کھینچنے کا خواہشمند تھا، مونالزا کا بوڑھا اور تیز مزاج شوہر بمشکل اس بات پر رضامند ہو گیا، مونالزا کے زیورات کو اس کا شوہر گرو ڈال چکا تھا، اور اس کے دل پر اپنی چار سال کی لڑکی کا داغ بھی تازہ تھا اور وہ سیاہ لباس پہنتی تھی، لیونارڈو نے اس کے لبوں پر تبسم پیدا کرنے کے لئے گانے بجانے والوں اور مسخروں کی خدمات حاصل کیں، یہ معنی خیز اور دلفریب تبسم انہی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

یہ تصویر لیونارڈو کی زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتی ہے، اور اس کے تخیل، اس کی زندہ دلی، اس کے کمالِ فن اور محنت کی دلیل ہے اس تصویر میں اس کے تمام ہنر نظر آتے ہیں اور خود اس کا اپنا عکس بھی، یہ اس کی علمی قابلیت، اس کی نفسیاتی قوتِ مشاہدہ اور اس کی طبیعت کے تعجب خیز سکون کی آئینہ دار ہے، یوں تو اور کئی تصویریں بھی اصل کے ہو بہو ملتی ہیں لیکن اس میں جسمانی دلکشی کے علاوہ ذہانت کا اظہار بھی ہے رنگ کا احساس دیکھنے والے کو ہوتا ہی نہیں کیونکہ وہ رنگ عورت کا ایک حصہ معلوم ہوتا ہے۔ اس کے جسم ہی کا نہیں بلکہ اس کی روح کا بھی ایک حصہ ہو مونالزا کی تصویر بار بار دیکھیئے، ایسا معلوم ہو گا کہ آپ مصور کی تاریخِ زندگی کے ورق الٹ رہے ہیں،

لیونارڈو کے مشہور ہمعصر مائیکل انجلو کی زندگی کا ایک دلچسپ باب بھی ایک عورت کی زندگی سے متعلق ہے، اس باکمال مصور کے رویہ سے اس کے تمام رفقا نالاں رہتے تھے، مائیکل انجلو حد درجہ بدمزاج سمجھا جاتا تھا، سب اس کے چڑچڑے پن سے تنگ آگئے تھے لیکن ایک عورت نے اس کا مزاج بدل کر اسے ایک باذاق شاعر بنا دیا، آخر عمر میں ایک شریف النسب بیوہ "وٹوریا کلونا" سے اسے ملنے کا اتفاق ہوا اور وہ وٹوریا کے اخلاق کا گرویدہ ہو گیا، وٹوریا کے ساتھ شعر و سخن میں وقت گذارنا اس کا روزانہ معمول ہو گیا، بوڑھا مصور اس کی مجلس میں اپنا چڑچڑا پن اور اپنی کاروباری رقابتیں بھول کر شعر اور مصوری کے نکات سلجھاتا تھا،

وٹوریا حسین نہ تھی، لوگ اسے بدصورت بھی سمجھتے ہوں، یہ بھی ممکن ہے، اس کا چہرہ پچکا ہوا تھا، ناک لمبی اور آگے کو بڑھی ہوئی تھی ابرو تنے ہوئے اور تھوڑی بڑھی ہوئی، لیکن مائیکل انجلو اس کے حسنِ سیرت پر مائل تھا، اس میں ایک روحانی کشش تھی جس سے وہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکتا تھا، اس کے خطوط پاکیزہ جذبات سے لبریز ہوا کرتے تھے، مائیکل انجلو اسے اپنی مذہبی تصویریں بھیجا کرتا تھا اور اس کی کئی نظمیں وٹوریا کے نام سے معنون ہیں،

لیونارڈو اور مائیکل انجلو کے بعد ہم آرٹ کی تاریخ کے چند تاریک اوراق پر نظر ڈالنا چاہتے ہیں، مائیکل انجلو اور لیونارڈو کے حالات سے ہمیں مسرت حاصل ہوتی ہے، کہ عورت نے ان کی زندگی کو خوشگوار بنا دیا، لیکن اب ہم چند بدقسمت مصوروں کی زندگی کا مطالعہ کرنا چاہتے جن کے آرٹ میں عورت کا وجود حسرت و آلام کے جذبات کو بیدار کرتا ہے فرانس میں گزرا ایک مشہور مصور گذرا ہے، جس کی تصویریں معصومیت کی آئینہ دار ہیں، اس کی تصویروں میں بار بار ایک ہی لڑکی نظر آتی ہے جس کی سادگی اور بھولے پن کی بے اختیار تعریف کرنی پڑتی ہے، لیکن ہمیں اس لڑکی کے حالات زندگی چونکا دیتے ہیں اور افسوس کے سوا کوئی چارہ نظر نہیں آتا، یہ بظاہر سیدھی سادی لڑکی وہ تھی جسے مصور نے خاک مذلت سے اٹھا کر اپنی رفیقۂ حیات بنایا اور اس غلطی کی پاداش میں اپنی زندگی کو تلخ بنا لیا اور اپنے کمال کو نقصان پہنچایا، یہی لڑکی اتنی مکار ثابت ہوئی کہ مصور کو تمام عمر پچھتانا پڑا،

"جارج روئنی" ایک انگریزی مصور کی زندگی بھی بہت حسرت ناک ہے، وہ ایک دفعہ بیمار ہوا، ایک غریب لڑکی نے اس تندہی سے اس کی تیمارداری کی کہ "روئنی" نے خوش ہو کر اس سے شادی کر لی۔ مگر جب "روئنی" مشہور ہو گیا تو اس نے ایک ساحرہ "لیڈی ہملٹن" کے دام میں پھنس کر اپنی

بیوی کو خیرباد کہہ دی، کئی سال گذر گئے اور زمانے نے رنگ بدلا، رومنی برباد اور بیمار ہو کر پھر اپنی بیوی کے قدموں پر گر پڑا اور مرتے دم تک اس کے آگے سر اونچا نہ کر سکا۔

رومنی کا زمانہ ہیٹ اور نیلسن کا زمانہ تھا لیکن اسے لیڈی ہملٹن کا زمانہ کہنا زیادہ موزوں ہے، کیونکہ نیلسن جیسے غیور دل امیر البحر بھی اس کے آگے بھیگی بلی بنے رہتے تھے۔ وہ دلوں کی ملکہ تھی، رومنی ایک طرف رہا، نیلسن بھی اس پر دل و جان سے فریفتہ تھا، اس کی آخری خواہش یہ تھی کہ "لیڈی ہملٹن" تک اس کا سلام پہنچا دیا جائے،

"لیڈی ہملٹن" انگلستان کے ایک سفیر کی بیوی تھی، اس نے اپنے بڈھے شوہر سے آنکھیں پھیر کر اس کے مست شباب بھانجے سے محبت کی پینگیں بڑھائیں اور اس کے ساتھ دادِ عشرت دیتی رہی، لارڈ ہملٹن نے اپنے بھانجے کو دولت کا لالچ دے کر اسے اس پری کے دامِ محبت سے نکالا، اس دن سے لیڈی ہملٹن نے قسم کھائی کہ وہ ایک مرد کی بے وفائی کی پاداش میں ہزار مردوں کو تیر نگاہ کا نشانہ بنائے گی، غریب رومنی بھی ایسا ہی فریب خوردہ تھا، اس نے لیڈی ہملٹن کی کئی تصویریں بنائیں اور گویا ان پر اپنا تمام کمال صرف کر دیا۔ وہ اُسے اس کے حسنِ آتشیں کی شعلہ باری اور اس کے شباب کی سحر آفرینی اور مستی کے ساتھ پیش کرتا ہے، تصویریں کیا ہیں صحرائے محبت میں چند لالے کھلے ہوئے ہیں، رومنی کہا کرتا تھا کہ میرا کمال فن لیڈی ہملٹن کا فیض ہے لیکن نقاد کہتے ہیں کہ وہ صرف اس کے نقائص کی ذمہ دار ہے۔

رومنی کی طرح روزیٹی کی زندگی بھی بہت دردناک ہے۔ لیکن ان میں یہ فرق ہے کہ رومنی کو دیکھ کر ہمیں افسوس تو ہوتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہمدردی نہیں ہوتی، برخلاف اس کے روزیٹی کی زندگی سے ہمیں افسوس ہی نہیں ہوتا بلکہ ہم اس کے حوصلے، اس کی بلند نظری اور اس کی وفا کی تعریف کرنے پر بھی مجبور ہو جاتے ہیں، روزیٹی ابتدا ہی سے اپنے نامور ہموطن ڈانٹے کی پیروی کرنا چاہتا تھا اور اس کی طرح ایک دلچسپ شخصیت پیدا کرنا چاہتا تھا، ڈانٹے نے جو خیالات نظم میں اپنی محبوبہ بیٹرس کے متعلق ظاہر کئے وہی روزیٹی بھی اپنی تصاویر میں ظاہر کرنا چاہتا تھا، سو اتفاق سے اس نے جس لڑکی کو اپنے لئے بیٹرس کی جگہ منتخب کیا تھا وہ بھی بیٹرس کی طرح جواں موت مر گئی گویا ڈانٹے اور روزیٹی کی مشابہت مکمل ہو گئی، روزیٹی نے اپنی بیوی کے مرتے ہی "بیٹرس" کی موت کی تصویر شروع کی اور گویا واقعیت کو انتہا تک پہنچا دیا، اس نے اپنا دیوان بھی اپنی بیوی کے ساتھ دفن کر دیا، لیکن دو سال کے بعد دوستوں کے اصرار سے مجبور ہو کر اسے نکال کر شائع کیا۔

روزیٹی کی تصویریں اس کے جذباتِ محبت کی ترجمانی کرتی ہیں، اس کی بہترین تصویریں وہ ہیں جو اس نے اپنی مرحوم بیوی کی یاد میں بنائی ہیں۔ وہ منہ سے بولتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں، گمان ہوتا ہے کہ کیا محبت موت کے بعد بھی کامیاب ہو سکتی ہے، انتظار کی زحمت اور عشق کا صلہ بھی آخر کچھ ہے، کیا ٹوٹے ہوئے دل کسی اور دنیا میں بھی جڑ سکتے ہیں! کون ہے جو ان تصویروں کو دیکھ کر ان سوالات کا جواب نفی میں دے گا!

اس کی ایک مشہور تصویر مرحومہ ہے، اسی موضوع پر اس کی ایک نظم اس کے دل کی کیفیت کی ترجمانی کرتی ہے، مرحومہ جنت کی سنہری سلاخوں والی کھڑکی سے جھانکتی ہے، اس کی آنکھوں کی سیاہی شام کے سایوں سے بھی گہری ہے، اس کے بالوں میں سات ستارے ہیں اور اس کے ہاتھ میں تین پھول، وہ اپنے عاشق کا انتظار کر رہی ہے جو ابھی بقیدِ حیات ہے، اور اس لمحے کے لئے مضطرب ہے۔ جب موت اسے نوید وصل پہنچائے گی، وہ وصال بعد موت کا منظر اپنی آنکھوں کے سامنے لانا چاہتی ہے، شاید وہ سہما ہوا ہوگا، اور خاموش ہوگا، تب میں اپنا گال اس کے گال پر رکھ دوں گی اور اپنی محبت کا ذکر کروں گی، اور گھبراؤں گی نہیں، پھر کھڑکی سے جھانکتی ہے، فرشتے اس کے شوہر کو لاتے ہیں، نور کی ایک شعاع نظر آتی ہے اور پھر غائب ہو جاتی ہے، اسے معلوم نہیں ہوتا کہ اس کی راہ کون سی ہے اور اس کے شوہر کی کون سی، پھر وہ بے بسی کے عالم میں سلاخوں کے گرد اپنا بازو ڈال دیتی ہے اور آنکھوں کو ہاتھوں سے ڈھانپ کر رونے لگتی ہے۔

محبت روزیٹی کے لئے ایک دلکش خواب نہ تھی بلکہ زندگی کی دل ہلا دینے والی حقیقت تھی، وہ محبت کے سرد و گرم دیکھ چکا تھا، پھر بھی وہ یہی چاہتا تھا کہ دردِ الفت کو جاوداں بنا دے، اس کا دل ایک خمدار بال میں بندھا ہوا تھا، اس کی انتہائی خواہش یہ تھی کہ اس حلقہ کو جس قدر رنگین اور نظر فریب بنا سکے، بنا دے، اسی

مقصد کے حصول کے لیے اس نے اپنے تمام کمالات وقف کر دیئے اور آج اسی وجہ سے انگلستان اس کی ذات پر نازاں ہے،

"ڈوزینی" کا جو رتبہ انگلستان میں ہے وہی وسلر کا امریکہ میں ہے "وسلر" جس کی سویں برسی حال ہی میں منائی گئی ہے، دو تصویروں کی وجہ سے بہت مشہور ہے ایک اس کی ماں کی ہے، اور دوسری ایک مغموم لڑکی کی ہے جو آئینے کے سامنے کھڑی ہے۔ وسلر ایک حسینہ کی زندگی کا منظر پیش کرنا چاہتا ہے، پہلے وہ بے دردی سے اپنے چاہنے والوں کے جذبات سے کھیلتی رہی، اس نے ان کی محبت کی قدر نہ کی، لیکن اب وہ تنہا ہے، اس کا شباب ڈھل رہا ہے اور عاشق کا وجود اس کے لئے ایک نایاب جنس بن گیا ہے، اس کس مپرسی کے عالم میں وہ آئینہ کے سامنے آ کھڑی ہوتی ہے اور عشرتِ ماضی کی یاد آ آ کر اس کے دل پر بجلی گراتی ہے،

انگریزی شاعر سوئنبرن نے ایک نظم میں اس مغموم حسینہ کے منازلِ زندگی کا نقشہ کھینچا ہے، ہم ذیل میں اس نظم کا ترجمہ پیش کرتے ہیں، تصویر اور نظم کی ہم آہنگی دیکھ کر قارئین کی دلچسپی میں اور بھی اضافہ ہو جائے گا۔ نظم

میری دنیائے طرب میں ہے خزاں آئی ہوئی
ہر کلی گلزارِ عشرت کی ہے مرجھائی ہوئی
تیز یا گھڑیاں مسرت کی، وہ لمحاتِ سرور
میری خوشیوں کا وہ بانکا کارواں جاتا ہے دور
وہ سبک رو، گرم رو، الفت کا دریائے خوش آب
جس کی موجیں بحر کو دیتی تھیں درسِ اضطراب،
دیکھنا! اے چشمِ حیرت آج وہ بھی سرد ہے
کیا غضب ہے دامنِ دریا میں بھی اب گرد ہے
رو رہا ہے خاک سر پر ڈال کر دیوانہ وار
جس کے دامن کو کبھی چھو بھی نہ سکتا تھا غبار
سطحِ دریا پر ہیں وہ مغموم سی کچھ دیویاں
میری مخمورِ محبت روح کا خوابِ جواں،
عشرتِ ماضی کے افسانے سناتی ہیں مجھے
سرد آہیں بھر کے اشکِ خوں رلاتی ہیں مجھے
میری امیدیں کھڑی ہیں ڈوب مرنے کے لیے
میں یہاں ہوں آخری اک آہ بھرنے کے لیے

(۴) بتانِ مشرق

ہم ابھی تک مغرب کے بت کدوں کی سیر کرتے رہے ہیں اب جی چاہتا ہے کہ مشرق کے نگار خانے کو بھی ایک نظر دیکھ لیں ہم ایسے شخص کی مثال اپنے اوپر عاید نہیں کرانا چاہتے جو تمام عمر حسنِ رنگ رے کے نظارہ سے جی پر چاتا رہا۔ اور اپنی رونق خانہ کا خیال تک نہ کیا، نگارستانِ چین، نقش ارژنگ اور بتانِ ہند کی دھوم تمام دنیا میں مچی ہوئی ہے، ان سے بے خبری ظاہر کرنا کوتاہ نظری کا ثبوت دینا ہوگا، لیکن واقعہ اس کے خلاف ہے، اگرچہ مانی، نگارستانِ چین، اور سحرِ بابل کے قصے گھر گھر پھیلے ہوئے ہیں لیکن مشرق کے پاس ان کے نام کے سوا کچھ نہیں رہا جس پر ناز کرے،

عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما ہیچ

عرب، بابل اور شام کے بتکدے اسلام کی فاتحانہ یلغار کے سامنے سرنگوں ہو گئے، نگارستانِ چین گذشتہ صدی میں دول یورپ کی حریصانہ یورش کی نذر ہو گیا، پیکن کا شاہی محل جو مشرق کی قدیم تہذیب کا آئینہ دار تھا، گورے سپاہیوں کے ہاتھوں لٹ گیا، مغرب کے مبصر آج تک اس حادثہ کو یاد کر کے کفِ افسوس ملتے ہیں کہ اس طرح دنیا آرٹ کے ایک گنجِ گراں مایہ سے محروم ہو گئی، بتانِ ہند بھی دستِ روزگار کے شاکی ہیں، اب تک ان کے سر و سینہ مجاہدانِ اسلام کی ضربوں کی گواہی دیتے ہیں، لیکن وہ کچھ ایسے سخت جان واقع ہوئے ہیں، کہ محمود جیسے بت شکن بھی ان کے مٹانے میں کامیاب نہیں ہوئے،

مشرق میں جو آرٹ کے شاہکار زمانہ کی دست برد سے محفوظ رہے ہیں، ان میں بہزاد اور علی رضا عباسی کی چند تصویریں، بابل کے دو جارئیت اور ہندوستان کے مندروں کی کثیر التعداد مورتیاں ہیں، شام و فلسطین کے بت کدے اگرچہ پیوندِ زمین ہو گئے ہیں، لیکن بت پرستی ان زمینوں میں کچھ ایسی سرایت کر گئی تھی کہ یہودیت بھی انہیں پاک نہ کر سکی، جب ان کا مذہبی سرمایہ بلادِ یورپ میں منتقل ہو گیا، تو مذہبی داستانیں بھی بتوں کے قالب میں ڈھل کر دنیا کے سامنے آئیں، چونکہ ان کے وجود میں یورپ کی کاریگری کو بھی دخل ہے اس لیے ہم ان پر سرِ دست قلم نہیں اٹھا سکتے، اور ان کی بجائے خالص مشرقی صنعت کے نمونوں پر بحث کریں گے،

دورِ جاہلیت میں عرب بت پرستی کا مرکز تھا، ہر دل کے لئے ایک خدا مقرر تھا، ہر قبیلے کا معبود جدا تھا، کعبے میں تین سو ساٹھ بت تھے، دیوتاؤں کے علاوہ فرشتوں کی پرستش بھی کی جاتی تھی، فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں تصور کیا جاتا تھا، اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس زمانے میں بھی رحمت، تقدس اور خوش قسمتی کو عورت سے منسوب کیا جاتا تھا،

اسلام کے ظہور کے بعد بت پرستی کا ایک قلم خاتمہ ہوگیا۔ اور تطہیر کعبہ کے بعد قبیلوں کے خداؤں اور خدا کی بیٹیوں کو کہیں سر چھپانے کو بھی جگہ نہ ملی، یہی حال بابل کا ہوا، بابل ہوس پرستی کی دیوی اشتر کا مرکز تھا، اشتر میں نہ جونو کا وقار ہے، نہ وینس کا پاکیزہ حسن، وہ شیطنت اور ہوس کا ایک ناپاک مجسمہ نظر آتی ہے، اس کے چہرہ سے شرارت ٹپکتی ہے، عیاری، اور ہوس رانی اس کی پیشانی پر رقم ہے، اس کا جسم گناہ کی کیچڑ میں لت پت نظر آتا ہے، ہمیں اس قوم کی عقل پر رونا آتا ہے جو اس شکل وصورت اور اس اخلاق کی دیوی کو پوجتی ہوگی، لیکن یہ ہو نہیں سکتا کہ بابل کی سرزمین میں صرف اشتر کی حکومت ہو، قدرت نے اہلِ بابل کے ذوقِ نظر پر رحم کھا کر ملکۂ شبا دکو پیدا کیا، بابل کی یہ ساحرہ حسن وخوبی کا ایک دلفریب مجسمہ تھی، اس کا چہرہ سانولا، اس کے ابرو خمدار، آنکھیں سیاہ، چمکیلی اور رسیلی، ناک ستواں، ہونٹ پتلے، ٹھوڑی چھوٹی اور چہرہ بارونق تھا، زلفیں کوتاہ اور پریشان تھیں، جس طرح دورِ حاضر کی فرنگی عورتوں کی ہوتی ہیں گلے میں جڑاؤ ہار اور کانوں میں بالے تھے، سر پر سونے کے پتوں کی ایک خوبصورت ٹوپی تھی، ملکۂ شبا دکے بت کو دیکھ کر کون یقین نہ کرے گا کہ انسان کے مخلوق خداوندوں پر خدا کی مخلوق کو فضیلت حاصل ہے،

شعر وعشق کی سرزمین ایران اس تباہ حالی میں بھی کسی سے پیچھے نہیں اگرچہ اب نہ اس کا باکمال مصور مانی باقی ہے جس کی استادی کے تمام اہلِ فن قائل تھے اور جس کی یکتائی کا کلمہ پڑھا کرتے تھے، نہ اس کا نقش ارژنگ ہے جس سے ہزاروں داستانیں مزین ہیں، نہ شاپور رہے جس کے ذکر سے شیریں خسرو کی داستانیں رنگیں ہیں۔ مگر ایران کبھی حسن ومحبت کو فراموش نہیں کرتا، اور آج بھی عشق کے زندۂ جاوید ہونے کا ثبوت دے رہا ہے بہرام گور ایران کے شہنشاہ آفاق بادشاہوں میں سے گزرا ہے، وہ ایران کا سب سے بڑا شکاری تھا، اور عشق وشکار کا جو تعلق ہے وہ اہلِ نظر پر ظاہر ہے، ایران کی تین مشہور صنعتوں قالین بافی، کوزہ گری اور مصوری میں بہرام گور کے عشق کے شواہد نظر آتے ہیں، بہرام کی ایک کنیز "فتنہ" اس کی منظورِ نظر تھی اور ہمیشہ سیر وشکار میں اس کے ساتھ رہا کرتی تھی، بہرام گور نے ایک دفعہ ایک ہرن کی ٹانگ کو اور اس کے کان کو ایک ہی تیر میں پرو دیا، پہلے ایک ڈھیلے سے ہرن کے کان کا نشانہ کیا، پھر جب ہرن ٹانگ سے کان کو کھجانے لگا تو ایک تیر چھوڑا جو ہرن کی ٹانگ سے نکل کر اس کے کان میں پیوست ہوگیا، بہرام نے اپنی محبوبۂ دلنواز سے اپنے کمال کی داد لینا چاہی، لیکن اس نے سرد مہری سے جواب دیا کہ یہ محض مشق کا نتیجہ ہے، بہرام نے اپنی خفت کو مٹانے کے لئے ایک افسر کو معشوقہ کے قتل پر مامور کیا، "فتنہ" کی منت وزاری سے اس افسر کا دل موم ہوگیا اور وہ اسے اپنے گھر پناہ دینے پر رضامند ہوگیا، انہی دنوں اس افسر کی گائے نے ایک بچھڑا دیا، "فتنہ" روزانہ اسے اٹھا کر سیڑھیوں پر چڑھا کرتی تھی، جوں جوں بچھڑا بڑا ہوتا گیا فتنہ کا حوصلہ بڑھتا گیا، ایک دن بادشاہ کے سامنے وہ بچھڑے کو اٹھا کر ساٹھ سیڑھیوں پر چڑھی، بادشاہ متعجب ہوا، "فتنہ" نقاب اٹھا کر اس کے سامنے آئی اور اسے اپنی بات یاد دلائی کہ مشق سے انسان ہر کمال حاصل کرلیتا ہے، بہرام نے خوش ہوکر اس کی بات تسلیم کرلی اور اپنی گذشتہ غلطی پر تاسف ظاہر کیا، ایرانی تصویروں میں فتنہ بچھڑے کو اٹھائے سیڑھیوں پر چڑھتی دکھائی دیتی ہے۔

ایرانی فطرت کا یہ خاصہ ہے کہ وہ ایک ہی بات کو سو دفعہ دہراتی ہے اور ہر بار اس کا نیا لطف آتا ہے، یوسف زلیخا، وامق عذرا، شیریں خسرو اور لیلیٰ مجنوں کے افسانے کئی بار نظم ہوچکے ہیں، پھر بھی طبیعت نہیں اکتاتی، اسی طرح ایرانی مصور بھی وہی تصویریں بار بار بنائے جاتے ہیں، مگر وہ کبھی طبیعت پر گراں نہیں گذرتیں، بہزاد نے امیر خسرو کی شیریں خسرو کے لئے پرویز کی ایک بزمِ نشاط کی تصویر بنائی، پھر علی رضا عباسی نے اسی موضوع کو سامنے رکھ کر تصویریں بنائیں، غرض داستان ایک ہے کہنے والے کئی ہیں اور لطف یہ ہے کہ نہ کہنے والے تھکتے ہیں نہ سننے والے

یہ افسانہ اتنا مقبول ہوا ہے کہ اجنتا کے ایک غار میں بھی شیریں خسرو داد عشرت دیتے نظر آتے ہیں، کہاں ایران کہاں ہندوستان مگر شہرت اسے یہاں بھی لے آئی ہے،

قدیم ہند آرٹ کے خزانوں سے معمور ہے ہندوستان کو وسعت کے لحاظ سے ایک برِ اعظم کہنا چاہیئے، اور اس برِ اعظم کے چپہ چپہ میں قدیم

تہذیبوں کے آثار نظر آتے ہیں برما تو الگ رہا خاص ہندوستان ایک وقت میں تین عالمگیر تہذیبوں کا گہوارہ تھا، ہندو، بدھ اور جین مذہب جو فلسفہ زندگی کے تین مختلف اور عجیب و غریب نظریئے پیش کرتے ہیں، سراسر آرٹ ہیں، اور ان کا سرمایہ اتنا وسیع ہے کہ تابان ہند کی ایک جھلک دکھانا بھی گستاخی تصور کیا جائے گا، قدیم ہند میں زندگی کا مقصد عبادت سمجھا جاتا تھا، اور عبادت کا ذریعہ آرٹ، اس لیئے ہندوستان میں آرٹ کے خزانے اتنے بے شمار اور فراواں ہیں کہ دنیا کا کوئی واحد ملک اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا، اور ہندوستانی آرٹ کو یورپ کے آرٹ پر اسی طرح فوقیت حاصل ہے جس طرح رامائن اور مہابھارت کو ہومر اور ورجل کی رزمیہ نظموں پر اور مہاتما بدھ کے سوانح حیات کو یونانی صنمیات پر، ہندی تصویروں میں قلبی ہیجان اور طوفانی جذبات کی تشکیل کی گئی ہے، یورپ کے آرٹ کا نصب العین سکون ہے۔ ہندوستان میں آرٹ کا مابہ الامتیاز حرکت اور اضطراب ہے، پاربتی ناچتی نظر آتی ہے، لکشمی دودھ کے حوض میں اچھل رہی ہے، یا زیورات اور اناج سے لدی ہوئی شاداں و فرحاں جا رہی ہے کوئی شہزادی موت و حیات کی کشمکش میں مضطرب نظر آتی ہے ایک عورت نزع کے عالم میں اپنے شوہر کا منہ حسرت سے تک رہی ہے ایک عورت خوشی میں مست ناقوس پھونک رہی ہے، مایا بدھ کی ولادت کا خواب دیکھ کر بستر سے اچھل پڑتی ہے، کہیں عورتیں راجہ کی تخت نشینی کے موقع پر انسانوں کی قربانی کرتی نظر آتی ہیں اور قربانیوں کو طشت میں لئے نظر آتی ہیں،

یورپی آرٹ تمثیلی ہوتا ہے اور ہندی آرٹ تخیلی اس لئے اسمیں مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے پچاس عورتیں ایک راجہ کے گرد پروئی ہوئی دکھائی دیتی ہیں جس سے راجہ کی خوش قسمتی جتانا مقصود ہوتا ہے۔ یا کسی دیوی کو چھ ہاتھ اور تین سر بنائے ہوتے ہیں جس سے دیوی کی طاقت ظاہر ہوتی ہے، ہندی آرٹ کا اصول یہ ہے کہ آرٹ عورت کے لئے ہے نہ عورت آرٹ کے لئے، اس لئے آرٹ کے اصول عورت کے لئے وضع کئے اور توڑے جا سکتے ہیں،

ہندی آرٹ میں عورت کی حیثیت کیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جو درجہ عورت کو سماج میں حاصل ہے اس سے بھی بلند رتبہ اسے آرٹ میں نصیب ہے، وہ ایک باحشمت رانی، ایک شفیق ماں اور ایک وفادار کنیز کے فرائض حسن و خوبی سے سرانجام دیتی ہے۔ اگر بدارواح بدھ کو ورغلانے کے لئے عورت کی شکل اختیار کرتی ہیں تو اس کا معزز حلقہ بھی عورتوں کے وجود سے خالی نہیں، اگر وہ بھکارن بن کر بھی آتی ہے تو اس کی شان میں فرق نہیں آتا، ہندی آرٹ نے دیویوں سے بڑھ کر معمولی عورتوں کی تشکیل میں حصہ لیا ہے، اور یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ ہندوستان میں ہر عورت واقعی ایک دیوی ہے،

مغلوں کے زمانے میں بھی آرٹ کو بہت فروغ ہوا، قدرشناس بادشاہوں نے مصوروں کے دامن موتیوں سے بھر دیئے۔ ہند کے طول و عرض سے مصور بادشاہ کے حضور میں اپنا کمال دکھانے آتے تھے اور خاطر خواہ انعام پاتے تھے۔ بادشاہ کی فیاضی کا شہرہ دور دور تک پھیلا ہوا تھا، ایران اور اطالیہ سے مصور کھنچے آتے تھے، اطالوی مصور بنتی کی تصویر سینٹ سیسیلیا (جو موسیقی نوازی کے لئے مشہور ہے) کی موت اس بات کا زندہ ثبوت ہے، کئی مصور اسی خدمت پر مامور تھے کہ بادشاہ، ملکہ اور شہزادیوں کی تصویریں کھینچیں، سیر و شکار کے مناظر جشن مسرت اور دربار شاہی ایسے موقعوں پر مصور کو بھی اپنا کمال دکھانا پڑتا تھا، اکثر مغل شہزادیوں کی تصویریں دستیاب ہو سکتی ہیں۔ شہزادیاں مینا بازار یا سیر و شکار میں بادشاہ کے ساتھ نظر آتی ہیں، ایک موقع پر ملکہ نورجہاں بادشاہ جہانگیر اور شہزادہ خرم کی خاطر و مدارات میں مصروف نظر آتی ہے، مغل عہد کی تصویروں میں عورت ایک شگفتہ پھول کی طرح ہے، وہ خود خوش ہے اور دوسرے اسے دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔

"راجپوت سکول" کی تصویروں میں عورت کو سکون کی حالت میں دکھایا جاتا ہے اور اس سکون پر مردہ دلی کا شبہ ہوتا ہے۔ عورت سر جھکائے بیٹھی ہے اور چاروں طرف کنیزیں خدمت کے لئے دست بستہ کھڑی ہیں، گویا ایک مورتی سامنے ہے اور پجارنیں پوجا کر رہی ہیں،

کانگڑہ سکول کی تصویروں میں وجاہت نظر آتی ہے، عورت میں "راجپوت سکول" والی نزاکت کا پتہ نہیں چلتا، لیکن دیکھنے والا ضرور اس کے رعب سے متاثر ہوتا ہے، "بنگال سکول" کی تصویروں میں نفاست ہوتی ہے لیکن اعضا کے تناسب کا زیادہ خیال نہیں رکھا جاتا، بمبئی پنجاب اور دوسرے سکولوں کے کارنامے بھی قابل قدر ہیں لیکن

ان پر فرداً فرداً بحث کرنے کی یہاں گنجائش نہیں۔

ابانندر ناتھ ٹیگور، ٹھاکر سنگھ اور پروفیسر اللہ بخش کی مساعی کو نگاہِ استحسان سے دیکھا جائے گا، کیونکہ یہ تینوں مصور عورت کی دیہاتی زندگی کے نظر فریب نقشے کھینچا کرتے ہیں، سادگی ہندوستانی تہذیب اور ہندی عورت کا نمایاں وصف ہے۔ خان بہادر عبدالرحمٰن چغتائی کے آرٹ کو بہت سراہا بھی گیا ہے اور تضحیک کا نشانہ بنانے کے لیے بھی اکثر اسی کو منتخب کیا جاتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ چغتائی شاعر ہے جس نے بحر و قافیہ کی جگہ رنگ و خط کو اپنا ذریعہ اظہار بنایا ہے، اس کی تصویروں میں عورت کی ایک خیالی شکل نظر آتی ہے اور گو وہ اصل کے مطابق نہ بھی ہو لیکن اس میں ایسا حسن ہوتا ہے کہ مصور اس کے کھینچنے میں حق بجانب ہے، مصور کو بھی وہی آزادی حاصل ہے جو شاعر کو، جس طرح شاعر کے کلام میں معشوقہ کے لیے لازمی نہیں کہ وہ چکی پیستی یا کوئیں سے پانی نکالتی، یا کشیدہ کاڑھتی یا دودھ دوہتی نظر آئے، بلکہ وہ کبھی ساقی بنتی ہے، کبھی مطربہ، کبھی گل کبھی شمع کبھی قاتلہ، کبھی محل نشیں، اسی طرح مصور اس کی مبالغہ آمیز تصویریں کھینچے تو اس کے لئے کوئی گرفت نہیں، البتہ جس طرح کسی شاعر کے طرزِ سخن کو ہدفِ اعتراض بنانا ایک رواج ہو گیا ہے، اسی طرح کہہ سکتے ہیں کہ چغتائی کامیاب مصور ہے لیکن اپنے انداز کا جیسے ایک شاعر کو کہتے ہیں کہ وہ کامیاب ہے لیکن لکھنؤ سکول کا ہے۔

ہر زمانہ آرٹ سے کچھ نہ کچھ تقاضا کرتا ہے، پہلے زمانہ نے دیویوں کے بت بنوائے، پھر مذہب نے علم داران نجات کے بت ترشوائے، انقلابِ فرانس کے رہنماؤں نے آزادی، اخوت اور مساوات کے بت ترشوائے، شاہجہاں نے ممتاز محل کا مقبرہ بنوایا، دورِ حاضرہ میں سوویٹ روس نے اپنی مفلسی اور باہمت ارادوں کا ایک مجسمہ ڈھونڈنا چاہا اور دیکھا کہ ایک مفلس اور جفاکش عورت اس کی حالت کی مظہر ہے، اس لیے اس کی تصویریں بنا کر انہیں نوٹوں پر چھپوایا ملک کے ہر کونے میں پہنچائیں، اسی طرح ہندوستان سے بھی زمانہ یہ تقاضا کرتا ہے کہ ایک ستم زدہ مگر پر امید عورت کا غیر فانی مجسمہ بنائے جس کا نام ہو "مادرِ ہندوستان"

عطاء اللہ کلیم

رباعیات

ہنگامۂ زیر و بم
بیداد کو کیوں نہ داد سمجھا جاتا
کوئی ہوتا تو ضرور دھوکا کھاتا
یہ بھی تھیں تمہیں کہ دکھائی بھی کچھ دیتا
ہنگامۂ زیر و بم نظر کیا آتا

سبد رنگا نات
تحقیق ہے کل جہاں کا مصدر تو ہے
تصدیق ہے تو ہے اور مقرر تو ہے
اے میکشِ تصور کے حقیقی معروض
اے خیر عرض ہے اور جوہر تو ہے

حکیم آزاد انصاری

غزل

تا بہ دامن، وسعتِ چاکِ گریباں کیجئے
بن پڑے تو ہوش میں وحشت کا ساماں کیجئے

چشمِ نظارہ کو خیرہ دل کو حیراں کیجئے
آئیے کچھ ہمّتِ دیدارِ جاناں کیجئے

کیجئے اجزائے ہستی کو پریشاں کیجئے
اور ان کو پھر غبارِ کوئے جاناں کیجئے

اس کو بالیں پر بلانے کا یہ ساماں کیجئے
گُل، دمِ آخر سے شمعِ بزمِ امکاں کیجئے

بن گئیں دل کی کھٹک رگہائے جاں پیش از بہار
آج اس کانٹے کو ہم رنگِ گلستاں کیجئے

اپنی ہستی ہے تو پھر اس کا تصور ہے محال
ہوش کو بربادِ راہِ دشتِ امکاں کیجئے

ہے یہی وسعت عدم کی، ہے یہی حدِّ وجود
یا نہیں کر دیجئے یا ناز سے ہاں کیجئے

ہو گئی ہستیٔ فانی نذرِ کیفِ بے خودی
آئیے اب دوسری ہستی کا ساماں کیجئے

شوق سے ہم کو کمالِ ہمّتِ غم دیجئے
لیکن اس کو کیجئے دل، یا اسے جاں کیجئے

دیجئے بے تاب دل کو درسِ اندازِ سکوں
پہلے اس شعلے کو مشتِ خاکِ انساں کیجئے

ہے ادب کا ترک، یہ ہنگامۂ بحثِ وجود
کھوئیے اپنے کو تو پھر اس کا ارماں کیجئے

اپنے اندازِ نظر سے دیکھیے بزمِ جہاں
یعنے تابِ دل کو شمعِ سرِ شبستاں کیجئے

جی میں ہے یوں آج سنئے نغمۂ سازِ حیات
دل کو مضرابِ سرِ تارِ رگِ جاں کیجئے

ہے جہاں میں سب سے آگے سرحدِ ادراکِ عشق
یعنے دل کو بے نیازِ کفر و ایماں کیجئے

اس کا جلوہ دیکھ کر اپنے کو بھولا آپ ہی
کس کے آگے آہ اب دعویٰ عرفاں کیجئے

ان کے لب، برقِ تبسم، رنگِ رخ موجِ نشاط
آئیے نظارۂ فصلِ بہاراں کیجئے

گردشیں اب دہر کی کہتی ہیں کیفی! کیا کہوں؟
زندگی بھر شکوۂ جورِ عزیزاں کیجئے

کیفی چریاکوٹی

"للّی کا بیاہ"

پہلا ایکٹ

لاہور میں نیو روڈ پر ایک کوٹھی ہے اس کے ڈرائنگ روم میں جو ولایتی ساز و سامان سے آراستہ ہے جے کشن مدن کو پڑھا رہا ہے۔ جے کشن نے ٹینس کے کپڑے پہن رکھے ہیں۔ ریکٹ پاس ہے گویا پڑھانے کے بعد ٹینس کھیلنے کے لئے جانے والا ہے۔

وقت تقریباً چار بجے سہ پہر۔

مدن (پڑھتے پڑھتے باتیں کرنے لگتا ہے) ہمارا ایک ماسٹر ہے۔ کانا سا۔ وہ روز لڑکوں سے پوچھتا رہتا ہے "لڑکو! تمہاری گلی میں کوئی مکان ہے؟" کل کدار ابول اٹھا۔ ماسٹر جی مکان تو ہیں مگر خالی کوئی نہیں"۔ ہم سب ہنس پڑے اس پر ماسٹر نے اسے دو چپت لگائے اور بولا شریر لڑکا شرارت کرتا ہے" ہم سب میں تو اس کا نام ٹنڈا پڑ گیا ہے۔

جے کشن۔ تم باتیں بہت کرتے ہو سبق بھی سناؤ گے یا نہیں۔ چلو جلدی کرو۔

مدن۔ اس کا سر تو نرا ٹنڈا ہے۔

جے کشن۔ اگر سبق نہ سناؤ گے تو میں رائے صاحب سے کہہ دوں گا

مدن۔ وہ اس وقت گھر میں ہیں کہاں! (سبق سنانا شروع کرتا ہے اور جے کشن اردو کے الفاظ کے معنی سمجھانے کی کوشش کرتا ہے)

میں پانی پی آؤں جی! مجھے بڑی پیاس لگ رہی ہے۔

جے کشن۔ چلو بھاگو۔ جلدی آنا وہاں کھیل میں نہ لگ جانا۔ اور سنو مائی بدھاں کے ہاتھ میرے لئے بھی پانی کا ایک گلاس بھیج دینا (مدن پانی پینے کے لئے چلا جاتا ہے کنول کے باجہ بجانے کی آواز آ رہی ہے جے کشن مدن کی کاپی درست کرتے ہوئے باجے کے سروں پر تال بجاتا جاتا ہے۔ پھر کاپی ایک طرف پھینک کر کرسی پر لیٹ جاتا ہے۔ بدھاں پانی کا گلاس لاتی ہے)

جے کشن۔ کہو مائی! کیا کچھ ہوا ہے۔ کوئی بھلی خبر سناؤ۔

بدھاں۔ ہوا کیا ہے۔ وہی روز ہوتا ہے۔ بھلی خبر کوئی نہیں نہ کوئی ہوتی نظر آتی ہے۔

جے کشن۔ پھر بھی کوئی فیصلہ ہوا ہے یا نہیں؟

بدھاں۔ فیصلہ کوئی نہیں ہوا اور نہ ہوتا نظر آتا ہے۔

جے کشن۔ صاف کہو نا کیا کچھ بات چیت ہوتی ہے۔ میری نسبت کوئی بات نہیں ہوئی؟

بدھاں۔ ہوتی کیوں نہیں۔ ہر روز ہوتی ہے۔ مگر آگے بات چلے بھی۔ پر میں کہتی ہوں چلے بھی کیسے ایک دوسرے کی کوئی مانتا تو ہے نہیں۔ بڑے رائے صاحب تو بہتیرا زور لگا رہے ہیں۔ مگر نہ صاحب مانتا ہے نہ بڑھیا بڑھیا تو بالکل اس طرف آتی ہی نہیں۔

جے کشن۔ ہوں! ہوں!! اچھا پھر اور کچھ صلاح؟

بدھاں۔ اور بھی بس توبہ ہی بھلی ہے۔ کیا کہوں جو بات صاحب کرے وہ بڑھیا اور رائے صاحب نہیں مانتے۔ جو بڑھیا کرے اس کو صاحب اور رائے صاحب نہیں مانتے اور جو بات رائے صاحب کریں اس کو صاحب اور بڑھیا نہیں مانتے۔

جے کشن۔ ہیں! ہیں! میری سمجھ میں نہیں آیا پھر کہو صاف صاف

بدھاں۔ کہوں کیا بس ہر کوئی اپنی اپنی چلاتا ہے۔ بڑھیا تو ٹھیکے دار دل کے لڑکے کے لئے بڑا زور لگا رہی ہے۔

ویانس کی عشرت گاہ

جے کشن۔ اچھا بی بی کی کیا صلاح ہے؟

بدھاں۔ کچھ بھی نہیں۔ اس کی کوئی پوچھتا ہے نہ وہ کچھ کہتی ہے۔

جے کشن۔ رائے صاحب تو مجھ سے بہت خوش معلوم ہوتے ہیں۔ باتوں باتوں میں پوچھ کچھ بھی بہتیری کرتے رہتے ہیں۔

بدھاں۔ خوش ہوتے رہیں ان کی سنتا کون ہے۔

جے کشن۔ پھر تو کام خراب ہوا سائی!

بدھاں۔ بڑھیا تو آج بھری بیٹھی ہے کہتی تھی میں آج منوا کے رہونگی۔

جے کشن (ایک چٹھی دیتے ہوئے) یہ کنول کو دے دینا اور کہنا جو فیصلہ ہو مجھے لکھ کر بھیج دے۔ چٹھی وہیں پھاٹک کے پاس رکھ دینا۔

بدھاں۔ جہاں پہلے رکھی تھی؟

جے کشن۔ ہاں ہاں جلو اب جلدی کرو۔ مدن کو بھیج دینا۔

(رائے صاحب کی آواز سنائی دیتی ہے "او بیلی ارے او بیلی حقہ بھر کے لا")

چل بائی بھاگ! دیر نہ کر

(بدھاں چلی جاتی ہے)

(رائے صاحب پرانے فیشن کے بزرگ ہیں دو سال تک ان کی عمر پورے ساٹھ برس ہو جائے گی۔ ڈاڑھی صفا چٹ ہے مگر مونچھیں گھوں کے نیچے لٹک رہی ہیں۔ توند بڑھی ہوئی ہے تنگ پاجامہ اور فراک کوٹ پہنتے ہیں۔ پاؤں میں اکثر گٹھیا کا درد رہتا ہے اس لئے ذرا دقت سے چلتے ہیں۔ باہر سے سیدھے ڈرائنگ روم میں آئے ہیں)

رائے صاحب۔ اچھا جے کشن تم ہو۔ مدن کہاں گیا ہے۔

جے کشن۔ (کھڑا ہو کر) آداب عرض ہے۔ ابھی پانی پینے کے لئے بھاگ گیا تھا اور میں اس کی کاپی ٹھیک کر رہا تھا ذرا۔

رائے صاحب۔ بڑا پاجی ہے۔ پڑھنے میں تو اس کا ذرا جی نہیں لگتا۔

جے کشن۔ رائے صاحب! بچے سب اسی طرح کرتے ہیں۔

رائے صاحب۔ نہ بھئی جب ہم پڑھتے تھے تو پڑھنے ہی میں دن رات ایک کر دیا کرتے تھے۔ کتاب ہاتھ سے اس وقت چھوٹتی تھی جب حفظ ہو جائے۔ گلستاں ہمیں ابھی تک یاد ہے۔

آں نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پشت من
ایں منم کاندر میان خاک و خوں بینی سرے

(اتنی دیر میں مدن آ کر رائے صاحب کے پیچھے کھڑا ہو چکا ہے۔ جوں ہی ان کی بات ختم ہوتی ہے۔ وہ زور سے تڑاق کی آواز نکالتا ہے رائے صاحب اچانک ڈر جاتے ہیں اور اٹھ کر مدن کو پکڑنے کے لئے دوڑتے ہیں وہ بھاگ کر کوچ کے پیچھے جا کھڑا ہوتا ہے)

رائے صاحب (درد کی تکلیف سے) اوئے۔ اوئے۔ اوئے۔ پکڑنا جے کشن اس کو لاؤ میرے پاس میں اس کا دو کانوں میں سر کروں۔

مدن۔ ہوں! ہوں!! میں نے کیا کیا ہے؟

رائے صاحب۔ کیا ہے اپنا سر۔ مجھے ڈرا دیا ہے۔

مدن۔ آپ تو خواہ مخواہ ڈر جاتے ہیں۔

رائے صاحب۔ اتنی دیر کر کے کیوں آئے ہو۔

مدن۔ میں کیا کرتا جی بلکھی پانی نہ دیتا تھا۔

رائے صاحب۔ تم نے ضرور اس کو تنگ کیا ہوگا تم بڑے شیطان ہو

مدن۔ بابا جی! آپ خواہ اس سے پوچھ ہی لیجئے۔

رائے صاحب۔ (ایک آرام کرسی پر بیٹھتے ہوئے) خئے بدرا بہانہ بسیار۔

مدن۔ (اردو پڑھتے ہوئے غلطیاں کرتا ہے۔ رائے صاحب تلفظ درست کرتے ہیں) آگے مجھے نہیں آتا جی۔

رائے صاحب۔ چلو ایک ٹانگ پر کھڑے ہو جاؤ اور یاد کرو۔ ہر ایک لفظ کو دس دس مرتبہ دہراؤ۔

جے کشن۔ جناب یہ (intelligent) تو کافی ہے اگر ذرا دھیان لگا کر پڑھے تو لائق ہو جائے۔

رائے صاحب (Same old story, Jai Kishan!) امیروں کے بیٹے پڑھ چکے دھیان لگا کر جانتا ہے کہ باپ ڈھیروں کے ڈھیر دولت کماتا ہے پھر مجھے پڑھنے کی کیا ضرورت ہے۔

جے کشن۔ جی نہیں ابھی بچہ ہی تو ہے کھیل کود اور شرارت میں زیادہ جی لگتا ہے بڑے ہونے کے بعد خود ہی عقل آ جائے گی۔

رائے صاحب۔ بڑا ہو کر یہ کون تیس مار خاں بن جائے گا۔ ہونہار کے عنوان ہی اور ہوتے ہیں۔ شیخ سعدی نے کہا ہے۔

بالائے سرش ز ہوشمندی
می تافت ستارۂ بلندی

اسے کب عقل آئے گی عقل اس کے باپ کو کب آئی تھی۔ وہ بھی بچپن میں اسی طرح کیا کرتا تھا آخر الیف اے میں فیل ہو کر ہمت ہار بیٹھا

جے کشن۔ فیل ہونا ان کو تو بہت راس آیا اپنے Business میں ہزاروں کی آمد بتا رہے ہیں

رائے صاحب۔ شیخ سعدی نے کیا خوب کہا ہے

اگر روزی بدانش برفزودے
ز ناداں تنگ روزی تر بودے

وہ تو بھلا ہو جرمنوں کا جنہوں نے جنگ چھیڑ دی۔ اگر جنگ نہ چھڑتی تو کچھ بھی نہ ہو سکتا یہ تو چانس ہو گیا۔

جے کشن۔ But Chance is an important part of life

رائے صاحب۔ بھئی ہمارا تو یہ عقیدہ نہیں۔ آدمی وہ جو اپنی ہمت سے کچھ کر کے دکھائے۔ چانس وانس پہ بالکل بھروسہ ہی نہ رکھے۔ آپ اپنے پاؤں پر کھڑا ہو۔

مدن۔ اور اگر پاؤں پر کھڑے کھڑے تھک جائیں تو؟ مجھ سے نہیں اب کھڑا ہوا جاتا۔ اور مجھے پیاس بھی لگ رہی ہے اور باتھ روم بھی آیا ہے

رائے صاحب۔ ہے پاجی! بہانے۔ بالکل بہانے۔ سارا دن اچھل کود، پھلانگ دوڑ، حال ہے کہیں دو گھڑی آرام سے بیٹھ کر پڑھ بھی لے۔ چلو بھاگو یاد رکھنا رات کے وقت یہ سبق میں تم سے سن لوں گا۔

مدن۔ اب جو آپ نے سن لیا ہے۔ میں اب کل سناؤں گا۔

رائے صاحب۔ جے کشن! مرد کو اپنی ہمت کے بل پر کھڑا ہونا چاہیئے۔ ہمت مرداں مدد خدا۔

مشکلے نیست کہ آساں نشود
مرد باید کہ ہراساں نشود

سچ تو یہ ہے کہ مجھے تم اسی وجہ سے زیادہ عزیز ہو بھئی ہمارا اپنا ہمیشہ یہی اصول رہا ہے۔

جے کشن۔ خیر رائے صاحب میں تو مجبور بھی ہوں اور میں کر ہی کیا سکتا ہوں!

رائے صاحب۔ واہ کر کیا سکتے ہو! وہی جو تمام لڑکے کرتے ہیں۔ والدین سے خرچ منگا سکتے ہو۔

جے کشن۔ پہلے ان کی بات مان لوں تو خرچ بھی منگاؤں اور میں مان نہیں سکتا کہتے ہیں بیاہ کر لو۔ امتحان بھی بعد میں دو پہلے جلدی سے بیاہ کر لو۔

رائے صاحب۔ واہ! واہ! تو تمہیں اور کیا چاہیئے؟ اس میں برائی کونسی ہے؟

جے کشن۔ بیاہ کیسے کر لوں جناب خبر نہیں لڑکی کیسی ہے کیسی نہیں؟

رائے صاحب۔ لڑکیوں جیسی لڑکی ہو گی اور کیسی ہو سکتی ہے۔

جے کشن۔ جی ہاں ایک ان پڑھ دیہاتی لڑکی سے بیاہ کر کے بلا گلے ڈال لوں نہ ادھر کا رہوں نہ اُدھر کا۔

رائے صاحب۔ بھئی ہم تو سن چکے ہیں کہ پڑھی ہوئی لڑکیاں آفت کی پڑیا ہوتی ہیں۔

جے کشن۔ رائے صاحب بن دیکھے بوجھے شادی کا مطلب کیا ہوا۔ خواہ مخواہ کسی کو کسی کے گلے باندھ دیا جائے یہ اچھا بیاہ ہے

رائے صاحب۔ بھئی ہم نے تو کچھ دیکھا سنا تھا نہیں۔ جیسے ماں باپ نے کہا ہم نے چپ چاپ مان لیا۔ دیکھ لو آخر عمر گذر ہی گئی ہے۔

جے کشن۔ رائے صاحب۔ آپ کی بات الگ ہے۔ میں نہیں سمجھ سکتا ایک educated آدمی کس طرح ایک uneducated wife کے ساتھ Hahhy ہو سکتا ہے

رائے صاحب۔ یہ سب باتیں ہیں۔ اب ہمارے گھر میں بی۔ اے پاس تھوڑی ہی ہیں بلکہ بی اے تو ہم نے خود بھی پاس نہیں کیا

جے کشن۔ پھر بھی رائے صاحب ایسی شادی کا کچھ لطف نہیں۔

رائے صاحب۔ لطف وطف کی بات چھوڑو۔ بیوی پڑھی ہوئی ہو یا ان پڑھ بس چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیری رات ہے۔ پہلے پہلے ہر ایک کی مزے سے گذرتی ہے۔ آٹے دال کا بھاؤ تو بعد میں آ کر معلوم ہوتا ہے۔

جے کشن۔ پھر تو شادی بالکل کرنی ہی نہ چاہیئے۔

رائے صاحب۔ نہیں نہیں میرا یہ مطلب نہ تھا تم سمجھتے ہو کہ تعلیم یافتہ یا غیر تعلیم یافتہ میں کچھ فرق پڑ جاتا ہے۔ نہیں۔ صنو بیویاں دو قسم کی ہوتی ہیں ایک نرم مزاج ایک گرم مزاج۔ توبہ! ان گرم مزاج والیوں سے خدا کی پناہ۔ پڑھی لکھی ہوں یا ان پڑھ دونوں پر لعنت۔ لیکن نرم مزاج والیوں کا تو کوئی مقابل نہیں۔ خوش قسمت ہیں وہ جنہیں ایسی بیویاں مل جائیں۔

جے کشن۔ رائے صاحب پھر مزاج کے متعلق کچھ معلوم ہو تو کیونکر بھلا جبکہ شکل تک نہ دیکھی ہو اس کے مزاج کے متعلق آدمی کیا کہہ سکتا ہے۔ پھر ہوئی بھی نرمی گنوار یہ بڑی خطرناک بات ہے۔

رائے صاحب۔ تمہارے والدین کو تو بہت صدمہ ہوا ہوگا!

جے کشن۔ مجھے خود بہت صدمہ ہے رائے صاحب! لیکن میں کروں کیا اگر وہ مجھ سے بن پوچھے سگائی کر چکے ہیں تو میرا اس میں کیا قصور ہے۔ انہیں لاکھ سمجھایا کہ مجھے ایسی شادی کرنی ہی نہیں وہ کہتے ہیں ہم قول دے چکے ہیں تمہیں شادی ضرور کرنی پڑے گی۔

رائے صاحب۔ پھر!

جے کشن۔ پھر کچھ بھی نہیں۔ میں تو بالکل انکار کر چکا ہوں MOTHER کہنے لگیں اگر تمہیں لڑکی پسند نہیں تو پھر کیا ہرج ہے ہمیں تو پسند ہے نا۔ اس وقت تم شادی کر لو بعد میں اپنی مرضی سے ایک اور شادی کر لینا۔ بلکہ اس طرح دو گھروں سے دان دہیز آ جائے گا۔

رائے صاحب۔ بات تو مزے دار ہے جے کشن! لیکن کہیں اس پر عمل نہ کر بیٹھنا بیوی ایک بھی اچھی نہیں ہوتی۔ دو آ گئیں تو بالکل ہی کہیں کے نہ رہو گے۔

جے کشن۔ تو بہ کیجئے جناب۔

رائے صاحب۔ اچھا تمہیں خرچ دینا بالکل بند کر چکے ہیں اب گذر کیسے ہوتی ہے

جے کشن۔ بہت اچھی طرح۔ بھگت گنیشی لعل کے دفتر میں گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ Correspondence کر لیتا ہوں پچیس تیس روپے وہ دے دیتے ہیں۔ باقی آپ کی مہربانی سے بیس تیس مل جاتے ہیں۔

رائے صاحب۔ شاباش! والدین کے ساتھ تمہارا بگاڑ مجھے پسند نہیں لیکن خیر تمہاری ہمت کی تعریف کئے بغیر میں رہ نہیں سکتا۔ بھئی تم کسی دن کچھ بن کے رہو گے۔

جے کشن۔ آپ کی مہربانی شامل حال چاہئے۔ اب بھگت صاحب میرے پیچھے لگے ہیں کہتے ہیں تمہاری شادی کا بندوبست کرتے ہیں لیکن بات پھر وہیں رہ جاتی ہے۔

رائے صاحب۔ بھگت بڑا بارسوخ ہے وہ تو شادی بھی کسی اچھی جگہ کرے گا۔

جے کشن۔ ذرا پرانے فیشن کے آدمی ہیں سو ویسے ہی ان کے match بھی ہیں۔

رائے صاحب۔ تو تمہیں بیوی کوئی نئے فیشن کی چاہئے۔ ہے ہاں ٹھیک بات! اس لئے تمہیں کوئی جگہ پسند نہیں آتی۔

جے کشن۔ سچ ہے رائے صاحب! ہو تو اپنی مرضی کے مطابق۔ ورنہ کچھ ضرورت ہی نہیں۔ دوسرے جلدی کس بات کی ہے ابھی تو مجھے امتحان دینا ہے۔ پھر کوئی JOB بھی تلاش کرنی ہوگی۔

رائے صاحب۔ ارے بھئی بعض وقت جھٹ میرا بیاہ اور پٹ مجھے JOB کا معاملہ بھی ہو جاتا ہے۔ لڑکی والے خود JOB ڈھونڈتے پھرتے ہیں وہ ہوا کرتا تھا رادھا رام اب تو بیچارہ مر بھی چکا ہے۔ جس وقت وہ ریٹائر ہوا پوسٹ آفس کا سپرنٹنڈنٹ تھا۔ ادھر اس کے داماد نے بی اے پاس کیا ادھر یہ اسے لے کر بڑے صاحب کے دروازے پر جا بیٹھا کہ صاحب میری اسامی میرے داماد کو دلوائیے صاحب نے بہتیرا ٹال مٹول کیا۔ گھڑکا، جھڑکا مگر وہ دروازہ روک کر بیٹھ گیا کہنے لگا صاحب میں تب اٹھوں گا جب نوکری لے لوں گا۔ ساری عمر سرکار کی خدمت میں گذر گئی اب اور کہاں جاؤں۔ آخر صاحب نے تنگ آ کر انسپکٹر بنا دیا۔

جے کشن۔ اچھا انسپکٹر!

(کوپر صاحب رائے صاحب کا بیٹا انگریزی لباس پہنے سیگار سلگاتا ہوا اندر آتا ہے)

صاحب۔ Hullo, Jackson! How is the world treating you?

جے کشن۔ Not so bad! Thanks!

صاحب۔ Going for tennis?

جے کرشن (چونک کر) ارے آج تو میرا match ہے رگھڑی دیکھ کر، آداب عرض رائے صاحب۔ I must run. Good Bye, Mr. Cooper!

صاحب۔ Bye, Bye! Nice boy, that, but un-lucky!

بیلی۔ (ڈاک لاتا ہے) چٹھیاں ہیں سرکار!

بھگت جی۔ (باہر ہی سے) رائے صاحب! رائے صاحب گھر میں ہیں آپ؟ ارے بیلی! او بیلی!

صاحب۔ کون ہے یہ؟ عجب بے ہنگم آدمی ہے۔

بیلی۔ بھگت جی ہیں سرکار! (وہی میل بھر کے فاصلے سے آوازیں دینے لگ جاتے ہیں۔

صاحب۔ بھگت! Damn! میں یہاں نہیں ٹھہر سکتا۔

(صاحب اندر کے کمرے میں چلا جاتا ہے)

رائے صاحب۔ بھاگ کے جا بیلی! اور چلم بھر کے لا۔

(بھگت جی کی عمر کوئی پچاس پچپن سال کے قریب ہوگی ڈھیلا ڈھالا پاجامہ، کوٹ اور لٹھے کا صافہ پہنے ہوئے ہیں۔ توند نکلی ہوئی ہے ہاتھ میں موٹی سی پہاڑی لکڑی ہے سفید خشخشی ڈاڑھی ہے۔ اندر آنے سے پہلے بوٹ دروازے میں اتار لیتے ہیں پھٹی ہوئی جرابیں نظر آرہی ہیں)

رائے صاحب۔ آئیے! آئیے۔ آج تو مدت کے بعد درشن ہوئے

بھگت جی۔ مہاراج کب سے آنا آنا کہہ رہا تھا مگر کچھ نہ پوچھیے دنیا کے دھندے کہیں دم لینے نہیں دیتے۔ ہوشیارپور سے سرکاری نیلام کرانے کے بعد آیا ہی تھا کہ رام رکھا مل، لڑکا دیکھنے کے لئے سیالکوٹ لے گیا۔

رائے صاحب۔ یہ رام رکھا کون ہے۔

بھگت۔ آپ نہیں جانتے اچھا کھاتا پیتا آدمی ہے۔ مہاراج اس کے دادا اور ہمارے دادا ساتھ کے کھیلے ہوئے تھے۔ تب سے آپس میں میل جول چلا آتا ہے۔ پرانے وقتوں کی باتیں ہیں ورنہ آج کل کون کسی کی پوچھتا ہے۔ اس کی لڑکی ہے بارہ چودہ سال کی۔

رائے صاحب۔ اچھا اس کے لئے لڑکا پسند کرنے گئے تھے؟ پسند آیا؟

بھگت جی۔ چپ ہی بھلی مہاراج! بس دیکھ کر ہی سیر ہو گئے۔ نرا بندر کا بندر۔ ریوڑی سی جیسی ناک۔ ہم نے رام رکھا سے کہا چل رے بابا بھاگ یہاں سے مہاراج کچھ شکل و صورت ہو کوئی عقل کی رتی نظر آئے تو آدمی بات کرتا بھی بھلا معلوم ہوتا ہے

رائے صاحب۔ بھگت جی لڑکوں کا معاملہ آج کل بہت ٹیڑھا ہو گیا ہے

بھگت جی۔ کیا بتائیں لڑکے ملتے ہی نہیں آج کل۔ مہاراج میرے پاس اس وقت دس رہتے ہیں۔ لڑکیاں کنواری بیٹھی ہیں۔ ماں باپ کنوئیں جھانک رہے ہیں مطلب کے لڑکے ملتے ہی نہیں اگر برا اچھا ہے تو گھر اچھا نہیں۔ گھر اچھا مل جائے تو برا اچھا نہیں ملتا ہے۔ جناب ادھر لڑکیوں والے بھی دکاندار لڑکے کو سرے سے پسند کرتے ہی نہیں۔ سب یہی الاپتے ہیں پڑھا لکھا ہو۔ نوکر ہو۔ یہ ہمارا گورنمنٹ شاہ ہے اتنی اس کی دکان چلتی ہے کہ آج ہزاروں سینکڑوں کی آمدنی ہے لڑکی جوان ہے ایسی سندر مہاراج! ہماری اپنی بیٹی ہے پر سچ مانئے صورت پر آنکھ نہیں ٹکتی۔ خود شاہ صاحب کو الف کے نام بھالا بھی نہیں آتا۔ مگر چاہتے کیا ہیں کہ لڑکا بہت پڑھا لکھا ہو۔ کوئی وکیل، جج یا بیرسٹر ہو۔ ادھر لڑکے ایسے اڑ گئے ہیں کہ پڑھی لکھی فیشن ایبل کے سوا تو بات ہی نہیں کرتے نازک نخرے والی پر مرتے ہیں ہمارے پرانے سمے بہت اچھے تھے مہاراج کوئی پڑھائی لکھائی کو جانتا ہی نہ تھا سب کی اچھی گذر جاتی تھی اب تو زمانہ ہی الٹا آگیا ہے۔

رائے صاحب۔ بھگت جی کچھ نہ پوچھئے لڑکا تلاش کرنا بڑی مصیبت ہے کئی سال ہونے کو آئے ہم خود تلاش میں ہیں۔ مگر مرضی کے مطابق لڑکا نہیں ملتا۔ ادھر ہمارے صاحب کا خیال ہے کہ لڑکا England returned ہو

بھگت جی۔ مہاراج کانوں پر ہاتھ دھریئے۔ یہ جو ولایت کا پانی پی آئے ہوں ان کا تو نام نہ لیجئے۔ رام رام! ان کی تو پرچھائیں سے بھی بھاگنا درست ہے کبھی بھول کر بھی رشتہ کرنے کا نام نہ لیجئے۔ پچھتائیے گا! ہا! ہا!! دھرم کرم ان کا نہیں عقل نہ تمیز۔ ہماری تو کسی بات کو یہ پسند کرتے ہی نہیں۔ ان سے تو بس ہمیں پوری اترتی ہیں جب تک پیسہ موجود رہا پھر اڑائے پھر تو کون ہیں کون! ٹکٹ لیا اور جھٹ ولایت جا دھمکیں۔ مہاراج ہمیں قصے اس وقت خود مجھے یاد ہیں۔ خدا بچائے بہتوں کا تو گھر بار سب فنا ہو گیا

ایک بیچارے کو خدا نے عقل دی وہ افیم کھا کر مر گیا۔ مہاراج ولایت والوں کے نزدیک نہ جائیے۔ انہیں ولایت والیاں ہی مبارک رہیں۔ ہماری بیٹیاں بھولی بھالی، شریف، حیادار، بے زبان، سیدھی سادھی ان ولایت والوں کو پسند آسکتی ہیں!

رائے صاحب۔ بھگت جی میں آپ کے ساتھ پوری طرح متفق ہوں۔ پھر دیکھئے والدین کے لئے کتنی مشکل ہے پالیں پوسیں، پڑھائیں لکھائیں گھر سے دھن دولت دیں بگڑی تک اتار کر قدموں پر رکھ دیں مگر لڑکوں کے مزاج ایسے بگڑ گئے ہیں کہ کوئی عقل و تمیز کی بات جانتے ہی نہیں گویا نیلام کی بولی ملواتے ہیں۔ کوئی موٹر مانگتا ہے کوئی کوٹھی کا راگ الاپتا ہے اور کوئی کہتا ہے مجھے ولایت جانے کا خرچ ساتھ دو۔ سنتے جائیے۔ کئی دفعہ خیال آتا ہے کہ بزرگوں کی یہ بات ٹھیک ہی تھی کہ پیدا ہوتے ہی لڑکی کا گلا گھونٹ دو۔ بھگت جی آج کل کے زمانے میں ماں باپ کا بُرا حال ہے۔

بھگت جی۔ کچھ فکر کی بات نہیں شکر خورے کو رب شکر ہی دیتا چلا آیا ہے۔ نیت کا پھل ضرور ملتا ہے مہاراج۔ جیسا آپ کا شریف گھرانہ ہے مہاراج، ویسا ہی لڑکا بھی ہونا چاہئے دیکھئے میں کب سے ایک بات آپ سے کہنا چاہتا ہوں۔ آج میں وہ بات کہہ دوں گا اور آپ کو بھی میرا کہا ضرور ماننا ہوگا۔ یہ ہمارا چھوکرا ہے جے کشن مہاراج آپ سے کچھ پوشیدہ نہیں آپ خود دانا ہیں مہاراج آنر کے ساتھ بی۔ اے پاس کر چکا ہے۔ اور دیکھ لینا ایم اے بھی آنر کے ساتھ ہی پاس کرے گا مہاراج لڑکا سچا موتی ہے ہیرے کی کنی، تیز فہم، نرم مزاج، آنکھ میں شرم، بھلا مانس گدڑی کا لال ہے گدڑی کا لال! ذرا غریب ہے مگر اس بات کا فکر کیا۔ دولت ان کی باندی ہے انسان کو دولت کا غلام نہ بننا چاہئے۔ دھن مرد کے بازو میں ہوتا ہے کہتے ہیں نا کہ حرکت میں برکت ہے۔

رائے صاحب۔ لڑکا واقعی اچھا ہنرمند ہے۔

بھگت۔ ہنرمند سا ہنرمند! مہاراج ایسا ہوشیار ہے کہ بس جھٹ پٹ چٹھی پتری لکھ کام پورا کر کے اپنی راہ لیتا ہے۔ ادھر ہم بھی کبھی کسی قسم کا فرق نہیں کرتے بس گھر کا معاملہ ہی سمجھ لیجئے۔ مہاراج اس کی مدد کر کے ہمارا جی خود بھی بہت خوش ہوتا ہے۔ اور ہم اس سے کہہ بھی چکے ہیں کہ تمہارا بیاہ کسی اونچے گھر میں کرائیں گے۔ اور مہاراج ہم کرا بھی ضرور دیں گے۔ دو تین غریب لڑکوں کو خود پڑھا لکھا کر ہم نے اپنے ہاتھوں بیاہا ہے آپ جانتے ہیں اب وہ کتنے مزے میں ہیں۔

رائے صاحب۔ بھگت جی کیا کہنے ہیں آپ کے!

بھگت جی۔ کیا کریں مہاراج اپنا لال بچہ کوئی ہے نہیں اور اولاد کا ارمان شوق بھی پورا کرنا ہوا۔ اس وقت بھی ہمارے پاس تین چار اچھے اچھے رشتے ہیں مگر جے کشن چاہتا ہے کہ لڑکی پڑھی لکھی ہو انگریزی بولتی ہو۔ یہ آج کل کے لڑکوں میں خبر نہیں کیا الٹی ہوا چل گئی ہے۔ ہمارے وقتوں میں کوئی کچھ نہ پوچھتا تھا۔ لنگڑی، لولی، کانی سب بیاہ دی جاتی تھیں۔

رائے صاحب۔ اب زمانے کے طور بدل گئے ہیں بھگت جی! اب تو لڑکی پڑھی لکھی بھی چاہئے۔ خوبصورت بھی ہو لڑکے کو پسند بھی آجائے ساتھ ہزاروں کا جہیز بھی ہو۔

بھگت۔ سب کچھ دے دلا کر اچھا آدمی پھر بھی قسمت ہی سے ملتا ہے ایسے ایسے جھگڑالو سننے میں آئے ہیں کہ بس توبہ بھلی۔ تمام عمر لڑکی کو دق کرتے رہتے ہیں۔ بس یہی کہتے ہیں اور لاؤ۔ اور لاؤ۔ لڑکی سے نہیں بلکہ روپے سے شادی کرتے ہیں اصل آدمی کسی کو بھاگوں ہی سے ملتا ہے۔

رائے صاحب۔ ہم خود فکر مند ہیں۔ لڑکی سیانی ہو گئی ہے مرضی کے مطابق کوئی لڑکا نہیں ملتا۔ ادھر صاحب کو England returned کا خبط ہے

بھگت جی۔ مہاراج سمجھائیے صاحب کو۔ خوب سمجھائیے۔ میں خود بھی سمجھاؤں گا باقی جیسی بیٹی آپ کی ویسی ہماری۔ میں نے سوچ سمجھ کر آپ کے سامنے بات کہی ہے جے کشن کے برابر شریف، لائق، ہوشیار، خوبصورت اور ہونہار لڑکا مشکل سے ملے گا۔ لڑکی بھی پڑھی لکھی لڑکا بھی پڑھا لکھا یہ تو خدا نے جوڑی ملائی ہے

رائے صاحب لڑکا تو اچھا ہے مگر گھر بار بھی تو اچھا ہونا چاہئے آپ خود دانا ہیں اچھا گھر دیکھنا بھی تو آخر ہمارا فرض ہے۔

بھگت۔ آپ کی بات ٹھیک ہے مہاراج پر ایسے لائق لڑکے کو

کمی بھی کسی بات کی نہیں ہوسکتی۔ یہ چھوٹتے ہی کوئی عہدہ پالے گا
مہاراج کہو کوں تو مرتا نہیں اس وقت بھی پچاس ساٹھ روپے
کمار ہا ہے گھر سے ایک کوڑی نہیں منگاتا تھوڑی سی بات
ہے آگے آپ کا اقبال بڑا ہے، سوچ بہت ہے ذرا سی
ہمت کیجئے گا تو لڑکے کا بندوبست ہو جائے گا۔

رائے صاحب۔ بھگت جی میرا کچھ بس نہیں چلتا۔ میں خود تنگ آگیا ہوں۔

بھگت جی۔ واہ وا مہاراج سب کچھ آپ ہی کے ہاتھ ہے سب اختیار ہی آپ کا ہے آپ ایک دفعہ حامی بھریں تو صاحب کو میں خود منوا لوں گا۔

رائے صاحب۔ میں عرض کر چکا ہوں میرے کہے کی کچھ قیمت نہیں

بھگت جی۔ مہاراج میں تو اب منہ پھاڑ کر کہہ چکا ہوں میرے کہے کی لاج آپ کو رکھنی ہوگی۔ پھر لڑکا بھی ایسا ملنا مشکل ہے

رائے صاحب۔ بہت بہتر۔ معاملہ غور طلب ہے آگے جو پرماتما کو منظور ہو۔

(صاحب آتا ہے لیکن دروازے ہی میں کھڑا رہتا ہے)

صاحب۔ مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے۔

بھگت جی Good evening! صاحب جی

صاحب Good evening! بھگت جی

بھگت۔ لو رائے صاحب ہم اب چلتے ہیں اجازت دیجئے اور وہ میری بات یاد رکھنے بھول نہ جائیے بالکل نہ بھولئے بار بار تاکید ہے ورنہ ہماری اور آپ کی ختم۔ ہی ہی ہی ہنستا ہے، رکان میں، ابھی صاحب سے بات کر لیجئے وہ، وہ ہی بات بھی یاد رکھئے۔ وہی انگلینڈ والی۔

صاحب Good bye Bhagat-ji

بھگت مہاراج! مہاراج! (جاتا ہے)

(رائے صاحب ٹرہیون پڑھتے ہیں صاحب ڈاک دیکھ دیکھ رہا ہے)

صاحب۔ پاگل ہوگئے ہیں لوگ بالکل پاگل۔

رائے صاحب۔ بالکل پاگل یہ سنو۔ Wanted a match sound in body and sound in mind for a girl of sixteen springs

Only fair coloured young men need apply with photos

ساتھ ہی testimonial بھی مانگ بھیجتے تو بہتر تھا۔ لکھنے والا ہے نہیں پاگل۔

صاحب۔ میرا مطلب یہ نہ تھا (بھیجا جاتا ہے)

رائے صاحب (اخبار کو کبھی آنکھوں کے قریب لاتے ہیں۔ کبھی دور لے جاتے ہیں جیسے کچھ ٹھیک نہ پڑھا جاتا ہو)

صاحب! یہ دیکھو تو کیا لکھا ہے حد ہو گئی بھئی

wanted a match for a young man of 83.

صاحب (ہاتھ سے اخبار لے کر) کیا کرتے ہیں آپ ۳۳ سے ۸۳ نہیں آپ نے میری بات تو ٹوک سی دی میں نے کہا تھا کہ لوگ پاگل ہو گئے ہیں۔

رائے صاحب۔ میں بھی یہی کہتا ہوں اور ساتھ ہی تم پاگل ہو گئے ہو بھلا کہیں اشتہاروں سے بھی لڑکے مل سکتے ہیں۔

صاحب۔ ہم چاہتے ہیں England returned ادھر لکھتا ہے وہی کہتا ہے مجھے testimonial بھیج دیجئے۔ ہر کوئی جانے کو تیار بیٹھا ہے۔

رائے صاحب۔ تین چار سال سے تم نے یہ کھیل بنا رکھا ہے ادھر لڑکی سیانی ہو گئی ہے اب اور کتنی دیر انتظار کرو گے England returned نہ اب تک ملا ہے نہ آگے چل کر ملے گا۔

صاحب۔ پھر آپ ہی کہئے یوں Lilly کو کہاں دھکیل دیں! اتنی اس کی education کس لئے کرائی تھی۔ کوئی suitable match ملے تب تو بات بھی ہو سکتی ہے۔

رائے صاحب۔ تمہیں صاحب suitable کوئی نہ ملے گا۔ تم چاہتے ہو سب باتیں سولہ آنے پوری ہوں یہ کبھی ہوا ہے نہ ہوگا۔ برا بھلا ہوا تو گھر خود ہی بن جائے گا۔

صاحب۔ خود کیسے بن جائے گا جی Lilly کو اتنے لاڈ پیار سے پالا اس شوق سے تعلیم دلوائی جو اس کی aspirations

یا اس کے برابر کی educated لڑکی کی aspirations ہو سکتی ہیں اُن کا خیال رکھنا بھی بہت ضروری ہے۔ جہاں جائے کوٹھی رہنے کے لئے ہو کام کاج کو نوکر چاکر ہوں سواری کے لئے موٹر ہو آگے family بھی well connected ہو۔ دوسرے سچ تو یہ ہے کہ معمولی جگہ شادی کرتے ہوئے مجھے تو شرم آتی ہے آخر دنیا کا بھی کچھ خیال چاہیئے۔

رائے صاحب۔ بات تو ٹھیک ہے مگر میرے خیال میں جے کشن بھی اچھا بھلا MATCH ہے

صاحب۔ ہاں Jacrson! Jacrson! جیکسن نام تو اچھا ہے۔

رائے صاحب۔ لڑکا خوبصورت، جوان اور ہونہار ہے عنقریب کسی اچھے عہدے پر لگ جائے گا۔

صاحب۔ لگ جانے کی کیا خبر ہے؟ جی نہیں پہلے تو کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ کوئی ENGLAND RETURNED مل جائے۔

رائے صاحب بھئی ہم تو چاہتے ہیں England چھوڑ کوئی America returned مل جائے مگر کوئی کم بخت ملے تو سہی۔ یہ تو وہی بات ہے بھینسی چڑیا چھوڑ کر اڑتی کے پیچھے بھاگنا۔

صاحب۔ آپ یوں ہی اتنی جلدی مچا رہے ہیں England Returned کہیں نیست و نابود تو ہو نہیں گئے بہتیرے آ رہے ہیں (ایک چٹھی دکھا کر) یہ دیکھئے ایک ایم۔ اے Bar-at-Law کی چٹھی ہے۔

رائے صاحب۔ اچھا بھئی تمہیں تمہاری مرضی کے مطابق مل جائے تو ہمیں اور کیا چاہیئے۔ کیا لکھتا ہے؟

صاحب (چٹھی پڑھ کر) لکھتا ہے اپنا سر بہت فضول فضول شرطیں لکھی ہیں۔

رائے صاحب۔ ذرا ہم بھی تو سنیں کیا لکھتا ہے تمہارا England returned

صاحب۔ لکھتا ہے تین شرطیں میرے باپ کی طرف سے ہیں اور دو میری طرف سے۔ لیکن ہیں پانچوں کی پانچوں Bdish ۳

رائے صاحب۔ سناؤ تو ذرا۔

صاحب۔ باپ کی شرائط تو یہ ہیں کہ اول لڑکی منگنی نہ ہو اب کوئی اس Idior کے بچے سے پوچھے کہ یہ انگلینڈ گھاس چرنے کے لئے گیا تھا کہ ابھی تک منگنی کی سنگلی اس کے گلے میں پڑی ہے۔

رائے صاحب۔ بھئی ہم نے تو ابھی تک کنول کی جنم پتری بھی نہیں بنوائی۔

صاحب۔ جنم پتری کا تو خیر فکر نہیں وہ تو جیسی کہئے آج بن سکتی ہے لیکن مجھے تو اس نالائق پر غصہ آ رہا ہے دیکھو پاجی کا بچہ Damnfool! یہ England سے ہو کر آیا ہے

رائے صاحب۔ اچھا آگے!

صاحب۔ دوسرے یہ کہ لڑکی میرے باپ سے پردہ کرے۔ دیکھئے لوگ تو پردہ ہٹا رہے ہیں یہ پردہ کرائے گا۔ اب کل کو کہے گا میری ماں سے بھی پردہ کرے بھلا Lilly سے یہ فضول باتیں پوری ہو سکتی ہیں۔

رائے صاحب۔ اور بولو۔

صاحب۔ اور شادی پرانے طریقے پر ہو گی۔ میں کہتا ہوں یہ اُلو کا پٹھا انگلینڈ کس لئے گیا تھا۔ جو بات دیکھیں وہی Reactionary ہے۔

رائے صاحب۔ کوئی اور بھی باقی ہے؟

صاحب۔ سنتے جائیے لکھتا ہے دو شرطیں میری ہیں۔ اول یہ کہ مجھے ہفتہ دو ہفتے لڑکی کے پاس رہنے کا موقع دیا جائے۔ تاکہ میں اس کے Tastes and manners کو study کر سکوں اس کے بعد میں اپنا mind mare up کر سکوں گا۔

رائے صاحب۔ لعنت ہو بے شرم پر اسے لکھ دو پھر واپس England چلا جائے۔

صاحب۔ ابھی ایک اور شرط بھی ہے کہ مجھے ۲۰۰۰۰ ہزار ایک موٹر ضرور ملے اور کم از کم Twenty thousand

سنہ زنجیر پنجابی

یعنی میرا ولایت کا خرچ بھی دیا جائے۔

رائے صاحب۔ اسے ایک موٹا سا رشتا بھانجی لینے کے لیے کیوں نہ دیا جائے۔

صاحب۔ Oh! I am sick of it! بلی کی اتنی education نہ کرائی جاتی تو بہتر تھا۔ شادی کرتے وقت افسوس نہ ہوتا

رائے صاحب۔ صاحب! میں نے تم سے زیادہ زمانہ دیکھا ہے اور یہ بھی تم جانتے ہو کہ تمہارا یا کنول کا بدخواہ نہیں ہوں پھر کیوں تم میرے تجربے سے فائدہ نہیں اٹھاتے

صاحب۔ میں سب مانتا ہوں مگر آپ کی outlook اور ہے میری اور آپ sufficiently modern نہیں ہیں

رائے صاحب۔ پھر تو یہ modern England والا کافی ہے اسی کی بات مان لو سب بگڑا تو تمہارے modern پن ہی کا ہے۔

صاحب۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں Lilly کوئی بوڑھی تو ہو نہیں گئی۔

رائے صاحب۔ اور بھئی تم ضرور اُسے بوڑھی ہوئے بعد ہی بیاہو گے صاحب ابھی تو اس کے پڑھنے لکھنے کی عمر ہے۔ برس چھ ماہ اور سہی آخر لوگوں نے England آنا جانا بند تو کر نہیں دیا۔ مجھے یقین ہے بہت suitable match مل جائے گا

رائے صاحب Soon seeking on your will Gone میں تو سمجھتا ہوں یہ خواہ مخواہ کی دردسری ہے۔ تم England returned ڈھونڈتے رہو گے لڑکی کی عمر گذر جائے گی۔ اب اسے بیسواں سال لگے گا پھر کام کا لڑکا یہاں سے بھی نہ ملے گا یہ بات غور طلب ہے زیادہ سیانے بنتے بنتے ہی کہیں خطا نہ کھا بیٹھنا۔

صاحب آپ خواہ مخواہ اتنے Pessimistic ہو رہے ہیں۔ ابھی اور تین چار سال WAIT کر سکتی ہے۔

رائے صاحب۔ ارے وہ تو WAIT کرے یا نہ کرے دنیا WAIT نہیں کرے گی۔ بھئی اگر تمہیں ایسا ہی کرنا ہے تو میں اس میں کوئی دخل نہ دوں گا۔ جو تمہارا جی چاہے کرو۔ مگر اتنا یاد رکھنا کہ

آنچہ دانا کند کند ناداں
لیک بعد از خرابی بسیار

(بڑی ماں گھبرائی ہوئی باہر نکلتی ہے)

ماں۔ کیوں جی تم نے یہ کیا تماشا بنا رکھا ہے چار سال ہونے کو آئے ہیں مجھے تمہارے ساتھ سر مارتے میری جان اندر ہی اندر فکروں میں گھل رہی ہے۔ اور تم کانوں میں روئی ٹھونسے بیٹھے ہو۔ تم کو زمانے کے برے بھلے کی کچھ خبر بھی ہے؟ کسی وقت ضرور کچھ نہ کچھ کر کے رہو گے۔

رائے صاحب۔ ہیں! ہیں!! ہوا کیا آخر!

صاحب۔ ماں بات تو کرو کیا ہوا؟

ماں۔ بات کیا کروں خاک۔ کوئی نئی بات ہے! آپ جان بوجھ کر انجان بنے بیٹھے ہیں گھر میں فیل کا فیل لڑکی بیٹھی ہے۔ خبر نہیں آپ کو چین کی نیند کس طرح آتی ہے۔

رائے صاحب۔ کیوں ہمیں تم سے کم فکر ہے! یہی تو صلاح کر رہے تھے

ماں۔ آفریں ہے تم لوگوں پر اور تمہاری صلاحوں پر! صلاحیں کرتے کرتے عمر گذر گئی پر کیا آج تک کچھ بھی نہیں۔ آپ کو تو اپنی عزت کا بھی خیال نہیں آتا۔ ادھر زمانے کو ایسی آگ لگ رہی ہے کہ توبہ بھلی

صاحب۔ ماں! ہوا کیا کوئی بات بھی کرو گی یا ایسے ہی شور مچا رکھا ہے

ماں۔ ہوش میں آؤ۔ میں شور مچا رہی ہوں! اپنے میں عقل نہ ہو تو کسی سے عقل سیکھ لینی چاہیے۔ تم تو سودائی ہو گئے ہو۔

صاحب۔ ماں دن رات جھڑکیاں دے دے کر تم سودائی بنا دو گی

رائے صاحب۔ بھئی کوئی بات بھی کہو کچھ معلوم تو ہو۔

ماں۔ (صاحب کی طرف منہ پھیر کر کے) یہ کہتی ہوں کہ آج بھی تم نے میرا کہا نہ مانا تو بس نہ میں تمہاری ماں نہ تم میرے بیٹے میرا کلیجہ اندر ہی اندر جل گیا ہے۔

صاحب۔ غضب خدا کا بات کا کچھ سر پیر بھی ہے یا نہیں؟

ماں۔ میں سب بتاؤں گی مگر پہلے میرے سر کی قسم کھاؤ۔ میرے ہی سر کی قسم کھاؤ کہ جو میں کہوں مان لو گے۔ جو گذر چکا سو گذر چکا۔ اب میں تمہاری ایک نہ سنوں گی۔ تم لوگ آنکھیں بند کئے بیٹھے ہو

رائے صاحب۔ بھئی تم بھی بڑی زبردست ہو۔ کوئی بات کرتی نہیں اور ناحق شور مچا رکھا ہے

ماں۔ جی ہاں باپ بیٹوں کو تو شور ہی سنائی دے رہا ہے۔ پر مجھے کہیں کا نہ رہنے دو گے۔

صاحب (تنگ آکر) ماں! کچھ کہنا ہے تو کہو ورنہ میں یہاں سے جاتا ہوں فضول سر کھانے سے کیا مطلب؟

ماں۔ بڑے آئے سر والے۔ اچھا میری بات سن لو مگر میرا کہا پورا نہ کیا تو میں بھی آج کچھ کر کے رہوں گی۔

صاحب (تنگ آکر اور ہاتھ جوڑ کر) اوماں! اب بخش بھی دو میں مان لوں گا سب مان لوں گا۔ جو کچھ کہو گی مان جاؤں گا تم بات تو کرو۔

ماں۔ بس بات یہی ہے کہ آج سے کولاں رکنول، کو کہیں باہر آنے جانے نہ دو کسی کالج اسکول میں نہ بھیجو۔ خاک پڑے اس پڑھائی پر دروازے سے باہر پاؤں نہ دھرنے دو۔ اور دوسرے یہ کہ جلدی سے اس کا بیاہ کر دو۔ عزت سے اپنے گھر کو چلی جائے تو یہی بڑی بات ہے۔ بہت دیر انتظار کیا۔ انتظار کرتے کرتے جگ بیت گئے۔ اس کا بیاہ کر کے سر سے بوجھ ہلکا کر دو۔ اب میں کہہ چکی ہوں اگر میری بات نہ مانی گئی تو میں آج سے اناج پانی کو منہ نہ لگاؤں گی اور جان دے دوں گی۔

رائے صاحب۔ ہیں۔ ہیں! مگر یہ خفگی کس بات پر ہے آخر ہوا کیا؟

ماں۔ ہوا کیا؟ آپ نے سنا نہیں اتنی بڑی بڑی اندھیر کی باتیں ہو رہی ہیں توبہ ہیری توبہ۔

صاحب۔ ہم نے تو کچھ سنا نہیں۔

ماں۔ نہیں سنا تو اب سن لو گے۔ اس کی تو اخباریں بھی چھپ گئی ہیں وہ کون ہے وکیل۔ بھلا سا نام ہے اس کا۔ اس کی جوان لڑکی اٹھارہ سال کی وہ بھی اسکول جاتی تھی۔

رائے صاحب۔ پھر اب ہوا کیا؟

ماں۔ ہوا کیا؟ ماں باپ کا منہ کالا ہو گیا وہ لڑکا تلاش کر رہے تھے لڑکی نے شادی ہی سے انکار کر دیا لوگ تو کہتے ہیں اس نے آپ ہی اپنے لئے لڑکا ڈھونڈ لیا ہے۔ ہائے آگ لگے اس زمانے کو۔ سنا کرتے تھے کہ کلجگ آئے گا کوٹھے اور دیواریں بھاگتے پھریں گے سو دیکھ لو ریلیں چل رہی ہیں کہتے تھے کنواریاں اپنے منہ سے برنگیں گی اب یہ بھی آنکھوں دیکھ لیا۔ کانوں سن لیا۔

صاحب۔ فضول عورتوں کی افواہیں ہیں۔ کوئی بات ہو یا نہ ہو رائی کا پہاڑ بنا دیتی ہیں۔

رائے صاحب۔ عورتوں کو اور کام ہی کیا ہے۔ سارا دن بیٹھ کر گپیں ہانکتی رہتی ہیں۔

صاحب۔ ہاں نری گپیں۔ بالکل!

ماں۔ آپ کے لئے تو گپیں ہیں اس کے ماں باپ سے جا کر کوئی پوچھے جنہیں ڈوب مرنے کو بھی جگہ نہیں ملتی۔ اس کی ماں کو تو غش پر غش آ رہے ہیں۔ مردوں نے اب نئے نئے دستور نکال لئے ہیں لڑکیاں بڑی بڑی کر کے بیاہتے ہیں ہمارے زمانے میں کوئی دستوری نہ تھا۔ مردوں کے دخل کا ماں خالائیں ہی مل جل کر سب بندوبست کر لیتی تھیں۔ ستیاناس ہو ان انگریزوں کا جن سے لوگوں نے یہ نئے طور سیکھ لئے ہیں۔ لڑکیوں کو پڑھا پڑھا کر یہیں بنا دیا ہے۔ سارا دن کنگھی چوٹی سے فرصت نہیں ملتی ذرا سے کام کا نام لیا جائے تو لڑکیوں کو غش آ جاتا ہے۔ بھلا یہ دوسرے گھر میں جا کر ماں باپ کا نام کیا نکالیں گی۔

رائے صاحب۔ نیک بخت! اب یہ لکچر تو کرو ختم اور مطلب کی بات کہو۔

ماں۔ مطلب کیا بس اب شگون بھیج دو۔ ٹھیکیداروں کی طرف اور اگلا مہینہ بیاہ کا مقرر کر لو۔ ٹھیکیدارنی کل مجھ سے ملی تھی کہنے لگی اگر رشتہ کرنا ہے تو خیر ورنہ ہمیں جواب دو۔ سو میں تو کہہ آئی ہوں۔

صاحب۔ کیا کہہ آئی ہو ماں اس میں تمہارا دخل دینے کا کیا واسطہ۔ ہم خود جو موجود ہیں کرنے کے لئے۔

ماں۔ تم لوگ کرنے والے بن جاؤ تو اور چاہئے کیا تم تو باتیں بنانے کے سوا کچھ جانتے ہی نہیں۔

رائے صاحب۔ میں تم سے بار بار کہہ چکا ہوں بے کشن بہت اچھا اور لائق لڑکا ہے۔ لائق بھی ہے۔ تندرست بھی۔ خوبصورت بھی ہونہار بھی۔

ماں۔ بس چپ رہیئے آپ اتنے بھی عمر گذار دی پھر بھی عقل نہ آئی۔ خالی لڑکے کو بھلا ہم شہد لگا کر چاٹیں گے؟ وہی بات ہوئی جنم نہ دیکھا بورا اور پسینے آئی کھاٹ۔ گھر نہ بار۔ نرا ملنگ کا ملنگ۔ آپ اس کا نام ہی کیوں لیتے ہیں لوگ بھی کہیں گے بڑا بھاری سمدھیانہ

تلاش کیا ہے

صاحب۔ سچ تو یہ ہے کہ مجھے ایسی جگہ شادی کرتے شرم آتی ہے کوئی بڑا family ہو جہاں رشتہ کرنے سے کچھ عزت بھی بڑھے۔

ماں۔ اتنا اونچا سارا خاندان! اور آپ کن لوگوں سے ناتہ جوڑنے لگے ہیں ہم تو کبھی لڑکی کو ایسی جگہ نہ پھینکیں گے۔ جو بارے کی اینٹ موری کو نہیں لگ سکتی۔ سارے خاندان کو شہ لگ جائے۔ جہان کیا کہے گا۔ چاروں طرف باتیں ہوں گی۔ کہ ضرور لڑکی میں کوئی خرابی ہوگی تب ہی ایسے کنگال کے پلے باندھ دی کر

صاحب۔ ! Bryingo مجھے تو اب تک یہ بات strike ہی نہ ہوئی تھی۔

رائے صاحب۔ میری کہی کو تم لوگ بعد میں یاد کرو گے۔ جب یہ لڑکا بھی رُک جائے گا۔ بھگت اس کے لئے بہت کوشش کر رہا ہے۔ شریف اور ہونہار لڑکے ملتے کہاں ہیں

ماں۔ کون ہے یہ بھگت اپنی لڑکی کیوں نہیں بیاہ دیتا۔

صاحب لڑکوں کا کال تو پڑ نہیں گیا LILLY کے لئے بہتیرے مل جائیں گے باقی رہا بھگت وہ تو idiot ہے۔ معلوم نہیں آپ نے اُسے کیوں منہ لگا رکھا ہے۔

رائے صاحب۔ بڑا اکھا آدمی ہے۔ بڑا نرم دل ہے۔

صاحب۔ نرم دل ہو یا نہ ہو نرم دماغ ضرور ہے۔ بھلا اس معاملے میں Interfere کرنے کا اسے حق ہی کیا ہے۔

رائے صاحب۔ ارے بھئی اس معاملے میں دخل دینے سے اُسے کوئی تمغہ نہیں ملے گا۔ میں اُسے اچھی طرح سمجھتا ہوں۔

صاحب۔ بہتر ہے آپ اُسے سمجھئے اور وہ آپ کو سمجھے آیندہ میرے سامنے اس کا نام نہ لیجئے Bryingo اس کا cheek تو دیکھئے۔

رائے صاحب۔ اچھا بھئی Jingo مانو یا نہ مانو لیکن لڑکے کیوں ہو

ماں۔ اور کیا! ٹھیک تو کہتا ہے اُس کا مطلب کیا ہے بیچ میں دخل دینے سے۔

صاحب۔ سنو ماں! تم خواہ مخواہ گھبرا رہی ہو۔ یہ دیکھو ابھی ایک چٹھی آئی ہے England returned لڑکے کی شرطیں کچھ الٹی سی لکھی ہیں مگر ہم ذرا سمجھا بجھا کر ٹھیک کر لیں گے۔

رائے صاحب۔ ہاں ہاں بھئی تم بھی سن لو کیا شرطیں ہیں جی خوش ہو جائے گا۔ تمہارا ایک تو یہ ہے کہ میں آٹھ دس دن لڑکی کے پاس رہ کر اس کو اچھی طرح دیکھ بھال کے پھر بتاؤں گا کہ پسند ہے یا ناپسند۔

ماں۔ گرم گرم راکھ ڈالو بے شرم کے سر میں۔ پاؤں تو رکھنے پائے یہاں۔ وہ ہوتا کون ہے ایسی بات کہنے والا۔

صاحب۔ ماں تمہیں کچھ خبر نہیں یوں ہی شور نہ مچاؤ۔

ماں۔ بس چپ رہو۔ گل کھلا دیا تمہاری چترائی نے۔

صاحب۔ ماں وہ بہت لائق ہے۔ ولایت سے ہو کر آیا ہے۔

ماں۔ خاک ڈالو ان ولایت ماروں پر۔ خبردار پھر ان کا نام نہ لینا میں جانتی ہوں ان کو۔ بڑے کا لحاظ نہ چھوٹے کی شرم۔ نہ آنکھ میں حیا نہ منہ کا لحاظ بیسیوں کی باتیں تو میں ابھی تم کو سنا سکتی ہوں بیویوں کو بیاہ کر چھوڑ دیتے ہیں۔ وہ دیکھی ہے اُنسی دھر کی لڑکی ولایت مارے خاوند نے دس سال سے بات نہیں پوچھی۔ ولایت سے آتے ہوئے ساتھ ایک کھلائی سی لے آیا اب وہ نامراد گھروالی بن بیٹھی ہے۔ اور گھر کی رانی ماں باپ کی چوکھٹ پر پڑی اس کی جان کو رو رہی ہے۔ تمہیں کب سے میں سمجھا رہی ہوں۔ ان کا پیچھا چھوڑ دو اور میرا کہا مانو۔

صاحب۔ تمہارا کہا کیسے مانوں۔ وہ ٹھیکیداروں کا لڑکا LILLY کے قابل بھی ہے!

ماں۔ لِلی۔ لِلی۔ لِلی نئے پھرتا ہے۔ کیا بُرائی ہے اس لڑکے میں! اچھا خاصا اونچا خاندان۔ نیک اصل۔ کھاتا پیتا گھرانا۔ اپنے مکان، کوٹھیاں سب موجود ہیں۔ کسی بات کی کمی نہیں۔ ہاں ذرا ماں ناک پر مکھی بیٹھنے نہیں دیتی۔ مگر باپ تو تمہاری منتیں کرتا پھر رہا ہے جیسے کہو ماننے کو تیار ہے۔ خبر نہیں پھر تمہاری عقل کہاں چلی گئی ہے

رائے صاحب۔ میں پوچھتا ہوں صرف مکانوں اور کوٹھیوں کو شہد لگا کر چاٹیں گے!

صاحب۔ Oh! Tam bothered! ارے ماں تم اتنی سی بات بھی نہیں سمجھتیں کہ خواہ سب کچھ موجود ہے

مگر لڑکا آخر خود کیا ہے؟ بی اے فیل لالا اس سال بی اے کرے گی۔ پھر یہ کیسا جوڑ ہوا!

ماں۔ چھوڑیے لڑکے! جوڑ کی بات کونسی ہے پرسنل کو بھی بی اے میں سے فیل کرالو خود ہی جوڑ بن جائے گا۔ اور وہ لڑکا بھی تو پڑھنے لکھنے میں تیز ہے ان پڑھ تھوڑا ہی ہے۔ ہزاروں روپے باپ کے ساتھ مل کر ٹھیکے میں کمارہا ہے

صاحب۔ ماں! سچ تو یہ ہے مجھے یہ MATCH پسند نہیں۔

ماں۔ بس بس اب اپنے پیچ مچانے بند کرو۔ تمہیں پسند نہیں مجھے تو پسند ہے۔

صاحب۔ (مسکرا کر) گھبراؤ مت ماں! برس چھ ماہ تک ٹھیر جاؤ پرسنل کو امتحان پاس کر لینے دو۔ اتنے میں ولایت سے اور لڑکے بھی آجائیں گے۔

ماں۔ (دانت پیس کر) چولھے میں جائے امتحان اور بھاڑ میں جھونکو پڑھائی کو۔ ستیاناس ہو اس ولایت کا اور ساتھ ہی ولایت والوں کا میں نے تم کو جنا تھا یا تم نے مجھے۔

رائے صاحب۔ ٹھیک ہے۔ ٹھیک ہے شاباش! تم نے اسے جنا تھا۔

صاحب۔ میری جان عذاب میں پھنس گئی ہے اور آپ کو مذاق سوجھ رہے ہیں۔

رائے صاحب۔ بھئی تم ماں بیٹے جانو ہماری سنتا کون ہے۔

ماں۔ سن لی ہے آپ کی۔ اب ہم اپنے نوکر سے بیٹی بیاہ دیں خاندان کو کلنک لگوالیں۔ کچھ ہوش کی دوا کرو۔

صاحب۔ میں جاتا ہوں جی!

میری جان سخت عذاب میں ہے۔ میں تنگ آگیا ہوں!

Oh! I am damned!

ماں۔ جاتے کہاں ہو۔ میں جانے دوں گی تمہیں! اب جانا وانا کہیں نہیں۔ یہاں بیٹھ کر بات کا فیصلہ کرو (پکڑ کر بٹھالیتی ہے)

صاحب۔ ماں میں تم سے کہہ چکا ہوں چھ مہینے تک اور ٹھیر جاؤ پرسنل کوئی بوڑھی تو ہو نہیں گئی۔

ماں۔ ابے بیس سال سے تو اوپر ہو رہی ہے اور کیا اب اس کے منہ پر داڑھی آئے گی۔

چھ مہینے اب کوئی نہیں ٹھیرے گا میں تو چھ دن چھ پل بھی نہیں رک سکتی۔ دس بھلے مانسوں کے منہ پر تو میں اس کی ماں کے سامنے ہاں کہہ آئی ہوں۔ اب نہ کس منہ سے کہوں لڑکی کی پڑھائی تو کرو بند اور اگلا مہینہ بیاہ کا ٹھیرالو۔

صاحب۔ ماں اتنی جلدی کچھ نہیں ہو سکتا۔ میں کچھ نہ کروں گا۔

ماں۔ تم کچھ نہ کروگے پر میں ضرور کچھ کر کے رہوں گی مجھ سے نہیں فکروں میں جان گھلائی جاتی۔ میری بات نہ مانو تو میرا ہی مردہ دیکھو (رونے لگتی ہے) تم ضد کر کے دیکھ لو میں بھی منہ کالا کر کے کسی طرف کو نکل جاؤں گی۔ کنوئیں میں کود پڑوں گی۔

رائے صاحب۔ ہاں ہاں اس لئے کہ منہ پر سے بیاہی ٹل جائے

ماں۔ آپ کی بلا سے۔ آپ نے کوئی شرم حیا رکھی ہی نہیں۔ کل کو کوئی بات نکل گئی تو کہیں ڈوب مرنے کو جگہ نہ ملے گی پھر میری آپ یاد کر کے روؤگے۔ اتنی جوان بیٹی گھر میں بٹھا کر پھر لگے ہیں باتیں بنانے

رائے صاحب۔ صاحب فضول ضد نہ کرو۔ اور چھ مہینے تک کوئی نئے لڑکے تو پیدا ہو کر آ نہیں جائیں گے زیادہ انتظار کو اب رہنے دو۔ تمہاری ماں ٹھیک کہہ رہی ہیں۔ زمانہ خراب ہے میری بات مانو تو جے کشن ہی سب سے اچھا برے۔

ماں۔ آپ کی بات مان لی جائے۔ کیوں نہ ہو! اور میں جو قول ہار آئی ہوں! میرا کہا نہ مانا تو دیکھ لینا میرا خون آپ کے سر ہوگا

رائے صاحب۔ بھئی میری بات نہیں مانتے تو اسی کی مان لو۔ کہیں سچ مچ ہی کوئی تماشہ نہ کر دکھائے۔

ماں۔ آپ کے لئے تو سر بات تماشا ہے دوسرے کی خواہ جان بھی چلی جائے۔

رائے صاحب اور۔ خدایا! میں کب کچھ کہتا ہوں

ماں۔ میں منوا کے رہوں گی۔ جب تک مان نہ لو انا جل پانی کو منہ نہ لگاؤں گی۔ تمہارے سر خون چڑھا کر مروں گی۔ تم بھی اپنی ضد کر کے دیکھ لو۔

صاحب۔ اور تو سب ٹھیک ہے ایک صرف لڑکا England returned نہیں یہی بڑا دکھ ہے۔ اگر اس کا Father اسے England بھیجنے پر تیار ہو جائے تو Lilly کا خرچ میں خود ادا کر دوں گا۔

رائے صاحب۔ کہہ کر دیکھ لو۔ اگر مان جائے تو۔ ولایت ہی سے جاکر سر غلب کا پرگلوا آئے۔

صاحب Best تو نہیں مگر خیر second Best ہی سہی لیکن England returned ضرور ہو جائے

رائے صاحب بس ختم ہوا قصہ!

مال۔ اب پھر بھانجی نہ مارنا بڑی مشکلوں سے صاحب کو راضی کیا ہے

صاحب میرا خیال ہے شادی کے بعد یہ لوگ honeymoon یورپ ہی جاکر منائیں۔

رائے صاحب honey moon خواہ moon میں جاکر منائیں مگر سچی بات تو یہ ہے کہ لڑکا جے کشن کے پاسنگ بھی نہیں بہت غلطی کر رہے ہو جے کشن سا لڑکا کہیں نہ ملے گا۔

مال۔ چھوڑ بھی دو اب جے کشن مارے کا پیچھا۔ کام ہونے دو۔

صاحب۔ ماں اب تو خوش ہوئیں! پرسنگھ کو ولایت بھیج دیا جائے؟

مال۔ بیاہ کے بعد جہاں مرضی ہو بھیج دینا۔ مگر بیاہ اب جلدی سے کر دو

صاحب لیجے صاحب اب شگون بھیج دیجئے اور باقی arrangements شروع کیجئے۔

رائے صاحب اچھا بھئی کر دو شروع۔

صاحب۔ ماں پھر خوش ہو جاؤ۔

مال۔ شاباش میرا بچہ۔ تیری بڑی بڑی عمر۔

للّی کا بیاہ

دوسرا ایکٹ

سین۔ صاحب دیال ٹھیکے دار کا مکان۔ شاہ عالمی دروازے کے اندر۔ بیٹھک میں دری بچھی ہوئی ہے۔ ایک چارپائی اور دو تین کرسیاں رکھی ہیں۔ صاحب دیال ایک آرام کرسی پر لیٹا ہے۔ عمر تقریباً پینتالیس اور پچاس کے درمیان۔ بھگوتی، صاحب دیال کی بیوی قریب ہی چارپائی پر بیٹھی ہے۔ عمر چالیس سال کے قریب۔ مگر بظاہر کچھ کم عمر معلوم ہوتی ہے۔ جسم ذرا بھاری ہے۔

وقت دوپہر۔

صاحبدیال۔ آج دل بہت ہی خوش ہے۔ کندن کی ماں! سب کام خود بخود ٹھیک ہوتے جا رہے ہیں۔ وہ بل جو مدتوں سے پھنسا ہوا تھا پرماتما نے نکلوا دیا۔ دو ہزار کی ڈالی تو نذر کرنی پڑی مگر اس کے بغیر یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہ آتی تھی۔ بلکہ ایک طرح یہ اچھا بھی ہوا آیندہ کے لئے راہ کھل گئی۔ اب بہتیرے کام نکل جائیں گے۔ اور بڑی بات تو یہ ہے کہ رشتہ کا فیصلہ ہو گیا اور بڑا اچھا ہو گیا۔ میں تو آج بہت ہی خوش ہوں۔ بے حد خوش۔

بھگوتی۔ خوش ہو تو ہوا کرو۔ میں نہیں جانتی تم نے کون سی جاگیر پالی ہے میرے لڑکے کو رشتوں کی کمی نہیں۔ میں رشتے میں خود لا سکتی ہوں شام سے پہلے پہلے۔ اور رشتے بھی وہ جو اندر چھوڑ باہر بھی ریل پیل کر دیں۔

صاحبدیال۔ تم کبھی میرے کسی کام سے خوش نہ ہوئیں۔ تمہاری کوئی نہ کوئی گل ہمیشہ بگڑی ہی رہی۔

بھگوتی۔ ہائیں بھلا یہ ہمیشہ گل بگڑی رہنے کا مطلب کیا ہوا۔ تمہارے کام سے میں خوش کیا ہوں خاک۔ میری بات تو تم کبھی مانتے ہی نہیں۔ جب بھی ہوا اپنی مرضی کی بات کرتے ہو خواہ میں چیختی ہی رہوں۔

صاحبدیال۔ خواہ مخواہ شور نہ مچاؤ جو کچھ ہے تمہاری صلاح کے ساتھ ہو رہا ہے۔

بھگوتی۔ خاک ہو رہا ہے میری صلاح سے۔ آگے بھگت چکے ہو نا! جنوائی کشنا کی طرف سے تمام عمر کا جان کو روگ لگا لیا ہے۔ چاروں پہر پڑھا لکھا پکارا کرتے تھے۔ اب کیا دے دیا ہے پڑھے لکھے ہوئے نے اگر ذرا تنخواہ نہ آئے تو روٹی کے ٹکڑے کو بھی ترستے ہیں۔ میری بیٹی کی تو عمر خراب ہو گئی ہے یہی دن اس کے کھانے پہننے کے تھے اور وہ بیچاری چیتھڑوں کو بھی ترس رہی ہے ہو کیا سکتا ہے۔ سو سوا سو روپے سے آج کل کے سمے میں۔

صاحبدیال۔ تم تو یوں کہہ رہی ہو جیسے کشنا میری سوتیلی تھی۔ تھوڑے لڑکوں کو دیکھ چکے تھے؟ پھر اپنی دانست میں تو لڑکا اچھا ہی تلاش کیا تھا آگے کشنا کے بھاگ قسمت پر کوئی زور نہیں۔ پھر خواہ بہت نہیں تھوڑا ہی سہی اپنے گھر میں خوش تو ہے۔ دولت

نہ ہوئی لیاقت تو ہے۔

بھگوتی۔ نری لیاقت کو چاٹو جی شہد لگا کر وہ لیاقت کس کام کی جس سے پیسہ نہ آئے! اور ایک مٹی ملی ساس بڑی لیاقت والی ہے دیتے دیتے ہاتھ رہ گئے ہیں جو منہ سے مانگ بھیجتی ہے دیتی ہوں پھر بھی لڑکی کو تنگ کر رکھا ہے۔ بات بات پر تکرار اٹھتے بیٹھتے طعنہ۔

صاحبدیال۔ بھئی میں نے تو صرف لڑکے کو دیکھا تھا ساس نہ دیکھی تھی

بھگوتی۔ واہ وا! اور وہ لڑکا بہت راشراف ہے ہاں کو روک نہیں سکتا کہ ہر وقت لڑکی کو کانٹوں پر نہ گھسیٹتی رہا کرے۔ وہ تو گدھ ہے گدھ یہی کہتی ہے کہ بس جو کچھ ہو لڑکی ماں باپ کے گھر سے کھینچ لائے

صاحبدیال۔ وہ اب موت کے کنارے پہنچ چکی ہے بیٹھی تھوڑا ہی رہے گی۔ دوسرے جانتی ہے کہ دینے والے بھی دے سکتے ہیں۔

بھگوتی۔ نہ دے سکیں تب بھی دینا پڑتا ہے وہ تو مار پیٹ سے بھی فرق کرنے والی نہیں۔ پھر ہم اپنی بیٹی کی جان تو نہیں گنوا سکتے اب بھلا کے لئے تو میں وہ گھر تلاش کروں گی۔ جہاں ساس نہ ہو ساس مٹی ملی نے تو میرا کلیجہ چھلنی کر دیا ہے۔ جو روپیہ یہاں سے جاتا ہے دوسرے لڑکے کی پڑھائی پر لگا رہی ہے۔ جیسے ہم نے اس کا ٹھیکہ لے رکھا ہے۔

صاحبدیال۔ بس اب چپ رہو۔ پچھلے جھگڑے کرید کر تم میرا جی ہی خراب کر دو گی۔ اگر دینے کا تم کو اتنا پچھتاوا لگ رہا ہے تو اب لے لے کر کسر پوری کر لینا۔ سمدھی تمہارے بہت امیر ہیں۔ جو منہ سے مانگو گی ملے گا۔

بھگوتی۔ خیر کچھ ملنا ملانا تو قسمت سے ہوگا ابھی جانے بہورانی کیسی ہے کیسی نہیں۔ اتنی پڑھی لکھی بتا رہی ہو ممکن ہے میری کوئی بات اُسے پسند ہی نہ آئے۔ خبر نہیں مزاج کیسا ہے۔ ہم نے تو آج تک ان پڑھنے والیوں کی کوئی صفت سنی نہیں

صاحبدیال۔ باپ کی تو صفتیں بیان کرتے کرتے زبان تھکتی ہے

بھگوتی۔ جی ہاں اپنے منہ میاں مٹھو ہر کوئی بن سکتا ہے معلوم تو جب ہوگا جب وہ صفت کریں گے جن کے ساتھ نباہ کرنا ہے۔ رام جانے ہیں میرا جی ذرا خوش نہیں۔ مجھے تو وہ لڑکی پسند ہے وہی بھانجل کی بیٹی ایسی سندر کہ میرا دیکھ دیکھ کر جی نہیں بھرتا۔ گوری چٹی موٹی موٹی کٹورا سی آنکھیں۔ رنگ ایسا جیسے کندن دمکتا ہے وہ لڑکی تو گھر کا سنگار ہے ساتھ لے کر چلیں تو سیروں خون بڑھے۔

صاحبدیال۔ لڑکی یہ بھی بہت سندر ہے۔ جب تمہارے گھر میں آئے گی دیکھنا تم خوشی سے پھول کر کپا ہو جاؤ گی۔ تم سمجھی کیا ہو۔

بھگوتی۔ بھانجل کی جورو تو منتیں کرتی تھی دان دہیز بھی اتنا آتا کہ اندر باہر کہیں تل دھرنے کی جگہ نہ رہتی۔ چاندی کے پایوں والا پلنگ تین سو تولہ سونا اور پچاس پچاس تولے سونا لڑکی کے ماموں دینے والے ہیں۔ چار لڑکی کے چچا ہیں۔ سونے، چاندی اور ریشم، مخمل کا کوئی شمار ہی نہ رہتا۔ ہمارے دیسی طریقے کے لوگ ہیں پر اب کیا کہا جائے تم اپنے دل کی آئی کرتے ہو۔ میں تو جانتی ہوں بڑی بھول ہوئی۔

صاحبدیال۔ تم نے یوں ہی جھک جھک لگا رکھی ہے تم کیا جانو۔ ہمیں ان لوگوں سے ہزاروں اور لاکھوں کا فائدہ پہنچے گا۔ تمہیں خبر نہیں لڑکی کا دادا رائے صاحب ایگزیکٹو انجنیر رہ چکا ہے اور اس کی وجہ سے ہمیں ایسے ایسے ٹھیکے مل سکتے ہیں کہ تمہارا بھانجل ساری عمر جتنا دیتا رہے گا وہ ہمیں ایک ہی ٹھیکے سے وصول ہو جائے گا۔

بھگوتی۔ ہاں یہ تو آپ کی بات ٹھیک ہے۔

صاحبدیال۔ نیک سخت! لینے دینے کے بھی کئی گر ہوتے ہیں۔ تمہیں بس ایک پرانا طریقہ یاد ہے۔ یہ ہمارا نیا طریقہ ہے۔ رشتے تلاش ہی کس لئے کئے جاتے ہیں! بڑے خاندانوں سے ناتہ جوڑنے کا یہی تو فائدہ ہے۔ میں نے اسی لئے ان کی سب شرطیں مان لی ہیں۔ بیاہ کے بعد لڑکے لڑکی دونوں کو ولایت بھیج دیں گے۔ لڑکی کا خرچ وہ ادا کر دیں گے لڑکے کا ہم۔ دو چار ہزار اور لگ جائے گا۔ مہینے دو مہینے کے لئے جا کر سیر کر آئیں گے کوئی برس تو گذارنے ہی نہیں۔

بھگوتی۔ لو اگر ولایت بھیجنا ہے تو لڑکے کا خرچ بھی خود ہی دیں کیا دنیا دیتی نہیں؟ وہ دیکھو ہرجی مل وکیل نے بھی جنوائی کو بھیجا ہی تھا۔

صاحب دیال۔ ہرجی مل کی لڑکی بھی تو آخر اکلوتی تھی اگر بھیج دیا تو کونسی

بڑی بات کی۔ اور سہیں تو اس سے بھی بڑھ کر فائدہ پہنچے گا۔ تمہیں بتا ہی چکا ہوں کہ صاحب کی مرضی ہے بلکہ میں نے خود بھی کہا تھا کہ کندن لعل ولایت ہو آئے اور وہاں کے بیوپار کا رنگ ڈھنگ بھی اچھی طرح دیکھ لے پھر آکر صاحب کے کام میں حصہ دار بن جائے ان کے ولایتی مال کا کام ٹھنڈی سڑک پر اتنا چل رہا ہے کہ ہزاروں کی آمدنی ہے تمہیں اور کیا چاہئے

بھگوتی۔ یہ تو سب دل بھلاوے کی باتیں ہیں اور آگے خیر سے کندن لعل کون سا خالی بیٹھا ہے۔

صاحب دیال۔ تم تو کسی طرح بھی خوش نہ ہوگی۔ اور ہاں سنو ایک اور بات بھانجے کی لڑکی خواہ تمہیں کتنی ہی پسند ہو کندن کو پسند نہیں آئے گی۔

بھگوتی۔ کیوں؟ وہ کوئی لولی لنگڑی ہے؟ ویسی لڑکی تو سارے شہر میں ڈھونڈو تو نہیں ملے گی۔ واہ! واہ! کیسی بات کی ہے

صاحب دیال۔ خوبصورت خواہ کتنی ہی ہو پڑھی لکھی تو ہوگی نہیں ادھر لڑکے پڑھی لکھی فیشن ایبل کے سوا بات نہیں کرتے۔ کندن لعل بہت خوش ہے۔

بھگوتی۔ لو اور سنو! تو وہ کوئی ان پڑھ ہے۔ پانچویں جماعت پاس کر چکی ہے۔ ایسی اچھی کہا ماننے والی، گھر کے کام دھندے میں ہشیار سلیقہ مند یہ بہت پڑھی لکھی لڑکیاں تو ناک سے تنکا نہیں توڑتیں۔ کام کا نام لیا جائے تو سو سو حجت کرتی ہیں بھوکے بیٹھے رہنا منظور پر ہاتھ سے توے پر روٹی ڈال دینا عیب۔ نہ کسی کا خوف نہ کہے سنے کا ڈر۔ ہم بہتوں کی باتیں سن چکے ہیں۔

صاحب دیال۔ تم ٹھیک کہتی ہو خود جوان پڑھ ہوئیں۔ بھئی ہمارے دل میں بھی گٹ پٹ کرنے والی جورو کا ارمان ہی رہ گیا۔

بھگوتی۔ اتنا کڑھتے کیوں ہو لے آؤ تم بھی ایک گٹ پٹ کرنے والی۔ تمہیں بھی مزہ آجائے۔ وہ وہ باتیں ان گٹ پٹ ماریوں کی سن چکے ہیں کہ توبہ بھلی۔ تم مرد کیا جانو۔

صاحب دیال۔ مردوں کے لئے اور تھوڑے دھندے ہیں وہ تو کام میں لگے رہتے ہیں۔ عورتیں ہوئیں نکمی بس سارا دن بیٹھے بیٹھے ادھر ادھر کے لوگوں پر باتیں بناتی رہتی ہیں۔ اچھا اب باقی باتیں پڑوسن کے ساتھ کر لینا مجھے یہ بتاؤ کہ کون کون سے کمرے ان کے لئے خالی کر دیئے جائیں تاکہ جس طرح لڑکی ماں باپ کے گھر میں رہتی ہے اس طرح یہاں بھی رہ سکے۔

بھگوتی۔ واہ یہ اچھی بی بی ہے جو آتے ہی الگ کمرے مانگے گی۔ پھر میرا کام خاک کرے گی! بھلا مجھے مٹھی چاپی تو کیا کرے گی۔ الٹی مجھ سے خدمت لے گی۔

صاحب دیال۔ بلکہ صاحب کو کہنا ہے کہ شہر سے باہر کوٹھی لے لو۔

بھگوتی۔ یہ اچھی ہوئی۔ کل کو صاحب کہے گا تم بھی ولایت میں جا رہو کوٹھی دوٹھی والی بات مشکل ہے۔ مفت میں کرایہ برباد کرتے پھریں۔ یہ گھر کیا کاٹتا ہے؟

صاحب دیال۔ کرایہ برباد کرنے کی ضرورت کیا ہے اپنی کوٹھی خالی کرالیں گے۔

بھگوتی۔ اور وہ ڈیڑھ دو سو روپے کی بندھی رقم جو کرائے میں آتی ہے مفت میں جائے۔ میں تو کبھی وہاں اجاڑ بیابان میں جا کر نہ رہوں گی۔ ساتھ اس نہ پڑوس۔ پاس کوئی بات کرنے والا نہ دم بھرنے والا۔

صاحب دیال۔ بس تمہیں تو ہر وقت باتوں کی پڑی رہتی ہے یہ نہیں سوچتیں کہ کام ہو جانے دوں۔ وہاں رہنا ناپسند ہوا تو پھر واپس یہیں آجانا۔

بھگوتی۔ بس لے دے کر اسباب ہی ڈھونے میں لگے رہیں۔

صاحب دیال۔ جس وقت کندن ولایت سے ہو کر آگیا وہ بھی صاحب بن جائے گا۔ پھر وہ کب گلیوں میں رہنا پسند کرے گا۔ مجھے تمہارے ساتھ کتنا مغز مارنا پڑتا ہے۔ تم اپنا کوئی نفع یا نقصان سوچ ہی نہیں سکتیں میں نے کہا تھا کہ آج میرا دل بہت خوش ہے۔ سو تم خراب کر کے رہیں۔ تم سے تو بات کرنا بھی.....

بھگوتی (بات کاٹ کر) اتنے تنگ کیوں آرہے ہو لو میں یہاں سے چلی جاتی ہوں۔

صاحب دیال۔ جاتی کہاں ہو مجھ سے کچھ صلاح نہ کرو گی؟

بھگوتی۔ صلاح کروں گی؟ خاک۔ تم تو بس ملامت شروع کر دیتے

ہو۔ بات کرتے بھی ڈر لگتا ہے تم سے۔ باتوں باتوں میں دوسرے کی عزت اتار دیتے ہو۔ ایسا کرنا ہو تو پھر صلاح کی ضرورت کیا ہے؟ خود ہی جو جی میں آئے کرو اور خود ہی نپٹو۔ میں اس بات میں دخل ہی نہ دوں گی (اٹھ کر جانے لگتی ہے)

صاحب دیال۔ بیٹھ جائیے مہاراج اتنی خفگی کس بات پر ہو گئی بھگوتی۔ جی نہیں۔ تمہارا جی خوش تھا میں نے خراب کر دیا میں جاتی ہوں۔ اب بیٹھے خوش ہوتے رہو خواہ اٹھ کر ناچ بھی لو۔

صاحب دیال۔ اس وقت آپ کا پارہ بہت چڑھ گیا ہے۔ اچھا یہ بات پھر سہی اب کوئی اور بات کریں گے۔

(باہر سے دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز سنائی دیتی ہے)

کون ہے؟ (باہر جا کر دیکھتا ہے) آئیے آئیے (بھگوتی سے) جائیے مہاراج کوئی ملنے کے لئے آیا ہے۔ اور یہ چلم بھی لیتی جاؤ تمباکو کے ساتھ اسکو بھر کر بھیج دینا۔ ذرا دبا کر بھرنا۔

(بھگوتی چلی جاتی ہے اور جے کشن اندر آتا ہے)

جے کشن۔ نمستے۔

صاحب دیال۔ نمستے۔ آئیے تشریف رکھئے۔ کیسے آنا ہوا؟

جے کشن۔ جناب آپ سے ایک ضروری بات کہنے کے لئے آیا ہوں

صاحب دیال۔ خوش آمدید۔ شوق سے کہیئے۔ ایک چھوڑ دس باتیں کیجئے۔

جے کشن۔ (جھک جھک کر) جناب معاف فرمائیے بات بہت private ہے۔ میں کہہ نہیں سکتا مگر بغیر کہے رہ بھی نہیں سکتا

صاحب دیال۔ اوہو!! وہ کونسی ایسی بات ہے۔ کہئے! جلدی کیجئے پھر دیر کیوں کرتے ہیں۔

جے کشن۔ جناب عرض یہ ہے کہ پہلے آپ اس بات کو بالکل Confidential رکھنے کا وعدہ کیجئے۔

صاحب دیال۔ میں وعدہ وغیرہ کچھ نہیں کرتا البتہ بات confidential ہوئی تو confidential ہی رکھی جائے گی۔ یہ تو سننے کے بعد معلوم ہو سکتا ہے آپ بات تو کیجئے۔

جے کشن۔ میں ابھی سب عرض کئے دیتا ہوں مگر پہلے آپ وعدہ کیجئے کہ یہ بات کسی دوسرے کے کانوں تک نہیں پہنچے گی کیونکہ اس میں بہت سے لوگوں کی Reputation اور Happiness کا سوال ہے۔

صاحب دیال۔ صاحب من۔ آپ بات تو کیجئے کچھ معلوم تو ہو؟

جے کشن۔ آپ مہربانی فرما کر صرف اتنی assurance دے دیں تو میں عرض کرنے کی جرأت کروں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ بات نہایت ضروری اور آپ کے فائدے کی ہے پرماتما جانتے ہیں کہ میں بالکل نیک نیتی سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں

صاحب دیال۔ ہمارے فائدے کی بات ہے کہئے پھر جلد کتنا فائدہ ہوگا اچھا میں promise کرتا ہوں کہ اسے بالکل secret کی طرح رکھوں گا اب بتائیے جلدی کیجئے

جے کشن۔ آپ غور فرمائیں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کیوں میں اسے confidential رکھنے کے لئے اتنا زور دے رہا ہوں۔

صاحب دیال۔ بہت بہتر کہئے اب بات کیا ہے؟

جے کشن۔ آپ اپنے بیٹے کی betrothal کر چکے ہیں؟

صاحب دیال۔ کر تو چکے ہیں مگر اس کا اس بات سے کیا تعلق؟

جے کشن۔ میں ابھی سب کچھ سمجھائے دیتا ہوں۔ مگر مختصر یہ کہ شادی بالکل نہ کیجئے۔

(بھگوتی اندر کا دروازہ کھٹکھٹاتی ہے۔ صاحب دیال اٹھ کر اس سے چلم لیتا ہے اور پھر دروازہ بند کر دیتا ہے۔ بھگوتی دروازے کے پیچھے کھڑی ہو کر چپکے سے باتیں سننے لگتی ہے)

صاحب دیال۔ واہ یہ کیا بات ہوئی۔ شادی تو ہم ضرور کریں گے۔ آپ کون ہیں؟

جے کشن۔ میں سب بتائے دیتا ہوں patiently سنئے۔

صاحب دیال۔ Patiently وشیٹلی کیا؟ آپ بات ختم کیجئے زیادہ بڑھانے سے کیا مطلب؟ جلد بتائیے۔

جے کشن۔ مختصر یہ کہ سگائی لڑکی کی مرضی کے خلاف ہے۔

صاحب دیال۔ اچھا!!! آپ لڑکی کے کون ہیں آپ کو کیسے خبر ہوئی؟

جے کشن۔ میں لڑکی کا کچھ نہیں ہوتا مگر مجھے خبر ضرور ہے۔ میں ایک اور جنٹلمین کی طرف سے آیا ہوں۔ کیونکہ معاملے کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے وہ خود آنا ذرا پسند نہ کرتے تھے۔

صاحب دیال۔ غضب خدا کا!! آپ مطلب کی بات کیجئے میں بہت puzzle ہو رہا ہوں۔

جے کشن patiently سنئے میں سب کہہ دوں گا۔

صاحب دیال۔ میں تو positively ہی سنوں گا آپ بھی مہربانی کر کے briefly بیان کر دیجئے

جے کشن۔ اپنا وعدہ مت بھولئے۔ بات کو بہت confidential رکھئے کیونکہ لڑکی کا future اب آپ کے اختیار میں ہے

صاحب دیال۔ جناب میں promise کرتا ہوں قسم ہے مجھے جیسے کہیے گا ویسے ہی مانوں گا۔ مجھ سے اصل بات کہئے

جے کشن۔ بات briefly یہ ہے کہ لڑکی کا attachment کسی دوسری جگہ ہے۔ والدین کو اس کی خبر نہیں۔

صاحب دیال۔ آپ کے ساتھ attachment ہے!

جے کشن (ہنسنے کی کوشش کرتے ہوئے) آپ خود ہی سوچئے کہ اگر میرے ساتھ ہوتا تو میں آپ کے سامنے حاضر ہونے کی جرات کر سکتا تھا میں تو کسی اور کے behalf پر آیا ہوں۔ لڑکی اس شادی کے بالکل خلاف ہے۔

صاحب دیال۔ خلاف ہے تو اپنے ماں باپ سے کیوں نہیں کہہ دیتی۔

جے کشن۔ لالہ جی! لڑکیاں بہت shy ہوتی ہیں۔ مگر شاید ضرورت ہو تو کہہ بھی دے۔ آخر کبھی نہ کبھی تو کہنا پڑے گا۔ میں جو کچھ عرض کر رہا ہوں وہ صرف یہ ہے کہ آپ اس معاملے میں قدم آگے مت بڑھائیے کیونکہ آخر کار اگر لڑکی کو کہنا ہی پڑا تو آپ کے لئے بہت awkward ہو جائے گا۔ اور مفت میں scandal ہو گی۔ میں جو کچھ عرض کر رہا ہوں دونوں پارٹیوں کے فائدے کو سوچ کر پورے good faith میں عرض کر رہا ہوں۔ آگے آپ مرضی کے مالک ہیں آپ کا اختیار ہے

صاحب دیال۔ میری سمجھ میں نہیں آتا ذرا کھل کر بات کیجئے۔ غضب! غضب!! اتنا بڑا family یہ ہو کیسے سکتا ہے!

جے کشن۔ اس میں بڑے یا چھوٹے family کا سوال ہرگز نہیں البتہ مجھے آپ کے ساتھ پوری sympathy ہے مگر

point یہ ہے کہ لڑکی کسی اور سے love کرتی ہے

صاحب دیال۔ مجھے یقین کیسے آئے میں حیران ہوں۔

جے کشن۔ نہایت ہی افسوس ہے۔ آخر مجھے آپ کے ساتھ کوئی عداوت تو ہے نہیں نہ کسی اور کے ساتھ دشمنی ہے۔ میرا اپنا بھی کوئی خاص motive نہیں۔ پھر آپ بے دھڑک میری بات کا یقین کیوں نہیں کر لیتے۔

صاحب دیال۔ غضب کرتے ہیں۔ آپ آخر جو step لینے کے لئے کہہ رہے ہیں اس کے لئے میری اتنی satisfaction بھی تو ہونی چاہئے۔ کچھ تو details دیجئے

جے کشن۔ مجھے زیادہ details دینے کی تو اجازت نہیں مگر اتنا کہہ سکتا ہوں کہ لڑکی کی ایک جنٹلمین کے ساتھ خط و کتابت ہے تقریباً دو سال کے عرصہ سے۔

صاحب دیال۔ ہائیں! جنٹلمین سے خط و کتابت!! یہ خوب جنٹلمین ہے جو لوگوں کی لڑکیوں سے خط و کتابت کرتا پھرتا ہے۔ جنٹلمین ہے یا لفنگا بے ایمان۔ بدمعاش

جے کشن۔ بندہ پرور! میرے منہ پر تو میرے دوست کو insult نہ کیجئے۔ کم از کم میں بہت feel کرتا ہوں۔ مجھے جو کچھ عرض کرنا تھا کر چکا۔ آگے جناب مختار ہیں۔ صرف اتنا کہے دیتا ہوں کہ اگر آپ نے شادی کر لی تو اس جنٹلمین کے لئے، لڑکی کے لئے، آپ کے لئے، غرضکہ ہر ایک کے لئے اچھا نہ ہوگا۔

(بھگوتی دروازہ کھول کر جھٹ اندر آ جاتی ہے)

بھگوتی۔ ہم نہیں کرتے شادی وادی۔ وہی جنٹر مین کرتا پھرے ایسی بیہمہ

جے کشن۔ سنئے اب مجھے تو اجازت دیجئے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں نے ناحق آپ کو آن بتایا۔ نمستے!

بھگوتی۔ بہت اچھا کیا بھیا! جو ہمیں وقت پر آن بتایا۔ بھلا ہو تمہارا وہی کرے شادی ہمیں کوئی ضرورت نہیں۔

(جے کشن چلا جاتا ہے)

دیکھ لیا۔ دیکھ لیا تم نے ہائے قہر۔ یہ بڑے گھروں کا حال ہے ہائے آگ لگے ان پڑھائیوں کو اور چولہے میں جائیں یہ سکول میں کیا کہا کرتی تھی! ہوئی نا آخر میری بات سچ۔ ان پڑھائی ماریوں کی ہر روز نئی سے نئی بات سننے میں آتی ہے۔ بھلی خاک جھونک دی ہے اس نے

مصر عشق

ماں باپ کے سر میں شکر ہے کہیں ہم اپنے گھر میں نہیں لے آئے

صاحب دیال۔ خبر نہیں سچ ہے یا جھوٹ کیا ہے کیا نہیں! پوچھ گچھ کرنے سے کچھ معلوم ہوگا۔

بھگوتی۔ جھوٹ کچھ بھی نہیں۔ سب سچ ہے رتی رتی سچ!! ان پڑھنے والیوں سے کچھ دور نہیں۔ شکر ہے میرا لڑکا اس کلنک سے بچ گیا۔ اب پوچھ گچھ کی ضرورت نہیں۔ وقت بے وقت کچھ نہ دیکھو۔ ابھی جاؤ جاکر توڑ آؤ رشتہ۔ شگون واپس کر دو۔ کہو پاس ہی رکھیں ایسی بہو کو۔

صاحب دیال۔ اتنی جلد بازی نہ کرو سب باتوں کا پتہ نکال لیتے ہیں۔

بھگوتی۔ کوئی ضرورت نہیں کسی بات کا پتہ نکالنے کی۔ واپس کر دو شگون ورنہ میں چولھے میں آگ نہ سلگنے دوں گی۔ بھوکے بیٹھے رہو۔ بس میں نے کہہ دیا۔

صاحب دیال۔ لو بھئی یہ اچھی رہی!!!

(پردہ گرتا ہے)

للی کا بیاہ

تیسرا ایکٹ

سین۔ نیو روڈ پر وہی مسٹر کوپر کی کوٹھی۔ وہی ڈرائنگ روم اس وقت غیر معمولی طور پر آراستہ ہے۔ کیونکہ آج کنول کماری کی سالگرہ کی تقریب پر یہاں ٹی پارٹی ہے چھوٹی میزوں پر چائے کا سامان لگا ہے۔ ایک طرف ہارمونیم رکھا ہے۔ کنول اپنی سہیلیوں کے درمیان بیٹھی چائے، کیک، پیسٹری وغیرہ سے ان کی تواضع کر رہی ہے۔

وقت تقریباً چار بجے سہ پہر

کنول۔ ایک اور کپ (cup) پیو ستو!

سمترا۔ نہ بھئی پہلے ہی دو پی چکی ہوں۔

شانتی کو پھر کیا ہوا۔ سنجوگتا کی شادی پر جب تم نے چار پیئے تھے۔

سمترا۔ ہاں بھئی کسی کو سنجوگتا کا خط بھی آتا ہے یا نہیں مجھے تو اس نے کوئی نہیں لکھا۔

شانتی۔ اب اُسے خط لکھنے کا Time ہی کہاں ملتا ہوگا! دوسرے اب وہ سنجوگتا تھوڑی ہی رہ گئی ہے وہ تو بن گئی اب بہت بڑی important lady اس نے اپنی cousin کو خط لکھا تو کیا sign کیا Mrs. R. N. Luchya I.M.S

اُشا۔ Asif وہ خود ہی I.M.S بن گئی ہے۔

سمترا۔ Happy تو بہت ہوگی؟

بلونت کور۔ Position کا خیال کر کے ہو تو ہو۔ ورنہ Luchra sahib کی تو صورت دیکھ کر ڈر لگتا ہے۔ ہم نے دیکھا تھا اُس وقت موٹا۔ بھدا کالا۔ نیلے کا ٹیلا۔

سمترا۔ اونہہ۔ اور اس کی اپنی شکل بہت اچھی ہے! ایک آنکھ بڑی ایک چھوٹی۔ لمبی لمبوتری پتلی پتنگ۔

شانتی۔ وہ اپنے بالوں کی اتنی proud ہے کہ بس کچھ نہ پوچھو

بلونت۔ پھر اُس کا تو تھرڈ ابھی اپنے ٹھلم ہونے کا بہت proud ہوگا۔

اُشا۔ تو تم تو کسی کو پسند ہی نہیں کرتیں۔

بلونت کور۔ افسوس! افسوس!! وہ ٹھلم پرشاد تمہیں بہت پسند تھا مگر سنجوگتا لے گئی۔ I sympathise with you

اُشا۔ چپ! you naughty

شانتی۔ میرا خیال ہے کہ خود سنجوگتا بھی اسے زیادہ پسند نہیں کرتی۔

سمترا۔ کیوں اتنی بڑی position ہے I.M.S. یا I.C.S.

سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے۔ کوٹھی اور موٹر کار تو ضرور ہوگی!

شانتی۔ نہیں سمترا شکل تو ضرور ناپسند ہوگی اتنا تو میں کہہ سکتی ہوں کیوں کنول! جب ہم شادی سے پہلے اس سے ملنے کے لئے گئے تھے تو کیا کہا تھا اس نے!

کنول۔ Oh! That was awfully funny!

بلونت کور۔ بھئی ہمیں بھی تو بتاؤ کہتی کیا تھی!

اُشا۔ Yes, Lilly! I'll be to hear that!

کنول۔ جی نہیں۔ میں نہ بتاؤں گی کیوں خواہ مخواہ بیچاری کا مذاق اڑائیں

سمترا۔ شانتی! تم بتا دو۔ پھر ایک بات میں بھی سناؤں گی۔

بلونت کور۔ چلو تم بتاؤ پہلے۔

سمترا۔ نہیں پہلے للی یا شانتی دونوں میں سے کوئی بتائے پھر میں بتاؤں گی

شانتی۔ واہ تم کیوں نہ پہلے بتاؤ!

بلونت کور۔ نہیں شانتی! تمہیں نے پہلے کہا تھا اب تم ہی پہلے بتاؤ

سمترا۔ That's right! That's right!
شانتی۔ ہلو بلو! میں نے کہا "سنجوگتا"! ہمیں ذرا جیجا کی فوٹو تو دکھاؤ
سنا ہے بہت خوبصورت ہیں۔
بلونت کور۔ تم بہت naughty ہو شانتی۔
شانتی۔ تو اور میں کیا کہتی بہت بدصورت ہیں۔
ممتاز۔ اچھا آگے؟
شانتی۔ سنجوگتا فوٹو دکھانے سے بہت شرماتی تھی کہنے لگی
Oh, who told you that? He is not at all handsome! میں نے کہا اچھا نہ دکھاؤ۔ پھر میں تمہاری
شادی ہی میں نہ آؤں گی
بلونت کور۔ پھر دکھایا یا نہیں؟
شانتی۔ بھلا میں بغیر دیکھے اُسے چھوڑ سکتی تھی
وہ فوٹو لے ہی آئی اور ہمارے ہاتھ میں دے کر خود منہ پھیر
لیا اور بولی Oh! I am very dis-appointed in him
سمترا۔ فوٹو میں لے تو کچھ ایسا اندازہ بھی نہیں ہو سکتا
شانتی۔ وہ تو کئی دفعہ interview بھی کر چکی تھی۔
بلونت کور۔ اچھا! very, very disappointed
very, very sad تم نے پھر کیا کہا؟
شانتی۔ میں نے بہت praise کیا اور کہا تم بہت
lucky نکلیں۔ یہ تو بہت ہی خوبصورت ہیں۔ اور
مجھے خبر ہے تم دل میں اپنی بہت like کرتی ہو۔
اور ہمارے سامنے دکھاوے کے لئے pretend
کر رہی ہو۔
بلونت کور۔ تم بہت naughty ہو شانتی
شانتی۔ بلو! بس! مجھے بار بار Naughty! Naughty!
نہ کہا کرو۔ بھلا اور میں کہتی کیا؟
بلونت کور۔ چلو سمترا اب تم بولو!
سمترا۔ بھئی اب اور کوئی بات شروع کر دو سنجوگتا کا ذکر چھوڑو۔
بلونت کور۔ تم پہلے بات تو سناؤ وہی۔
سمترا۔ بات کوئی تھی ہی نہیں! God کی قسم میں تو صرف شانتی
کی بات سننے کے لئے کہہ رہی تھی۔
اُشا۔ بھئی نہ تو ممتاز آئی نہ رضیہ Lilly تم نے بلایا نہیں ان کو
کنول۔ اُشا بلایا کیوں نہیں! بلکہ میں تو کل remind بھی
کرا چکی ہوں۔ رضیہ کو۔ اور ممتاز کو بھی فون کیا تھا کہتے ہیں گھر
سے چل پڑی ہے۔
بلونت کور۔ رضیہ ویسے تو دیر کرنے والی نہیں کہیں بھول نہ گئی ہوں
(ممتاز اور رضیہ آجاتی ہیں)
(سب مل کر) You are late! Not a fortune!
ممتاز۔ Lilly برتھ ڈے مبارک۔ افسوس مجھے دیر ہو گئی۔
گاڑی باہر چلی گئی تھی۔ دوسرے مجھے رضیہ کو بھی ساتھ لانا۔
رضیہ۔ مبارک صد مبارک! Lilly دیر اس لئے ہو گئی کہ
Auntie آکر بیٹھی ہوئی تھی۔
کنول۔ Thanks for coming تم نہ آتیں تو میں نہایت ہی
disturbed ہوتی۔
بلونت کور۔ میں تو سمجھی کہ شاید بھول گئیں۔
ممتاز۔ ایسے مبارک دن کو کون بھول سکتا ہے۔ مگر ہماری گاڑی
کو آتے آتے دیر لگ گئی۔
(کنول ان کو چائے نکال کر دیتی ہے)
کنول۔ تم سناؤ اب اشا! وہ رکھا ہے باجا۔
اُشا۔ Lilly پہلے تم خود سناؤ۔ تمہیں معلوم ہے میں اچھی طرح جانتی
بھی نہیں۔
بلونت کور۔ اش! یوں ہی نخرے نہ کرو۔ خود ہی ہمیشہ شیخی بگھارا کرتی
ہو اور اس وقت بھارتول دکھانے لگی ہو۔
کنول۔ اش جلدی کرو۔ بھئی تمہیں میری ہی قسم۔
شانتی۔ اش یہ کیا بات ہوئی تھی؟
ممتاز اور باقی سب۔ اُش۔ اش ضرور ضرور
سب شور مچاتی ہیں رضیہ فوراً اپنی استانی کی نقل اتار کر لڑکیوں
کو ڈانٹتی ہے
رضیہ۔ No noise, you silly girls اش پیاری
اُش ضرور میری خاطر۔
اُشا۔ پھر Lilly بھی سنائے گی!

ممتاز۔ سنائے گی کیوں نہیں۔ میرا ذمہ رہا۔

کنول۔ پولا (ایک مشہور ایکٹرس) ضد نہ کیا کرو۔ سنا دو اب۔

اُشا۔ بھئی مجھے Polal Polal نہ کہا کرو۔

کنول۔ کیوں بلو! ہے نہیں اس کی شکل Polaire Gri کی طرح آنکھیں تو بالکل اسی کی ہیں۔

بلونت کور۔ یہ تو ہو بہو Pola Negri ہے

اُشا۔ (بگڑ کر) Lilly!! dont like that!

کنول۔ اچھا بھئی چلو معاف کر دو اور سناؤ۔ جیا مورا لہرائے ہے۔

بلونت کور اور شانتی۔ اش جلد سنا دو۔ ورنہ ہم سب تمہیں کلاس میں بنائیں گے۔

(اشا سناتی ہے۔ اس کے ختم کرنے پر سب تالیاں بجاتی ہیں)

اُشا۔ Lilly اب تمہاری باری ہے۔

باقی سب Please, Lily, yes, yes.

(کنول گاتی ہے جنگل کی ڈالی ستونتی۔ لاجونتی۔ موہنی۔ کامنیاں"
کنول کا گانا ابھی ختم نہیں ہوا کہ بڑی ماں نے آکر ٹوک دیا)

بڑی ماں۔ کولاں ری اب بس نہ کرے گی یہ ٹیں ٹیں۔ سارا دن تجھے یہی کام ہے۔

کنول۔ ٹیں ٹیں! What noise! تمہیں ٹیں ٹیں سے کیا۔ جاؤ نہیں بس کرتی۔ خواہ مخواہ ہر وقت کی روک ٹوک سے مطلب کیا ہے

ماں۔ میں! دیکھو اس کا مزاج۔ کرے گی اب تیری ساس تجھے سیدھا۔ اسی کے قابو میں آئے گی تو۔

کنول۔ (Shut up!) چپ۔ جاؤ اب یہاں سے۔

(زور سے باجہ بجاتی ہے)

ماں۔ دیکھو تو کیسے بولتی ہے؟ ہے اسے کسی کا لحاظ؟

کنول۔ No Lihaz, please

Right about turn. Quick march

(ساتھ ہی اٹھتی ہے اور دادی کو پکڑ کر اس کا منہ دروازے کی طرف پھیر دیتی ہے سہیلیوں میں سے بلو اور شانتی منہ چھپا کر مسکراتی ہیں اور ماں بڑبڑاتی ہوئی چلی جاتی ہے)

ماں۔ (جاتے جاتے) آگ لگے تیری انگریزیوں کو۔

کنول۔ بس معاف کرو معاف۔ جاؤ اب تشریف لے جاؤ۔

بلونت کور۔ آؤ اب ذرا چل کر بیڈمنٹن کھیلیں۔

کنول۔ تم لوگ چلو میں تو اب ضرور کچھ دیر یہاں بیٹھ کر باجا بجاؤں گی۔ بڑی بی کو ذرا اچھی طرح تنگ تو کر لوں بلو تم لوگ جاؤ میں ذرا دق کر لوں Granny کو ممتاز تم میرے پاس ٹھہرو۔

(کنول اور ممتاز کے سوائے سب چلی جاتی ہیں)

ممتاز۔ کنول ختم کرو اب باجا سنو تو Atanny یہ ساس ساس کیا کہہ رہی تھیں!

کنول۔ Just wait! (بدھاں کو آواز دیتی ہے) مائی! مائی! مائی بدھاں!

بدھاں۔ جی بی بی

کنول۔ یہ اٹھا کر لے جاؤ سب چیزیں۔ جلدی۔

(کنول باجا بجائے جا رہی ہے اور بدھاں اکٹھی کر کے لے جاتی ہے)

ممتاز۔ Lilly اب بتاؤ مجھے سب بات I am dying to know it!

کنول۔ ممتاز کیا بتاؤں۔ فادر شادی کے سامان میں لگے ہیں مجھے کچھ سوجھتا ہی نہیں کیا کروں۔

ممتاز۔ تم Mothe سے کیوں نہیں frankly کہہ دیتیں

کنول۔ مدر کو پوچھتا کون ہے کوئی ان کی سنتا ہی نہیں۔ وہ تو اسی لئے بالکل Indifferent ہیں۔ یہاں تو بس Granny مختار ہیں جو چاہیں کر لیں۔ دوسرے میں اپنی زبان سے کچھ کہنا بھی نہیں چاہتی۔ مجھے شرم آتی ہے۔

ممتاز۔ ہے تو بہت awrwara مگر تم کہو تو میں کسی طرح بات کھولوں۔

کنول۔ No! No! No! اس کا نتیجہ ہمارے لئے کسی طرح اچھا نہ ہو سکے گا۔ اس وقت Grandfather بالکل ہمارے favour میں ہیں۔ وہ اُن سے بہت اچھی طرح Impress ہو چکے ہیں۔ خبر ہو گئی تو وہ بھی ناراض ہو جائیں گی پھر کوئی Chance ہی نہ رہے گا۔

ممتاز۔ تو Grandfather کی بات بھی نہیں مانتے!

کنول۔ نہیں۔ کہتے ہیں۔ وہ بہت poor ہیں family اعلیٰ نہیں۔

ممتاز۔ مگر کنول جو کچھ تم مجھے اب تک بتا چکی ہو اس سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بھی ٹھیک کہتے ہیں۔

کنول۔ ٹھیک ہو یا غلط۔ مگر ممتاز Money is not everything!

ممتاز۔ پھر بھی Parents کو خیال تو ضرور ہوتا ہے۔

کنول۔ ممتاز مجھے تو اس کی ذرا بھی پروا نہیں۔ مجھے ان میں بہت faith ہے۔ اگر مجھے کبھی ذرا بھی کچھ خیال آئے تو انہیں دیکھتے ہی فوراً سب بھول جاتی ہوں۔ کیوں ممتاز تمہارا کیا خیال ہے تم نے بھی تو دیکھا تھا جب Intercollegiate depar ہوئی تھی۔

ممتاز۔ He is very, very handsome!

کنول۔ And he is so clever, too!

ممتاز۔ میرا brother انہیں بہت اچھی طرح جانتا ہے۔ ہمیشہ ان کی تعریف کرتا ہے۔ اس دفعہ کے کالج میگزین میں ان کا ایک بہت اعلیٰ آرٹیکل نکلا ہے۔ تم نے دیکھا یا نہیں۔

کنول۔ آخر ہمیشہ تو poor نہیں رہیں گے ممتاز! مجھے اس بات سے کبھی کوئی خطرہ محسوس نہیں ہوا میرا دل تو کہتا ہے کہ سب ٹھیک ہے۔

ممتاز۔ Lilly پھر تم boldly اپنے Parents سے کیوں نہیں کہہ دیتیں۔

کنول۔ ممتاز کیا کیا جائے۔ نہ مجھے یہ حوصلہ ہو سکتا ہے نہ انہیں ان کی situation بہت awkward ہے۔

ممتاز۔ بھئی یہ بات کتنی funny ہے کہ Granny اپنی صلاح کریں Grandfather اپنی Father اپنی اور جس کی شادی ہو رہی ہے۔ اُسے consult ہی نہ کیا جائے۔

کنول۔ Education-Only its awfully اتنی کرانے سے مطلب کیا ہوا کہ ہمیں Treat اس طرح کیا جائے گویا ہماری کوئی Will ہی نہیں۔ جیسے ہم بالکل ہی ILLITERATE ہیں۔

ممتاز۔ تم دونوں کی آخر کچھ نہ کچھ plans تو ضرور ہوں گی

That's to say, you are burning

کنول۔ ممتاز جب ہمیں Father کے فیصلے کی خبر ملی تو بہت پریشانی ہوئی۔ ایک دن شام کے وقت میں walking کے بہانے سے باہر چلی گئی۔ ادھر وہ بھی پہلے ہی سے وہاں پہنچ چکے تھے۔ کشمیر روڈ پر کوئی گھنٹہ بھر ہم نے situation کو discuss کیا۔ ممتاز وہ dejected تھے اس قدر کہ میں کیا بتاؤں۔ مجھ سے پوچھنے لگے کہ میں serious بھی ہوں یا ویسے ہی play کر رہی ہوں۔ ممتاز Dear اس وقت میں نے بہت hurt feel کیا۔

ممتاز Naturally!

کنول۔ لیکن میں انہیں blame نہیں کر سکتی۔ کیونکہ ایک تو انہیں اپنی position کا خیال ستا رہا ہوگا۔ دوسرے وہ اپنے parents کے ساتھ جو quarrel کر چکے ہیں سب میری وجہ سے ہے۔ ممتاز میں اپنے feelings تم سے کہہ نہیں سکتی۔ خواہ Father نے سب کچھ میری مرضی کے خلاف کیا۔ پھر بھی میں کچھ نہ کچھ guilty ضرور فیل کر رہی ہوں

ممتاز۔ I sympathise with you, both

کنول۔ ممتاز آخر میں نے کہہ دیا کہ مجھ سے جیسے بھی کہو ماننے کو تیار ہوں لیکن میری سمجھ میں کچھ نہیں آتا کہ کیا کروں۔ یہ سن کر وہ بہت then, there بھڑک اُٹھے اور بولے

Is yet hopeless! سب سے اول تو کوئی ایسی تدبیر ہونی چاہئے جس سے یہ شادی کسی طرح رک جائے۔ بعد میں پھر دیکھا جائے گا۔ ہم دونوں ابھی یہی سوچ رہے تھے کہ وہ بولے کہ لو مجھے ایک brain-wave آئی ہے اس سے اگر شادی نہ بھی رک سکی تاہم کچھ گڑبڑ ضرور رچ جائے گی۔ میں نے کہا بتائیے نہ پھر ویسے ہی کیا جائے۔ بولے ہے تو ٹھیک مگر ذرا sneaking سا معلوم ہوتا ہے۔ میں نے دوبارہ پوچھا تو کہنے لگے کہ اگر ٹھیکیدار کو سب حالات confidentially بتا دیئے جائیں تو وہ

ضرور شادی کرنے سے رک جائے گا۔ اب سوال یہ ہوا کہ اُسے جاکر بتائے کون؟ ایک Anonymous Letter لکھا تو ضروری نہیں کہ وہ یقین کرلیں۔ دوسرے وہ خط لکھنے کو پسند بھی نہ کرتے تھے۔ آخر میں نے کہا خواہ نتیجہ برا ہو خواہ بھلا آپ خود ہی جائیے میری طرف سے اجازت ہے۔ جیسے مناسب ہو بات کھول دیجئے۔ مگر بہت Cautiously وہ کسی طرح نہ مانتے تھے لیکن میں نے زور دے کر کہا کہ اور تو کوئی HELP اب باقی رہی نہیں پھر مجھ سے کہنے لگے اگر گھر میں کسی کو خبر ہوگئی اور گھر والوں نے کچھ پوچھا تو بالکل چپ رہنا کسی بات کا جواب نہ دینا۔

ناز۔ پھر کیا ہوا گئے تھے ملنے کو؟

کنول۔ مل تو چکے ہیں اور اُن کے گھر میں کچھ گڑبڑ بھی ہوگئی ہے۔ مگر ابھی کچھ خبر نہیں آئے کیا ہو کیا نہ ہو۔

ممتاز۔ Lilly! You are very brave! اس حالت میں میں تو گھبرا جاؤں مجھے تو کچھ سوجھ ہی نہ سکے کہ کیا کیا جائے۔

کنول۔ ممتاز میں نے تو سوچ رکھا ہے کہ اگر یہ betrothal کسی طرح نہ ٹوٹ سکی تو پھر میں شادی ہی سے صاف انکار کردوں گی کہ میں ابھی شادی کرنا چاہتی ہی نہیں۔ بی۔ اے کے بعد پھر ایم۔ اے میں داخل ہوجاؤں گی ایم۔ اے کرلینے کے بعد میں Independent ہوجاؤں گی۔ ممتاز تم میری جگہ ہو تو کیا کرو۔

ممتاز۔ خدا بچائے۔ یہ تو بڑی مصیبت ہے۔

(بدھاں آتی ہے)

بدھاں۔ بی بی! رائے صاحب اور صاحب جلدی جلدی بیٹھک میں آرہے ہیں۔

کنول۔ اچھا ہم یہاں سے چلے جاتے ہیں۔ چلو ممتاز باہر چل کر ذرا بیڈمنٹن کھیلیں۔

ممتاز۔ نہ بھئی آج گھر جانے کی جلدی ہے میں کھیلنے کے لئے نہیں ٹھہر سکتی۔ پھر کالج میں کھیلوں گی تمہارے ساتھ۔

کنول۔ اتنی جلدی میں نہ جانے دوں گی ابھی تو تم آئی ہو۔

(دونوں باہر چلی جاتی ہیں)

(رائے صاحب آتے ہیں ان کے ساتھ ہی صاحب ہے)

رائے صاحب۔ کیوں بھئی وہ درزی کو بلا بھیجا تھا۔

صاحب۔ اگر بلایا ہے تو ابھی آتا ہوگا۔

بیلی۔ مہاراج درزی کھڑا ہے۔

صاحب۔ بلاؤ اندر اس کو۔ اب سب ARRANGEMENTS ہوجائیں۔ تو اچھا ہے۔

رائے صاحب۔ کرو بھئی کرو۔

(نورالدین آتا ہے)

نوردین۔ سلام ہے جناب

رائے صاحب۔ کہو نوردین تمہارے کاریگر تو تگڑے ہیں!

نوردین۔ حکم کیجیے سرکار سب اچھے ہیں۔

رائے صاحب۔ ارے یار! پہلے تو تم نے ہمیں سیر پھیری میں رکھا تھا۔ جب پوچھیں تب ہی کاریگر بیمار۔ آج کیا ہے! بخار ہوگیا ہے جناب! کل کیا تھا مرگی کا دورہ جناب!

نوردین۔ نہیں جناب اس وقت کاریگر تھے ہی بیمار۔ نہیں تو قسم ہے اللہ پاک کی آپ کے سامنے کوئی جھوٹ تھوڑا ہی بولتا تھا۔

رائے صاحب۔ نہ بھئی اگر اب بھی پہلے کی طرح ٹال مٹول کرنا ہے تو ابھی سے کہہ دو۔ ہمیں جلدی ہے۔ شادی بیاہ کا کام ہوا۔

صاحب۔ وقت پر کام نہ ہوسکنے کے ذمہ دار تم ہوگے۔

نوردین۔ سرکار کہئے تو آج سے آتا ہوں۔ سب کو آپ کے پاس بیٹھ کر کام کریں گے۔ پیسہ ایک نہ دیجئے۔ اگر ذرا دیر ہوجائے تو۔

رائے صاحب۔ بس پھر پرسوں اتوار تک ضرور آجانا۔

نوردین۔ بہت اچھا جناب!

صاحب۔ اتوار تک کام ضرور شروع ہوجائے۔

نوردین۔ ضرور جناب! اچھا سلام عرض ہے (چلا جاتا ہے)

(بڑی ماں آتی ہیں)

ماں۔ درزی سے کہہ دیا یا نہیں! خوب تاکید کردی تھی

صاحب۔ سب ہو رہا ہے۔ ماں! تم کچھ فکر نہ کرو۔

ماں۔ بس جلدی کرو کہ سوا رتھ ہوجائے سر سے بوجھ اترے۔ اگلا مہینہ بیاہ کا مقرر کرلو۔

صاحب۔ اپنی طرف سے تو بہت جلد جلد کر رہے ہیں۔ آئے جب

تیاری ہو جائے۔

ماں۔ دھیل نہ کرنا اب۔ بیاہ کر دو اور ساتھ ہی دے دو سکا وہ۔ پھر آگے سنگھت پڑ جائے گی۔

صاحب۔ سنگھت کیا کہتی ہے ماں تمہاری یہ باتیں نہ گئیں۔

رائے صاحب۔ ارے صاحب! کیوں بے کار مغزماری کر رہے ہو تم جانتے بھی ہو کہ جو کچھ اس کی مرضی ہو وہی ہو کر رہتا ہے۔ تمہارا اس میں ہرج ہی کیا ہے۔

صاحب۔ ہرج تو نہیں۔ ویسے میں نے ایک بات کہی تھی۔ باقی دیکھیئے جیسے ان کی مرضی تھی میں نے ویسے ہی مان لیا۔

رائے صاحب۔ بس اچھا موا روز روز کا جھگڑا ختم ہوا۔ بات ٹھکانے لگی۔

ماں۔ جھگڑا بھی تو تم ہی لوگوں نے بنا رکھا تھا میں تو کب سے یہی کہہ رہی تھی۔ اچھا اب بھی جو موا اچھا موا رب سکھ چین سے رکھے۔ لڑکی عزت سے اپنے گھر کو سدھارے۔ ہم بھی سرخرو ہو کر بیٹھیں کم بخت زمانہ جو الٹا ہو گیا اسی لئے ڈر لگتا ہے

صاحب۔ اچھا جناب اب اور کون کون سا کام باقی ہے۔

رائے صاحب۔ بھئی تم جانو اور تمہارا کام یا اپنی ماں سے پوچھ لو۔

صاحب۔ ایک ڈرائنگ روم سیٹ اور سلور کی سروس کا آرڈر تو میں دے چکا ہوں۔

ماں۔ اور بھیا برتن خریدتے وقت مجھ سے ضرور پوچھ لینا۔ چار چاندی کے تھال۔ دس گلاس اور پندرہ کٹوریں۔ اس کے بغیر بات نہ بنے گی۔ ٹھیکیدارنی بار بار دان دہیز کا سنا رہی تھی میں نے بھی اُسے سینہ ٹھونک کر کہہ دیا کہ جب ہم سے برتو گی تب جانو گی۔ سو ہمیں تو سر بات نام نمود والی کرنی ہے

صاحب۔ ماں نام نمود بہتیرا ہو جائے گا۔ تم فکر نہ کرو۔ تم سے زیادہ مجھے اس کا خیال ہے۔

ماں۔ بھیا میں تو اس لئے کہتی ہوں کہ پہلا سوارتھ ہو سکھ خیر سے۔ کسی طرح بے مزگی نہ رہ جائے۔

رائے صاحب۔ تم ہو وہی مزاج تمہاری تسلی کسی طرح نہ ہوگی۔

ماں۔ ہائے ابلئے! خبر نہیں آپ کو کیا بری عادت ہے ہر بات میں لڑائی ڈھونڈنے کی پڑی رہتی ہے اب میں اپنے بچے سے بات بھی نہ کروں۔ بات بات پر میرے پیچھے نہ پڑ جایا کرو۔

رائے صاحب۔ بھئی حد کرتی ہو تم۔ لڑتی خود ہو اور سر میرے منڈھ دیتی ہو۔

ماں۔ ہائیں۔ کیا ہوتا جا رہا ہے عقل کو۔ بات بھی نہیں کرنے دیتے اب۔ خبر نہیں کہاں سے اتنی خشکی چڑھ گئی۔

صاحب۔ ماں مجھ سے تو اب خوش ہونا! جو کچھ تم نے کہا میں نے وہی مان لیا۔

ماں۔ آج تم نے میری مانی تو کل کو تمہارے بچے بچیاں تمہاری مانیں گے۔

بیلی۔ مہاراج ٹھیکیدار صاحب آئے ہیں۔

(صاحب دیال آتا ہے)

ماں۔ جم جم آئیے۔ نت نت آئیے سر آنکھوں پر۔

رائے صاحب (اُٹھ کر) ادھر آئیے۔ یہاں بیٹھیے۔

ماں۔ ہم نے تو سب تیاریاں رسمجھ دی ہیں۔ اب خواہ اگلے مہینے شادی کر لیجئے۔

صاحب۔ میرا خیال ہے کہ بیاہ جلد ہو جائے تو پھر ان کا PASSAGE بک کرا دیا جائے۔ ولایت کی سیر کر آئیں جا کر۔

رائے صاحب۔ آپ کے ہاں تو اب کوئی خاص دیر نہ ہوگی۔

صاحب دیال۔ میں آپ سے ایک بات کرنے کے لئے آیا تھا۔

ماں۔ جم جم کیجئے۔ پھر باتیں کرنی ہی کب ہیں۔ یہی تو وقت ہے باتیں کرنے کا۔ آخر مل جل کر آپس میں صلاح کرنے سے ہی سب کام ہوں گے نا! میں تو پہلے ہی صاحب سے کہہ رہی تھی کہ جاؤ خود جا کر ساری بات ان سے طے کر آؤ۔

صاحب۔ جناب! ہم تو آج کپڑے زیور وغیرہ سب کا آرڈر دے چکے ہیں۔ درزی اتوار کو سینے کے لئے بیٹھ جائیں گے۔ اب آپ کوئی دیر نہ کیجئے۔ ہمارے ARRANGEMENTS تو سب ٹھیک PROGRESS کر رہے ہیں۔ بلکہ مجھے خیال بھی نہ تھا کہ سب اتنی SMOOTHLY ہو جائے گا

رائے صاحب۔ کام ہونے پر آئیں تو سب اسی طرح ہو جاتے ہیں۔

بہ ہر کارے کہ ہمت بستہ گردد
اگر خارے بود گلدستہ گردد

جب تک کام کو ہاتھ میں نہ لیا جائے بہت بوجھ معلوم ہوتا ہے کام شروع کیا تو بس سمجھیے کہ ہو گیا کہیے۔ فرمایئے کوئی خاص بات ہے؟

صاحب دیال۔ بات تو بہت خاص ہے۔ میں صرف آپ کے سامنے کروں گا۔

ماں۔ ہائیں! تو کونسی ایسی بات ہے ہم سے چھپا کر کرنے کی! اب آپ ہمارے ہو چکے اور ہم آپ کے۔ کوئی پردہ تھوڑا ہی ہے

صاحب دیال۔ رائے صاحب۔ مجھے بات صرف آپ کے ساتھ کرنی ہے ذرا PRIVATE ہے۔

رائے صاحب۔ بہت اچھا! صاحب بھئی جاؤ تم لوگ۔ ہمیں ذرا پل بھر بات کر لینے دو۔

صاحب۔ لیجیے جناب! آؤ ماں! ہم چلیں۔

ماں۔ وہ کون سی ایسی پردے کی بات ہے؟ آپ میرے سامنے کریں

رائے صاحب۔ جاؤ جی بات کر لینے دو۔

صاحب۔ ماں آ بھی جاؤ ہمیں خود ہی بتا دیں گے۔ ابھی۔

(صاحب ماں کو زبردستی اندر لے جاتا ہے وہ دروازے کے پاس کھڑی رہتی ہے)

رائے صاحب۔ فرمایئے!

صاحب دیال۔ رائے صاحب غضب ہو گیا۔ اُف!

رائے صاحب۔ کیا ہو گیا؟ خیریت تو ہے؟ کندن لعل کیسا ہے؟

صاحب دیال۔ کیا بتاؤں۔ بہت بڑی بات ہے میں کہہ نہیں سکتا

رائے صاحب۔ کہیے تو سہی۔ جلدی کیجیے۔

صاحب دیال۔ بات کہنے کی نہیں۔ مگر بغیر کہے گذارہ بھی نہیں ہو سکتا۔

رائے صاحب۔ کہیے نا پھر جلد کہیے آپ رُکتے کیوں ہیں بُری بھلی جو کچھ بھی ہے صاف کہہ دیجیے۔

صاحب دیال رائے صاحب۔ میں شگون واپس کرنے پر مجبور ہوں

رائے صاحب۔ کیا ہوا۔ ہم سے کونسی ایسی خطا ہو گئی۔

صاحب دیال۔ آپ سے کوئی خطا نہیں ہوئی مگر میں مجبور ہوں

رائے صاحب۔ کوئی وجہ؟

صاحب دیال۔ کندن کی ماں بالکل نہیں مانتیں۔ ہمارے پروہت نے جنم پتری دیکھ کر بتایا ہے کہ لڑکے لڑکی کا یوگ ٹھیک نہیں کوئی گرہہ بُرا پڑا ہے۔

رائے صاحب اتنے بڑے دانا ہو کر آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں پہلے آپ کا پروہت سویا پڑا تھا اور گرہہ ورہہ کی آج کل پروا بھی کون کرتا ہے سب لوگ ایسا کرنے لگیں پھر تو بہت گڑبڑ ہے

صاحب دیال۔ رائے صاحب! جب لڑکے لڑکی کا یوگ ہی ٹھیک نہ ہوا تو پھر بات آگے کیونکر بڑھے؟

رائے صاحب۔ بندہ پرور بیاہ سے پہلے یوگ نہ یوگ کی خبر کیا ہو سکتی ہے؟ آپ بالکل بچوں کی سی باتیں کر رہے ہیں۔

صاحب دیال۔ مہاراج! گرہہ اچھا نہیں۔ میں یہ رشتہ نہیں کر سکتا۔

رائے صاحب۔ غضب ہے! ایسی تیسی گرہہ کی آپ کو پہلے خبر نہ تھی۔

صاحب دیال۔ پہلے خبر ہوتی تو کبھی نام نہ لیتے۔

رائے صاحب۔ آپ یہ پہیلیاں کیا کہہ رہے ہیں۔ سیدھی بات کیجیے۔

صاحب دیال۔ سیدھی بات یہ ہے کہ آپ کی لڑکی رضامند نہیں اس شادی پر اس کی مرضی نہیں۔

رائے صاحب۔ بندۂ خدا! وہ رضامند نہیں تو کیا ہوا۔ لڑکیوں کو رضامند ہونے سے کیا واسطہ۔ اور آپ کو لڑکی کی مرضی کی کیا خبر؟ اُس کی بھی وہی مرضی ہے جو ہماری ہے۔

صاحب دیال۔ آپ کو کچھ خبر نہیں۔ لڑکی سے اچھی طرح پوچھیے۔ میں یہ رشتہ کر ہی نہیں سکتا۔

رائے صاحب۔ آپ زبردستی کر رہے ہیں۔

صاحب دیال۔ جو کچھ میں جانتا ہوں۔ اگر آپ جانتے ہوں تو کبھی ایسا نہ کہیں۔

رائے صاحب۔ خبر نہیں آپ کیا جانتے ہیں ہمیں کوئی خواب تو آیا نہیں کہ معلوم ہوتا۔

صاحب دیال۔ آپ کی لڑکی کسی اور کو چاہتی ہے۔ معاف کیجیے میرا کہا۔ میں اس حالت میں رشتہ کیسے کر سکتا ہوں۔

رائے صاحب۔ ہیں کسی اور کو چاہتی ہے! آپ کیسے یہ بات کہہ رہے ہیں۔

صاحب دیال۔ جناب میں بلا وجہ نہیں کہتا۔ میرے پاس اُس شخص کا دوست آیا تھا۔ دو سال سے خط و کتابت جاری ہے۔ آپ کو

کچھ خبر نہیں۔ اپنی لڑکی سے پوچھیے۔

رائے صاحب۔ خط وکتابت! کون ہے وہ شخص؟ اس کا نام بتائیے

صاحب دیال۔ میں اس بات کو Private رکھنے کا وعدہ کر چکا ہوں میں اس سے زیادہ کچھ نہ بتا سکوں گا۔ باقی آپ لڑکی سے معلوم کر لیجئے میں اس معاملے میں قدم آگے نہیں بڑھا سکتا مجھے خود بہت بڑی disappointment ہوئی ہے۔ یہ بہہ رکھا ہے شگون۔ معاف فرمائیے۔ بس نمستے

(صاحب دیال چلا جاتا ہے)

(ماں جھٹ پٹ دروازے کے پیچھے سے نکل آتی ہے)

ماں۔ پڑ گئی خاک سب کے سر میں لگ گیا کلنک کا ٹیکا سب سن لیا میں نے سب سن لیا۔ میں کہتے کہتے تھک گئی۔ ساری عمر انہیں باتوں کو روتے گذر گئی۔ تم لوگوں نے میری ایک نہ سنی۔ اب کیا کرو گے؟ میں تو مر چلی۔

صاحب۔ کیوں کیا بات ہوئی؟

رائے صاحب۔ بات ہوئی تمہارا سر۔ تمہیں چار سال سے میں کیا کہہ رہا تھا کہ لڑکی کا بیاہ کر دو۔ کر دو۔ لو رکھو اب۔ ٹھیکیدار شگون واپس کر گیا ہے۔ کہتا ہے لڑکی کی خط وکتابت ہے کسی سے

صاحب۔ بکواس بالکل بکواس۔ یہ نہیں ہو سکتا۔

ماں۔ ہائے آگ لگ جائے اس پڑھائی کو۔ جل جائیں یہ سکول نہ اسے پڑھاتے نہ یہ چٹھیاں لکھنے جوگی ہوتی۔ میں تو تھک گئی۔ روز سکولوں کی جان کو روتے روتے میری زبان تھک گئی کہ نہ بھیجو اسے سکولوں میں لڑکی جوان ہو گئی ہے اسے باہر نہ جانے دو۔ شادی کر دو نامراد کی اور گھر سے نکالو۔ میری ایک نہ سنی تم باپ بیٹوں نے۔ ہائے اب سارے افیم کھالو۔ ہائے میں کیا کروں میں کہیں کی نہ رہی۔ ہائے میں لٹ گئی۔

رائے صاحب۔ دیکھا تم England returned ڈھونڈتے تھے لڑکی نے یہیں England بنا لیا خبر نہیں کس کے ساتھ اور کب سے Court-ship جاری ہے۔

صاحب۔ مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

رائے صاحب۔ تمہیں سمجھ خدا نے دی تھی؟

ماں۔ ہائے رے میں کہتے کہتے تھک گئی میں اسی جلن میں راکھ ہو گئی۔ تم لوگوں نے میری ایک نہ مانی۔ اب بتاؤ کیا کرنا ہے۔ مجھے تو لا دو افیم!

رائے صاحب۔ مجھ سے کیا کہتی ہو اپنے بیٹے سے کہو۔

ماں۔ ہائے رے نوج یہ دن آتا۔

رائے صاحب۔ بہت برا ہوا۔ صاحب تو نے غارت کر دیا۔

صاحب۔ میں Lilly سے پوچھتا ہوں یہ بات کیا ہے۔ بغیر پوچھے کیا معلوم کیا ہے کیا نہیں۔

ماں۔ لِلی۔ لِلی۔ لِلی۔ ہائے نوج پیدا ہوتی یہ لِلی۔ نہ رہتی لِلی مر جاتی لِلی تو یہ دکھ کیوں بھوگنے پڑتے۔

صاحب۔ میں اس کی Mother سے کہتا ہوں۔ وہ پوچھے اس سے کہ بات کیا ہے؟

ماں۔ بات ہے خاک۔ کیا پوچھو گے اس سے۔ اب کہیں ڈوب مرنے کی جگہ ڈھونڈو۔ ہائے خلقت کیا کیا باتیں کرے گی؟ عورتیں کیا کہیں گی ہائے میرے رام! مجھے راتوں رات موت دے دے ہائے میں جانتی تو پیدا ہوتے ہی اس کا گلا گھونٹ ڈالتی۔

رائے صاحب۔ اب رونے پیٹنے سے کچھ نہ بنے گا۔ اب یہ سوچ کہ آگے کرنا کیا ہوگا؟

ماں۔ ٹکڑے کر دو مردارے کے اور بہتے دریا میں پھینک دو اور اب کیا کرنا ہے! زہر مل جائے ایسی کو۔ اور پھر نظر نہ آئے۔ اس نے ہمیں غرق کر دیا ہے پرماتما! میں کدھر جاؤں۔

(لِلی اور یشودھا آتی ہیں)

یشودھا۔ کیا کیا تو نے! بول بول! تیرے سر میں خاک۔ بول کہاں گئی تیری شرم عزت۔ تجھے ماں باپ کی لاج نہ آئی۔ اسی لئے تجھے پڑھایا لکھایا تھا۔ اسی لئے خاک ڈالی تھی تیرے سر میں!

(بڑی ماں لکڑی اٹھا کر مارنے لگتی ہے)

ماں۔ مر جا۔ مر جا۔ مر جا تیرے سر میں خاک غرق ہو جا یہیں اسی دھرتی میں دھنس جا۔ تو اسی دن کیوں نہ مر گئی جب تو نے جنم لیا

صاحب بولو۔ Lilli کیا بات ہے؟ کون ہے؟ کیا کیا تم نے؟

رائے صاحب۔ کیا ہے وہی جو مدت سے نظر آ رہا تھا۔ میرا سر کھپ گیا تمہیں سمجھاتے سمجھاتے تم England returned ڈھونڈنے میں رہے مل گیا!

کتب خانہ جامعہ اسلامیہ دہلی

یشودھا۔ بول! بول! کلموہی۔ جوانا مرگ۔ تیرا بیڑا غرق ہو کیا کیا تو نے! کہاں ہمارے سر میں خاک جھونکنے گئی تھی؟

ماں۔ یہ کیا بتلائے گی! اسے زہر کا پیالہ دے دو۔ مار ڈالو جان سے۔ اب بھی میرا کہا مانو۔ خبر نہیں کل کو اور کیا گل کھلائے گی۔

صاحب۔ بولو LLLLY تم بولتیں کیوں نہیں؟ کیا کیا تم نے! یہ کیا بات ہے!

ماں۔ مرجا۔ مرجا اب تیرے لئے یہی اچھی بات ہے۔ چپکے سے پھانسی لے اور جھگڑا پاک کر۔

(رانی اندر چلی جاتی ہے)

رائے صاحب۔ ارے صاحب! اس کا کوئی قصور نہیں۔ سب تیرا کیا دھرا ہے۔ سب تیرا اب آخر عمر میں تو نے ہمیں بھی بٹہ لگا دیا

ماں۔ سب تیرے کرتوت ہیں۔ صرف تیرے۔ ہمیں کہیں کا نہ چھوڑا تو نے

صاحب۔ مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آتا کیا کروں!

ماں۔ تم کرو سر جننے والوں کا۔ افیم کھا لو۔ یا اس کا گلا گھونٹ دو۔ ہائے کل تک سارا جہان باتیں کرتا ہوگا۔

رائے صاحب۔ اب بیٹھ کر سوچو کہ آخر کرنا کیا چاہیئے۔

ماں۔ کچھ مت سوچو۔ اس کل موہی کو زنجیریں ڈالو اس کی مشکیں کس کر اسے کوٹھری میں بند کر دو۔ صاحب! جا پکڑ اُسے۔ کسی طرف کو نکل نہ گئی ہو۔ اس پر ایک پل کا بھروسا نہ کرو۔ (یشودھا سے) ہماری اس کے پاس رہ۔ یہ بچھیری نکل جائے گی کسی طرف کو اس کے طور اچھے نظر نہیں آتے۔ اندر بند کر کے تالا لگا دو۔

رائے صاحب۔ اب سوچنا تو یہ چاہیئے کہ اس سے آگے ہمیں کرنا کیا ہے۔ بات نکل گئی تو لڑکا ملنا بہت مشکل ہو جائے گا۔

ماں۔ اب لڑکا نہ ملے گا۔ اور نہ ڈھونڈنے کی کوئی ضرورت ہے۔ اسے جہاں بھی ہو سکے۔ پھینک دو۔ منہ کالا کر و مردار کا۔ اور شام سے پہلے پہلے گھر سے دور کر دو۔ ہائے خبر نہیں کیا کچھ کر چکی ہے

رائے صاحب۔ صاحب تم منہ میں گھنگیاں ڈال کر بیٹھے ہو بولتے کیوں نہیں کہ اب کرنا کیا ہے؟

ماں۔ یہ اب کہاں رہا بولنے جوگا۔ کرنا کیا ہے! جو بھی ملے اسی کے ساتھ رخصت کر دو۔ اب نہ ٹھیرو نہ کچھ دیکھو۔ اب بات ہی کچھ دیکھنے کی نہیں رہی پھیرے دو اور گھر سے باہر کرو۔ مرتی جیتی جیسے بھی ہو ایک دفعہ یہاں سے چلی جائے۔ نہیں تو پھر میں پھانسی لے کر جان دے دوں گی۔ سب سن لو۔

رائے صاحب۔ جے کشن کو بلائیں اب تو زیادہ باریکیاں چھانٹنے کی نوبت نہیں رہی۔

ماں۔ جے کشن نہ مانے تو بیلی کے ساتھ رخصت کر دو۔ ہائے میرا جی ڈوب رہا ہے۔

صاحب۔ اس کے متعلق تو کوئی DIFFICULTY نہ ہوگی۔

ماں۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا اس سے کہیں وہ بھی نہ بگڑ بیٹھے۔ پھر کیا کریں گے! اب تو اور کوئی جگہ نہ ملے گی۔

رائے صاحب۔ (گھڑی دیکھ کر) اس کے آنے کا وقت قریب ہے میں اس سے ابھی بات کرتا ہوں۔

ماں۔ مجھے بھی بلا لینا اس وقت۔ میں خود بات کروں گی آپ کچھ مت بولیں۔ کہیں ہاتھ سے نہ گنوا دیں۔ سنبھل کر۔ میٹھی میٹھی باتیں کر کے پیار سے جیسے بھی خواہ لوبھ لالچ دے کر کسی طرح منا لینا چاہیئے۔ بس بیاہ کر دو آٹھ دن کے اندر اندر!

صاحب۔ اتنی جلدی کیسے ہو سکتا ہے!

ماں۔ سب خرچ اپنی گرہ سے کر دو۔ کسی طرح بھی ہو بیاہ کر دو۔ لڑکی ہمارے گھر سے چلی جائے۔ خبر نہیں قسمت میں کیا کچھ لکھا ہے۔ ہائے کسی طرح منا لو اور نکال دو لڑکی کو گھر سے۔ ہائے کولاں! ری تجھے موت آ جائے کل سویرے پھر نہ اُٹھے۔ اب تیرے اُٹھنے کی گھڑی نہ آئے کبھی۔

(جے کشن باہر سے آواز دیتا ہے۔ مدن! مدن!)

لو آ گیا۔ آ گیا۔ بلا لو۔ اندر بلا لو۔ جلدی فیصلہ کر دو۔ یہی شگون اسے دے دو۔ جلدی کرو۔ وقت نہ گنواؤ۔

رائے صاحب۔ اچھا اب تم اندر جلد چلی جاؤ۔ اس طرح شور نہ مچاؤ کہیں سن لیا تو وہ بھی اکڑ بیٹھے گا۔

صاحب۔ ہاں ہاں اب شور بند کر دو اگر اُسے بھی کچھ شک ہو گیا تو پھر بالکل نہ مانے گا۔

ماں۔ دیکھنا بات سنوار کے کرنا سوچ کر سمجھ کر۔ چلو مجھی کو رہنے دو یہاں اور تم جاؤ۔ تم باپ بیٹوں کو کچھ عقل نہیں۔ کہیں بنا بنایا کام بگاڑ کر نہ رکھ دینا۔

رائے صاحب۔ اب جاؤ مہربانی کرو۔ پھر گھڑی بھر کو آ جانا اور جو کچھ بھی مرضی ہو کہہ لینا۔ پہلے مجھے بات تو کرنے دو۔

ماں۔ اچھا اچھا میں جاتی ہوں۔ اب ذرا سوچ کر بات کیجئے۔ سمجھ کر پیار سے۔ دل سے سنا کر چھوڑیئے۔ جو کچھ کہو وہی مان لیجئے کوئی کڑوی بات نہ کیجئے۔ ہمیں اس وقت ضرورت جو ہوئی۔

رائے صاحب۔ بس سمجھ لیا۔ جاؤ اب۔ جلدی کرو۔ جانے کا اشارہ کرتے ہیں)

صاحب Hullo! Jackson! How are things!

جے کشن۔ Jolly well! (should say! Thanks!)

رائے صاحب۔ کہو بھئی۔ باپ کے ساتھ صلح ہوئی یا نہیں!

جے کشن۔ ابھی تو جنگ ہی سمجھیے۔ وہ میری بات نہیں سمجھتے میں ان کی نہیں سنتا۔

صاحب! Quarrelled with your father!

جے کشن۔ جی نہیں Quarrel تو کوئی نہیں۔ وہ کہیں سگائی کر بیٹھے تھے۔ اب شادی پر زور دے رہے ہیں میں نے انکار کر دیا ہے بس۔

صاحب۔ انکار کیوں! آخر شادی کرنی تو ہوگی۔

جے کشن۔ کچھ ضروری نہیں۔ مرضی کے مطابق موقع کر لی ورنہ بیٹھے بٹھائے جنجال گلے ڈال لینے سے مطلب کیا!

رائے صاحب۔ بھئی وہ لڑکی جے کشن کی مرضی کے مطابق نہیں

صاحب۔ Educated نہیں ہوگی۔

جے کشن۔ بالکل ان پڑھ بھلا ایسی Marriage میں Happiness کیا ہوگی!

صاحب۔ You're right, Jackson!

جے کشن۔ معمولی Common-sense کی بات ہے کم از کم Educated تو ہو۔

رائے صاحب۔ صاحب بھئی تم ذرا جاؤ تو رصاحب چلا جاتا ہے) جے کشن! آج میں تم سے ایک بات کہتا ہوں۔ مدت سے میرے دل میں ہے۔ شاید تم نہیں جانتے کہ میں شروع ہی سے تمہیں کتنا Like کرتا ہوں۔

جے کشن۔ میں جانتا ہوں جناب! آپ کی بہت مہربانی ہے۔

رائے صاحب۔ سچ تو یہ ہے بھئی مجھے تمہارا کیرکٹر بہت ہی پسند ہے۔ Simple, self-helping. اگر تم اسی طرح لگے رہے تو کسی دن ضرور کچھ بن کے رہو گے۔

جے کشن۔ آپ کی دعا چاہیئے جناب۔

رائے صاحب۔ نہیں بھئی یہ حق بات ہے۔ ہمارا صاحب بھی تمہارا بے حد مداح ہے اکثر تمہارا ہی ذکر ہوا کرتا ہے۔

جے کشن۔ ان کی بھی بہت مہربانی ہے۔

رائے صاحب۔ اور جے کشن! اوہ! جتنا تمہیں صاحب کی ماں پسند کرتی ہیں تمہاری تعریفیں کرتے کرتے زبان تھکتی نہیں تمہیں دیکھ دیکھ کر بے حد خوش ہوتی ہیں۔

ماں۔ (جھٹ پٹ دروازے کے پیچھے سے نکل کر) شاباش ہے اس ماں کو جس نے ایسا لعل جنا۔

رائے صاحب (اشارہ کرتے ہوئے) ٹھہرو جی ٹھہرو! بات کر لینے دو پہلے (ماں پھر اندر چلی جاتی ہے)

جے کشن۔ ان کی بھی بے حد مہربانی ہے۔

رائے صاحب۔ ہاں بھئی صاف بات تو یہ ہے کہ ہمارے صاحب کی خواہش ہے کہ تم سے ہوشیار اور ہونہار نوجوان کو اپنے family کا ممبر بنا لیا جائے۔ سمجھے؟!

جے کشن۔ جی۔

رائے صاحب۔ لڑکی کے متعلق بھی کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ شاید تم نے دیکھا بھی ہو بہت pretty ہے educated ہونے کا تمہیں علم ہے۔ اس کے music کے لئے بھی خاص انتظام کر رکھا ہے۔ ہارمونیم بہت اعلیٰ جانتی ہے وائلن کا بھی شوق ہے Piano کے Lesson بھی لے رہی ہے اور ہر طرح سے up-to-date ہے۔ باقی مزاج کی نسبت سن لو کہ جیسا ہنس کہ صاحب ہے بالکل اسی طرح وہ بھی ہے۔

جے کشن۔ جناب آپ کی .....

رائے صاحب۔ نہیں ہم تم پر کوئی خاص احسان تو کر ہی نہیں رہے بلکہ ہم بھی ایک طرح سے selfish ہیں ہم جانتے

ہیں تمہارے Circumstances اس وقت اچھے نہیں۔ پھر بھی تم سا لڑکا کم ملتا ہے۔ ہمیں دولت یا خاندان کی خواہش نہیں مال دولت کوئی ساتھ لے کر دنیا میں پیدا نہیں ہوتا۔ ہمیں دیکھو جب ہم نے انٹرنس کا امتحان دیا ہمارے گھر میں کھانے تک کو نہ تھا۔ نری بھانگ بھن رہی تھی۔ مگر اپنی محنت اور کوشش سے دیکھ لو اس وقت خدا کا دیا سب کچھ موجود ہے۔ سچی بات تو یہ ہے مجھے تم سے اسی لئے زیادہ محبت ہے کہ تم میں وہ سب خوبیاں موجود ہیں جو اسی عمر میں خود ہم میں ہوا کرتی تھیں۔

جے کشن۔ آپ مجھ پر اتنی مہربانی کر رہے ہیں جس کا مجھے کبھی خواب میں بھی خیال نہ آسکتا تھا۔ کہاں میں کہاں آپ۔ میں خیال کرتا ہوں تو دل ہی دل میں .....

رائے صاحب (بات کاٹ کر اور ہنس کر) ہیں ہیں!!! مہربانی ہم تم پر نہیں بلکہ خود اپنے آپ پر کر رہے ہیں یقین مانو میں نے تم سے لائق نوجوان بہت کم دیکھے ہیں۔ باقی دھن دولت کسی کے باپ دادا کی میراث نہیں دھن مرد کے بازوؤں میں ہوتا ہے۔

جے کشن۔ رائے صاحب میں نہیں جانتا کس منہ سے آپ کا شکریہ ادا کروں۔

رائے صاحب۔ نہیں نہیں شکریے کی بالکل کوئی ضرورت نہیں

جے کشن۔ میں اس معاملے میں اپنی ذمہ داری کو محسوس کر رہا ہوں

رائے صاحب۔ تم سے expected یہی تھا۔

جے کشن۔ مجھے معاف کیجیے اگر میں عرض کرنے کی جرأت کروں کہ آپ کی proposal گو عین ذرہ نوازی ہے مگر آپ کی ناز و نعمت میں پلی ہوئی صاحبزادی مجھ جیسے بے سروسامان اور بے مایہ شخص کے پاس کس طرح آرام سے رہ سکے گی! میرے کوئی parents نہیں۔ والدین سے میں لڑائی کر چکا ہوں۔

یہ میری ناشکرگذاری ہوگی اگر میں آپ کی ذرہ نوازی کی قدر نہ کروں۔ مگر میں اپنی ذمہ داری کو فیل کرتے ہوئے جھٹ پٹ ہاں بھی نہیں کر سکتا۔ میری یہ پوزیشن نہیں۔

رائے صاحب۔ بھلے آدمی! پوزیشن کی تمہیں کیا فکر ہے۔ سنو ادھر آؤ نزدیک آکر بات سنو۔ پوزیشن کا بندوبست خود لڑکی والے کریں گے تمہیں کیا! انہیں اپنی بیٹی کا سکھ منظور نہیں کیا وہ نہیں جانتے کہ تمہارے حالات کیسے ہیں۔ واہ! اس بات کا تمہیں بالکل خیال ہی نہ کرنا چاہیے۔

(ماں فوراً اندر آجاتی ہے)

ماں۔ لو بھیا تو بھلا ہمیں اس کی خبر نہیں۔ پر بنیا آدمی لائق ہو شریف ہو تو سب کچھ ہو جاتا ہے۔ ہم تو نیک بر سہیڑتے ہیں۔ دھن کی ہمیں پروا نہیں خاندان کی چاہ نہیں۔ ہم نے تمہاری نیکی اور لیاقت کو پسند کیا ہے۔ رائے صاحب تو بس روز تمہاری ہی باتیں کرتے رہتے ہیں۔ ہمارا صاحب ولایت ولایت جپا کرے تو میں نے کہا نہ بابا ولایت والوں کے پیچھے بھٹکنے کی کوئی ضرورت نہیں ہمارے پاس جو موجود ہے ایسا لائق اور سندر لڑکا ہمیں اور کوئی ڈھونڈنے کی خواہش ہی نہیں۔

رائے صاحب۔ میں بارہا صاحب کے منہ پر کہہ چکا ہوں کہ یہ فضول خبط ہے۔ مگر دیکھو۔ تھا وہ بھی اپنی جگہ سچا۔ آج کل سبھی کو یہ خبط ہو چکا ہے۔ جس کی بھی لڑکی چار حرف انگریزی کے جاننے لگے وہی یہ چاہتا ہے کہ لڑکا England returned ملے۔ بہتیرے لوگ ایسے بھی ہیں۔ کہ بس نہائیں تو گنگا پر نہائیں ورنہ کہیں اور منہ بھی نہ دھوئیں۔ ENGLAND RETURNED سے ادھر بات ہی نہیں کرتے اور بعد میں کام کا لڑکا یہاں سے بھی نہیں ملتا اصل تو یہ بات ہے جے کشن کہ تمہاری دادی نے تمہارے لئے بے حد زور لگایا ہے ہر روز تمہارا ہی ذکر۔ ہر روز تمہاری ہی صفتیں۔

جے کشن۔ ان کی بے انتہا مہربانی ہے مگر میں عرض کر چکا ہوں کہ میں یہ بات نباہ نہیں سکتا۔

ماں۔ ہیں۔ نادان لڑکا! تمہیں فکر کس بات کی ہے۔ ہم خود نہیں یہ سب جانتے۔ شاید تم نے سنا ہوگا۔ کہ لوگ گھر جنوائی بھی رکھا کرتے ہیں۔ بس بیٹا ہم تجھے گھر جنوائی ہی رکھیں گے۔ لڑکی کو رخصت کرنے کی ضرورت ہی نہیں ابھی۔ جیسے پہلے رہا کرتی ہے۔ اسی طرح اب بھی گھر میں رہے اور تم بھی رہو۔ بس پھر فکر کاہے کا!

رائے صاحب۔ لو بھئی جے کشن اب تو پانچوں گھی میں ہیں۔ اب بتاؤ!
You are Pucr Ry dog بھئی سچ تو یہ ہے کہ
میں اس سے صلاح کے بغیر تم سے کچھ کہنا نہ چاہتا تھا۔ مگر یہ بھی
دیکھ لو کہ تمہاری دادی ہمیشہ مجھ سے بڑھ کر قدم مارتی ہیں۔
ان کی یہ طرح کی عادت سے رہنے ہیں، ہی ہی ہی
ہی! ہی ہی!

(باہر سے بھگت جی کی آواز سنائی دیتی ہے)
رائے صاحب! رائے صاحب! گھر میں ہیں آپ؟

رائے صاحب۔ یہ لو بھگت جی بھی آگئے ہیں۔ جے کشن کی نسبت
یہ بھی بہت کہہ چکے ہیں۔

مال۔ لو تو ہمیں کہنے کہلانے کی ضرورت ہی کیا تھی۔

(بھگت جی اندر آجاتے ہیں)

رائے صاحب۔ آئیے۔ آئیے آج بہت دن بعد درشن دیا کہاں رہے!

بھگت جی۔ کچھ نہ پوچھو مہاراج۔ بہت دن سے آنا آنا کر رہا تھا مگر
یہاں تو یہ حال ہے کہ ایک بکھیڑا نپٹاتا ہوں تو دوسرا آن پڑتا
ہے۔ ایک جان اور سو کام۔ کہیں سر کھجانے کی فرصت نہیں
ملتی۔ بلکہ ہم تو بیمار ہو گئے۔

رائے صاحب۔ اوہو۔

بھگت جی۔ اب آپ یہ بتلیئے کہ کیا فیصلہ کیا۔ آپ نے ہماری بات
مانی یا نہیں؟ میرے پاس دو رشتے ایسے بڑھیا آئے ہیں کہ
بس کچھ مت پوچھیے۔ اور لڑکیاں بھی پڑھی لکھی فیشن ایبل۔ میں نے
کہہ دیا کہ نہیں پہلے رائے صاحب سے پوچھ لوں ہم اُن کو زبان
دے چکے ہیں۔

رائے صاحب۔ پوچھنا کیا بھگت جی۔ آپ کہیں اور ہم نہ مانیں۔ یہ
کبھی ہو سکتا ہے! آخر کبھی آپ کا کہا رد بھی کیا ہے!

(صاحب آتا ہے)

صاحب۔ اچھا بھگت جی ہیں کہئے مہاراج مزاج اچھے ہیں!
آپ کی بات جناب ہمارے سر آنکھوں پر۔ رائے صاحب کا کہا
اور آپ کا کہا ہمارے لیئے برابر ہے۔

مال۔ لو ہم آپ کا کہا نہ کریں گے تو اور کس کا کریں گے۔ ہماری آپ کی
تو قدیم سے ایسے ہی چلی آتی ہے۔ بلکہ آپ کچھ اور بھی کہہ دیجئے
اور پھر لڑکا ایسا کہاں ملتا ہے؟

بھگت جی۔ مہاراج میں نے کہہ دیا تھا کہ لڑکا لاکھ غریب ہو مگر گودڑ
کا لعل ہے۔

مال۔ ہم خود جانتے ہیں بھگت جی سب کچھ۔ ہماری بھی عمر بیت گئی
ہے لڑکوں کو دیکھتے دیکھتے!

بھگت جی۔ پھر ہو گئی پختہ بات!

رائے صاحب۔ ہماری طرف سے خواہ ابھی شگون لے جائیے۔

بھگت جی۔ واہ وا واہ وا!! کیوں بچہ جی! ہم نے تم سے کہا نہ
تھا کہ تمہارا منڈو کسی ایسی جگہ پڑھوائیں گے کہ بس ساری عمر یاد
کیا کرو گے ہم نے جس کام کو بھی ہاتھ میں لیا پورا کر کے چھوڑا کیوں رائے صاحب!

رائے صاحب۔ دھن مہاراج! آپ کی برابری نہیں۔

مال۔ دھن جنم ہے۔ ہم تو ہر روز آپ کی سوبھا سنتے
ہیں۔

بھگت جی۔ یہ سب مہاراج کی کرپا ہے۔ ورنہ میں کون ہوں اور
کس لائق ہوں؟

اچھا رائے صاحب اب ہم آپ کو ایک خبر سناتے ہیں۔

رائے صاحب۔ کوئی اچھی خبر سنائیے۔

بھگت جی۔ کبھی آپ کو ایسی ویسی بھی سنائی ہے! خوش ہو جائیے
گا سن کر۔

رائے صاحب کیوں نہیں؟ ضرور ضرور کچھ نفع ہوا ہے!

بھگت جی۔ (ہنستے ہیں) ہی ہی! ہی ہی!! ہی ہی!!! بوجھ لیجئے
بوجھ لیجئے۔

رائے صاحب۔ آپ کی باتیں آپ ہی جانیں۔

بھگت جی۔ کیا بتائیں مہاراج ہم گئے موئے تھے باہر پچھلے
دنوں اتنے بیمار ہو گئے۔ اتنے بیمار کہ زمین پر اتار دیا۔

رائے صاحب اور مال۔ ہرے ہرے ہرے۔

بھگت جی۔ مہاراج پردیس کا معاملہ۔ نہ پاس کوئی خبر
لینے والا۔

مال۔ ہرے رام! ہرے رام!!

بھگت جی۔ مہاراج ہم سمجھے کہ بس انت کی گھڑی آپہنچی۔ بارہا
یہی خیال آئے کہ او گنیشی لعل! تیرا اتنا کہا کیا کس کام! اگر

ابھی تیرا دم نکل جائے۔ تو پیچھے کوئی تیرا پانی دینے والا بھی نہ رہے۔ اُس وقت ہم نے واہگورو کا دھیان کیا کہ اونچے پادشاہ اس وقت بخش دے تو ہم کوئی پانی دینے کا سہارا ہی بنالیں۔ سو مہاراج ..... جے کشن کو اب ہم نے بیٹا بنالیا ہے۔ اور سچی بات تو یہ ہے اسے باپ کی ضرورت تھی اور ہمیں بیٹے کی اب دیکھئے مہاراج کیسے ٹھاٹھ کے ساتھ برات لاتے ہیں۔

رائے صاحب۔ جے کشن! YOU ARE A LUCKY DOG!

صاحب۔ میرے جیال میں شادی کے بعد جے کشن ENGLAND چلا جائے تو بہتر ہے۔

بھگت جی۔ نہ مہاراج میں تو لڑکے کو نہ بھیجوں گا۔ وہاں جاکر لڑکے بگڑ جاتے ہیں۔

صاحب۔ جی نہیں ہم LILLY کو بھی ساتھ بھیج دیں گے۔ کم از کم HONEYMOON تو ضرور وہاں جاکر منائیں

(پردہ گرتا ہے)

(مترجمہ) ز۔ ب

رباعی

وہ کیف لئے اب کے سحاب آیا ہے
اک شور سے دور تک شباب آیا ہے
شمر جام بکف زلف بدوش آجاؤ
میخانۂ فطرت پہ شباب آیا ہے

محشر رامپوری

رباعیات

(۱)

کب آؤ گے اب آؤ گے جب آؤ گے
ہاں کے قیامت کا سبب آؤ گے
آرزی سے بہار اور بستی سے شراب
شمراب بھی آؤ گے تو کب آؤ گے

(۲)

مستی سے کہتے تاب ہوئی جاتی ہے
تو بے کہ آب آب ہوئی جاتی ہے
برسات کی بدمستیوں گھٹاؤں کی قسم
ہر چیز مے ناب ہوئی جاتی ہے

محشر رامپوری

گناہ

(۱)

تخریب کا کوئی وار جھوٹا نہ گیا
پھر کے بھی گردِ دام سے چھوٹا نہ گیا
بنتا دنیا نے ہم کو لوٹا بیساب
اتنا دنیا کو ہم سے لوٹا نہ گیا

(۲)

غفلت میں نہ اب نام خدا یاد آیا
ہونے کو گناہوں کا مزا یاد آیا
بھولے جو خدا کو تو بتوں میں الجھے
بتکے آئے بتوں سے تو خدا یاد آیا

(۳)

انساں کبھی پھول کو شرر سمجھا
نادان شرر کو کبھی تارا سمجھا
سمجھا نہ گناہوں کا اساس تو یہ
ہر گو گناہوں کا کفارہ سمجھا

(۴)

تخئیل کی شگوفہ کاری ہے یہاں
نیکی و بدی سب اعتباری ہے یہاں
جیسا جسے سمجھا وہ ویسا ہی
یعنی ہر چیز اعتباری ہے یہاں

(۵)

ہر راہ دنیا کی گزرتا ہوں میں
نیک اور بد کام بھی کرتا ہوں میں
خوف اپنے گناہوں کا نہیں مجھ کو
لیکن اپنے خدا سے ڈرتا ہوں میں

(۶)

ایسا کوئی جس سے ہوا ہو نہ گناہ
اعمال سے جس کے آشنا ہو نہ گناہ
وہ ترک گناہ کا سبق دے مجھ کو
جس نے کوئی دنیا میں کیا ہو نہ گناہ

(۷)

بیٹھیں کی نگاہ دیکھ لیتا ہوں میں
قلب بدخواہ دیکھ لیتا ہوں میں
پڑتی نہیں اپنے عیب پر میری نظر
اوروں کے گناہ دیکھ لیتا ہوں میں

(۸)

خلوت میں نہ بیٹھیں وسواس کے ساتھ
کرنا ہو جو کیا کریں اعلان کے ساتھ
اخفائے گناہ غیر ممکن ہے یہاں
شیطان لگا ہوا ہے انسان کے ساتھ

(۹)

پندار سے دل تباہ ہو جاتا ہے
بندہ یوں ہی روسیاہ ہو جاتا ہے
نیکی کرنے سے تجھے معلوم ہے کیا
ہر بات میں اک گناہ ہو جاتا ہے

(۱۰)

عشرت کی طرف نگاہ بھی میں نہ کروں
تو لغمۂ سرا ہو، آہ بھی میں نہ کروں
نیکی نہیں ممکن ہے تو کیا ہے نافع
دنیا میں کوئی گناہ بھی میں نہ کروں

(۱۱)

ہے کفر گناہ اور اسلام گناہ
یکنام گناہ اور وہ کام گناہ
القصہ ہر اک چیز کا اس دنیا میں
اک نام کچھ اور ہے اور اک نام گناہ

(۱۲)

عشرت کو گناہ زندگی سمجھا ہے
جذبات کی آتشیں کو بدی سمجھا ہے
ہو جائے گا چھوٹی چھوٹی باتوں پہ خفا
کیا تو نے خدا کو آدمی سمجھا ہے؟

سیماب اکبرآبادی

رادھا کے گیت

(۱)

پیتم روٹھ گئے۔
آہ، سکھی پیتم روٹھ گئے۔
پچھلی بسنت میں پیتم کہتے تھے پریم کے بندھن ٹوٹ بھی جاتے ہیں۔
یوں ہی کھیلتے کھیلتے،
یوں ہی ہنستے ہنستے،
سکھی ایسے ہی ہوا، پیتم نے جیسے کہا وہی ہوا۔
یوں ہی کھیلتے کھیلتے،
یوں ہی ہنستے ہنستے
پیتم سے میں نے اپنے من کی بات کہہ ڈالی اور پیتم روٹھ گئے
پیتم روٹھ گئے،
آہ، سکھی پیتم روٹھ گئے۔

(۲)

سکھی میں باغ میں گئی، بھونرے نے کلیوں سے نہ جانے کیا کہا،
آہ، سکھی پیت کتنی انجان بن جاتی ہے دکھ کے سپنوں میں۔
سکھی میرا پیتم دکھ بھی ہے اور سکھ بھی،
پھولوں کی باس چندرماں لے گا،
اور میرے سر پر کی باس میرا پیتم،
سکھی لو بھی پیتم کس کام کے۔
سکھی لو بھ کتنا بھلا لگتا ہے جوانی میں
کام دیو، پیت کے روپ کو بدل دے،
میرا پیتم دیوتا ہے، شکتی ہے میری آتما کی،
اور میری پیت میرے کرم،
آہ، سکھی پیت کتنی انجان بن جاتی ہے دکھ کے سپنوں میں!

(۳)

سکھی پیتم سے میں نے پریم بھکشا مانگی، پیتم رو دیئے
پیتم نہ جانے کیوں رو دیتے ہیں جب میں کچھ مانگوں ان سے،
بھونرے نے کلیوں کا رس چوسا
اور اپنے ہردے کی پیاس بجھائی۔
سکھی یہی ہے نا، پریم بھکشا؟
چندرماں نے ندی کے پانی کو چوما،
اور اپنے پیاسے نیروں کو تر کر لیا،
سکھی یہی ہے نا پریم بھکشا؟
بھونرے نے پریم بھکشا مانگی، کلیاں تو نہ روئیں۔
چندرماں نے پریم بھکشا مانگی ندی تو نہ روئی،
آہ میرے پیتم تو رو دیتے ہیں جب میں کچھ مانگوں ان سے،
سکھی پیتم سے میں نے پریم بھکشا مانگی، پیتم رو دیئے۔
پیتم نہ جانے کیوں رو دیتے ہیں جب میں کچھ مانگوں ان سے،

(۴)

میں من کی آشا پیتم کو سنانے گئی، پیتم نے نہ سنی،
سکھی پیت کی آشائیں پیتم کیوں سنے،
جھوٹے ہیں سکھی، آہ جھوٹے ہیں پیت کے سارے بچن
ہرن گوپیوں کی پاوے میرا پیتم موہ لیا،
سکھی کتنا دکھی بن جاتا ہے جھوٹی پیت میں جیون،
کوئل نے سچی پیت کا گیت گایا۔
آہ سکھی کتنی سوکھی تھی وہ کوئل!
پپیہے نے برہ میں ایک دکھ بھری ہوک ماری!
آہ سکھی کتنی جھوٹی تھی سچی پیت کی ہوک۔
جھوٹے پیتم کو کوئی من کی آشا کیوں سنائے
میں من کی آشا پیتم کو سنانے گئی پیتم نے نہ سنی،

سکھی پیت کی آشا میں پیتم کیوں سے

(۵)

سکھی پھولوں کا ہار پیتم نے نہ لیا اور میں روتی رہی،
میری پیت میرے من کی پھلواڑی سے،
میں نے اپنی پیت کو نیروں کے سپنوں سے پالا
سکھی نیروں کے سپنے کتنے سندر ہوتے ہیں
اس سمے جب پیتم روٹھ جائیں،
سکھی کیا سب سکھیوں کے پیتم ایسے ہی روٹھ جاتے ہیں جیسے
میرا پیتم!
سکھی کیا سب سکھیاں اپنے پیتم کے لیئے ایسے ہی رویا کرتی
ہیں جیسے میں!
آہ سکھی نہ جانے میرا پیتم کیوں روٹھ جاتا ہے یونہی ہنستے ہنستے
کتنی ابھاگن ہے میری پیت،
اور آہ کتنا دکھی ہے میرا جیون،
جب پیتم ہی روٹھا ہوا ہو!!
میں پھولوں کی باس کیوں سونگھوں،
میں سنگار کر کے اپنی جوانی کو کیوں رُلاؤں!
میں بسنت رُت کیوں مناؤں!
سکھی پھولوں کا ہار پیتم نے نہ لیا اور میں روتی رہی!

(۶)

سکھی پیتم سے نہ کہنا
کہ رادھا ان کے دکھ میں آہ ان ہی کے دکھ میں رو رو کے
بے جان ہو گئی!!
آہ پیتم یہ کیوں جانیں
کہ رادھا ان کے لئے رویا بھی کرتی ہے
چاندنی راتوں کے اس سمے میں جب سنسار خوشیوں کے
سپنوں میں سویا ہوتا ہے!
آہ پیتم کو یہ کیوں خبر ہو
کہ رادھا ان کے لئے آہیں بھی بھرتی ہے۔
بہار کے ان لمحوں میں جب سنسار مستیوں کی نیندوں میں کھویا
ہوتا ہے!

سکھی پیتم سے نہ کہنا
کہ رادھا ان کے دکھ میں آہ ان ہی کے دکھ میں رو رو کے
بے جان ہو گئی!!

(۷)

سکھی جا پیتم کو منا لا
روٹھے ہوئے بھونرے کو
کلی نے چوم چوم کر منا لیا!

روٹھی ہوئی برکھا کو!
چاتک نے رو رو کر منا لیا!!

روٹھی ہوئی بسنت کو،
کوئل نے گا گا کر منا لیا!
سکھی جا پیتم کو منا لا

(۸)

پیتم آ گئے
سکھی پیتم آ گئے!
میں اٹھوں!
اور اٹھ کر ان کے پگ چوم آؤں!
میں جاؤں!
اور جا کر ان کے لیئے پیار ڈھونڈھ لاؤں!
میں ناچوں!
اور ناچ کر ان کے پریم میں باؤرے گیت گاؤں!
میں رو دوں!
اور رو کر ان کے ہردے سے لپٹ جاؤں!
پیتم آ گئے
سکھی پیتم آ گئے!

(۹)

سکھی میں آج اپنا من بھول آئی!
صبح سویرے پھولوں کے باغ میں!!
اپنے دھیان میں!

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

کھویا ہوا!
اپنے گیان میں!
بیٹھا ہوا!
برج کا ایک بھولا سا!
باؤلا لڑکا!
گا رہا تھا پریم کا یہ منوہر گیت!
مُرلی کے میٹھے میٹھے سروں میں!
تیری رادھا کے نین سنتا رہے ہیں!
میری مُرلی کے گیت نیارے ہیں!
سکھی میں آج اپنا من بھول آئی!
صبح سویرے پھولوں کے باغ میں!!

(۱۰)

سکھی رادھا ڈر گئی،
کل رات سپن میں!
سوتے سوتے!!
نہ جانے،
کون،
چپکے سے ہنستا ہوا آیا میرے سوئے ہوئے نینوں کے پاس!
نہ جانے،
کون،
دھیمے سے گاتا ہوا آیا میرے کھوئے ہوئے وچاروں کے پاس!
نہ جانے،
کون،
رادھا سے شرماتا ہوا آیا، رادھا کے سہمے ہوئے سپنوں کے پاس!
سکھی رادھا ڈر گئی
کل رات سپن میں،
سوتے سوتے!!

عظیم قریشی

پیامِ رُوح

شاعرِ کائنات ہوں، حُسن سے مجھ کو کام ہے
پھول ہیں مجھ سے ہم سخن، چاند بھی ہم کلام ہے

میں ہوں، خیالِ دوست ہے، گردشِ صبح و شام ہے
میری یہی نماز ہے، میرا یہی سلام ہے

ایک طرف جفائے دوست، ایک طرف وفائے دل
زیست مجھے وبال ہے، موت مجھے حرام ہے

چاند بھی کہہ کے چھپ گیا، شمع بھی کہہ کے بجھ گئی
حُسنِ ازل کی داستاں قصۂ ناتمام ہے

عشق کی وسعتوں میں کچھ دخل نہیں ہے ہوش کو
اُس کو خزاں سے کام کیا، جس کو جنوں سے کام ہے!

پھول ہیں، رہبار ہے، تارے ہیں اور چاندنی
قلب کی کائنات میں درد کا انتظام ہے

جس نے یہ بھید پا لیا، اس کے لئے فنا نہیں
اصل میں بے خودیِ عشق روح کا اک پیام ہے

نوحۂ مرگِ دوست سے فائدہ کچھ نہیں ضیاؔ
کس کو یہاں ثبات ہے کس کو یہاں قیام ہے

ضیاؔ فتح آبادی

احسن الکلام

کھو کے ہوش و عقل، شامل مدِ فاضل میں رہے
ہم نہ رہنے کے برابر اُن کی محفل میں رہے

تیر چٹکی میں، نہ خنجر دستِ قاتل میں رہے
اک مرے پہلو میں بیٹھے، اک مرے دل میں رہے

ہم مصیبت میں رہیں، یا غیر مشکل میں رہے
دیکھیے کس پر نگاہِ یار محفل میں رہے

آپ جب تک میرے ارمانوں بھرے دل میں رہے
خلوتوں کے لطف حاصل مجھ کو محفل میں رہے

یوں رہا عمرِ رواں کے ساتھ دنیا میں قیام
ہم سفر کرتے ہوئے ہر وقت منزل میں رہے

ایک دردِ دل کے صدہا قصۂ رنگیں بنے
غرق جب تک دستِ قاتل خونِ بسمل میں رہے

اضطرابِ زندگی پر ہے مدارِ زندگی
دل رہے پہلو میں جب تک درد بھی دل میں رہے

دل نوازی کیا ہوئی، پہلو نشینی کب ہوئی!
تم نہ خلوت میں کبھی ٹھہرے نہ محفل میں رہے

سُن کے عرضِ وصل بولے اور ہم کیوں کر ملیں
خواب میں آئے خیالوں میں پھرے دل میں رہے

عشرت افزائے چمن جب تک رہی فصلِ بہار
پھول بھی ہنستے ہوئے شورِ عنادل میں رہے

خودکشی کا صدمہ یک لمحہ عاشق کے لیے
اس سے آساں ہے کہ ساری عمر مشکل میں رہے

پردہ در ہے عہدِ حاضر دیکھیے کیا گل کھلے
غنچہ رواں تک تو میرے گوشۂ دل میں رہے

بے خیالِ عشق احسنؔ پہلوئے انساں میں دل
یوں ہے جیسے ظرفِ خالی دستِ سائل میں رہے

احسن مارہروی

الازدی کی فتوح الشام

اسلام کے ابتدائی دور، عہد نبوی اور خلافت راشدہ میں مسلمانوں کو اپنی عملی مصروفیتوں سے اتنی فرصت نہ تھی کہ وہ اپنے عظیم الشان کارناموں کی خود ہی تاریخ لکھ دیتے۔ البتہ یہ یقینی امر ہے کہ کچھ دفتری اور شخصی یادداشتیں رکھی جاتی تھیں، جن سے بعد کے مورخوں نے استفادہ کیا۔ لیکن اسلامی تاریخ کی تدوین زیادہ تر زبانی روایت کے ذریعہ سے ہوئی، جس کا سلسلہ فوراً ہی شروع ہوگیا تھا۔ جن لوگوں نے ان ناموروں کے حیرت انگیز حالات اور کارنامے آنکھوں سے نہیں دیکھے تھے، وہ قدرتاً مشتاق تھے کہ اُن لوگوں کی زبان سے جنھوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے یا شریک رہے تھے، سب باتیں معلوم کریں۔ اس طرح اسلامی تاریخ کی روایت شروع ہوئی جو بعض دیگر اسلامی خصوصیات کی طرح اپنی نوعیت کے لحاظ سے اپنی نظیر آپ ہی کہی جاسکتی ہے۔

خالص تاریخی روایات کی صداقت کا معیار تو پست اسلام میں ہمیشہ بلند رہا ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ ہم جس قدر اُس ابتدائی دور کے قریب پہنچتے جاتے ہیں اتنا ہی اُسے اور بلند ہوتا ہوا پاتے ہیں، یہاں تک کہ اسلامی تاریخ کے اکثر قدیم ترین ماخذ ہمارے بہترین ماخذ ثابت ہوتے ہیں۔

افسوس ہے تو یہ کہ اُن کے بیش بہا ذخائر دستبرد زمانہ سے نیست و نابود ہو کر رہ گئے۔ بہت تھوڑے باقی ماندہ آثار اصلی حالت میں دستیاب ہوتے ہیں، اور بعد میں آنے والوں نے قدیم ماخذوں سے بہت کچھ استفادہ کیا ہے جس کی منت سے ہم کبھی سبکدوش نہیں ہوسکتے، لیکن ان میں سے بہت کم ایسے ہیں جنھوں نے ایسا استفادہ کیا ہو جو ہمیں اُن اصل ماخذ سے بے نیاز کر دینے والا ثابت ہوسکے۔

شام کی فتوحات اسلام کی سب سے پہلی فتوحات تھیں، اور خلافت راشدہ کے بعد اسلامی حکومت کا مرکز بھی شام ہی تھا۔ اس لئے شام کی تاریخ کو خاص امتیاز و اہمیت حاصل تھی کہ قرون اولیٰ کے اسلامی ناموروں کے سب سے پہلے کارنامے اسی سرزمین سے شروع ہوئے تھے جنہیں بعد کے دور میں گویا ایک طرح کا تقدس حاصل ہو چکا تھا۔ شام کی تاریخیں بہت جلد قلمبند ہوگئی تھیں، اور کافی تعداد میں موجود تھیں۔

ابن الندیم کی الفہرست (۳۷۷ھ/۹۸۸ء) کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس خاص مبحث پر ابو مخنف الازدی، الواقدی، اور المدائنی کی کتابیں (الفہرست مطبوعہ مصر ص ۱۳۶، ۱۴۴، ۱۵۰) زیادہ متداول و معروف تھیں۔ امام طبری (متوفی ۳۱۰ھ/۹۲۳ء) نے بھی پرانے ماخذوں سے استفادہ و تلخیص کی، لیکن وہ سب اصلی ماخذ ہم تک نہیں پہنچے۔ فتوحات کی تاریخ میں البلاذری (متوفی ۲۷۹ھ/۸۹۲ء) کا درجہ سب سے بلند سمجھا جاتا ہے۔ اس نے اپنی کتاب البلدان میں بعض بہترین قدیم اسناد سے تمام اسلامی فتوحات کا خلاصہ یکجا کر دیا ہے، لیکن افسوس ہے کہ اس بلند پایہ مصنف کی مفصل کتاب البلدان الکبیر (الفہرست ص ۱۶۴) "جسے وہ مکمل نہیں کر پایا تھا" (الفہرست ایضاً) دستیاب نہیں ہوتی۔

فتوحات شام پر البلاذری اور طبری ہمارے بہترین ماخذ سہی اور جس حد تک ہیں اُن کے نہایت مفید بلکہ ناگزیر ہونے سے انکار نہیں کیا جاسکتا، لیکن ظاہر ہے کہ یہ دونوں مصنف اس دور کے متعلق نہ اصلی ماخذ کی حیثیت رکھتے ہیں، نہ ان کے بدل قرار دیئے جاسکتے ہیں۔ رہی واقدی کے نام سے منسوب ہو جانے والی تاریخ شام، تو وہ جعلی، صدیوں بعد کی لکھی ہوئی، اور زیادہ تر افسانہ آمیز ہے، جس کا علمی رتبہ قدیم ماخذوں کے مقابلہ میں چنداں امتیاز نہیں رکھتا۔

اس وقت تک فتوحات شام پر صرف ایک ہی اصلی ماخذ دستیاب ہوا ہے، یعنی امام ابو اسماعیل محمد بن عبداللہ الازدی البصری المتوفی ۱۷۵ھ/۷۹۵ء

(تقریباً) کی کتاب فتوح الشام، جس کا متن ۱۸۵۷ء میں ایشیاٹک سوسائٹی بنگال نے شائع کیا تھا، اور جس کا اردو ترجمہ حال ہی میں مولانا بلیغ آبادی نے ہند پریس کلکتہ سے شائع کیا ہے جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔

یہ ایک نہایت قیمتی کتاب کا نہایت قابل پسند ترجمہ ہے جس پر ایک مختصر مگر جمیل و دلکش مقدمہ بھی لکھا گیا ہے۔ جو پاکیزہ جذبات اور بصیرت انگیز افکار سے مملو ہے یہ کتاب بلاشبہ اس قابل ہے کہ ہر تاریخ اسلام سے دلچسپی رکھنے والے کے ہاتھ میں ہو اور کوئی کتب خانہ اس سے خالی نہ رہے۔

(۲)

ہم اس کتاب کی تاریخی اہمیت اور علمی حیثیت پر تبصرہ کرنا چاہتے ہیں جس سے اسلامی تاریخ کی کتابوں میں اس کا رتبہ معلوم ہو سکے۔

اس کتاب کا ذکر نہ تو الفہرست میں ہے نہ بظاہر امام طبری والبلاذری نے اس سے کام لیا ہے۔

لیکن ایک ہی مبحث پر متعدد کتابوں کے موجود ہونے کی وجہ سے جن میں سے ہر ایک مصنف اپنے لئے جداگانہ انتخاب کرتا رہتا تھا، یہ چنداں تعجب انگیز نہیں ہے نہ اس سے اس کتاب کی قدر و قیمت پر اثر پڑتا ہے، ہمیں حیرت ہے کہ خود ہمارے زمانہ میں اطالوی مستشرق کائتانی Caetani نے بھی فتوحات شام کی تاریخ مرتب کرتے وقت اس قیمتی ماخذ کو بالکل فراموش کر دیا ہے

جب اسلامی تواریخ کی تدوین شروع ہوئی تو ہر ہر مقام پر بالخصوص مرکزی شہروں میں قدیم روایات کو محفوظ کرنے کے لئے سعی جاری ہوگئی۔ حجاز میں مکہ معظمہ و مدینہ منورہ، شام میں دمشق، مصر میں فسطاط، اور عراق میں بصرہ اور کوفہ مشہور سیاسی اور علمی مرکز تھے۔ اس علمی بیداری میں جو اسلام کے ساتھ ظہور میں آئی کوئی مرکز جد و جہد میں پیچھے رہنا نہیں چاہتا تھا۔ بصرہ اور کوفہ عربوں کے بسائے ہوئے شہر اور عراق میں عربی تمدن کے مرکز تھے۔ عربی نحو اور ادب کے بصری اور کوفی مدارس کے نام اب تک زندہ ہیں۔ اور ان کی اختلافی بحثوں کی صدائے بازگشت آج تک گونجتی ہے۔

ان مرکزوں میں اسلامی تاریخ سے پوری دلچسپی لی جاتی تھی، جس کا ثبوت الازدی کی تاریخ سے ملتا ہے جو شام کی فتوحات سے تعلق رکھتی ہے۔

وہ بصرہ کا رہنے والا اور عربی کے ممتاز قبیلۂ ازد سے جس نے اور بھی بعض نامور مصنف و مورخ پیدا کئے، تعلق رکھتا تھا۔ ذاتی حالات ہمیں دستیاب نہ ہو سکے، نہ سنہ ولادت و وفات ہی معلوم ہوا۔ کتاب کا زمانہ تالیف دوسری صدی ہجری کا وسط معلوم ہوتا ہے، اور مصنف امام ابن اسحاق (متوفی ۱۵۱ھ) سیر النبی کے مشہور مصنف کا ہم عصر ہے۔ اور عربی مورخوں میں وہ ابن ہشام (متوفی ۲۱۳ھ)، المدائنی (متوفی ۲۱۵ھ)، الواقدی (متوفی ۲۰۷ھ)، ابن سلام (۲۳۰ھ)، الدینوری (متوفی ۲۸۲ھ)، البلاذری (متوفی ۲۷۱ھ) سب ہی سے مقدم ہے، اور عربی مورخوں کے امام اعظم ابن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ) سے تو اس کا زمانہ سو سوا سو برس پہلے ہے۔

یہ عجب نہیں ہے کہ الازدی کی تاریخ کو اس علمی تحریک سے کچھ تعلق ہو جو بغداد میں مرکز خلافت قائم ہونے کے بعد پیدا ہوئی تھی۔ اور اسلامی روایات کی تدوین و احیا کی خاص طور پر حامی تھی، اور اسی کے سلسلے میں ابن اسحاق نے سیرۃ لکھی تھی، جس پر ابن ہشام کی موجودہ سیرۃ مبنی، اور ایک قدیم تصنیف کی حیثیت رکھتی ہے۔

الازدی کے راوی صحابہ و تابعین ہیں جن کے نام ہی کتاب کی عظمت کے لئے کافی ضامن ہیں، لیکن کتاب کی اصلی قدر و قیمت وہ بین صداقت ہے، جو پرانے عربی مورخوں کا طرۂ امتیاز اور الازدی کی کتاب کی نمایاں خصوصیت ہے۔

اگر اسلام کی تاریخ میں کوئی جماعت سورماؤں کی حیثیت رکھتی ہے، جن کی ذات کو تقدس کا رتبہ مل سکے، تو وہ یہی بزرگ ہیں، جن کے ہاتھوں وہ مہتم بالشان کارنامے سرانجام پائے، کہ جن سے چشم زدن میں تاریخ عالم کا ایک بہت بڑا اور عالمگیر انقلاب ہوگیا۔ عجب نہ تھا کہ عقیدت کی راہ سے ان سے ایسے واقعات منسوب ہو جاتے جو مافوق الفطرت اور حیرت افزا ہو سکیں۔ دوسری قوموں کی تاریخیں اس کی شاہد ہیں، جن کی قدیم ترین کتابیں انہیں چیزوں سے پر ہیں، جو انہیں تاریخ کے رتبہ سے گرا کر افسانوں کی سطح پر لا رکھتی ہیں۔ خود مسلمانوں میں بھی بعد کے ذہنی انحطاط کے ساتھ یہی ہوا کہ ان کی بھی بعض کتابیں ایسی باتوں سے خالی نہ رہ سکیں، مثلاً الواقدی کے نام سے مشہور جو جعلی

تاریخ فتوحات شام کو دیکھو، لیکن الازدی کے دور کے مسلمانوں کا معیارِ صداقت انتہائی بلند تھا۔

چنانچہ تمام کتاب میں ایک بھی واقعہ ایسا نہ ملے گا۔ جو بظاہر ناقابلِ یقین مافوق الفطرت، ناقابل اور بعید از عقل ہو۔ تمام روایات سے کھلی سچائی چھلکتی ہے، اور معلوم ہوتا ہے کہ مصنف اپنا قدم کمال احتیاط سے اٹھاتا ہے۔

قدیم اسلامی مورخوں کا مخصوص طریقہ بیان خاص لطف رکھتا ہے کہ جو اُن کی لکھی ہوئی تاریخوں کو ڈراما کے مشابہ بنا دیتا ہے مکالموں مراسلتوں، اور گرد و پیش کے حالات سے تاریخی اشخاص کی سیرتیں آسانی سے پہچانی جاتی ہیں۔ بلکہ اُن کی جیتی جاگتی، چلتی پھرتی، بولتی چالتی تصویریں آنکھوں میں پھرنے لگتی ہیں۔

یرموک کی جنگ کے حالات بیان کرتے ہوئے الازدی لکھتا ہے:۔

ابو معشر سے روایت ہے کہ جب رومی فوجیں مسلمانوں سے قریب ہوئیں تو حضرت ابو عبیدہ نے مسلمان سرداروں کو جمع کر کے مشورہ چاہا:۔

یزید بن ابی سفیان نے کہا "میری رائے ہے کہ آپ مسلمانوں کو لے کر یہاں سے ہٹ جائیں اور مقام ایلیہ میں ٹھیریں پھر امیر المومنین کو لکھیں کہ ہمارے مقابلہ پر اتنی عظیم الشان فوجیں آ گئی ہیں، اور وہیں کمک آنے کا انتظار کریں۔

عمرو بن العاص نے کہا میرے خیال میں ایلیہ بھی دوسرے شہروں کی طرح ایک شامی شہر ہے، میں یہ مشورہ دوں گا کہ مقام فرح میں چلیں اور کمک کا انتظار کریں، جس سے قوت حاصل کر کے دشمن پر حملہ کر سکتے ہیں۔

یہ سب باتیں ہو رہی تھیں اور خالد بن ولید چپ تھے.....

اُس موقع پر انہیں خاموش دیکھ کر حضرت ابو عبیدہ (سپہ سالار) نے کہا آپ کی کیا رائے ہے؟

حضرت خالد نے جواب دیا، میری رائے یہ ہے کہ اگر ہم نفس اور دنیا کے لئے لڑ رہے ہیں تو بیشک دشمن کا مقابلہ نہیں کر سکتے کیونکہ وہ ہم سے کہیں زیادہ طاقتور ہے۔ اور اس سے جنگ ہمارے بس سے باہر ہے، لیکن اگر ہم اللہ کے لئے اور اللہ کی مدد سے لڑتے ہیں، تو قسم ہے خدا کی کہ اگر تمام دنیا کی فوجیں بھی سمٹ کر رومیوں کی مدد پر آ جائیں تو بھی انہیں فائدہ نہیں پہنچا سکتیں!

راوی کہتا ہے یہ فرماتے ہوئے وہ جوش میں آ گئے اور حضرت ابو عبیدہ نے کہا "ضرور"

حضرت خالد نے فرمایا "تو مجھے اپنے خیمہ کے باہر جو کچھ ہے۔ اس کی سرداری دے دیجئے میں جو کچھ کروں کرنے دیجئے، مجھے یقین ہے کہ اللہ ہمیں ضرور دشمن پر فتحیابی دے گا۔"

حضرت ابو عبیدہ نے یہ خواہش منظور کر لی، اور انہیں سپہ سالار بنا دیا اور اُس جنگ میں انہوں نے سب سے بڑھ کر بہادری دکھائی"

کیسا بے تصنع، بے مبالغہ اور سادہ بیان ہے، اور کس آسانی سے ہم حضرت خالد کی شخصیت کو پہچان لیتے ہیں، جو اُسی رنگ میں ہر جگہ دکھائی دیتی ہے، ناقابلِ شکست عزم، خدا پر لامحدود اعتماد، اور کامیابی کی یقین آمیز اُمید کے ساتھ۔ ایسے ہی قائد تھے جنہوں نے دنیا کی تاریخ کو بدل دیا۔

(۳)

جب الازدی کی روایتوں کا دوسرے پرانے مورخوں کی روایتوں سے جو دوسرے اسناد پر مبنی ہیں مقابلہ کیا جاتا ہے، تو جہاں وہ ایک دوسرے کی تائید کرتے ہیں وہاں بھی الازدی کی تفصیلیں بیشتر بصیرت افروز اور دلچسپ ثابت ہوتی ہیں، اور کبھی کبھی الازدی کے بیانات سے مزید تکمیل و توضیح ہوتی ہے بعض جزئیات میں وہ اُن سے زیادہ باخبر ثابت ہوتا ہے: دوسرے مورخ زیادہ تر اپنی اصل روایتوں کا خلاصہ پیش کرتے ہیں، لیکن الازدی کی روایتیں اصلی حالت میں ہیں۔

مثلاً حضرت عمرؓ کے سفرِ شام اور فتح بیت المقدس کے مشہور واقعہ کو لو۔

البلاذری لکھتا ہے:۔

اہلِ ایلیا نے ابو عبیدہ سے دیگر اہالیانِ شام کی طرح جزیہ و خراج اور یکساں برتاؤ کے وعدہ پر امن و صلح طلب کی اور یہ شرط پیش کی کہ خود حضرت عمر بن الخطاب آ کر اُن سے معاہدہ کریں۔ ابو عبیدہ نے حضرت عمر کو لکھا جس پر وہ آئے اور جابیہ دمشق میں ٹھیرے وہاں سے ایلیا تشریف لے گئے اور ایلیا والوں سے صلح

کرلی، اور صلح نامہ لکھ کر حوالے کیا۔ فتح ایلیا ۱۳ھ میں ہوئی۔

(فتوح البلدان مطبوعہ مصر ص ۱۴۵)

دوسری روایت ابی حبیب کی سند سے:۔

حضرت عمر بن الخطاب نے خالد بن ثابت الفہمی کو ایک لشکر کے ساتھ بیت المقدس بھیجا تھا، اور وہ اس وقت جابیہ میں تھے۔ ایلیا والوں سے جنگ ہو کر بالآخر یہ قرار پایا کہ وہ مسلمانوں کو قلعہ میں سے بھی کچھ دیں گے اور قلعہ سے باہر سب مسلمانوں کا ہوگا۔ حضرت عمر آئے اور انہوں نے اسے منظور کر لیا، اور لوٹ گئے۔"

الاوزاعی کی سند سے:۔

"ابو عبیدہ ..... ایلیا میں اترے، اہل ایلیا نے صلح چاہی ۱۵ھ میں یہ صلح ہوئی کہ حضرت عمر خود آکر صلح نافذ فرمائیں اور لکھ کر دیں۔"

عبداللہ بن قیس کی روایت سے:۔

میں ان لوگوں میں شامل تھا جو ابو عبیدہ کے ساتھ حضرت عمر کے خیر مقدم میں جبکہ وہ شام میں آئے تھے شریک تھے۔ اذرعات کے رہنے والے تلواریں اور پھول لئے گاتے بجاتے آئے۔ انہیں دیکھ کر حضرت عمر نے کہا انہیں منع کرو" ابو عبیدہ نے کہا اے امیر المومنین یہ ان کی رسم ہے (یا ایسے ہی کچھ الفاظ تھے) اور اگر انہیں منع کیا جائیگا تو وہ یہ سمجھیں گے کہ معاہدہ توڑا جاتا ہے" (یعنی ان کی رسم و رواج کی آزادی میں دست اندازی ہوتی ہے) اس پر حضرت عمر نے فرمایا، "اچھا رہنے دو"

طبری نے سفر شام و فتح بیت المقدس پر متعدد روایتیں پیش کی ہیں، جن میں سب سے زیادہ دلچسپ عہدناموں کی نقلیں ہیں طبری نے ان حالات کو ۱۵ھ کے واقعات بیان کئے ہیں۔ البلاذری نے ۱۷ھ لکھی ہے۔ کاتانی نے سفر و فتح بیت المقدس کی تاریخ ۱۸ھ قرار دی ہے۔ خود الازدی نے بعض اہم واقعات کی تاریخیں بعض اوقات بقید یوم و سنہ لکھی ہیں لیکن اس واقعہ کی کوئی تاریخ بیان نہیں کی ہے مفصل بحث کا یہ موقع نہیں ہے لیکن میری رائے میں البلاذری اور الازدی دونوں کے بیانات سے ۱۷ھ ہی صحیح معلوم ہوتی ہے طبری کی روایتیں خلاصہ کے طور پر بیان کی گئی ہیں، لیکن کل کا حاصل اس مقام پر تطویل کے خیال سے نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ الازدی کا بیان انتخاب کر کے لکھتے ہیں، جو ہمارے خیال میں سب سے بہتر اور مشرح ہے:۔

(حملہ)

راوی کہتا ہے، حضرت ابو عبیدہ نے ایلیا والوں کی آمد کا انتظار کیا، جب انہوں نے آنے اور صلح سے انکار کر دیا۔ تو یلغار شروع کی، اور سختی سے محاصرہ کیا، ایک دن ایلیا والے شہر سے نکلے اور کچھ دیر لڑے، مسلمان ہر طرف سے ٹوٹ پڑے، وہ بھاگ نکلے اور شہر کے پھاٹک بند کر لئے، اس جنگ کے سپہ سالار خالد بن ولید اور یزید بن ابی سفیان تھے.....

بیت المقدس والوں کی شرط

ایلیا والوں نے پیغام بھیجا کہ صلح کرنا چاہتے ہیں، حضرت ابو عبیدہ نے جواب دیا "ہم بھی تیار ہیں" ایلیا والوں نے کہا آپ اپنے خلیفہ عمر کو بلائیے ہم انہیں کے ہاتھ سے عہدنامہ لیں گے انہیں کو صلح کریں گے اور انہی کے دستخط سے امان حاصل کریں گے، حضرت ابو عبیدہ نے اُن کا یہ مطالبہ منظور کر لیا" (ص ۳۷۲-۳۷۳)

مشورہ کے بعد خط لکھا گیا، اور حضرت فاروق صحابہ سے مشورہ کر کے، جس کی تفصیلات ہم نظر انداز کرتے ہیں روانہ ہو گئے:۔

"آپ نے مسلمانوں سے فرمایا "بسم اللہ تیار ہو جاؤ۔ میں بیت المقدس جاؤں گا" چنانچہ آپ کے ساتھ بڑے بڑے سردار اور مہاجرین و انصار روانہ ہو گئے، اور آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا عباس بن عبدالمطلب کو بھی ساتھ لے لیا....." (صفحہ ۳۷۸)

امیر المومنین پہلے جابیہ اور پھر وہاں سے ایلیا (بیت المقدس) پہنچتے ہیں:۔

راوی کہتا ہے۔ حضرت عمر جابیہ سے چل کر ایلیا پہنچے، مسلمان استقبال کو نکلے، حضرت ابو عبیدہ ان کی سواری کے لئے ایک اچھا سا گھوڑا بھی ساتھ لے گئے تھے۔

حضرت عمر اونٹ پر سوار تھے۔ اونٹ پر زین کسا تھا اور کھال کا تھیلا لٹکا ہوا تھا۔ امیر المومنین کو دیکھ کر مسلمان جوش سے آگے بڑھنے لگے، انہوں نے سب کو ٹھہرنے کا حکم دیا، اور خود اونٹ سے اتر پڑے۔

مہار اپنے ہاتھ میں لے لی جو رسی کی تھی، اور اونٹ کے آگے آگے چلتے ہوئے سامنے کا نالہ پار کیا، یہاں پہنچ کر حضرت ابو عبیدہ کے ساتھ گھوڑا دیکھا۔ مسلمانوں نے کہا امیر المومنین آپ اس گھوڑے پر سوار ہو جائیے کیونکہ اس سے آپ کے لئے زیادہ خوشنمائی اور وقار ہے، ہمیں پسند نہیں کہ آپ اپنی اس ہیئت کے ساتھ ذمیوں کے سامنے جائیں پھر انھوں نے اچھا سفید لباس پیش کیا۔ حضرت عمر نے کپڑے چھوڑ دیئے لیکن گھوڑے پر سوار ہو گئے۔ وہ شوخی سے پھدکنے لگا، آپ اتر پڑے اور کہنے لگے "اسے دور کرو، اسے دور کرو، یہ شیطان میرے دل کو خراب نہ کر دے" (یعنی تکبر نہ آ جائے)

پھر مسلمانوں نے کہا "امیر المومنین کپڑے پہن لیتے اور گھوڑے پر سوار ہو کر چلتے تو زیادہ شان ہوتی، زیادہ اثر ہوتا اور زیادہ فائدہ"

حضرت عمر نے جواب دیا "تمہاری نادانی کا برا ہو، اس میں عزت نہ سمجھو، جو اللہ نے تمہارے لئے پسند نہیں کیا۔ ایسا کرو گے تو ذلیل ہو جاؤ گے"۔

پھر آپ اپنی اصلی ہیئت سے چل دیئے۔ مسلمان بھی ساتھ تھے، یہاں تک کہ ایلیا میں پہنچ گئے! (ص ۳۸۱-۳۸۲)

وہاں پھر لوگوں نے اصرار شروع کیا تو حضرت عمر نے جواب دیا۔

"واللہ... میں اس وضع کو نہ چھوڑوں گا۔ جو دوستوں سے جدائی کے وقت میری تھی۔ میں دنیا والوں کے لئے کوئی ایسی آرائش نہ کروں گا جس سے اللہ کی نظر میں بدنامی کا اندیشہ ہو یعنی ریا خود نمائی اور نمائش، میں نہیں چاہتا کہ آدمیوں کی نگاہ میں بڑا سمجھا جاؤں اور اللہ کے حضور میں چھوٹا بنوں"! (ص ۳۸۲-۳۸۳)

ایلیا والوں سے صلح ہونے کے چند روز بعد تک حضرت عمر وہیں مقیم رہے، ایک دن حضرت ابو عبیدہ (سپہ سالار) کے یہاں دعوت میں تشریف لے گئے:۔

"کیا دیکھتے ہیں کہ گھوڑے کے ہودے کے سوا کوئی چیز موجود نہیں، یہی ان کا بچھونا تھا۔ اور زین اُن کا تکیہ۔ ایک طاق میں کچھ سوکھی روٹی کے ٹکڑے پڑے تھے، وہی حضرت عمر کے سامنے زمین پر لا کر رکھ دیئے، کچھ نمک لائے، اور مٹی کے کورہ میں پانی بھر کر رکھ دیا!

حضرت عمر نے یہ دیکھا تو بے اختیار رو پڑے اور ابو عبیدہ کو سینے سے چمٹا لیا"... (ص ۳۸۵-۳۸۶)

حضرت بلالؓ بھی ساتھ گئے تھے، وہ آنحضرت کی وفات کے بعد عہد کر چکے تھے کہ اب اذان نہ دیا کروں گا، لیکن حضرت عمرؓ کے کہنے پر اذان دینے کھڑے ہو گئے۔

"جب بلالؓ نے اذان دی اور صحابہ نے آواز سنی تو بے اختیار نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یاد تازہ ہو گئی، اور زار و زار رونے لگے حضرت ابو عبیدہ اور حضرت معاذ پر سب سے زیادہ گریہ طاری تھا۔

حضرت عمر نے کہا "تم پر اللہ کی رحمت ہو، ضبط کرو"۔ (ص ۳۸۴)

کس دوسری کتاب میں یہ چیزیں ملیں گی؟ حضرت عمر کو پہچانا۔ پھٹے پرانے کپڑوں میں، رسی کی مہار ہاتھ میں ہے، وہ سامنے کا نالہ پار کر کے چلے آ رہے ہیں، کھال کا تھیلا اُن کی اونٹ کی زین سے لٹک رہا ہے! اس روایت میں اس نوکر کا ذکر نہیں ہے، جو عام طور پر مشہور ہے کہ اونٹ پر سوار تھا۔ عجب نہیں کہ کوئی خادم بھی ساتھ نہ ہو، کہ اُن کی خاص شان سے اس حالت کو عین مناسبت ہے۔

(۴)

اس کتاب میں اس روح کا جلوہ نظر آتا ہے، جو اسلامی انقلاب کا باعث ہوئی۔ اکثر کہا جاتا ہے کہ بعد کے مورخوں نے ان بزرگوں کی عظمت بڑھانے کے لئے حالات کو جلا دینا چاہا ہے۔ الازدی کی کتاب اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیتی ہے اسلام کے اونچے آئیڈیل کا جو عملی مظاہرہ اس زمانے میں ہوا تھا، اس کتاب میں عکس افگن ہے۔ خالص توحید، تمام توہمات کے شائبہ سے بری، خدا پر پکا بھروسہ، جو حریت و عظمت نفس کا خاص باعث ہوتا ہے، اسلامی مساوات و جمہوریت کے وہ دل افروز نظارے نظر آئیں گے۔ جو اس سے پہلے یا اس کے بعد کبھی نہیں دیکھے گئے۔ انصاف، دیانت، راستبازی کے بعض حیرت ناک واقعات دکھائی دیں گے، جن کی مثالیں دنیا کی تاریخ میں شاید ہی دوسری جگہ ملیں۔

بعد کے مسلمان مورخوں نے، جو استبداد کے دوروں میں پیدا ہوئے تھے ان چیزوں کو آنکھوں سے بھی نہیں دیکھا تھا۔ اگر ان کی کتابوں میں ان چیزوں کی کچھ صدائے بازگشت سنائی دیتی ہے، تو اُن کے سوت بھی یہی قدیم عربی مآخذ ہیں، جو اُس حریت کی روح کو سمجھتے تھے، جو بعد کے زمانے کی شخصی حکومتوں اور شاہنشاہی میں بہت کچھ

مُردہ، اور بالآخر فنا ہو کر رہ گئی تھی۔

پہلا لشکر مدینہ سے چلتا ہے:۔

یزید ابن ابی سفیان (سپہ سالار) گھوڑے پر سوار تھے، اور حضرت صدیق (خلیفہ وقت) ان کے ساتھ پیدل چل رہے تھے۔ یزید نے کہا "رسول اللہ کے خلیفہ آپ بھی سوار ہو جائیں، ورنہ اجازت دیں کہ میں بھی پیدل چلوں، کیونکہ نہیں دیکھا جاتا کہ میں سوار ہوں، اور آپ پیدل جائیں"۔ حضرت صدیق نے جواب دیا "نہ میں سوار ہوں گا نہ تمہیں اترنے دوں گا۔ اللہ کی راہ میں میں اپنے قدموں کا ثواب حاصل کرنا چاہتا ہوں"!

خلیفہ سپہ سالار کو نصیحت کرتے ہیں:۔

"اللہ سے ڈرنا، اس کی اطاعت کرنا، اُسے سب پر ترجیح دینا اس کا خوف ہر وقت رکھنا۔ جب دشمن سے مقابلہ ہو تو دیکھو نہ مال غنیمت میں بدعنوانی کرنا، نہ دشمن کے ناک کان کاٹنا، نہ دھوکا دینا، نہ بزدلی دکھانا خبردار کسی بچے کسی بڈھے، کسی عورت کو قتل نہ کرنا، باغ نہ کاٹنا، اور نہ پھلنے والے درخت برباد کرنا۔ کھانے کے سوائے جانوروں کو نہ مارنا۔ خانقاہوں میں لوگ ملیں گے جو کہتے ہیں ہم نے زندگی کو عبادتِ الٰہی کے لئے وقف کر دیا ہے، ان سے چھیڑ نہ کرنا، انہیں ان کے حال پر چھوڑ دینا" (ص ۳۹-۴۰)

یزید ابن ابی سفیان کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔

"اپنے ساتھیوں سے اچھا برتاؤ کرنا، اُن کی پناہ جنا، اُن سے خاکساری سے پیش آنا، معاملوں میں اُن سے مشورہ لینا، اللہ تمہیں اُن کا بہترین ساتھی اور ہمارا بہترین قائم مقام بنائے"۔ (ص ۴۰)

ایک سردار لشکر خلیفہ کو نصیحت کرتا ہے:۔

"اس دین کے ہر ایک فرد کا فرض ہے کہ بھلائی کرتا رہے۔ حاکم کا انصاف سب سے زیادہ مفید ہے پس اے ابوبکر اپنی حکومت و ولایت میں اللہ سے ڈرتے رہنا، بیوؤں یتیموں پر ترس کھانا، کمزور مظلوم کی مدد کرنا، اگر کسی سے خوش ہو تو خوشی کی وجہ سے رو رعایت نہ کرنا۔ اور اگر ناخوش، تو اس کی وجہ سے حق تلفی نہ کرنا۔ حتی الامکان غصہ نہ کرنا کہ وہ ظلم کا پیش خیمہ ہے" (ص ۵۴)

اسلام کا سفیر رومیوں کے دربار میں قیمتی قالینوں اور نفیس فرشوں پر بیٹھنے کے لئے تیار نہیں وہ اسلامی مساوات اور حریت کا اس طرح وعظ دیتا ہے:۔

حضرت معاذ نے ترجمان کے ذریعہ سے فرمایا۔

"ہمارے نبی صلعم نے حکم دیا ہے کہ ہم کسی مخلوق کے لئے کھڑے نہ ہوں ہمارا کھڑا ہونا صرف اللہ کے لئے ہے۔ میں تمہاری تعظیم کے خیال سے کھڑا نہیں ہوں، بلکہ ان قیمتی قالینوں پر چلنا اور ان نفیس فرشوں پر بیٹھنا گناہ سمجھتا ہوں جو تم نے اپنی قوم پر ظلم کر کے اپنے لئے مخصوص کر لئے ہیں" (ص ۱۷۹-۱۷۹)

یہ کہہ کر وہ زمین پر بیٹھ گئے کسی نے کہا یہ فعل ذلیل اور غلامانہ ہے تو جواب دیا:۔

"یہ اعزاز جس کی طرف تم بلا رہے ہو اپنی قوم پر ظلم کر کے تم نے پایا ہے اگر تم سمجھتے ہو کہ یہ شان اور شوکت جو تم نے ظلم کی راہ سے حاصل کی ہے اور یہ دنیا جو غریبوں کو لوٹ کر تمہارے سرداروں نے جمع کی ہے، اللہ کی نظر میں اعزاز ہے۔ تو تمہارے قول کی غلطی اور عمل کا ظلم ہے رہا یہ کہنا کہ میں نے غلاموں کی حرکت کی ..... تو میں اللہ کے غلاموں میں سے ایک غلام ہوں، اور اللہ کے بچھائے ہوئے فرش پر بیٹھا ہوں

رہا یہ کہنا کہ میں نے خود کو ذلیل کیا تو ..... اللہ کو وہی بندے محبوب ہیں، جو اس کے نام پر خاکسار ہیں، اور خلق خدا سے زیادہ قریب جو نہ بالکل دنیا ہی میں پھنسے ہیں، نہ آخرت سے دستبردار (ص ۱۸۰)

آدمی حیران ہو کر پوچھتے ہیں "تم لوگ کیا چاہتے ہو کیا پیغام لائے ہو، اس ملک میں کیوں آئے ہو"۔ اور اخیر میں اپنی شان و شوکت اور دبدبہ سے ڈرانا چاہتے ہیں، جس پر وہ مفصل جواب دیتے ہوئے کہتے ہیں

اگر تمہارا بادشاہ ہرقل ہے، تو ہمارا بادشاہ اللہ عزوجل ہے، جس نے ہمیں پیدا کیا" (ص ۱۸۴)

پھر بتاتے ہیں کہ اسلام میں حاکم کیا حیثیت رکھتا ہے:

"ہمارا حاکم ہمارے ہی آدمیوں میں سے ایک شخص ہے جب تک وہ ہمارے نبی کے قانون (سنت) پر استوار ہے ہم اُسے حاکم مانتے ہیں لیکن اگر اس کا طرز عمل بدل جائے تو ہم اسے معزول کر دیں گے۔ اگر چوری کرے گا اُس کا ہاتھ کاٹ دیں گے اگر زنا کرے گا تو کوڑے ماریں گے۔ اگر گالی دے گا تو اُسے بھی گالی ملے گی۔ اگر کسی کو زخمی کرے گا تو خود ویسے ہی سزا پائے گا۔ نہ وہ ہم سے بالا

کہتا ہے، نہ ہم پر تکبر نہ مالِ غنیمت میں ہم سے زیادہ کا حق دار ہے، بلکہ وہ بالکل ویسا ہی ایک آدمی ہے جیسے ہم سب ہیں" (ص ۱۸۵)

بالآخر رومیوں کا سفیر مسلمانوں کے کیمپ میں آتا ہے۔

"وہ مسلمانوں کے لشکر میں پہنچا تو سپہ سالار ابو عبیدہ بن الجراح کو عام مسلمانوں سے تمیز نہ کر سکا۔ یہ بھی نہ جان سکا کہ وہ یہاں ہیں یا نہیں کوئی شان و شوکت جسے وہ ڈھونڈتا تھا دکھائی نہ دینے کی وجہ سے اس کے دل پر رعب نہ ہوا وہ متعجب ہو کر مسلمانوں سے کہنے لگا "اے اہلِ عرب تمہارا سردار کہاں ہے؟" مسلمانوں نے جواب دیا "ہمارا سردار بیٹھا ہے"! دیکھا تو حضرت ابو عبیدہ زمین پر بیٹھے تھے کمان کندھے پر لٹک رہی تھی۔ ہاتھ میں تیر تھے جنہیں وہ اُلٹ پلٹ رہے تھے!" (ص ۱۸۹)

انہوں نے سفیر کو بتایا کہ "میں نہ کسی دینار کا مالک ہوں نہ درہم کا ایک پیسہ بھی اپنے پاس نہیں رکھتا۔ کمان تلوار اور ہتھیاروں کے سوا کچھ نہیں ہے۔ کل ضرورت پڑی تو پاس ایک حبہ نہ تھا۔ مجبوراً اپنے بھائی (معاذ) سے قرض لینا پڑا۔ اگر میرے پاس قالین اور فرش ہوتے بھی تو اپنے بھائیوں کو چھوڑ کر ان پر نہ بیٹھتا" (ص ۱۹۰)

ان فاتحین کا مفتوحین سے کیا عمل تھا۔ اس کا حال حضرت عمر کے خط سے معلوم ہوتا ہے جس میں لکھا تھا۔

"ان پر جزیہ لگا دو۔ انہیں قید ہونے اور غلام بننے سے بچاؤ۔ مسلمانوں کو اُن پر ظلم کرنے، نقصان پہنچانے اور ناجائز طور پر اُن کی کمائی کھانے سے روکو" (ص ۲۱۷)

میری رائے ہے کہ باشندوں کو ان کی حالت پر رہنے دو" (ص ۲۱۷)

دیانت اور امانت کی مثال دیکھنی ہو تو اس واقعہ پر غور کرو کہ جس وقت مسلمانوں کو حمص خالی کرنا پڑتا ہے تو سپہ سالار محصّل خراج کو بلا کر حکم دیتے ہیں:۔

"شہر والوں کو سب واپس کر دو جو ان سے لیا ہے۔ کیونکہ صلح نامہ کے رو سے جائز نہیں کہ اب جبکہ ہم اُن کی حفاظت نہیں کر سکتے ان سے کچھ لیں۔۔۔۔ شہر والوں سے کہہ دو۔۔۔ تمہارا روپیہ واپس ہے" (ص ۲۳۶)

جب خراج واپس دیا گیا تو شہر والے دعائیں دیتے اور کہتے تھے "تمہارا رومی حاکم۔۔۔ اگر تمہاری جگہ ہوتے تو ایک پیسہ بھی واپس نہ کرتے بلکہ چلتے وقت جتنا لوٹ سکتے اور لوٹ لیتے" (ص ۲۳۷)

یرموک کی ہولناک لڑائی سے پہلے رومی قاصد آتا ہے۔ حضرت خالدؓ اس کے سامنے اسلامی خلیفہ کی حیثیت ظاہر کرتے ہیں۔

"اس شخص کو اللہ نے، بالکل ہم جیسا بنا دیا ہے، جسے ہم نے اپنا سردار مقرر کیا اور اپنے معاملات کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔ ہمارے سردار کی حالت یہ ہے کہ اگر دعوے کرے کہ وہ پادشاہ ہے تو ہم اسے فوراً ہی معزول کر ڈالیں۔ ہمارے نزدیک ہمارا سردار کسی مسلمان سے بھی افضل نہیں ہے۔ ہاں اللہ کی نظر میں زیادہ پرہیزگار اور نیکوکار ہے۔۔۔۔۔"

اور اسلام کا مقصد بتاتے ہیں:۔

"ہماری قوم، نیکی کا حکم کرتی ہے، بدی سے روکتی ہے۔ غلطی اور گناہ کا اعتراف کر کے اللہ سے ہمیشہ مغفرت چاہتی ہے، اللہ وحدہٗ کی عبادت کرتی ہے، اور اُس کی ذات حق کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتی"

کیا اب بھی شبہ ہو سکتا ہے کہ قرونِ اول کے مسلمانوں کا نصب العین جمہوریت تھا اور اُن کا خلیفہ ایک منتخب شدہ صدرِ جمہوریت سے زائد حیثیت نہ رکھتا تھا!

(۵)

اس دور میں عورتیں کیا تبلیغ اور عملی دنیا میں کیا حصہ رکھتی تھیں! الازدی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ شام کی مہم پر اکثر لشکری اپنے اہل و عیال کو اپنے ساتھ لے گئے تھے (ص ۵۹)

ان دختران صحرا کی جھلک ہم میدان جنگ میں دیکھتے ہیں تو انہیں کافی آزاد پاتے ہیں۔

ایک موقع پر ایک سردار عورتوں کو اس طرح مخاطب کرتے ہیں:۔

"اللہ اس عورت کا منہ بگاڑ دے جو سر پر دشمن کی موجودگی میں شوہر کو اپنے پاس آنے دے۔ جو مرد نہ لڑے اور تمہارے پاس آئے اس کے منہ پر خاک ڈالنا اور کہنا "جا میری طرف سے لڑ ورنہ میں تیری بیوی نہیں ہوں" (ص ۲۶۲-۲۶۳)

چنانچہ اس خیمہ کن جنگ میں مسلم خواتین نے جو حصہ لیا وہ ذیل کے واقعے سے معلوم ہوگا۔

حضرت خالد نے جو رومیوں کو آتے دیکھا تو مسلمانوں عورتوں کی طرف گئے جو اسلامی لشکر میں اونچے ٹیلے پر کھڑی تھیں حضرت خالد نے کہا جس آدمی کو بھاگتا دیکھو، فوراً مار ڈالو۔ چنانچہ مسلمان عورتوں نے لکڑیاں ہاتھ میں اٹھالیں، اور مجاہدین کے سامنے آکر کہا "تم ہمارے شوہر نہیں ہو اگر آج ہمیں نہ بچا سکے" (ص ۳۳۶)

ایک خاتون خولہ بنت ثعلبہ اپنے ہاتھ میں خیمہ کی میخ لئے کھڑی اور یہ رجز پڑھ رہی تھی:۔

یا هاربًا عن نسوة تقيات اسب بالسهم وبالمنيات
معن قليل ماتوى سيئات غير خطيات ولا رضيات

نیک عورتوں سے بھاگنے والے کوئی تیرا کام تمام کر ڈالے۔ موت کے طوفان تجھ پر ٹوٹ پڑیں۔

عنقریب تو دیکھ لے گا کہ یہ عورتیں قید ہوں گی۔ نہ ان کی عزت بچے گی نہ خوشی (ص ۳۴۱)

لڑنے والوں میں سے بھاگنے والوں کا راستہ عورتوں نے روک لیا اور انھیں لاٹھیوں سے مار مار کر فوج میں لوٹا دیا (ص ۳۴۰)

سچ ہے "جنگ اور عشق میں سب جائز ہے!"

(۶)

ان کارناموں کو دیکھ کر جن کی یادگار الازدی کی تاریخ تازہ کرتی ہے، دنیا حیران ہے کہ ان کی کیا توجیہ کی جائے۔ کوئی کہتا ہے کہ ان کا باعث صرف جذبہ کشور کشائی و سلطنت سازی تھا کوئی کہتا ہے سامی قوم کی یہ بھی ایسی ہی ملک گیری کی جنبش تھی جیسی اس سے سیکڑوں ہزاروں برس پہلے بھی عرب سے پیدا ہو کر قدیم زمانوں میں عراق، مصر اور شام کی فتوحات کا باعث ہو چکی تھی۔ بعض کو اس میں بھی کلام ہے کہ کارناموں کو پیغمبر اسلام کی غیر معمولی شخصیت یا اسلام کی خاص تعلیمات کا ممنون سمجھا جائے

ان اور دوسرے دلفریب نظریوں کا جن کی کوئی کمی نہیں ہے، اور نئے نئے محققوں کے نام سے آئے دن پیدا ہوتے رہتے ہیں، پیش کر دینا آسان ہے، لیکن ثابت ہونا مشکل۔

سچ وہی ہے، جو سب کو معلوم ہے، لیکن اس کا ماننا نہ ماننا دوسری بات ہے۔

ان عربوں کی کس چیز نے کایا پلٹ کر دی، اور ان کے ہاتھوں دنیا کی کایا پلٹ کرا دی۔

بیشک عرب باہر نکلے تو ان کے ایک ہاتھ میں تلوار تھی۔ لیکن دوسرے ہاتھ میں اس سے زیادہ طاقتور چیز تھی یعنی قرآن۔ تلوار نے اسلامی سلطنتیں بنائیں، اور بگاڑیں۔ پھر ایک وقت یہ تلوار بھی عربوں کے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور عصائے جہانبانی بھی۔

لیکن قرآنی فتوحات کا دور کبھی ختم نہیں ہوا۔ اس نے عرب و عجم کو فتح کیا۔ دوست دشمن کو فتح کیا۔ ترک و مغل کو فتح کیا۔ چینی اور بربر کو فتح کیا۔ ملائی اور پول کو فتح کیا، اور مشرق و مغرب کو اپنے سامنے جھکتے دیکھا۔

اسلام کا سب سے بڑا معجزہ یہی ہے، کہ ان کی سب سے بڑی فتوحات اس مقدس کتاب کے ذریعے سے ہوئیں جو ذہنی و علمی دینی و دنیوی ترقیوں کا سوت ہے۔

جو ذہنی انقلاب اس مقدس کتاب نے انسانوں کی اس ابتدائی جماعت میں پیدا کیا تھا۔ اس کا پتہ الازدی کی تاریخ کے ہر ایک صفحہ پر ملتا ہے۔

سید حسن برنی

آہ وہ سیریں

ہماری سیر
وہ راتوں کو ہم!.....
کنارِ آب
تنہا اور چپ چاپ!.....
بساطِ آسمان پر،

چاند رقصاں!
ہمارے دل
مئے الفت سے سرشار!
.....
چمکتا چاند ہے

اب بھی اسی طرح!
دھڑکتے ہیں
محبت میں دل اب بھی!

ربائن،

مگر اب آہ!
وہ سیریں کہاں ہیں!.....

تمنائی

نوائے غیب

مجھے تاروں کی آبادی سے اک آواز آتی ہے
کوئی کرنوں کے بربط پر سنہری گیت گاتا ہے
اور اپنے گیت سے خوابیدہ دنیا کو جگاتا ہے

فضاؤں میں بہارِ کیف و نکہت مسکراتی ہے
خدائی سلسبیلِ بیخودی میں ڈوب جاتی ہے
یہ نغمہ روح کے پردوں کو جا کر گدگداتا ہے
اور اپنی مستی لے میں یہ سندیسہ لے کر آتا ہے
کہ فطرت اپنے شعرستان میں مجھ کو بلاتی ہے

یہ کون آباد ہے ان روشن و رنگیں ستاروں میں
ہے کس کا نورِ عریاں کہکشاں کی شاہراہوں پر
ہیں کس کے نغمے رقصاں ان طلائی جلوہ گاہوں پر
یہ کس کی لے چھپی ہے بربطِ انجم کے تاروں میں
یہ کس کے جلوے مضطر ہیں قمر کے آبگینے میں
یہ کون آکر سمایا جا رہا ہے میرے سینے میں

اختر شیرانی

بن راس

(یہ مضمون ایک عکس ہے ان تاثرات کا جو اس کی مصنفہ ایلس بونر کے دل میں مالابار کے دیہاتیوں کی "خاموش تمثیل" کو دیکھ کر پیدا ہوئے۔ مصنفہ سنہ ۱۹۳۰ء میں مشہور رقاص اودے شنکر کی معیت میں اس غرض سے ہندوستان تشریف لائی تھیں کہ قدیم ہندوستانی فنِ تعمیر اور رقص کا مطالعہ کریں۔)

فنی عجائبات کے تجسس میں ہم ایک غیر معروف پگڈنڈی پر چلتے ہوئے اس چھوٹے سے موضع میں پہنچ گئے جو جنوبی مالابار کے جنگل میں واقع تھا۔ ہمیں کسی طرح معلوم ہو چکا تھا کہ وہاں ایک میلے میں چند مذہبی کھیل دکھائے جائیں گے۔ وہاں پہنچ کر ہم نے دیکھا کہ ہر طرف ناریل کے اونچے اونچے درخت کھڑے ہیں۔ کہیں کہیں دھان کے چھوٹے چھوٹے کھیت بھی تھے، جن کے قریب مٹی کے جھونپڑے بنے ہوئے تھے۔ کچھ نیم برہنہ کسان اِدھر اُدھر پھر رہے تھے۔ اور گائیں بھینسیں گھاس چر رہی تھیں۔ اسے جنگل کہیے۔ یا یہ ایک چھوٹی سی ارضی جنت تھی جس میں ابھی تک فطری شادابی اور رعنائی بجنسہٖ موجود تھی۔

لیکن سوال یہ پیدا ہوتا تھا کہ اس جگہ کسی تھیٹر کے وجود کا امکان بھی ہے یا نہیں! جب ہم نے اس کے متعلق گاؤں کے ہندوستانی طبیب سے استفسار کیا تو وہ ہماری حماقت پر ہنسنے لگا کہ ہم یورپ سے چل کر اس چیز کو دیکھنے کے لئے آئے ہیں جس کی حیثیت شیکسپیر کے عہد سے پہلے کے تماشوں سے کسی صورت بھی بہتر نہیں لیکن اس جواب نے ہمارے ارادے کو اور تقویت دی اور ہم نے وہاں قیام کرنے کا فیصلہ کر لیا اگرچہ بارش کے طوفان کی وجہ سے قیام و طعام کا مسئلہ لاینحل بنتا جا رہا تھا لیکن اس کے باوجود ہمارے پائے ثبات کو لغزش نہ ہوئی۔ کون کہہ سکتا تھا کہ اس عجائب و غرائب سے بھرے ہوئے ملک میں کس وقت کوئی نادر تجربہ حاصل ہو!

کئی دن تک گاؤں میں غیر معمولی چہل پہل رہی۔ اور مضافات سے لوگ وہاں آ کر جمع ہوتے رہے۔ معلوم ہوتا تھا کہ وہاں کوئی غیر معمولی ہنگامہ برپا ہونے والا ہے۔ لیکن یہ پتہ نہ چلتا تھا کہ کب ہونے والا ہے۔ اس تمام ہنگامے کا مرکز ایک عمر رسیدہ آدمی تھا جو مکمل طور پر بہرہ ہونے کے باوجود اس ہنگامہ کی روح تھا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ جنوبی ہندوستان کا مشہور شاعر "ولیتھیل نرائن مینن" ہے۔ تمام لوگ اس کی عزت کرتے تھے اور اُسے شمالی ہندوستان کے شہرۂ آفاق شاعر رابندر ناتھ ٹاگور کا ہم پلہ قرار دیتے تھے۔

لوگوں نے ہمیں بتایا کہ ولیتھیل نے اپنی زندگی کا مقصد یہ قرار دے رکھا ہے کہ وہ اپنے ملک کے بہترین فن یعنی مذہبی تھیٹر کو جسے وہ لوگ کتھاکلی کہتے تھے صفحۂ ارض سے مٹنے نہیں دے گا۔ اس شاعر نے ارد گرد کے ذہین نوجوانوں میں اس فن کی ترویج کے لئے تحریک جاری کر رکھی تھی اور اس کی بقا کے لئے وہ ہر ممکن کوشش کرتا رہتا تھا۔

انھوں نے ہمیں یہ بھی بتایا کہ کچھ عرصہ قبل کتھاکلی کے کھیل مالابار کی زندگی کا ایک جزو سمجھے جاتے تھے۔ ہر مندر میں ایکٹروں کی ایک جماعت ہوتی تھی۔ پجاریوں کے مجمعے کو ویدوں، پرانوں، مہابھارت اور رامائن کے مذہبی رزمیہ کھیل دکھایا کرتی تھی۔ بعض اوقات ایک مکمل نظم کو شروع سے لے کر آخر تک ختم کرنے کے لئے وہ متواتر دس یا بیس راتوں تک کام کرتے تھے۔ کھیل دکھانے کا طریقہ یہ ہے کہ پروہت سنسکرت میں اشلوک پڑھتے جاتے ہیں اور ایکٹر خاص وضع کے کپڑے پہن کر الفاظ کی ترجمانی مدرا (حرکات) کے ذریعہ کرتے جاتے ہیں۔ مدرا بہت قدیم زمانے کی نہایت واضح حرکاتی زبان ہے۔ صدیوں کا عرصہ گذرنے کے بعد یہ اس قدر شستہ اور دشوار ہو گئی ہے کہ اوسط قابلیت کا ایکٹر اس میں مہارت حاصل کرنے کے لئے دس سے بارہ سال تک صرف کرتا ہے۔

اس ملک کے راجوں اور مہاراجوں کے ہاں بھی یہ دستور تھا کہ وہ اپنے کتھاکلی رکھتے تھے۔ اور وقتاً فوقتاً دربار میں مذہبی کھیل دکھایا کرتے تھے انہی کی بدولت اُن پر مذہبی اسرار و رموز کا انکشاف ہوتا تھا۔ لیکن مغربی خیالات کی

نشر و اشاعت کے ساتھ ڈرامے کی اس قدیم وضع کے ساتھ بھی دلچسپی کم ہو گئی ہے، اور اس وقت بہت کم لوگ اس کی سرپرستی پر آمادہ ہوتے ہیں۔

اس فن کو زندہ رکھنے کے لئے ایک متحدہ کوشش کی ضرورت ہے۔ "ولیٹیل" کا ارادہ تھا کہ وہ مدراس حرکات کی تدریس کے لئے ایک درسگاہ قایم کر دے اور ایک تماشا گاہ بنائے جس میں یہ کھیل دکھائے جائیں اس خیال کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اس نے ایک لاٹری کا انتظام کیا تھا جس سے وہ حسب ضرورت روپیہ اکٹھا کرنا چاہتا تھا۔ جب ہم وہاں پہنچے اس وقت اس لاٹری کے انعامات تقسیم ہونے والے تھے اور بہترین کتھاکلی کھیل دکھانے کے لئے وہاں جمع ہو چکے تھے۔ بہت سے تو اسی دن پہنچے جس دن کھیل کو شروع ہونا تھا اور ہم یہ سن کر بہت حیران ہوئے کہ وہ ایک دوسرے سے ناآشنا ہونے کے باوجود کسی طرح کی تیاری کے بغیر بہم کام کریں گے۔ ہماری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ وہ کس طرح کامیاب ہوں گے!

پہلی رات ہم اپنی قیام گاہ سے کھیل کی کامیابی کے متعلق کئی شکوک لے کر نکلے جب ہم پنڈال کے قریب پہنچے تو ڈھول کے شور سے ہمارا استقبال کیا گیا۔ دروازے سے داخل ہونے پر ہمیں ایک آدمی نظر آیا جو نصف دائرے کے سٹیج پر پکھاوج لئے ہوئے کانسی کے ایک بڑے برتن کے سامنے کھڑا تھا۔ اس برتن سے آگ کے شعلے بلند ہو رہے تھے۔ وہ آدمی پرجوش انداز میں دلکش راگ الاپ رہا تھا، اور اس کے ساتھ ایک لڑکا ایک گھنٹی اور ایک بوڑھا جلاجل بجاتا تھا۔

سٹیج کے سامنے ہمیں معزز مہمانوں کی حیثیت سے آرام کرسیاں بیٹھنے کے لئے دی گئیں جہاں بیٹھ کر ہم کھیل کی تیاری کی تفصیلات کا مشاہدہ کرتے رہے۔ ہر چیز نمایاں طور پر سادہ لیکن دلکش تھی سٹیج کے دونوں کناروں پر کیلے کے دو سبز درخت گڑے ہوئے تھے اور رنگدار کاغذ کا ایک بڑا چھپر چھت کا کام دے رہا تھا۔ اس کے علاوہ وہاں کسی طرح کے منقش پردے نہ تھے۔ عقبی حصہ سنہری بھورے رنگ کی چٹائیوں سے سجایا گیا تھا جو ناریل کے پتوں کو کوٹ کر بنائی گئی تھیں روشنی کے لئے سٹیج کے سامنے گھی کا چراغ جلایا گیا تھا۔ جس کی روشنی بعد میں نہایت موثر اور مفید مطلب ثابت ہوئی۔

تینوں راگیوں کی نگاہیں آگ پر مرکوز تھیں اور ان کا راگ ہر لحظہ پرجوش اور طربناک ہوتا جا رہا تھا۔ آخر کار ایک بلند و بالا نغمے کے ہنگامہ کے بعد وہ دفعتہً خاموش ہو گئے اور حاضرین پر حیرت کا عالم طاری ہو گیا۔ یہ اس سلسلے کا آغاز تھا جس کی آیندہ کڑیاں زیادہ جاندار رنگین اور واقفیت پر مبنی تھیں۔

ننگی چھاتیوں والے دو آدمی ایک رنگدار پردہ اٹھا لائے اور اسے اسٹیج کے سامنے لے کر کھڑے ہو گئے۔ اس کے پیچھے ہمیں ان راگیوں کی جھلک نظر آ رہی تھی جو نصف دائرے میں اپنے ساز لئے کھڑے تھے اور ان آدمیوں سے پوجا کرا رہے تھے جو پردہ کے پیچھے چھپے ہوئے تھے، لیکن ان کے پاؤں کی منظم حرکات کا اعلان وہ نغمہ رقص کر رہا تھا جو پاؤں سے بندھی موٹی جھانجھ سے پیدا ہو رہا تھا۔

آخر کار پردہ ہٹایا گیا اور چار الپسرائیں یعنی رقص کرنے والی چار آسمانی پریاں ہمارے سامنے نمودار ہوئیں۔ انہوں نے بڑے بڑے سفید لنگے اور چست قمیصیں پہن رکھی تھیں اور ان کے سروں پر ایک مربع ٹوپی کے اوپر سے ہلکے گلابی رنگ کے نقاب شانوں تک لٹک رہے تھے۔ وہ تمام مرد تھے۔ لیکن ان کے چہرے نہایت دلکش اور نظر فریب گھونگھٹ سے عورتوں کی طرح گلابی بنائے گئے تھے۔ ان کے سینوں پر گلے میں سے ہوتا ہوا ایک سنہری کپڑا جھلمل جھلمل کر رہا تھا اور اس کے نیچے نسائیت کے مخصوص نشان، سرخ رنگ کی دو خوشنما چھاتیاں نظر آ رہی تھیں۔

مالابار میں عورتیں ان کھیلوں میں حصہ نہیں لیتیں۔ اس لئے ان کا کام مردوں کو کرنا پڑتا ہے۔ یہ دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ وہ کس روحانی وقار سے تمام کام کرتے ہیں وہ حقیقی عورت بننے کی کوشش نہیں کرتے اور اس طرح تمام ناخوشگوار اور دو بھاتی حرکات سے محترز رہتے ہیں۔ ان کا مقصد یہ ہوتا ہے۔ کہ جسمانی نسائیت کی بجائے عورتوں کی عادات اور جذبات کا عکس حاضرین کے سامنے پیش کریں۔ اس لئے ان کی نقل عام عورت سے زیادہ شعوری، منظم اور نمایاں ہوتی ہے لیکن اس کے باوجود اس میں سے کسی طرح کی نسائی رعنائی کم نہیں ہوتی۔ بلکہ بسا اوقات عام حالات سے بڑھ جاتی ہے۔

ان چار الپسراؤں کا کھیل ایسی شادابی اور رعنائی، ایسے مزاح اور لطافت اور ایسے جذبات کا حامل تھا کہ اس کو بیان کرنے کی ہر ممکن کوشش ناکامیاب رہے گی۔ وہ عالم بالا سے رکمن گاڑا مہاراجہ اودھ کے باغ میں نازل ہوئی تھیں۔ جو جذبات تحیر و مسرت ان کے دل میں اس جنت ارضی کو دیکھ کر پیدا ہوئے تھے ان کو وہ الفاظ کے بغیر بولتے ہوئے

بحرالعقول اشاروں اور خاموش حرکات رقص کے ذریعے ظاہر کر رہی تھیں۔ راگنی عقب میں کھڑے ہوئے وہ اشلوک پڑھ رہے تھے جن کی ترجمانی ان کے اشارے کر رہے تھے۔ اور دف اور جلاجل کی تھاپ اور جھنکار کے ساتھ ان کی حرکات رقص جاری تھیں۔

اپسراؤں نے پہلے اپنے پر لطف سفر کا حال بیان کیا اور پھر اپنے خوف اور طفلانہ انبساط، اپنی کمزوری اور بے دلی، اپنی رقابت اور رحمانی اور اپنی حیا، نزاکت اور حجاب کا اظہار کرنے کے لیے نہایت ہی لطیف اشاروں سے کام لیا۔ ہم نے ہر ایک اشارے اور ہر ایک حرکت کا بغور ملاحظہ کیا۔ پھولوں کے گجروں سے سجے ہوئے ہاتھ گویا ہو گئے۔ اور اپسرائیں محو رقص تھیں۔ کبھی ایک دوسرے کے متوازی رقص کرتی ہوئی چلی جاتیں کبھی ایک دوسرے کی مخالف سمت میں چلتیں کبھی بل کھاتی ہوئی جھک جاتیں اور کبھی کمر کو لچکا کر ایک دائرے میں گھومنے لگتیں۔ الغرض اس طرح انھوں نے ایک مہاراجہ کے باغ میں چار لڑکیوں کے چوری چوری داخل ہو کر ہمیشہ وہاں رہنے کی خواہش کرنے کی حکایت کو نہایت دلچسپ طریقے سے بیان کیا۔

لیکن ہمیں یہ اقرار کرنا پڑا کہ ہم پورے طور پر ان اشاروں کے رموز سے محظوظ نہیں ہو سکے۔ ہم یہ محسوس کرتے تھے کہ ہمیں آج تک اس کا علم ہی نہ تھا کہ انسانی ہاتھ کیا کیا کام کر سکتے ہیں اور نہ ہمیں یہ معلوم تھا کہ انسانی بدن میں موسیقی اور قوت بیان کس قدر موجود ہے اس جاں نواز موسیقی سے متاثر ہو کر انسان یہ سمجھنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ جسم پر بھی انسان کا ہر طرح کا بس چلتا ہے۔ اور اس کی تربیت کرنے سے غیر معمولی نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ انسان اس کے مادی وجود سے بھی پرے چلا جاتا ہے۔ ان لوگوں کی روزمرہ کی زندگی کی ہر حرکت ایک روحانی جذبے کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ ان ایکٹروں کا جسم بچپن ہی سے مذہبی مدرّفن کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے باقاعدہ تنفس اور ضروری مشقیں کرنے سے صرف ایک مفید مطلب آلہ ہی نہیں بن جاتا بلکہ روح کا نہایت ہی نمایاں اور مکمل نمونہ بن جاتا ہے۔ اور اس کو دیکھنے سے باطنی زندگی کے تمام اسرار و غوامض کا انکشاف ہونے لگتا ہے۔

جب وہ کھیل کرتے ہیں تو ان پر نغمۂ زندگی کی وہ حالت تاثر و کیف طاری ہو جاتی ہے جس کو وہ ناظرین کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں۔ عالم انجذاب و محویت میں وہ اپنی آنکھیں کچھ اس طرح اندر کی طرف کر لیتے ہیں جیسے بیرونی دنیا کا وجود ہی ان کے لئے کالعدم ہو گیا ہے اور ان کی ہستی تمام و کمال اس کردار میں تبدیل ہو کر رہ گئی ہے جس کی نمائندگی وہ کر رہے ہیں۔

جب اپسراؤں کا رقص ختم ہوا تو پردہ تھامنے والے دو آدمیوں نے اسٹیج کو پھر ڈھانپ دیا۔ پردے کے پیچھے ایک سرخ رنگ کا چھتر سٹیج پر بڑھتا ہوا نظر آ رہا تھا، اور اس کے ساتھ ساتھ دف کی گرج بڑھتی جاتی تھی۔ آدمیوں نے آہستہ آہستہ پردہ گرا دیا۔ پہلے ایک مخروطی شکل کی لمبی سی ٹوپی نمودار ہوئی پھر کبودی رنگ کا ایک مصنوعی انسانی چہرہ سامنے آیا جس کے گرد چاولوں کی مایا کا ایک ہالہ بنا ہوا تھا۔ اس چہرے کے نقوش جنوبی ہند کے مجسموں کی طرح تھے۔ دفعتہً اس چہرے میں زندگی کے آثار پیدا ہوئے اور اس کی آنکھیں دائیں بائیں حرکت کرنے لگیں۔ بھویں پُر معنی انداز میں سکڑنے اور تننے لگیں اور ہونٹ ہلنے لگے۔ یہ ہستی جس کا ہم سے اس طرح تعارف کرایا گیا تھا کرشن کا باپ واسدیو تھا۔ اس نے ہاتھ باندھ کر مقدس آگ کے سامنے دعا کی۔

پردہ اٹھا دیا گیا اور وہ غائب ہو گیا۔ جب پھر پردہ گرایا گیا تو اسی طرح کے دو چھوٹے بچے نظر آئے۔ ایک کے چہرے کا رنگ نیلا تھا اور ایک کا گلابی۔ وہ دونوں معصومانہ انداز میں غیر معمولی محویت کے ساتھ آگ کی طرف دیکھ رہے تھے۔ یہ کرشن اور اس کا بھائی بلرام تھے۔ انھوں نے بھی دعا کی اور پردہ اٹھا دیا گیا۔

اس کے بعد پردہ بالکل ہٹا دیا گیا اور کھیل شروع ہو گیا۔ تماشائیوں کی بائیں جانب ایک چوکی پر یوگی "سندری پانی" عالم استغراق میں بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے گیروے رنگ کی دھوتی پہن رکھی تھی۔ اس کی ننگی چھاتی پر اس کی سیاہ داڑھی پھیلی ہوئی تھی اور سر پر بھورے بالوں کی ایک گانٹھ نظر آ رہی تھی۔ وہ بالکل خاموش بیٹھا رہا حتیٰ کہ ایک طرف سے واسدیو کرشن اور بلرام کو لے کر آ پہنچے۔ ان تینوں کے لباس بالکل مختلف تھے۔ وہ سفید دھوتیاں پہنے ہوئے تھے جن کے کنارے رنگدار تھے ان کی قمیضیں نہایت چست اور سرخ اور سفید رنگ کی تھیں۔ کھیل کا آغاز واسدیو کی عقیدتمندانہ التجا سے ہوا جس نے گرو سے درخواست کی کہ وہ لڑکوں کو اپنے گھر پر مذہبی کتابوں کی تعلیم دے اور انہیں دنیاوی امور کے لئے تیار کرے۔ باپ ایک طویل عرصے تک اشاروں سے

باتیں کرتا رہا حتیٰ کہ گرو دھارا ج سے ایک طرف مڑ کر بچوں کی طرف نگاہ بھر کر دیکھا۔ گرو کا جواب بھی اسی طرح کا فصیح و بلیغ اور پُر تکلف تھا۔ اُس نے بیان کیا کہ اس کا ایک چھوٹا سا لڑکا تھا جو سمندر میں ڈوب کر مر گیا تھا اور اب ان بچوں کو اپنے گھر میں رکھنے سے اسے انتہائی مسرت حاصل ہوئی اور اس طرح وہ اپنا غم بھلائے گا۔ اُس کے چہرے پر خشونت، غرور اور کسی قدر شقاوت کے آثار نمایاں تھے۔ اور اُس کی انگلیوں اور ہاتھوں کی حرکات میں ایک عجیب انداز استغنا تھا۔ بچے ہاتھ باندھے ہوئے ایک طرف مودب کھڑے تھے۔ باپ نے انہیں قریب بلایا، اور اس کے بعد تعارف، سفارش، رخصت، شکریے اور دعا کی غیر مختتم رسمیں ادا کی گئیں۔

گھریلو زندگی کا ایک غیر دلچسپ واقعہ جذبات و تاثرات کے کچھ نوع کے ساتھ پیش کیا گیا کہ وہ ایک دلچسپ اور کامیاب تمثیل بن گئی۔ مسرت اور غم، امید اور افسوس، اعتبار اور ذمہ داری، اور اطاعت اور شکریہ کے مختلف جذبات عقیدت و امتنان کے امتزاج سے کچھ اس قدر واضح طور پر بیان کئے گئے کہ پدرانہ شفقت اور خلوص کا نقشہ آنکھوں کے سامنے کھنچ گیا۔

کرشن کے بچپن کے ایک اور واقعے کی تفصیل سنئے۔ ایک دن گرو کی بیوی اپنے خاوند کی عدم موجودگی میں کرشن سے شام کا کھانا پکانے کے لئے لکڑیاں لانے کو کہتی ہے۔ وہ لڑکے کو تاکید کرتی ہے کہ چونکہ جنگل خطرناک ہے۔ اس لئے تنہا نہ جائے اور اس کے علاوہ اس علاقہ میں نہ جائے جہاں جنگلی شکاری رہتے ہیں۔ لیکن کرشن نڈر اور بے خوف بچہ ہے اور اپنی شخصیت کی عظمت سے بے خبر اپنے ہم جماعت کشل کو ساتھ لے کر جنگل میں جانے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ دونوں جنگل میں گھومتے رہتے ہیں، لیکن جنگل اتنا گھنا ہے کہ انہیں شام کی آمد کا بھی پتہ نہیں چلتا۔ کچھ عرصے کے بعد کشل خوف کرنے لگتا ہے۔ اور کرشن سے مراجعت کی درخواست کرتا ہے لیکن کرشن کوئی خوف محسوس نہیں کرتا اور ایک ماں کی سی شفقت سے کشل کا حوصلہ بڑھا کر اسے وہیں بٹھا دیتا ہے اور تنہا آگے بڑھتا ہے۔ اس وقت وہ جنگل کے ایک ایسے حصہ میں پہنچ گیا ہے جہاں جنگلی جانوروں کی کثرت ہے

اس موقع پر گانا بند ہو گیا۔ کیونکہ اب کرشن اپنے دلی جذبات کا اظہار اپنی حرکات سے کر رہا تھا۔ دف اور جلاجل کی جھنکار اس وقت اُس کی حرکات کا ساتھ دے رہی تھی۔ مناظر اور الفاظ کی مدد کے بغیر اس وقت یہ اکیلا اشارات اور حرکات سے گھنے جنگل کی ہیبت اور تاریکی میں درندوں کی حرکات کا نقشہ کھینچ رہا تھا۔ تماشائی یہ محسوس کرتا تھا کہ اُسے مست ہاتھی نیند سے جاگتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ خوفزدہ پرندے اِدھر اُدھر اُڑ رہے ہیں، سانپ سرعت سے راستہ کاٹ کر گذر رہے ہیں، اور شیروں کی آنکھیں تاریکی میں چمک رہی ہیں۔ مجملاً کہ کرشن کی آمد سے سارے جنگل میں ہلچل مچ گئی تھی۔ جب وہ قدم بقدم آگے بڑھ رہا تھا تو ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے درحقیقت اس کے آگے بڑھنے کے ساتھ جنگل میں جگہ گھٹتی جا رہی ہے اور کرشن بیخوف ہو کر ان جگہوں میں جھانک رہا ہے۔ جب وہ اسٹیج پر صرف چند قدم چلتا ہوا آگ کے قریب پہنچ گیا تو ہم نے یوں محسوس کیا جیسے وہ جنگل میں کسی میل طے کر چکا ہے اور راستہ کھو گیا ہے۔ پھر ہمیں ایسا محسوس ہوا کہ اب اس پر کوئی ناگہانی مصیبت آنے والی ہے۔ دفعتہً وہ دم بخود ہو کر کھڑا ہو گیا، اور اُس نے انگلی اٹھا کر دور کسی طرف اشارہ کیا —— اس وقت مرتعش شعلے کا عکس رنگیں اس کے نورانی چہرے پر رقص کر رہا تھا اور ہم ہمہ تن انتظار بنے ہوئے تھے۔ . . . . .

پردہ اٹھا کر اس منظر کو ڈھانپ دیا گیا۔ اور پردہ کے پیچھے ارمنی رقص شروع ہو گیا۔ ڈھول کی گرج سے کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی کبھی کبھی خوفناک چیخیں سنائی دیتی تھیں۔ اور ایک بہت بڑی ٹوپی اور نیزے کا سر عقبی حصے سے نظر آتا تھا۔ یکایک دو خوفناک ہاتھوں سے پردہ کو دبا کر نیچے کر دیا گیا دونوں آدمیوں نے پردے کو بحال رکھنے کی ناکام کوشش کی لیکن راکشس کے غصہ کے سامنے کسی کی پیش نہ گئی اور اس نے پردے کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ اس کے باوجود وہ پردے کو دونوں سروں سے پکڑ کر اُسے پیچھے دھکیلنے کی کوشش کرتے رہے۔ اس حالت میں جب کہ راکشس کا آدھا جسم نظر آ رہا تھا اور آدھا چھپا ہوا تھا ہمیں یوں معلوم ہوتا تھا جیسے وہ جھاڑیوں سے نکل کر کسی ایسی چیز پر حملہ کرنا چاہتا ہے جس نے اُسے برافروختہ کر دیا ہے۔ اس کا چہرہ ہیبت ناک طور پر سیاہ تھا، اور اس کے دو لمبے لمبے دانت جبڑوں سے باہر نکلے ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ دیگر شیطانی علامات مثلاً دو سفید گیند اس کے ماتھے اور ناک پر پیوست تھے۔ اس کا باقی لباس بالکل سیاہ تھا لیکن اس کی وضع قطع بھی دوسرے لباسوں کی طرح ہی تھی۔

اب جنگل میں پھل دیکھ کر راکشس کرشن کی آمد کا منتظر ہے۔ اور قاتلانہ جذبۂ مسرت سے دیوانہ ہو کر بیہودہ جنگلی رقص شروع کر دیتا ہے اس اثنا میں کرشن نہایت متانت سے معصومانہ انداز میں سٹیج پر آتا ہے اور طرب انگیز لجاجت سے راکشس کو راستہ دینے کے لئے کہتا ہے۔ راکشس اُسے روک لیتا ہے اور اشتعال انگیز لہجے میں کرشن سے کہتا ہے کہ اُسے جنگل میں قدم رکھنے کی جرأت کیسے ہوئی؟ کرشن جواب دیتا ہے کہ وہ ایک دیہاتی لڑکا ہے۔ اور لکڑیاں جمع کرنے آیا ہے وہ اُس کی خوفناک شکل سے بالکل متاثر نہیں ہوتا اور لکڑیوں کا گٹھا زمین پر رکھ کر بیٹھ جاتا ہے پھر طنز آمیز انداز میں اپنے حریف کی طرف دیکھتا ہے۔ اس بے پروائی کے مظاہرے سے راکشس غصے سے دیوانہ ہو جاتا ہے۔ اور وہ کرشن کو چور وغیرہ کے ناموں سے پکار کر دعوت مبارزت دیتا ہے۔

کرشن مردانہ وار مقابلہ کے لئے کھڑا ہو جاتا ہے۔ وہ ایک بار موتان کر اپنے حریف کی طرف اشارہ کرتا ہے اُس کے دوسرے ہاتھ کی انگلیاں جذبۂ غضب سے مرتعش ہو کر آنے والی تباہی کا اعلان کر رہی ہیں۔ وہ راکشس کے گرد چکر لگانا شروع کرتا ہے۔ اور جب بازو بلند کر کے ایک ٹانگ پر کودتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے راستہ میں حائل ہونے والی ہر چیز کو فنا کر دے گا۔ پھر وہ آگ کے قریب ہو کر اپنے ہاتھ شعلہ سے گذارتا ہوا اپنی آنکھوں کی پتلیاں ایک مکمل دائرہ کی شکل میں پھرا کر اپنی عالمگیر قوت کا اظہار کرتا ہے۔

اس کے بعد لڑائی شروع ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ لڑائی عام کشتی کی صورت میں نہیں ہوتی بلکہ موسیقی کی تال کے ساتھ یہ ایک باقاعدہ حملہ ہوتا ہے پھر مراجعت ہوتی ہے۔ ایک دوسرے کے گرد گھونسہ تان کر چکر لگائے جاتے ہیں۔ ایک دوسرے کو آگے اور پیچھے دھکیلا جاتا ہے اور انسانی شکل اور حرکات سے اہرمنی اور روحانی قوتوں کی عظیم الشان جنگ کی تمثیل پیش کی جاتی ہے بالآخر راکشس گھٹنوں کے بل گر پڑتا ہے اور کرشن اپنے دشمن کے سر پر اپنا پاؤں رکھ کر اپنی فتح کا اعلان کرتا ہے۔

کرشن کا روپ بھرنے والا ایکٹر تمثیل میں مرکز توجہ تھا۔ وہ ایک کامیاب رقاص تھا، اور مُدرا کا ماہر تھا۔ اس کی ظاہری سنجیدگی حد درجہ جاذب نگاہ تھی، اور اس کے ہونٹوں یا انگلیوں کی خفیف سے خفیف جنبش ہزار ہا معانی کی ترجمان تھی۔ کوئی اشارہ غیر ضروری نہ تھا۔ اور کوئی حرکت ناموزوں نہ تھی یہاں تک کہ مکمل سکون کے وقت بھی اس کے چہرے پر جذبات کی فراوانی کا اس قدر اظہار ہوتا تھا کہ تمام فضا الفاظ سے لبریز نظر آتی تھی۔ وہ اپنے ضبط اور ارادی سنجیدگی کے باوجود ہر حس جذبے کا حامل نظر آتا تھا جس کی تخلیق ایک بہترین جذبات پرور انسان کر سکتا ہے۔

اس کے علاوہ اُس کا تخیل نہایت بلند پرواز تھا۔ وہ غیر مختتم طور پر نازک اور عمدہ تفاصیل کو حالات کے مطابق بیان کرتا رہا۔ یوں سمجھئے کہ وہ ایک عظیم الشان صناع تھا۔ چونکہ کرشن کا کردار اُسے بہت مرغوب تھا اس لئے یوں معلوم ہوتا تھا جیسے کرشن کی روح اس میں حلول کر گئی ہے۔ وہ عجائبات کی دنیا میں بے خوف اور نڈر ہو کر طنزیہ انداز میں چلتا پھرتا تھا۔ اس کی آنکھوں اور ہونٹوں سے زیرکی، اعتماد اور روحانی الفت کی بارش ہو رہی تھی، اور گاہے گاہے اُس کا چہرہ روحانی انوار سے جگمگا اٹھتا تھا۔

ہمارے لئے وہ ایک دیوتا تھا، لیکن کتنا گمنام اور غیر معروف دیوتا تھا، اُس کا نام کسی طرح بھی مشتہر نہ ہوا تھا۔ اور غالباً وہ مہاراجہ کے عام ملازموں کی طرح پندرہ روپیہ ماہوار کا ملازم تھا۔ بہت ممکن ہے کہ وہ تمام عمر اس صوبے سے باہر نہ آئے، اور نہ شاید وہ باہر آنا چاہتا ہو۔ وہ اپنی گھریلو زندگی پر قانع نظر آتا تھا۔ اُسے شہرت اور نمود کی خواہش نہ تھی۔ ہم لوگ فنی شہرت کے عادی ہو چکے ہیں۔ ہمارے لئے اس کا وجود معجزہ کی حیثیت رکھتا تھا۔

کتھاکلیوں کی ایک رات کے تاثرات کو صفحۂ قرطاس پر منتقل کرنے سے ضخیم کتابیں مرتب کی جا سکتی ہیں ہم متواتر پانچ راتوں تک اُن کا تماشا دیکھتے رہے۔ انسانی، اہرمنی اور روحانی حیات کے افسانوں کے ان گوناگوں مزاجیہ، المیہ اور دردناک مناظر کے تماشے سے ہم پر اس قدر محویت طاری رہتی کہ ہم ایک لمحے کے لئے بھی اسٹیج سے اپنی نظریں نہ ہٹا سکتے۔ ہم ایسا محسوس کرتے تھے جیسے ہمیں کوئی طاقت ارضی حدود سے پرے کھینچ کر لے گئی ہے۔ اس مختصر سے مقالے میں چند ایک واقعات کے سوا اور کچھ درج نہیں ہو سکا۔ اسی لئے شاید قارئین پورے طور پر محظوظ نہ ہو سکے ہوں، لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ اس فن میں اتنی عظیم الشان

رعنائیاں تھیں جن سے مغرب اب تک آشنا نہیں۔ البتہ قدیم یونانی المیہ میں اس کی نظیر شاید دستیاب ہو سکے

ڈرامائی فن کی تاریخ اور اس کی ابتدائی مذہبی حیثیت کا مطالعہ کرنے کے لئے کتھاکلیوں کے اصول اور روایات کا بنظر غائر مطالعہ کرنا ضروری ہے غالباً دنیا کے کسی حصے میں ڈرامے کی اصلی شکل اور اس کے عناصر کے جزئیات کو اس طرح قایم رکھنے کی کوشش نہیں کی گئی جس طرح مالابار کے مذہبی ڈراموں میں یہ کوشش کی گئی ہے اور فن مدرا جس کی تشہیر ہندومت کے ساتھ ساتھ ہوئی ہے غالباً یہیں سے سیکھا گیا ہے۔

کمبودیا، سیام، جاوا اور بالی میں تمثیلوں کے اندر اسی طرح کی مدرا حرکات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن وہاں اس کی حیثیت مختلف ہے وہاں حرکات سے الفاظ کی نمایندگی نہیں کی جاتی بلکہ وہاں خاموش ڈراما اپنی انفرادی حیثیت اختیار کر گیا ہے اور بالخصوص رقص کو ان ڈراموں میں بہت زیادہ دخل ہے۔ وہاں جمالیاتی لحاظ سے اس فن کو اس قدر ترقی ہوئی ہے کہ گاہے گاہے ان کی تمثیلات قدرتی حدود سے متجاوز ہو جاتی ہیں۔

لیکن مالابار میں ایسا نہیں کتھاکلی اپنی حرکات کو جمالیاتی لحاظ سے بہترین اسلوب میں پیش کرتے ہوئے بھی قدرتی رعنائی کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ اُن کا رقص صرف ڈرامے کی پرجوش زبان کا کام دیتا ہے ایسراؤں کے متذکرۃ الصدر رقص میں حرکات کی بناء عدگی کو نسائی خوبصورتی کی بہترین تصویر پیش کی جاتی ہے۔ اس میں تصنع کو ذرہ بھر بھی دخل نہیں ہوتا۔ اور یہ کلیتہً اور براہ راست لڑکیوں کے عام جذبات کی نمایندگی کرتا ہے۔

کتھاکلیوں کا فن آج تک مبتذل اور ہوس پرورده جذبات کی نمایش کے لئے استعمال نہیں کیا گیا، اور آج تک اسی قدیم طریقے پر اپنے وطن، مذہب اور رسوم کے درمیان موجود ہے۔ یہاں تک کہ وہاں کے لوگوں کے سوائے حفظ اسرار کے باعث غیر ممالک کے لوگ بھی اس کو سیکھنے نہیں پائے۔ یہ ایک فنی معجزہ ہے جس سے لوگ اپنے دیوتاؤں اور ابطال کو ہر زمانے میں زندہ صورتوں میں دیکھ سکتے ہیں۔

نسیم رضوانی

غزل

پہلو میں ایک حشر اٹھا کر چلے گئے
وہ کائناتِ درد بسا کر چلے گئے

ہر فرد انجمن کا تحیّر میں غرق ہے
محفل میں شعبدہ سا دکھا کر چلے گئے

اُن راستوں پہ بارشِ انوار ہو گئی
محشر بدوش جن سے وہ آ کر چلے گئے

میں ہوں کہ صبح و شام تمہاری ہی یاد ہے
تم ہو کہ مجھ سے آنکھ بچا کر چلے گئے

جن جنبشوں سے مرگ کی حاصل تھیں لذتیں
کیوں اُن کو تم سکوت بنا کر چلے گئے

افسوس اور یاس ہے انجام کارِ عشق
یہ بات اک نظر میں بتا کر چلے گئے

اک عمر ہو گئی ہے اس عالم میں اے شمیم
جو خواب میں بھی آئے رلا کر چلے گئے

شمیم جمیلی بی اے

ہجر کی ایک رات

آج بیمار ترا کل سے سوا ہے بے کل
رات کٹتی ہے کسی طرح نہ آتی ہے اجل

بے قراری کا ہے اصرار کہ اب لے نہ قرار
ناتوانی کا تقاضا ہے کہ کروٹ نہ بدل

ضبط الفت کا ہے ایما کہ نہ ہوں تر پلکیں
جوشِ رقت کا اشارہ ہے کہ بھر دے جل تھل

سوزِ پروانہ یہ کہتا ہے کہ مر بھی کہیں جلد
شمع کہتی ہے نہیں اور غمِ ہجر میں جل

آس کہتی ہے کہ جی وعدۂ فردا سے نہ ہار
یاس کہتی ہے بس اب جسم سے اے روح نکل

عہد بد عہد کا کہتا ہے کہ لے صبر سے کام
شوق کہتا ہے کہ اس وقت نہیں اس کا محل

دل کا ہے قول شبِ آخر ہے سنبھالا لے لے
درد کہتا ہے کوئی لاکھ سنبھالے نہ سنبھل

عشق لاتا ہے کوئی شکوہ زباں تک جو کبھی
حسن کہتا ہے کہ ظالم نہ بہت زہر اُگل

ایسی کچھ آگ لگی ہے کہ الٰہی توبہ
دل ہے جلتا ہوا انگارہ تو سینہ مقتل

جی میں آتا ہے سرِ شام ہی دے دیجئے جاں
صبح کرنی شبِ غم کی تو ہے اک طولِ امل

تار اشکوں کا نہیں شام سے ٹوٹا اب تک
دل پہ چھائے ہیں وہی رنج و الم کے بادل

ہو چکی قاصدِ ناشاد کے آنے سے بھی یاس
اب تو بیمار ہے بس منتظرِ پیکِ اجل

حسرتیں روتی ہیں ارمانوں سے مل مل کے گلے
کائناتِ دلِ عاشق میں پڑی ہے ہل چل

ہچکیاں نزع کی آنے لگیں کھنچتی ہیں رگیں
حل ہو کب دیکھئے یہ عقدۂ مالا ینحل

دیکھتا جو ہے وہ منہ پھیر کے کہتا ہے یہی
ہو بھی جائے کہیں یہ روز کا قصہ فیصل

اسی انداز سے بیمار بھی ہے اور نڈھال
جس طرح رات مصیبت کی گئی ہو کچھ ڈھل

دیکھنے والوں سے ڈوبی ہوئی نبضوں کا ہے قول
اور بچ جائے یہ شاید کوئی ساعت کوئی پل

جھلملاتا نہیں رہ رہ کے چراغِ سحری
گل ہوا چاہتا ہے ہستیِ عاشق کا کنول

اس طرف صبح کا چمکا ہے فلک پر تارا
عرقِ موت ادھر ماتھے پہ آیا ہے نکل

چشمِ بیمار ہے واشکل درِ بیت اللہ
جلوہ آرا سرِ بالیں ہیں امامِ اول

صدق جائسی

مہتون

(۱)

بچپن کا ذکر ہے جب میرے چار پانچ ہم جماعت لڑکے ابا سے پڑھنے اور سبق یاد کرنے آیا کرتے تھے، مل جل کر پڑھنے لکھنے اور ساتھ کھیلنے کودنے سے ہماری دوستی بڑھتی گئی۔ رفتہ رفتہ کچھ ایسے گھلے ملے گویا سب ایک ہی خاندان کے بچے ہیں۔

یوں تو گھر آنے والے سب ہی لڑکوں سے میرا بھائی چارا تھا، لیکن خاص کر سید فضل علی شاہ کی اور میری تو کچھ ایسی میزان بنی بالکل ایک جان دو قالب ہو گئے۔ جب دیکھو ساتھ ہیں، کیا مجال جو گھڑی بھر بھی جدا ہونا چاہیں، حد ہے کہ ہم دونوں دوست کلاس، گھر، محلہ، گلیوں، بازاروں اور میلے تماشوں میں ملنے جلنے کے خواب بھی دیکھا کرتے تھے یعنی سوتے جاگتے ہماری یگانگت دور نہ ہوتی تھی۔

ایک روز ہم کئی لڑکے کھیلتے کھیلتے اپنے محلے سے دور نکل گئے، اس جگہ پہنچے جہاں اونچے درخت کے چبوترے پر چند قبریں بنی تھیں، سایہ کے سبب سے ہم سب چبوترے پر جا بیٹھے، مزے میں بات چیت کر رہے تھے، اچانک گوری شنکر نے میری پیٹھ پر ایک گھونسہ رسید کیا۔

میں نے جھلا کر کہا:۔

کیوں یہ کیا ہے؟

تو بولا:۔

ارے یار! دیکھ تو..... وہ..... کیسی خوبصورت لڑکی..... کیا مزے سے چلی آ رہی ہے..... آہا ہا ہا.....

کیونکہ بات کرتے کرتے اس نے ایسی بیہودہ حرکت کی تھی، مجھے بڑا تاؤ آیا، دیدے پھاڑ کر کہا:۔

اُلو کہیں کا!

اب وہ ہم سے کوئی دس پانچ قدم رہ گئی، اور ہماری ہی طرف آ رہی تھی۔

عادت کے مطابق مجھے اسی وقت گوری شنکر سے گتھم گتھا ہو جانا چاہیئے تھا، مگر لڑکی پر نظر پڑتے ہی میں نوجوں کا توں رہ گیا گویا وہاں ہوں ہی نہیں۔

کیا میں نے کبھی خوبصورت لڑکیاں نہیں دیکھی تھیں؟ غلط!!

تو کیا وہ بے حد حسین تھی، ہرگز نہیں!

پھر اس کا اثر مجھ پر کیوں ہوا؟

یہ بات نہ میں اس وقت سمجھ سکا تھا نہ اب ٹھیک ٹھیک بتا سکتا ہوں۔

وہ اسی رفتار سے نکلی چلی گئی، یہ ہوشربا نظارہ چند سیکنڈ سے زیادہ قایم نہ رہ سکا۔ اتنی دیر میری طرح دوسرے لڑکے بھی بالکل چپ چاپ بیٹھے رہے۔

اس لڑکی کا سراپا میرے دل پر نقش ہو گیا، گو شاید پوری پوری سمجھ نہ ہونے کے سبب سے مجھ پر دیوانگی تو طاری نہیں ہوئی تاہم ایک قسم کی وارفتگی ضرور تھی۔

اس کے بعد دوسرے لڑکے تو بدستور باتیں کرتے گئے، اور میں بھی ہاں میں ہاں ملاتا رہا، لیکن میری افسردگی دور نہ ہوئی، یہاں تک کہ ہم سب اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے۔

جس طرح کم سنی کے تقاضے سے ذرا توجہ ہٹنے پر بچہ سب کچھ بھول بھال کر بہل جایا کرتا ہے۔ گھر پہنچ کر مجھ پر اتنا گہرا اثر تو نہ رہا، لیکن رہ رہ کر لڑکی میری آنکھوں میں پھر پھر جاتی تھی، بغیر کسی خیال کے کتنی ہی بار یاد آئی، ایسا معلوم ہوا چھم چھم کرتی سامنے سے چلی آ رہی ہے۔

رات کا کھانا کھا کر سویا تو اس غفلت میں جب مجھے تن بدن کا ہوش نہ تھا، اصل نظارہ کا یقین دلانے والا خواب دیکھتے دیکھتے علی الصباح میری آنکھ کھلی۔

دو تین دن اس طرح گذرے کہ چلتے پھرتے بولتے چلتے اس لڑکی کا تصور اس طرح آ گیا گویا سچ مچ وہی سامنے موجود ہے، پھر ایک روز میں اور فضل علی شاہ جا رہے تھے، وہ لڑکی دور فاصلہ سے آتی دکھائی

دی فضل علی شاہ نے کچھ گھبراہٹ کے سے لہجہ میں کہا۔

ارے! فہیم! یار وہ اس دن والی لڑکی آرہی ہے!!!

میری آنکھیں تر بتر ہو گئیں۔ جی چاہتا تھا جلدی سے ادھر اُدھر ہو جاؤں تاکہ آمنا سامنا نہ ہو۔ لیکن قریب کوئی گلی کوچہ نہ ہونے کے سبب سے راستہ نہ ملا، اور وہ اُسی انداز سے پاس آتے آتے دو ڈھائی قدم فاصلے سے نکل گئی، جیسے کوئی ڈر جائے۔ میری صورت پر ہوائیاں چھوٹنے لگیں، جب وہ کافی دور ہو گئی تو فضل علی شاہ بولا۔

نہ جانے کون ہو گی، کیوں یار کیسی ہے!

میں "ہاں"

(۲)

ہم دونوں گیارہ گیارہ سال کے تھے، اور لڑکی اندازاً تیرہ ساڑھے تیرہ سال کی ہو گی، بڑی قبول صورت، صندلی صندلی رخساروں پر شباب کا غازہ، محراب نما ماتھے پر ترچھی آڑھی کھچواں بھویں، ستھواں ناک، بڑی بڑی آنکھوں میں جیسے موتی کوٹ دئے، آبدار سیاہ پتلیاں، دیہاتی عورتوں کی طرح بہت بہت سا کاجل لگا ہوا، ناک میں بڑی لونگ، کانوں میں چاندی کے جھمکے، گلے میں ہنسلی، ہیل، سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے میں آرسی، انگلیوں میں چھاپ چھلے، پیروں میں بچھن، بچھوئے، چوڑی کور کا لہنگا پہنے، چوندری اوڑھے، سال چھ مہینے کی سسرال میں آئی دلہنوں کی طرح آدھا گھونگھٹ کاڑھے، شرمائی لجائی سی نکلا کرتی تھی۔

یا تو وہ کچھ ناؤ بھاؤ لنگ کرتی تھی، یا شاید عادتاً اس کی چال میں انسان کو وارفتہ کر دینے والی ایک ہلکی سی لچک تھی، چلتے وقت، جھجک، شوخی، حجاب اور عنفوان شباب کے الہڑپن میں بچھوے پیچنوں کی جھنکار سے ہر طرف ستم چھا جاتا تھا۔

پہلے تو جب کبھی وہ آتی جاتی دکھائی دیتی، تو میں خواہ مخواہ شرما سا جایا کرتا تھا، نگاہیں نیچی سے اونچی نہ ہوتی تھیں، چاہتا تھا کسی لڑکے کے سامنے یہ نہ نکلا کرے، لیکن ناغہ کر کر کے بار بار سابقہ پڑنے سے مجھ میں اتنی دلیری آگئی کہ کبھی کبھی سب کی نظریں بچا بچا کر کن انکھیوں سے اُسے دیکھ لیا کرتا تھا۔

قرینے سے وہ لڑکی کا چھن سی معلوم ہوتی تھی کیونکہ اُس طرف کاچی[1] ہی رہتے تھے، میں نے اُسے گلیوں ہی میں گذرتے ہوئے دیکھا، اس کا گھر مجھے نہیں معلوم تھا، اور نہ میں نے کسی سے دریافت ہی کیا، گھر پوچھنا تو درکنار لڑکے اس کا ذکر کرتے تو میں ٹال دیا کرتا تھا، گویا ایسی باتوں کی کچھ ضرورت نہیں، حالانکہ وہ مجھے بہت بھاتی تھی، اس کا خیال آ جانے سے میرا جی خوش ہو جایا کرتا تھا، کیونکہ اس حالت میں نہ تو وہ شوخ لڑکے ہوتے تھے۔ اور نہ لڑکی کو دیکھ کر پیدا ہو جانے والا ہیجان

میری حالت بدستور رہی، اور فضل علی شاہ کے مزاج میں بھی کچھ فرق نہ آیا لیکن گوری شنکر، گوکل، اور جگل کشور کو نت نئی شرارتیں سوجھنے لگیں، وہ لوگ روز بروز بے باک ہوتے گئے، اسے آتے دیکھ کر کبھی آپس میں ہنستے، کبھی رانیں اور تالیاں بجا بجا کر تانیں اڑاتے تاکہ یہ ان کی طرف دیکھے تو اُسے جھینپائیں۔

اب وہ ان سے نظر ملتے ہی شرما جایا کرتی تھی، اس کا دل دھڑک جاتا تھا کہ ہائے یہ کمبخت مل گئے، مجھے چھیڑیں گے، اس واسطے جہانتک ہوتا، آتے آتے الٹے پیروں پلٹ جاتی، اور پھر کسی راہرو کی آڑ لیتی گلی کے دوسرے رُخ سے جھجکتی ہوئی نکلتی۔

دو ایک بار جو اس کا یہ طور دیکھا، تو ان لونڈوں نے یہ وطیرہ اختیار کیا، کہ جب وہ ادھر آنے لگتی، تو پٹھے گویا خیر مقدم کر رہے ہیں، ایک ایک دو دو کر کے راستے کے دائیں بائیں مودب کھڑے ہو جاتے، اگر میں منع کرتا الٹا میرا منہ چڑاتے اور زیادہ اودھم مچاتے

ایک دن جو وہ آئی، تو مجھ سمیت تمام لڑکے مکان کی آڑ میں ہو گئے۔ جوں ہی وہاں سے گذری فوراً ایک نکل کر چلایا:۔

"ہٹ جانا سامنے سے سرکاری سواری آتی ہے"۔

اس نے جو پلٹ کر دیکھا، جھٹ پٹ اس مقام کے دروازے میں چھپ کر خوب ہنسے۔ دو چار روز میں جو وہ ملی تو اتفاقاً گلی میں کوئی نہ تھا، پھر کیا تھا موقع ہاتھ آیا، پہلے تو تین چار لڑکے زور زور سے کھانسے، اس نے جو جل کر دیکھا اور ناک بھوں سکیڑی، فوراً سب نے اٹینشن ہو کر فوجی طریقے کا سلام کر لیا۔

وہ بڑی تمتمائی اور اول فول بکتی تیز تیز قدم رکھتی ہوئی بڑھی، ادھر یہ غول بھی اس کا پیچھا کرنے کو تھا، اتنے میں چند ایسے بزرگ گلی کے سرے پر آتے دکھائی دئے جن کے خوف سے روح قبض ہوتی تھی، لہٰذا سب کے سب گلی کی دوسری سمت دوڑ لگ گئے!

---

[1] ایک قسم کی لمبی بینڈی [2] ترکاریوں کی کاشت کرنے والے

اس طرح معاملہ رفع دفع ہوا اور نہ بڑی کٹ بد یا ہتی

جہاں تک خیال آتا ہے، میری طرح اور لڑکے بھی خاص کر اس کی ٹوہ میں تو نہیں رہتے تھے، اسی واسطے کئی کئی دن اس کا ذکر تک نہ آتا تھا، اور یقیناً اس سے کسی کو دشمنی بھی نہیں تھی، مگر جب کبھی وہ مل جاتی تو سب کچھ چھوڑ چھاڑ ضرور بالضرور اسے دق کرتے، اور اس کی ہنسی پر دے قہقہے پر قہقہہ۔

ہماری حرکتوں سے اس کا یہ حال ہوگیا تھا کہ ہمیں دیکھتے ہی بغیر کسی چھیڑ چھاڑ کے بھی وہ دور سے بڑبڑانا شروع کر دیتی تھی:۔

"ہائے وہ موئے آرہے ہیں، اب موت پڑے مجھے پریشان کریں گے، ان کا کالا منہ ہو جائے یہ غارت ہو جائیں۔

(۳)

ہم لوگ غوث پورہ کے ایک محلے میں جا رہے تھے یکایک معلوم ہوا دھوبی کی بہو کنوئیں میں گر پڑی، وہ جو بہت سے آدمی بھاگتے جا رہے تھے۔ ہم بھی ان کے ساتھ ہو لیے، اور دوڑ کر اس پرانے کنوئیں تک پہنچے جس کے آس پاس مرد عورت کا اژدحام تھا۔

ہم جو پہلے بھیڑ بھاڑ میں ریل پیل کرتے ہوئے کنوئیں کی جگت پر چڑھے، تو کیا دیکھا کہ چار پانچ موٹے موٹے رسے پانی تک لٹکے ہوئے ہیں، اور ایک رسے سے چھینکے کی طرح بندھی ہوئی ٹوکری پر اسی لڑکی کو بٹھایا جا رہا ہے۔

ایک تو جاڑے، دوسرے پانی میں بھیگنے سے ہاتھ پاؤں ٹھٹھر گئے، تیسرے جان کا خوف، چوتھے کنے کی ندامت، پانچویں طعنہ زنی و رسوائی کا دھڑکا، ادھر دم بھی نہ نکلے، بدحواس ہوگئی کچھ کرتے دھرتے نہ بنے، کتنی ہی دفعہ لوگوں نے پکڑ پکڑ کر اسے ٹوکری میں بٹھانا چاہا۔ اور وہ قلابازی کھا کھا گئی بیچاری بے طرح ڈبکوں ڈبکیاں کرتی اور حلق پھاڑ پھاڑ کر ہائے مری ہائے مری چیختی تھی۔

آخر بہ دقت تمام بورے کی طرح اسے لادا گیا، اور دو تین آدمی سہارا دیئے اچھی طرح سنبھالے رسوں کے بل اوپر کھینچے گئے، جوں ہی ٹوکری قریب آئی دو ایک مضبوط آدمیوں نے نہایت ہوشیاری سے نکال کر کنوئیں کی جگت پر رکھا، وہ مارے خوف ہاتھ پاؤں سکیڑ کچھوا ہوگئی۔

آہ! گھونگھٹ کاڑھ کر نیچی نگاہیں کئے ہوئے چلنے والی لڑکی کا ڈوپٹہ ندارد تھا، کرتی تار تار ہوگئی، بال بکھرے ہوئے، آڑ غائب، آرسی کا شیشہ چکنا چور، کئی ایک چوڑیاں ٹوٹی ہوئیں، خوف اور سردی سے تھر تھر کانپے، رال کے ریلے چل رہے، اوپر سے لوگ ٹوٹے پڑیں، وہ ہنگامہ مچا ہوا کہ اچھے خاصے آدمی کے اوسان خطا ہو جائیں۔

ادھر ایک کرارا سا بڈھا جو خود کو بوجھ بجھکڑ کا باوا سمجھتا تھا، ہو ہو کرتا، لوگوں کو ریلتا پیلتا آموجود ہوا، فوراً لڑکی کو الٹا کر کے اوندھے منہ لٹا دیا، اور جلدی سے اس کی کمر پہ گھٹنا جما دونوں بازو پکڑ کر زور سے اوپر کو کھینچے، بس جناب لڑکی تھی کہ لگی اُڑ اُڑ کر کے قے کرنے، اس وقت جو لوگوں کی ٹھیلم ٹھیلا دھکیلم دھیلا ہوئی مع میرے تمام لڑکوں کو ہاتھ پکڑ پکڑ کر جگت سے نیچے اتار دیا گیا، کہ اس گڑبڑ میں ایک آدھ کنوئیں میں جا پڑا تو لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔

گو ہم سب لڑکی کے پاس سے بھگا دیئے گئے، مگر ایسا تماشا چھوڑ کر ٹل کیسے سکتے تھے، ادھر ادھر ہی غل مچاتے رہے، تھوڑی سی دیر میں لڑکی کے منہ سے بڑا پانی نکلا، دیکھتے دیکھتے مٹکا سا پیٹ پچک کر جوں کا توں چپاٹی ہوگیا، اب اس کو ایک موٹا ڈھٹ کمبل اوڑھا دیا گیا، اور وہ سمٹی سمٹائی ان پاتوروں کی طرف لی جائی گئی، جن میں کاچھی گرمی رہتے تھے۔

شاید اب اس کے پیٹ میں پانی وانی تو بالکل نہ رہا ہوگا، البتہ مارے ٹھنڈ کے بیچاری کی بوٹی بوٹی کانپ رہی تھی، لوگوں میں صلاح ہوئی، کہ آس پاس آگ جلائی جائے گرمی پاکر ٹھیک ہو جائیگی کوئی رائے دینے لگا، نہیں ابھی پانی باقی ہے الٹا کر کے تھوڑی دیر کمر سہلانی چاہیے۔

ایک صاحب پوچھنے لگے:۔

کیوں جی! یہ گری کیسے؟

دوسرے نے جواب دیا۔

اجی آج کل کی عورتوں سے خدا بچائے، بڑی حرافہ ہیں، پہلے

سلہ وہ گو ایماری گنداری زبان میں کوستی تھی، گو وہ کوسنے بڑے مزے دار ہیں لیکن اس خیال سے کہ سب محظوظ نہ ہو سکیں گے اردو میں لکھ دیئے سلہ اعزازی خطاب سلہ پتھر کی چادر کو پٹیا یا پاٹ کہتے ہیں، پچھواڑے کی طرف اونچی اور آگے کے رُخ نیچی چار دیواری پر چوڑائی میں پتھر کے شہتیر رکھ کر پتھر یا چھیر ٹل کی طرح پاؤں کی چھت بنائی جاتی ہے۔

اپنی نند سے، پھر جو ڈانٹا ساس نے روٹھ کر دھڑام سے کنوئیں میں جا گری۔

"میسرا۔ ہے ہے! پھر کسی نے دیکھ لیا ہوگا لوگ آ گئے۔

دوسرا۔ دیکھتا کون، وہاں کوئی ہوتا تو بھلا گرنے ہی کیوں دیتا۔

چوتھا۔ اچھا! تو پھر خبر کیسے ہوئی، لوگوں کو!

دوسرا۔ یہ بھی کچھ مشکل ہے۔ ارے میاں گرتے تو گر پڑی، پھر لگا جو ایک غوطہ تو لگی پران چھوڑ کر چلانے:۔

ہائے مری، ہائے میں ڈوبی، دوڑنا، میرا دم نکلا، ہائے ہائے میں گر گئی ....

پہلے صاحب (قہقہہ لگا کر) خوب! پھر گری ہی کاہے کو تھی!

دوسرا۔ یوں ہی ساس نند پہ دھونس جمانے کے لئے!

چوتھا۔ بہت اچھے رہے۔

اس کی چارپائی کے اردگرد لوگ باگ اسی طرح کچھ کچھ کرتے رہے، حتیٰ کہ اسے کچھ کچھ افاقہ ہونے لگا، ایک بار کروٹ بدلتے بدلتے اس نے کھولی جو آنکھ، ہم سب سامنے کھڑے نظر آئے بس فوراً کسی نے سلام کیا، کوئی ہنسا، ایک نے کھوپڑی گھما کر دیدے مٹکائے کہ اچھا شیطانی اب ذرا ہوشیار رہو، دوسرا ہاتھ تڑچھا کر کے زور زور سے ہلانے لگا۔ بھئی جا تیرا قیمہ ہی نہ کیا ہو تو نام نہیں۔

وہاں عورت پر مردنی چھا گئی، کہ ہائے غضب، ان کمبختوں نے گھر دیکھ لیا ہے۔ اب خیر نہیں۔

(۴)

پانچ چھ دن بعد ایک جگہ جاتے جاتے اچانک کچھ چمک سی پڑ کر میری آنکھیں چوندھیا گئیں، ڈالی جو اس طرف کو نظر تو وہی لڑکی چلی آ رہی تھی، یہ اُسی کی آرسی کا عکس تھا۔

دوسرے لڑکوں نے بھی اس کو دیکھ لیا، اکدم سب کی زبان سے نکلا:۔

ارے! وہ آئی"

ادھر لڑکی جو کسی دھن میں محو تھی ہمیں دیکھ کر بے طرح چھڑکی پھر کچھ سنبھل کر بدحواسی کے سے عالم میں ہم پر رحم طلب نگاہیں ڈالیں، گویا التجا کرتی ہے، کہ دیکھو مجھے نہ چھیڑنا! اس عاجزی کا اثر صرف مجھ پر ہی نہیں سب پر ہوا ہوگا، لیکن واہ رے لڑکپن، ذرا دھیان نہ دیا، بلا سوچے سمجھے اک دم شرارت سوجھی، بجائے درگذر کے لگے منہ آئی بکنے:۔

لو صاحب! وہ آئیں .... بے حیا بے غیرت ....

کمبخت کنوئیں میں گر کر بھی نہ مری ....

اجی! یہ کیا مرنی ہے، مردہ کہانی ....

کیوں ری! تو ہی تھی کیا! .... اُس دن ....

اور نہیں تو کیا اس کی خالہ تھی ....

اُفوہ! کیا کیا تلملائی ہے، کس کس طرح چیخی تھی، ہائے مری، ارے میں ڈوبی، دوڑنا میرا دم نکلا ....

پھر مری نہیں تھی!

اور گرے گی کنوئیں میں

پہلے تو اس نے برابر سے بُرا بھلا کہا، خوب کوسا کاٹا، جب اکیلی جان آنوں کا کچھ نہ کر سکی اور جھنکارے کی کوئی صورت نہ تھی تو تنگ آمد بہ جنگ آمد دیوانیوں کی طرح پتھر لے کر دوڑی، یہاں کیا کم تھے، فوراً مقابلہ کو تیار ہو گئے، خیر گذری چند آتے جاتوں نے بیچ بچاؤ کرا دیا، ورنہ بڑا فضیحتہ ہوتا۔

جب وہ وہاں سے چلی گئی، اور کوئی دوسرا بھی نہ رہا، تو ہم لوگوں نے خوب ڈٹ ڈٹ کے قہقہے لگائے اور یہی ذکر کرتے ہوئے اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے۔

اس کے بعد جہاں کہیں بھی وہ لڑکی ملتی، ہمیں دیکھ کر سہم جاتی، اُس کے ہر انداز سے ظاہر ہوتا تھا، کہ ارے کمبختو! کیوں ستاتے ہو کسی طرح جان بھی چھوڑ دو گے، تم نے تو میری ناکہ بندی کر رکھی ہے، اب کہاں جاؤں!

اس کی بے بسی پر کتنی ہی بار مجھے ترس آیا، فضل علی شاہ اور گوری شنکر بھی پسیجے، مگر ہم میں ایک لڑکا تھا "عاشق حسین" لکھنؤ کا رہنے والا، نہایت شوخ، شیطان کا چچا، اسے ان قصوں میں تمام لڑکوں کا استاد سمجھنا چاہیئے، اس کی وجہ سے فوراً سب شرارت پر آمادہ ہو جاتے تھے، پہلے تو کچھ ہچکچاتا پھر میں بھی لڑکی کے جھنجھلانے، پتھر پھینکنے، اور لڑکوں کے چیخنے چلانے کا مزہ ہی نہیں لینے لگتا، بلکہ گڑبڑ بھی مچاتا تھا۔

لڑکی سمجھ کر فضل علی شاہ اور میں نے اسے پتھر سے تو کبھی نہیں مارا، البتہ ہنسی ہمیں ہی سب سے زیادہ آتی تھی، اور شاید لڑکی کو ہمارے

ہنسنے کا رنج دوسرے لڑکوں کے پتھر پھینکنے کے غصے سے کم نہ ہوتا تھا اگر وہ ان کے پتھر پھینکنے سے طیش میں آتی تو ہمارے ہنسنے پر بھی آگ بگولہ ہو جاتی تھی۔

بتدریج ہم نے اس کے دماغ میں ایسا خلل ڈالا، کہ جونہی ہمارے سامنے آتی، بغیر چھیڑے بھی پتھر مارنا شروع کر دیتی، ہم میں سے کبھی کبھی ذرا بچا کر کہ کہیں لگ نہ جائے پتھر تو کوئی لڑکا ہی پھینک دیتا تھا، ہاں تالیاں بجا بجا کر غل خوب مچاتے تھے۔

ارے یہ سٹرن آئی.....

پورانے کنوئیں کی چڑیل دیکھو!

ذرا اپنے اپنے بچے سے ہوشیار رہنا، ورنہ ہم نہیں جانتے کہ یہ ڈائن کلیجہ چبا جائے گی۔

ایک بار اس نے جو گھبرا کر پتھر پھینکا، تو کھٹ سے میرے گھٹنے میں لگا۔ بس ادھر تو میں نے گھٹنا پکڑا، ادھر وہ ایک دم سکتہ کے سے عالم میں کھڑی کی کھڑی رہ گئی، اب خواہ وہ اس وجہ سے ڈری ہو کہ یہ لڑکا کسی قدر غنیمت تھا، سو افسوس! میں نے پتھر مار کر اسے بھی دشمن بنا لیا، مگر اس کی بھولی بھالی صورت پریشان دیکھ کر میں سمجھا کہ بیچاری مجھ پر کڑھ رہی ہے، افوہ! اس کو میری چوٹ کا کتنا درد ہے۔ بھئی اب میں کبھی ہنسا بھی نہ کروں گا، یہ لونڈے بڑے شیطان ہیں کسی کو ایسا بھی کیا ستانا کہ دل دکھ جائے۔

(۵)

کچھ ٹھیک یاد نہیں کتنی مدت یہ شغل جاری رہا، پھر ہم وہاں سے دوسرے محلے میں اٹھ گئے کوئی ایک سال بعد وہ گھر چھوڑ کر منڈی کے بازار میں جا رہے، یہاں دو ڈھائی سال ہی خیر سے گذرے ہوں گے، ایسا سلسلہ شروع ہوا، ڈھنگ ہی بگڑ گیا، رنج و راحت کے کتنے ہی دور ہوئے بچپن کے دوست تتر بتر ہو گئے۔ آخر افسوسناک انقلابات دیکھ کر افسردہ دل برداشتہ خاطر میں وطن سے نکل کھڑا ہوا، اور دیس بدیس مارا مارا پھرنے لگا۔

اس دوران میں "بنیا جنکشن" پر اتفاقاً سردار نبالکر صاحب مل گئے، بے حد خوشی ہوئی، باتوں باتوں میں کہیں سردار اسکول گوالیار کا ذکر چھڑ گیا، دیگر دوستوں کا بیان کرتے کرتے سردار صاحب نے کہا کہ راجہ چمن سنگھ صاحب کاشی والے ریاست کی طرف سے ٹریننگ کالج لاہور بھیجے گئے ہیں، ان سے ملے مہینوں ہو گئے۔

اس سرسری ملاقات کے بعد سردار نبالکر صاحب نے گوالیار کا رخ کیا اور میں ساگر چلا گیا۔

سن شعور کو پہنچنے اور زندگی زمانہ کے تاثرات سے آشنا ہونے کے باعث میری حالت ہی کچھ اور ہو گئی بچپن کے معاملات دور جا پڑے تھے، اب اس شوخی اور ولولے کی ہوا بھی نہ تھی، جب کبھی آلام دنیا سے ذرا دم لینے پر اس لڑکی کا خیال آتا، میں اپنی بے وقوفیوں پر کبھی ہنستا کبھی جل ہوتا گھنٹوں طرح طرح کے خیالی طلسم سے مجھ پر ایک عجیب محویت طاری رہتی تھی۔ سوچتا تھا۔

میں نے اسے کیوں ستایا..... واہ واہ وہ کیسی بھولی صورت کی تھی..... افسوس! بیچاری دل میں کیا کہتی ہوگی..... اس کے تصور سے میں باغ باغ ہو جاتا تھا.....

لیکن جب اسے رنج پہنچایا تو وہ کیونکر یقین کر سکتی ہے.....

نہیں نہیں اس کی آنکھوں سے ظاہر ہوتا تھا کہ میرا اصلی جذبہ اس سے پوشیدہ نہیں.....

یہ سب کچھ سہی بیشک میرے قصوروار ہونے میں کلام نہیں تاہم یہ بھی سچ ہے کہ میں جب بھی شرارتیں کرنے کے بعد دل ہی دل میں اس کے خیالی پیکر سے معافی مانگا کرتا تھا، اور اب بھی ہاتھ جوڑ کر تیری منتیں کرتا ہوں منتوں!

اے اس وقت کی بھولی بھالی بے قصور لڑکی تو میری خطائیں معاف کر دیجیو!

منتوں! رحم کر!! یہ سمجھ کر کہ بچپن میں ایسا ہو ہی جاتا ہے، اس وقت مجھے برے بھلے کی تمیز کہاں تھی۔

غرض جب کبھی سوتے جاگتے اس لڑکی کا تصور بندھ جاتا۔ میرے دماغ میں متضاد اشکال کے گوناگون مناظر گشت کیا کرتے تھے اور میں کچھ کھوسا جایا کرتا تھا۔

(۶)

بڑی آوارہ گردی کے بعد بھوپال پہنچا، تقریباً چھ سات مہینہ وہاں پڑا رہا، پھر دوبارہ اٹھا لاہور کا رخ کیا، سردار نبالکر صاحب کی بات یاد تھی، خیال آیا کہ لو بھئی اب راجہ چمن سنگھ صاحب سے ملنا چاہیے، ٹریننگ کالج کے ہوسٹل میں جا کر معلوم ہوا کہ آج کل گرمیوں کی چھٹیاں

میں، دو مہینے بعد کالج کھلے گا۔

دو مہینے بھی ختم ہو گئے راجہ جمن سنگھ صاحب سے ملاقات ہوئی انھوں نے بتایا کہ راجہ لوک پال سنگھ صاحب بھی میو آرٹس اسکول میں کام سیکھنے آئے ہوئے ہیں۔ گنپت روڈ پر مکان لیا ہے۔ بازار پیسہ اخبار میں میرا قیام تھا، شام کو گنپت روڈ سے گذرتے وقت راجہ لوک پال سنگھ صاحب کا مکان معلوم کیا، اس وقت وہ وہاں موجود نہ تھے، دوسرے پھیرے میں ملے۔

راجہ لوک پال سنگھ صاحب سے سردار اسکول گوالیار میں تو کچھ زیادہ ربط ضبط نہ تھا، لیکن وطن سے اتنی دور مل کر بہت جلد تعلقات ترقی کر گئے، یہاں تک کہ آخر انہوں نے صرف کیپوں ہزار حیلوں سے مجھے اپنے پاس ہی رکھ لیا، کہ بھئی ہم وطن اور پرانا ملنے جلنے والا ٹھہرا ساتھ ہی رہے تو اچھا ہے۔

کچھ تو لاہور کی آب و ہوا موافق نہ آئی، کچھ بے پروائی اور بدپرہیزی راجہ صاحب کو کھانسی کی شکایت ہوئی، اور بے غوری کی وجہ سے بڑھتی گئی، جب مرض نے طول کھینچا تو گوالیار جانے کی صلاح ہوئی اس طرح ۱۹۱۷ء میں ان کے ساتھ میں بھی وطن کو پلٹا۔

ادھر ان کے چچیرے بھائی مہاراجہ بھگونت سنگھ صاحب مگر ورہ والے بھی سخت علیل ہونے کی وجہ سے شکر میں تھے، لہذا ہم انہیں کے پاس شکر جا اترے۔ لیکن کیونکہ گوالیار سے میرا خاص تعلق ہے اس واسطے اکثر عزیز و اقارب اور دوست احباب سے ملنے گوالیار آیا جایا کرتا تھا۔

ان دنوں مجھے خود بخود وہ لڑکی بار بار یاد آنے لگی، اس یاد میں کتنی ہی دفعہ تو میرا دل بے قابو سا ہو گیا، ایک مرتبہ پچھلی رات وہ گیارہ سال کی عمر والا سا خراب جو لڑکی کو پہلی دفعہ دیکھنے پر دیکھا تھا دیکھتے دیکھتے صبح ہی صبح میری آنکھ کھل گئی۔

اس کے بعد یہ رنگ ہوا کہ جدھر دیکھوں وہ لڑکی، آنکھیں بند کرنے پر بھی ہرگز نہ ہٹتی تھی۔ اس وقت مجھے کیا محسوس ہو رہا تھا، کس طرح بیان کروں، میری روح کس درد آمیز مزے میں ہلکی ہلکی جنبش کر رہی تھی شاید۔

اب اتفاق دیکھئے گھر سے جو نکلا، تو بغیر کسی سبب کے اسی گلی سے گذرا جہاں پہلے پہل وہ لڑکی نظر آئی تھی۔ اس وقت جیسے ابھی کی بات ہو، فوق سے وہی منظر میرے سامنے آگیا، مجھے خود سمیت جا بجا ان لڑکوں کی صورتیں جھلکتی ہوئی دکھائی دیں اور دل میں ایک گدگدی سی ہونے لگی۔

حالانکہ فضل علی شاہ ۱۳۳۳ھ میں انتقال کر چکا تھا، اور دوسرے لڑکوں میں سے جو بھی تھے وہ خبر نہیں کہاں کہاں ہوں گے.....

اتنے میں اسی قبروں کے چبوترے والے اونچے درخت کا سایہ چوڑا، تو گویا ہزار چند روشنی ہو گئی، تصورات حقیقی مشاہدات نظر آنے لگے۔

گلی مڑتے مڑتے ایک سخت ٹھوکر سے میری نظر اٹھی، مجھ سے دس بارہ قدم آگے کوئی عورت گود میں بچہ لئے جا رہی تھی، چوندری اوڑھے آٹھ نو سال کی ایک لڑکی، اور پانچ برس کا ایک لڑکا بھی اس کے ساتھ تھے۔

کیونکہ میری رفتار کسی قدر تیز تھی، ہر قدم پر یہ فاصلہ کم ہو گیا، آہٹ پا کر ناگاہ لڑکی نے مڑ کر دیکھا۔

میں ششدر رہ گیا..... اُف! وہ تو ہو بہو میرے خیالی پیکر کا عکس نکلی، اب عورت بھی نزدیک تھی جوں ہی اس نے رُخ پلٹا، ایکدم دونوں کی نظریں نیچی ہو گئیں، دو تین سیکنڈ کا وقفہ دے کر پھر ملیں۔ مجھے اس کی کنپٹی کا نشان سا تل دکھائی دیا، بے اختیار زبان سے نکلا:۔

ارے!..... بہتون!!

ادھر عورت بولی۔

آہا... بھیا تم ہو!

گو عنفوان شباب کی شگفتگی و شوخی، متانت و افسردگی میں تبدیل ہو چکی تھی، تاہم مجھے دیکھ کر ایک پر افسوں تبسم سے اس کا چہرہ ایسا کھلا میری روح تازہ ہو گئی، اس وقت ہماری نظروں نے ایک دوسرے پر جو اثر کیا فرشتے نہیں جان سکتے۔

اس کے جذبات تو وہ جانے ہاں! کہہ سکتا ہوں کہ میری حالت ضرور قابل رحم تھی، مرا جاتا تھا کہ ایک نعرہ کر کے اس سے لپٹ جاؤں اسے خود میں جذب کر لوں، مگر دنیا کی معاشرت اور رفاقت گر تہذیب اس مخلصانہ یک رنگی میں شفاکی سے حائل تھی۔

اس پر یہ دھڑکا کہ چند قدم سے زیادہ مہلت کا امکان نہ تھا، دفعتہً لاکھوں کروڑوں ارمان امڈ پڑے، کس کس سے لڑتا کسے کسے سنبھالتا آخر نہ جانے کیوں، وہی بچپن کی معصوم فطرت غالب آئی۔

تھرتھراتے ہوئے ہونٹوں سے نکلا۔

مہتون! تو وہی ہے نا!!

ادھر اس کی شمشیر نما ابرو میں ناراضگی کا ہلکا سا کھنچاؤ ہوا، اُدھر ہونٹوں پر لطیف مسکراہٹ کھیل گئی، پتلیاں حرکت میں آئیں ایک پلک کے ساتھ ذرا ترچھی ہو کر بولی۔

آئے ہو! تمہیں ابھی تک وہ بات یاد ہے..... بیتا!!

آہ! اتنے میں چوراہا آگیا، اور لوگوں کے ڈر سے آنکھوں ہی آنکھوں میں سلام کرتے بہ حسرت و یاس ہم اِدھر اُدھر ہو گئے۔

ان دنوں راجہ لوک پال سنگھ صاحب کا مرض بہت الجھ گیا تھا، اتنی فرصت نہ ملی کہ اس کی جستجو کرتا، یوں ہی کلیجہ مسوس مسوس کر رہ گیا، راجہ صاحب کو صحت کلی نہ ہونے پائی تھی، چھٹی ختم ہو جانے کی وجہ سے مجھے ان کے ہمراہ لاہور جانا پڑا۔

چار چھ مہینے بعد مقدرات نے مجھے اور راجہ صاحب کو بھی ساتھ نہ رہنے دیا، کچھ ایسے وجوہ ہوئے کہ ہم ایک دوسرے سے دور نکل گئے۔

۱۹۳۴ء میں جو گوالیار آیا، تو یہاں کی ہر چیز بدلی ہوئی پائی، بہت سے عزیز اور دوست احباب معدوم ہو گئے۔ شکر ہے راجہ لوک سنگھ صاحب موجود ہیں، اور خدا کے فضل سے ویسے ہی مخلص جیسے پہلے تھے۔

ایک روز اس لڑکی کا خیال آکر میرا دل اُلٹ پلٹ ہونے لگا بصد ارمان اس محلے میں پہنچا، تو نہ وہ مکانات ہیں نہ وہ مکیں کسی اور ہی طرح کی مخلوق چلتی پھرتی ملی۔

وہ پرانا کنواں اندھا پڑا ہے، واٹر ورکس قایم ہو جانے کے سبب سے لوگوں نے توجہ ہٹالی، کوئی بھول کر بھی اس پر نظر نہیں ڈالتا۔

خدا جانے وہ لڑکی، وہ کامنی مہتون کہاں گئی، اس وقت تو کنوئیں میں گر کر بھی زندہ نکل آئی تھی۔

فہیم بیگ چغتائی

ہم

ہم محفلِ عشق میں بھی منصور ہے
ہم زہد و وجود میں بھی معدور ہے
ہم کیا ہے خدا کا ایک حکم ہم
لیکن اے حکم ہے کہ محکوم ہے

دم

اس دم کو ہم اپنا دم و خم کہتے ہیں
سرشتہ اسرار قدم کہتے ہیں
دم کے دم سے ساری ہمہ کی صدا
یہ ایک دم ہے جب کو ہم کہتے ہیں

احمد حسین امجد

تجلیات

پردۂ عیش میں غم رقصاں ہے عشرت کے کاشانے میں
غم کا بھیس بدل کر خوشیاں بیٹھی ہیں غم خانے میں

کس نے جلایا، کون جلا ہے، کیا کہئے جب ایک ہی سوز
روشن شمعِ محفل میں ہے مضطر ہے پروانے میں

موت ہے برحق باری باری آخر سب کو مرنا ہے
لیکن فرق ہے اہل ہوس اور عاشق کے مر جانے میں

کتنا دلکش، کتنا رنگیں الفت کا افسانہ ہے
بیت گئی ہے عمر ہماری بس اس ایک افسانے میں

دل کو ایک خرابہ پا کر ناداں اس کو چھوڑ گیا
ہم نے لیکن ڈھونڈ لیا ہے گنج اسی ویرانے میں

شیخ نہیں ہے محرمِ الفت اس کو حرم میں رہنے دو
اس بیگانہ درد کو تم کیوں لے آئے میخانے میں

ذکرِ خدا کا بھی کب چھوڑا نام خدا کا لے لے کر
بُتِ کوچی کھول کے پوجا ہم نے اس بتخانے میں

بے شک صہبائی کا فسانہ اک رنگین افسانہ ہے
خونِ جگر کی رنگینی ہے لیکن اس افسانے میں

اثر صہبائی

جنگ اور مفکرین عالم

(انسدادی تدابیر کے لئے علمی مدد کا سوال)

حال ہی میں ایک عالمگیر علمی و ادبی جماعت "پی۔ای۔این" کلب (P. E. N. CLUB) کے نام سے قایم ہوئی ہے (P) انگریزی حرف پی سے مراد شعرا (POETS) ڈرامہ نگار (PLAY-WRIGHTS) وغیرہ ہیں۔

(E) انگریزی حرف "ای" سے مراد ایڈیٹر صاحبان (EDITORS) مضمون نویس (ESSAYISTS) وغیرہ ہیں۔

(N) انگریزی حرف "این" ناول نویس حضرات (NOVELISTS) خبر رساں اور خبر نویس لوگ (NEWS-REPORTERS) وغیرہ ہیں۔

اس جماعت میں تقریباً تمام دنیا کے مشہور مفکرین (INTELLECTUALS) شامل ہیں۔ ادیب۔ شعرا۔ ایڈیٹر۔ ناول نویس اور دیگر اہل قلم اور اہل زبان اور اہل علم و ہنر اس کے رکن ہیں اگرچہ اس کلب کی زبان انگریزی ہے، اور وہ اس کی عالمگیر مقبولیت کی وجہ سے ہے لیکن دنیا کی ہر بڑی زبان کا مصنف و مفکر اس جماعت کے دائرہ میں شریک ہو سکتا ہے اس جماعت کے ارکان میں اس وقت انگلستان۔ امریکہ۔ فرانس۔ جرمنی۔ اسپین۔ اطالیہ۔ روس۔ ہنگری۔ رومانیہ۔ اور ایشیا کے اکثر ممالک کے مصنفین اور مفکرین شامل ہیں۔ ہندوستان میں بھی گذشتہ سال اس کی شاخ بمقام بمبئی بن گئی ہے اور اس کی جانب سے ایک مختصر انگریزی رسالہ بھی شایع ہونا شروع ہو گیا ہے۔ علمی و ادبی کام کرنے والوں اور دماغی اکابر کی یہ پہلی جماعت اور منظم ادارہ ہے جسے حقیقی معنوں میں عالمگیر ہونے کا فخر حاصل ہے اس کے ارکان میں ممکن الحد تک قومی عصبیت اور وطنی جذبات پر پوری مٹا دی گئی ہے۔ یہ ایک ایسا ادارہ ہے جس میں تمام دنیا کے اہل دماغ ایک سطح پر آکر دنیا کی بھلائی کے ذرائع سوچتے ہیں۔ اس کی صدارت مختلف مشہور اہل قلم مثلاً برنارڈ شا۔ ایچ۔ جی۔ ویلز۔ کاسنزا۔ سامی رائنجانی۔ لنکا ڈاہیران۔ ہیرن رانلف۔ ہرنواری اور نکلیر سیوش وغیرہ وغیرہ مشاہیر کر چکے ہیں آج کل اس کا صدر جرمنی کا شہرۂ آفاق مفکر و فلسفی ہرایل لڈوگ (EMIL LUDWIG) ہے ہر سال اس کا سالانہ جلسہ کسی مرکزی مقام پر ہوتا ہے اور وقتاً فوقتاً لیکچر اور اجتماعات منعقد ہوتے رہتے ہیں۔

حال ہی میں "پی۔ای۔این" کلب کی ایک کانفرنس دنیا کے امن کے موضوع پر گفتگو کرنے کے لئے منعقد ہوئی تھی اور اس سلسلے میں صدر موجودہ ہرایل لڈوگ مشہور جرمنی مصنف و فلسفی نے جو تقریر جنگ کو روکنے کے مطالبہ پر کی وہ اس قابل ہے کہ دنیا کے تمام مصنفین مفکرین اور ادبا و شعرا اس پر غور کریں۔ ہر ملک کے اکابر اور سماجی کام کرنے والوں کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ وہ سوچیں کہ اپنی تحریر و تقریر کے ذریعے سے کس طرح امن عالم کو قایم کر سکتے ہیں اور دنیا کو ہولناک جنگ سے بچا سکتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر مفکرین و مصنفین عالم دنیا میں ایک ذہنی انقلاب پیدا کر دیں، جنگ کے خلاف عالمگیر جذبات پیدا کر دیں اور اس قدر زبردست مدافعت اس فتنۂ عالم کی کریں کہ اس کا وجود ہی خطرے میں پڑ جائے تو دنیا اس دیو کے چنگل سے نجات پا سکتی ہے۔

ہرایل لڈوگ نے جنگ کو دور کرنے اور مفکرین عالم کی امداد حاصل کرنے کے موضوع پر گفتگو شروع کرتے ہوئے فرمایا۔

چونکہ جمعیۃ الاقوام نے اپنے عمل سے یہ بات ظاہر اور ثابت کر دی ہے کہ وہ جنگ کو روکنے سے

قاصر ہے اس لیئے ہم مفکرین کو اب بروئے کار آنا چاہیئے اور عملی طور پر یہ ثابت کر دینا چاہیئے کہ سیاسین سے زیادہ طاقت ور اور ذی اثر ہیں"۔

سب لوگ اس جدید خیال پر چونک پڑے اور یہ سمجھا جانے لگا کہ عالمگیر جنگ کو روکنے کے لیئے تمام دنیا کے اہل دماغ اور اہل قلم حضرات کو مل کر ایک متحدہ محاذ پیش کرنا پڑے گا۔ یہ خیال سینکڑوں لوگوں کے دماغ میں آچکا تھا لیکن ایک منظم نظریئے کی صورت میں جس طرح پیش کیا گیا اسے تمام کلب کے ارکان نے اور باہر کی دنیا نے دلچسپی کے ساتھ سنا۔ جرمن مفکر نے اپنی گفتگو کو جاری رکھتے ہوئے کہا:۔

ہمیں جنگ کا سیلاب بڑھتا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔ گذشتہ سالوں میں ہماری ذمہ داریاں اس قدر اہم نہ تھیں جس قدر ہی چند سالوں میں بڑھ گئی ہیں۔ آج سے بیس سال پہلے دنیا کے مفکرین اور اہل دماغ نے کان دبا کر اسلحہ کے سامنے سر جھکا دیا اور جنگ شروع ہو گئی لیکن اس دفعہ ہم لوگوں کو دماغی فوقیت سامنے لا کر اور سینہ سپر ہو کر اسلحہ کی بڑھتی ہوئی رفتار کو روکنا چاہیئے اور اگر اسلحہ نے دنیا کے امن کو برباد کرنا چاہا تو دماغ آگے بڑھ کر اپنی تمام قوتیں اس کے انسداد کے لیئے صرف کر دے گا اور ہم اہل دماغ اور اہل فکر ہاتھ پر ہاتھ دھرے نہیں بیٹھے رہیں گے۔ جو کانفرنس تخفیف اسلحہ کے نام سے ہوئی تھی وہ بھی ناکام رہی اور اس نے ثابت کر دیا کہ جنگ نہیں رک سکتی اور اس وجہ سے مفکرین عالم کے لیئے ایک بڑا اہم معاملہ انسانی گروہ کا حفاظت کے سامنے آگیا ہے۔ اور اب ہم کسی چشم پوشی اور وطنی عصبیت کو روا نہیں سمجھ سکتے اس وقت دنیا کا بیشتر سرمایہ اسلحہ کی رفتار کو ترقی دینے اور اسلحہ کو نت نیا جامہ پہنانے کی کوشش میں صرف ہو رہا ہے۔ بین الاقوامی معاہدات و مواثیق پر بھی ذاتی اثرات اور اقتصادی بجھنیں سایہ فگن ہیں اور کوئی معقول نتیجہ امن عالم کے قیام کے لیئے برآمد نہیں ہو سکتا اس لیئے ضرورت ہے کہ ہم سب مل کر کوئی تدبیر سوچیں۔ اس وقت سرمایہ، محنت اور وطن تین چیزیں دست و گریباں ہیں اور ۱۹۱۴ء میں بھی یہی حالت تھی۔ اس وقت مفکرین عالم اور مصنفین کی جماعت آزاد تھی اور اب بھی نظری طور پر آزاد اور بے لاگ ہے۔ مگر عملی دشواریاں ہماری راہ میں بھی حائل ہیں تین مفکرین عالم وطن، سرمایہ اور محنت کے جابرانہ تسلط اور امن سوز کشمکش سے بہت بڑی حد تک آزاد ہیں اور اس کرہ کے رہنے والوں کی امن طلب نگاہیں اگر کسی طرف اٹھ رہی ہیں تو وہ ہمارا طبقہ ہے"۔

ایل لڈوگ نے دنیا کے امن کو قائم کرنے اور جنگ کے اثرات کو دور کرنے کے لیئے جس چیز کو تجویز کیا ہے۔ اس پر اگر سنجیدگی کے ساتھ عمل کیا جائے اور اسے تمام دنیائے مفکرین اور مصنفین اہل دماغ حضرات کی مدد اور عملی تائید حاصل ہو جائے تو جنگ کا خطرہ دور ہو سکتا ہے۔ چنانچہ جنگ کو روکنے کے لیئے ایک "دماغی حربہ" کے عنوان سے مسٹر لڈوگ نے جو کچھ کہا اس کا خلاصہ مقصد یہ ہے:۔

چونکہ تمدن عالم کو اس وقت سب سے بڑا خطرہ جنگ سے لاحق ہو رہا ہے اس لیئے ہمیں یعنی دنیا کے تمام مفکرین اور اہل علم کو مل کر ایسی زبردست اور قوی الاثر طاقت پیدا کر لینی چاہیئے کہ اگر جنگ شروع ہو بھی جائے تو ہم ایسا رویہ اختیار کر سکیں کہ جنگ کی تباہ کاریاں حتی الوسع انسانی آبادی کے لیئے کم ہو جائیں اور یہ بدنصیب سایہ ہمارے اوپر سے جس قدر جلد دور ہو سکے ہو جائے جنگ کے خلاف زبانی گفت و شنید اور وعظ و تقریر سے کوئی کام نہیں بن سکتا اور اس وقت تک کوئی مفید نتیجہ برآمد نہیں ہوا ہے۔ اس لیئے ہمیں جنگ کے خلاف زبانی حملے کرنے کی بجائے ایک جدید حربہ سے کام لینا چاہیئے۔

جنگ عظیم کے بعد معاہدات ہونے شروع ہوئے ایک قوم نے دوسری قوم کو ڈرا دھمکا کیا

ترغیب و تحریص دے کر معاہدات کرا لیئے اور طرح طرح سے فائدے حاصل کئے دنیا کی آئندہ جنگ کو دور کرنے کے لیئے معاہدات و مواثیق کچھ کام نہیں بن سکتا اس کے لیئے جوابی عمل کی ضرورت ہے کیونکہ یہ ثابت ہو گیا ہے کہ اگر کوئی قوم اسلحہ جات بڑھا رہی ہو اور اس کے جواب میں زیادہ اسلحہ بڑھانے کی جستجو کی جائے تو یہی مسلک اضافہ اسلحہ سے باز رکھ سکتا ہے اور دوسرا ہونے لگتی ہے اس طرح کرنے سے اقوام کی کشمکش کو حتی الوسع کم کیا جا سکتا ہے۔

جب تک ایک قوم کے لیئے دوسری قوم کا خطرہ موجود ہے اسلحہ کا اضافہ نہیں ہو سکتا جونہی ایک ملک میں اسلحہ کا اضافہ شروع ہو دوسرے ملک میں اس سے دو قدم آگے بڑھنے کی کوشش کی جائے اس "جوابی عمل" سے پہلا ملک اس پر آمادہ ہو جاتا ہے کہ وہ سابقہ اسلحہ پر ہی قناعت کرے اور اس میں اضافہ نہ کرے۔ معاہدات کو ہر وقت توڑا جا سکتا ہے لیکن جوابی خطرہ کی موجودگی سے ایک قوم کو دوسری قوم سے ہمیشہ خدشہ رہتا ہے اس لئے یہ حربہ بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے اور عملی طور پر اس کی کامیابی ہمارے سامنے بارہا آ چکی ہے۔

جمعیۃ الاقوام کی بے بسی پر رائے زنی کرتے ہوئے اہل علم سے درخواست کی ہے۔

جینوا کا خواب پریشان ہو چکا ہے جن اقوام نے مل کر اس خواب کے سنہری تار تیار کئے تھے انھوں نے ہی ان تاروں کو توڑ دیا ہے اور وہ سب جنگ پر تلی ہوئی ہیں۔ اس وقت تو صرف اہل دماغ اور اہل علم و اہل قلم حضرات مل کر ہی جنگ کے امکانات کو دور کر سکتے ہیں اور اگر بفرض محال جنگ شروع بھی ہو جائے تو ہمیں یہ سوچنا ہے کہ اسے کیونکر بند کرایا جائے اور کیا رویہ اختیار کیا جائے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اہل قلم اہل سیف کو جنگ سے باز نہیں رکھ سکتے۔ ہم لوگ سوچ بچار ہی میں رہیں گے اور یورپ کے ۲۶ جنگی محاذوں پر سے کسی ایک پر رات کے وقت بم گرا دیا جائے گا اور جنگ چھڑ جائے گی۔ بیشک۔ ہم اس کو بھی تسلیم کرتے ہیں کہ اہل قلم جنگ کی آمد کو نہیں روک سکتے ہیں سوچنا یہ بھی ہے کہ اگر جنگ ہو بھی جائے تو ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ اور پُرامن باشندوں کے لئے ہمارے پاس کیا پروگرام ہے۔ اگر ہم لوگ جنگ کی شروعات سے قبل ایک عالمگیر اظہار داشت رمنی مینیفسٹو شائع کر کے جنگ سے دست برداری کا اعلان کر دیں اور اپنے اپنے ملک میں جنگ کے اثرات کو دور کرنے اور اس کو جلد از جلد ختم کرنے اور کرانے کے لئے زور دیں اور عملی مدد کریں تو اس نحوست کی ہولناکی کم کی جا سکتی ہے اور بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ہمیں جنگ یورپ کی طرح اس وقت خاموش نہیں رہنا چاہیئے بلکہ بیچ میں کود کر کوئی ایسا ذہنی اور تمدنی انقلاب پیدا کر دینا چاہیئے کہ اہل سیف اور اہل اسلحہ بے دست و پا اہل فکر کی طاقت سے آگاہ ہو جائیں۔

کیا دنیا کے بڑے بڑے جرنیلوں کے مقابلہ پر ہمارے ویلز۔ ہمارے برناڈ شا۔ ہمارے سنکلیر ہمارے ڈوٹوا سکی۔ ہمارے ٹیگور اور ہمارے دیگر ادبی و علمی سیارے کچھ کم حیثیت رکھتے ہیں جیسا یہ اپنی کتابوں سے ہزاروں لاکھوں انسانوں کے دماغوں میں ہیجان و اضطراب اور انقلاب و تغیر پیدا کر سکتے ہیں۔ تو کیا وجہ ہے کہ ہم ان حضرات کے دماغی حربہ کو جنگ کے انسداد اور مدافعت کے لیئے استعمال نہ کریں ——"

جنگ کو روکنے کے امکانات پر بحث کرتے ہوئے مسٹر

لڈوگ سے فرمایا۔

جنگ کے شروع ہونے پر یا اس سے عین قبل کوئی اعلان اس قسم کا کرنا جس میں وزرائے جنگ یا وطنی مجالس کے نمائندگان سے جنگ کو روکنے کی بیکسانہ اپیل ہو کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی۔ جنگ کو روکنے کے لیے جنگ ہی کرنی پڑے گی۔ جنگ کے امکانات دور کرنے کے لیے جس کی تیاریاں سالہا سال سے ہو رہی ہوں؟ النیمر یا کانٹ کا معقولہ یا فلسفہ پیش کر کے بزعم خود غلط وزرائے حرب کو ہم خیال نہیں بنایا جا سکتا اس کے لئے کسی مزید اقدام کی ضرورت ہوگی۔

وہ حربہ یا طریقہ کار یہ ہے کہ علم و ذہانت انسانیت کے نام پر تمام دنیا کی طاقتوں سے اور خاص کر ان دُول سے جو برسرِ پیکار ہوں یہ درخواست کی جائے کہ جنگ شروع کرنے سے قبل وہ ایک کھلی ہوئی عدالت میں اپنا معاملہ پیش کریں یہ عدالت ایک ثالث کی سی حیثیت کی ہو جو صرف اس بات کا فیصلہ کرے کہ کونسی طاقت برسرِ حق ہے اور کونسی طاقت جابر ہے اور خواہ مخواہ لڑنے بھڑنے پر آمادہ ہے اور بہانے تلاش کر رہی ہے اگر کسی طاقت یا اتحادی طاقتوں نے اس نوع کے عالمگیر آزاد ثالث اور حَکَم کو تسلیم نہ کیا یا اس کے فیصلہ کے سامنے سرِ تسلیم خم نہیں کیا تو اسے جابر طاقت سمجھ لیا جائے گا اور دنیا کے امن اور دنیا کی عقل اور علم و ہنر کی حفاظت کے نام پر اس جابر طاقت یا اتحادی طاقتوں کے خلاف ایک زبردست جارحانہ اور مدافعانہ اقدام عمل کیا جائے گا۔

جمعیۃ الاقوام اس معاملہ میں پہلے ہی بے دست و پا ثابت ہو چکی ہے اس دفعہ علمائے انسانیت "پی۔ ای۔ این" (P. E. N) کلب کی وساطت سے حکم بنائیں گے اور کسی ایک طاقت یا گروپ کے خلاف اپنا فیصلہ صادر کریں گے پھر تمام دنیا سے یہ درخواست کی جائے گی کہ وہ اس طاقت یا گروپ کے خلاف جوابی اور مدافعانہ جنگی نقل و حرکت کریں اور اس دھمکی کے بغیر جنگ کو نہیں روکا جا سکے گا۔

میرا یہ خیال ہے کہ صورت حال اس قسم کی ہوگی:۔

جنگ کو روکنے کے لئے مظلوم اور حملہ زدہ اقوام ایک مشترکہ دشمن ایک دشمن انسانیت و دشمن امن کے خلاف صف آرا ہو جائیں گی علمائے علوم و ہنر اپنی اپنی ہنرمندی کو کام میں لائیں گے اور جابر کو اپنا فیصلہ بدلنے پر مجبور کریں گے یا اسے سبکدوشی کا احساس کرائیں گے اور وہ خواہ جنگ کو روکنے پر مجبور ہوگا۔ حملہ آور طاقتوں کے اہل علم بھی متحد ہو کر مظلوم اقوام کے اہل علم کے مقابلہ پر صف آرا ہوں گے اور آئندہ جنگ میں علم و ہنر جس درجہ صف آرا ہوں گے وہ تلواروں کی روائتیں جنگ سے زیادہ ہولناک ہوں گی۔

جنگ شروع ہونے سے عین قبل ایک عالمگیر کانگرس ہوگی جس میں تمام دنیا کے علما اور دماغی کام کرنے والے جمع ہوں گے اور جنگ اگر چھڑ بھی گئی تو ہم سب اپنے اپنے حلقوں اور طبقوں میں ایسا زبردست کام کریں گے کہ اہل سیف دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔ ہم لوگ جنگ کو اگر روک نہیں سکیں گے تو اسے فوراً ختم ضرور کر دینگے اگرچہ جمعیۃ الاقوام اس معاملہ میں ناکام ہو چکی ہے لیکن "پی۔ ای۔ این" کلب جو ایک عالمگیر اور اہل علم کی ہمہ گیر جماعت ہے ضرور برسرِ عمل آئے گی اور دنیا کو دکھا دیگی کہ سیف کے مقابلہ پر قلم کس طرح طاقتور ثابت ہوتی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ مسٹر ایل لڈوگ کا یہ ولولہ انگیز اعلان تمام دنیا کے اہل علم اور علمائے انسانیت کے لیے ہمت افزا ہے اور یہ خیال کہ سیف کے مقابلہ پر قلم کو لایا جائے اور دنیا کے امن کو اس طرح بچایا جائے ایک نادر خیال ہے لیکن جہاں تک علم کی بے بسی اور آلات حرب کی ترقی و تیزی کا تعلق ہے وہ سب کو معلوم ہے لیکن مسٹر ایل لڈوگ نے جس چیز کی طرف توجہ مبذول کی ہے وہ رائے عامہ ہے اور ظاہر ہے کہ رفتہ رفتہ رائے عامہ اور خاص کر ہر ملک کے سمجھدار رائے دہندگان اور ٹیکس دہندگان کی رائے قوی الاثر ہوتی جا رہی ہے اور اگر جنگ کو روکنے کے لئے مصنفین اور علمائے انسانیت مل کر رائے عامہ کو ہموار کریں اور جنگ کے ناگزیر طور پر شروع ہو جانے کی حالت میں اسے فوراً ختم کرنے کیلئے قلم کا جوابی حملہ کیا گیا تو یقین ہے کہ قلم کی طاقت ہولناک آلات حرب اور ارژدہم توپوں کی ہولناکی کو سبک جنبش مغلوب کر دے گی اور انسانیت کی حفاظت اور امن کی حفاظت اور علم و فن کی حفاظت کا انتظام ایسا ہو جائے گا جیسا اس وقت تک تاریخ میں کبھی نہیں ہوا۔ زندہ باد اہل علم! زندہ باد اہل قلم! زندہ باد اہل ہنر! زندہ باد امن عالم!

ظفر قریشی بی اے (دہلوی)

اے دل افسردہ!

اے دل افسردہ پینے کی بہاریں آگئیں
کالی کالی بدلیاں پھر آسماں پر چھا گئیں

دامنِ کہسار سے ٹھنڈی ہوا آنے لگی
نبضِ خس میں زندگی کا خون دوڑانے لگی

موتیے کے پھول گلزاروں میں لہرانے لگے
لالۂ و نسریں کے جلوے رنگ پر آنے لگے

ہے کنارِ آب دریا ماہ پاروں کا ہجوم
جس طرح شاداب راتوں میں ستاروں کا ہجوم

کالے کالے آنچلوں میں اُن کے چہرے نور پاش
گہرے گہرے بادلوں میں بجلیوں کا ارتعاش

گلبدن، گل پیرہن، مہتاب رخ، نازآفریں
دل ربائی کی اداکاری میں اعجاز آفریں

صحنِ گلشن میں اداؤں سے قدم دھرتے ہوئے
صحنِ گلشن کو حریفِ تختِ جم کرتے ہوئے

کچھ لگاوٹ، کچھ حیا، کچھ شوخیوں کا اضطراب
اپنے سائے سے گریزاں، اپنے سائے سے حجاب

دلبری کے سب طریقے سادگی کے رنگ میں
سادگی کے سب طریقے دلبری کے رنگ میں

اے دلِ افسردہ! اے کم بخت! اے حسرت نصیب!
اے فریبِ حسن کے پامال! اے فرقت نصیب

تو ہے اور اس بے وفا کی بے وفائی کے گلے!
بے وفائی کے گلے! دردِ جدائی کے گلے

ہر طرف اک عالمِ کیف و طرب چھایا ہوا
اور تو اے بدنصیب شوق! مرجھایا ہوا

کیسے کیسے مہ جبیں ہیں نور پیکر برق تاب
دلنوازی کے لئے بے تاب ہے جن کا شباب

ان حسینوں کے اشاراتِ محبت دلفروز
جن کے جلوے دلربا ہیں جن کی طلعت دلفروز

دلبری کے کیسے کیسے نکتہ داں موجود ہیں
سجدہ کرنا ہو تو کتنے آستاں موجود ہیں

عابد لاہوری

خود مختار دوشیزہ

انگلستان کی ایک جھلک

"یہ کیا ہے!" میں نے دوسرا گلاس ختم کرتے ہوئے پوچھا۔ "بولتی نہیں۔ یہ کیا ہے!....."

اس کے سرخ ہونٹ دہکے گئے سارا چہرہ شرارت کے نور سے تلملا اٹھا صاف و شفاف چہرے پر سُرخی جھلکنے لگی۔ چہرہ مسرت آمیز جذبات کا آئینہ تھا اس نے اپنے سرخی مائل سنہری بالوں کی خوبصورت اور پیچ در پیچ لٹ کو کان کے پاس کرتے ہوئے ساحرانہ انداز سے کہا۔ مسکراہٹ کو روکتے ہوئے آنکھوں کو جھپکاتے ہوئے اپنا سر میرے بالکل ہی قریب لاتے ہوئے۔ سرسے گویا ملاتے ہوئے۔ رازدارانہ۔ ساحرانہ۔ مکارانہ لہجہ میں، اکپکپاتی ہوئی آواز سے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر میرا بازو دباتے ہوئے کہا۔ خالی گلاس کو ایک انداز سے میری آنکھوں کے سامنے نچاتے ہوئے:۔

"ہے نہیں..... پیارے احمق..... ہے نہیں بلکہ تھا!" گلاس الٹا کر کے رکھ دیا۔

اور واقعہ یہ ہے کہ گلاس خالی تھا۔ اس میں اس وقت کچھ بھی نہ تھا میں نے کہا:۔

"کیا تھا؟....."

"شیز کا نغمہ! خدا کی پناہ۔ قلب اور خون کو حرکت دینے والا۔ بیٹھے بٹھائے اس کی نپی تلی گت پر رگ رگ پھڑکتی ہے۔ ہم بال روم میں بیٹھے ہوئے تھے سامنے پری وشوں کا مجمع ہر ایک اپنے محبوب کے ساتھ حرکت میں تھا۔ پوئٹری آف موشن[1] (Poetry of Motion) جس کو ہمارے یہاں ناچ یا رقص کی ذلیل اصطلاح سے یاد کرتے ہیں! انہیں جانتے کہ جس وقت حرکات و سکنات نظامِ شعری کے ماتحت فنِ عروض و قوافی کی پابندی کے ساتھ راگنی کا ساتھ دیتے ہیں تو نتیجہ کس قدر شیریں اور موثر ہوتا ہے!

میرے سوال کا جواب اس نے یہ دیا کہ میز کے دل ربا ترنم کے ساتھ ساتھ وہ گانے لگی۔ اس قدر آہستہ کہ سوائے ایک ہلکے ترنم کے میں بھی کچھ نہ سن سکا۔ ایک ہلکی سی جھنجھناہٹ تھی۔ مسکراہٹ سے چہرہ دمک رہا تھا۔ آنکھوں میں غضب کی چمک۔ راگنی اور شراب! میں کوئی بچہ نہ تھا۔ یہ کم بخت ایک قسم کی ہلکی شراب تھی۔ جس کا دوسرا گلاس میں ختم کر چکا تھا۔ میں یہ بھی نہ جانتا تھا کہ یہ شراب ہے۔ مگر نہیں غلط۔ شراب خود کہہ دیتی ہے کہ میں شراب ہوں۔ پہلے گلاس تک تو مجھے کہنے کو شبہ تھا۔ دوسرے گلاس پر یقین مگر تجاہل عارفانہ سے کام لینا پڑا۔ وہ جانتی تھی کہ میں نے کبھی شراب نہیں پی اور نہ کبھی پیوں گا۔

* * * * * *

بہت جلد بال روم کا سین ایک رنگین و متزلزل خواب معلوم ہونے لگا۔ میرے حسین صنم کی خوبصورت تصویر آنکھوں کے ذریعہ دل میں گھستی معلوم دی۔ میرے ہاتھ میں اس کا ہاتھ تھا۔ وہ میرے سر سے سر جوڑے گویا میری آنکھوں میں غوطہ کھائے بیٹھی تھی۔ عطر سے مہک رہی تھی۔ اس کی گرم گرم سانس میرے لیے کیا تھی! عجیب دلکش سماں تھا۔ سارا بال روم حسن اور نغمہ کے زور سے جھک رہا تھا۔ چشم زدن میں نغموں کی شیریں فضا میں بال روم جھومتا معلوم دی۔ بلور کا سامان آرائش اور جھاڑ و فانوس جھوم رہا تھا۔ پیانو سے نغمہ کی دلدوز برچھیاں نکلنے لگیں۔ ساز کے پردوں سے آتشیں لپٹ نکلتی معلوم دی۔ میں نے اپنے دل نشین دوست کو دیکھا۔ اس کی خوبصورت اور نشیلی آنکھوں میں سرور تھا اور میں نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا۔ جوانی.....

---

[1] رقص کا خاص باجہ یا بندش۔ [2] نظم الحرکات" یا بالفاظ دیگر حرکتیں جو مل کر نظم بنائیں۔

رعنائی!..... چہرہ پر اُس کے خفیف مسکراہٹ کی لرزش تھی اور نوجوان سینہ نغمہ کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ دب دب کر اُبھر رہا تھا

"آہ!" میں نے کہا "پیارے دوست، تم کس قدر دلچسپ ہو"

اُس نے مسکرا کر کہا۔ "واقعی!"

میں نے کہا۔ "میں تمہیں کبھی نہیں چھوڑ سکتا۔"

میرا یہ کہنا تھا کہ گویا وہ مجھے جھپٹ لے گئی ایک دم سے۔ میری کمر میں ہاتھ ڈالا "جنّ" کی گت پر از خود ہم دونوں گویا ایک دوسرے کے آغوش میں..... آہا آہا!... رُک رُک کے ہوئے، اُلجھتے، اُلجھتے ہوئے گنگناتے چلے، گٹار کے نغمہ پہ..... بنجو کے تاروں پہ..... لرزش سے جھنجھناتے چلے..... تھرکتے ہوئے..... ساز کی خاموشی میں سمٹتے ہوئے!..... بین کی دھونکنی سے اُبھرتے..... جھنا جھن پہ پنجہ جھٹکتے..... "رفارف" پر سر کو پٹختے ہوئے..... کشاکش میں کاندھے رگڑتے ہوئے..... کپڑوں کی چھم چھم!..... چہروں کی جم جم!..... دمکتے ہوئے..... چمکتے ہوئے..... نور کی چتونوں سے جھپکتے چلے!..... متحرک!..... متزلزل..... لرزاں! رقصاں! افشاں! خیزاں! ساز کے ساتھ گٹکریاں کھاتے۔ گرہ لگاتے۔ زندہ دلوں کے متزلزل و متلاطم سمندر کے ہوشربا زیر و بم میں گم ہو گئے..... اللہ رے بے خودی! الامان! خدا محفوظ رکھے! خون میں حرکت! جی میں حرکت! دل میں حرکت! دماغ میں حرکت۔ خیال میں حرکت! خود مجسم حرکت۔ رقص نہیں بلکہ حرکت کا خون تھا جسے "جیز" کا قوی اور مضبوط دل نغمہ کی طاقتور رشہ رگ کے ذریعہ ہر دھڑکن کے ساتھ پھینک رہا تھا جو موجیں سی مارتا ہر شخص کو حرکت دیتا تھا۔ اسی دھڑکن سے ایک جنبش پیہم تھی! جنبش نغمہ! حرکت! رقص! رقص! سارا ہال، دم بہ دم جھوم رہا تھا! اور یہ حرکت کس قدر پُرکیف کس قدر شیریں، کس قدر دل ربا اور دلکش تھی!..... کیا کہنا ہے! مشرق میں اُلّو بولتا ہے۔ مغرب میں کیا ہے! ہندیوں سے یعنی ہم سے پوچھیے نہیں بلکہ کسی مولوی سے سہی کہ سجدہ کدھر منہ کر کے کریں..... مغرب!

(۲)

انگلستان کی جما دینے والی سردی تھی۔ غلیظ کہر اور ابر۔ کوئی بھلا مانس باہر نہیں نکل سکتا۔ سہ پہر کا وقت تھا میں آتشدان کے سامنے بیٹھا صاحب خانہ کی دلچسپ لڑکی سے باتیں کر رہا تھا۔ باتیں۔

معلوم ہوا کہ کوئی صاحب باہر مجھ سے ملنے آئے ہیں۔ اندر نہیں آتے۔ بس کھڑے کھڑے مل لیں گے۔ میں نے کہا کون ہے تو معلوم ہوا۔ "کوئی بڈھا خبطی" میری زبان سے نکلا۔ بڈھا نہ اور میں اُٹھا۔

کوئی ساٹھ برس یا چھیاسٹھ کی عمر ہو گی کھتئی رنگ کا سوٹ پہنے۔ ایک طوفان زدہ نائٹ کیپ۔ چہرہ سرخ، غمزناک اور بھی سرخ۔ انگارہ۔ مونچھیں سفید مگر پائپ کے تمباکو کے دھوئیں نے بھورا کر دیا تھا۔ پتلون ٹانگوں سے معہ بالغہ دو بند گزرا جس کی وجہ سے معلوم ہو کہ اس شخص کی ہر ٹانگ میں کئی گھٹنے ہیں۔ نہ سہی۔ تو کم از کم گھٹنے کا محل وقوع تو معلوم کرنے میں قطعی دشواری ہو۔ آنکھیں میلی۔ چہرہ باوجود بڑھاپے کے خوبصورت ناک و نقشہ ہی پاکیزہ کشیدہ قامت۔ چہرہ بتا دے کہ گٹھیا کا مریض۔

نہایت ہی رُکھائی سے بات چیت ہوئی۔ بڑے میاں نے میرے نام کی مجھ سے تصدیق چاہی اور میں نے اثبات میں جواب دیا تو ذرا چہرہ کو سنجیدہ بنا کر انھوں نے انتہائی انگریزی سادگی سے کہا۔ "جو کچھ کہا میں اس کا ترجمہ پیش کرنے کی کوشش کرتا ہوں ورنہ اصل لطف تو انگریزی ہی میں ممکن تھا" خیر وہ بولے:۔

"لُک[1] میرے بوائے۔ تمہاری لڑکی (محبوبہ) کون ہے؟ کیا میں اس کا نام معلوم کر سکتا ہوں؟"

میں حقیقت کی تہہ کو پہنچ گیا۔ میں نے کہا۔ "جناب من معاف کیجیے گا میری کوئی محبوبہ نہیں۔ ہاں میری دوست ملنے والیاں کئی خوبصورت لڑکیاں ہیں۔"

"اُن میں کوئی خاص بھی ہے؟"

میں نے مکاری سے کہا "سب خاص ہیں۔"

"اولڈ بوائے" بڑے میاں جھلا کر بولے۔ "میں بھی کبھی تمہاری طرح نوجوان تھا اور..... اور..... مکار بھی۔ تمہاری ملنے والیوں میں کوئی سب سے زیادہ خوبصورت بھی ہو گی؟"

میں نے عیاری سے کہا۔ "کوئی کسی کو خوبصورت خیال کرتا ہے اور کوئی کسی کو یہ تو اپنی اپنی نظر ہے"

بڑے میاں جھلا کر بولے:۔

"میں اوپر اُدھر جھاڑیاں خالی نہیں جھاڑتا۔ سن لو کان کھول کر۔ میں ایلی کا باپ ہوں....."

بات کاٹ کر میں نے تصنع سے کہا۔ "اوہو! آپ میری پیاری دوست کے باپ مسٹر ایلیٹ ہیں میں بیحد خوش ہوا جناب کی خدمت میں

[1] اے نوجوان ادھر دیکھو مخاطب کرنے کا محاورہ ۱۲

نیاز۔ . . . ؟

بڑے میاں خفا ہو کر بولے "تم... تم اس کے ساتھ ساتھ گھومتے ہو۔ بہت گھومتے ہو۔ راتوں میں.... رات گئے تک۔ معاف کیجئے گا۔ معاف کیجئے گا۔" میں نے کہا "جی۔ جی۔ وہ میرے ساتھ ساتھ گھومتی ہیں۔ یہی مطلب ہے جناب کا نا؟ . . ."

"تم اُسے جگہ جگہ لئے جاتے ہو۔"

میں نے کہا "غالباً وہ مجھے جگہ جگہ لی جاتی ہیں۔ میں انہیں نہیں لے جاتا۔ یہ آپ نے کیسے فرمایا؟ میں ان کے ساتھ پھرتا ہوں یا وہ! وہ مجھے لے جاتی ہیں یا نہیں؟"

بڑے میاں بولے "خیر بات ایک ہی ہے تو مطلب میرا یہ ہے کہ میں یہ ہرگز نہیں پسند کرتا کہ میری لڑکی بغیر میری اجازت کے اجنبی لڑکوں کے ساتھ اس آزادی سے رات گئے تک گھومتی رہے۔ میں نہیں چاہتا کہ وہ تم سے ملے۔ میں نہیں چاہتا کہ تم اُسے جگہ جگہ لئے پھرو۔ ابھی مجھے کل ہی معلوم ہوا کہ ایک رقص کے جلسہ میں وہ ضرورت سے زیادہ آزادی کے ساتھ تمہارے گلے میں باہیں ڈالے کھڑی تھی..... یہ ناقابل برداشت ہے۔"

میں نے کہا "جناب من۔ میں آپ کی رائے سے اتفاق کرتا ہوں۔ آپ اگر اپنی صاحب زادی کو روکنا چاہتے ہیں تو بہتر ہے کہ آپ خود انہی سے کہئے۔ غالباً آپ کا حق ان پر زائد ہے۔ وہ آپ کے احکام کی پابند ہوں۔ معاف کیجئے میرے اوپر آپ کی حکم برداری لازمی نہیں۔ آپ اگر چاہتے ہیں کہ وہ مجھ سے نہ ملیں اور اپنے ساتھ مجھے جگہ جگہ نہ لئے پھریں۔ مجھے افسوس ہے کہ آپ تجربہ کار ہو کر مجھے دبانا چاہتے ہیں۔ خود آپ کی لڑکی جب نہیں مانتی تو میں کیوں کر آپ کے احکام کی تعمیل پر مجبور کیا جا سکتا ہوں؟"

بڑے میاں جل کر بولے "مگر تم اس کے ساتھ یہ حرکتیں جاری نہیں رکھ سکتے۔ تم میری بھولی بھالی لڑکی کو آوارہ کر دو گے۔"

میں نے جل کر کہا "قبلہ من۔ میں کالا ہوں کہ وہ؟ میں خوبصورت ہوں کہ وہ؟ میں ان کو بگاڑ سکتا ہوں یا وہ مجھے! مجھے وہ احمق بنا سکتی ہیں یا میں ان کو! میں بھولا اور معصوم ہوں یا وہ! میں قابل الزام ہوں یا وہ!..... دیکھئے اور انصاف کیجئے....."

یہ کہہ کر میں نے اپنے چچا صاحب قبلہ کا خط ان بڑے میاں کے ہاتھ میں دیا۔ شفیق چچا جن کی صاحب زادی کے دست حق پرست پر مجھ کو ابھی ایمان لانا باقی تھا۔ یہ خط انگریزی میں تھا۔ اس میں کیا لکھا ہوگا! اپنے ہونے والے داماد کو ایک شخص کیا لکھ سکتا ہے جبکہ داماد ولایت میں ہو اگر ان انگریز بڑے میاں کی حسین و دلربا صاحب زادی بھولی بھالی اور معصوم نہیں تو یہ خاکسار اپنے شفیق چچا کی نظروں میں معصوم تر تھا۔ چچا صاحب قبلہ کو بے حد اندیشہ تھا کہ کہیں یہ نازنیناں فرنگ مجھ بھولے بھالے اور معصوم نوجوان کو آوارہ نہ بنا دیں۔ ان کی چالاکیاں عیاریاں فریب کاریاں ایسی ہیں کہ میرا بچنا دشوار ہے جس طرح یہ بڑے میاں نہیں چاہتے تھے کہ میں ان کی بھولی بھالی لڑکی کو لئے پھروں اسی طرح قبلہ چچا صاحب نہیں چاہتے تھے کہ ان کے بھتیجے یعنی خاکسار کو ایسی کوئی ولایتی لڑکی لئے پھرے۔ ان کا خیال تھا کہ یہ مغربی تیتریاں مجھے آوارہ کر دیں گی لہٰذا مجھے ان سے بچنا چاہئے۔

اس بڈھے انگریز نے سب کا سب خط غور سے پڑھا۔ پائپ منہ سے نکال کر کرسی پر پیر رکھتے ہوئے بولا "ہم..... م..... م..." بھویں چڑھائیں "مجھ سے پوچھا۔ یہ کون ہیں؟"

میں نے جواب دیا۔ "یہ میرے چچا ہیں۔"

"تو کیا یہ سب یورپین لڑکیوں کو ایسا ہی سمجھتے ہیں؟"

"میں کیا جانوں" میں نے بے پروائی سے کہا۔

"مگر کیا یہ بہتر نہیں کہ تم اکیلی سے اب نہ ملو۔ اب تو اور بھی نہ ملو"

"..... بالفاظ دیگر وہ مجھ سے نہ ملیں!... جی ہاں ٹھیک ہے بہتر ہے کہ وہ مجھ سے اب تو اور بھی نہ ملیں۔ تو آپ ان کو بتا کیوں نہ دیں کہ وہ مجھ سے نہ ملیں اور نہ مجھے جگہ بہ جگہ لئے پھریں ورنہ آپ کا خیال ہے..... بالفرض میرے چچا آپ کی پیاری صاحبزادی کو لکھیں!... رہ گیا میں۔ تو آپ جانتے ہیں کہ وہ میری عزیز ترین دوست ہیں۔ میرا ان کا یہ رشتہ نہیں کہ میں اُن سے کہوں کہ..... ."

بات کاٹ کر وہ بولے:۔

"تم ہندوستانی لوگ..... !"

میں خاموش رہا۔

وہ بولے "ہم لوگ ہندوستانیوں کو قطعی پسند نہیں کرتے"

میں نے کہا "اجی قبلہ کب سے!..... بالکل!"

وہ بولے "ہم واقعی ہندوستانیوں کو پسند نہیں کرتے"

"اور ہندوستان کو؟"

"ہندوستان بھی ناپسند ہے۔"

"اور پھر ہماری چھاتی پر سوار ہو۔ جان چھوڑو ناہماری....."

بات کاٹ کر وہ بولے "کتنے ہندوستانی ہماری لڑکیوں سے میل رکھتے ہیں اور محبت کرتے ہیں اور پھر کتنے ان میں سے شادی کی نیت رکھتے ہیں اور پھر کتنے ان میں سے شادی کرتے ہیں۔ شاید دس فی صدی بھی ہماری لڑکیوں سے شادی نہیں کرتے۔ ارادہ ہی شادی کا نہیں رکھتے۔ پھر ایسی صورت میں ہماری لڑکیوں سے کیوں ملتے ہیں اور پھر وہ بھی کیسے! جیسے تم میری ایلی سے ملتے ہو۔ سخت قابل اعتراض ... قابل نفرت ..... ناقابل برداشت ..... کان کھول کر سن لو۔ یہ صورت حال جاری نہ رہنا چاہئے۔ میں سب سن چکا۔ بہتر ہے کہ آئندہ تم ایلی کے ساتھ نہ نظر پڑو....."

"..... بالفاظ دیگر وہ میرے ساتھ نظر نہ پڑیں قبلہ.... ٹھیک.... اس کا مناسب انتظام فرمائیں۔"

"مائی لیڈ[1]....." برہم ہو کر بڈھے نے کہا "تم جوان ہو۔ ورنہ میں بوڑھا ہوں ورنہ ابھی تم کو معلوم ہو جاتا کہ راستی کیا ہوتی ہے۔ تم جذبات کا خیال نہیں کرتے۔ ایک بھولی بھالی لڑکی کو خراب کرنے کے درپے ہو....."

میں نے برہمان کر کہا "غالباً اس قسم کے الفاظ میں سننے کے لیے تیار نہیں ہوں۔ قابل احترام بزرگ۔ آپ بچہ نہیں ہیں۔ نہ آپ کی بچی بچہ ہے۔ وہ تعلیم یافتہ ہے پڑھی لکھی ہے۔ آزاد ہے۔ خود مختار ہے۔ اپنا برا بھلا خود بہتر جانتی ہے۔ آپ نے اس کو سمجھایا اچھا کیا۔ نہیں مانتی! وہ خود جانے۔ آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ آپ کی صاحب زادی صاحبہ ماشاء اللہ نہ صرف نوجوان اور خوبصورت ہیں بلکہ نہایت ہی سمجھدار۔ ہوشیار۔ عقلمند اور صائب الرائے ہیں۔ احمق نہیں ہیں۔ اور اگر ہیں تو نہ میرے بس کی بات نہ آپ کے۔ یہ بھی آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ میرے اوپر آپ کا زور نہیں چل سکتا۔ میں اپنے فعل کا خود مختار ہوں۔ آپ کو کوئی حق نہیں کہ مجھ سے ایسی باتیں کریں۔ اس سے کہیں بہتر ہے کہ براہ کرم جائیے اور معاملات پر ٹھنڈے دل سے غور کیجئے۔"

بڑے میاں کی حالت یہ سن کر غیر ہو گئی۔ بے بسی نے غصہ کو دبانے پر مجبور کیا۔ ہونٹ چبا کر رہ گئے۔ تاؤ کھا کر رہ گئے۔ گھٹ کر رہ گئے۔ کہنے لگے "والد آئے گا تب وہ تم سے ہندوستانی طریقہ پر معاملہ فہمی کرے گا کیا جب بھی تم راہ راست پر نہیں آ ؤ گے!"

میں نے کہا "خوش آمدید۔ خوش آمدید مسٹر والد کو میں ہمیشہ معاملہ فہمی کے لیے تیار ہوں۔"

"غالباً تم اس تکلیف دہی کا خیال نہ کرو گے۔"

"اوہ!" میں نے معذرت کو قبول کرتے ہوئے کہا "ہرگز نہیں..... ہرگز نہیں....."

"خدا حافظ....."

"خدا حافظ....."

مجھے غالباً اس انگریز بڈھے سے ہمدردی تھی۔ ایک گونہ تکلف کے ساتھ اپنی کرخت اور "گھٹیا وی" ٹانگوں سے "وسکی" کے نشہ میں پینگ لیتا ہوا چلا جا رہا تھا دھواں چھوڑتا۔ پائپ کڑیتا ہوا میں اس کو دیکھتا رہا حتیٰ کہ وہ سڑک پر کہرے کے دہند میں غائب ہو گیا۔

(۳)

اس واقعہ کے کوئی دو ہفتہ بعد کا ذکر ہے کہ ایلی کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے میں پارک کی طرف جا رہا تھا۔ ایک دم سے ہمارا راستہ ایک تنومند نوجوان نے سامنے سے روک لیا ایلی ایک دم سے ذرا پیچھے ہو گئی۔ یہ شخص نہایت ہی وجیہ۔ متناسب الاعضاء دھاریدار وضعدار سوٹ پہنے ذرہ رچی ٹوپی لگائے۔ اپنی کمر پر دونوں ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو گیا۔ لڑکی کی طرف انگلی اٹھا کر مجھ سے بولا:۔

"تم جانتے ہو یہ تمہاری ساتھی لڑکی کون ہے!..... تم جانتے ہو کہ یہ تمہارے ساتھ کون احمق لڑکی ہے!..... درگ کر! میری بہن ہے۔"

میں نے کہا "تو پھر میں کیا کروں!"

"میں کیا کروں!..... کیا میں بتاؤں کہ تمہیں کیا کرنا چاہیے!"

"بہتر ہے۔" میں نے کہا "گو میں خود جانتا ہوں۔" میں نے طنزیہ لہجہ میں کہا "مگر ہاں آپ بتائیں اور ضرور بتائیں۔"

"تم اس وقت اسے کہاں لیے جاتے ہو!" وہ چیخ کر بولے۔

میں نے کہا "بالفاظ دیگر یہ مجھے اس وقت لے جا رہی ہیں!..... شاید یہ خود بتا سکیں۔"

"یہ فرض آپ کا ہے نہ کہ اس احمق لڑکی کا۔" وہ ذرا زور دے کر بولے

میں نے کہا۔ "جناب من! مجھے اپنے تمام فرائض کا نہ صرف علم بلکہ احساس بھی ہے۔ اور غالباً ان فرائض کی سبکدوشی کے بارگراں سے آپ کے

[1] میرے نوجوان!

کندھوں کو دور کا بھی واسطہ نہیں ہے..... مطلب یہ کہ ہونا چاہیئے تھا ویسے آپ کی مرضی۔ مگر غالباً ہم دونوں اس موقعہ پر کوئی عمل "بدمزگی" کے خوشگوار امکان پر غور کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔"

"مگر آپ پر واضح ہو جانا چاہیئے کہ یہ بے وقوف لڑکی میری چھوٹی بہن ہے۔"

میں نے کہا "واضح ہو گیا۔"

"اچھا تو پھر میں تم سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ تم اسے روز کیوں لیے پھرتے ہو۔"

"پھر وہی!" میں نے کہا "بالفاظ دیگر یہ مجھے روز کہاں لیے پھرتی ہیں! شاید کہ یہ خود بتا سکیں۔"

وہ بولے "اچھا یوں ہی سہی تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مجھے ہندوستانیوں سے نفرت ہے۔ (منہ بگاڑ کر)

میں نے کہا "میں دوستانہ مشورہ دیتا ہوں کہ آئندہ آپ قابل نفرت ہندوستانیوں سے بات ہی نہ کریں بلکہ اسی دم اس پر عمل درآمد کریں۔ کیا آپ ایسا نہ کریں گے!"

وہ تیز ہو کر بولے "لیک میرا دھد دیکھو میں اس قسم کی گفتگو کا عادی نہیں ہوں بس خیریت اسی میں ہے..... یہ راستہ ہے۔ واپسی کا راستہ اٹھا کر سیدھے تیر کی طرح بھاگ جاؤ..... کوئیک مارچ..... "

اس کی عصہ سے آنکھیں لال ہو گئیں۔ نوجوان انگریز سخت غضبناک تھا مگر خوش قسمتی سے انگریز جتنا مضبوط اور توانا ہوتا ہے اسی مناسبت سے ہنسکی بھی پیے رہتا ہے۔ یہ انگریز بھی تھے اور مضبوط بھی۔ پھر میں بھی مٹی کا بنا ہوا نہیں تھا۔ مگر حق اس کی طرف تھا میں حتی الوسع دبنا ہی چاہتا تھا۔ لہٰذا میں نے یہ بدمستی ان کی برداشت کی اور کہا۔

"مائی لارڈ۔ آپ کا زور بیان سر آنکھوں پر۔ مگر کیا میں عرض نہیں کر سکتا کہ ان الفاظ کو آپ واپس لیں۔ بجائے مجھے حکم دینے کے بہتر ہے کہ آپ اپنی دلچسپ اور شیریں بہن کو حکم دیں کہ وہ آپ کے ساتھ چلی جائیں۔ یہ سیدھا راستہ ہے..... "

(میں نے انگلی اٹھا کر کہا) میں یہیں کھڑا رہنا۔ تنہا کھڑا رہنا زیادہ پسند کروں گا۔ آپ جائیں دونوں بھائی بہن کو یک مارچ..... "

یہ بات ان کے انگریزی دماغ میں آگئی اور فوراً بہن سے بولے۔

"کم آن ایلی!"

بہن صاحبہ خاموش رہیں۔ مگر ایک قدم اور پرے ہٹ گئیں

DONT BE SILLY!

"ڈونٹ بی سلی..... " (احمق پن نہ کرو) وہ بولے۔

بہن بولی "کانٹ یو لک ٹو یور اون افیرس" (کیا تم خود اپنے معاملات میں مشغول ہونا پسند نہ کرو گے" (بنسبت اس کے کہ میرے معاملات میں دخل دو)

تن کر بولے "اب زیادہ احمق نہ بنو..... شیپین پی پی کر مدہوش ہو کر حبشیوں کے ساتھ ناچنا قطعی قابل اعتراض ہے۔"

برہم ہو کر بہن بولی۔ "ذرا چیخ کر "کانٹ یو لک ٹو یور اون تھنگس۔ بٹ نو اون" (مجھے چھوڑ دو اور اپنے معاملات دیکھو)

بہن سے شکست کھا کر اب بھائی صاحب بہادر میری طرف پھر متوجہ ہوئے۔ بولے۔ "غالباً اب تم کچھ ٹھوس اور مادی چیز پسند کرو گے" اپنی مٹھی کا گھونسا بناتے ہوئے سر ہلا کر بولا۔

میں نے کہا "ضرور۔ مادی بھی اور غیر فانی بھی" اتنا کہہ کر میں اڑنگا لگانے کے امکان کی طرف متوجہ ہوا۔ انگریز جب اپنے سے قدرے مضبوط مل جائے تو چاہیئے کہ "گھونسا بچاؤ اور اڑنگا لگاؤ" والے اصول پر عمل کرو۔ فتح ہو گی۔ اگر تم نے گھونسا بچا لیا۔ تو جس طرف بھی اڑنگا لگا دو گے۔ شراب کے نشہ میں اسی طرف لوٹ جائے گا۔ کم از کم ایک دفعہ تو ضرور ہی گر جائیگا مگر میرے لئے ایک اور مصیبت تھی۔ میں ایلی کے سامنے اس کے بھائی کو مارنا نہیں چاہتا تھا۔ مگر پٹنا تو اور بھی نہیں چاہتا تھا۔ وہ تو اور بھی خراب ہوتا۔

غضبناک انگریز نے کچکچا کر گھونسا مارا۔ ایک۔ دو۔ تین پہلا خالی گیا۔ دوسرا میرے کندھے پر اوچھا سا لگا۔ تیسرا اس کی بہن نے پکڑ لیا۔ مگر وہ بھائی سے لپٹ پڑی۔ میری اور اپنے بھائی کے بیچ میں آگئی۔ اس کے بھائی کا قابل اعتراض رویہ دراصل ایک انگریز دوشیزہ کی غیور طبیعت کے لئے ناقابل برداشت تھا۔ خود غور فرمائیے۔ کیا اس کے نوجوان ملنے والوں کا یہی حشر ہونا چاہیئے۔ اگر ایسا ہی ہے۔ تو پھر انگلش سوسائٹی کا نظام ہی برہم ہو جائے گا۔ ہر عاشق شادی سے قبل دوران کورٹ شپ میں پٹ جائے! یہ پروگرام تو سخت "ان انگلش" ہوا۔ اس نے بگڑ کر بھائی سے کہا:۔

"والٹر۔ یہ ناقابلِ برداشت ہے۔ بس۔ خبردار جو میرے معاملات میں دخل دیا۔"

"مت بکو تم" بھائی نے پیر پٹخ کر کہا۔ "۔۔۔۔ یہ کالا حبشی۔۔"

"پھر تم کون؟" بہن چمک کر بولی۔ "کیوں۔ کیا تم ایمانداری سے کہہ سکتے ہو کہ تم سے تمہاری "پچھڑی" مگر متمول محبوبہ کے باپ نے کتنی دفعہ تاکید سے کہا ہے کہ اُس کی لڑکی سے نہ ملو؟"

"تو پھر؟" والٹر نے کہا۔

"کیا تم نے اُس یہودی صفت ہونے والے خسر سے یہی نہیں کہہ دیا۔ کہ منع کر لو اپنی لڑکی کو۔ اور کیا وہ مان گئی؟ کیا وہ اب تم سے نہیں ملتی۔ کیا وہ تمہاری زوجہ نہیں بنے گی؟ کیا تمہارا ہونے والا خسر تم سے نہیں ہار گیا؟"

والٹر نے کہا۔ "تو پھر تمہارا کیا مطلب ہے؟"

"مطلب میرا یہ ہے کہ تمام جاؤ یہاں سے۔"

"والٹر نے کہا۔ "تمہارے اس سیاہ فام دوست (یعنی خاکسار) کا سر پھاڑنے سے قبل؟"

میں نے احتجاج بلند کیا۔ "تم اپنے بھائی کو منع کرو۔" باوجودیکہ اس سے بھی زیادہ توہین آمیز الفاظ سُننے کے لئے میں تیار تھا۔ لیکن میں نے ایملی سے کہا "میں اب برداشت نہیں کر سکتا۔"

والٹر نے کہا۔ میری طرف حقارت آمیز نظر ڈالتے ہوئے "میں اپنی بہن کو ایک سیاہ فام انسان کے ساتھ معاشقہ کرتے کیسے دیکھ سکتا ہوں۔ میرے لئے تو یہ ناقابلِ برداشت ہے۔"

تیز ہو کر ایملی بولی۔ "والٹر تم اپنی زبان کو روکو۔ میں ہرگز کسی سے معاشقہ نہیں کرتی۔ اور کروں تو مجھے کوئی نہیں روک سکتا۔ میں تمہاری طرح ریاکار نہیں ہوں۔ میں معاشقہ کروں گی۔ تو مجھے کس کا ڈر ہے۔ بہتر ہے۔ تم اپنی زبان کو لگام دو۔ میرا کوئی عزیز دوست لازمی نہیں کہ میرا عاشق بھی ہو۔ اور اگر بالفرض ہو بھی تو تم ہمارے درمیان نہ پڑو۔"

والٹر نے کہا۔ "تمہارا کالا جنگلی دوست۔۔۔۔"

میں تڑپ کر تیزی سے آگے بڑھا۔ گویا حملہ کروں گا۔ مگر ایملی نے مجھے روک لیا۔ اُس نے جھلا کر بھائی سے کہا۔ "تمہاری عقل میں کچھ فتور ہے۔ والٹر تم اپنی "وہسکی" میں پانی زیادہ ملا کر پیا کرو۔۔۔۔ بہتری اب اسی میں ہے کہ تم جاؤ اپنے راستہ۔ اگر نہیں! تو ہم خود جاتے ہیں۔۔۔۔۔"

ہم دونوں اس لڑکے والٹر کو وہیں چھوڑ کر واپس چلے۔ وہ خاموش کھڑا تھا۔ کھڑا رہا۔ جیب میں ہاتھ ڈالے "وہسکی" کی ترنگ میں کھڑا جھوم رہا تھا۔ ہمیں دونوں کو جاتے دیکھ رہا تھا۔ دیکھتا رہا۔ مڑ مڑ کر ہم نے اُسے دیکھا۔ ہنسے اور ہنس ہنس کر اسے دیکھا۔ قہقہے لگائے۔ جب ذرا دور نکل گئے۔ تو ایک دفعہ پھر مڑ کر دیکھا۔ ایک دم سے ایملی رک گئی۔ مڑ کر اُس نے پکارا:۔

"والٹر۔۔۔ والٹر۔۔۔ صلح کرتے ہو۔ صلح۔ صلح۔۔۔۔ کرتے ہو؟"

سر ہلا کر والٹر نے کہا۔ "نو۔۔۔ و۔۔۔ و" (انگلی کے جھٹکے سے اپنی بیزاری ظاہر کرتے ہوئے)

ایملی نے کہا۔ "میں تمہاری منگیتر کے باپ کو کنجوس نہ کہونگی۔۔۔۔۔"

والٹر نے کہا۔ "نو۔۔۔۔ و۔۔۔ و۔۔۔ و۔"

"والٹر دوبارہ سوچو۔۔۔۔ صلح کرتے ہو۔۔۔"

والٹر نے پھر وہی جواب دیا۔ "نو۔۔۔۔ و۔۔۔۔ و۔۔۔۔ بھاگ جاؤ۔۔۔"

ایملی نے کہا۔ "میں پھر اُسے (والٹر کی منگیتر کو) ہر جگہ چھپکلی کہوں گی۔۔۔۔"

والٹر نے گھبرا کر کہا۔ "تم ہرگز ایسا نہیں کر سکتیں" (آگے بڑھ کر) "تم اُسے کئی آدمیوں کے سامنے خوبصورت تسلیم کر چکی ہو۔ وعدہ کر چکی ہو۔ کہ چھپکلی نہ کہوگی۔ اس کی شہادت موجود ہے۔"

"مگر میں اُسے چھپکلی ضرور کہونگی۔"

والٹر آگے کو بڑھتے ہوئے۔ "تمہاری اس ناشائستہ حرکت سے اُس کے نازک دل کو صدمہ پہنچنے کا سخت اندیشہ ہے۔ تم ہرگز ایسا نہیں کہہ سکتیں۔ بھلا سوچو تو اس کا باپ کیا کہے گا دل میں؟"

"مگر میں اُسے چھپکلی ضرور کہوں گی۔۔۔۔ اُس کے باپ کو منحوس اور کنجوس کہوں گی۔"

والٹر اور آگے بڑھ چکے تھے۔ کہنے لگے۔ "میری پیاری بہن تو ابھی ابھی صلح کرنے کو کہہ رہی تھی۔ یہ تجھے کیا ہو گیا؟"

"پیارے والٹر صلح کرتے ہو؟"

"ہم لڑے کب تھے؟" والٹر نے کہا۔

میری طرف اشارہ کرکے آئیلی نے والٹر سے کہا۔

"پیارے بھائی کیا تم میرے دوست سے تعارف حاصل نہ کروگے؟"

اُفوہ! انگریز کی سادہ لوحی یا شراب کے نشہ ان دونوں میں سے ایک پر ضرور قربان جائیے! یہ سعادہ والٹر مجھ سے بیچ بیچ صاف دل ہوکر مصافحہ کر رہا تھا۔ میں نے غور سے دیکھا واقعی اس کا دل کینہ سے پاک تھا۔

"غالباً ہم بہترین دوست ہیں" چلتے ہوئے والٹر نے کہا۔

"اوہو!" میں نے کہا "قطعی۔ اس میں شک کی گنجائش کسی طرف سے نہیں"

ایملی نے بھائی سے کہا "غالباً ہم دونوں خود مختار اور سمجھ دار ہیں۔ اور اپنے معاملات کو خود بہتر سمجھتے ہیں"

والٹر نے اس کو تسلیم کیا۔ درحالیکہ وہ بہن کی شکایات آزادی سن کر محض تین دن کے لئے حرف گیری کی غرض سے خاص طور پر اپنے والد بزرگوار کی فرمائش پر آئے تھے۔

والٹر اپنی راہ چلا گیا اور ہم۔ ہم دونوں؟ نہ پوچھئے۔ جی میں آتا تھا کہ اس دلچسپ واقعہ کی نوعیت پر غور کریں۔ اور قلابازیاں کھائیں بسیدھے ہم دونوں ہوٹل میں پہنچے ناشتہ کیا ہلکا۔ اور پھر وہاں سے ایک جوئے گھر کے شامل کو بنظر استحسان دیکھتے ہوئے بال روم کے دروازہ تک تو اپنے پیروں پر رہے۔ اور پھر اندر داخل ہوتے ہی "بیز" کے نغموں کی حرکت کی وجہ سے سر کے بل!.... فقط

عظیم بیگ چغتائی

شعر

دیارِ غرب کی مٹی کچھ ایسی چکنی ہے
بڑے بڑوں کے قدم بھی پھسلتے جاتے ہیں

آج کی رات!

چاندنی رات ہے جوانی پر

دستِ گردوں میں ساغرِ مہتاب! نور بن بن کے چھن رہی ہے شراب
ساقیٔ آسماں پیالہ بدست میں شرابِ سرور سے سرمست

فکرِ دوزخ نہ ذکرِ جنت ہے میں ہوں اور تیری پیاری صورت ہے
رس بھرے ہونٹ مدبھری آنکھیں!

کون فردا پہ اعتبار کرے کون جنت کا انتظار کرے
جانے کب موت کا پیام آئے یہ مسرت بھی ہم سے چھن جائے
دامنِ عقل چاک ہونے دے آج یہ قصہ پاک ہونے دے
غم کو ناپائیدار کر دیں ہم موت کو شرمسار کر دیں ہم

لب سے لب یوں ملیں کہ کھو جائیں جذب اک دوسرے میں ہو جائیں
میں رہوں اور نہ تو رہے باقی!

کس قدر دل نشیں ہیں لب تیرے بادۂ احمریں ہیں لب تیرے
تیرے ہونٹوں کا رس نہیں ہے یہ آبِ کوثر ہے انگبیں ہے یہ
شہد کے گھونٹ پی رہا ہوں میں آج کی رات جی رہا ہوں میں
آج کی رات پھر نہ آئے گی!

حفیظ ہوشیارپوری

برہن کا گیت

اُڑجا دیس بدیس
رے طوطے اُڑجا دیس بدیس

میں جاؤں تجھ پر بلہاری
برہ کی میرے لگی کٹاری
روٹھ گئے موسے گردھاری
چلے گئے پردیس
رے طوطے اڑجا دیس بدیس

تارے گن گن رات بتاؤں
دن میں پل بھر چین نہ پاؤں
آنسو پیتی رہوں غم کھاؤں
لے جا یہ سندیس
رے طوطے اڑجا دیس بدیس

مل جائیں تو اُن سے کہنا
دو بھر ہو گیا تم بن رہنا
تج دیا سارا گہنا دہنا
جوگن کا ہے بھیس
رے طوطے اڑجا دیس بدیس

اندرجیت شرما

قوتِ ارادہ

(۱)

علم النفس میں ارادہ ایک مشکل اور پیچیدہ موضوع سمجھا جاتا ہے زمانۂ قدیم سے فلاسفہ اس مسئلے میں مختلف الآرا رہے ہیں۔ انہوں نے دیکھا کہ انسان کو ایسی راہ عمل تلاش کرنے کی قدرت حاصل ہے اور جب مختلف اصول پیش نظر ہوں تو ان میں سے کسی ایک کو اختیار کیا جا سکتا ہے۔ یہ بھی دیکھا کہ انسان صرف اپنی جبلی خواہشات و میلانات ہی کا غلام نہیں ہے بلکہ اس میں یہ بھی صلاحیت موجود ہے کہ شدید ترین خواہشات پر قابو پا سکے اور یہ بھی امکان ہے کہ تقاضائے فطرت کے سامنے سر تسلیم خم کر کے میلانات طبعی کے مقابلے میں مدافعانہ قوتوں کی پسپائی قبول کرے۔ علما نے اس حقیقت کی تفسیر میں اختلاف کیا ہے۔ بعض لوگوں نے اسے عقل کی جانب منسوب کیا ہے کیونکہ ان کے خیال میں شرافت علم و معرفت سے جداگانہ کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ بعض اصحاب نے اس کا انتساب وجدان و ضمیر کے ساتھ کیا ہے اور بعض اسے ایک خاص قوت نفسی کا مظہر خیال کرتے ہیں جس کا نام انہوں نے "ارادہ" رکھا ہے۔ ایک عجیب استبدادی قوت جو موقع پاتے ہی دو متعارض نفسی قوتوں میں مداخلت کرتی ہے اور کسی ایک کے ساتھ شامل ہو کر اس کا پلہ بھاری کر دیتی ہے۔

لیکن جدید علم النفس کی رو سے ان آرا میں اس حقیقت کی پوری تفسیر موجود نہیں ہے جو ہمارا موضوع بحث ہے۔ بطور مثال ایک واقعہ پر غور فرمائیے کسی روز اخبار میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ بمبئی میں ایک پارسی خاتون کا نقدی کا بٹوا جیب سے گر گیا۔ خاتون پولیس میں اطلاع دینے گئی وہاں اس نے اپنا بٹوا موجود پایا۔ تھانیدار نے بتایا کہ بٹوا ایک غریب مزدور لڑکا دے گیا ہے جو قریب کسی کارخانے میں کام کرتا ہے۔ اس نے یہ بھی بتایا کہ لڑکے کا باپ آج کل بیکار ہے۔ اس کے باوجود لڑکے نے بٹوا تھانے تک پہنچا دیا اور بٹوے کی نقدی کے مقابلے میں شرافت و امانت کو زیادہ عزیز سمجھا۔ اس بچے کی طبیعت میں یقیناً دو مختلف رجحانات کی جنگ برپا ہوئی ہوگی۔ ایک روپیہ ہوگا اور اس کے ساتھ محتاج والدین کی قابل رحم حالت لذات زندگی کے حصول، ہم جنسوں کے سامنے اظہار تفاخر کا موقع حاصل ہونا اور پھر کسی باز پرس کا اندیشہ بھی نہ ہونے کا تصور ہوگا! اور دوسری طرف دیانت کی خفی طاقت اسے مجبور کر رہی ہوگی کہ ان تمام چیزوں سے قطع نظر کر کے بٹوا پولیس کے حوالے کر دے تاکہ وہ اس کے مالک کو واپس کیا جا سکے۔ سوال یہ ہے کہ امانت داری فریب نفس پر کس طرح غالب آئی؟ کیا اس لیے کہ یہ جذبہ فی نفسہ دوسرے تمام جذبات سے قوی تر ہے؟ ہرگز نہیں! اس لیے ضروری ہے کہ کوئی دوسری قوت اس کے ساتھ شامل ہوگئی ہو جس نے اسے غالب بنا دیا ہو۔ یہ "دوسری قوت" کیا ہے؟

اگر کہا جائے کہ قوت عقل ہے تو ہمیں بہت سے ایسے مجرم ملیں گے جو جرم کرتے وقت اپنے جرم کی نوعیت اور ناجوازی سے پوری طرح واقف تھے۔ اگر کہا جائے کہ وہ قوت ارادہ تھی تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ "قوت ارادہ" کیا چیز ہے؟ اس کی بنیاد کیا ہے؟ کیونکر پیدا ہوتی ہے؟ کسی ایک جذبہ سے اشتراک عمل کر کے اسے دوسرے جذبات پر کس طرح فوقیت دے دیتی ہے؟ یہ ہیں وہ سوالات جن پر سطور آئندہ میں روشنی ڈالنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس تفصیل کا جو آئندہ کی جائے گی اجمال یہ ہے کہ ارادہ یعنی "وہ قوت جس کے ذریعہ سے ہم اپنی جبلتوں کی سرکوبی کرتے ہیں" خود ہماری جبلتوں ہی کی استمداد پر قائم ہے جس طرح حکومت افراد کے اجتماعی ارادے سے اقتدار حاصل کر کے افراد ہی پر حکمرانی کرتی ہے اسی طرح نفس جبلتوں کی اجتماعی قوتوں سے استمداد کر کے انفرادی جبلتوں ہی پر فرماں روائی کرتا ہے!

(۲)

فلاسفہ قدیم کا عقیدہ تھا کہ انسانی زندگی میں جبلتوں کے اثرات غیر اہم ہیں ادنیٰ درجہ کے حیوانات کی رہنمائی جبلتیں کرتی ہیں اور انسان عقل و ذکاوت کے اشاروں پر چلتا ہے۔ لیکن اب بیشتر علما کا یہ خیال ہو گیا ہے کہ دوسرے حیوانات کی طرح انسان بھی جبلتوں کا پیرو ہے یہی وہ اکسانے والی قوت ہے۔ جو ہمارے اندر تحریک عمل پیدا کرتی ہے

در یہی وہ قوت ہے جو ہمارے اغراض حیات کی تجدید کرتی ہے۔ عقل کا صرف یہ کام ہے کہ ان اغراض کے حصول کے ذرائع معلوم کرے۔ ہم میں اور ادنیٰ درجہ کے حیوانات میں فرق اتنا ہے کہ ان حیوانات کی جبلتیں صرف محدود اور متعین احوال کی جانب رہنمائی کرتی ہیں جن میں تصرف کی گنجائش بہت کم ہوتی ہے۔ لیکن انسانی جبلتوں سے مراد وہ میلانات ہیں جو مخصوص حالات پیدا ہونے پر مقررہ مقاصد حاصل کرنے کے لیئے انسان کو عمل کی ترغیب دیتے ہیں۔ ان مقاصد تک رسائی کے مختلف و متعدد راستے ہو سکتے ہیں جن کا حصر ممکن نہیں اور عقل ان میں سے بہترین و مناسب ترین راستے کی جانب رہنمائی کرتی ہے۔ جبلت ہمارے جذبات کو برانگیختہ کرتی ہے اور عقل تلاش وسائل میں امداد کرتی ہے۔ جبلت سے ہمارے اندر حصول غذا کی خواہش پیدا ہوتی ہے اور عقل ہمیں اس کے حصول کے ذرائع بتاتی ہے۔ جبلت خطرے کے وقت فرار و نجات کی جانب رہنمائی کرتی ہے اور عقل نجات کے وسائل اور آلات جنگ ایجاد کرتی ہے۔ جبلت ایک رفیق زندگی کی ضرورت ثابت کرتی ہے اور بتاتی ہے کہ اپنے بچوں کو ہر مصیبت سے محفوظ رکھنا اور اُن کی حمایت کرنا چاہیئے نیز ہم جنسوں کے ساتھ مقابلہ و مسابقت کی جانب مائل کرتی ہے۔ اور عقل وہ ذرائع مہیا کرتی ہے۔ جو ان مقاصد تک پہنچا سکیں۔ ہمارا ترقی یافتہ تمدن، ہماری عظیم الشان صنائع اور ہمارے تمام چھوٹے بڑے کارنامے دراصل جبلت ہی کے کرشمے ہیں۔ جو اسی طرح ہماری رہنمائی کرتی ہے جس طرح پرندوں کی جبلت انہیں انڈے سینے، بچے نکالنے اور اس مقصد کے لئے مصائب برداشت کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ جبلتیں ہماری مخفی قوتوں کی مظاہر ہیں جو فطرت کے مقاصد حقیقی کی تکمیل کی غرض سے مناسب وسائل اختیار کرنے کے لیئے ہمیں مسلسل و متواتر اُبھارتی رہتی ہیں۔ فطرت کے یہ مقاصد حقیقی دو ہیں:۔

"حفظ ذات" اور "تبقائے نوع"

معترض کہہ سکتا ہے کہ کیا عادت ہمیں اسی طرح بہت سے افعال کی ترغیب نہیں دیتی جس طرح جبلت ترغیب دیتی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ عادت دراصل جبلت کی خدمت گذار ہے۔ جب مجھے میری جبلت نے کسی عمل کی ترغیب دی اور میں اس خواہش کو پورا کرنے میں کامیاب ہو گیا، اور مجھ سے یہ عمل اسی طرح متعدد مرتبہ صادر ہوا اور میں ہر مرتبہ اپنی جبلت کی تشنگی رفع کرتا رہا تو یہ عمل میری عادت بن جائے گا۔ گویا عادت محض جبلت کے مقاصد پورا کرنے کے ایک خاص طریقہ کا نام ہے۔ باقی رہی قوت ترغیبی تو وہ حالات کے لحاظ سے خود جبلتوں کی رہین منت ہوتی ہے۔

یہ جبلتیں نفسی تاثرات سے گہرا تعلق رکھتی ہیں۔ جب خطرے سے فرار ہونے کی جبلت بیدار ہوتی ہے تو عادتاً اسی کے ساتھ خوف کے تاثرات بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ جب جنگ کی جبلت بیدار ہوتی ہے تو اسی کے ساتھ غصہ کے تاثرات بھی رونما ہوتے ہیں اور جب مامتا کی جبلت بیدار ہوتی ہے تو اسی کے ساتھ شفقت کے تاثرات بھی نمایاں نظر آتے ہیں۔ اسی طرح تمام اہم جبلتوں کے ساتھ ساتھ کوئی خاص تاثر ضرور ہوتا ہے۔ جب جبلت پیدا ہوتی ہے تو وہ تاثر بھی اپنا رنگ دکھلاتا ہے اور جب وہ تاثر ابھرتا ہے تو اس کے ساتھ مناسبت رکھنے والی جبلت بھی جوش میں آتی ہے۔ اسی لیئے تاثرات کا انسان کے مسلک پر بڑا اثر پڑتا ہے۔ ہماری روزمرہ کی زندگی میں اس کی تاثیرات محتاج بیان نہیں ہیں۔ مثلاً جب ہم کہتے ہیں کہ فلاں شخص حالت غضب یا حالت خوف میں فلاں کام کر گزرا، اور کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو اسی قسم کے کسی فعل کی ترغیب دینا چاہتا ہے تو اس کا بہترین طریقہ یہی ہو سکتا ہے کہ اس شخص کے اندر ایسے تاثرات پیدا کر دیئے جائیں جو اس کام کے حسب حال ہوں۔

بعض علما نے جبلتوں کو ان کے مناسب حال تاثرات کی بنیاد پر تقسیم کیا ہے۔ ہم ان کو نام بنام شمار کرنا نہیں چاہتے بلکہ صرف دو جبلتوں کی جانب اشارہ کرنا چاہتے ہیں جنھیں اخلاق و ارادہ کی تعمیر میں خاص اہمیت حاصل ہے۔ ان جبلتوں کے نام ہیں "غلبہ" اور "اطاعت"۔ اول الذکر جبلت انسان کو آمادہ کرتی ہے کہ وہ دوسروں پر غلبہ و تسلط حاصل کرے، اپنے ہم سروں سے آگے بڑھ جائے، اور لوگوں کی تحسین و توصیف کا مستحق قرار پائے۔ دوسری جبلت اُسے ترغیب دیتی ہے کہ اپنے آپ کو بے حقیقت سمجھے، اگر کسی دوسرے کو کسی حیثیت سے اپنے مقابلہ میں برتر سمجھے تو اُس کا اتباع کرے اور اپنے نفس میں اعتراف عظمت و اطاعت قبول کی پسندیدگی کے جذبات پرورش پانے دے۔ جب فرد دوسرے افراد یا اجتماع سے ٹکراتا ہے تو فریق ثانی کی برتری یا زبردستی کے احساس کے مطابق اس کے اندر ان دونوں میں سے ایک جبلت

بیدار ہو جاتی ہے۔ یہ امر محتاج بیان نہیں کہ فرد ہمیشہ اجتماع کو ایک قوت عظیم محسوس کرتا ہے اور اس قوت کے سامنے اسے اپنا نفس حقیر نظر آتا ہے۔ چنانچہ وہ اجتماع کی اطاعت کی جانب جھک جاتا ہے۔ اور اُس کی رضامندی حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ حیات انسانی میں غلبہ اور اطاعت کی جبلتوں کے اثرات تقویت یا کربت ہمہ گیر اور دور رس ہو جاتے ہیں، یہاں تک کہ بعض علمائے تحلیل نفسی نے ہمارے تمام افعال کا سرچشمہ جبلت غلبہ و خواہش قوت کو قرار دیا ہے

(۳)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جبلت ہی وہ بنیادی اور ابتدائی مادہ ہے جس سے خلق و ارادہ کا خمیر تیار ہوتا ہے۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ انسان عمر بھر اپنی روش میں فطرتاً جبلی ترغیبات ہی کا تابع رہتا ہے۔ کیونکہ اگر یہ صورت حال ہو تو انسان وقت و حالات کا بندہ بن کر رہ جائے اور بلند مقاصد کے لیے کوئی کام نہ کر سکے نہ اس کے اعمال ماضی و مستقبل سے کوئی ارتباط رکھیں۔ اس لیے کہ اس کا ہر عمل وقتی موثرات کا تابع ہو جو فوراً رونما ہو کر اس کی جبلتوں کو بیدار کر دیا کریں اور اُس کی زندگی بے راہ روی اور غیر ذمہ داری کا مجموعہ بن جائے جو پست درجہ کے حیوانات کی زندگی سے مختلف نہ ہو لیکن واقعہ یہ ہے کہ تجربات انسان کے جبلی رجحانات کو ہمیشہ منظم کرتے رہتے ہیں اور اُسے سکھاتے رہتے ہیں کہ جبلت کی ترغیبات پر عمل کرنے سے پہلے غور و فکر کر لے۔ اس راستہ میں اہم ترین مرحلہ جذبات کی تکوین ہے۔ اس کی وضاحت کے لیے فرض کیجئے کہ ایک بدمزاج معلم اپنے کسی شاگرد کو زدوکوب کرنے کا عادی ہو جاتا ہے۔ وہ جب لڑکے کو سزا دیتا ہے تو اُس کے دل میں خوف کا تاثر پیدا کر دیتا ہے۔ تسلسل و تواتر کی بنا پر یہ تاثر معلم کی ذات سے وابستہ ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ صرف اس کا سامنے آجانا طالب علم کو خوف زدہ کر دینے کے لیے کافی ہوتا ہے اور اس کے بعد نوبت یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ جب معلم کا خیال آتا ہے شاگرد خوف محسوس کرنے لگتا ہے اور اس امر کی ضرورت باقی نہیں رہتی کہ وہ معلم کو دیکھے۔ اس طرح معلم کے بارے میں شاگرد کی روش اور اس کا احساس ایک خاص انداز اختیار کر لیتا ہے معاملہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا۔ بلکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ معلم کی مار پیٹ شاگرد کے دل میں کینہ اور غصہ پیدا کر دیتی ہے۔ کیونکہ وہ ایک ایسی ناانصافی دیکھتا ہے جس سے مفر نہیں۔ اس کی تکرار سے شاگرد کے نفس میں معلم کی صورت کے ساتھ غصہ کا تاثر اور مقابلہ کا جذبہ مربوط ہوتا جاتا ہے۔ اس طرح مرور ایام کے ساتھ معلم کی ذات تاثرات و ترغیبات نفسیہ کے مجموعے کی تخم ریزی کر دیتی ہے جو اس کو چاروں طرف سے گھیرے رہتے ہیں۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ معلم شاگرد کے لیے ایک شدید بغض کے جذبہ کا موضوع بن جاتا ہے۔ اسی طرح جب شاگرد کے دل میں گندگی اور جھوٹ کا تصور تکلیف و تحقیر کا احساس متواتر پیدا ہوتا ہے تو اُس کے نفس میں ان چیزوں کے خلاف نفرت کا جذبہ پرورش پاتا رہتا ہے۔ اور جب حساب کے اسباق اُس کے اندر لذت و سرور پیدا کرتے ہیں تو اُس کے دل میں علم حساب سے رغبت کا جذبہ نشوونما پاتا ہے تاثرات کی طرح جذبات محسوس ہو کر زائل نہیں ہو جایا کرتے بلکہ وہ ایک مستقل نفسی حالت ہے جس سے مختلف ایسے تاثرات پیدا ہو جاتے ہیں جو جذبہ کے موضوع سے باعتبار مناسبت تعلق رکھتے ہوں۔ چنانچہ جب میں کسی سے محبت کرتا ہوں تو اُسے دیکھ کر خوش ہوتا ہوں، اس کو اپنی نظروں کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، اس کی عدم موجودگی میں اُس کا مشتاق رہتا ہوں، جب اُسے کوئی خطرہ لاحق ہو تو اس کی مدد کرتا ہوں اور جب کوئی اس پر زیادتی کرے تو اس کی مدافعت کرتا ہوں البتہ انسان کے جذبات تبدیل ضرور ہوتے رہتے ہیں لیکن جب تک جذبات قائم ہیں خواہشات و ترغیبات جو اُن سے پیدا ہوتی ہیں وہ بھی اٹل ہیں۔ بہرحال جذبات وقتی جبلی ترغیبات کے مقابلہ میں زیادہ دیرپا ہوتے ہیں، خصوصاً بڑے انسانوں کے جذبات۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انسانی مسلک کی تنظیم اور اس کی مستحکم و مستقل بنیادوں پر تعمیر میں جذبات کی تکوین ایک اہم مرحلہ ہے۔ گزشتہ سطور سے واضح ہوتا ہے کہ جذبات صرف مادیات پر مبنی نہیں ہوتے بلکہ کبھی معنوی تصورات بھی ان کی اساس و بنیاد بن جاتے ہیں اور اخلاقی جذبات بھی اسی نوعیت میں داخل ہیں۔ یہ ایسے جذبات ہوتے ہیں جن کا خمیر کسی فضیلت سے تیار ہوتا ہے، مثلاً عدالت امانت، صداقت، یا ایثار سے۔ چنانچہ بعض اوقات انسان عدالت کو اتنا ہی عزیز رکھتا ہے جتنا اپنی اولاد یا اپنے وطن کو۔ یہ جذبات بھی اسی طرح نشوونما پاتے ہیں جس طرح دوسرے جذبات۔ چنانچہ ان کی تکوین دو اسباب پر منحصر ہوتی ہے، یعنی

(۱) فکر کا جذبہ کے موضوع کو واضح طور پر محسوس کر لینا، اور

(۲) اس موضوع پر چند تاثرات کا جمع ہو جانا۔

دوسرا سبب جذبہ کے نشوونما پر زیادہ اثر انداز ہوتا ہے خصوصاً

جذبات کے ابتدائی دور میں، زندگی میں اخلاقی جذبات کی قوت نمائش کا میل فکر پر اتنا انحصار نہیں ہوتا جتنا ان تاثرات اور جبلی ترغیبات کی قوت پر جو اخلاقی فضا کے ارد گرد جمع ہو جاتی ہے۔ دوسرے درجے میں اس مسلک کی مزاولت پر انحصار ہوتا ہے جو ان جذبات سے مطابقت رکھتا ہو۔

(۴)

اب ہم اخلاق و ارادہ کی نشوونما کے آخری مرحلہ پر پہنچ گئے ہیں ہمارے پیش نظر ایک ایسی شخصیت ہے جس میں جبلی و اکتسابی ترغیبات پائی جاتی ہیں۔ یہ ترغیبات مستقل جذبات کی صورت میں منظم ہو چکی ہیں لیکن یہ منظم اور مستقل اخلاق نہیں ہیں کیونکہ ان جذبات سے جو ترغیبات و رجحانات پیدا ہوتے ہیں وہ بسا اوقات باہم متعارض ہو جاتے ہیں۔ وہ رجحان جو انانیت کی جانب میلان سے پیدا ہوتا ہے بعض دفعہ اُس جذبے سے پیدا ہونے والے رجحان سے متعارض ہو جاتا ہے جو باپ کے دل میں اپنے صغیر کے بچوں کے لیے نشوونما پاتا ہے اور صداقت کی محبت کبھی شہرت کی محبت سے متصادم ہو جاتی ہے۔ ہر رجحان کی قوت اُس جذبہ کی قوت کے تابع ہوتی ہے جو اس کا پشت و پناہ ہو۔ جب ایک جذبہ بجائے خود قوی ہو اور دوسرا ضعیف اور دونوں کو آزاد چھوڑ دیا جائے تو دوسرے جذبات اور من حیث المجموع حیات انسانی کے ساتھ ان دونوں جذبات کے تعلقات سے قطع نظر کرتے ہوئے قوی جذبہ ضعیف جذبہ کو مغلوب کر لیتا ہے کیونکہ اخلاق ابھی تک کامل آہنگی اور باقاعدگی سے محروم ہیں۔ باقاعدگی کا آخری درجہ یہ ہے کہ ان تمام ترغیبات کو ایک ہی کسوٹی پر کسا جائے اور انہیں ایک ایسی قوت کا تابع کر دیا جائے جو ایک ترغیب کے ساتھ شامل ہو کر اُسے دوسری پر غالب کر سکے۔ جو انسان مضبوط قوت ارادہ رکھتا ہو ضروری ہے کہ اس کی زندگی کا کوئی مستقل اور اہم نصب العین بھی ہو جس کی پشت پناہی کسی قوی جذبہ سے اس طرح ہوتی ہو کہ یہ جذبہ اپنے ماسوا پر غالب آ کر انسان کو ان تمام ضمنی ترغیبات سے بے نیاز کر دے جو اس جذبے سے متناقض ہوں۔ یہ تعریف جس طرح ایک ایسے بخیل پر صادق آتی ہے جس کے اخلاق پر روپیہ کی محبت نے غلبہ پا لیا ہو، اسی طرح ایک ایسے مقدس انسان پر بھی منطبق ہوتی ہے جو تمام لوازم زندگی میں سے صرف شرافت کو انتخاب کر لیتا ہے لیکن بخیل کا ارادہ اگرچہ قوی ہوتا ہے اور اس میں کافی جاذبیت ہے مگر اس کی وسعت محدود ہے اور توازن اس کے اثرات کو کم کر دیتا ہے ایک کامل ارادہ تک پہنچنے کے لیے لازمی ہے کہ جذبہ غالبہ ایک وسیع جذبہ ہو اور قوی ہونے اور اہم جبلتوں پر مبنی ہونے کے ساتھ اس کے اثرات زندگی کے تمام گوشوں پر حاوی ہوں۔ ان شرائط کو پورا کرنے والا صرف ایک جذبہ ہے یعنی "تشخص" یا "عزت نفس" کا جذبہ! یہ وہ جذبہ ہے جو ہر فرد کے افکار میں اس کی شخصیت کے متعلق ہمیشہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جس وقت انسان دوسرے اشخاص اور دوسری چیزوں سے دوچار ہو۔ اپنے قوے اور اپنی صفات کا احساس کرے، اپنے اعمال میں مختار ہونے کا شعور پیدا کرے اور اپنی قیمت کا اندازہ کرے۔ یہ تصور انسان کے تجربات کے دوران میں ان دو جبلتوں سے ملحق ہو جاتا ہے جس کا پہلے تذکرہ ہو چکا ہے یعنی "جبلت غلبہ" و "جبلت اطاعت"! اس طرح ایک نہایت قوی جذبہ پیدا ہوتا ہے جس کی قوت جماعت و افراد کے ساتھ انسان کے ہر اتصال پر بڑھتی جاتی ہے۔ یہ اتصال خواہ عملی ہو خواہ تخیلی کیونکہ یہ اتصال ہمیشہ دونوں میں سے کسی ایک بنیادی جبلت کو جو جذبات میں موجود ہوتی ہے بیدار کر دیتا ہے جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جذبہ تشخص شخصی زندگی میں ایک فعال قوت کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے۔ جو انسان کو ہمیشہ اس امر پر ابھارتا رہتا ہے کہ وہ اجتماع کے احترام و قدر شناسی کا ہو رد قرار پائے۔ وہ خود صرف اپنی ذات اور اپنی مرضی کا احترام کرتا ہے اور اس میں یہ خواہش پیدا ہوتی ہے کہ اپنے افعال میں زندگی کے اس نصب العین کی پیروی کرے جو خود اس نے قائم کیا ہو۔ تشخص یا عزت نفس کا یہ جذبہ ہی اخلاق کی بنیاد اور ارادہ کی اساس ہے۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ فلاں شخص نے اپنے ارادہ سے کام لیا تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اس نے اپنے دل میں چند متعارض خواہشات پائیں اور ان میں سے کسی ایک خواہش کو پورا کرنے سے باز رہا۔ ان ترغیبات کے وزن پر غور کیا جو اس خواہش کو تقویت دے رہی تھیں اور ہر ترغیب کو اپنے تشخص کے تصور کے مقابلہ میں رکھ کر جانچا۔ چنانچہ جو ترغیب اس تصور پر زیادہ منطبق ہوئی اس کی قوت کو تشخص کی قوت سے تقویت دے دی اور اس طرح اس کو دوسری ترغیبات پر غالب کر دیا۔ اس لڑکے نے جس نے اپنے افلاس اور والدین کی بیکاری کا خیال نہ کرتے ہوئے پارسی خاتون کا بٹوا پولیس کے حوالہ کر دیا۔ ایسا اس لیے کیا کہ اس کے جذبہ تشخص نے دوسرے کا مال لینے سے انکار کیا۔ زندگی میں اس کی بہت سی مثالیں مل سکیں گی۔ بہت سے شریف خیال نوجوان ملیں گے جو کسی قوی مادی خواہش کے زیر اثر جادۂ صواب سے بھٹکنے کے قریب ہو گئے مگر آخری لمحے میں انہوں نے چشم تصور سے دیکھا کہ ہم مدہوشی اور

آلودگی کی حالت میں پڑے ہوئے ہیں اور لوگ ہیں اس حال میں دیکھ رہے ہیں یا کم از کم خود اپنے آپ کو اس حالت میں دیکھ کر شرمندہ ہوتے ہیں یکایک اُن میں عزت نفس کا جذبہ بیدار ہوتا ہے اور انہیں ایک زبردست قوت عطا کر دیتا ہے جو نفس امارہ پر غالب آجاتی ہے یہی قوت جسے جذبہ تشخص کی امانت حاصل ہوتی ہے اور جس کا اصل سرچشمہ جبلت فرار ہے "قوت ارادہ" کہلاتی ہے

(۵)

اس سلسلہ کو ختم کرنے سے پہلے ارادہ کی تربیت کے متعلق مختصراً کچھ عرض کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ہمارے خیال میں صحیح اور قوی ارادہ امور ذیل پر منحصر ہے:

(۱) انسان نے اپنی زندگی کے لیے ایک واضح لائحہ عمل مرتب کر لیا ہو اور اسی کے ساتھ اپنی ذات کے لیے ایک بلند نصب العین بھی مقرر کر لیا ہو۔ اس لائحہ عمل کے لیے اہم بات یہ ہے کہ وہ قابل عمل ہو اور اس سے ایک مضبوط وحدت صورت پذیر ہوتی ہو یعنی شخصی خواہشات یا وہ ترغیبات جو عمل کی جانب مائل کر سکیں اس لائحہ عمل میں اسی ترتیب کے ساتھ وہ جماعتی نقطہ نظر سے اہمیت رکھتی ہوں۔ جب انسان اس لائحہ عمل کو مرتب کرے تو انہیں ہمیشہ مدنظر رکھے

(۲) یہ لائحہ عمل کسی قوی اخلاقی جذبہ کی بنیاد بن سکے۔ یہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ اس کو تاثرات و ترغیبات جبلی کی قوت سے مربوط کر دیا جائے۔

(۳) انسان میں کوئی ایسا شخصی طاقت ور جذبہ وجود ہو جو بوقت ضرورت اس اخلاقی جذبہ کو تقویت پہنچا سکے۔ تجربات شاہد ہیں کہ کسی کا ارادہ کتنا ہی ضعیف کیوں نہ ہو لیکن جب تک اس میں شرافت اور عزت نفس کا کوئی احساس باقی ہے وہ اصلاح پذیر ہو سکتا ہے جب یہ احساس شرافت زائل ہو جائے تو اس کے ارادہ اور اخلاق سے ہاتھ دھو لینا چاہیئے۔

(۴) انسان کو ضبط نفس کا عادی ہونا چاہیئے۔ یہ نہ ہو کہ اُس کے دل میں جو خواہش پیدا ہو اُس کے پورا کرنے میں فوراً مصروف ہو جائے۔ بلکہ غور و فکر کر کے اپنی شخصیت کاملہ کے مقابلہ میں اس خواہش کی قیمت کا اندازہ کرنا چاہیئے۔ جذبہ تشخص کو اتنی مہلت دینا چاہیئے۔ کہ وہ اس ترغیب کی تائید کے لئے جو اس خواہش میں مرکوز ہے اپنی قوتیں مجتمع کر سکے۔

یہ آخری شرط بسا اوقات مشکلات پیدا ہونے کا باعث بن جاتی ہے بعض مرتبہ آدمی کے لیے یہ آسان ہوتا ہے کہ وہ اپنی زندگی کا ایک لائحہ عمل مرتب کرے۔ لیکن اس پر عمل پیرا ہونے سے قاصر رہتا ہے۔ یا تو اس لیئے کہ وہ بالطبع جلد باز ہوتا ہے اور اس کے لئے ضبط نفس آسان نہیں ہوتا یا وہ ترغیبات جو لائحہ عمل پر عمل پیرا ہونے میں معارض ہوتی ہیں غلبہ حاصل کر لیتی ہیں۔ یہ ناممکن ہے کہ انسان کے مرتب کردہ لائحہ عمل میں اُس کی تمام خواہشات کی تکمیل کا سامان موجود ہو بلکہ بعض خواہشات کے مقابلہ میں جو بلند نصب العین سے متعلق ہونے کے باعث زیادہ قیمت رکھتی ہیں دوسری خواہشات کو قربان کرنا لازمی ہے۔ یہ ترغیبات جو نظر انداز کر دی جاتی ہیں ظہور و غلبہ کے لئے موقع کی منتظر رہتی ہیں اور کبھی یہ اتنی قوی ہوتی ہیں کہ ارادہ اور جذبہ تشخص اُن کے مقابلہ میں مغلوب ہو جاتا ہے۔

اس کا علاج دو امور پر منحصر ہے۔ اول یہ کہ ان میلانات کی اصلاح کی جائے اور اس قوت کو جو ان میلانات کی پشت و پناہ ہو دوسری جانب مصروف کر کے انہیں ضعیف کر دیا جائے۔ دوسرے یہ کہ ضبط نفس کی مسلسل مشق کی جائے۔ اور اس بات کی عادت ڈالی جائے کہ انسان صرف اپنے ارادے اور مرضی سے اس راستہ پر گامزن ہو جس پر اُس کی شخصیت کاملہ اُسے چلانا چاہے۔ یہاں تک کہ یہ عادت اس کی فطرت ثانیہ بن جائے۔ مشق و تمرین سے انسان اپنے نفس پر اتنا قابو پا سکتا ہے کہ سخت ترین مواقع پر اس کی آسانی سے تھام کر سکے۔ ہمارے خیال میں تمام مذاہب نے "روزہ" اسی مقصد سے ضروری قرار دیا ہے

(ترجمہ)

منظور سروش (بھوپالی)

دعوتِ طرب

بہار آئی ہے عیش اڑانے کے دن ہیں | گھٹا چھائی ہے کیف اٹھانے کے دن ہیں
غمِ حور و غلماں لوں سے بھلا کر | حسینوں سے آنکھیں لڑانے کے دن ہیں

یہ بادل یہ بارش یہ ٹھنڈی ہوائیں | مے و جام سے لو لگانے کے دن ہیں
قیودِ شریعت سے آزاد ہو کر | درِ میکدہ کھٹکھٹانے کے دن ہیں
یہ رنگیں بہاریں یہ رنگیں فضائیں | گل و مل کا سکہ چلانے کے دن ہیں
جنے عبادات سے ہاتھ دھو کر | خرابات میں عیش اڑانے کے دن ہیں

مسابد نشینو! مساجد کو چھوڑو | کہ طاعات سے جی چرانے کے دن ہیں
دمِ صبح تسبیح باری کے بدلے | غزلہائے مستانہ گانے کے دن ہیں
معابد گزینو! معابد کو چھوڑو | کہ زہد و ورع بھول جانے کے دن ہیں
سرِ شام طاعت گزاری کے بدلے | مے ناب کے خم لنڈھانے کے دن ہیں

شریعت کے جور و ستم سہنے والو! | شریعت سے پیچھا چھڑانے کے دن ہیں
لگاتار تانیں اڑانے کی رت ہے | لگاتار گانے بجانے کے دن ہیں
طریقت کو راہِ رضا کہنے والو! | طریقت کو بالا بتانے کے دن ہیں
لگاتار پینے پلانے کی رت ہے | لگاتار چھکنے چھکانے کے دن ہیں

بتِ اور بتکدے سے حذر کرنے والو! | حذر بتکدے میں در آنے کے دن ہیں
سمن رو نگاروں کو ہمراہ لے کر | گلستاں میں چکر لگانے کے دن ہیں
بجودِ خدا میں بسر کرنے والو! | حضورِ بتاں سر جھکانے کے دن ہیں
مے آشام یاروں کو ہمراہ لے کر | چمن پر تسلط جمانے کے دن ہیں

خدا سے تعلق کو چندے گھٹا کر | بتوں سے روابط بڑھانے کے دن ہیں
وہ یارِ حسیں شاملِ دوستاں ہے | نصیبِ تمنا جگانے کے دن ہیں

وہ شورِ طرحدار پھر دہرا رہا ہے | غمِ شوق کی داد پانے کے دن ہیں
پیو اور پی کر نڈر رقص کرنا | کہ پی کر نڈر رقص کرنے کے دن ہیں

اٹھو اور نشاطِ تعیش بچھاؤ | بساطِ تعیش بچھانے کے دن ہیں
غرورِ تزہد بہت بڑھ چلا ہے | تزہد کو نیچا دکھانے کے دن ہیں
اٹھو اور نے و جام گردش میں لاؤ | نے و جام گردش میں لانے کے دن ہیں
زمانہ تورع سے تنگ آچکا ہے | تورع کا قصہ چکانے کے دن ہیں

چلو چل کے باغوں میں دھومیں مچائیں | کہ باغوں میں دھومیں مچانے کے دن ہیں
اٹھو اور مکائد کی ہستی مٹا دو | مکائد کی ہستی مٹانے کے دن ہیں
چلو چل کے جنگل میں منگل منائیں | کہ جنگل میں منگل منانے کے دن ہیں
بڑھو اور مفاسد کی تعمیر ڈھا دو | مفاسد کی تعمیر ڈھانے کے دن ہیں

پیو اور غمِ ہر دو عالم بھلا دو | غمِ ہر دو عالم بھلانے کے دن ہیں
معاصی کی لذت سے ناآشنا ہو! | معاصی سے لذت اٹھانے کے دن ہیں
پیو اور ہراسِ طبیعت مٹا دو | ہراسِ طبیعت مٹانے کے دن ہیں
مناہی کی قوت سے ناآشنا ہو! | مناہی سے بگڑی بنانے کے دن ہیں

بلا خوف ناچو، بلا خوف گاؤ | نڈر ناچنے اور گانے کے دن ہیں
اٹھ آزادِ حق کوش موقع ہے جلد اٹھ | کہ اوہام پر فتح پانے کے دن ہیں

حکیم آزاد انصاری

عورت کی طاقت

(۱)

نئی روشنی نے ہندوستانی تہذیب و تمدن کا چراغ گل کر دیا لیکن فطرت کی وضعداری اس کی دست برد سے محفوظ رہی۔ رات اور دن کا التزام وہی ہے۔ چاند اور سورج اپنی اپنی باری میں ناغہ نہیں پڑنے دیتے ایک کے بعد دوسری رت پابندیٔ وقت کے ساتھ آتی جاتی ہے ساون بھادوں میں برسکال موسموں کے مطابق اپنی ساری بہار کے ساتھ چل نکلتی ہے بادل امنڈ امنڈ کر آتے ہیں گھنگھور گھٹائیں دوڑتی پھرتی ہیں پپیہا پی کہاں کی رٹ لگا کر یاد ایام عشرت فانی کی کسک کو تازہ کر دیتا ہے اور درد دل کلیجہ میں محسوس کر رہ جاتا ہے کہ کیا تھا اور کیا ہو گیا وہ جھولے ہوا ہو گئے، وہ بیگمات باغ سے رہے وہ ماہ جبیں کہاں وہ ملار کی الاپ کیا ہوئی۔ یہ تو برسات کال نہیں برکھا رت ان تمام لوازمات کا نام تھا۔ صرف برسنے کو تو برسات نہیں کہتے۔ یہ بات نہیں تو برسات چشم فلک سے گرا ہوا ایک آنسو ہے اور بس۔

زمین پر یہ خاک اڑنی دیکھ کر طبقۂ آسمانی میں ولولہ پیدا ہوا اندر بگڑ گئے ان کے ماتھے پر بل دیکھ کر بادل گرجا بجلی کوندی۔ ہوائے پرو بال نکالے اور سب نے زمین کی گوشمالی پر کمر باندھ لی۔ رات بھیگی ہوئی تھی۔ لوگ "علی قدر قسمت" گنگنائیوں مانتا ہوں چھتوں پر خواب راحت کے مزے لے رہے تھے کہ اندر کی سینا نے ان کا آرام و سکون درہم برہم کر دیا۔ اور ایک "خشہ بدامن" طوفان باد و باراں کا ہنگامہ برپا ہو گیا غریبوں کے گھر تو گرنے ہی کے لئے ہوتے ہیں۔ اور وہ پیدا ہی اس لئے ہوتے ہیں کہ پیر فلک ذرا ان پر مشق ستم کر لیا کرے۔ اس لئے ان کے مکانوں کا گرنا ان کی جھونپڑیوں کا کسی کے کاشانۂ اقبال میں سما جانا غرض ان کی ہر تکلیف ہر مصیبت قانون فطرت کے عین مطابق ہے لہذا وہ کسی توجہ کے مستحق نہیں لیکن بیچارے دولتمندوں کی حالت قابل رحم تھی۔ کروٹ بدل بدل کر کہیں اونگھ سی آئی تھی۔ وہ بھی اچاٹ ہو گئی۔ اب "ان نیناں میں ندیا کہاں" گنگناتے بھور ہو جائے گی "چاندنی

کا حلیہ بگڑ گیا۔ محل کی بنیادیں ہل گئیں بیگم صاحبہ کی مہندی کا برا لکھا ہوا۔ تے دہل گئے۔ ورنہ میں باغ کے چند درخت گر پڑے۔ یہ ایسی نوچکاں مصیبت ہے۔ جس کی مثال تاریخ بغاوت ہند میں بھی نہیں ملتی۔

(۲)

صبح کی صداقت پر خورشید نے اپنی طلائی مہر ثبت نہ کی تھی کہ نواب سلیمان قدر نیم۔ اے۔ بی۔ سی۔ ایل بار ایٹ لا کے دو ننھے صاحبزادے اماں کی انگلی سے لگے پائیں باغ میں جہل قدمی کے لئے گئے۔ وہاں باغبان نے ہلڑ مچا رکھا تھا۔ اور چند تناور درختوں کی لاشوں پر کھڑا ماتم کر رہا تھا جو گذشتہ شب کے طوفان کی بھینٹ چڑھ گئے تھے۔ یہ نقشہ دیکھ کر بچے سہم سے گئے۔ اور انھوں نے سمجھا کہ جب اتنے بڑے درختوں کی یہ گت بنی ہے تو ان کے چھوٹے چھوٹے پودوں کے چمن کا تو خدا حافظ ہے۔ وہ بیم و رجا کی ایک دنیا ساتھ لے کر بڑھے اور یہ دیکھ کر پھولے نہ سمائے کہ ان کا چمن لہلہا رہا ہے ایک پتہ تک کو چشم زخم نہیں پہنچا۔ خوش تو ہوئے مگر ان کے نیرنگ دہر سے ناآشنا دل کے لئے یہ امر معما بن رہا تھا۔ کہ طاقت ور اور بھاری بھرکم درخت تو طوفان کی تاب نہ لا سکیں اور ان کے نازک اندام پودے اس امتحان میں پورے اتریں اور طوفان کی طاقت کو خاطر میں نہ لائیں۔ ان کا تجربہ اسی حد تک تھا کہ دھان پان کی نزاکت کی نسبت قوی ہیکل تنومندی مدافعت کی زیادہ اہل ہوتی ہے اُن کا مشاہدہ ارتقا کی اس معراج پر نہ پہنچا تھا کہ وہ بلا منت کسی مشکل کشا کے اس گتھی کو سلجھا سکیں اس لئے انہوں نے یہ دقیقہ بڈھے باغبان کی عمر رسیدہ عقل و دانش کے حوالے کیا۔ اس نے ایک حسرت آمیز نگاہ گرے ہوئے درختوں پر ڈالی اور ہیچ میرز نظر سے چمن کو دیکھا سرمایہ دارانہ موازنہ تو کچھ اور کہتا تھا۔ مگر استصواب کی نوعیت نے صرف اس جواب پر قناعت کی "چھوٹے میاں نرل کا اللہ بیلی ہوتا ہے جب جھکڑ آتا ہے تو بڑے بڑے درخت اس سے دو ٹکریں لڑنے کے لئے سر اونچا کر کے موجھوں پر تاؤ دیتے ہیں۔ مگر منہ کی کھا کر آن واحد میں اندر

کو ڈنڈوت کرتے ہیں اس کے خلاف چھوٹے پودے جن کی نشو و نما سربلندی اور بار آوری کے قابل نہیں ہوتی بلکہ ان کی نزاکت و نفاست دل آویزی و نظر فریبی ہی میں ان کی بقا مضمر ہوتی ہے۔ اپنی منشائے حیات کو فراموش نہیں کرتے اور اپنی تخلیق کے ماحول میں رہ کر مدافعت کا سامان پیدا کرتے ہیں سر کھ ہو کر مقابلے کے لیے کھڑا ہونا ان کے حسن نزاکت کے خلاف ہے۔ اس لیے وہ نزاکت اور عشوہ گری کو اپنا سپر بناتے ہیں۔ اور ہوا کا رخ دیکھ کر جھک جاتے ہیں جھونکا نکل جاتا ہے تو پھر کھڑے ہو کر وقف تبسم اور غنالی ہو جاتے ہیں یہ نزاکت بذاتہ ایک بے پناہ طاقت ہے۔ جس کا سامنا کرنا اندر نے بس میں نہیں۔

(۳)

نواب سلیمان قدر ایک پرانے خاندان کے نام لیوا ہیں۔ شاہی میں ان کا خاندان بڑے زوروں پر تھا۔ صورت سزاری تک ہی نہیں۔ بلکہ قلمدان وزارت بھی ان کے گھر کئی دفعہ آیا۔ انتزاع سلطنت کے ساتھ گو وہ شان نہ رہی گو ہاتھی لینگا بھی تو سوا لاکھ کا معاملہ تھا۔ تعلقہ کے علاوہ بنک بھرپور تھا۔ نواب مرحوم نے اندر باہر کی مخالفت کو بالائے طاق رکھ کر سلمو میاں کو سر سید کے درس میں بھیج دیا۔ سلمو کو پڑھنے کا کچھ ایسا چسکا لگا کہ منتہی ہونے پر بھی سیر نہ ہوئے۔ اور ولایت کی راہ لی۔ جہاں سے وہ بیرسٹر ہو کر لوٹے۔ اس زمانہ میں خاص کر مسلمانوں میں بیرسٹر کبریت احمر، آب حیات، پارس، سیمرغ یا عنقا کا حکم رکھتے تھے۔ آج کل کی طرح نہیں کہ جس طرف نکل جاؤ بیرسٹروں کی دو تین دوام تزویر جنہیں عرف عام میں بورڈ کہتے ہیں۔ زلف یار کی طرح لٹکتے نظر آئیں گے۔ شادی ہوئی تو یار دوست یہ دیکھ کر بھوچکے رہ گئے کہ بایں تعلیم مغربی یہ حضرت کنگنے سے لے کر مہندی اور مہندی سے سہرے تک کی رسوم ادا کرنے پر تیار ہیں لوگ تو پہلے ہی حیران تھے کہ ولایت سے آ کر بھی شروانی اور سلیم شاہی جوتے کے استعمال سے احتراز نہیں۔ اور اب جو وہ اگلے وقتوں کی بوسیدہ رسموں کے احیا پر اتر آئے تو کئی ضعیف الاعتقاد ان کے جج فرنگ کو شک اور نگاہ سے دیکھنے لگے لیکن مرور ایام نے اس گتھی کو کھول دیا۔ اور لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ نواب صاحب گنگا جمنی تمدن کے حامی ہیں اور اپنی طرز معاشرت سے مغرب اور مشرق کو بغل گیر کرنا چاہتے ہیں۔ اسی کا ثمر ہے کہ مردانہ میں اگر صوفہ و کوچ اور میز زینت آرا ہیں تو حرم سرا میں چاندنی میز فرش گاؤ تکیہ تخت زیب دہ ہیں۔ سواری کے ذیل میں بروہم اور فٹن کے ہم عنان سکھپال ہوا دار اور ناگن ڈیوڑھی سے نکلتے ہیں۔

(۴)

بچے ابھی باغ سے نہ لوٹے تھے کہ نواب صاحب غسلخانہ سے برآمد ہوئے۔ اور حسن دان کے سامنے بال بنانے لگے بیگم چھالیا کاٹنے میں محو تھی مگر کام کاج کی ہدایات برابر جاری ہو رہی تھیں آئینہ نے ایک تصویر کے ٹوٹ جانے کی غمازی کی پھر کر دیکھتے ہیں تو واقعی ایک تصویر کا چوکٹا چکنا چور ہو گیا ہے اور صرف تصویر فضا میں رقص کر رہی ہے یعنی شب کی آندھی اس تصویر کے سر رہی۔ بے پروائی کی بھی حد ہوتی ہے اور مزا یہ کہ اب تک کسی نے دیکھا تک نہیں۔ ۵۰ روپے تو خیر مگر وہ کاریگر اب کہاں ارمتا جوگی تھا آیا نکل گیا نہ کوئی ٹھور نہ کوئی ٹھکانا۔ گھر بھر میں بس ایک ہی کام کی چیز تھی غارت ہو گئی ذرا سی غفلت سے مسٹر ایکنسن نے لاکھ منتیں کیں مگر میں نے ٹکا سا جواب دے دیا ایک لشکر دوڑ رہا ہے گھر میں اصیلوں اور باندیوں کا مگر ساری کی ساری کام چور۔ بیگم نے ایک ادا کے ساتھ مسکراتے ہوئے نواب صاحب کی طرف دیکھا۔ مگر یہ چلتا ہوا جادو بیکار گیا اور نواب صاحب کے چہرے نے اثر پذیر ہونے سے صاف انکار کر دیا۔ بیگم نے آنکھیں سروتے میں گاڑ دیں اور چوکھٹے کی شان میں نواب کا قصیدہ بننے لگیں یہ خاموشی عدم تعاون کی دلیل نہ تھی۔ یہ سکوت بے اعتنائی یا "جواب جاہلاں" پر محمول نہ تھا۔ بلکہ وہ اس شعلہ کو ہوا دینا نہیں چاہتی تھی۔ اور اس طرح اسے اور ہی اوپر ٹالنے کے درپے تھی۔ اس نے گنی نہ سادھی تھی۔ بلکہ کبھی کبھار لب کشائی بھی ہوتی تھی مگر اس کا آہنگ اعلان جنگ نہ تھا۔ بلکہ اس میں اعتراف شکست کی جھلک نظر آتی تھی۔ اتنے میں بچے آ گئے اور باپ کے تیور دیکھ کر ماں سے چمٹ گئے ؎

دنیا تمام بازی شطرنج باز ہے
مہروں کی طرح یک کے ہے ایک زور پر (رضا)

(۵)

اس پریشان خاطری میں کچہری کا وقت آ گیا۔ نواب صاحب جانے کو تیار ہو رہے تھے۔ کہ کچہری کے سررشتہ دار اعلیٰ آ گئے جن کے نواب صاحب سے مراسم دوستانہ تھے۔ اور انھوں نے چھوٹتے ہی کہا حضرت آج

کچہری کا خیال دل سے نکال دیجئے صاحب دورے چلے گئے سماعت نہیں ہوگی۔

خوب رہی ایک اہم مقدمہ میں پوری تیاری کر چکا تھا سب کیا کرایا اکارت گیا۔

شب کی آندھی معاذاللہ! ساری عمر میں پہلی بار ہے۔ ہاں آپ نے سنا صاحب کی کوٹھی پر

نہیں تو.....

گول کمرے کے طرف شیشہ چور چور ہو گئے کوئی سات ہزار پر پانی پھر گیا۔

صاحب نے کیا کیا؟

یہ ایک ہی کہی۔ کرتے کیا طوفان کے خلاف وارنٹ نکالتے "خوب شد اسباب خود بینی شکست" کہا اور مسکرا کر نکل گئے۔

آخر نوکروں کو تو سرزنش کی ہوگی!

"کس خطا پر طوفاں کی روک تھام ان کے بس کی نہ تھی۔"

سرشتہ دار چلتے ہوئے۔ اگر نواب صاحب کا ذہن منتقل ہوتے ہوتے تصویر کی طرف آیا لیکن اب غصہ کی جگہ ندامت نے لے لی تھی۔

آخر اس میں بیگم کا کیا قصور تھا۔ جو میں اس پر برس پڑا اور اللہ کی بندی نے دم نہ مارا۔ ایسا تو رذائل بھی نہیں کرتے بڑی غلطی ہوئی اتنا غصہ ہی کیا کوئی اور ہوتی تو ڈولی مدت کی میکے پہنچ چکی ہوتی! اسی ادھیڑ بن میں نواب اندر گئے تو کیا دیکھتے ہیں۔ کہ تصویر چوکھٹے میں لگی ہوئی اپنی جگہ پر موجود ہے۔ بے اختیار منہ سے نکل گیا کہ ہیں تصویر!

بیگم بولی جی ہاں میں ذکر کرنا بھول گئی تھی۔ میں نے اسے بازار بھیجا تھا اتفاق سے وہی کاریگر مل گیا۔ اور پندرہ روپے میں چوکھٹا بن کر آ گیا۔

نواب صاحب۔ میں پندرہ روپے میں اور میں پچاس روپے دے چکا ہوں۔

بیگم۔ آپ ہوئے نواب اور ہمارا رتبہ ہوا کنیزوں کا۔ جیسا گاہک دیکھا ویسے ہی دام لے لئے۔

نواب صاحب کچھ کھوئے سے گئے اور حرم سرا کی پوری حکومت بیگم کے حوالے کر کے باہر آئے۔ جی ہاں دل ناتواں کے مقابلہ کے یہی تیور ہوتے ہیں۔

نور الٰہی

محمد عمر

تمنائے فراق

مجھے تم سے کیوں محبت ہے؟

کیا اس لیئے کہ تم سے ساری دنیا محبت کرتی ہے۔ تم کل عالم کے محبوب ہو؟!

تمہاری یاد میں ایک سرور ہے!

تمہارے تصور میں اک لطف ہے!

تمہارے فراق میں اک لذت ہے!

تمہاری جدائی میں اک کیف ہے!

پیارے محبوب!

کیا یہ ہو سکتا ہے کہ تم ہمیشہ کے لیئے مجھ سے جدا ہو؟

..... اور میں ان کیفیتوں سے لطف اندوز ہوتا رہوں جو تمہارے فراق نے محبت کے ہاتھوں میری زندگی سے وابستہ کر دی ہیں! میرے دل کی تمنا ہے کہ میرے ہوش و حواس کی تمام متاع تمہارے ہجر کی لذت گیریوں پر ہی نچھاور ہوا کرے!!

(ترجمہ)

طفیل احمد بدر رام پوری

ستارے

سراپا چشم بینا بن کے کس کی راہ تکتے ہو؟ فلک پر سو بہ سو کس کی محبت میں بھٹکتے ہو؟
سپہر آرائیاں دے دی ہیں کس کے عشق نے تم کو؟ یہ کس کی آگ میں کندن کی صورت تم دمکتے ہو؟
وہ موتی چھپ رہے ہیں جو سمندر کے اندھیروں میں تم ان کا عکس ہو نیلی فضاؤں میں چمکتے ہو
وہ گل ہو جن کو اونچی شاخ پر کھلنا پسند آیا وہ غنچے ہو کہ رفعت کے گلستاں میں چٹکتے ہو
فلک کے نورِ دیدہ تم فلک کے تم جگر پارے فلک کی گود میں شب بھر مچلتے ہو ہمکتے ہو
فلک کے درہم و دینار و دولت تم خزینہ تم فلک کی جیب میں کس حسن سے شب کو کھنکتے ہو
زمیں والوں کو جب تاریکیاں مایوس کرتی ہیں پئے تسکینِ خاطر آسماں میں تم چمکتے ہو
بھلا ان دوریوں میں ٹمٹمانے سے تمہیں حاصل؟ میں تنہا راہ گم کردہ ہوں تم تنہا بھٹکتے ہو

تمہارا رنگ ہنگامِ سحر کیوں اڑتا جاتا ہے
وہی شب پھر وہی تم آہ کیوں روتے سسکتے ہو؟

ح۔ب

شعرائے ایران اور جدید تحریکات

وہی قوم زندہ رہ سکتی ہے جو وقت کی ضروریات کو سمجھے اور ان کے پورا کرنے کی کوشش کرے، حالاتِ زمانہ سے غافل ہو کر چین سے زندگی بسر کرنا ممکن نہیں، اس دنیا میں افراد اگر جہالت کے جرم میں معمولی سزا پا کر چھٹکارا پا جائیں تو یہ ان کی خوش قسمتی ہے لیکن اقوام اور انواع کے لئے قدرت کا اٹل قانون یہ ہے کہ تقاضائے وقت نہ پہچاننے کی سزا موت سے کم نہیں، جو قوم زمانہ کا ساتھ نہیں دیتی اور نہ حالاتِ زمانہ کو سمجھ کر ان پر قابو حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے، اس کی تباہی یقینی ہے، دنیا اس کلیہ سے شعراء کے طبقہ کو مستثنےٰ کرنے کی عادی ہے، کیونکہ حقیقی شاعر ایک لحاظ سے اپنے عہد کا پیغمبر مانا جاتا ہے اور پیغمبر قانونِ وقت کی زد میں نہیں آتا، لیکن یہ خیال غلط ہے، ہر پیغمبر اپنے معاصرین کو حالاتِ زمانہ کے مطابق تعلیم دیتا ہے، شاعر کی پیغمبرانہ حیثیت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اپنے "سرِ الہام" کی "شانِ نزول" پیش کرے،

شاعر قدامت پسند ہوتا ہے کیونکہ انسانی فطرت کے مرکزی اصول جن کی وہ تعلیم دیتا ہے، مرورِ زمانہ سے نہیں بدلتے، حسن کی دلکشی کا اثر جو ابتدائے آفرینش میں تھا اب بھی وہی ہے، اجتماعی زندگی کی عادت انسان نے ہزاروں سال گذر جانے پر بھی ترک نہیں کی حیات و موت کے مسائل پر دنیا ابتدا میں بھی خیال آرائی کرتی تھی۔ اور اب بھی کرتی ہے۔ لیکن اب دنیا میں ایسے نمایاں تغیرات رونما ہوئے ہیں کہ حیات و موت کی ہیئت ہی بدل گئی ہے، انسانی زندگی اب وہ نہیں جو ایک ہزار سال پہلے تھی، انسانی فطرت اگرچہ وہی ہے۔ جو پہلے تھی لیکن جن مسائل سے اسے دوچار ہونا پڑتا ہے ان کی نوعیت اس قدر بدل گئی ہے کہ اب قدامت پسندی کسی حالت میں جائز قرار نہیں دی جا سکتی، قدامت پسند کی مثال ایک ایسے شخص کی ہے جو ایک چشمے سے پانی پینے کا عادی ہو اور اس کا خیال نہ کرتے ہوئے کہ چشمے میں ایک سانپ مرا پڑا ہے اور اس کا زہر چشمے میں پھیلا ہے، معمول کے مطابق وہیں سے پانی پینے کی کوشش کرتا ہے اور کسی کی نصیحت پر کان نہیں دھرتا۔

فارسی شاعری کی مثال ایک صاف چشمے کی تھی جس سے مدت تک اہلِ ذوق پیاس بجھاتے رہے لیکن ہوائے دہر سے یہ چشمہ متعفن ہو گیا، اشرار نے اسے غلاظت سے پاٹنے کی کوشش کی، اور طبقہ شعراء کے نادان افراد اپنے اعمال کے نتائج سے بے خبر ہو کر اسے کثافت سے لبریز کرتے رہے، اہلِ ذوق بدستورِ سابق آنکھ بند کئے چشمے کا استعمال کرتے رہے لیکن جب اس غلطی کے ہولناک اثرات ظاہر ہونے لگے تو انہیں مجبوراً آنکھ کھولنا پڑی اور اپنی حالت کو بہتر بنانے کی ضرورت محسوس ہوئی۔

ایرانی شاعری آلِ سامان کے دور سے خاندانِ قاچار کے زوال تک ایک ہی روش پر قائم رہی لیکن تہذیبِ مغرب کی یورش نے ایران میں بھی تہلکہ مچا دیا، دولِ یورپ کی ہوسِ ملک گیری نے ایران کا تختہ الٹنے کی کوشش کی، سیاسیات اور تہذیب کی زبردست رَو کے سامنے ایرانی قدامت پسندی بھی نہ ٹھہر سکی۔ روس اور انگلستان کا جارحانہ اقدام ایران کے لئے ایک تازیانہ تھا جس نے اسے خوابِ غفلت سے چونکا دیا، ناموسِ وطن اور آزادی کی عزیز متاع کو خطرے میں دیکھ کر ایرانیوں کے لئے ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہنا ممکن نہ تھا۔ زمانہ کی گردش نے ان کے خیالات میں انقلاب پیدا کر دیا اور وہ رندِ سرمست جو پیمانے اور چشمِ یار کی گردش کے سوا اور کچھ نہ جانتے تھے کابینہ اور پرسنل کی شکایت میں لب کشا ہو گئے۔

عصرِ حاضر کے ایرانی شعراء کا سنگ دل معشوق ایک ترک زادہ غلام نہیں بلکہ اس کی جگہ ایک شاطر اور زمانہ ساز سیاست دان نے لی ہے۔ فتنۂ تاتار اور اس کے اثرات محو ہو گئے ہیں۔ اب چنگیزی

غارت گروں کی جگہ ایرانی مت فروشوں اور یورپی مدبرین نے لے لی ہے۔ فارسی غزل اب صرف عشق و محبت کا بازیچہ نہیں بلکہ سیاسی حالات کی آئینہ دار بھی ہے۔ بہار، فرخ خراسانی اور عارف قزوینی جو ایرانِ جدید کے ترجمان ہیں اپنی غزلوں کو سیاسی خیالات کی نشر و اشاعت کا ایک آلہ سمجھتے ہیں۔

جب انگلستان اور روس نے قاچاریوں کی بدنظمی سے فائدہ اٹھانا چاہا اور ایران کی تقسیم کے لئے ایک معاہدہ پر دستخط کئے تو ایرانیوں کی غیرت جوش میں آئی اور انہوں نے اپنے اربابِ حل و عقد کی نالائقی اور مدبرینِ یورپ کی بے ایمانی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی۔ عارف قزوینی جو موجودہ ایران کا ایک شیدا بیان شاعر ہے اس طرح قاچاریوں کے تدبر کا ماتم کرتا ہے۔ یہ گویا سیاسی غزل کی ابتدا ہے

چہ کرد عشق تو عاجز نگفتم آں کرد
من کہ دورۂ شوم قہر بایراں کرد

تیرے عشق سے جو میرا حال زار ہو گیا ہے
وہ بیان سے باہر ہے جس طرح قاچاریوں کے مظالم سے ایران کی زباں عاجز ہے

خدا چو طرۂ زلفت کند پریشانش
کسے کہ مملکت و ملتے پریشاں کرد

خدا تیری زلف کے طرہ کی طرح پریشان کرے
جس نے ایک سلطنت اور قوم کو تباہ کیا ہے

الٰہی آنکہ بنگ بدو چارشود
ہراں کسے کہ خیانت بہ ملک ساماں کرد

خدا کرے کہ وہ ہمیشہ کے لئے ذلیل ہو
جس شخص نے سامانوں کے ملک پر خیانت کی ہو

بارد شیر غیور دراز دست بگو
کہ خصم ملک ترا جزو انگلیساں کرد

لمبے ہاتھوں والے غیور شیر سے کہو کہ
دشمن نے تیرے ملک کو انگلستان کا ایک جزو بنا دیا ہے

چو چند بر سر ویرانہ ہائے شہ عباس
نشست عارف و لعنت بروح خاقاں کرد

شہ عباس کے کھنڈروں میں عارف چند کی طرح تنہا بیٹھا ہوا خاقان کی روح پر لعنت بھیج رہا تھا

جنگِ عمومی کے دوران میں جب اتحادیوں نے ایران میں اپنی فوجیں بھیجیں اور قیصرِ ولیم نے جو اتحادیوں سے برسرِ پیکار تھا اسلامی ممالک کی حفاظت کا اعلان کیا تو فرخ خراسانی جیسے شعراء کو اس صورتِ حالات سے دلچسپ تشبیہیں ہاتھ آئیں۔ فرخ اپنی ایک غزل میں معشوق کی بدخوئی اور ستمگاری کو روسیوں اور انگریزوں کے مظالم سے تشبیہ دیتا ہے۔

اے بچہ زادگانِ بریطانی
نمودہ پیشہ مکر و فسوں سازی

وے چوں بتانِ مہ رخ پارسی
عادت بناز کردہ و طنازی

وے کردہ خو چو روس بہ بدخوئی
چندیں بکفرِ زلف چہ می نازی

اندیشہ دار از آنکہ بر شکوہات
زی ولہلم پادشہ غازی

ترجمہ۔ اے معشوق تو انگریزوں کی طرح مکار اور فسوں ساز ہے، اور پیرس کے مہ لقاؤں کی طرح ناز و ادا کا عادی ہے اور روس کی طرح جفا کا خوگر ہے، تو کفرِ زلف پر کیوں اتنا نازاں ہے یقین جان لے کہ میں تیری شکایت قیصرِ ولیم شاہِ غازی کے سامنے لے کر جاؤں گا۔

دستوری نظام بھی سیاسی غزل کے لئے ایک موزوں موضوع ثابت ہوا ہے، ملک الشعراء بہار دل کو ایک مملکت سے تشبیہ دیتا ہے اور دلرباؤں کو مجلسِ شوریٰ کے ارکان سے تشبیہ دے کر پوچھتا ہے کہ وہ دستوری نظام کی خلاف ورزی کیوں کرتے ہیں۔

دلفریباں کہ بکابینۂ دل جا دارند
مستبدانہ چرا قصدِ دلِ ما دارند

دلبراں خود سرو سرجائی و روسی صفتند
ورنہ در خانۂ غیر از چہ سبب جا دارند

گاہ لطف است و خوشی گاہ عتاب است و خطاب
تا چہ از ایں ہمہ پیچیدہ تقاضا دارند

در پناہِ سرِ زلفِ تو بہارستانے است
کہ در او ہیئتِ دل مجلسِ شوریٰ دارند

ترجمہ۔ معشوق جو دل کے کابینہ میں متمکن ہیں کس لئے ایک جابر بادشاہ کی طرح دل پر مظالم توڑتے ہیں، حسین سرو رو اور سرکش ہیں اور ان میں روسیوں کی عادات ہیں ورنہ غیر کے گھر کیوں جاتے کبھی لطف و کرم ہے اور کبھی عتاب اور خطاب ہیں، دیکھئے تک ان سیاسی چالوں سے کام لیتے رہیں گے، تیری زلف کی پناہ میں ایک بہارستان ہے جہاں دل جمع ہو کر مجلسِ شوریٰ منعقد کرتے ہیں۔

ترکوں کی تاخت و تاراج ضرب المثل ہے، جب تفقاز [illegible] پر روسی اور ترک برسرِ پیکار تھے اور دونوں لشکروں کا مدعا تفقاز [illegible] کے علاقہ پر قبضہ کر کے مخالف کی فوج کو گھیر لیں تو ترکوں نے [illegible] ایرانیوں کے ملک میں اپنی فوجیں بھیج کر ایران کو بھی محاذِ جنگ بنا دیا [illegible] نے ترکتازی کی پرانی تشبیہ کو اصلیت کا رنگ دے کر ایک [illegible] پیدا کر دی ہے۔

بچۂ قانون، سینہ ناز تو اے ترک لسیر
در حدودِ دلِ یاراں [illegible]

اے ترک زادہ! کس قانون کے تحت تو نے اپنے دوست [illegible]
تاراج کے لئے مخصوص کر لیا ہے

قوم پرستی کی تحریک نے فارسی شاعری کی نوعیت بدل [illegible] پہلے غزل ہی اس کی کائنات تھی لیکن وطنیت کے جذبات نے اس [illegible] کا خاتمہ کر دیا ہے اور اس کی ہیئت بھی تبدیل کر دی ہے۔ قصیدہ و

اصناف سخن بھی سیاسی تحریکات سے متاثر ہوئے ہیں، اگرچہ خاقانی، انوری اور فرخی جیسے استادوں کی تقلید اب بھی کی جاتی ہے لیکن موضوع پہلے سے نہیں رہے اور طرز بیان میں بھی نمایاں فرق آگیا ہے، فرخی کا ایک مشہور قصیدہ ہے جس میں وہ اپنے ترک غلام سے کہتا ہے کہ اب جنگ ختم ہوگئی ہے لباس جنگ اتار اور رنگین کپڑے پہن، چنگ اٹھا، شراب کا پیالہ لا اور داد طرب دے۔ تیری مشکیں زلفیں اس لئے نہیں کہ جنگ کے گرد و غبار سے آلودہ ہوں اور تیرا چاند سا چہرہ اس لئے نہیں کہ میدان جنگ میں سیاہ ہو جائے، ملک الشعراء بہار اسی قصیدہ کا جواب لکھتا ہے لیکن چونکہ زمانہ بدل چکا ہے، اور ایران شاہ معزول محمد علی جو روس کی شہ پاکر ایران کا حملہ آور رہا ہے، کے مقابلہ کی تیاریاں کر رہا ہے، اس لئے وہ قصیدہ میں عیش و عشرت سے توجہ ہٹا کر جنگ کی تعریف کرتا ہے اور اسے حیات ملت کے لئے ضروری قرار دیتا ہے۔

اے فروہل زکف اے ترک یکسو نہ چنگ	جامۂ جنگ فرو دیش کہ شد نوبت جنگ
بادہ را روز بفیروز بنہ باد ز دست	چنگ را نوبت بگذشت بنہ چنگ چنگ
رخ برافروز و رخ خصم بہندے بتعبیر	قد برافروز و قد خصم بہ ناساز چو چنگ
از بر دوش تفنگ افگن و آسودہ گذر	لختے آں دو سر زلف سیہ غالیہ رنگ
نہ کہ آں زلف تبہ گردد از گرد مصاف	نہ کہ آں رخ سیہ گردد از دود تفنگ
زلف تو مشک است اگر دلخرسا بد مشک	روے تو ماہ است از دو نگیرد مہ رنگ

ترجمہ اے ترک شراب کے پیالہ کو ہاتھ سے پھینک دے اور چنگ کو ایک طرف رکھ دے۔ جنگ کا لباس پہن۔ کیونکہ جنگ کا وقت آپہنچا، شراب کا عہد گذر گیا، شراب کو ہاتھ نہ لگا، جنگ کا وقت آپہنچا، جنگ کو ہاتھ میں نہ لے، اپنے چہرے کو چمکا اور دشمن کو روسیاہ کر، تن کر کھڑا ہو جا اور دشمن کی کمر کو چنگ کی طرح جھکا دے، کندھے پر بندوق اٹھا اور اپنی دو مشکیں زلفوں کا خیال نہ کر، جنگ کی گرد سے تیری زلفوں کو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا، اور بندوق کا دھواں تیرے منہ کو تاریک نہیں کرے گا۔ کیونکہ تیری زلفیں مشک ہیں اور تیرا منہ چاند ہے۔

شاعر کو اپنے رفیق کے ظاہری اوصاف سے انکار نہیں، وہ اس کے حسن و خوبی کا قائل ہے لیکن ساتھ ہی اسے مردانگی کے جذبات سے لبھانا چاہتا ہے، اس سے کہتا ہے کہ تو ایک آہوئے صحرا ہے لیکن میں نے تجھ سا کوئی ہرن نہیں دیکھا جو شیر کو چیر پھاڑ کر رکھ دے، تو ہرن ہے لیکن اس بہشت میں پلا ہے جس کے ہرن شیر کے ہم آہنگ ہوتے ہیں، تو خطۂ ایران کا ہرن ہے جس کی فتح کے نقوش خدا نے ہر پتھر پر ثبت کئے ہوئے ہیں، کشور ایران جہاں کیومرث اور ہوشنگ جیسے نامور پیدا ہوئے، جہاں جمشید اور کیخسرو جیسے عظیم الشان بادشاہوں نے بزم عشرت کو فروغ دیا جس کی خاک سے گشتاسپ اور دارا جیسے اکابر پیدا ہوئے، جس کے مایۂ ناز فرزند رد شیر نے رومانیوں کا سر جھکا دیا، جس کے بادشاہ شاپور نے شاہ روم کی مشکیں کسوا دیں، اور بہرام جس کے حضور میں شاہان زمین پابجولاں آتے تھے، ایران جس کا ذرہ ذرہ ایسے بہادروں کے کارناموں کا شاہد ہے، وہی تیرا وطن ہے۔ ایران کو صفویوں اور سامانیوں کا عہد زریں یاد ہے اور پھر نادر قلی جیسے جہانگیر شجاعوں پر بھی اسے ناز ہے جنہوں نے مشرق و مغرب میں اس کے نام کو روشن کیا، اگرچہ نادر شاہ کا محبوب مشغلہ جنگ تھا۔ اور اس کے عہد میں ایران کو امن نصیب نہ ہوا لیکن اس نے اس کی شوکت کو ضرور دوبالا کر دیا۔

گرچہ بد دولت ایران بگہ نادر شاہ	ہمہ تیغ و ہمہ تیر و ہمہ رزم و ہمہ جنگ
نیک ازاں رزم بد ایران را آسایش بزم	ہم ازاں جنگ بد ایران را آرایش و ہنگ

ایرانی اپنے ملک کو اہل یورپ کے ہاتھوں لٹتے دیکھتے ہیں، اور اپنی قدیم عظمت کو یاد کر کے سرد بھرتے ہیں۔ فرخ خراسانی

دریغ و درد کہ آباد کشور سیروس	تبہ شد از ستم انگلیس و کینۂ روس
کہ ایں شدند بہا چیرہ کہ نیاگاشاں	بخاک پاکی نیاگان از دنیے بوس

ایرانیوں کی مصیبت ان کے مہتم بالشان بزرگوں کی یاد تازہ کر دیتی ہے، کیخسرو، دارا، شاپور، اردشیر اور دوسرے ایرانی بادشاہ انہیں اپنی عظمت کا ماتم کرتے نظر آتے ہیں اور یہ کہتے سنائی دیتے ہیں۔

ایں خرابہ قبرستان نہ ایران ماست	ایں خرابہ ایران نیست ایران کجا است
یہ اجزا ہو انک سارا ایران نہیں ہو سکتا	یہ ایران نہیں، پھر ایران کہاں ہے؟

یاس و ناامیدی کے عالم میں امید کی ایک شعاع تاریکی کو چیرتی ہے، پیغمبر ایران زرتشت کی روح آتی ہے اور اس طرح شاہان ایران کو خطاب کرتی ہے۔

اے جوانمردان عالمگیر خفتہ در مغاک	ماہتاں تابندہ در آفاق و خود در زیر خاک
جائے دارد ہر چہ دلتنگید از ایران کنوں	زیں بسیط پائے در آورد چہ دراز خود بروں
حیف نبود زادگان خسرو کشور کشائے	دست بر شمشیر نابردہ در آیندے ز پائے
خیرگی بنگر کہ در مغرب ہمیں غوغا بپاست	ایں کہ گوید کہ ایران از من آں گوید دست

* * * * * * *

در اروپا آسیا را لقمہ پنداشتند | مر یک اندر خور دنش چنگالہا برداشتند
بیخبر کاخر بخجند کوہ در حلقوم کاہ | گر کہ ایں لقمہ فرو بردند روئے من سیاہ!

ایران کے نامور فرزند قبر میں سوئے ہوئے ہیں، ان کا نام دنیا میں روشن ہے لیکن ان کا ٹھکانا خاک کے نیچے ہے قبر میں ان کا دل ایران کی مصیبت سے آزردہ ہو جاتا ہے اور اپنے نااہل فرزندوں کی روش دیکھ کر ماہی بے آب کی طرح تڑپتے ہیں۔ افسوس ہے کہ بادشاہوں کی اولاد کے ہاتھ میں آج تلوار نہیں ہے ستم تو یہ ہے کہ مغرب میں ایران کو دبوچنے کی تدبیریں ہو رہی ہیں اور اس کی تقسیم پر جھگڑے ہو رہے ہیں یورپ والے ایشیا کو ایک لقمہ سمجھتے ہیں اور ہر ایک اپنے جبڑے تیز کر رہا ہے، زرتشت کی روح جو ہم نامیوں کو درہم برہم کرتی ہوئی کہتی ہے کہ میں ایران کی حفاظت کا ذمہ لیتا ہوں۔ یورپ والے اس حقیقت سے بے خبر ہیں کہ ایشیا ایک ایسا لقمہ ہے جو ان کے حلق میں نہیں سما سکتا ایشیا کی گود میں ایسے فرزند پل رہے ہیں، جو اپنے اسلاف کا نام روشن کریں گے اور اپنے وطن کو آزاد کر کے رہیں گے۔

ای ہمیں گہوارہ تا چندے دگر فرزند جند | سر برآرد سر سبز ایراں از ایشاں سربلند
بعد ازیں اقبال ایراں را دگر افسوس نیست | لیک در سرنوشت کشور سیروس نیست

ایران میں قوم پرستی کی تحریک نے گبر و مسلمان کی قید کو توڑ دیا ہے، مسلمان کیانیوں اور ساسانیوں کے کارناموں پر فخر کرتے ہیں، اور پرانی ایرانی تہذیب کے احیا کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ ان کے لئے ماضی کا ایران آنے والے مستقبل اور سربلند ایران کا پیش خیمہ ہے۔ رضا شاہ پہلوی کے زیر سایہ پہلوی عہد کے نقوش پھر چمکنے لگے ہیں، چونکہ ایران کا تاجدار اپنے پہلوی نسب پر فخر کرتا ہے اس لئے اس کی رعایا کو بھی پہلوی تہذیب و تمدن کو اپنانے میں کوئی عار نہیں، وہ بابل، بیستون اور تخت جمشید کے کھنڈروں کو دیکھتے ہیں اور کسریٰ کی شوکت کو یاد کر کے آنکھوں میں آنسو بھر لاتے ہیں، مذہب نے انہیں پرانی روایات سے بیگانہ نہیں بنایا۔ وہ پہلوی بادشاہوں پر نظمیں لکھتے ہیں، ایران کو کشور سیروس کہتے ہیں اور پرانی پہلوی زبان کو زندہ کرنے کی کوششیں بھی کرتے ہیں، عبدالعظیم خاں گرگانی اور دوسرے شعرائے خاص پہلوی میں نظمیں لکھی ہیں، حسام زادہ اور حسین دانش نے پازرگاد (شاہان ایران کے پہلے پایہ تخت) اور مدائن پر نظمیں لکھی ہیں۔ ایرانیوں میں قومی تحریک اس قدر پھیلی ہے کہ انہیں ہر بات میں ساسانی اثر نظر آتا ہے، حتیٰ کہ سیاست کا ہر دور میں انہیں ساسانی کھنڈروں میں لکھا نظر آتا ہے، سید اشرف الدین، محمد علی شاہ معزول کو رعایا پروری کی طرف اس طرح توجہ دلاتا ہے کہ اسے کہتا ہے دیکھو طاق کسریٰ پر کیا لکھا ہے۔

گوشہ طاق کسریٰ نوشتہ | شاہ عادل بود چوں فرشتہ
خاکش از عدل و احسان سرشتہ | مملکت را بود اختساب

بعض ایرانیوں کو وطن پرستی میں اس قدر غلو ہے کہ انھوں نے احکام اسلام کو پس پشت ڈال دیا ہے، اور نسلی منافرت پھیلانے سے بھی دریغ نہیں کرتے، روشن دماغ ایرانی تو ترک، افغان اور عرب کو برادر ملت سمجھ کر عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں لیکن بعض انتہا پسند قومی تعصب سے گمراہ ہو کر ملی رشتہ کو منقطع کرنے کے درپے ہیں، اس فریق میں عارف قزوینی ترکوں اور فرخ خراسانی عربوں کی مخالفت میں پیش پیش ہیں، اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ ۱۹۱۸ء میں ترکوں نے روسیوں کو قفقاز کے محاذ پر پے در پے شکستیں دیں اور نواح کو دشمن سے خالی کرانے کے لئے آذربائیجان پر بھی عارضی قبضہ کر لیا، ایرانی وزیر وثوق الدولہ نے مصلحت وقت کے پیش نظر کہا کہ آذربائیجان ایران کا عضو معطل ہے اور اگر یہ ہاتھوں سے نکل جائے تو کوئی غم نہیں، اس پر عارف قزوینی نے طیش میں آ کر کہا کہ زرتشت کا وطن مالوف اور اسے وثوق الدولہ عضو قبیح کہے، خدا وثوق الدولہ پر فالج گرائے اور اس کی زبان گنگ ہو جائے

جاں بر خی آذربائیجاں باد، ایں مہد زرتشت، مہد اماں باد
(مہد اماں باد)
سر ناکست کو عضو قبیح گفت، عضو ش قبیح کو، لالش زباں باد
(لالش زباں باد)
کلید ایراں تو، شہید ایراں تو، امید ایراں تو
درود بر روانت از روان پاکاں باد

صبا ز من بگو بہ اہل تبریز | کہ اے ہمہ چو شیر شرزہ خونریز
ز ترک و از زبان ترک پرہیز | زباں فراش مکنید گفت زشت گرایت
خموش آتش مکنید خوش آتش مکنید۔

ایک اور نظم میں اس طرح اس کا غصہ ترکوں پر برستا ہے۔

زترک ایں عجب نیست { چہ کہ اہلِ نام و نسب نیست
قدم بخانۂ کیخسرو { ایں زشرطِ ادب نیست

زبان ترک از برائے از قفا کشیدن است
صلاح پائے ایں زباں زمملکت بریدن است

فرخ خراسانی کی عرب دشمنی کی وجہ یہ ہوئی کہ بغداد کے ایک جریدے نے ایرانیوں کے بارے میں بعض ناملایم الفاظ استعمال کیے، فرخ ان دنوں بغداد ہی میں مقیم تھا، غصہ میں جامہ سے باہر ہوگیا اور ایک قصیدہ میں عربوں کو بے نقط سنائیں، عربوں کو چور، مکار، پلید اور نابکار کہا، اور یہاں تک کہہ گیا کہ

تنہا ہمیں عراق نہ ہر جا عرب کدہ { نجد و حجاز و تونس و مصر عرب مباد

پورِ داؤد جیسے وسیع نظر شعرا بھی اس تعصب سے بری نہیں، وہ ایران اور ہندوستان کے پارسیوں کو مخدر کرنے میں اس قدر منہمک ہے کہ اسے عربوں اور ان کی ادبیات سے بھی نفرت ہوگئی ہے۔ اور وہ کسی طرح ایران میں عربی اثرات کے دیکھنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

ایران میں عربی اثرات کی جگہ فرانسیسی اور انگریزی تعلیم و تمدن نے لے لی ہے، سوویٹ روس بھی ہمسایہ کی حیثیت سے ایران کی معاشرتی زندگی میں دخل دیتا رہتا ہے، لینن اور مارکس کے خیالات کی اشاعت ایران کے تعلیمی حلقوں میں ہوتی رہتی ہے۔ بعض نوجوان شعرا لینن کے اس قدر گرویدہ ہوگئے ہیں، کہ وہ اسی کی پیروی میں ایران کی نجات سمجھتے ہیں، ایران میں امرا کے خلاف نفرت کا جذبہ روز بروز زور پکڑ رہا ہے کیونکہ ملک کی تباہی کے ذمہ دار زیادہ تر یہی لوگ تھے، امرا کی رشوت ستانی اور غربا پر ان کی مشق ستم نے ایران کی تباہی میں کوئی کسر نہ چھوڑی، یہی لوگ ملک میں مضبوط حکومت قائم کرنے میں سدِ راہ ہوتے تھے، یہی غریبوں کے حقوق مارنے میں پیش پیش ہوتے تھے، یہی ملک میں اصلاحات کی مخالفت کیا کرتے تھے، اور یہی ہر نازک موقع پر ملک سے غداری کیا کرتے تھے، اسی صورت حالات نے حبیب یغمائی کو امرا کی مخالفت پر کمربستہ کردیا ہے آپ اس کے اشعار پڑھیے تو یہی محسوس کریں گے کہ گویا لینن بول رہا ہے، وہ مساواتِ حقوق پر زور دیتا ہے، وہ کہتا ہے کہ جب تک امیر غریب اور غریب امیر نہ ہوجائیں گے ایران کی حالت بہتر نہیں ہوگی، امرا جو ہاتھ پاؤں ہلائے بغیر عیش کرتے ہیں دولت کے مستحق نہیں، غریب جو اپنا خون اور پسینہ ایک کرکے پیٹ پالتے ہیں امرا سے بہتر ہیں اور ان سے زیادہ دولت و ثروت کے حقدار ہیں، کارفرما اور کارگر کی منازعت بھی اسی قبیل سے ہے۔

ایرج میرزا اور نصر اللہ خاں فلسفی کے عقائد یہ ہیں کہ جب تک ایک شخص خود اپنے بازو میں زور پیدا نہیں کرتا اس کے لئے دنیا سے انصاف کی توقع فضول ہے، قدرت قوموں کی قسمت کا فیصلہ کرتے ہوئے اخلاقی قیود کو حائل نہیں ہونے دیتی، قانونِ قدرت یہ ہے کہ جو کمزور ہے مٹ جائے گا۔

قاعدہ ہے کہ جب ایک فرد یا قوم کو پے در پے مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو اس کے لئے یہ خیال کرنا مشکل ہوجاتا ہے کہ دنیا میں ہمیشہ حق ہی کو فتح ہوتی ہے، اور بدی کا غلبہ عارضی ہوتا ہے جس کا مقصد صرف صبر و رضا کا امتحان کرنا ہوتا ہے، بیسویں صدی کے ہنگامہ آرا دور سے گذرتے ہوئے ایرانیوں کے عقائد متزلزل ہوگئے رعدی اور نصر اللہ خاں فلسفی کی شاعری کا حاصل یہ ہے کہ ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ زندگی بہتر ہے یا موت، رعدی

بودن بہتر و یا نبودن بہتر { بودن باید یا نبودن باید
قومے گویند عمر خواب و خیال است { گفتۂ ایشاں مگر شنودن باید
وز ہمہ کوشش ید بریدن بہ { روز و شب اندر جہاں غنودن باید

می بندانم بکنج عزلت ماندن { یا بدیہ بقیائے خود نمودن باید

فلسفی کا قلب بھی انہی جذبات سے لبریز ہے وہ سرد و گرم روزگار کے تجربہ کے بعد کہتا ہے

افسانۂ عمر سخت محنت زاست { آں بہ کہ فسانہ محفل گیریم

مشرق کی پستی کا نتیجہ ابتدا میں یہ ہوا کہ ایشیا والوں کو ہر بات میں اہل یورپ کا کمال نظر آنے لگا اور وہ مغرب کو ہر بات میں افضل سمجھنے لگے لیکن انقلاباتِ زمانہ نے اس خوش اعتقادی کا خاتمہ کردیا، پہلے ہر بات میں مشرق اپنی کمزوری کا اعتراف کرتا تھا اور مغرب کی برتری کے

گیت گانا مغنی:

لے فرنگی اتفاق و صلح و صنعت مال تو | عدل و قانون و مساوات و عدالت مال تو
نعل مامگیری و جنگ و جلادت مال تو | حرص و بخل و کینہ و بغض و عداوت مال ما است
خوب راحت عیش و عشرت ناز و نعمت مال ما است

شیخی از ما بابی از ما بطرو ناپلیون از تو | دہری از ما صوفی از ما مکتب و قانون از تو
فرقہ و عمامہ از ما کشتی و بازون از تو | گم شد اے احمق مجاز از تو حقیقت مال ما است
حور و غلمان باغ رضوان عیش و عشرت مال ما است

اہل یورپ کی مادی برتری سے کسی کو انکار نہیں لیکن جو شخص تہذیب مغرب کے سراب سے اپنی تشنگی بجھانا چاہے اس کو عاقل کہنا بجا نہیں، میثاق روس و انگلستان اور جنگ عمومی کے واقعات نے اہل مغرب کے اخلاق کا پول کھول دیا اور تہذیب مغرب کی بھیانک اور ہولناک روش عالم آشکار ہوئی۔ کمالی اصفہانی ان پرجوش الفاظ میں تہذیب نو کے حرایم کا ذکر کرتا ہے۔

یک وادی ہولناک ندار | کش نشنہ نیستش بجز خون
با نام حقوق و عدل رخسار | آراستہ بزنگ افسوں
چوں شاہد دل کشش ببازار | در جلوہ بیاوری ہمی چوں
اے کاش کہ پردہ ہی طراز کار | ناچیدنی تو نعل وارژوں
پوشی بہ چہ رنگ آسماں را

ادیب السلطنت عطا بھی روس کی خانہ بانہ تاخت کی طرف اشارہ کر کے کہتا ہے کہ کیا یہی تہذیب ہے جس پر اہل مغرب نازاں ہیں؟ کیا یہی مسیحی اخلاق ہے جس پر اہل یورپ فخر کرتے ہیں؟ کیا یہی نئی روشنی ہے جسے وہ سب دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں۔ اس زمانہ کو عہد زریں کس طرح کہا جا سکتا ہے میں نے تو ایسا تاریک دور نہ دیکھا ہے نہ اس جیسے منحوس عہد کا تصور کر سکتا ہوں۔

عہد ما را عصر نورانی ہمی خوانند و بس | غیر تاریکی نمی بینم بکوہ و دشت و تل

دعوی انسان پرستی دانگہے آزار نوع | ادعای حق شناسی دانگہے بت در بغل
پیروان دین عیسی را جز از فکر روح | این چنین یکبارہ غافل شد بہ دنیا مشتغل

شاعر کہتا کہ مسیح علیہ السلام تو مردوں کو زندہ کرتے تھے لیکن ان کے انسان کش پیروؤں کا وتیرہ کیا ہے؟

سر کجا چشمے است بینا میکنندش کور و کور | سر کجا پائے است پویا افگنندش در گل

اللہ اللہ اے چشم میدارند تا بر ہم زنند | ملک جمشید و فریدوں را نہ ہے طول امل

قصۂ ترک سلاح آنگاہ تشہیر سلاح | کنگرہ صلح و صفا آنگاہ آغاز جدل

ایران کا ظریف شاعر روحانی مغرب کی ظاہر پرستی کا خاکہ اچھی طرح اڑاتا ہے۔ وہ پیرس کے بے ہودہ فیشن اور مغرب زدہ خواتین کے اسراف کا مضحکہ اڑاتا ہے مغرب پرست نوجوانوں کو خوب آڑے ہاتھوں لیتا ہے اور اس طرح اپنے سادہ ہم وطنوں کے لئے تفریح کا سامان بہم کرتا ہے۔

وطنیت، مغربیت اور اس کے ردعمل کی تحریکات کا ذکر کرتے ہوئے ہمیں تحریک نسواں کو بھول نہ جانا چاہئے ایران کے سرکردہ شعراء اور زعماء آزادی نسواں کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ شعراء کی اکثریت پردہ کی مخالف ہے اور اسے دختر کشی سے تعبیر کرتی ہے، تعدد ازواج کو بدترین گناہ کہا جاتا ہے، ملا اور تنگ دل مشائخ جو عورتوں کی آزادی کے خلاف ہیں مورد طعن کئے جا رہے ہیں، شعراء ملاؤں اور مفتیوں پر چھبتی ہوئی پھبتیاں کستے ہیں۔ جلال الملک ایرج میرزا کو پردہ کے متعلق ایک مزے کی تشبیہ ہاتھ آئی ہے۔

گرفتم من کہ این دنیا بہشت است | بہشت حور در لفافہ زشت است

آگے چل کر کہتا ہے کہ ہم ایک خربوزہ خریدنا چاہتے ہیں تو دو دھو بھال کر خریدتے ہیں لیکن جس کے ساتھ ہمیں تمام عمر بسر کرنی ہوتی ہے اس کی صورت تک سے آشنا نہیں ہوتے۔ یہ ملاؤں کی شرارت کا نتیجہ ہے کہ مثل زندگی جسے بہشت آرزو ہونا چاہئے قید کا نام ہو گیا ہے

در ایران تا بود ملا و مفتی | بروز بد تر از ایں ہم نبینی

محمد کسمائی کہتا ہے کہ ایران کی نصف آبادی مردہ ہے، اگر عورتوں کو حقوق نہیں ملتے اور اسے راہ عمل پر گامزن ہونے کا موقع نہیں دیا جاتا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ایران کی نصف آبادی کو زندہ درگور کر دیا گیا ہے۔ کیا مضحکہ خیز قانون ہے جس نے عورتوں کو گھروں میں بند کر دیا ہے اور لمبی لمبی داڑھیوں والے حاجیوں کو آزاد کیا ہے۔

در مملکتے کہ زن اسیر است | واندر کفن سیاہ ملفوف
در مملکتے کہ زن بحبس است | واں حاجی ریش چرب مکشوف

زن چیست بکجاست بکو و چہ پس | در کوچہ و شہر خود نمایست

Congress No Polon Peterme Gyeaf

زن نیست دریں دیار ورنہ | گر ہست چرا بشہر ما نیست
گہ گہ در کوچہ یک سیہ ای | می بینم لیک جز دو پا نیست
او بے بحقوقِ خود نبردہ ہست | گر زندہ بود بحکم مردہ است
اولی است براو نماز میت | تا بے بحقوق خود نبردہ ہست

زمانہ کی روز افزوں ترقی کا تقاضا یہ ہے کہ ہر قوم راہِ ترقی میں اپنی تمام کوششیں صرف کر دے، قوم کا ہر فرد ملک کی بہبودی کے لئے اپنے تمام مساعی وقف کر دے، اگر کسی قوم کی عورتیں عضو معطل کی طرح ہیں تو وہ ضرور ترقی کی دوڑ میں دوسروں سے پیچھے رہ جائے گی ضرورت وقت یہ ہے کہ عورتیں تعلیم حاصل کریں، مردوں کی طرح آزاد ہوں، پارلیمنٹ اور دوسری مجالس میں شرکت کریں اور سوسائٹی میں مردوں کا ہاتھ بٹائیں، اگر اس کے لئے پردہ ترک بھی کرنا پڑے جب بھی قومی مفاد کو مدنظر رکھ کر ہمیں خوش ہونا چاہیئے، کیونکہ عورت کی بہترین متاع عفت ہے نہ کہ چادر و برقع،

شیخا نوبت تحصیل زنان ہست امروز | با توئے فاضلہ یک رکن جہان است امروز
صحبت از شرکت در پارلمان است امروز | چادر و پیچہ دگر نقص زنان است امروز

شیخا عفت با داشتن چادر نیست
یا اگر ہست پس آں قحبہ با چادر کیست!

تعدد ازدواج کے لئے مغرب میں تو یہ جواز ہے کہ وہاں عورتوں کی تعداد مردوں سے بہت زیادہ ہے لیکن وہاں قانون نے اسے ممنوع قرار دیا ہے، مشرق میں جہاں عورتوں اور مردوں کی تعداد قریباً برابر ہے تعدد ازدواج کی کوئی مستحسن دلیل پیش نہیں کی جا سکتی، بلکہ اسے عورتوں پر ایک ناروا ظلم سمجھنا چاہیئے، علاوہ بریں یہ عورتوں کی زندگی ہی کو تلخ نہیں بناتا بلکہ ملک کی حالت پر بھی اس کے اثرات خوشگوار نہیں ہوتے اور مرد کی حالت کا تو پوچھنا ہی کیا، فرات

مرد یکہ دو زن گرفت دخوں گردد | حالش ز غم و غصہ دگرگوں گردد
ہر کس کہ بدل مہر دو بیلی دارد | آشفتہ تر از ہزار مجنوں گردد

ایران کی موجودہ شاعری میں ملوکیت اور جمہوریت، محنت اور سرمایہ کی کشمکش کا نقشہ نظر آتا ہے، مشرق و مغرب کی آویزش اور وطنیت کی تحریک جو اس آویزش کا نتیجہ تھی۔ دور حاضر کی فارسی شاعری کی روح رواں ہے، قدیم ایران کی تہذیب کا احیا اور مناظر قدرت سے دلچسپی اسی وطنیت کی تحریک کا ایک شاخسانہ ہے، شاعری اب سیاسی اور اقتصادی تحریکات اور معاشرت کے مسائل سے الگ تھلگ نہیں، بلکہ اب ہر شاعر ملکی تحریکات میں گرم جوشی سے حصہ لیتا ہے، شاعری اب محض عشق و محبت، نیاز و ناز، اور عشوہ و ادا کا گورکھ دھندا نہیں بلکہ زندگی کا ہر مسئلہ اب اس کے احاطہ میں داخل ہو گیا ہے، لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ عشق کے جذبات اب بالکل مردہ ہو گئے ہیں، اور حسن پرستی کی رسم دنیا سے اٹھ گئی ہے، اگرچہ شاعر، غم عشق ہی میں نہیں غم روزگار میں بھی مبتلا ہے لیکن پھر بھی کبھی کوئی پھول سا چہرہ نظر آتا ہے تو بے اختیار یہ اشعار زبان پر جاری ہو جاتے ہیں۔ سالار

بتان پارسی ایں گونہ گر خرام کنند | خرام سرو جہاں در چمن حرام کنند
بماہ چہرہ چو زلف سیہ برافشانند | صباح دل شدگاں را سیہ چو شام کنند
عیاں کنند شبے گر ہلال ابرو را | ز شرم حلقہ بگوشے مہ تمام کنند

عطاء اللہ کلیم

رُباعی

وہ جام کہ قوتِ رُوح و جان ہے ساقی | وہ جام کہ عیشِ جاوداں ہے ساقی
وہ جامِ طرب ناک پلا تو، کہ ہنوز | زیرِ مژۂ یار نہاں ہے ساقی

سعید احمد اعجاز

رباعیات

(۱)

ساقی نہ شراب ہے نہ مستی نہ سرور
نغمے نہ جنون و عشق کا ہے نہ شعور
نالہ ہے نہ آہ ہے نہ کچھ ہے نہ فغاں
ہے جوشِ چشم یار کا ہے قصور!

(۲)

ہمراہ ہے خمار ہے ہر اک مستی کا
اب ہے نہ ہے اور ہے پیمانہ پی کا
نازم ہے اور ہے ہی ہیں کی محرومی
ان نالہ کشوں میں ہے ہی ہیں کی مستی کا
معلوم نہیں ہاں ہے ہی ہیں کا

(۳)

ہلکی سی پھوار اور کنارِ دریا
یا صبحِ بہار اور کنارِ دریا!
قسمت سے ملے ہیں کسی کو محروم
ساون اشجار اور کنارِ دریا

(۴)

دم اک شہ پارسائی کا بھرتا ہے
حیراں ہوں کہ دل مرا کیا کرتا ہے
خوف اس کو گناہ سے نہیں ہے لیکن
الزامِ گناہ سے بہت ڈرتا ہے
یا مولیٰ چند محروم

بے بسی

افرادِ تمثیل

تین بیٹیاں۔ نانا۔ باپ۔ رشتے کے ماموں۔ خادمہ

منظر:۔ دیہاتی وضع کے ایک پرانے گھر کا کمرہ۔ کمرے میں مدھم روشنی۔ ایک دروازہ دائیں طرف، ایک بائیں طرف۔ اور پوشیدہ دروازہ کونے میں، عقبی حصے میں رنگین شیشوں والی کھڑکیاں جن میں سبز رنگ نمایاں ہے۔ شیشوں والا ایک دروازہ برآمدے میں کھلتا ہے۔ ایک کونے میں لمبا سا گھنٹہ ایک چراغ روشن ہے۔

تینوں بیٹیاں۔ یہاں آجائیے نانا ابا روشنی میں بیٹھ جائیے۔

نانا۔ مجھے تو یہاں کچھ زیادہ روشنی معلوم نہیں ہوتی۔

باپ۔ ہم برآمدے میں چلیں یا اسی کمرے میں بیٹھے رہیں؟

ماموں۔ کیا یہیں بیٹھا رہنا بہتر نہ ہوگا؟ سارے ہفتے بارش ہوتی رہی ہے اور راتیں نم اور سرد ہیں۔

بڑی لڑکی۔ پھر بھی تارے تو چمک رہے ہیں۔

ماموں۔ تارے ——— ان سے کیا فائدہ!

نانا۔ یہیں ٹھہرنا بہتر ہے۔ یہ کسی کو معلوم نہیں۔ ہوتا کہ کیا ہونے والا ہے۔

باپ۔ اب پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ خطرہ گزر گیا اور وہ بچ گئی ہیں .....

نانا۔ میرا تو یہ خیال ہے کہ اس کی حالت اچھی نہیں ہے۔

باپ۔ یہ آپ کیسے کہہ رہے ہیں!

نانا۔ میں نے اس کے کراہنے کی آواز سنی تھی

باپ۔ مگر ڈاکٹروں نے تو ہمیں ان کی صحت کا یقین دلایا ہے۔

ماموں۔ تم تو خوب جانتے ہو کہ تمہارے خسر خواہ مخواہ ہمیں گھبرایا کرتے ہیں

نانا۔ اس لیے کہ میں بصارت سے محروم ہوں اور تمہاری طرح دیکھ نہیں سکتا۔

ماموں۔ تو پھر آپ کو ہم پر اعتماد کرنا چاہیئے، اُن پر جو دیکھ سکتے ہیں۔ آج سہ پہر کو تو ان کی حالت بہت اچھی نظر آرہی تھی۔ وہ اب آرام سے سو رہی ہیں، اور ہم اس پہلی پُرسکون شام کو برباد نہیں کرنا چاہتے جسے قسمت نے ہمارے راستے میں لا ڈالا ہے..... میں تو سمجھتا ہوں کہ مطمئن ہونے کا پورا پورا حق حاصل ہے۔ بلکہ آج شام کو بغیر کسی خوف کے ہم تھوڑا سا ہنس بول بھی سکتے ہیں۔

باپ:۔ یہ حقیقت ہے۔ اس خوفناک جاڑے کے بعد سے آج یہ پہلا موقع ہے کہ میں ایسا محسوس کر رہا ہوں جیسے اپنے گھر میں آسودہ ہوں۔

ماموں:۔ گھر میں جب ایک دفعہ بیماری آجاتی ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی اجنبی زبردستی خاندان میں گھس آیا ہو۔

باپ:۔ اور ہاں اُسی وقت اس کا بھی احساس ہوتا ہے کہ غیروں پر اعتماد نہیں کرنا چاہیئے۔

ماموں:۔ تم بالکل سچ کہہ رہے ہو۔

نانا:۔ تم مجھے اپنی بچی کے پاس کیوں نہیں جانے دیتے۔

ماموں:۔ آپ خوب جانتے ہیں ——— ڈاکٹر نے منع کر دیا ہے۔

نانا۔ آہ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی... .

ماموں:۔ پریشانی تو نامعلوم سی بات ہے

نانا:۔ (بائیں جانب کے دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے)
ہماری آواز تو اس کی نیند میں خلل نہیں ہوگی

باپ:۔ ہم بہت زور سے باتیں نہیں کریں گے۔ اس کے علاوہ دروازہ بہت دبیز ہے اور ایک نادہ ان کے پاس ہے۔ اگر ہماری وجہ سے زیادہ شور مچے گا تو وہ آکر ہمیں ضرور منع کر دے گی۔

نانا:۔ (بائیں جانب کے دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے)
ہماری آواز سے بچہ تو بے آرام نہیں ہوگا!

باپ:۔ نہیں نہیں۔

نانا:۔ وہ سو رہا ہے؟

باپ:۔ ہاں شاید

نانا:۔ کوئی جاکر دیکھ آئے تو بہتر ہے۔

ماموں:۔ تمہاری بیوی سے زیادہ مجھے تمہارے بچہ کی طرف سے پریشانی ہے اُسے پیدا ہوئے کئی ہفتے گزر گئے مگر اس نے مشکل ہی سے اب تک کوئی جنبش کی ہوگی۔ اس سارے عرصہ میں وہ ایک دفعہ بھی نہیں رویا! وہ تو بالکل موم کی گڑیا معلوم ہوتا ہے۔

نانا:۔ میں سمجھتا ہوں وہ بہرا ہوگا ——— گونگا بھی، شاید ———
رشتے کے بھائی بہنوں میں شادی اگر ہوتی ہے تو عام طور سے یہی نتیجہ نکلتا ہے۔ . . . . (خاموشی)

باپ:۔ جو تکلیف اس نے اپنی ماں کو پہنچائی ہے اُسے دیکھتے ہوئے میں اس بچہ کا بدخواہ سا ہو گیا ہوں۔

ماموں:۔ نادانوں کی سی باتیں نہ کرو اس بیچاری ننھی سی جان کا کوئی قصور نہیں ہے کیا وہ کمرے میں بالکل تنہا ہے!

باپ:۔ ہاں ڈاکٹر کی رائے یہی ہے کہ وہ آیندہ اپنی ماں کے کمرے میں رہے۔

ماموں:۔ لیکن انّا تو اس کے پاس ہے نا؟

باپ:۔ نہیں، وہ تھک گئی تھی۔ تھوڑی دیر کے لیے آرام کرنے گئی ہے، پچھلے دنوں اُس نے بہت محنت کی۔ ناہید ذرا جاکر دیکھنا سو رہا ہے یا نہیں۔

بڑی لڑکی:۔ بہت اچھا، ابّا۔
(زینوں پر اٹھتی ہیں اور ہاتھ میں ہاتھ ڈالیں دائیں جانب کے کمرے میں چلی جاتی ہیں)

باپ:۔ تمہاری آپا کب آئیں گی!

ماموں:۔ میرا قیاس ہے کہ نو بجے تک آجائیں گی۔

باپ:۔ اب تو نو بج چکے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ وہ آج رات کو آجائیں گی۔ میری بیوی اُن سے ملنے کے لئے بہت بے چین ہیں۔

ماموں:۔ وہ آئیں گی ضرور۔ کیا یہ پہلا موقع ہوگا کہ وہ یہاں آئیں گی!

باپ:۔ وہ اس گھر میں پہلے کبھی نہیں آئیں۔

نانا:۔ کیا تمہیں کچھ پریشانی نہیں ہے۔

ماموں:۔ ہمیں پریشانی کس بات کی ہو؟ اس کا بار بار ذکر کرنے سے آخر فایدہ کیا۔ اب کسی بات کا خطرہ نہیں ہے۔

نانا:۔ تمہاری آپا تم سے بڑی ہیں!

ماموں:۔ وہ ہم سب سے بڑی ہیں۔

نانا:۔ مجھے نہیں معلوم مجھے کیا چیز تکلیف پہنچا رہی ہے۔ مجھے بےچینی سی ہو رہی ہے کاش تمہاری آپا یہاں ہوتیں۔

ماموں:۔ وہ ضرور آئیں گی۔ انھوں نے وعدہ کیا تھا۔

نانا:۔ کاش یہ رات جلد ختم ہو جائے۔
(تینوں لڑکیاں واپس آتی ہیں)

نانا:۔ کیا وہ سو رہا ہے؟

بڑی لڑکی:۔ جی ہاں نانا ابا، خوب گہری نیند

ماموں:۔ اس انتظار میں ہم کیا کریں!

باپ:۔ انتظار کس کا!

ماموں:۔ آپا کا۔

باپ:۔ ناہید تمہیں کوئی آتا تو دکھائی نہیں دے رہا!

بڑی لڑکی:۔ (کھڑکی میں سے جھانک کر) نہیں ابّا

باپ:۔ چمن میں کوئی نہیں ہے! چمن تمہیں نظر آرہا ہے!

بڑی لڑکی:۔ جی ہاں ابا۔ چاندنی چھٹکی ہوئی ہے اور سرو کے جنگل تک مجھے چمن نظر آرہا ہے۔

نانا:۔ اور تمہیں کوئی آتا نظر نہیں آرہا؟

بڑی لڑکی:۔ کوئی بھی نہیں نانا ابّا۔

ماموں:۔ آج کی رات کیسی ہے؟

بڑی لڑکی:۔ بہت اچھی آپ کو بلبلوں کی آواز سنائی دے رہی ہے۔

ماموں:۔ ہاں، ہاں

بڑی لڑکی:۔ چمن میں ہوا کے جھونکے چل رہے ہیں!

نانا:۔ چمن میں ہوا کے جھونکے چل رہے ہیں!

بڑی لڑکی:۔ جی ہاں۔ درختوں میں خفیف سی جنبش ہے

ماموں:۔ مجھے تعجب ہے کہ آپا ابھی تک یہاں نہیں آئیں۔

نانا:۔ مجھے اب بلبلوں کی آواز سنائی نہیں دے رہی ہے۔

بڑی لڑکی:۔ نانا ابا میرا خیال ہے کہ چمن میں کوئی آیا ہے۔

نانا:۔ وہ کون ہے؟

بڑی لڑکی:۔ میں نہیں جانتی مجھے کوئی نظر نہیں آرہا

ماموں:۔ کیونکہ وہاں کوئی نہیں ہے۔

بڑی لڑکی:۔ چمن میں کوئی نہ کوئی ضرور آیا ہوگا۔ بلبلوں نے ایک دم سے چہکنا چھوڑ دیا۔

نانا:۔ مگر مجھے تو کسی کے آنے کی آواز سنائی نہیں دے رہی۔

بڑی لڑکی:۔ تالاب کے قریب سے کوئی ضرور گزر رہا ہے۔ کیونکہ راج ہنس غائب نظر آرہے ہیں۔

دوسری لڑکی:۔ تالاب کی ساری مچھلیاں ایک دم سے تہہ میں بیٹھ گئی ہیں۔

باپ:۔ تمہیں کوئی نظر تو نہیں آرہا؟

بڑی لڑکی:۔ جی نہیں ابا۔

باپ:۔ لیکن تالاب پر تو چاندنی ہے۔۔۔۔

بڑی لڑکی:۔ جی ہاں، مجھے راج ہنس غائب نظر آرہے ہیں۔

ماموں:۔ مجھے یقین ہے کہ وہ میری بہن ہی سے ڈر رہے ہیں۔ وہ چھوٹے دروازے میں سے داخل ہوئی ہوں گی۔

باپ:۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کتے کیوں نہیں بھونکے۔

بڑی لڑکی:۔ محافظ کتا اپنی کوٹھری کے پیچھے مجھے نظر آرہا ہے راج ہنس تالاب کے دوسرے کنارے کا رخ کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

ماموں:۔ وہ میری بہن سے ڈر رہے ہیں۔ میں جاکر دیکھتا ہوں (آواز دیتا ہے) آپا! آپا کیا تم آرہی ہو؟۔۔۔۔ وہاں تو کوئی بھی نہیں ہے

بڑی لڑکی:۔ مجھے یقین ہے کہ چمن میں کوئی آیا ضرور ہے۔ آپ دیکھ لیں گے

ماموں:۔ لیکن اگر وہ ہوتیں تو میری آواز کا جواب ضرور دیتیں۔

نانا:۔ بلبلوں نے پھر چہکنا شروع کر دیا ہے نا، ناہید؟

بڑی لڑکی:۔ مجھے تو ایک کی بھی آواز سنائی نہیں دے رہی۔

نانا:۔ سب چپ چاپ ہیں؟

باپ:۔ قبر کی سی خاموشی چھائی ہوئی ہے۔

نانا:۔ کوئی اجنبی ہی ہوگا جس سے وہ خائف ہو رہے ہیں۔ کیونکہ اگر کوئی گھر کا آدمی ہوتا تو وہ چہکنا بند نہ کرتے۔

ماموں:۔ ان بلبلوں پر آپ کا یہ مباحثہ آخر کب تک جاری رہے گا؟

نانا:۔ ناہید کیا ساری کھڑکیاں کھلی ہوئی ہیں؟

بڑی لڑکی:۔ شیشوں والا دروازہ کھلا ہوا ہے نانا ابا۔

نانا:۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سردی کمرے میں گھس رہی ہے۔

بڑی لڑکی:۔ چمن میں کچھ جھونکے آرہے ہیں نانا ابا۔ اور گلاب کی پتیاں گر رہی ہیں۔

باپ:۔ اچھا تو دروازہ بند کر دو۔ اب بہت دیر ہوگئی۔

بڑی لڑکی:۔ بہت اچھا ابا۔۔۔ مجھ سے تو دروازہ بند نہیں ہوتا۔

دوسری دونوں لڑکیاں:۔ ہم سے تو دروازہ بند نہیں ہوتا۔

نانا:۔ کیوں؟ آخر کیا ہوا دروازے کو میری بچیو۔

ماموں:۔ آپ اس قدر عجیب لہجے میں کیوں کہہ رہے ہیں میں جاکر ان کی مدد کرتا ہوں۔

بڑی لڑکی:۔ ہم سے یہ پوری طرح بند نہیں ہوتا۔

ماموں:۔ سیل کی وجہ ہے۔ آؤ ہم سب مل کر اسے دھکیلیں۔ کوئی چیز اسے روک رہی ہے۔

باپ:۔ بڑھئی کل آکر اسے ٹھیک کر جائے گا۔

نانا:۔ کیا بڑھئی کل آئے گا؟

بڑی لڑکی:۔ جی ہاں نانا ابا تہہ خانہ میں اُسے کچھ کام کرنا ہے۔

نانا:۔ وہ گھر میں غل مچائے گا۔

بڑی لڑکی:۔ میں اس سے کہہ دوں گی کہ چپکے چپکے کام کرے۔

(ایک دم سے ایسی آواز سنائی دیتی ہے جیسے کوئی درانتی تیز کر رہا ہو)

ماموں:۔ یہ آواز کس کی ہے؟

بڑی لڑکی:۔ مجھے ٹھیک تو معلوم نہیں، شاید مالی ہوگا۔ مجھے صاف نظر نہیں آرہا۔ وہ گھر کے سائے میں ہے۔

باپ:۔ مالی گھاس کاٹنے جا رہا ہے۔

ماموں:۔ کیا وہ رات کو گھاس کاٹتا ہے؟

باپ:۔ کل تو ار ہے؟ ـــــ ہاں میں نے دیکھا تھا کہ گھر کے چاروں طرف میں ہی گھاس آگ آئی ہے۔

نانا:۔ مجھے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی درانتی اتنا شور مچا رہی ہے جتنا ..

بڑی لڑکی:۔ وہ گھر کے پاس ہی گھاس کاٹ رہا ہے۔

نانا:۔ امید کیا وہ نہیں نظر آ رہا ہے؟

بڑی لڑکی:۔ جی نہیں نانا ابا۔ وہ تاریکی میں کھڑا ہے۔

نانا:۔ مجھے امید ہے کہ وہ میری بچی کو جگا دے گا۔

ماموں:۔ نہیں تو مشکل ہی سے اس کی آواز سنائی دیتی ہے۔

نانا:۔ مجھے ایسا سنائی دیتا ہے گویا وہ گھر کے اندر ہی گھاس کاٹ رہا ہے۔

ماموں:۔ بہرحال اس کی آواز نہیں سن سکے گی کوئی خطرہ نہیں ہے۔

باپ:۔ مجھے ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ آج رات کو چراغ ٹھیک ٹھیک نہیں جل رہا۔

ماموں:۔ اس میں تیل کم ہے۔

باپ:۔ آج ہی تو میں نے اس میں تیل بھرا گیا ہے۔ جب سے کھڑکی بند ہوئی ہے یہ ٹھیک نہیں جل رہا۔

ماموں:۔ شاید فتیلہ صاف نہیں ہے

باپ:۔ ابھی ٹھیک ہوا جاتا ہے۔

بڑی لڑکی:۔ نانا ابا سو گئے۔ وہ تین رات کے جاگے ہوئے ہیں۔

باپ:۔ وہ پریشان بہت رہے۔

ماموں:۔ وہ ہمیشہ بہت پریشان ہوا کرتے ہیں بعض دفعہ انہیں عقل کی بات سمجھاؤ تو نہیں سمجھتے۔

باپ:۔ اس عمر میں ایسی باتیں لائق درگذر ہیں۔

ماموں:۔ خدا جانے اس عمر میں ہم کیسے ہوں گے! کتنی عمر ہوگی؟

باپ:۔ اسی کے پیٹے میں ہیں۔

ماموں:۔ پھر تو انہیں عجیب عجیب باتیں کرنے کا حق حاصل ہے۔

باپ:۔ وہ بھی اور نابینا لوگوں کی طرح ہیں۔

ماموں:۔ مگر سوچتے بہت ہیں۔

باپ:۔ ان کے پاس وقت بہت ہوتا ہے۔

ماموں:۔ انہیں اور کرنا ہی کیا پڑتا ہے۔

باپ:۔ اور اس کے علاوہ ان کا خیال بٹانے کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی۔

ماموں:۔ یہ بڑی کٹھن بات ہوتی ہوگی۔

باپ:۔ بظاہر وہ اس کے عادی ہو چکے ہیں۔

ماموں:۔ میں تو اس کو سمجھ بھی نہیں سکتا۔

باپ:۔ ایسے لوگ یقیناً قابل رحم ہوتے ہیں۔

ماموں:۔ یہ نہ جاننا کہ کوئی کہاں ہے، یہ نہ جاننا کہ کوئی کہاں سے آیا ہے، یہ نہ جاننا کہ کوئی کہاں جا رہا ہے، اس لائق نہ ہونا کہ دن اور رات میں تمیز کر سکیں یا جاڑے اور گرمی میں امتیاز کر سکیں ـــــ اور ہمیشہ تاریکی ہی تاریکی میں تو ایسی زندگی پر موت کو ترجیح دینا ہوتا کیا یہ قطعی لاعلاج ہے!

باپ:۔ بظاہر تو یہی معلوم ہوتا ہے

ماموں:۔ مگر وہ بالکل اندھے تو نہیں ہیں؟

باپ:۔ اگر بہت تیز روشنی ہو تو وہ پہچان لیتے ہیں۔

ماموں:۔ ہمیں اپنی عزیز آنکھوں کی حفاظت کرنی چاہیے۔

باپ:۔ انہیں اکثر عجیب و غریب خیالات آتے ہیں۔

ماموں:۔ بعض اوقات تو ان کی باتیں اجیرن ہو جاتی ہیں۔

باپ:۔ وہ جو کچھ سوچتے ہیں کہہ دیتے ہیں

ماموں:۔ مگر وہ سدا سے تو ایسے نہیں تھے؟

باپ:۔ نہیں کبھی وہ بالکل ہماری طرح معقول تھے کبھی کوئی عجیب بات نہیں کہتے تھے ـــــ ناامیدی کی افزائی حد سے زیادہ کرتی ہے۔ وہ ان کو ... جواب دیئے چلی جاتی ہے۔

ماموں:۔ ان کی ہر بات کا جواب نہ دینا بہتر ہوگا۔ یہ تو ... مثال ہے (دس بجنے کی آواز سنائی دیتی ہے)

نانا:۔ (جاگتے ہوئے) کیا میرا رُخ شیشوں والے دروازے کی طرف ہے؟

بڑی لڑکی:۔ آپ کو اچھی طرح نیند آئی نانا ابا؟

نانا:۔ کیا میرا رُخ شیشوں والے دروازے کی طرف ہے؟

بڑی لڑکی:۔ جی ہاں نانا ابا۔

نانا:۔ اس دروازے کے آگے تو کوئی کھڑا نہیں ہے؟

بڑی لڑکی:۔ جی نہیں نانا ابا۔ مجھے تو کوئی نظر نہیں آ رہا۔

نانا:۔ میں نے جانا کہ کوئی منتظر کھڑا ہے۔ کوئی نظر نہیں آ رہا ہے
بڑی لڑکی:۔ کوئی نہیں نانا ابا۔
نانا:۔ (باپ اور ماموں سے) اور تمہاری آپا ابھی تک نہیں آئیں!
ماموں:۔ اب تو بہت دیر ہو گئی۔ وہ نہیں آئیں گی انھوں نے اچھا نہیں کیا۔
باپ:۔ مجھے ان کی طرف سے تشویش ہونے لگی ہے
(ایک آواز سنائی دیتی ہے جیسے کوئی آ رہا ہو)
ماموں:۔ لو وہ آ رہی ہیں۔ تم نے سنا!
باپ:۔ ہاں، کوئی نیچے گھر میں داخل ہوا ہے۔
ماموں:۔ تمہاری آپا ہی ہوں گی۔ میں نے ان کے قدموں کی آواز سے پہچان لیا۔
نانا:۔ میرے کانوں میں تو ایسی آواز آئی جیسے کوئی چپکے چپکے قدم اٹھاتا ہو۔
باپ:۔ وہ بہت چپکے سے داخل ہوئی ہیں۔
ماموں:۔ وہ جانتی ہیں کہ یہاں ایک مریضہ ہے۔
نانا:۔ مجھے اب کچھ سنائی نہیں دے رہا۔
ماموں:۔ وہ سیدھی اوپر آئیں گی نیچے انہیں بتا دیا جائے گا کہ ہم یہاں ہیں۔
باپ:۔ میں خوش ہوں کہ وہ آ گئیں
ماموں:۔ مجھے یقین تھا کہ وہ آج رات کو ضرور آئیں گی۔
نانا:۔ بڑی دیر لگا دی انھوں نے اوپر آنے میں
ماموں:۔ بہرحال ہوں گی وہی۔
باپ:۔ ہم اور کسی کے تو منتظر ہیں بھی نہیں۔
نانا:۔ مجھے تو نیچے کی کوئی آواز سنائی نہیں دے رہی
باپ:۔ میں ملازمہ کو بلاتا ہوں۔ معلوم ہو جائے گا کیا بات ہے
(گھنٹی کی رسی کھینچتا ہے)
نانا:۔ مجھے تو کسی کے سیڑھیوں پر چڑھنے کی آواز آ رہی ہے۔
باپ:۔ ملازمہ اوپر آ رہی ہو گی۔
نانا:۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اکیلی نہیں ہے۔
باپ:۔ وہ آہستہ آہستہ اوپر آ رہی ہے۔
نانا:۔ مجھے تمہاری آپا کے قدموں کی آواز آ رہی ہے
باپ:۔ مجھے تو صرف ملازمہ کے چلنے کی آواز آ رہی ہے۔
نانا:۔ تمہاری آپا ہی ہیں! تمہاری آپا ہی ہیں!
(چھوٹے دروازے پر کھٹکھٹانے کی آواز آتی ہے)
ماموں:۔ وہ پچھلے زینے کے دروازے کو کھٹکھٹا رہی ہیں۔
باپ:۔ میں تو جا کر کھولوں گا (دروازے کو تھوڑا سا کھولتا ہے ملازمہ باہر کھڑی نظر آتی ہے) کہاں ہو تم؟
خادمہ:۔ یہاں سرکار۔
نانا:۔ تمہاری آپا دروازے پر کھڑی ہیں؟
ماموں:۔ مجھے تو صرف ملازمہ نظر آ رہی ہے
باپ:۔ یہ تو صرف خادمہ ہے (خادمہ سے) وہ کون تھا جو ابھی ابھی گھر میں آیا تھا؟
خادمہ:۔ گھر میں آیا تھا!
باپ:۔ ہاں ابھی ابھی کوئی آیا تھا؟
خادمہ:۔ اندر تو کوئی بھی نہیں آیا سرکار
نانا:۔ یہ کون اس طرح سرد آہیں بھر رہا ہے؟
ماموں:۔ خادمہ ہے ہانپ رہی ہے
نانا:۔ کیا وہ رو رہی ہے؟
ماموں:۔ نہیں تو، وہ آخر رونے کیوں لگی؟
باپ:۔ (خادمہ سے) ابھی ابھی کوئی اندر نہیں آیا تھا؟
خادمہ:۔ نہیں سرکار
باپ:۔ مگر ہم نے تو ایسی آواز سنی ہے جیسے کوئی دروازہ کھول رہا ہو!
خادمہ:۔ وہ تو میں دروازہ بند کر رہی تھی۔
باپ:۔ کیا وہ کھلا ہوا تھا!
خادمہ:۔ جی ہاں سرکار
باپ:۔ اتنی رات گئے دروازہ کیوں کھلا پڑا تھا؟
خادمہ:۔ سرکار مجھے تو معلوم نہیں۔ میرے بعد کوئی باہر گیا ہو گا سرکار.....
باپ:۔ تمہیں ہوشیار رہنا چاہیئے ـــــ دروازے کو مت دھکیلو تم جانتی ہو یہ کھلنے میں کس قدر شور مچاتا ہے!
خادمہ:۔ مگر میں نے تو اسے چھوا بھی نہیں سرکار
باپ:۔ مگر تم دھکیل تو رہی ہو۔ اس طرح دھکیل رہی ہو گویا کمرے کے

اندر آنے کی کوشش کر رہی ہو۔

خادمہ:۔ مگر سرکار میں تو تین گز پر کھڑی ہوں۔

باپ:۔ اتنے زور سے مت بولو۔۔۔

نانا:۔ کیا تم روشنی بجھا رہے ہو؟

بڑی لڑکی:۔ جی نہیں نانا ابا

نانا:۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک دم سے گہری تاریکی ہو گئی ہے۔

باپ:۔ (خادمہ سے) اب تم نیچے جا سکتی ہو مگر سیڑھیاں اترنے میں شور نہ مچانا۔

خادمہ:۔ میں نے سیڑھیوں پر بالکل شور نہیں مچایا۔

باپ:۔ میں جو تم سے کہہ رہا ہوں کہ تم نے شور مچایا تھا۔ آہستہ آہستہ اتر جاؤ ورنہ تم اپنی بیگم صاحبہ کو جگا دو گی اور اگر اب کوئی آئے تو اس سے کہہ دینا کہ ہم گھر پر نہیں ہیں۔

ماموں:۔ ہاں کہنا ہم گھر پر نہیں ہیں۔

نانا:۔ (کانپ کر) تمہیں یہ نہیں کہنا چاہئے۔

باپ:۔ سوائے میری بہن اور ڈاکٹر کے۔

ماموں:۔ ڈاکٹر کب آئے گا؟

باپ:۔ نصف شب سے قبل وہ نہ آسکے گا۔

(وہ دروازہ بند کر دیتا ہے۔ گھنٹہ گیارہ بجاتا ہے)

نانا:۔ وہ اندر آگئی ہے؟

باپ:۔ کون!

نانا:۔ خادمہ

باپ:۔ نہیں، وہ نیچے چلی گئی ہے۔

نانا:۔ میں یہ سمجھا تھا کہ وہ میز کے قریب بیٹھی ہے۔

ماموں: خادمہ!

نانا:۔ ہاں

ماموں:۔ کیا خوب!

نانا:۔ کمرے میں کوئی نہیں آیا ہے؟

باپ:۔ نہیں، اندر کوئی نہیں آیا۔

نانا:۔ اور تمہاری آپا یہاں نہیں ہیں؟

ماموں:۔ آپا نہیں آئیں۔

نانا:۔ تم مجھے دھوکا دینا چاہتے ہو!

ماموں:۔ آپ کو دھوکا!

نانا:۔ ناہید خدا کے لیئے مجھ سے سچ سچ کہو۔

بڑی لڑکی:۔ نانا ابا، نانا ابا، آپ کو کیا ہو گیا ہے!

نانا:۔ کوئی نہ کوئی بات ضرور ہوئی ہے مجھے یقین ہے کہ میری بچی کی طبیعت اور بھی زیادہ خراب ہے۔۔۔

ماموں:۔ کیا آپ خواب دیکھ رہے ہیں؟

نانا:۔ تم مجھے بتانا نہیں چاہتے۔ میں خوب سمجھتا ہوں کہ کوئی نہ کوئی بات ضرور ہے۔۔۔۔

ماموں:۔ اس صورت میں تو آپ ہم سے بہتر سمجھ سکتے ہیں۔

نانا:۔ ناہید مجھے سچ سچ بتاؤ۔

بڑی لڑکی:۔ مگر ہم نے تو آپ سے سچ سچ کہہ دیا ہے، نانا ابا!

نانا:۔ تم اپنی معمولی آواز میں نہیں بول رہی ہو۔

باپ:۔ یہ اس وجہ سے کہ آپ نے اسے ڈرا دیا ہے۔

نانا:۔ تمہاری آواز بھی بدلی ہوئی ہے۔

باپ:۔ آپ گھبرا گئے ہیں۔

(وہ اور ماموں آپس میں ایسے اشارے کرتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ نانا کے حواس خمسہ جاتے رہے)

نانا:۔ میں خوب سمجھ رہا ہوں کہ تم ڈر رہے ہو۔

باپ:۔ مگر ہم آخر ڈرتے کس سے ہیں؟

نانا:۔ تم مجھے کیوں دھوکا دینا چاہتے ہو؟

ماموں:۔ آپ کو کون دھوکا دینا چاہتا ہے؟

نانا:۔ تم نے چراغ کیوں گل کر دیا؟

ماموں:۔ مگر چراغ تو گل نہیں کیا گیا اب بھی اتنی ہی روشنی ہے جتنی پہلے تھی۔

بڑی لڑکی:۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چراغ کی روشنی کم ہو گئی ہے۔

باپ:۔ مجھے اب بھی اتنا ہی نظر آرہا ہے جتنا پہلے نظر آرہا تھا۔

نانا:۔ میری آنکھوں پر تو پتھر کی سلیں رکھی ہیں۔ بچو مجھے بتاؤ یہاں کیا ہو رہا ہے! خدا کے لیئے مجھے بتاؤ، تم جو دیکھ سکتے ہو۔ میں تنہا ہوں اس بے انتہا تاریکی میں، مجھے یہ بھی نہیں معلوم کہ میرے پاس کون بیٹھا ہے۔ میں نہیں جانتا کہ مجھ سے ایک گز کے فاصلے پر کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔ ابھی ابھی تم کانا پھوسی کر رہے تھے!

باپ:۔ کانا پھوسی تو کسی نے بھی نہیں کی۔
نانا:۔ تم نے دروازے پر چپکے چپکے باتیں کی تھیں
باپ:۔ جو کچھ میں نے کہا وہ آپ نے سن ہی لیا۔
نانا:۔ تم اپنے ساتھ کسی کو کمرے میں لائے تھے!.....
باپ:۔ لیکن میں آپ سے کہہ چکا ہوں کہ کمرے میں کوئی نہیں آیا۔
نانا:۔ تمہاری آپا آئی ہیں یا پادری؟ تمہیں نہیں چاہیئے کہ مجھے دھوکا دو۔ ناہید اندر آنے والا کون تھا؟
بڑی لڑکی:۔ کوئی نہیں نانا ابا۔
نانا:۔ مجھے دھوکا دینے کی کوشش تمہیں نہیں کرنی چاہیئے میں جانتا ہوں کہ میں کیا جانتا ہوں ـــــ یہاں ہم سب کتنے آدمی ہیں؟
بڑی لڑکی:۔ ہم چھ ہیں جو میز کے قریب بیٹھے ہیں نانا ابا۔
نانا:۔ تم سب میز کے قریب ہو؟
بڑی لڑکی:۔ جی ہاں نانا ابا۔
نانا:۔ کیا تم یہاں ہو حشرت؟
باپ:۔ جی ہاں۔
نانا:۔ کیا تم یہاں ہو صولت؟
ماموں:۔ جی ہاں، بلاشبہ میں اپنی روزانہ کی جگہ پر ہوں یہ تو کوئی خطرے کی بات نہیں ہے نا؟
نانا:۔ کیا تم یہاں ہو یاسمین؟
منجھلی لڑکی:۔ جی ہاں نانا ابا۔
نانا:۔ کیا تم یہاں ہو صوفیا؟
چھوٹی لڑکی:۔ جی ہاں نانا ابا
نانا:۔ کیا تم یہاں ہو ناہید؟
بڑی لڑکی:۔ جی ہاں، آپ ہی کے پاس تو بیٹھی ہوں نانا ابا۔
نانا:۔ اور وہ کون ہے جو وہاں بیٹھا ہے؟
بڑی لڑکی:۔ "وہاں" سے آپ کا کیا مطلب ہے نانا ابا؟ وہاں تو کوئی بھی نہیں ہے
نانا:۔ یہاں یہاں ـــــ یہیں ہیں!
بڑی لڑکی:۔ لیکن یہاں تو کوئی بھی نہیں ہے نانا ابا!
باپ:۔ ہم آپ سے کہہ رہے ہیں کہ یہاں کوئی نہیں ہے!
نانا:۔ لیکن کیا تمہیں دکھائی نہیں دیتا ـــــ کسی کو بھی!
ماموں:۔ واہ واہ! آپ مذاق کر رہے ہیں!

نانا:۔ میرا تو اس وقت مذاق کو جی نہیں چاہ رہا۔ میں تمہیں یقین دلا سکتا ہوں۔
ماموں:۔ تو پھر ان کا یقین کر لیجئے جو دیکھ سکتے ہیں۔
نانا:۔ رہے! طمینانی سے مجھے ایسا معلوم ہوا جیسے کوئی یہاں آیا ہے ..... میرا خیال ہے کہ میں زیادہ عرصے تک زندہ نہیں رہوں گا
ماموں:۔ ہم آپ کو آخر دھوکا دیں کیوں؟ بھلا اس سے فایدہ کیا ہوگا؟
باپ:۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ آپ سے سچ سچ کہیں....
ماموں:۔ ایک دوسرے کو دھوکا دینے سے فایدہ کیا ہوگا؟
باپ:۔ غلط فہمی میں آپ زیادہ عرصے تک مبتلا نہیں رہیں گے۔
نانا:۔ میرا جی چاہتا ہے کہ اس تاریکی کو چیر ڈالوں ..... اٹھنے کی کوشش کرتا ہے
باپ:۔ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟
نانا:۔ وہاں.....
باپ:۔ آپ اس قدر مضطرب کیوں ہیں؟
ماموں:۔ آج رات تو آپ عجیب عجیب باتیں کر رہے ہیں۔
نانا:۔ مجھے تو تم سب کے سب عجیب نظر آتے ہو۔
باپ:۔ کیا آپ کو کسی چیز کی ضرورت ہے؟
نانا:۔ میں نہیں جانتا مجھے کیا تکلیف ہے۔
بڑی لڑکی:۔ نانا ابا، نانا ابا! آپ کو کیا چاہیئے نانا ابا؟
نانا:۔ میرے ہاتھوں میں ننھے ننھے ہاتھ دو میرے بچیو!
تینوں لڑکیاں:۔ بہت اچھا نانا ابا۔
نانا:۔ بچیو، تم تینوں کی تینوں کیوں کانپ رہی ہو؟
بڑی لڑکی:۔ ہم تو بالکل بھی نہیں کانپ رہے نانا ابا۔
نانا:۔ میرا خیال ہے کہ تم تینوں کانپ رہی ہو۔
بڑی لڑکی:۔ ہم تو بالکل بھی نہیں کانپ رہے نانا ابا۔
نانا:۔ میرا خیال ہے کہ تم تینوں کا رنگ زرد پڑ گیا ہے۔
بڑی لڑکی:۔ بہت دیر ہو گئی نانا ابا، اور ہم تھکے ہوئے ہیں۔
باپ:۔ تمہیں سو جانا چاہیئے، اور بہتر ہوگا کہ نانا ابا اب خود بھی قدرے آرام کریں۔
نانا:۔ مجھے آج رات کو نیند نہ آئے گی۔
ماموں:۔ ہم ڈاکٹر کا انتظار کریں گے

نانا:۔ مجھے صحیح واقعہ کے لئے تیار کرو۔

ماموں:۔ لیکن صحیح واقعہ تو کوئی ہے ہی نہیں۔

نانا:۔ تو پھر میں نہیں جانتا کہ بات کیا ہے!

ماموں:۔ میں آپ سے کہتا ہوں کہ کوئی بات نہیں ہے!

نانا:۔ کاش میں اپنی غریب بچی کو دیکھ سکتا!

باپ:۔ مگر یہ تو آپ کو اب معلوم ہے کہ یہ ماتمن سے انہیں خواہ مخواہ جگانا نہیں چاہیئے۔

ماموں:۔ آپ کل انہیں دیکھ لیں گے۔

نانا:۔ اس کے کمرے میں کسی قسم کی آواز نہیں ہے!

ماموں:۔ کسی قسم کی آواز سنائی نہیں دیتی!

نانا:۔ مجھے اپنی بچی کو دیکھے ہوئے بہت عرصہ گذر گیا!..... میں نے کل شام کو اس کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیئے تھے مگر میں اُسے دیکھ نہ سکا!..... مجھے نہیں معلوم وہ کیسی ہے..... میں نہیں جانتا وہ کیسی ہے..... مجھے خبر نہیں اب اس کا چہرہ کیسا ہے..... ان ہفتوں میں وہ بدل گئی ہوگی!..... میں نے اُس کے رخساروں کی ننھی ننھی ہڈیاں ہاتھوں سے ٹٹول کر دیکھی تھیں..... سوائے تاریکی کے میرے اور اس کے درمیان اور کچھ نہیں ہے! میں اس طرح زندہ نہیں رہ سکتا..... یہ بھی کوئی زندگی ہے..... تم سب کے سب بیٹھے اپنی کھلی ہوئی آنکھوں سے میری مردہ آنکھوں کو دیکھتے رہتے ہو اور تم میں سے کوئی ایک کو بھی مجھ پر ترس نہیں آتا!..... میں نہیں جانتا مجھے کیا چیز ستا رہی ہے..... جو کچھ مجھ سے کہنا چاہیئے مجھ سے کوئی نہیں کہتا..... جب کسی کے خواب بھی کسی چیز پر مرکوز ہو جائیں تو اس چیز سے ڈر لگنے لگتا ہے..... مگر تم آخر کیوں نہیں بولتے؟

ماموں:۔ جب آپ ہم پر یقین ہی نہیں کرتے تو پھر ہم کیا بولیں!

نانا:۔ تم ڈرتے ہو کہ کہیں تمہارے دل کی بات تمہارے منہ سے نہ نکل جائے!

باپ:۔ چھوڑیئے اس کو عقل کی باتیں کیجئے

نانا:۔ تم مجھ سے بہت عرصے سے کوئی بات چھپا رہے ہو!..... گھر میں کوئی بات ضرور ہوئی ہے..... لیکن اب میں سمجھ چلا ہوں..... تم مجھے بہت عرصے سے دھوکا دیتے رہے ہو!

——— کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ مجھے کبھی کچھ نہ معلوم ہوگا!———

بعض لمحے ایسے ہوتے ہیں جب میں تم سے کم اندھا ہوتا ہوں، جانتے ہو!..... کیا تم سمجھتے ہو کہ میں نے تمہیں کانا پھوسی کرتے نہیں سُنا——— ——— گویا تم کسی ایسے آدمی کے گھر میں ہو جس کو پھانسی دے دی گئی ہو——— آج رات کو میں جو کچھ جانتا ہوں اُسے اپنے مُنہ سے نکالنا نہیں چاہتا..... لیکن مجھے صحیح واقعہ کا علم ہو کر رہے گا!..... میں اس کا انتظار کروں گا کہ خود تم مجھ سے سچی بات کہہ دو۔ مگر باوجود تمہاری رازداری کے مجھے ایک طویل عرصے سے اس کا علم ہے!— اور اب میں محسوس کرتا ہوں کہ تم سب مُردوں سے بھی زیادہ زرد پڑے ہوئے ہو!

تینوں لڑکیاں:۔ نانا ابا! نانا ابا! کیا بات ہے نانا ابا؟

نانا:۔ سچو، میں تمہارا ذکر نہیں کر رہا نہیں، میں تمہارا کوئی ذکر نہیں کر رہا..... میں خوب جانتا ہوں کہ تم تو مجھ سے سچ ہی بولو گی——— اگر وہ تمہارے قریب نہ ہوں!..... اور اس کے علاوہ مجھے یقین ہے کہ وہ تمہیں بھی دھوکا دے رہے ہیں۔ تم دیکھو گی بچو——— تم دیکھو گی!..... کیا میرے کانوں میں تم سب کے رونے کی آواز نہیں آ رہی!

باپ:۔ کیا میری بیوی فی الحقیقت اس قدر بیمار ہے!

نانا:۔ مجھے اب دھوکا دینے کی کوشش بے سود ہے۔ پانی اب سر سے گزر چکا، اور مجھے تم سے زیادہ صحیح واقعے کا علم ہے!...

ماموں:۔ مگر ہم بھی اندھے نہیں ہیں۔ ہمارے دیدے بھی پتھر نہیں ہو گئے

باپ:۔ کیا آپ اپنی بیٹی کے کمرے میں جانا چاہتے ہیں؟ اس غلط فہمی کا ازالہ ہو جانا چاہیئے——— کیا آپ جانا چاہتے ہیں؟

نانا:۔ (ایک دم سے مطمئن ہو کر) نہیں نہیں۔ اب نہیں——— ابھی نہیں۔

ماموں:۔ دیکھا آپ نے۔ آپ کس قدر غیر معقول باتیں کر رہے ہیں۔

نانا:۔ یہ کوئی نہیں جانتا کہ کوئی انسان اپنے خیالات کا اپنی زندگی میں اظہار کرنے سے کس قدر قاصر رہا!..... یہ آواز کس کی ہے؟

بڑی لڑکی:۔ چراغ ہوا سے بھڑک رہا ہے نانا ابا۔
نانا:۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہت بھڑک رہا ہے ——— بہت!
بڑی لڑکی:۔ سرد ہوا اسے ستا رہی ہے ....
ماموں:۔ سرد ہوا تو بالکل نہیں ہے۔ کھڑکیاں بند ہیں۔
بڑی لڑکی:۔ میں سمجھتی ہوں کہ وہ بجھ رہا ہے۔
باپ:۔ تیل ختم ہو گیا ہے
بڑی لڑکی:۔ وہ بالکل بجھ گیا۔
باپ:۔ ہم اس طرح اندھیرے میں نہیں بیٹھ سکتے۔
ماموں:۔ کیوں نہیں؟ ——— میں تو اس کا خوب عادی ہوں۔
باپ:۔ میری بیوی کے کمرے میں ایک چراغ ہے۔
ماموں:۔ جب ڈاکٹر ہو کر چلا جائے گا تو ہم اُسے اٹھا لائیں گے۔
باپ:۔ خیر ہمیں یہاں خاصہ تو نظر آ رہا ہے۔ باہر سے روشنی آ رہی ہے۔
نانا:۔ کیا باہر روشنی ہے؟
باپ:۔ یہاں سے زیادہ
ماموں:۔ میں اپنی تو یہ کہتا ہوں کہ تاریکی ہی میں باتیں کرنی پسند کروں گا۔
باپ:۔ میں بھی اسی کو ترجیح دیتا ہوں (خاموشی)
نانا:۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گھنٹہ بہت شور مچا رہا ہے .....
بڑی لڑکی:۔ یہ اس لیے معلوم ہو رہا ہے کہ ہم اب بول نہیں رہے نانا ابا۔
نانا:۔ لیکن تم سب کے سب چپکے کیوں ہو؟
ماموں:۔ کس چیز کے متعلق آپ چاہتے ہیں کہ ہم باتیں کریں؟ ---
آج شب کو تو آپ کچھ عجیب ہی عجیب بنتے جا رہے ہیں۔
نانا:۔ کیا کمرے میں بہت اندھیرا ہے؟
ماموں:۔ یہاں زیادہ روشنی نہیں ہے۔ (خاموشی)
نانا:۔ میری طبیعت بگڑ رہی ہے ناہید۔ کھڑکی ذرا سی کھول دو۔
باپ:۔ ہاں بیٹی کھڑکی ذرا سی کھول دو مجھے خود ہوا کی کمی محسوس ہو رہی ہے (لڑکی کھڑکی کھولتی ہے)
ماموں:۔ مجھے یقین ہے کہ ہم بہت دیر تک بند بیٹھے رہے ہیں۔
نانا:۔ کیا کھڑکی کھلی ہوئی ہے
بڑی لڑکی:۔ جی ہاں نانا ابا چوپٹ کھلی ہوئی ہے۔
نانا:۔ کسی کو خیال بھی نہیں آ سکتا کہ وہ کھلی ہوئی ہے باہر کوئی ہلکی سے ہلکی صدا بھی نہیں ہے۔
باپ:۔ خاموشی غیر معمولی ہے!
بڑی لڑکی:۔ فرشتہ بھی اگر چلے تو اس کے پاؤں کی چاپ سنائی دے جائے!
ماموں:۔ اسی وجہ سے تو مجھے دیہات پسند نہیں ہے
نانا:۔ کاش مجھے کوئی آواز سنائی دے جائے۔ ناہید اب کیا بجا ہے؟
بڑی لڑکی:۔ آدھی رات ہوا چاہتی ہے نانا ابا۔
(ماموں کمرے میں ٹہلنا شروع کرتا ہے)
نانا:۔ یہ کون ہے جو اس طرح ہمارے قریب چل پھر رہا ہے؟
ماموں:۔ میں ہوں جناب میں ہوں! میں تھوڑی سی چہل قدمی کرنی چاہتا ہوں۔ آپ ڈریئے (خاموشی) ——— لیکن میں بیٹھا جاتا ہوں۔ مجھے نظر نہیں آتا کہ میں کہاں جا رہا ہوں (خاموشی)
نانا:۔ میرا تو یہاں دم بولا رہا ہے۔ کاش میں کہیں اور جا سکتا!
بڑی لڑکی:۔ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں نانا ابا؟
نانا:۔ میں نہیں جانتا کہاں ——— کسی اور کمرے میں کہیں بھی کسی جگہ!
باپ:۔ ہم کہاں جا سکتے ہیں!
ماموں:۔ اب تو اتنی دیر ہو گئی ہے کہ کہیں آ جا نہیں سکتے۔
(خاموشی۔ وہ میز کے گرد ساکت بیٹھے رہتے ہیں)
نانا:۔ ناہید یہ میں کس کی آواز سن رہا ہوں؟
بڑی لڑکی:۔ کوئی نہیں ہے نانا ابا۔ پتوں کے گرنے کی آواز ہے ——— جی ہاں، برآمدے میں پتے گر رہے ہیں۔
نانا:۔ ناہید جا کر کھڑکی بند کر دو۔
بڑی لڑکی:۔ بہت اچھا نانا ابا۔
(وہ کھڑکی بند کر دیتی ہے اور واپس آ کر پھر بیٹھ جاتی ہے)
نانا:۔ مجھے سردی لگ رہی ہے (خاموشی۔ تینوں بہنیں ایک دوسرے کو پیار کرتی ہیں) اب مجھے یہ کس چیز کی آواز آ رہی ہے؟
باپ:۔ تینوں بہنیں ایک دوسرے کو پیار کر رہی ہیں۔

ماموں:۔ مجھے یہ تینوں آج شب کو بہت زرد نظر آ رہی ہیں (خاموشی)

نانا:۔ اب یہ کس چیز کی آواز آئی؟ ناہید!

بڑی لڑکی:۔ کسی کی نہیں نانا ابا۔ میں نے صرف اپنے ہاتھ ہلائے تھے (خاموشی)

نانا:۔ اور یہ!....

بڑی لڑکی:۔ مجھے نہیں معلوم نانا ابا۔ ... شاید میری بہنیں کچھ کانپ رہی ہیں!....

نانا:۔ مجھے بھی ڈر لگ رہا ہے میری بچیو۔

(چاند کی ایک کرن رنگین شیشے کے کونے میں سے گزر کر کمرے میں ادھر اُدھر عجیب و غریب روشنی ڈالتی ہے۔ گھنٹہ بارہ بجاتا ہے۔ آخری ضرب پر ایک مدھم سی آواز سنائی دیتی ہے جیسے کوئی جلدی میں اٹھ کر کھڑا ہو)

نانا:۔ (بہت خوف سے کانپ کر) یہ کون ہے جو اٹھا ہے!

ماموں:۔ اٹھا تو کوئی بھی نہیں!

باپ:۔ میں تو نہیں اٹھا!

تینوں لڑکیاں:۔ اور نہ میں! — اور نہ میں! — اور نہ میں!

نانا:۔ ابھی ابھی کوئی میز کے قریب سے اٹھا ہے!

ماموں:۔ چراغ روشن کرو!...

(بچے کے دائیں جانب کے کمرے میں سے خوف کی چیخیں بلند ہوتی ہیں منظر ختم ہونے تک یہ چیخیں مسلسل سنائی دیتی ہیں)

باپ:۔ بچے کی آواز سنو!

ماموں:۔ اس سے پہلے تو وہ کبھی رویا ہی نہیں!

باپ:۔ چلو چل کر اُسے دیکھیں!

ماموں:۔ روشنی! روشنی!

(اسی لمحے میں بائیں جانب کے کمرے میں عجلت آمیز اور بھاری بھاری قدموں کی آواز سنائی دیتی ہے — پھر موت کی سی خاموشی ——— وہ خوف سے گونگے بنے سنتے رہتے ہیں یہاں تک کہ کمرے کا دروازہ آہستہ آہستہ کھلتا ہے کمرے کی روشنی اس کمرے میں پڑتی ہے۔ مسیحی خادمہ دروازے میں نمودار ہوتی ہے۔ اس کا لباس سیاہ ہے اور سر جھکائے ہوئے صلیب کا نشان بناتی ہے اور اس طرح بیوی کی موت کا اظہار کرتی ہے۔ وہ سمجھ جاتے ہیں اور فوری خوف کی وجہ کافی سمجھ میں چند لمحوں کے لئے نہیں آتا کہ کیا کریں پھر خاموشی سے مرنے والی کے کمرے میں داخل ہوتے ہیں ماموں چوکھٹ پر ایک طرف کھڑا ہو جاتا ہے تاکہ تینوں لڑکیاں پہلے داخل ہو جائیں انجام آدمی اکیلا رہ جاتا ہے۔ گھبرا کر اٹھتا ہے اور اندھیرے میں میز کے گرد ٹٹول ٹٹول کر اپنا راستہ تلاش کرتا ہے۔

نانا:۔ تم کہاں جا رہی ہو! — تم کہاں جا رہے ہو؟ — لڑکیوں نے مجھے بالکل اکیلا چھوڑ دیا ہے:

(میٹر لنک) ——— ختم شد ——— **شاہد**

تیاگ

مجھے تمام دن تیری یاد سے احتراز لازم ہے!

دن بھر میں تیرے خیال کو جسے میں آسمان کی بلندیوں کی نیلاہٹ اور راگ کے میٹھے سروں میں بھی پنہاں پاتا ہوں اپنے اس ٹوٹے ہوئے دل سے دور رکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ لیکن ان خیالوں کے پیچھے جو میرے سینے میں اُمڈے رہتے ہیں تیرا حسین خیال پوری تجلی سے مستور رہتا ہے۔

آہ میرے لئے اظہار ناممکن ہے اور تجھ سے احتراز لازم مگر جب نیند طویل اور تھکا دینے والے دن کو ختم کر دیتی ہے اور رات مجھے اس پہرے سے جو دن بھر میں تیرے خیال پر لگائے رکھتا ہوں چھٹکارا دلاتی ہے تو میں اپنی فرزانگی کی زنجیروں کو اس طرح علیحدہ رکھ دیتا ہوں جیسے دن کے کپڑے اور اپنی پہلی خواب میں دوڑ کر تجھ سے لپٹ جاتا ہوں۔

(ایلس مینل)

محمد اقبال
(بی اے رعلیگ)

وجدانِ روح

نظر میں، روح میں، دل میں سمائے جاتے ہیں
تمام عالمِ امکاں پہ چھائے جاتے ہیں

ہر اک قدم کو وہ منزل بنائے جاتے ہیں
تعیّنات کی وسعت بڑھائے جاتے ہیں

نشانِ بتکدۂ دل مٹائے جاتے ہیں
وہ اپنے کعبۂ دیریں کو ڈھائے جاتے ہیں

جو اٹھ سکے تھے نہ خود حسن کے اٹھائے سے
وہ پردہ ہائے دوئی اب اٹھائے جاتے ہیں

جو گر سکے تھے نہ خود عشق کے گرائے سے
وہ سب حجابِ محبت گرائے جاتے ہیں

چھپا چھپا کے جنہیں مصلحت نے رکھا تھا
وہ جلوے اب سرِ محفل دکھائے جاتے ہیں

سنبھل کر اے نگہِ شوق بزمِ دوست ہے یہ
یہاں خراب نظر آزمائے جاتے ہیں

نہ پوچھ کارگہِ عشق کا طلسم، نہ پوچھ
قدم قدم پہ تماشے دکھائے جاتے ہیں

پتہ نہیں کہیں ان کا اور ان کے دیوانے
تصوّرات کی محفل سجائے جاتے ہیں

کہاں کی لغزشِ پا اب یہ حال ہے ساقی
کہ سر سے تا بقدم ڈگمگائے جاتے ہیں

یہ میکدہ ہے، ترا مدرسہ نہیں واعظ
یہاں شراب سے انساں بنائے جاتے ہیں

یہ قصرِ حسن ہے آتشکدہ محبت کا
بجائے شمع یہاں دل جلائے جاتے ہیں

جگر بھی شق ہے یہاں شدّتِ تجلّی سے
وہ دیکھتے ہیں مگر مسکرائے جاتے ہیں

ستم کا بوجھ تو اٹھ ہی گیا محبت میں
ہم ان کا بارِ کرم بھی اٹھائے جاتے ہیں

تمام عالم محسوس کانپ اٹھتا ہے
جب آنکھ سے کہیں آنسو بہائے جاتے ہیں

ہمارا حال تو دیکھا ہمارا ظرف بھی دیکھ
نگاہ اٹھتی نہیں غم اٹھائے جاتے ہیں

تلاش لازمۂ عاشقی نہیں ساغر
نہ ڈھونڈنے پہ بھی وہ ہم میں پائے جاتے ہیں

ساغر (نظامی)

برنارڈ شا — دوست اور مخالف کی حیثیت سے

برنارڈ شا کو بہت کم لوگ دوست کی حیثیت سے جانتے ہیں کیونکہ وہ ادیبوں سے عموماً اس طرح کتراتا ہے جس طرح کہ ڈیوک آف ولنگٹن اپنے سپاہیوں سے گریز کرتا تھا۔ نہ صرف ادیبوں ہی کو وہ نظر انداز کرتا ہے بلکہ ہر قسم کی سوسائٹی سے الگ تھلگ رہتا ہے۔ وہ کسی کلب میں نہیں جاتا اور نہ دعوتوں میں عام طور پر دکھائی دیتا ہے۔ ملاقاتوں کے لیئے وہ کسی کا دروازہ نہیں کھٹکھٹاتا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے سو سے زیادہ وزیٹنگ کارڈ استعمال نہیں کئے وہ سواری نہیں کرتا شکار نہیں کھیلتا ٹینس، کرکٹ یا کسی کھیل میں دلچسپی نہیں لیتا۔ اور نہ ایسا کام کرتا ہے جس میں کسی دوسرے کی شرکت ضروری ہو کہا جاتا ہے کہ شا اور آسکر وائلڈ ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے تھے دونوں کا مطمح نظر ایک تھا اور اکثر موقعوں پر دونوں نے ایک ہی طرز عمل اختیار کیا۔ لیکن شا کی شخصیت آسکر وائلڈ سے بڑھی ہوئی ہے۔ حالانکہ شا بہت رحمدل ہے لیکن اس کے اظہارات اس کو بے حد نفرت ہے وہ اس خیال سے بہت پریشان ہوتا ہے کہ کہیں سارے یورپ کے مفلس اس پر دعاوانہ بول دیں۔ چونکہ کسی زمانہ میں افلاس کی مصیبت اس پر بھی پڑ چکی ہے اس لیے دوبارہ افلاس کے گرداب میں پھنس جانے کے خیال سے لرزہ براندام ہو جاتا ہے۔

ایک دفعہ آسکر وائلڈ نے شا کی بہن کو کہیں گاتے ہوئے سنا اور اتنا متاثر ہوا کہ لیڈی وائلڈ شا کی بہن کو کھانے پر بلانے کیلئے مجبور ہوئی اسی سلسلہ میں شا اور آسکر کی پہلی ملاقاتیں ہوئیں۔ کچھ عرصہ بعد جب شا نے "سوشلزم" پر خطبہ پڑھا تو آسکر بھی سامعین میں موجود تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اسی سے متاثر ہو کر آسکر نے THE SOUL OF MAN under Socialism لکھی۔

جب آسکر قید خانے بھیج دیا گیا اور لوگوں میں تھوڑا سا انتشار ہوا تو شا نے اس کی رہائی کے لیئے حکومت کو توجہ دلانے کی غرض سے مسودہ تیار کیا۔ آسکر کا بھائی شا سے ملا اور اس مسودہ کا ذکر کیا تو شا نے کہا کہ اس محضر پر سوائے اس کے اور اسٹیورٹ ہیڈلام کے کوئی دستخط نہ کریں گے اور چونکہ یہ دونوں بدنام ہیں اس لیئے فائدہ کے بجائے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ رابرٹ وائلڈ آسکر کا بھائی، خاموش ہو گیا اور شا کے مسودہ کا حال وہی بہتر جانتا ہے کہ کیا ہوا قید میں آدھی سزا بھگتنے کے بعد آسکر کی صحت خراب ہو گئی۔ فرانک ہیرس (FRANK HARRIS) اس کی رہائی کی کوشش میں مصروف ہوا۔ قید خانہ کے اعلیٰ عہدہ داروں نے ہیرس کو مشورہ دیا کہ اگر بارہ مشہور ادیب ایک محضر پر دستخط کریں اور ہوم سکرٹری کو آسکر کی رہائی کی طرف متوجہ کریں تو کامیابی کا امکان ہے کوشش کے باوجود ہیرس بارہ ادیبوں کو متفق الخیال کرنے میں ناکام رہا اور جب وہ شا کے پاس پہنچا تو اس نے کہا "میں اس کے لیئے موزوں نہیں ہوں۔ بھاری بھرکم ادیبوں کے دستخط لو"

عجیب اتفاق کی بات ہے کہ جب شکاگو کے ہنگامہ کرنے والوں کو سزائے موت سنائی گئی تو شا نے ان کی تائید میں ایک محضر تیار کرنے کی کوشش کی اور اس پر سوائے آسکر کے دستخط کے اور کسی کے دستخط لے نہ سکا۔ باوجود اس کے شا اور آسکر کے خیالات کے درمیان ایک عمیق خلیج حائل تھی آسکر کا مشہور ڈراما Importance of being Earnest شا کی نظروں میں کوئی خاص بات نہ رکھتا تھا۔ جہاں آسکر آرٹ کے متعلق گفتگو کرتا ہے شا اس کو فضول بکواس سے زیادہ اہمیت نہیں دیتا۔ شا کے خیال میں آسکر اسٹائل کا زیادہ لحاظ رکھتا ہے بہ نسبت نفس مضمون کے پہلی چیز ایک دفعہ شا نے آسکر کے متعلق لکھا "جو ہم کسی نئے نوکر سے دریافت کرتے ہیں وہ اس کی ایمانداری اور جفاکشی کا صداقت نامہ ہے کیونکہ یہ چیزیں دنیا میں کم ہیں اور فراست اور ذہانت چوہوں کی طرح عام ہیں" حالانکہ دنیا کہتی ہے کہ ذہین بنتا نہیں بلکہ پیدا ہوتا ہے اور وہ بھی بہت کم۔

۱۹۳۱ء میں ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ ہیرس کی کتاب "آسکر کی سوانح" بہت مشہور ہوئی ایک فلم کمپنی آسکر کے متعلق فلم بنانا چاہتی

ابيل لاوى

برنارد شا

تھی اور اس نے اس کی تیاری کا کام ہیرس کے سپرد کیا۔ لیکن اس کی خواہش تھی کہ کسی طرح خواہ برائے نام ہی کیوں نہ ہو۔ شا کو بھی اس میں شریک کر لیا جائے اور اس کے لیے وہ چھ سو پونڈ دینے کے لئے آمادہ تھی۔ ہیرس نے اپنی بیوی کے نام کیبل (cable) کیا کہ وہ شا سے مل کر اس کا تصفیہ جلد کرے لیکن ہر دفعہ جب آپ شا کے نام ضروری کیبل کریں آپ کو یقیناً پوسٹ کارڈ کے ذریعے سے جواب ملے گا۔ مگر اتفاقاً اس دفعہ ایک طویل خط ہیرس کو ملا جس کا دلچسپ اور ضروری حصہ حسب ذیل ہے:۔

"۔۔۔ اول یہ کہ میں آسکر وائلڈ کا فلم تیار کرنے کے معاوضہ میں بلکہ صرف اشتہار میں اپنا نام دے کر دس ہزار پونڈ لے سکتا ہوں۔ میرے بس کی دراز میں اس قسم کی خواہشات موجود ہیں کہ اگر میں سال میں صرف دو فلم بھی تیار کروں تو بیس ہزار پونڈ حاصل کر سکتا ہوں اور پھر پانچ سال کی گارنٹی کے ساتھ۔ ایک مہینہ بلکہ ایک ہفتہ بھی ایسا نہیں گذرتا جبکہ کوئی نہ کوئی مفلس مصنف میری عاجزی نہیں کرتا کہ میں اس کی کتاب پر دیباچہ لکھ کر اس کی زندگی کا ورق الٹ دوں۔ ایسی صورت میں آپ کی یہ کوشش کہ میں آپکا شریک کار ہو جاؤں آپ کو بے ضرورت تشکر یہ کا مستحق بناتا ہے۔

دوسرے یہ کہ میں شادی شدہ ہوں۔ اور میری بیوی میرے کاروبار میں برابر کی شریک ہے وہ اپنا روپیہ امور خانہ داری پر خرچ کرتی ہے اور میں اپنا روپیہ بینک میں رکھواتا ہوں۔ آپ کی فرم کی طرف سے میرے نام کا معاوضہ دس ہزار پونڈ مقرر ہے۔ اس لیے تنہا میں اس میں کمی ڈیش کرنے کا اختیار نہیں رکھتا

تیسرے یہ کہ گو میں نے آسکر کی سوانح پر جو کچھ لکھا ہے اس کے حقوق محفوظ کرا لئے ہیں مگر میری تحریر میں آسکر کی زندگی کے متعلق کوئی واقعہ محفوظ نہیں ہوا۔ اسی لئے کوئی فلم آسکر کی زندگی کے متعلق میرے پیش لفظ کی مدد کے بغیر بھی مکمل ہو سکتا ہے۔ نہ میں ہیرس کو آسکر کے متعلق فلم تیار کرنے سے روک سکتا ہوں اور نہ فلم کمپنی کے کاروبار میں دخل دے سکتا ہوں البتہ اپنے نام کی وقعت گھٹانے سے فلم کمپنی کو روک سکتا ہوں۔

۔۔۔۔۔ میری دانست میں اس قسم کا فلم اور خصوصاً آج کے ادیب کا ماحول صحیح طور پر فلم میں پیش کرنا بہت مشکل ہے اور اگر صحیح ماحول نہیں پیش کیا گیا تو ادیب کی شخصیت کا خون ہوگا۔

۔۔۔۔ اگر فلم کمپنی نے میرا نام استعمال کیا تو میں اس پر قانونی بجلیاں گراؤں گا۔ آپ اس دھمکی سے کام لے کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کیونکہ اگر فلم کمپنی نے میرا نام استعمال کیا تو آپ کا نام جاذب نظر نہ رہے گا اور اس طرح آپ کو نقصان پہنچے گا۔ ۔ ۔

شا لوگوں کو خوش رکھنے کا خواہشمند نہیں ہے بلکہ اس کو معلوم ہے کہ انہیں کس طرح دشمن بنایا جا سکتا ہے اور وہ اس کو ایک بڑے آدمی کا کمال سمجھتا ہے۔ ایک جگہ وہ کہتا ہے "دوست کے ساتھ یہ سمجھ کر برتاؤ کرو کہ وہ ایک نہ ایک دن تمہارا دشمن ہو سکتا ہے اور دشمن کے ساتھ یہ خیال کر کے سلوک کرو کہ وہ کسی نہ کسی دن تمہارا دوست ہو سکتا ہے"

دوسری جگہ وہ ہمیں آگاہ کرتا ہے "ایسے آدمی سے ہوشیار رہو جو تمہارے پتھر کا جواب پتھر سے نہ دے کیونکہ وہ نہ خود معاف کرتا ہے اور نہ تم کو معافی چاہنے کا موقع دیتا ہے"

شا کا خیال ہے کہ دنیا نے اس کے متعلق جو کچھ بھی سمجھا ہے وہ حقیقت سے بہت کم ہے۔ دراصل اپنی قیمت سے وہ خوب آگاہ ہے اسی لیے جب آپ اس کے منہ پر تعریف کریں تو وہ "بلا تکلف انکساری" اور "شرمیلے پن" سے بے نیاز ہو کر بڑے شدومد کے ساتھ اپنے منہ میاں مٹھو بنتا ہے۔ مگر یہاں ایک چیز یاد رکھنے کے قابل ہے کہ شا مخالفت کے مقابلہ میں نسبتاً بہت زیادہ اپنے آپ کو سراہتا ہے۔ اس کے سامنے کہا جائے کہ وہ شیکسپیئر سے کم درجہ رکھتا ہے تو اپنے آپ کو شیکسپیئر سے اتنا اونچا بتائے گا کہ آپ کا دماغ چکرانے لگے گا۔ برخلاف اس کے اگر کوئی اس کے آگے اعتراف کرے کہ وہ یقیناً شیکسپیئر سے بڑا ڈرامہ نگار ہے تو اپنی تعریف میں نسبتاً کم غلو کرے گا۔ کیونکہ میریڈتھ meredith کی طرح اس کا خیال ہے کہ ضرورت سے زیادہ اعزاز اس شخص کے لئے فائدہ مند نہیں ہے جو اس دنیا میں رہنا چاہتا ہے اور کام کرنا چاہتا ہے۔

جنھوں نے شا کی تصنیفات کا مطالعہ کیا ہے اور اس کو منہ پھٹ اور ایک حد تک گستاخ خیال کرتے ہیں وہ اگر پہلی مرتبہ شا سے ملنے جاتے ہیں تو اول اپنے آپ کو ہر قسم کے طعن و تشنیع سننے پر آمادہ کر لیتے ہیں اور ہر قسم کی دریدہ دہنی کی توقع رکھ کر اس کا دروازہ کھٹکھٹاتے ہیں۔ لیکن اندازہ نہیں کیا جا سکتا ہے کہ جب وہ اپنی امیدوں کے خلاف ایک سنجیدہ، مہذب اور متبسم چہرہ اپنے سامنے دیکھتے ہیں تو ان کی کیا حالت ہوتی ہے۔ اس کے بات کرنے کا خاص انداز دیکھ کر انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں۔ جس طرح اس کے خیالات وزنی ہوتے ہیں اسی طرح اس کی آواز بھی بھاری ہوتی ہے اور الفاظ پر ضرورت کے لحاظ سے بہت زور دیتا ہے۔ ہاتھ بار بار ٹانگوں کو حرکت دیتا ہے اور ایک کو دوسرے پر رکھتا ہے۔ جیبوں میں ہاتھ ڈالتا اور نکالتا ہے صوفہ کے کبھی کونہ پر پہنچ جاتا ہے کبھی بیچ میں نہایت وقار کے ساتھ بیٹھتا ہے اور کبھی پشت کا سہارا لے کر آرام لیتا ہے۔ وہ گھنٹوں گفتگو کر سکتا ہے مگر اس درمیان میں کبھی کبھی قہقہوں کی مدد لیتا ہے۔ کسی نے اس کے متعلق کہا ہے "وہ سونے کا دل رکھتا ہے جس کو وہ بڑی چالاکی سے چھپاتا ہے" کہنے والے کا اشارہ غالباً شا کی فیاضی کی طرف ہے جبکہ اس نے "ڈریم" کے کوئلہ کھودنے والوں کے لئے سستے مکانات بنانے کی غرض سے تیس ہزار پونڈ دیئے تھے۔

شا کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ سخت سے سخت مخالفتوں اور حملوں کا جواب متانت اور سنجیدگی بلکہ اپنے مخصوص مزاحیہ اور طنزیہ انداز میں دیتا ہے۔ کتنی دفعہ ہنری آرتھر جونز نے اس کو "غدار" "بکیسنہ" "افعی" وغیرہ کے زہریلے الفاظ کی "دی مارننگ پوسٹ" کے ذریعے سے بارش کی لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شا اس سلوک سے متاثر ہی نہیں ہوتا اور وہی اپنے مخصوص انداز میں جونز کو یقین دلاتا تھا کہ وہ ابھی اس کو ایک مہربان دوست ہی سمجھتا ہے۔

جارج سلوسٹر ویرک GEORGE SYLVESTER VIERICK کو جنگ کے زمانہ میں کسی امریکی ادبی ادارہ سے خارج کر دیا گیا تھا شا نے اسکی مدد کے لئے دخل دینا شروع کیا۔ اس کا کہنا یہ تھا کہ کسی مصنف کو ادبی دارہ سے محض اس کے سیاسی خیالات کی وجہ سے علیحدہ کر دینا بڑی غلطی ہے کیونکہ ایسا کرنے میں ادبی ادارہ کی حیثیت سیاسی پارٹی کی ہو جائے گی اس کے جواب میں برنارڈ شا کو جو خط ملا وہ یہ تھا:۔

"جناب من!

..... آپ کا خط مورخہ ۱۵ جنوری ملا جس میں آپ نے ادبی ادارہ کے ممبروں کے اخراج پر بحث کی ہے۔

میں امریکہ میں رہتا ہوں اور امریکی ادبی ادارہ کے معاملات میں کسی اینگلو آئرشمین ANGLO-IRISHMAN کو دخل در معقولات کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

آزاد ملک والوں کے گھریلو معاملات میں کسی باہر والے کی مداخلت بے ضرورت اور ناشائستہ کہی جائے گی۔

مخلص

بی پالن

شا بھلا اس لب و لہجہ کو کب برداشت کر سکتا تھا۔ جواب دیا:۔

"جناب من!

آپ کے خط مورخہ ۱۷ فروری سے مجھے امید بندھ رہی ہے کہ آپ شاید مجھے انکم ٹیکس کی وہ رقم جو ۱۹۳۳ء سے میں امریکی خزانہ میں داخل کر رہا ہوں واپس دلا سکیں گے۔ چونکہ امریکی حکومت کا انحصار اس اصول پر ہے کہ بغیر نمائندگی کے ٹیکس نہ لیا جائے۔ اس لئے اگر آپ یہ ثابت کرنے میں کامیاب ہو جائیں کہ مجھے امریکی معاملات میں دخل دینے کا کوئی اختیار نہیں ہے تو یقیناً میں بھی اپنی انکم ٹیکس کی رقم واپس لینے میں کامیاب ہو سکوں گا۔

اور جب تک اس کا تصفیہ ہوتا رہے مجھے حق حاصل ہے کہ میں کسی بھی امریکی معاملات میں اپنی رائے کا ڈنکے کی چوٹ اعلان کرتا رہوں۔

بر سبیل تذکرہ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ انگریز ہیں! آپ کے خط کے انداز سے انگریزوں کا بھونڈا مذاق ظاہر ہوتا ہے۔

مخلص

برنارڈ شا

ہیرس شا کے قدیم دوستوں میں سے تھا لیکن جب ہیرس نے سوانح لکھنے کے سلسلے میں اس سے چند سوالات کئے تو شا نے جواب دیا:۔

..... تم نے مجھ سوالات کئے ہیں جن کا جواب ایک کتاب کی شکل میں ہوگا تم اس کو مخصوص سوانح نگار کی فضول طرز میں مرتب کرو گے اس کے علاوہ یہ بھی معلوم ہوا کہ تم مجھ میں نئی روح پھونکنا چاہتے ہو کیا تم کو نہیں معلوم کہ شا اور شیکسپیئر جیسی ہستیاں روح نہیں رکھتیں ہم تمام روحوں کو سمجھتے ہیں اور تمام عقیدوں کو پہچانتے ہیں اور ہم ان کو ڈرامائی شکل میں پیش کرتے ہیں لیکن ہم میں اس قسم کی کوئی چیز نہیں ہوتی .....

..... تم نہیں جانتے کہ میں کس قسم کا انسان ہوں اگر وقت ملے تو بتلاؤں کہ واقعات کیا ہیں! اور وہ تمہارے لیئے کس قدر پریشان کن ہیں مگر افسوس کہ وقت نہیں ہے اس لیئے سوانح نگاری کے خیال سے باز آؤ میں مذاق نہیں کر رہا ہوں (بے وقوف آدمی!) بلکہ حقیقت کا اظہار .....

تمہارا
شا

دوسرا خط ملاحظہ ہو۔

ایک امریکی فرم نے تمہاری کتاب "مزار شا" کا اشتہار دیا ہے جس میں اس کا بھی ذکر ہے کہ یہ کتاب میری اجازت سے شائع ہوگی اور اس میں پندرہ ہزار الفاظ میرے قلم سے بھی ہوں گے۔ میں نے انہیں لکھا ہے کہ سوائے مندرجہ کے کوئی اور سوانح میری اجازت سے شائع نہیں ہوگی۔ اگر تم نے میرا ایک لفظ بھی شائع کیا تو میں عدالتی چارہ جوئی کروں گا۔ میں تمہاری کتاب تمہارے لیئے لکھ کر دینا نہیں چاہتا۔ میری دلچسپی اور تمہاری شہرت کا راز تم اپنی کتاب کس طرح لکھتے ہو؟ میں پوشیدہ ہے میں نے جو کچھ اپنے متعلق لکھا ہے۔ اس کی جھلک بھی نہیں دکھائی دی ہے جس کو کہ میں خود کسی دن شائع کرنا چاہتا ہوں۔ اگر تمہیں میری سوانح لکھنے پر اصرار ہے تو تم اس کو اپنے الفاظ میں لکھو میرے الفاظ میں نہیں۔ کوئی بے وقوف بھی پبلشرز سے یہ کہہ کر کہ میں نے لکھی ہے کتاب شائع کرا سکتا ہے۔ تمہارے پبلشرز کو چاہیئے کہ وہ میرے پندرہ ہزار الفاظ" اور "میری اجازت" والے فقرے واپس لے۔ تم یقیناً اس قابل ہو کہ میرے ایک لفظ کے بغیر بھی سوانح مرتب کر سکتے ہو۔ اور جہاں تک مجھ سے ہو سکے میں تمہیں اس پر مجبور کرنے کی کوشش کروں گا۔ آسکر وائلڈ کی سوانح سے اس کا پتہ نہیں چلتا کہ تم نے اس کی تصانیف کا مطالعہ کیا ہے۔ اور چونکہ تین فی صدی سے زیادہ میری تصانیف تمہاری نظر سے نہیں گذریں اس لیئے تم کو چاہیئے کہ مجھے انسان کی حیثیت سے پیش کرو نہ کہ مصنف کی حیثیت سے۔ میں اس سے زیادہ اور کوئی خوفناک چیز کا خیال نہیں کر سکتا کہ شا اور ہیرس خلط ملط کر دیئے گئے ہوں۔ اس کے علاوہ کتاب میں ہمارے ہمعصروں کا بھی نقشہ ہونا چاہیئے اور یقیناً اس کام کو تم کر سکتے ہو .....

مخلص
شا

شا کا یہ طرز عمل اس شخص کے ساتھ تھا جس نے شا کو نقاد کی حیثیت سے سب سے زیادہ SATURDAY REVIEW میں روشناس کرایا جو اس کا پرانا دوست تھا اور جس کی ادبی شہرت بے شمار کتابوں کی وجہ سے خصوصاً سوانح نگاری کے سبب سے دور دور تک پہنچ چکی تھی عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ بڑی سے بڑی ہستی کا سلوک اپنے سوانح نگار کے ساتھ نسبتاً اچھا ہوتا ہے سوائے باسول BOSUEL کی عجیب و غریب مثال کے ادبیات عالم میں بہت کم ایسی مثالیں ملیں گی۔

شا کے متعلق مشہور ہے کہ وہ اضداد کا مجموعہ ہے۔ چنانچہ جس شور کے ساتھ اس نے سوانح کی مخالفت کی تھی اس سے کیا امید ہو سکتی تھی مگر خود ہی اس نے حسب خواہش سارا مواد فراہم کر دیا۔ اور اس سلسلہ میں بعض ایسی چیزوں کا اعتراف کیا جو حقیقت میں ہیرس کے لیئے بالکل نئی تھی اور جس کی روشنی میں وہ شا کی تصویر دنیا کو دکھا سکتا تھا۔ اتفاق دیکھیئے کہ ہیرس نے اس کی سوانح ختم کی لیکن ابھی شائع

کرنے پایا تھا کہ اس دنیا میں پہنچ گیا جہاں کہ ایک دن شا کو پہنچنا ہے شا نے کتاب کی اشاعت کا انتظام اپنے ذمے لے لیا اور کتاب کے آخر میں اپنے تاثرات کا اظہار کیا اس طرح جس کی اس نے کسی زمانہ میں بڑے زور و شور کے ساتھ مخالفت کی تھی اسی کو اپنی خوشی سے حرف بہ حرف پورا کر دکھایا۔ گو کہ شا نے ہیرس کے خیالات کو رد نہیں کیا لیکن کتاب کے آخر میں اس کا صاف طور پر ذکر کر دیا کہ ہیرس نے اس کی حقیقی عظمت کو سمجھنے میں غلطی کی۔ ہیرس کا خیال تھا کہ برنارڈ شا کی تصویر کھینچنے میں اس نے نہایت دیانتداری اور بے تعصبی سے کام لیا ہے سچے تاثرات اور صحیح خیالات جو اس کے دل و دماغ میں رونما ہوئے بلا کم و کاست پیش کر دیئے ہیں ہیرس شیکسپیئر کے معتقدین میں سے تھا اور کسی وقت بھی شا کو شیکسپیئر کے برابر تسلیم کرنے پر راضی نہ تھا مگر شا ہر دفعہ اپنی فوقیت جتانے پر تلا ہوا نظر آتا تھا۔

بہر حال شا دوست اور مخالف کی حیثیت سے عجیب و غریب ہے۔ جارج مور کے خیال میں شا ایک بورڈنگ ہاؤس کا مسخرہ ہے۔ ہنیکر (HUNEKER) کہتا ہے "شا ایک بے پروں کا فرشتہ ہے جس کی طبیعت ایک بوڑھی نوکرانی کی سی ہے"۔ (DE CASSERES) کی رائے ہے کہ وہ والٹیر کی پانچویں کاربن (CARBON) کاپی ہے جو کبھی بھی اصلی شخصیت نہیں ہو سکتی کیونکہ اس کے مزاج میں حزنیہ عنصر نہیں ہے۔ مختصر یہ کہ شا ہر زاویۂ نظر سے علیحدہ شخصیت نظر آتا ہے۔ اس لیے ہر شخص کا خیال اس کے متعلق جداگانہ ہے۔

سید بادشاہ حسن حیدرآبادی

غزل

قصۂ غم مرا طنز اثر انگیز نہ ہو!
ہاں یہ ڈر ہے کہ جبیں تیری عرق ریز نہ ہو

مجھ پہ محدود رہے برق فشانی میری
آہ جاں سوز ہو نالہ شرر انگیز نہ ہو

دیکھ اس حسن فسوں ساز کو سو بار مگر
راز افشا کہیں اے دیدۂ غم ریز نہ ہو

اس طرح مٹ کہ کوئی اور ہی عالم بن جائے
وہ بھی کیا ذرۂ ہستی کہ جہاں خیز نہ ہو

کون پہنچے دل مغموم کی گہرائی تک
محو برش جو تمہاری نگہ تیز نہ ہو

ساری ہستی رہے معمورۂ آتش بن کر
دل میں ہو سوز نفس کیوں شرر انگیز نہ ہو

وہ ہوس ہے جسے تحقیر محبت منظور!
وہ محبت ہے جو ہرگز ہوس آمیز نہ ہو

شکوۂ کشمکش زیست ہے بے جا حاجی
زندگانی ہی نہیں جو الم انگیز نہ ہو

حاجی سرحدی

رباعی

چاکِ دلِ صد چاک تو سی لینے دے
اک جامِ فراغ آج تو پی لینے دے
دنیا سے ہمیشہ کا سفر ہے اے موت!
دو چار دن اور بھی جی لینے دے

نجم ندوی بی۔اے

بیتے ہوئے دنوں کی یاد

(۱)

ناؤ چاند، آکاش تھا ساگر، تارے کھیون ہار تھے پیارے
میری رام کہانی سن کر جاگ اٹھے تھے نیند کے مارے!
کاش وہ راتیں پھر بھی آتیں، کاش وہی دن پھر بھی آتے!

(۲)

درشن جل کی خاطر جلتے درشن پیاسے پریم دوارے
جھوٹی دنیا کو تج دیتے، اپنی دنیا آپ بساتے!
کاش وہ راتیں پھر بھی آتیں، کاش وہی دن پھر بھی آتے!

(۳)

پریت کے آگے پریتم پیارے جھوٹ ہیں رشتے ناتے سارے
من کو تمہارے میں اپناتا میرے جی کو تم اپناتے!
کاش وہ راتیں پھر بھی آتیں، کاش وہی دن پھر بھی آتے!

(۴)

پلکوں پر یوں نیر چمکتے جیسے امبر پر ہوں تارے
رو رو نین گنواتے ساجن! اپنی اپنی دسا سناتے!
کاش وہ راتیں پھر بھی آتیں، کاش وہی دن پھر بھی آتے!

حفیظ ہوشیارپوری

امتحان

جس وقت میں نے مڈل کا امتحان پاس کیا تھا۔ اگر قصبہ کے مدرسہ کے مولوی صاحب رعایت فرما جاتے تو مجھ میری ملازمت کا سوال تقریباً حل ہو جاتا۔ لیکن مولوی صاحب سے اتنی وقت کی پابندی کے ساتھ اس قدر نیکی کی توقع فضول تھی۔ بلکہ خطرہ تھا کہ مولانا ایک سال تک نہیں مریں گے۔ کیونکہ ایک دفعہ اُنہوں نے ایک سبق کے دوران میں اونٹ کی سخت جانی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر مجھے بھی ایک سال کے لئے کسی ریگستان میں چھوڑ دیا جائے تو میں انشاء اللہ صرف داتی چربی پر گذارہ کر سکتا ہوں۔

یہی مسئلہ جب گھر والوں اور قریبی رشتہ داروں کے سامنے پیش ہوا تو مولوی صاحب کی شتر مزاجی خصوصاً اُن کی زندہ رہنے کی طاقت سے بہت ناراضگی کا اظہار کیا گیا۔ اور ایک دعا کے ذریعے جس کے مانگنے میں سارے قبیلے کے ہاتھ بلند تھے، خدا تعالیٰ کی توجہ اس امر کی طرف دلائی گئی کہ اے خدا ہمارے قصبہ کے سکول میں ایک مولوی ہے جس کا دعویٰ ہے کہ میں کئی سال تک ریگستان میں بے آب و دانہ زندہ رہ سکتا ہوں۔ گویا یہ صرف تیرے اونٹ کا شریک بنانا بلکہ تیرے عزازیل سے بھی اعلیٰ درجہ دینا ہے لہٰذا صدائے کی العور عادت کر دے۔

دعا میں کافی مبالغے سے کام لیا گیا تھا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ کچھ میرے فائدے کے لیے ہی کیا جا رہا ہے لہٰذا دعا میں خاموشی سے شریک رہا۔ ایک جانب سے ایک رشتہ دار جن کے دماغ کی بناوٹ ذرا قانونی سی تھی بول اٹھے کہ بھائیو ہم بھول گئے مولوی صاحب کو مرنا بھی قبل از وقت سے اس کے جانشین کو منشی فاضل ہونا لازم ہے۔ میرے لڑکا ابھی مڈل پاس ہے۔ بہتر یہی ہے کہ بالفضل دعا واپس لے لی جائے اور اس سال لڑکا کوشش کر کے منشی فاضل کا امتحان پاس کرے۔ حاضرین پر اس ترمیم کا بے حد اثر ہوا۔ چنانچہ خدا تعالیٰ کو مولوی صاحب کے خلاف اجارہ ایک سال کے لئے ملتوی قرار دیا گیا۔ اور مجھے ہدایت کر دی گئی کہ بس سال کے اندر اندر منشی فاضل بن جاؤ۔ اور ضرور بن جاؤ۔ ورنہ تم پر پکٹنگ کی جائے گی۔ ایک رشتہ دار جو جیل سے تازہ تازہ واپس آئے تھے۔ فرمانے لگے "اگر لڑکا منشی فاضل ہو جائے۔ تو مولوی صاحب والی رکاوٹ میں دور کر دوں گا۔" گویا آپ سال خدا کے سامنے معاملہ پیش کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ گھر میں ہی انتظام ہو گیا تھا۔

اب باوجودیکہ مدرسہ کی حکومت کا شاندار مستقبل میرے سامنے تھا۔ امتحان پاس کرنے کی شرط سن کر میں اس قدر نڈھال ہو گیا۔ گویا کسی لاری نے مجھے کچل دیا تھا۔ اگر منشی فاضل کسی زہر کا نام ہوتا تو میں کھانے کو تیار تھا اگر کسی توپ کا نام ہوتا تو میں لڑنے پر رضامند تھا لیکن منشی فاضل کے امتحان سے مزاحم ہونا مجھ جیسے آدمی سے بالکل غیر فطری مطالبہ تھا۔ مجھے کسی قسم کا امتحان پاس کرنے پر مامور کرنا میرا نہایت ہی بے جا صرف تھا۔ کیونکہ امتحان میرے مزاج کو قطعاً موافق نہیں آتے تھے اور یہ کوئی من گھڑت بات نہ تھی۔ مدرسہ کی زندگی میں تقریباً ہر سال اس بات کا ثبوت دیا تھا لیکن گھر والے تھے کہ میری گذشتہ زندگی کو صفحۂ کہہ کر مجھے امتحان میں جھونک رہے تھے۔ اب جوانی کی تجربہ سے فائدہ نہ اٹھائے کس قدر احمق ہوتا ہے لیکن گھر والے تھے کیا کہتا۔

میں نے سوچا بچپن میں فیل ہونا تو کوئی ایسی بری بات نہ تھی۔ لوگ کہہ دیتے تھے۔ بچہ ہی تو ہے ابھی پڑھ رہا ہے۔ پاس ہونے کا فکر کرے تو اپنی نشوونما کا ستیاناس کر دے۔ لیکن اب جوان تھا فیل ہو جانا ایسی بدنامی تھی جس کا ملازمت کے علاوہ شادی پر بھی اثر پڑ سکتا تھا۔ ویسے فیل ہونا کوئی ایسی چیز بھی نہ تھی کہ فیل ہو لیتا اور یہ حسرت کسی بازنکال چکا تھا چنانچہ فیصلہ کر لیا کہ اب امتحان دیا تو اس شرط پر دوں گا۔ کہ پاس ہونے کا پیشگی یقین ہو جائے۔ اس غرض کے لئے مجھے اپنی فارسی کی قابلیت کا اندازہ لگانا ضروری تھا کہ آیا منشی فاضل کے امتحان کی متحمل ہو سکے گی یا نہیں لیکن قابلیت کا اندازہ لگاتا تو کیسے؟ ان مغربی سائنس دانوں کی بدذاتی دیکھئے کہ گرمی سردی معلوم کرنے اور دودھ پانی کی تمیز کرنے کے آلے تو بنا دیئے ہیں لیکن قابلیت ناپنے کا آلہ بنانے کی کسی کو توفیق نہیں ہوئی۔ اور

ہمارے دیسی پیر بھی عورتوں کے جن اتار سکتے ہیں۔ ہونے والے بچوں کی تذکیر و تانیث کا پتہ دے سکتے ہیں لیکن یہ نہیں بتا سکتے کہ یہ طالب علم منشی فاضل کے امتحان کے قابل ہے یا نہیں لہٰذا اب بڑی مشکل تھی کہ اپنے آپ کو لائق کہتا یا نالائق۔ اگر صرف اس بات کو دیکھا جاتا کہ میں ایک مڈل پاس نوجوان تھا اور اس بات کو بالکل نظر انداز کر دیا جاتا کہ یہ مڈل پاس کرنا کتنے سالوں کی محنت کا نتیجہ تھا تو میں بلاشبہ قابل انسان تھا لیکن بعض اوقات جب اس طرز استدلال سے "لائق" کہلانے لگتا۔ تو گذشتہ پچیس سالوں کی تاریخ آنکھوں کے سامنے آجاتی۔ ساری مکاری و دروغ گوئی کا احساس ہوتا اور جھٹ اپنی نالائقی کا اقرار کر دیتا۔ میں نے سوچا کہ میں اپنی ڈائری میں کبھی کبھی اپنی قابلیت پر تبصرہ کیا کرتا تھا۔ چلو ڈائری سے ہی اپنی قابلیت کا اندازہ لگائیں۔ اگر قابل ثابت ہوا تو سند دے دوں گا۔ ورنہ کھٹنگ کرا لوں گا۔

چنانچہ نہایت شوق اور تیزی سے اپنی "قانونی ڈائری" نکالی اور ایک ریاکار تسبیح خواں کی طرح ورق پر ورق الٹنا شروع کیا لیکن حیران تھا کہ وہ صفحہ نہ ملتا تھا جہاں میری قابلیت پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ ان صفحات میں کہیں تو ریلوے سفر کے متعلق ہدایات درج تھیں۔ جن میں لوٹا پاس رکھنے پر خاص زور دیا گیا تھا۔ کہیں ڈاک خانے کے قواعد رقم تھے۔ جن کے ضمن میں کوئین اور ملیریا کے تعلقات پر بھی بحث کی گئی تھی۔ کہیں قتل۔ چوری۔ اغوا۔ ڈکیتی و دیگر جرائم کی نوعیت و سزا پر روشنی ڈالی گئی تھی اور کہیں طلاق نامہ۔ راضی نامہ۔ کرایہ نامہ و دیگر نامے لکھنے کی تعلیم دی گئی تھی یعنی یہ ڈائری نہ تھی تعزیرات ہند تھی جس کا کوئی تعزیری ڈائری کا کام دیتا تھا۔ اس کے مطالعہ سے ایک دفعہ تو مجھے خیال پیدا ہو گیا کہ کیوں نہ ایک جعلی ساوئیل بن جاؤں۔ مولوی صاحب کی جگہ لے کر داڑھی کے سوا کیا ہاتھ آئے گا۔ لیکن دفعتہً ایک ہمسائے میں رہنے والا وکیل یاد آگیا۔ جس سے کوئی موقع مشورہ لینا مناسب نہ سمجھتا تھا۔ اور غریب استعمال کی کمی سے دفتر ہی میں زنگ آلود ہو رہا تھا۔ بس اُسے علم وکالت کا یہی فائدہ تھا کہ کبھی اپنے شریر بچوں کو ڈرا لیتا تھا۔ کہ تم مداخلت بے جا میں زیر دفعہ ۴۴۸ گرفتار ہو سکتے ہو اور کبھی دست دراز بیوی کو دھمکا لیتا تھا کہ اگر ایک اور جوتا مارا تو تم زیر دفعہ ۳۵۲ قابل دست اندازی پولیس ہو جاؤ گی چنانچہ میں نے ایسے عبرتناک پیشہ سے توبہ کی اور اپنی قابلیت کی جستجو میں ڈائری کی پھر ورق گردانی شروع کر دی۔ اچانک میری نگاہ اس صفحہ پر پڑی۔ جہاں میری فارسی دانی کی کیفیت درج تھی۔ ملاحظہ ہو۔

"۲۱ فروری۔ آج کل امتحانوں کا موسم نہیں لیکن قابلیت تمغوں کے رستے بہہ رہی ہے۔ خصوصاً فارسی دانی میں تو اس سرعت سے اضافہ ہو رہا ہے گویا دماغ میں شیخ سعدی گھس گئے ہیں۔ کچھ ایسا محسوس کرتا ہوں کہ اب بول چال فارسی شعروں ہی میں کر سکوں گا۔ جہاں کہیں جی ہاں کہنا ہو سعدی کے آگے ہی نکلتا ہے۔ کاش ایران میں جنم لیا ہوتا ہندوستان میں تو میرا وجود ایسا ہی ہے۔ جیسے ایک وسیع صحرا میں تنہا گل لالہ۔"

یہ حوصلہ افزا اقتباس پڑھا تو میں نے سوچا کہ اگر یہ واقعی درست ہے تو امتحان پاس کرنا بڑی معمولی چیز ہے۔ اتفاق ڈائری کے اوراق الٹتے الٹتے تسبیح نامہ اور کتاب نامہ کے درمیان ایک اور صفحہ نظر آیا۔ جس پر اپنی شان میں کچھ رقم تھا۔

"۱۷ اپریل۔ کل صبح امتحان ہے۔ فارسی دانی کا نشہ جو عصب کا چڑھ رہا تھا۔ اس سرعت سے اتر رہا ہے جیسے کھلے پانچوں کا پاجامہ۔ سامنے دیوار پر لکھا ہے۔

مترس از بلائے کہ شب در میاں
لیکن دماغ پر حضرت آزاد مسلط ہیں:۔

کل صبح امتحان ہے اور اپنی جان ہے

فارسی دانی کا یہ عالم ہے۔ کہ تمام فارسی زبان فعل نہی نظر آتی ہے۔ خلاصہ یہ کہ بادولت نصیب اعدا جاہل مطلق ہیں!"

یہ عبارت ذرا ذلیل سی تھی لہٰذا جلد جلد ورق الٹے ایک اور صفحہ پر کچھ در مدح خود لکھا تھا۔ اسے پڑھا۔

"۱۸ اپریل۔ آج مڈل کے امتحان کا نتیجہ نکلا ہے۔ لوگوں کو حیرت سی نہیں آتی لیکن میں ایسا ناپاس ہوں۔ فارسی میں بھی ہوں چند سرزہ سراؤں نے مشہور کر رکھا ہے۔ کہ مجھے کئی خیراتی سیروں کا احسان مند ہونا پڑا حالانکہ حقیقت میں صرف تین چھٹانک ماشی سیروں کی ضرورت تھی۔ خیراتی قلعہ نہیں بھلا ہم کوئی خیرات لینے والے ہیں۔ بہر حال ہماری کامیابی کا پورا اعتبار مصر داد اجان ہی کو ہے۔ اسی لئے تو انہوں نے "مکر میابہ بخشا" کا ایک علمی نسخہ انعام دیا ہے جسے فرفر رار پڑھتا جاتا ہوں آخر

مذاق پاس ہو۔ مذاق تھوڑا ہی ہے۔ آج پھر ہندوستان
اور ہندوستانی ذرا اجنبی معلوم ہوتے ہیں۔ دل پھر ان کے
لئے تڑپ رہا ہے۔"

یہ پڑھنے کے بعد ہماری قابلیت پر مسئلہ تھی۔ آخر کوئی شک کرتا
تو کیسے کرتا۔ امتحان پاس کر لیے تھے۔ انعام لے لئے تھے۔ کریے پڑھ ڈالے تھے
الغرض ڈگری کی رو سے بس فارسی پر اس قدر عبور حاصل تھا کہ ہنستے کھاتے
بھی فارسی میں تھے۔ چنانچہ ہم نے امتحان کا ڈر دل سے بالکل نکال پھینکا۔
اور یہ فرض کرنا شروع کر دیا کہ ہم تقریباً ایم اے فاضل میں نوکر کو حکم دیا
کہ ہمارے جسم سے ہندوستانی لباس فوراً اتار لو۔ وہ حکم بجا لایا تو ہم واد
جاں کی عبا و قبا و جبہ و دستار زیب تن و سر کرتے ہوئے ایک قد آدم آئینہ
کے سامنے جا کھڑے ہوئے۔ آئینہ میں ایک ایسے انسان کا عکس نظر آیا
جو گویا ابھی کنار رکناباد سے واپس آیا ہو۔ یہ شگون سراسر حوصلہ افزا تھا
میں نے سوچا آج اتفاقاً فارسی جوش میں ہے۔ چلو اس کا باقاعدہ امتحان
ہی کیوں نہ لے لیں۔ چنانچہ امتحان لینا شروع کیا

میں۔ "نام شما چیست؟"

(جواب) "نام من رستم است"

میں۔ "چہ خوردہ؟"

(جواب) "نان خوردہ ام"

میں۔ "نے کرد کیا ہے؟"

(جواب) "ماضی استمراری"

میں۔ "مصدر کی کیا علامت ہے؟"

(جواب) "فارسی مصدر کا جانو یہ نشاں
تن یا دن سے اس کے آخر میری جاں"

میں "کوئی نظم سناؤ"

(جواب) "کریما بہ بخشائے برحال ما
کہ ہستم اسیر"

میں "نہیں کوئی دوسری"

(جواب) "دلا ہر کہ بنیاد خوان کرم
بشد نام دار جہان کرم"

میں "جاؤ رستم تم پاس ہو۔ تم یقیناً فارسی زبان کے رستم بن کر رہو گے
بلکہ رستم زماں"

میں پاس ہو کر اتنا خوش ہوا کہ دروازہ بند کر کے ایک قلابازی کھائی
اور اس حقیقی حرکت کے بعد ہمارا شوق رستم زمانی ہمیں کشاں کشاں مولوی
صاحب کے حضور میں لے گیا۔ اگرچہ ہمارا امتحان کا ارادہ بالکل مولوی
صاحب کی بربادی کا ارادہ تھا لیکن امتحان کی ہدایات کے لئے ہم ان ہی
کے محتاج تھے اور ہماری درخواست ان کی وساطت سے ہی لاہور
پہنچنا تھی۔

سکول کی زندگی میں کسی مطلب کے لئے ہم مولانا سے بہت کم
ہمکلام ہوتے تھے۔ ہماری ان سے صرف متفرق باتیں ہی ہوا کرتی تھیں۔
اگر کوئی مطلب کی بات کہنا بھی ہوتی۔ تو پہلے پندرہ بیس منٹ جملے گوش گذار کرتے
اس دن بھی حسب دستور عرض کیا

"مولانا۔ رستم زماں بننے کا کیا طریقہ ہے۔"

کہنے لگے "تحقیق رجوع کرد گا ماہلوان کی طرف۔ ہم بھی عنہ اس
سے مطلقاً آگاہ نہیں۔"

میں نے کہا "حضرت میں نے استعارے میں عرض کیا تھا۔ فارسی زبان
کا رستم مقصود تھا"

کہنے لگے۔ "تو تحقیق پاس کرو امتحان منشی فاضل یونی ورسٹی کا۔ پندرہ
روپے لیں گے۔"

میں نے کہا "پندرہ روپے آپ مانگ رہے ہیں۔ یا خانقاہ پر چڑھانے
ہیں؟"

کہنے لگے۔ "تحقیق فیس لینا ہمارا کام نہیں اس ضمیر کا مرجع رجسٹرار ہے۔"

اس کے بعد انہوں نے مجھے چھپی ہوئی فارم دی جسے پُر کر کے میں
نے رجسٹرار کو معہ مبلغات بھیج دیا۔ ادھر اعزا و اقربا نے محنت شاقہ کی تاکید کی
شروع کر دیں۔

کوئی کہتا "حضرت پندرہ روپے نقد فیس دی ہے۔ دل لگا کر پڑھنا
فیل ہو گئے تو واپس نہ لیں گے۔"

کوئی صاحب فرماتے "یونیورسٹی کا امتحان ہے۔ سکول نہیں
کہ ابا جان سے پرچہ حل کرا کے مولوی صاحب کی بیوی کی معرفت بدلوا
لیا۔ ذرا ہوش سے تیاری کرنا۔"

کوئی حضرت اس طرح گوہر بار ہوتے "خاندان کی ناک ہے۔ رکھو
بھی تم۔ کاٹو بھی تم۔"

وہ جس دیدہ مہربان کہتے "مولوی صاحب کی بیوی کو تو ہم صبر

جمیل بخش دیں گے لیکن اگر تم فیل ہو گئے۔ تو مولانا کا خون تمہاری گردن پر ہوگا۔

لیکن میرے ذہن میں اتنا جلد کتابوں کا کیڑا ہو جانا قبل از مرگ واویلا تھا۔ رول نمبر کے آنے تک تو یقیناً میں عام انسانوں کی طرح تھا۔ اور اس کے بعد اگر کثرت مطالعہ سے میری انسانیت پر انقلاب آیا تھا تو نہ اس سے انکار تھا نہ احتراز۔ آخر لالہ بھائی بھی تو ہیں جو شب و روز اپنی چوٹیوں سے لٹک کر امتحانوں کی تیاری کرتے رہتے ہیں۔ اور باایں ہمہ انسانیت کے دعویدار ہوتے ہیں۔ مجھ پر تو یہ عذاب بھی نہ آتا تھا۔ لہذا کئی مہینے اس طرح گذار دیئے کہ گلی ڈنڈا، کنکوا بازی اور پیپل کوٹ میں بدطولے حاصل کر لیا۔

جب رول نمبر آنے کے دن آئے۔ تو ہم نے گلی ڈنڈے کا اڈا ڈاکخانے کے قریب ہی بنا دیا۔ جونہی ڈاک آتی۔ ہم اپنے اطمینان کے لیئے پوچھ لیتے کہ کیوں میاں چٹھی رساں، ہمارا رول نمبر تو نہیں آیا؟ اور جواب ہمیشہ تسلی بخش ملتا۔ آخر جب امتحان کے دن بالکل قریب آ گئے۔ اور امتحان کی نسبت گھر اور برادری کی تاکیدیں ہم پر اولوں کی طرح پڑنے لگیں تو ہمیں اپنے فرض کا اس قدر خفیف سا احساس ہوا جس طرح گہری نیند سونے والے کو مرغ کی اذان سنائی دے۔ رفتہ رفتہ امتحان اتنا قریب معلوم ہونے لگا جیسے ایک اونچی چٹان کے پاس کھڑا ہونے سے چٹان سر پہ آتی معلوم ہوتی ہے لیکن رول نمبر معشوق کے مکتوب کی طرح غائب تھا۔ آخر میں یونیورسٹی کے اس شتر مرغ پر کچھ چراغ پا ہونے لگا۔ کیونکہ رول نمبر کے آنے تک کتابوں سے ہم تعاون کا اقرار کر رکھا تھا اور اب تعاون جناب رحبر ار اور ان کی یونیورسٹی کے غمزوں کی نذر ہو رہا تھا۔ گویا ہم مجبوراً امتحان کی تیاری سے دستکش ہو گئے تھے۔

ہماری یونیورسٹی کے چند امتحان حقیقی ہیں اور چند سوتیلے ایف۔ اے۔ بی۔ اے۔ ایم۔ اے وغیرہ پہلی قسم کے ہیں۔ اور منشی فاضل۔ گیانی آرزان پشتو وغیرہ دوسری قسم کے یہ سوتیلے امتحان ہر سال خزاں کی طرح آتے ہیں۔ اور گذر جاتے ہیں لیکن سوائے امیدواروں کے ان کا کوئی پرساں حال نہیں آخر اس سے بڑھ کر سوتیلا پن بھی کیا ہو کہ ولادت کی گھڑی سر پر ہے۔ مولود کے لواحقین ملک کے گوشہ گوشہ میں گوش برآواز ہیں لیکن ان تک اطلاع پہنچانا بھی ہتک سمجھا جاتا ہے۔

بہر کیف امتحان سے عین چوبیس گھنٹے پیش تر رول نمبر ملا۔ جن میں سے تیئس گھنٹے تو لاہور پہنچنے میں صرف ہونے تھے، لہذا ہمارے اختیار میں صرف ایک گھنٹہ تھا۔ اگر اسے مطالعہ میں صرف کر دیتے تو گھنٹے غریب نے تو اعتراض کیا کرنا تھا لیکن آخر ہماری ذاتی شرافت کا تو یہ تقاضا نہ تھا بس گھنٹے کو یونہی جانے دیا۔ اور مطالعہ کی کمی کو گیارھویں والے پیر کی نیاز مان کر پورا کر دیا۔

الغرض اگلی صبح قلم، ربڑ اور "سیاہی، جوس" سے مسلح ہو کر یونیورسٹی ہال کے سامنے جا ڈیرے ڈالے ہال کی دیوار پر امتحان کی نشستوں کا نقشہ آویزاں تھا۔ ہر کوئی اپنا اپنا رول نمبر دیکھ کر پیشگوئیاں کر رہا تھا کوئی کہتا مجھے نگراں کے عین سامنے بیٹھنا پڑے گا۔ نقل کی امید بھی گئی۔ کوئی صاحب بتاتے۔ ہمیں تو نگراں کے پس پشت ہی میں گھنٹے گذرنے ہوں گے۔ اچھا نقل تو پیٹ بھر کر اڑائیں گے۔ میں نے دیکھا تو میرا رول نمبر نقشہ کے عین مرکز میں درج تھا۔ میں اپنے دماغ سے فیصلہ نہ کر سکتا تھا کہ اس نقشہ کے اعتبار سے میرا بنچ (BENCH) کمرے کے کس موقع پر ہوگا۔ جس طرح نقشہ لٹک رہا تھا۔ مجھے یہی معلوم ہوتا تھا کہ میرا بنچ چھت اور فرش کے عین درمیان ہوگا۔ میں یونیورسٹی کے اس امتیازی سلوک کے متعلق فیصلہ کر رہا تھا کہ مجھے خوش ہونا چاہیئے۔ کہ اتنے میں داخل ہونے کی گھنٹی بجی۔ تمام امیدوار غول بیابانی کی طرح دروازوں پر پل پڑے۔ اور ہال میں داخل ہوتے ہی میزوں پر کہنیاں ٹیک کر سٹولوں پر اس طرح سوار ہو گئے۔ گویا ایک دو تین ترمیاں[1] میرا خادم لیں گے۔ میں خود ایک کونے میں "جائے ماندن نہ پائے رفتن" کا ترجمہ بنا کھڑا تھا اور میری نگاہ کمرے کے وسط میں بجلی کے قمقمے اور پنکھے کا جائزہ لے رہی تھی کہ آیا ایسی صنعات کسی طرح بنچ کا کام بھی دے سکتی ہیں۔ اسی فکر میں تھا کہ پیچھے سے ٹہوکے کی بنسبت کسی قدر مہذب شکل کا ہاتھ میرے کندھے پر آ ٹھہرا۔ ہاتھ کا مالک امتحان کا نگراں تھا۔ اور شاید اسی لیئے ذرا مہیب سا معلوم ہوتا تھا۔

کہنے لگا۔ "بیٹھتے کیوں نہیں؟"

میں نے کہا "جگہ نہیں ملتی"

کہنے لگا "آسمان پر چلی گئی"

میرا اپنا خیال اپنی جگہ کے متعلق کچھ اسی سمت میں تھا۔ لہذا نگراں کے تمسخر کو سنجیدگی سمجھا اور کہہ دیا "جی ہاں"۔

بولا "ہیں! یہ کیا کہا؟ دکھاؤ رول نمبر تو؟"

---

[1] لاہور سے تین میل کے فاصلہ پر ایک مقبرہ مرجع خاص و عام ہے۔

میں نے منہ دکھایا تو ہنس کر کہنے لگا "امتحان دینے کے لئے بھی عجیب عجیب منہ لے آتے ہیں! دیباتی معلوم ہوتے ہو میاں جاؤ وہ بیج سنبھال لو"

میں نے وہ بیج تو سنبھال لیا لیکن اس بات کے متعلق دماغ سے کچھ تسلی بخش جواب نہ ملتا تھا کہ دیباتی کہہ کر اس نے میری عزت افزائی کی یا ہتک۔ میں نے دماغ کو دیا تھا مجھے خود بھی کہہ گیا تھا۔ خدا جانے کس چیز کا دھوکہ اس دیہاتی میں تھا کہ میرے کانوں سے ایک فلک شگاف آواز ٹکرائی "شش" اور خاموش ہوا میں سمٹا یا سینیٹوں کی توپ نے خاموشی کی توپ دے دیا۔ لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ یہ خاموش جناب نگراں کی زبان سے مجھ ہی تھی۔ اس کے بعد تقریر کا ماحصل یہ ہے۔

"یہ ہال ہے۔ اس میں خاموشی سے اکڑ کر بیٹھ جاؤ۔ کاغذ کے ٹکڑے میں کسی تحقیق کی ضرورت نہ ہو۔ تمہاری حرکات سے ہمیں عقل و تمیز کا شبہ پیدا ہوگا اور لفافوں سے ہمارا سلوک کچھ اچھا نہیں ہوتا۔ بلکہ دراصل حاضر سنیٹ کی حالت میں تو ہم متواتر تین سال بدسلوکی کرتے رہے ہیں۔ خاموشی کے لئے تمہاں مرحوم بزرگوں کا جیسا کہ تم نے رہو جو عرصہ سے زیر خاک بے چاپ بیٹھے ہوئے ہیں۔

لکھو یار لکھو ہمارے لئے یکساں میرے لئے کا بات ہے لیکن کہا کہ ہمیں تمہارے تمہیں اپنی جگہوں سے الگ ہونے کی اجازت نہیں ورنہ ہال میں ہماری کوئی اندرونی یا بیرونی طاقت تمہیں نہیں کر سکتی۔ اس کے بعد میں گھنٹوں کے اندر اندر تمہیں باہر جانے کی اجازت ہے اور تمہیں باہر لے جانا تمہاری بیبیوں کا فرض ہے۔ اگر تمہیں گھنٹوں کے بعد تم نے ہال سے باہر نکلنے میں تاخیر کی تو ہماری لاتیں تمہارے شامل حال ہوں گی"

اس تقریر کے بعد مجھے ہال میں بیٹھنا ایسا معلوم ہوتا تھا گویا بیرونی دنیا سے سلسلہ آمد و رفت بالکل منقطع ہو گیا تھا۔ رابنسن کروسو[1] ایک نہایت ہی قریبی رشتہ دار معلوم ہوتا تھا۔ ہال کی وسعت میں سر لمحہ اضافہ ہوتا دکھائی دیتا تھا۔ دیواروں کو جس نقطہ پر دیکھتا پیچھے ہٹتی ہوئی معلوم ہوتی تھیں۔ چھت کی طرف نگاہ کرتا تو وہ بھی اس طرح اوپر ابھر جاتی جیسے اونٹ کے پیٹ میں بیٹھنے سے اس کی کوہان دکھائی دے ہال میں ایک وسیع و عریض معلوم ہوتا تھا۔ جہاں ایک آدم زاد ہزاروں جنگلی جانوروں کے نرغے میں آ گیا تھا۔ نگراں و نائب نگرانوں کی شکلوں میں ایسا تیور پیدا ہو رہا تھا کہ دشمن سے معلوم ہونے لگے تھے۔ ایسے بنے حیرت میں ایک بہت سی سامیاں تبدیلی واقع ہوتی تھی وہ اعضا بھی جو قدرت نے ساکن و جامد بنائے ہیں۔ میری رضامندی کے وجد پر اتر آئے تھے۔

بالآخر پرچے تقسیم کرنے والا میرے پاس سے گذرا اور ایک سوالات کا ورق منہ کے بل بنچ پر لٹا گیا۔ اب اس ورق کو مجھے ان انگلیوں سے سیدھا کرنا تھا۔ جو شدت وجد سے حلقہ تک بن گئی تھیں۔ اور جن کی نسبت مجھے ان انجموں پر زیادہ اختیار تھا جو میرے سامنے ہاتھوں پر تھیں لیکن ہمسائے سے مدد خواہی نہ صرف قانوناً ممنوع تھی بلکہ حقاً کہ باعث عقوبت دوزخ برابر تھی مگر قربان جاؤں اپنی قوت ارادی کے کہ اس نازک وقت میں جسم کے دور افتادہ حصوں سے نکل کر انگوٹھے اور انگشت شہادت میں آ گزوٹ گئی۔ اور کاغذ کو آن کی آن میں پشت کے بل لٹا دیا۔

سب سے پہلے میں دفعۃً "یا مسبب الاسباب" کا ورد کیا۔ اور آنکھیں میچ کر ہال کے چاروں طرف بھونک دیا۔ پاس سے نگراں گذر رہا تھا اس پر خاص بھونک لگائی تھی کہ پھیپھڑے خالی کر دیے۔

اب سوالات کی نسبت یہ عرض ہے کہ گو امتحان دینے والے تمام ہندوستانی تھے لیکن سوالات فارسی میں لکھے تھے بیرونی ناصحوں کی ہدایت تھی کہ جواب لکھنے سے قبل سوالات پڑھ لیا۔ چنانچہ میں نے سوالات کو یکے بعد دیگرے پڑھنا شروع کیا۔ لفظ کی غلطیوں کا تو امکان نہ تھا۔ کیونکہ "گل" میں پڑھ رہا تھا جب تمت بالخیر کے اس بار نکل گیا۔ تو معلوم ہوا کہ جلدی میں سہل و دشوار کی تمیز کرنا بھول گیا ہوں ویسے کبھی جی چاہتا کہ انہیں آسان کہہ دوں کبھی خیال آتا کہ دشوار سمجھوں لیکن جس نکتہ پر آخر اپنے آپ سے متفق ہو گیا۔ وہ یہ تھا کہ سوالات مشکل ہیں کیونکہ اب جس لفظ پر نگاہ پڑتی تھی لغات کی یاد دلاتا تھا بلکہ اب اس بات کا بھی یقین ہو گیا کہ ابھی سوالات کا اردو ترجمہ تقسیم ہونا باقی ہے چنانچہ ترجمہ کے انتظار میں تھوڑی دیر قلم چبایا گیا لیکن جب گرد و پیش کے تمام ذی روحوں کو بے حد مستغنی پایا۔ تو ایک پاس سے گذرتے ہوئے نائب نگراں کو عرض کیا

---

[1] یورپ رسلی ہال کے قریب شاہی خانے کی ایک توپ جو ایک دوراہے پر رکھی ہوئی ہے۔ (۲) ایک انگریزی ناول کا کردار جسے کئی برس تک ایک جزیرہ میں تنہا رہنا پڑا۔

"جناب وہ ترجمہ تو دیا ہوتا"

نائب نگراں "ترجمہ! ترجمہ کیسا"

میں:- "وہی سوالات کا اردو ترجمہ، اور کیا"

نائب نگراں "گویا تم مجھ سے سوالات کے جواب پوچھتے ہو"

میں:- "مذاق نہ کیجئے۔ دیجئے ترجمہ"

نائب نگراں "بے وقوف زنجو۔ ورنہ نگراں کے پاس لے جاؤنگا"

نائب نگراں کی اس ترش کلامی کے بعد میں نے اپنے شخص سے ترجمہ مانگنا باعث ہتک قرار دیا اور عہد کر لیا کہ لے ترجمہ ہی سوال حل کرونگا لیکن جب سوال پڑھے تو معلوم ہوا کہ بے عہد کرنے سے سوالات کی رنگت میں کچھ کمی نہیں ہوئی بہرحال فیصلہ کر دیا کہ چلو لکھنا شروع کریں ممکن ہے لکھتے لکھتے تمام مشکلیں حل ہو جائیں آخر کسی نے کہا ہے نا کہ

"وہ کون سا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا"

اور حضرت علیؓ کو خطاب کرتے ہوئے ان کی مدح شریف کا معروف مطلع ضمناً الاپ لیا۔

"مشکل نام کشا ہے تیرا حل کر مشکل میری"

(لطف لفظ "نام" کا مشکل اور کشا کے درمیان واقع ہونا صنعت ادخال در معقولات ہے۔)

الغرض ابتدا کے لئے عجز و خلوص کے ساتھ بسم اللہ مع اعراب لکھی اور سوالات کو اس غور سے پڑھنا شروع کیا۔ گویا سارے سوالات کے سوالات تھے۔ لیکن دیکھئے اس پرچہ کی کافر قلمی کہ یہ تلوار سابق معلوم ہی بنا نا انگریزی عہد میں ایسا دماغ پایا پرچہ انگریزوں کے انصاف و قانون پر بدنما دھبا تھا۔ ایک دفعہ خیال آیا کہ ممتحن نے پرچہ بنانے میں قانون شکنی کی ہے۔ تو ہم جواب لکھنے میں کیوں نہ سکھا سکتا ہی بجائے یعنی کسی سوال کے جواب میں چائے دانی کی شکل کھینچ دیں کسی کے جواب میں [illegible] جاناں میں ہم نے ساقی۔۔۔ والی غزل لکھ دیں اور کہیں [illegible] آم [illegible] سے لے کر دیا تھا ہی یکایک دہرا دیں لیکن چھ رشتہ داروں کی تاکیدیں یاد آنے لگیں خصوصاً وہ جس کی رو سے مولوی صاحب کا خون میرے ذمے تھا۔

اچانک مجھے خیال آیا کہ ممکن ہے یہ سوالات سرے سے ہی بے معنی ہوں اور ممتحن نے محض مذاق کی خاطر دے دئے ہوں دیکھئے نا آخر سوچنے کی بات ہے۔ اس میں کوئی چالاکی نہیں۔ نہ فارسی کا پرچہ ہے۔ نہ ماضی مطلق بنانے کا طریقہ پوچھتا ہے نہ مصدر کی علامت، نہ کریما بخشا۔ آخر یہ مذاق نہیں تو پھر مذاق کس جانور کا نام ہے چنانچہ یہ تحقیق ہمارے ذہن کو اس قدر موافق آئی کہ ہم نے ممتحن کے اس خفیہ مذاق کو طشت از بام ہی کرنا مناسب سمجھا۔ کیونکہ اس پرچہ کا اس سے صحیح تر جواب کوئی نہ تھا۔ لہٰذا لکھا۔

جناب ممتحن صاحب

اگر جاں کی امان پاؤں تو وہ بات عرض کر دوں۔ جس کے ذریعے آپ نے ہم لوگوں کو اُلو بنانے کی کوشش کی ہے میرا مطلب حاشا و کلا یہ نہیں کہ آپ سے اُلو بنانے میں کوئی ذرہ گذشت ہوگئی ہے صرف یہ بات ہے کہ "نادر نے والے قیامت کی نظر رکھتے ہیں"

ہاں تو سادہ الفاظ میں میرا یہ مطلب ہے کہ آپ نے پرچہ میں جو کچھ لکھا ہے۔ بالکل فضول ہے۔ فضول سے میرا مطلب وہ فضول نہیں بلکہ مذاق، تمسخر، ہنسی اور اس قسم کی چیزیں

اب سچ کہئے۔ جواب لکھا ہوں نا۔

ہاتھ لا اشاد کیوں کیسی کہی؟

اتنا لکھ چکا تھا تو مجھے محسوس ہوا کہ آخری سطر میں کچھ [illegible] لکھی سرد ہو گئی ہے۔ اس لئے اُسے قلم زد کر دیا اور اس کی جگہ لکھ دیا خدا کی قسم، جو کچھ لکھا ہے خود سوچ کر لکھا ہے کسی کی نقل نہیں کی۔

اب کہ میں نے سوالوں کی ایک بات کو دی تھی۔ مزید قلم فرسائی سے جا [illegible] ممتحن کے متعلق بھی کوئی خدشہ نہ تھا کہ [illegible] ممتحن کی [illegible] ناک [illegible] لکھا تھا کہ کم بخت کا پاس کئے بغیر کوئی چارہ نہ تھا چنانچہ اس خیال سے کتاب باہر جاتا ہوں۔ اپنی جگہ پر کھڑا ہو گیا [illegible] کھسے [illegible] میں کچھ کسر باقی تھی کہ [illegible] سے چند منٹ پیشتر تعارف ہو چکا تھا کہیں پیچھے سے آیا اور [illegible] گردن سے [illegible] کرنے لگا جس کا [illegible] کہ جس نے دیکھا تو جناب نگراں تھے

فرمانے لگے۔ "کہاں کی تیاریاں ہیں"

میں نے کہا۔ "باہر جاتا ہوں۔ پرچہ ختم ہو گیا"

ہنسنے لگے۔ "ختم ہو گیا! وہ کیسے؟ حل کیا ہے یا جیسا گئے ہو ابھی تو پانچ منٹ بھی نہیں گزرے"

میں نے کہا "جناب میں نے تمام سوالات کے خلاصے کے جوابات کا خلاصہ لکھ دیا ہے اس طرح وقت بچ جاتا ہے"

بولے "یار تم تو مجائب خانہ میں رکھنے کے قابل ہو۔ یہ خلاصہ تو ہمیں بھی دکھایا ہوتا"

اس کے بعد آداب گفتگو کے مطابق مجھے حق حاصل تھا کہ جواب دیتا۔ مجائب خانہ میں رکھے جانے کے متعلق اعتراض کرتا۔ اور پرچہ دیکھنے سے پس و پیش کرتا لیکن نگراں جس نے آداب گفتگو پر کوئی مسلسل تصنیف مثلاً گلستاں، بوستاں وغیرہ کبھی دیکھی تک نہ تھی گنواروں کی طرح نزدیک تر آگیا۔ اور مجھ سے پرچہ چھین لیا میرا احتجاج اس طرح دب گیا جیسے چھینک آتے آتے ملتوی ہو جاتی ہے۔ نگراں پرچہ پڑھ چکا تو کہنے لگا۔

میاں صاحبزادے۔ گھر سے لڑ کر آئے معلوم ہوتے ہو۔ کیوں نا؟

اب حقیقت یہ تھی کہ میں گھر سے بہت صلح کی صورت میں رخصت نہ ہوا تھا۔ چلتے سے چند یوم پیشتر مجھے دس روپے بطور زاد سفر عنایت ہوئے تھے۔ جو میری ضروریات کے لیے بالکل کافی تھے۔ لیکن میں دم رخصت مجھے والدہ نے ایک کاغذ کا پرزہ دیا تھا جس کا مضمون یہ تھا۔

"اشد ضروری

لاہور سے آتے وقت مندرجہ ذیل دس اشیاء ضرور بالضرور ہمراہ لانا تاکید مزید ہے۔

۱۔ سیویوں کی مشین۔ چینی نہ بہت باریک نہ بہت موٹی

۲۔ صغرہ کے لئے پارہ الف لام میم۔ جلی قلم۔ میری کاغذ۔

۳۔ صغرہ اور حمیدہ کے لئے جوتا۔ چپلیں۔ نرخیا۔ دھوکے سے بچنا۔

۴۔ ننھے خالد کے لئے بھیکلے ٹین والے۔ اصلی کابوری جمرا ہو۔ تب دیکھ لینا۔ گارنٹی والا ہو تو بہتر ہے

۵۔ نانی جان کے لئے ایک جائے نماز نرم و ملائم۔ اور ایک تسبیح خانہ کعبہ والی۔

۶۔ دادا جان کے لئے ایک عینک بغیر کی۔ ۶۵ سال کی عمر کے مطابق ہو

۷۔ منجھلے کے لئے مندرجہ ذیل نعمات وقتاً فوقتاً کرتا رہے

مطلع مرح شریف۔ روز محشر کہ جاں گداز بود۔ اولیں

پرسش نماز بود۔ نگیں ہوں۔ وضو کرکے ہاتھ لگانا ہوں دروازے کے اندر ملیں گے۔

۸۔ قصور کی مچھلی۔ بڑی پڑیا۔ خوشبودار۔ سونگھ لینا۔

۹۔ روح کیوڑا اشیشی کلاں۔ جالا نہ ہو

۱۰۔ میرے لئے اور اپنے ابا کے لئے جو تحفہ مناسب سمجھے۔ لے آنا لاہور میں عقاقیر یا کا دودھ نہیں ملتا باقی کسی چیز کی کمی نہیں۔

راقمہ تمہاری والدہ"

میں والدہ کی اس دست درازی سے زہر کا گھونٹ ہی تو پی گیا تھا۔ لیکن اب حیران تھا کہ نگراں کو ہمارے خانگی حالات کس نے بتا دیئے۔ جھوٹ بولنا تو عبث تھا۔ لہذا عرض کیا۔

"حضور کچھ لڑ کر ہی آیا ہوں"

معلوم ہوتا تھا میری راست گوئی سے نگراں میری جوانی پر رحم کھا گیا تھا۔ کہنے لگا

"صاحبزادے لڑائی کا جواب لڑائی سے فیل ہو کر اپنی عمر ضائع کرو گے۔ گھر والوں کا کیا جائے گا لو غصہ تھوک دو اور انسانوں کی طرح پرچہ لکھو۔ خلاصے لکھنا انسانوں کا کام نہیں ویسے بھی مرجانا ہی ہے تو آدھے گھنٹے کے بعد اجازت ملے گی"

گو میرے جوابات کے "خلاصہ شکل" ہونے میں خانگی ناراضگی کو قطعاً دخل نہ تھا یہ محض میری اپنی سوال فہمی کا نتیجہ تھا لیکن نگراں کی باتوں سے معلوم ہو گیا کہ سوالات کے مدلل ہونے کے متعلق میرا قیاس اتنا غلط تھا کہ مجھے فیل کرانے کے لیے کافی تھا۔ علاوہ ازیں نگراں کے احسان کا بوجھ تو میں نے اس قدر محسوس کیا کہ اس کے دباؤ سے کئی فی البدیہہ دعائیں نگراں کے حق میں میرے منہ سے نکل گئیں۔ دل چاہتا تھا کہ ایسے فرشتہ سیرت آدمی کو خدا داستراتے بنا دے بلکہ یہ دعا تو میں اسے بتا دینا چاہتا تھا لیکن موقع نہ مل سکا۔

اب میں نے سوالوں سے جان لڑانے کا تہیہ کر لیا پرچے کو نہایت کھردرے ہاتھوں سے اوپر تلے کیا۔ اور گھور کر پہلے سوال پر دیکھا لیکن خیال آیا کہ پہلا سوال تو ممتحن رعب جمانے کی غرض سے ڈھونڈ کر مشکل دیتے ہیں۔ چلو دوسرے سے دو دو ہاتھ کئے جائیں۔ اس سوال کی تین دفعہ

تلاوت کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ تیس الفاظ پر مشتمل ہے جن میں سے پچیس کا مجھے تلفظ معلوم نہ تھا اور انتیس کے معانی سے بے خبر تھا تیسرے کے متعلق نہ تو اس وقت کوئی صحیح رائے قائم کر سکا نہ کچھ اب کہہ سکتا ہوں بہرحال بہت فضول سوال تھا۔ چوتھے میں مستحسن کا تو کچھ قصور نہ تھا البتہ کتابت کی غلطیاں بے شمار تھیں مثلاً ایک جگہ لکھا تھا "تاریخ وصاف" حالانکہ صحیح لفظ تاریخ ہند ہے۔ جاہل سے جاہل شخص بھی جانتا ہے کہ دریافت شدہ دنیا میں وصاف کسی جگہ کا نام نہیں اسی طرح عمرو عیار کو نعوذ باللہ عمر خیام لکھ دیا تھا۔ کم بخت کاتب کو اتنا معلوم نہ تھا کہ خیام تو خیمہ بنانے والوں کو کہتے ہیں۔ بھلا فارسی کے پرچے میں خیمہ سازوں کا کیا کام اور پھر دنیا کی اس مشہور ہستی کا نام بگاڑنا کتنا گناہ تھا۔ باقی تین سوالوں سے بھی کسی نہ کسی مقام پر اختلاف تھا۔ لہٰذا ایسے ناموافق سوالات سے حل ہو جانے کی توقع رکھنا عقل و خودداری کے منافی تھا۔

ادھر حضرت نگراں کو مجھ سے دلچسپی جو پیدا ہوئی تو ایک بار فی سانس کے حساب سے میرے پاس سے گذرنے لگے۔ آیا لکھتا ہے۔ یا خلاصے پر ہی قناعت کئے بیٹھا ہے لکھا تو جو کچھ میں نے تھا۔ آپ سے چھپا ہوا نہیں۔ البتہ نگراں کو ٹالنے کی غرض سے مجھے ایک اور گر یاد آگیا۔ جونہی آنحضرت میرے پاس سے گذرتے میں سوالوں کا پرچہ جوابات کے کاغذ پر رکھ دیتا۔ اور سوالوں کے نمبروں پر اس طرح نشان لگانا شروع کرتا:۔

۱ ۲ ۳

اب اس ذرا سی ٹیڑھی لکیر کا یہ اثر ہے کہ جس سوال کے نمبر پر کھینچ دی جائے۔ اسے حل شدہ سمجھا جاتا ہے۔

اس جادو کی لکیر سے میں نے پرچہ تو آن کی آن میں حل کر مارا لیکن اب باہر کی دنیا رہ رہ کر یاد آتی تھی جی چاہتا کہ جاگ کر باہر جاؤں اور سر جانے والے کو بتاؤں۔ کہ مجھ پر یہ مصیبت گذری ہے اور اب میں آزاد ہوں لیکن میعاد قید کے ابھی پندرہ منٹ باقی تھے۔ ادھر نگراں کا مجھ سے دلچسپی کا یہ عالم تھا کہ میرے بنچ کا طواف کرنا شروع کر دیا تھا میرا قلم صفحۂ قرطاس پر بیکار رہتا تو حضرت نگراں خوش رہتے لیکن جونہی مائل بہ سکوں ہوتا۔ آنحضرت پند و نصائح کی بوچھار کرنا شروع کر دیتے:۔

یہاں بیکار نہ بیٹھو سوچ سمجھ کر سوال حل کرو۔ فیل ہو گئے تو اپنی عمر ضائع کر دو گے گھر والوں کا کیا جائے گا!

میں دل ہی دل میں رو کر کہتا: ؎

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا۔ کوئی غم گسار ہوتا!!!"

شعر تو کئی دفعہ پڑھ دیا لیکن اس شعر خوانی کا فائدہ کچھ نہ تھا۔ بند۔ دوست استاد ذوق کی شمع کی طرح ہنس کر یا رو کر گذرنے تھے۔ اور قلم کو بھی یوں ہی رکھنا تھا۔ ورنہ نگراں کی نصیحتوں میں طغیانی آنے کا خطرہ تھا لہٰذا فیصلہ کیا۔ کہ چلو مستحسن کے نام ایک خط بطور اپیل ہی لکھ دیں۔ ممکن ہے۔ رحم دل انسان ہو ترس کھائے اور پاس کر دے ویسے بھی حسیات موثر ہوتی ہیں۔ چنانچہ خط شروع کیا۔

"جناب مستحسن صاحب!

اتنا لکھنے کے بعد "السلام علیکم" لکھنے ہی کو تھا کہ خیال آیا۔ ممکن ہے مستحسن ہندو ہو یا سکھ ہو۔ تو اب بڑی مصیبت تھی کہ "السلام علیکم" لکھا جائے یا "نمستے" یا "واگرو جی کی فتح" سوچ رہا تھا کہ ایک ملک میں ایک سے زیادہ مذہب کس قدر تکلیف دہ چیز ہے کہ اتنے میں میرے ذہن میں گڈ مارننگ نمودار ہوئی۔ جو سلام تو انگریزوں کا ہے لیکن ملکہ وکٹوریہ کے اعلان کے بعد ہندوستانیوں کو بھی بلا تمیز مذہب و رنگ اس سے مساوی انس ہے چنانچہ میں نے گڈ مارننگ لکھنے کا فیصلہ کر دیا۔ اور تھوڑی دیر کے لئے اس ماسٹر جی کی قابلیت و دور اندیشی پر حیران ہوتا رہا جو چوتھی جماعت میں ہر دوسرے دن انگریزی رات کی برکتوں پر جواب مضمون لکھوایا کرتا تھا اور اس وقت ہم ہنس کر کہہ دیتے تھے۔ کہ ماسٹر جی ٹوڈی ہیں! تو خیر خط شروع کیا۔

جناب مستحسن صاحب!

گڈ مارننگ یہاں خیریت سے اور آپ کی خیریت خداوند کریم سے نیک چاہتا ہوں۔ باقی عرض یہ ہے کہ اس دفعہ آپ کو ایک تکلیف دینا چاہتا ہوں۔ یوں تو آپ کو کبھی ایسی تکلیف نہ دیتا لیکن کیا کروں امر مجبوری نے ہاں تو کوئی اتنی بڑی تکلیف بھی نہیں صرف مجھے اس پرچہ میں بندہ نوازش نہ ف.. کر دیں۔ امید ہے آپ وہ بات سمجھ ہی گئے ہوں گے۔ میں ذرا اس لئے دو خاص لفظ لکھنے سے پرہیز کرتا ہوں۔ کہ کہیں یونیورسٹی کو پتہ نہ چل جائے۔ اور میری اپنی تحریر بطور ثبوت پیش کر دے۔ آخر آپ جانتے ہیں۔ قانون سے چھٹکارا تو نہیں ہو سکتا۔ پچھلے سال اسی طرح میرے دوست ظفر نے پرچہ میں خط لکھا۔ تو اس

میں کچھ اسی کی قسم کے الفاظ لکھتا رہا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ خدانخواستہ فیل ہوگیا۔ حالانکہ کمبخت آسانی سے میری طرح نقلے ڈال سکتا تھا۔ آخر آپ لوگ کوئی جاہل تو نہیں صرف گڈمارنگ سے ہی اندازہ لگا لیتے ہوں گے کہ جی۔ اسے پاس ہونے کی ضرورت ہے۔ اسے پاس کردیں۔ آپ کو مجبور کرنا شرافت نہیں۔

اب میں نہیں چاہتا کہ اس سے زیادہ آپ کا قیمتی وقت ضائع کروں۔ آپ کو ابھی بہت سے پرچے دیکھنے ہوں گے۔ ویسے میں آپ کے حسن سلوک کا اس قدر ممنون ہوں کہ بیان نہیں کرسکتا۔ منہ پر تعریف کرنا ناجائز ہے لیکن آپ سے مہربان بہت کم دیکھنے میں آئے ہیں کیا کہوں۔ ع

پیام بر نہیں سکتی ہیں راز کی باتیں

افسوس۔ آپ مجھے اس خط کا جواب نہ دے سکیں گے۔ کیونکہ پرچوں میں نام پتہ لکھنے کی سخت ممانعت ہے۔ اچھا خدا حافظ

ہاں تو ایک ضروری بات رہ گئی ہے۔ ہمارے گاؤں میں پوٹھواری جوتا غضب کا نفیس بنتا ہے اگر ارشاد ہو۔ تو مفت بھیج دوں لیکن براہ نوازش اسے رشوت نہ سمجھیں۔

باقی اس بات کے متعلق دوبارہ تاکید کرنے کی ضرورت تو نہیں لیکن خیر لکھے ہی دیتا ہوں۔ میں جانتا ہوں آپ کو میری باتوں پر غصہ تو آئیگا نہیں۔ بلکہ اب تو آپ تھوڑے تھوڑے دوست ہوگئے ہوں گے دوستوں سے شرمانا فضول ہے۔ تو آپ سچ مچ پاس کردیں گے نا؟

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از درِ حق بہر استقبال مے آید!

اچھا خدا حافظ

خاکسار رول نمبر ۴۴،

خط کے ختم ہوتے ہی آدھا گھنٹہ بھی گذر گیا۔ میں پرچہ وارثوں کے حوالے کرکے ہال سے باہر آگیا۔ میں دل میں کہتا۔ یہ گھر والے کس قدر کم فہم ہیں۔ جو مجھے آج تک سادہ لوح و بے وقوف سالڑا کا سمجھتے رہے ہیں۔ حالانکہ میں اتنا چالاک ہوں۔ کہ جوتے کے بہانے سے ممتحن جیسے آدمی کو چپڑی چکنی باتوں میں پھنسا لیتا ہوں۔ اور پاس ہونے کی دیر ہے۔ پھر جوتا بھی نہ دوں گا۔

مجھے گھر پہنچ کر میں نے اپنی چالاکی کو صیغہ راز میں ہی رکھنا مناسب سمجھا اور فیصلہ کیا کہ جب نتیجہ نکلے گا تو انہیں بتاؤں گا۔ کہ دیکھو یہ اسی بیس کوٹ کھیلنے والے بچے کا کام ہے جس پر تم پکٹنگ کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔ اور جب وہ حیران ہوں گے تو اپنی خط والی چالاکی کا ذکر کرکے انہیں اور حیران کردوں گا۔ پھر انشاء اللہ گاؤں کے لوگ میرے سایہ سے بھی بھاگیں گے۔ اور مولوی صاحب کے لئے تو بلا تکلف انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھ دوں گا۔

حضرات آپ حیران ہوں گے۔ کہ جب ایک ماہ بعد نتیجہ نکلا۔ تو مجھے نہ صرف فیل کردیا گیا، بلکہ مجھ سے وہ سہ سالہ بدسلوکی بھی کی گئی۔ اور سب سے زیادہ رنج اس بات کا ہے کہ مولوی صاحب کو زندہ رہنے کے لئے تین سال کی ایزادی مل گئی۔ اور میرے خلاف پکٹنگ کا اعلان ہوگیا۔ دیکھیں یونیورسٹی کی ذرا سی غلطی نے میرا پروگرام کس قدر تہ و بالا کیا۔ ایسی منافق یونیورسٹی کے معاملات کی تحقیقات ہونی چاہئے۔

کامران ایم۔ اے

کیفِ بہار

بہار!
اپنی شوکتوں مسرتوں کے ساتھ آگئی
جہان زندگی پہ ایک موجِ رنگ بن کے چھا گئی۔ ہر ایک مردہ شے
میں بن کے حیات کی تڑپ گئی ہر ایک زندہ شے میں حسن بے مثال رقص کر اٹھا
وہ پھول:۔ خوشنما نشاط بیز پھول اڑنے لگے۔
وہ۔ پھول جیسی شوخ تتلیوں سے اک جہاں مہک اٹھا۔ کہو
تو ان میں کون تتلیاں ہیں۔
اور پھول کون ہیں!
بہار!
ہاں بہار کی نشاط خیز روح کی قسم!
مجھے تو کچھ خبر نہیں۔

خالد (از لندن)

تجلیات

(۱)

آرزو دل میں نظر میں ہے تماشا گستاخ
محفلِ یار میں بھی آج ہیں کیا کیا گستاخ

پھر انہوں نے نگہِ ناز سے دیکھا دل کو
پھر بڑھا اُن کی طرف دستِ تمنا گستاخ

دامنِ یار پہ ہر بار اٹھا جاتا ہے
دستِ وحشت بھی ہوا جاتا ہے کتنا گستاخ

خلوتِ ناز میں شاید کہ اسے بار نہیں
غیر ہے آج سرِ راہ گذر کیا گستاخ

غمزۂ یار کی شوخی یہ کہے دیتی ہے
جس قدر آج تجھے ہونا ہو ہو جا گستاخ

(۲)

ابر و ہوا و شاہد و مستی ہے زندگی
بزمِ سرود و بادہ پرستی ہے زندگی

آلامِ روزگار نے بے حال کر دیا
اب مرگِ ناگہاں کو ترستی ہے زندگی

ہے فصلِ برشگال میں اتنا نمو کا جوش
گویا کہ بادلوں سے برستی ہے زندگی

اے ناشناسِ رمزِ حیات و ممات سُن
گر جان دے کے بھی ملے سستی ہے زندگی

وہ جنتِ نگاہ ہے پیشِ نظر مدام
اکبر مری تو حُسن پرستی ہے زندگی

جلال الدین اکبر

ہماری غزلوں پر مقامی اثرات

ہماری شاعری پر جہاں اور بڑے اور چھوٹے بہت سے اعتراضات ہیں اُن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُس میں مقامی اثرات کی کمی ہے۔ یا یوں کہئے کہ جو شاعری ہندوستان کی فضا میں پروان چڑھی وہ شروع سے آخر تک فارسی کے رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ اعتراض ہماری شاعری کے کافی بڑے حصے پر چھا جاتا ہے لیکن اعتراض کرنے والوں کو اعتراض کرنے سے پہلے یہ بھی سوچ لینے کی ضرورت ہے کہ اردو شاعری کن اثرات کے ماتحت ہندوستان میں شروع ہوئی؟ یہاں کی سیاسی فضا میں کس قسم کی تھیں؟ جن لوگوں نے اُردو شاعری کی ابتدا کی اُن کی زبان کونسی تھی؟ ان سب باتوں کا جواب بہت آسان ہے۔ اور ان کا صحیح جواب معلوم کر لینے کے بعد اعتراض کی اہمیت بہت ہلکی ہو جاتی ہے۔ اردو شاعری میں ہمارے شاعروں نے نہ فارسی کی روایتوں کو کسی خاص محبت کی بنا پر شامل کیا اور نہ ہندی روایتوں کو کسی نفرت کی وجہ سے اپنی شاعری میں جگہ نہیں دی۔ چونکہ سیاسی فضاؤں نے اُن کے سامنے شروع شروع میں فارسی شاعری کے نمونے پیش کئے اس لئے اُنہوں نے اُنہیں کو اپنا بنانا شروع کر دیا۔ بعد میں آنے والے اُسی لکیر کے فقیر رہے اور ہماری شاعری فارسی کے قالب میں ڈھل گئی۔

لیکن یہ مان لینے کے بعد بھی اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہمارے شاعروں نے اپنی مقامی چیزوں کی محبت اور عظمت کو دلوں میں قائم رکھا اور اپنی شاعری کو برابر اُن ملکی خزانوں سے مزین کرتے رہے۔ چونکہ ہماری آنکھیں فارسی کی روایتوں اور اُن فرسودہ خیالات کو دیکھتے دیکھتے تھک گئی ہیں اس لئے جب ہمارا کوئی شاعر اپنے شعر میں اس ملکی سرمایہ کی مدد لیتا ہے تو یہ شعر بہت غنیمت معلوم ہوتے ہیں۔ جو آنکھیں اب بادۂ پارس کے نشے میں چور رہتے رہتے تھک گئی ہیں اُنہیں ہندوستان کی ہری بوٹیوں میں عجب کیف آتا ہے۔ اور ایسے شعروں کو دل کا سرور سمجھا جاتا ہے۔

مثنوی، قصیدے اور مرثیے میں ہندوستان کی خالص فضاؤں کا جو اثر ہے اُسے نظر انداز کر دینے کے بعد اگر ہم صرف اپنی غزلوں کو اس نقطۂ نظر سے دیکھیں تو ہماری وطن پرستی کا جذبہ ہر لذت سے سیراب ہوگا

ہندی کا اثر

۱۔ اگر ہم اپنی غزلوں کو سرسری نظر سے دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ اُن پر صرف ہندی لفظوں ہی کا اتنا کافی اثر ہے۔ کہ اگر اُن لفظوں کی مکمل فہرست بنائی جائے تو سیکڑوں سے زیادہ ایسے لفظ نکلیں گے جو خالص ہندی کے ہیں اور وہ ہماری زبان میں داخل نہیں ہوئے۔ قلی قطب شاہ وجہی۔ ولی۔ آبرو۔ قائم۔ یقین۔ میر اور آتشار کی غزلوں میں آدھار۔ اچرج اکاس۔ امرت بچن۔ اسیشدی۔ بان۔ براگی۔ برہ۔ بچن۔ بچن ہاری۔ بیتم چرن۔ چندر۔ درس۔ درشن۔ رادت۔ رہن۔ ساجن۔ سجن۔ سرسجن۔ سکھیاں۔ سلونے۔ سمرن۔ سنیاسی۔ سُندر۔ سنسار۔ سیس۔ شنکر بچن۔ سہاگن۔ لاجن۔ سگن۔ موہن۔ سن ہرن۔ من۔ نیہہ۔ نینہ۔ نین جیسے لفظ اکثر استعمال ہوتے ہیں خصوصاً ایسے لفظ جو ہندی کی عاشقانہ شاعری میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ انہیں ہمارے شاعروں نے کثرت سے اپنی غزلوں میں داخل کیا ہے۔ مثال کے لئے کچھ شعر پیش خدمت ہیں ؎

جُدائی کے زمانے کی سجن کیا زیادتی کہئے
کہ اُس ظالم کی جو ہم پر گھڑی گذری سو جگ بیتا (آبرو)

آج تو ناجی سجن سے کرے اپنا عرض حال
مرنے جینے کا نہ کر وسواس ہونا ہو سو ہو (ناجی)

ع سُنتا نہیں ہے بات کسی کی تو اے سجن (بکرنگ)

ہمیشہ مجھ سے نئی جان چاہتا ہے سجن

یہ کون پیٹ ہے تو اتنا بھی خرد سال نہیں (یقین)

جہاں جاتا ہوں وہاں آتا ہے سائے کے نمن پیچھے
ترے بکنے اے ظالم لیا دُنبال عاشق کا (ولی)

دل کو گرمتیہ ہے درپن کا دیکھنا منفعت ہے سری جن کا (ولی)
ہوا معلوم تجھ لعلِ لون لالن کہ نگین ہے بہا آشنائی "
اب تلک ولی پیالے دکھایا نہیں درس "
جیوں شمع انتظار میں ساری رین گئی "

ان شعروں میں سجن۔ سریجن۔ موہن۔ لالن۔ پیا۔ درس رہن۔ پیا۔ ایسے لفظ ہیں جو خاص طور پر ہندی کی عشقیہ شاعری میں بہت استعمال ہوتے ہیں۔ ہمارے شاعروں نے بھی ہندی سے یہ اثر قبول کیا۔

کسی زبان کا اثر قبول کرنا تو کوئی ایسی خاص بات نہیں آدمی دن رات جو لفظ سُنے گا۔ اُنہیں استعمال بھی ضرور کرے گا لیکن اصل چیز خیالات ہیں۔ اگر کسی انسان پر دوسرے انسان کا اتنا اثر پڑے کہ وہ لفظوں کے ساتھ ساتھ اُس کے خیالات کی بھی تقلید کرنے لگے تو سمجھنا چاہئے کہ یہ اثر بہت نمایاں ہے۔ ہمارے بعض غزل گو شاعروں نے اپنی غزلوں میں ایسے جذبات نظم کئے ہیں جن میں وہی دلکشی ہے جو ہندی کے لئے مخصوص ہے اور جس سے فارسی یا کسی دوسرے مُلک کی شاعری خالی ہے۔ عورت کی فطرت لطافت اور محبت کے عناصر سے مل کر بنتی ہے۔ اس لئے اُس کی ہر بات میں وہ اثر وہ جادو ہے جو دل کو مسخر کرتا ہے۔ شاعری دلی جذبات کی سچی مصوری ہے۔ مرد جب سچے جذبات شاعری کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں تو سُننے والے دل تھام کر رہ جاتے ہیں۔ تو جب عورت اپنے دل کا درد۔ اپنی میٹھی زبان سے فطرت کے رنگ میں ڈوبے ہوئے نازک لفظوں میں شاعری کے بُت پر چڑھانے لائے گی تو کون اُسے دیکھنے اور سُننے کی تاب لا سکے گا۔ ہندی شاعری کے اثر کا ایک یہی بہت بڑا راز ہے۔ ہمارے بعض شاعر اس دُنیا میں جا کر وہاں سے بھی فطری حُسن لائے اور اپنی غزلوں کو اُس سے سجایا۔

دکن کے شاعروں میں قلی قطب شاہ اور وجہی کے یہاں اکثر شعر ملیں گے۔

عورت کی فطرت میں رشک حد سے زیادہ ہوتا ہے۔ وہ کسی طرح نہیں گوارا کر سکتی کہ اُس کا محبوب کسی دوسرے کا محبوب بن کر رہے اس خیال کو ہندی میں طرح طرح سے نظم کیا گیا ہے۔ صرف دو دوہے سُنئے۔

آجا پیارے نین میں پلک ڈھانپ تو تُجھ لوں
نا میں دیکھوں اور کو نا تو کو دیکھیں دوں

یا ؎ چونچ تمہاری کاٹ کے ماپے چھڑکوں لوں
میں پیو کی۔ پیا مورے۔ تو پیو کہے سو کوں

اسی خیال کو ہمارے شاعروں نے بالکل اسی انداز میں کئی جگہ ادا کیا ہے ؎

گما کر رہن دوتی سے چھپاتے
میں بوجی ہوں نشانیاں سب رین کے
پیا کس سے گمائی رات ساری
تمن انکھیاں میں میں پائی خماری
کہو رات کن سات کیتی ہیں باتاں
کہ چوتا ہے تم میں تھے رنگِ خماری

اس خیال کو ایک جگہ تو جس لطف کے ساتھ نظم کیا ہے بیان نہیں ہو سکتا خود پیا کے فراق میں آنکھوں میں نیند نہیں پیا آئے تو اُن کی یہ حالت ہے کہ سوئے جاتے ہیں۔ یہ سمجھ جاتی ہے کہ کچھ ان میں کالا ہے۔ دل میں طرح طرح کے خیال پیدا ہوتے ہیں۔ آخر مجبور ہو کر کہتی ہے ؎

او نیندی ہے رنج نیں تج یار سیتی
کہو تم نین میں ہے کاں کی خماری

اس کے علاوہ ہندی شاعری میں جس جذبہ کو شاعروں نے کثرت کے ساتھ نظم کیا ہے۔ وہ ہجر کے صدمات ہیں۔ ایک ہجر نصیب عورت اپنے محبوب کی یاد میں اپنے وقت کو کس طرح گذارتی ہے۔ اُس کے نازک دل پر ان صدموں کا کیسا اثر پڑتا ہے اس کا احساس خود درد میں مبتلا ہونے سے زیادہ درد انگیز ہے۔ ہمارے شاعروں نے فطرت کی اس مخلوق کی زبان میں اُس کے دل کے نقوش جس طرح ہمارے سامنے پیش کئے ہیں۔ وہ بے حد مؤثر آگیں ہیں ؎

کھانا بہ کیتی ہوں میں پانی انکھو پیتی ہوں میں
تجھ تے بچھڑ جیتی ہوں میں کیا سخت ہے دل سے پیا (وجہی)
ہر دم تو یاد آتا مجھے۔ اب عیش نہیں بھاتا مجھے
برہا سوستاتا مجھے۔ مج ناج تل تل سے پیا (ع)

پی کے بیراگ کی اُداسی سوں
دِل بھی بیراگی و اُداسی ہے (ولی)

معشوق کی خصوصیات بیان کرتے وقت بھی کبھی کبھی ہمارے شاعروں کی نظریں اُنہیں محاسن پر پڑیں جو صرف ہندوستان کی سادی اور پُرکیف فضا کے لئے مخصوص ہیں ؎

سلونے سانورے پتیم۔ تری موتی کی جھلکاں نے
کیا عقد ثریا کوں خراب آہستہ آہستہ (ولی)

سانورا مکھڑا۔ رسیلے نین۔ البیلی ہے چال
ایسے پیارے پر فغاں کیونکر نہ دیوانہ بنوں (فغاں)

تجھ چال کی قیمت سوں نہیں دل ہے مرا واقف
اے نازبھری چنچل۔ ٹک بھاؤ بتاتی جا (ولی)

تجھ مکھ کی پرستش میں گئی عمر مری ساری
اے بُت کی پجن ہاری اس بُت کو پجاتی جا (ولی)

ہندی کی عشقیہ شاعری کا وہ حصہ جو عورتوں کے نہیں مردوں کے جذبات کا ترجمان ہے بیحد فطری اور جذبات انگیز خیالات سے بھرا ہوا ہے۔ یوں تو اس میں طرح طرح کے خیالات ہیں لیکن جہاں کسی حسین دوشیزہ کا سراپا بیان کیا ہے وہاں شوخی اور شاعرانہ نزاکتوں کی حد کردی ہے۔ ان دوہوں میں خصوصاً ایسے دوہے بیحد پُرکیف اور لطیف ہیں جن میں محرم کا ذکر مختلف طریقوں سے کیا گیا ہے جی چاہتا تھا کہ کچھ دوہے لکھوں لیکن اول تو اس خیال سے کہ وہ بلا شرح کئے آسانی سے سمجھ میں نہیں آئیں گے۔ اور شرح اُن کی لطافتوں پر پانی پھیر دے گی دوسرے اس لئے کہ اُردو والے ابھی اس شوخ اور بے باک حسن کی جھلک دیکھنے کے عادی نہیں ہیں۔ صرف اردو شاعروں کی غزلوں میں سے دو تین ایسے شعر لکھتا ہوں جو ہندی شاعری کے اسی لطیف عنصر شاعری کا بے حد کیف آگیں عکس کہے جا سکتے ہیں ؎

اودی کرتی۔ لال چمکن اور اس پہنری گوٹ لگی
ابر سے نکلا چاند کا ٹکڑا۔ برق کے دل کو چوٹ لگی (برق)

کپڑے کا پرانگیا میں لگا "رادھکا" بولی!
ہے کشن یہ کاٹے گا مرے انگ میں کپڑا (انشا)

انشا کی شوخیوں نے اس شاعرانہ لطافت میں اپنی ترنگوں کے جلوے بھی شامل کر دیئے ہیں ؎

مت چھیڑو مجھے دیکھو ابھی کہنے لگو گے
چولی میری ٹکڑے ہوئی دامن بھی گیا پھٹ

انشا نے یہ اثر ہندی ہی سے لیا لیکن افسوس ہے کہ اس کا استعمال غیر شاعرانہ طریقہ پر کیا۔

تشبیہ و استعارہ

شاعر کی دُنیا میں عشق و محبت کے بعد اگر کوئی دوسری چیز حسین سمجھی جاتی ہے۔ تو وہ شعریت ہے۔ یہ شعریت مختلف طریقوں سے پیدا کی جاتی ہے۔ اُن میں سے ایک عام طریقہ یہی ہے کہ شاعر معمولی سے معمولی خیال کو شاعری کی فضا میں لانے کے لئے اُسے اچھے سے اچھے تشبیہ اور استعارے کے دامن سے وابستہ کر دے۔ یہ تشبیہیں اور استعارے اس وقت بیحد پُرکیف معلوم ہوتے ہیں جب ہماری آنکھیں اُن کی حقیقت سے اس سے پہلے بارہا لطف اُٹھا چکی ہوں اور ہماری غیر شاعرانہ فطرت نے ان محسوسات کو لفظوں میں نہ جلوہ گر ہونے دیا ہو لیکن جب شاعر اسی معمولی چیز کو ایک شاعرانہ انداز میں پیش کر دیتا ہے تو ہم اسے سُنتے ہیں اور وجد میں آتے ہیں ہمارے شاعروں نے بیحد اچھی اچھی تشبیہیں اور استعارے اپنی ملکی فضاؤں میں سے چُنے اور اُنہیں پُرلطف انداز میں نظم کیا انہیں سُن کر لطف لینا ایک وجدانی چیز ہے ؎

تصور نے مرے اک دھوپ سی سوتوں کو دکھلائی
ہُوا ساون بھی اُن کو جیٹھ اور بیساکھ کا جوڑا (انشا)

اپنا دل شگفتہ تالاب کا کنول تھا
افسوس تو نے ظالم ایسے کنول کو توڑا (انشاء)

ہے نور بھرا مُکھ دیدہ میں پنہاں جیسے کہ کنہیا
سو اشک کے قطروں سی پڑا کھیلے ہی جھپٹ اور آنکھیں میں سمٹ (انشا)

ہجوم رکھتے ہیں جاں بازیوں ترے آگے
جواریوں کا دوالی میں جیسے جمگھٹ ہو (ناسخ)

خونِ جگر سے مژگاں یوں سُرخ ہو رہے ہیں
جنگل میں جیسے یارو پھولا کھڑا ہے ڈھاکا (نثار)

ساون کے بادلوں کی طرح سے بھرے ہوئے
یہ نین وہ ہیں جن سے کہ جنگل ہرے ہوئے (سودا)

راجہ اندر ہے پری خانۂ مے کا پانی
نغمہ نے کاسۂ کشن کہیا بادل (محسن)

محسن۔ انشا۔ ناسخ۔ نثار اور سودا کے ان شعروں میں

جو تشبیہیں استعمال کی گئی ہیں۔ ان میں سے بعض یہاں کے موسموں سے۔ بعض مناظر فطرت سے اور بعض یہاں کے تیواروں سے لی گئی ہیں چونکہ ہم ان چیزوں کو بارہا دیکھ چکے ہیں۔ اس لئے ان کے ذکر کے ساتھ ہمارے دل میں وہی کیفیات پیدا ہو جاتی ہیں جو بارہا ان چیزوں کے دیکھنے کے بعد ہو چکی ہیں۔ ہم حقیقت کے اس فطری مرقع کو شاعر کی کھینچی ہوئی شاعرانہ تصویر سے ملاتے ہیں اور جوں جوں ہم اس میں لطیف مماثلتیں پاتے جاتے ہیں ہمارا وجدان سرور محسوس کرتا ہے لیکن اس سے بھی زیادہ فطری اور پر سحر مرقعے وہ ہیں جو دتی نے جا بجا اپنی غزلوں میں انہیں تشبیہوں اور استعاروں کی دنیا میں آکر کھینچے ہیں ؎

نین دیول میں پتلی ہے ویا کعبہ میں ہے اسود
ہرن کا ہے یو نافہ یا کنول بھیتر بھنور دستا
دے کاجل سوں تجھ انکھیاں کی یوں صبح
کہ برچھی کون پکڑ نکلا ہے راجپوت
تری زلفاں کے حلقے میں دے یوں نقش رخ روشن
کہ جیسے ہنس کے بھیتر لگیں دیوے دوالی کے
اے صنم تجھ جبیں اُپر یہ خیال
ہند دئے ہردوار باسی ہے
زلف تیری ہے موج جمنا کی
پاس تل اُس کے جیوں سناسی ہے

مقامی اشکال اس سے زیادہ پر تاثیر کیفیتیں خود ہندی شاعری میں بھی اس سے زیادہ کیف آگیں نہیں ہیں۔

موسم ہندوستان اور یہاں کی سحر تاثیر کشش میں اضافہ کرنے والی اور جو چیز بھی ہو لیکن ان سب میں زیادہ اہم درجہ یہاں کے موسموں کو دیا جاتا ہے۔ خصوصاً برسات اور اُس کے لوازمات دنیا کے کسی دوسرے ملک میں ان خصوصیتوں کے ساتھ موجود نہیں ہیں جیسے یہاں مُردہ دلوں کے دلوں میں اُمنگیں اسی موسم میں پیدا ہوتی ہیں۔ فرزانوں کو دیوانگی کا سودا اس زمانے میں ہوتا ہے۔ وصل کی لذتیں اسی موسم میں سب سے زیادہ جاں بخش ہوتی ہیں اور ہجر کے صدمے اسی جنون فزا زمانہ میں تیر و نشتر کی طرح زخمی کرتے ہیں یہی موسم ہے جس میں بچوں کو سب سے زیادہ خوشی ہوتی ہے اور یہی زمانہ ہے جب جوان اپنے دل کی امنگوں میں ایک جوش محسوس کرتا ہے۔ فطرت کے نکھار کے ساتھ۔ انسانی حسن بھی اسی زمانہ میں توبہ شکن ہو جاتا ہے۔ یہی موسم ہے جب ساغر و مینا کی جھنکار دل کو تڑپا دیتی ہے اور سانولی دنوں میں مدنا ہدوں کو ساقی کے قدموں پر نثار ہوتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ غرض کیا ہے جو یہ برسات اپنے ساتھ نہیں لاتی۔ میرا تو یہ خیال ہے کہ کھوئی ہوئی نعمتوں کا احساس اور نئی لذتوں کے حاصل کرنے کی آرزو صرف اسی موسم میں پیدا ہوتی ہے ہندی شاعری میں تو خیر کوئی حد ہی نہیں ہمارے اردو شاعروں نے بھی فطرت کی اس نیرنگی میں بہت بڑا حصہ لیا ہے قصیدہ۔ مثنوی اور مستقل نظموں کو چھوڑ کر بھی ہماری غزل ہی میں برسات اور اُس کی دوسری نیرنگیوں کو طرح طرح یاد کیا گیا ہے ؎

جی چاہتا ہے اے دل اک رات ایسی آوے
مطلع ہو صاف ستھرا۔ بادل بھی پھٹ رہے ہوں (انشا)
ساون میں بھی ملنے کا وہ وعدہ نہیں کرتے
باتوں میں بھلاتے ہیں وہ اچھا نہیں کرتے (رشک)
جھومتی آتی ہے مستانہ گھٹا برسات کی
ساتھ کیفیت کے چلتی ہے ہوا برسات کی (آتش)
ہے دلاتی یاد مے نوشی فضا برسات کی
دل بڑھا جاتی ہے آ آ کر گھٹا برسات کی
سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
تیرتا ہے کبھی جمنا۔ کبھی گنگا بادل (محسن)
خوب چھایا ہے سر گوکل و متھرا بادل
رنگ میں آج کنھیا کے ہے ڈوبا بادل (")
جھوم جھوم آتی ہے گھنگھور گھٹا ساون کی
ٹھنڈی ٹھنڈی چلی آتی ہے ہوا ساون کی (رند)
لہلہانے لگے جنگل ہوئے پھر کھیت ہرے
روپ دکھلانے لگی نشو و نما ساون کی (")

برسات کی بہت سی دلچسپیوں میں جھولا بھی ایک ہے۔ اسے بھی مختلف شاعروں نے اپنے شعروں کا موضوع بنایا ہے ؎

ہے بندھا مینہ کے تار کا جھولا
کیوں نہ لے جھونٹے یار کا جھولا (انشا)
گا نہ دے مطرب آ کے ہے مشتاق
میگھ کا اور ملار کا جھولا! (انشا)

چل نہ امرتوں میں جھولیں لیں درختوں کی ہوا
چھا گئی کالی گھٹا ہے تیرہ بختوں کی ہوا (انشاء)

برسات کے بعد دوسرا کیف موسم بسنت کا ہے۔ اُس کے لطف بھی صرف ہندوستان میں رہنے والے جانتے ہیں انشا کی دو غزلیں ایسی ہیں جن میں اس نے بسنت کو لطف قرار دیا ہے اور مختلف طریقوں سے بسنت کی کیفیتوں کو شاعرانہ انداز میں ادا کیا ہے صرف دو تین شعر سنئے ؎

تو نے لگائی آئے یہ نیا آگ اے بسنت
جس سے کہ دل کی آگ اٹھی جاگ اے بسنت
انشا سے شیخ پوچھتا ہے کیا صلاح ہے
ترغیب بادہ دے ہے مجھے اے جواں بسنت
گیندا ہے کھلا باغ میں میدان میں سرسوں
صحرا وہ بسنتی ہے یہ گلزار بسنتی (امانت)

ہندوستان کے تہواروں میں ہولی اور دیوالی دو ایسے ہیں جن میں ہندوستان والے حد سے زیادہ خوشیاں مناتے ہیں۔ دیوالی کی سب سے بڑی رونق جسے ہر دیکھنے والا محسوس کرتا ہے چراغاں ہے۔ لیکن ہولی ایسے موسم میں ہوتی ہے جب انسان کی فطرت امنگوں کی طرف رخ کرنا شروع کر دیتی ہے۔ بہار کی آمد ایک نئے لطف کا پیغام لاتی ہے۔ اور اُس کی خوشی میں جو جو کچھ ہوتا ہے اُس کا سب سے زیادہ مزیدار حصہ رنگ کھیلنا ہے۔ ہمارے شاعروں نے اپنی غزلوں کو اس رنگ میں بھی رنگا ہے ؎

بتاتے ہیں ہم تم کو کیا شیخ جیو
ذرا آنے دیجے تو ہولی کی رات (انشاء)
خاکِ شہید ناز سے بھی ہولی کھیلئے
رنگ اس میں ہے گلال کا بو ہے عبیر کی (آتش)

انہیں موسموں کے سلسلے میں دو نظر فریب اور سامعہ نواز چیزوں کا ذکر ضروری ہے۔ وہ یہاں کے چند مخصوص پھول اور جانوروں کے نغمے ہیں۔ ہندی شاعروں نے کچھ پھولوں اور جاندار مخلوقات کو عشقیہ شاعری کے ساتھ مخصوص کر دیا ہے۔ اور ان کا ذکر ہر شاعری میں ایک عجیب ہنگامہ خیز اثر پیدا کرتا ہے۔ ان چیزوں میں کوئل۔ پپیہا۔ مور۔ بھونرا کنول وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں ؎

نیلوفر آنکھ ہے مرے دریائے حسن کی
خوب رنگ مردمک نہیں بھونرا کنول میں ہے (آتش)
دل میں سما رہا ہے یوں داغ عشق اپنے
جس طرح کوئی بھونرا ہووے کنول میں بیٹھا (انشاء)
تجھ مکھ کا رنگ دیکھ کنول جل میں جل گئے (رونق)
کس کا ماتم ہے یقیں جو اس طرح رونا ہے ابر
کوئلیں ہیں کوئلیں اور شور بلبل کرتے ہیں مور (یقین)
عالم کے دل لبھاتے ہیں خال رخ حبیب
سمجھے ہیں اپنے حصہ میں بھونرے کنول تمام (آتش)
راتن ہی کچا میں داؤد جوں پپیہا پیا پیا تجھ بن (داؤد)

اس کے علاوہ ایک آدھ اور ایسے کیڑوں کا بھی ذکر ہے جو صرف ہندوستان کی آب و ہوا میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ مثلاً بیر بہوٹی جگنو اور جھینگر وغیرہ۔ یا اس کے علاوہ شاعروں نے یہاں کے دوسرے ایسے مناظر فطرت کا بھی غزلوں میں ذکر کیا ہے جو ہندی کی عشقیہ شاعری میں نہیں ہیں لیکن یہاں کی موسمی خصوصیات کے لحاظ سے بے حد قابل قدر ہیں ؎

چل یقین بہتر نہیں ہے اس سے جل مرنے کی طرح
کیا ہی پھولا ہے پلاس اور لگ رہی ہے بن میں آگ

یا ناسخ کا بہت مشہور شعر ہے ؎

جنوں پسند مجھے چھاؤں ہے ببولوں کی
عجب بہار ہے ان زرد زرد پھولوں کی
عکس لب جاں بخش سے جوں بیر بہوٹی
پھرتا ہے پڑا اک قدح بھنگ میں کیڑا
جھینگر کی سن آواز مراقب ہو کہ ہے یہ
مشغول عبادت عجب آہنگ میں کیڑا

بعض شاعروں نے مقامی فضا سے یہاں تک اثر قبول کیا کہ فارسی کی روایتوں کو ترک کر کے اپنی قومی خصوصیات کو اُن کی جگہ داخل کر لیا مثال کے طور پر کوئل کو لے لیجئے۔ دو ایک شاعروں نے اسے غزل میں وہی جگہ دی ہے جو بلبل کو ہے ؎

کیفیت گلشن ہے مرے نشہ کا عالم

کوئل کی صدا نعرۂ مستانہ ہے میرا
حکم مالی کا یہ ہے پھول نہ ہنسنے پائیں
چپ رہے باغ میں کوئل اگر آزاد رہے
محبت ہے مجھے کوئل کے درد انگیز نالوں سے
چمن میں جا کے میں پھولوں کا شیدا ہو نہیں سکتا

ان چیزوں کے علاوہ ہماری غزلوں میں ایک خاص چیز جس سے مقامی اثر کا پتا چلتا ہے۔ ان مقامات یا دریاؤں وغیرہ کا ذکر ہے جو ہندوستان میں کچھ انفرادی خصوصیت کے ساتھ یاد کئے جاتے ہیں۔ ایسے مقامات میں کاشی، پرباگ، ہردوار، متھرا اور دریاؤں میں گنگا اور جمنا کو مذہبی نقطۂ نظر سے بھی ایک خاص درجہ حاصل ہے اور اس لئے شاعروں نے اکثر انہیں غزلوں میں نظم کیا ہے اور جن جن مختلف طریقوں سے یہ مقامی عنصر ہماری غزلوں میں شامل ہوا وہ لطف سے خالی نہیں ؎

متھرا میں جوں کنھیا وہ بت جو ہاتھ آوے
تو میں اُسے دکھاؤں عبدالغنی کی مسجد (انشا)
ہمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
تیرتا ہے کبھی گنگا کبھی جمنا بادل (محسن)
دل میں اس طرح سے ارمان ہیں آزادی کے
جیسے گنگا میں جھلکتی ہے چمک تاروں کی (چکبست)
ع زلف تیری ہے موج جمنا کی (ولی)
اے صنم تجھ جبیں اپر یہ خال ہنسیئے ہردوار باسی ہے (ولی)
ادھر گنگا۔ اُدھر جمنا بیچ ترپینی
عجب طرح کا ہے تیرتھ پراگ پانی پر (انشا)

ایک اور چیز جس نے اُردو کی غزلوں پر بہت زیادہ اثر کیا ہے۔ ہندوستان کی مذہبی روایات ہیں۔ رامائن، مہابھارت اور گیتا میں جن جن لوگوں کا ذکر مختلف طریقوں سے آیا ہے۔ ان میں اکثر کو انکی خصوصیتوں کے ساتھ اردو کی غزلوں اور اُن کے مضامین میں منتقل کر لیا گیا ہے۔ رامائن سے رام لچھمن سیتا اور ہنومان، مہابھارت سے کرشن، رادھا اور ارجن پرانوں سے مہادیو، پاربتی وغیرہ کے علاوہ ہمارے شاعروں نے بہت سے ایسے راجاؤں وغیرہ کا ذکر کیا ہے جنہیں کسی نہ کسی حد تک ہندوستان کی مذہبی روایتوں سے تعلق ضرور ہے۔ رام کی فرمانبرداری لچھمن کی برادرانہ محبت ہنومان کی خدمت گذاری۔ کرشن اور رادھا کی محبت کے نقشے۔ کرشن کی بانسری کی تانیں۔ ان کے سانولے رنگ میں حسن اور کشش کے جلوے ارجن کی بہادرانہ غزلیں۔ مہادیو اور پاربتی کا علوئے مرتبہ یہ سب چیزیں ہماری غزلوں میں موجود ہیں۔ مثال کے لئے صرف چند شعر پیش کر دینے کافی ہیں ؎

مہادیو اُترے جو کیلاس سے اپنی جٹا کھولے
تو شاید بن سکے اس جوگ کے پراگ کا جوڑا (انشا)
شیو کے گلے سے پاربتی جی لپٹ گئیں
کیا ہی بہار آج ہے رادھا کے کنٹھ پر (انشا)
لپٹ کر کرشن جی سے رادھکا یوں ہی لگی کہنے
ملا ہے چاند سے اے لو اندھیرے پاک کا جوڑا (انشا)
ہوا دھوپ میں بھی نہ کم حسن یار
کنھیا بنا وہ جو سنولا گیا! (بحر)
کفر کو توڑ دل سوں دل میں رکھ کر نیت خالص
ہوا ہے رام بن حسرت سوں جا لچھمن سوں رام اسکا (ولی)
گرچہ لچھمن نرا ہے رام ولے
ے سجن تو کسی کا رام نہیں (ولی)
ترے بن رات دن پھرتا ہوں بن بن کشن کے مانند
اپس کے مکھ اُپر رکھ کر نگہ کی بانسلی آنکھیاں (ولی)
ترکش سینہ عالم کا چھال مارا
مژگاں نے تیری پیارے ارجن کا بان مارا (سودا)

ان کے علاوہ دوسری تلمیحات بھی ہیں۔ حالانکہ ان میں سے زیادہ ایسی ہیں جن سے اردو داں طبقہ واقف نہیں لیکن شاعروں نے ملکی روایات سے اتنا اثر لیا کہ بلا کسی خیال کے انہیں نظم کر دیا۔ چونکہ ہم ان سے بالکل ناواقف ہیں اس لئے ان کا لطف بھی نہیں لے سکتے لیکن اس لئے غنیمت سمجھتے ہیں کہ وہ ہندوستان کی چیزیں ہیں ؎

کنور جی بھی لٹا کر کے ایسے ہی ہیں
ہنومان جیسے مہیشر کے رُت
جہاں گئے تھے رلجہ بھرتری جی کنھاں تانبکو وہاں کسی نے
زمین کھودی تو ایک جوگی دھسے ہوئے سر پہ باند نکلا

ان ملکی خصوصیات کا ہمارے شاعروں پر کبھی کبھی اتنا گہرا اثر پڑا ہے کہ انہوں نے فارسی کی تمثیلوں کو ہندی روایات کی مدد سے نظم

کیا ہے۔ ہولی۔ دوالی۔ بسنت یا اسی قسم کی اور بہت سی چیزیں جو اُن کی نظروں میں تھیں انہیں اُس تخیل کا لباس پہنایا جو وہ فارسی کے دیوانوں سے لائے۔ یہ اثر ابتدائی دوروں کے شاعروں پر زیادہ نمایاں ہے۔ قلی قطب شاہ۔ وجہی۔ ابن نشاطی کی غزلوں میں اکثر ایسے شعر ملیں گے جن میں تخیل فارسی ہے لیکن اُن کا اندازِ بیان یا لفظ تشبیہ و استعارے بالکل ہندی اثر میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ اگر اُن ابتدائی دوروں کو چھوڑ بھی دیجئے تو خود دہلی کی شاعری میں یہ اثر بعید نمایاں ہے۔

تو اٹھ چلا تو زرد ہوئے سب کے رنگ رو
کل آگئی بہار میں یہ ناگہاں بسنت

شب محفل ہولی میں وارد ہوا ناہد۔ رندوں سی لپٹ کر
داڑھی کو دیا اُس کی لگا نہ قطرہ اور بجنے لگی گت

خیالات کا یہ انداز فارسی ہے لیکن انشا نے بسنت اور ہولی کے رنگ میں ڈبو کر اُسے ملکی اثر کا مرہون منت بنا لیا۔

پھرتا ہے جوگی بنا تیرے لئے آفتاب
یہ خط شعاعی نہیں۔ سر پہ کھلی ہے جٹا (ظفر)

کب تلک دھونی رمائے جوگیوں کی سی رہوں
بیٹھے بیٹھے مدعا تیرے میرا آسن جل گیا (امیر)

دونوں شعروں میں خیال کا انداز بالکل فارسی ہے اور یہ خیال فارسی میں ہزاروں جگہ نظم ہوئے ہیں لیکن جوگی کی مُلکی تخیل نے اُنہیں اپنا بنا لیا۔ خصوصاً امیر کا شعر بالکل مقامی رنگ میں ڈوب گیا۔

خاکِ شہیدِ ناز سے بھی ہولی کھیلئے
رنگ اس میں ہے گلال کا بو ہے عبیر کی (آتش)

ہیں جلوۂ تن سے در و دیوار بسنتی
پوشاک جو پہنے ہے میرا یار بسنتی (امانت)

ان دونوں شعروں کا رنگ بھی وہی ہے جو اوپر کے شعروں کا۔

اس قسم کی اور پچاسوں مثالیں ہمارے شاعروں کے یہاں مل سکتی ہیں۔ مثال کے لئے دو تین شعر ولی کے سُنئے۔

اے زہرہ جبیں کشن ترے مکھ کی کلی دیکھ
گاتا ہے۔ ہر اک صبح کوں اٹھ رام کلی کوں

سلونے سانورے پیتم ترے موتی کی جھلکاں نے
کیا عقدِ ثریا کوں خراب آہستہ آہستہ

پہلا مصرعہ خالص ہندی اثر میں ڈوبا ہوا ہے اور دوسرا بالکل فارسی میں۔

جس طرح شاعری پر اور بہت سی چیزوں کا گہرا اثر پڑتا ہے ملک کے خاص رسم و رواج۔ وہاں کے لوگوں کے رہنے سہنے کے طریقے اور ڈھنگوں سے بھی شاعری متاثر ہوتی ہے۔ شاعر جو کچھ کہتے یا لکھتے ہیں۔ وہ سوسائٹی کی حالت دیکھ کر کبھی یہ ہوتا ہے کہ یہ تصویر ایک عالمگیر حلقہ پر صادق آجاتی ہے اور کبھی اس تصویر سے اُسی حلقہ کے لوگوں کے حالات و اطوار کی ترجمانی ہوتی ہے جہاں بیٹھ کر یا جہاں کے حالات سے متاثر ہو کر وہ شعر کہے گئے ہیں۔ اس لئے اگر اشعار میں ایسی باتیں نظم ہو گئی ہوں جو کسی خاص مقام یا طبقہ کے حالات کی ترجمان ہوں تو اُسے بھی مقامی اثر ہی کہنا چاہئے ہماری غزلوں میں بہت سی ایسی چیزیں موجود ہیں جو ہندوستان کی کسی نہ کسی سوسائٹی کی باتوں کے اثر کا نتیجہ ہیں مثلاً ستی کا رواج ہندوستان کے سوا کہیں نہیں تھا۔ اسلئے صرف ایک ہندوستانی شاعر ہی اس خیال کو اس آزادی سے نظم کر سکتا ہے کہ ؎

ستی اک ہو گئی بیراگن آکر گھاٹ پر تب سے
دوا سا چھا رہا ہے اور سب بیراگ پانی پر

پُرانے زمانے میں رسم تھی کہ جب فوج کا سپہ سالار مر جاتا تھا تو فوج کے دوسرے سپاہی اُس کے جنازے کو آگے لے کر اس کا بدلا لینے جاتے تھے۔ سودا نے اپنے اس شعر کا مضمون اسی رسم سے لیا ؎

اے دل یہ کس سے بگڑی کہ آتی ہے فوج اشک
لختِ جگر کی لاش کو آگے دھرے ہوئے

ہندوستان میں اب تک یہ رسم ہے کہ جب کوئی خوشی ہوتی ہے تو گھی کے چراغ جلتے ہیں۔ رات کو عورتیں جاگتی ہیں۔ گاتی بجاتی ہیں اور پکوان پکتے ہیں۔ ان رسموں کا اثر آتش۔ داغ اور امیر کے مصرعوں پر پڑا ؎

گھی کے چراغ طور کے اوپر جلاؤں میں (آتش)
چراغ گھی کے جلاؤں وہ آج شام نہیں (داغ)
رتجگے ہوتے ہیں گر غیر کے گھر ہونے دو (امیر)

ان رسموں کی صدہا مثالیں اردو کی غزلوں میں مل جائیں گی۔ خاص طور پر غزل کا وہ حصہ جسے ریختی کہا جاتا ہے اس قسم کے خیالات سے بھرا پڑا ہے۔ مثال کے طور پر چند شعروں کو دیکھئے۔ رنگین کا شعر ہے ؎

زرا گھر کو رنگیں کے تحقیق کر لو
یہاں سے ہے کے پیسے ڈولی کہارو

مسلمانوں میں عام طور پر رواج ہے کہ شہروں میں ایک محلے سے دوسرے محلے میں جانے کے لئے عورتیں ڈولیوں پر جاتی ہیں۔ اور ان جگہوں کا کرایہ مقرر ہے۔ اُسی رسم کا اثر اس شعر میں نمایاں ہے۔ اس کے علاوہ اور شعر ملاحظہ ہوں جن میں شادی بیاہ کی رسمیں اور گھروں کی دن رات کی باتوں کی صحیح مصوری کی گئی ہے ؎

جاتے دیکھیں جب مرے گھر سے بری کی شکیاں
ہو کے سنہ ٹٹا سا کھپرے کا منگیتر ہو گیا

چالیس دن کی پینڈیاں مینے بنائی تھیں
دیکھا تو دو ہی روز میں اک تل نہیں رہا

چاند دیکھے کرنے والی ہوں میں کونڈا کھیر کا
سال بھر سے فرض ہے مجھ پر یہ بی بی پیر کا

صفا کہتی ہوں منہ میں خاک بی بی کس کے بچے ہیں
نہیں ہوتا ہے اچھا پھیرنا ہر وقت جھاڑو کا

شاعری پر سیاسی انقلابات کے بھی بہت اثر پڑتے ہیں۔ یہ سیاسی انقلابات سوسائٹی کی حالت کو ہمیشہ کیا سے کیا کرتے رہتے ہیں۔ اس موضوع پر مفصل بحث کرنے کے لئے ایک مستقل مضمون کی ضرورت ہے لیکن مثال کے لئے ہم اگر ہندوستان اور اس کے انقلابات کو لیں تو مختصر طور پر یہ اندازہ ہو سکتا ہے کہ ہماری غزل نے اس حیثیت سے کیا کیا مقامی اثرات قبول کئے۔ اردو غزل گوئی کے بالکل ابتدائی دور کو لیجئے۔ اُس کی غزلوں میں جہاں اور بہت سی خصوصیتیں ہیں وہاں ایک یہ بھی ہے کہ دکن کے شاعروں نے بہت سے مرثیے ایسے کہے جو غزل کی شکلوں میں ہیں۔ بحری کے غزل کے دیوانوں میں چار مرثیے ہیں۔ اس کے علاوہ مرزا، ذوقی، نظر، روحی کے مرثیے بھی غزل کی شکل میں ہیں۔ عزلت اور ولی کی غزلیں بھی کسی حد تک اس سے متاثر ہوئی ہیں۔ یہاں تک کہ ولی کی ایک پوری غزل مسلسل مرثیہ ہے۔ ظاہرا اس کی کوئی وجہ نہیں سمجھ میں آتی لیکن تاریخی نقطۂ نظر سے دیکھنے کے بعد پتا چلتا ہے کہ چونکہ قطب شاہی اور عادل شاہی بادشاہ شیعہ تھے۔ اور ان کے زمانے میں محرم کا خاص احترام اور اہتمام ہوتا تھا مجلسیں ہوتی تھیں مٹھائیاں تقسیم کئے جاتے تھے۔ لنگر بٹتے تھے اور اس کے علاوہ ادبی حیثیت سے بھی بادشاہ مرثیہ کی طرف متوجہ تھے اس لئے شاعروں نے بھی اس اثر سے اردو غزل میں ایک نیا موضوع داخل کیا۔

لکھنؤ کی شاعری پر نظر ڈالئے۔ اور اس کا مقابلہ دہلی کی غزلگوئی سے کیجئے تو زمین اور آسمان کا فرق نظر آئیگا۔ شاعری میں عاشقانہ جذبات ہیں لیکن اُن میں عُریانی آگئی ہے۔ معشوق کا ذکر ہے لیکن اُس میں حیا کی جگہ شوخی نے لے لی ہے۔ یہاں تک کہ یہ شوخی عریانیوں کی حد تک پہنچ جاتی ہے معشوق کے حُسن کا معیار صرف ظاہری سنگھار کو سمجھا جاتا ہے۔ لوگ اُسے عیش و نشاط کی محفلوں کی زینت سمجھتے ہیں۔ نہ اُس میں وہ پہلی سی شان حُسن کا وقار و جلال ہے نہ روحانی کشش۔ نہ ناز کے سحر کن نظارے نہ محبوبیت کے والہانہ جلوے۔ اب کیا ہے؟ ناگن کی طرح لہراتی ہوئی چوٹی سُرمے اور رُنبالہ سے سجی ہوئی آنکھیں اور تیکھی چتون ہونٹوں پر پان کا لاکھا اور دانتوں پر مسّی کی دھڑی۔ سینہ پر ابھار اور چال میں البڑپن۔ گھنگرو کی جھنکار میں عشاق کے دلوں کو تسخیر کرنے کا جادو۔ ہر ایک کی نظریں اُن کی طرف اُنہوں نے جدھر دیکھا دس پانچ اپنے دلوں کو پکڑ کر رہ گئے۔ ان کی چتونوں میں شوخی پیدا ہوئی اور یہ مسکراتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔ دوپٹے کا آنچل سر سے گر پڑا تو کچھ پروا نہیں۔ غرض یہ ہے کہ اس غزل گوئی کا دبستان معشوق اس کی وجہ؟ اس تغیر کا راز؟ صرف سیاسی فضا کی تبدیلی اور اُس کا اثر سوسائٹی پر۔ لکھنؤ کے حاکم نے شاہی اختیار کر لی۔ نظام مملکت کی دلچسپیوں کے بجائے عیش و عشرت نے دل موہنا شروع کر دیا ہر طرف رنگ رلیاں ہونے لگیں شاعروں نے بھی وہی اثر لیا اور اُس کا اثر اس دور کی غزلوں پر ہے مثالوں کی ضرورت نہیں۔ کون ایسا ہے جو اس لذت سے ناآشنا ہو۔

اب آگے چلئے خود اپنے دور میں آیئے۔ اس کی سیاسی فضا کیا ہے؟ مشرق کی ہر چیز پر مغرب کا اثر سادگیوں میں رنگینی، سچائی میں فریب حقیقت میں بناوٹ۔ مذہب کی جگہ سائنس۔ اخلاق کی جگہ فیشن۔ مختصر طور پر یہ ہماری سوسائٹی کا خاکا ہے۔ اُس کا اثر بھی شاعری پر پڑنا بے حد ضروری تھا۔ اور پڑا۔ اکبر کی شاعری اُس کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ اُن کی غزلوں کو شروع سے آخر تک پڑھ جانے کے بعد موجودہ سوسائٹی کی ایک مکمل تاریخ مرتب کی جا سکتی ہے۔

لیکن اس سلسلے میں بے حد دلچسپ چیز جو اکبر کی غزلوں میں مقامی اثر کی مظہر ہے وہ وہ نام ہیں جہاں انہوں نے خاص خاص موقعوں پر کسی انفرادی سوسائٹی کے نمائندہ کے طور پر کسی ایک آدمی کا نام لکھ دیا ہے۔ ان میں اکثر ہندوؤں کے نام ہیں۔ جو صرف ہندوستان میں ہی ہوتے ہیں لیکن دوسرے خاص نام مسلمانوں کے ہیں مسلمانوں کے نام ہر ملک میں مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔ ہندوستان کے نام بھی اسی طرح مختلف ہیں لیکن اس اختلاف میں بھی ہمارے ملک والوں نے خاص خاص تبدیلیاں کر لی ہیں۔ دو ایک شعر سن کر اس کا اندازہ کیجئے ؎

یہ وال لب گنگا کبھی گل نہیں سکتی
کلو کے پٹاخے سے بلٹل نہیں سکتی
کامیابی کا سدیشی پر ہر اک در بستہ ہے
چونچ طوطا رام نے کھولی مگر پر بستہ ہے
مہر علی مراد ہیں یا سکھ ندعان ہیں
لیکن معاینہ کو وہی نابدان ہیں
اسلام کی رونق کا کیا حال کہیں تم سے
کونسل میں بہت سید مسجد میں فقط حسن

اسی سیاسی انقلاب کا اثر ہے کہ ہماری موجودہ دور کی شاعری حزن و یاس سے سرور و انبساط کی دنیا میں قدم رکھ رہی ہے۔ اقبال اصغر۔ جگر چکبست۔ سرور کی شاعری اس حیثیت سے بھی مقامی اثرات کی نمائندگی کر سکتی ہے۔

غزلوں پر جو مقامی اثرات ہوئے انہیں مختلف طریقوں سے مختصر طور پر پیش کر دیا گیا۔ لیکن اس کے باوجود بھی چند باتیں باقی رہ گئیں جنہیں کہے بغیر یہ مضمون غیر مکمل رہ جائے گا۔ ان میں پہلی چیز تو اس صنف نازک کے متعلق ہے جسے ہندوستان کی سوسائٹی میں ایک ایسا درجہ دیا گیا ہے جو اس کے لئے قطعی ناموزوں ہے۔ اسے سوسائٹی نے بہت ذلیل سمجھ رکھا ہے۔ اور اس کا اثر ہماری شاعری پر بھی پڑا۔ غزل گوئی کے ایک دور میں عورت کو اپنا محبوب بنایا گیا لیکن اس کے ساتھ ایسا کوئی حسن وابستہ نہیں کیا گیا۔ جو اسے فطرت نے روز ازل سے دے رکھا ہے۔ اس کے باوجود ہماری غزلوں میں کہیں کہیں ایسی چیزیں موجود ہیں جو صرف ہندوستان کی عورت کے لئے مخصوص ہو سکتی ہیں۔ چند شعروں میں اس کا اندازہ ہو جائیگا ؎

مجھ گھٹ میں اے گھر گھٹ ہے شوق تجھ گھونگھٹ کا
دیکھیں سوں لٹ گیا دل تیری زلف کا لٹکا
اس رین اندھیری میں مت بھول پڑوں سن سوں!
ٹک پاؤں کے بچھووں کی آواز سناتی جا
تجھ مکھ کی پرستش میں گئی عمر مری ساری
اے بت کی بچن ہاری اس بت کو بچاتی جا
تجھ گھر کی طرف سندر آتا ہے وتی دائم!
مشتاق ہے درشن کا ٹک درس دکھاتی جا

یہاں تک تو غنیمت ہے لیکن آگے چل کر دیکھئے کہ اس معصوم مخلوق کی کیا گت بنائی جاتی ہے ؎

اس طرح کہ گھنگرو کوئی چھاگل بھی نہ توڑے
جب چھم سے چلیں گود میں چپکے اٹھا لے
کسی کے خرم آب رواں کی یاد آئی
حباب کے جو برابر کبھی حباب آیا
جو گونج الجھی پائے کی جھنجھلا کے بولے
لگے پیار کو آگ ابھی کان جاتا!

لیکن ہمیں ان شعروں کے مذاق اور بدمذاقی سے غرض نہیں۔ دکھانا صرف یہ ہے کہ عورت کی فطرت کو اکثر موقعوں پر جن جن خصوصیات کے ساتھ ہماری غزلوں میں پیش کیا گیا ہے۔ ان میں سے بعض مقامی اثر کی وجہ سے ہیں۔

عورت کے علاوہ ایک دوسری مخلوق جسے ہندوستان میں ایک خاص درجہ حاصل ہے جوگیوں اور پراگیوں کی ہے۔ ان کی مختلف خصوصیات ہندی شاعری میں دلکش انداز میں نظم کی گئی ہیں۔ اردو کے شاعروں نے بھی اس کا کافی اثر لیا ہے اور اپنے شعروں کو رنگین اور پرکیف بنانے میں ہندی کی اس روش سے بے حد مدد لی ہے

لیا گر عقل نے منہ میں دل بیتاب کا گھنگھا
تو جوگی جی دھرا رہ جائے گا سیماب کا گھنگھا

برائی جو کہاتے ہیں اُسے گھر بار کرنا کیا
ہوئی جو گن جو گئی پی کی اسے سنسار کرنا کیا
پی کے بیراگ کی اُداسی سوں ہیں دل بھی بیراگی و اُداسی ہے

اس کے علاوہ بعض شاعروں نے جذبات کی ترجمانی اس طرح کی ہے جس میں مقامی اثرات کی جھلک بے حد نمایاں ہے۔ ایسے شعر ولی کے دور کے سوا اور کہیں نہیں ملتے۔ اس لئے ولی کے دو ایک شعر لکھنے کافی ہیں ؎

جو پیوے پرت کا پانی اُسے کیا کام پانی سوں
جو بھوجن دُکھ کا کرتے ہیں اُسے آدھار کرنا کیا
نہیں گھٹی دھرم دھاری جو کہے پیتم کون سمجھا کر
کہ دکھیا کون سجوہی سوں اتنا بیزار کرنا کیا

غزل پر جن مقامی اثرات کا ذکر کیا گیا اس کا مقصد یہ ہرگز نہیں کہ اس کے کسی پہلو پر ہندوستان کی مخصوص خصوصیات کا اثر ہی نہیں مجھے یقین ہے زیادہ کاوش اور تلاش کے بعد کچھ باتیں اور بھی مل سکتی ہیں۔ یا جو باتیں بیان کی گئی ہیں اُنہیں بھی مختلف طریقوں سے اور زیادہ مکمل بنایا جا سکتا ہے لیکن ہاں یہ ضرور ہے کہ اتنی چیزوں کے جان لینے کے بعد ذوق تجسس اور راہیں نکال سکتا ہے۔

مضمون ختم کرنے سے پہلے ایک بات کا اعتراف ضروری ہے اور وہ یہ کہ میری نظر میں دو ایک ہندی بحریں ایسی بھی تھیں جو فارسی شاعری میں نہیں اور اُردو شاعروں نے مقامی اثر قبول کر کے اپنے یہاں شامل کر لی ہیں۔ لیکن میں نے اُن کے ذکر کو کسی قدر غیر دلچسپ پایا۔ اگر کسی کے لئے یہ چیز بھی دلچسپ ہو تو میں صرف یہ بتا سکتا ہوں کہ ایسی غزلیں دکن کے ایک آدھ شاعر عارف الدین عاجز اور انشا کے یہاں موجود ہیں۔

سید وقار عظیم

عورت کی تخلیق

چاند کی گولائی
سانپ کے خوبصورت مگر خطرناک حلقوں کے ناہموار پیچ و خم۔
گھاس کی پتی کی دلآویز خمیدگی اور بید کی ٹہنی کی نزاکت
پھولوں کی مخملی نرمی۔
پروں کی سبکی
ہرن کی نگاہ کی ملائمت و حلیمی۔
سورج کی کرن کی چلبلاہٹ و شوخی۔
بادلوں کے آنسو۔
صرصر کا تلوّن
خرگوش کی کم دلی۔
مور کی خود نمائی
ہیرے کی خشونت اور سنگینی۔
چیتے کی سفاکی اور بے رحمی
برف کی سرد مہری۔
طوطے کا شور خود ستائی
مرغی کی کم ظرفانہ کڑکڑاہٹ۔
بے شرم فاختہ کی کوکو۔
حسن کے دیوتا نے ان سب چیزوں کو لے کر ملایا۔ اور ان سے عورت کا خمیر تیار کیا۔

(ترجمہ از انگریزی)

عبدالرحمٰن

نیرنگِ عشق

محبوبِ ازل چہرہ نما میرے لیئے ہے
ہر ذرہ میں اک حسن نیا میرے لئے ہے

جو لب پہ نہ آئے وہ صدا میرے لئے ہے
جو عرش پہ پہنچے وہ دعا میرے لئے ہے

تُو حسنِ دل آرا ہے، میں آئینہ ہوں تیرا
نقصاں ہے ترا ہی جو سزا میرے لئے ہے

تو حسن ہے اور جلوہ گری کام ہے تیرا
میں عشق ہوں نظارہ روا میرے لئے ہے

یہ جلوہ گہِ ناز ہے، یا خُلدِ نظر ہے
دنیا یہ فقط تیری ہے یا میرے لئے ہے

تُو چاند افقِ حسن کا، میں بحرِ محبت
تو میرا ہے، اور تیری ضیا میرے لئے ہے

تو حسن کا دریا ہے، تُو ہے عشق مرا خضر
تُو آبِ بقا، آبِ بقا میرے لیئے ہے

شاعر ہوں میں، تو میرے لئے معنیِ رنگیں
تاثیر تری، حُسن ترا میرے لئے ہے

ہر شے جسے نسبت نہیں تجھ سے وہ انہیں دے
جو چیز بھی ہے اس کے سوا میرے لئے ہے

ساقی مرا اک سرو ہے، اک سروِ لب جُو
مے چشمۂ صافی ہے، صفا میرے لئے ہے

آجانِ مغاں! تازہ کریں سنّتِ جمؔ کو
جس شکل میں بھی آگ ہو لالا میرے لئے ہے

تیرے لئے یہ فخر کہ تُو ہے مرا ساقی
اور بادۂ رنگیں کا نشا، میرے لئے ہے

کیوں منعِ غمِ عشق مجھے کرتا ہے ناصح
یہ زہر سہی، زہر دوا میرے لئے ہے

میں خاک پہ بیٹھا ہوں، تو ہے عرش نشیں دوست
اے تنگ نظر! ارض و سما میرے لئے ہے

بے خود مجھے کرتی ہے کلیمؔ اس کی تجلّی
میں خوش ہوں کہ یہ خاص ادا میرے لئے ہے

عطاء اللہ کلیم

صرف آغاز

ہم چاروں پر ایک لمحے کے لیئے خاموشی چھا گئی۔ سب اس ہولناک واقعے کے متعلق سوچ رہے تھے۔ ہر ایک اپنی تسکین کے لیئے اس کو سمجھنا چاہتا تھا۔ لیکن یہ کچھ ایسا گورکھ دھندا تھا کہ اس کا حل ڈھونڈنے کی کوشش نے سب کو پریشان کر رکھا تھا۔ ہم ایک طالبعلم کے کمرے میں بیٹھے چائے پی رہے تھے شام کا وقت تھا روشنی کھڑکیوں سے باہر بھاگنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اور تاریکی کمرے کے اندھیرے کونوں سے نکل کر اپنا تسلط جما رہی تھی۔ فضا میں ایک تھکاوٹ ایک اضمحلال سماتا جا رہا تھا۔

طالب علم بے خبری کے عالم میں چائے کی پیالی اپنے مُنہ کے قریب لے گیا اور پھر بھول گیا کہ اسے ایک گھونٹ لینا ہے۔ شاعر کوئی ایسی چیز تلاش کر رہا تھا جس پر وہ اپنی نظریں گاڑ سکے۔ میں ہر ایک کے چہرے کو باری باری دیکھ کر یہ جانچنے کی کوشش کر رہا تھا کہ وہ کیا سوچ رہے ہیں۔

شاعر نے کہا۔ واقعی یہ سمجھنا بہت مشکل ہے مرغوب کی زندگی کو سامنے رکھ کر کون مان سکتا ہے کہ وہ ایسا کام کر گزرے گا۔ ایک خاموش حلیم الطبع، ملنسار آدمی جسے ہر ایک عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہو۔ یکایک ایک ہولناک ڈرامے کا کردار بن جائے۔ . . . !"

چوتھے ساتھی نے کھاتے ہوئے کہا "ہاں ہاں بھئی ہم تو حیران رہ گئے۔ جب ہم نے اس واقعے کی خبر سنی . . . میرا مطلب ہے جیسا تم نے کہا مرغوب کی زندگی کو دیکھ کر . . . لیکن کسی کی شکل سے کسی کے نیک و بد ہونے کا پتہ لگانا بہت مشکل ہے . . . . . یہ مٹھائی بہت خوب ہے۔" چوتھے ساتھی نے ایک ہلکا سا بے آہنگ قہقہہ لگایا اور مٹھائی کا ایک ٹکڑا اٹھا کر منہ میں رکھ لیا۔ اس ادا اس لمحے میں اس کا قہقہہ بھیانک معلوم ہوتا تھا۔

شاعر نے اس کی طرف نفرت سے دیکھا۔ نیک و بد؟ کیا اس کا پست دماغ صرف نیک و بد کے عام معیار پر ہر ایک کو جانچتا ہے۔ اس سانحے کا نیک و بد سے کیا تعلق ہے۔ شاعر نے اپنے لمبے اور کسی قدر پریشان بالوں میں اپنی انگلیاں پھیریں اور سگرٹ کا ایک کش لگایا۔

سورج غروب ہو چکا تھا اور روشنی مغرب کی طرف سمٹ رہی تھی۔ طالب علم اپنے خیالات میں غرق معلوم ہوتا تھا۔ اس کا اداس چہرہ بہت خوش وضع تھا۔ ہم سب پھر چپ ہو گئے۔ میں نے اس خاموشی کو توڑنے کے لیئے طالب علم سے کہا "تم تو مرغوب کے پڑوسی ہو میں نے سنا ہے اس کی بیوی بہت خوبصورت تھی . . . . !"

طالب علم نے اپنی گہری خوش آیند آواز میں کہنا شروع کیا۔ شاید میں اس واقعے کے متعلق سب کچھ جانتا ہوں۔ شاید کچھ بھی نہیں یقین سے کس طرح کہا جا سکتا ہے۔ زندگی میں ہمیں چھوٹی سے چھوٹی چیز کے متعلق بھی پورا پتہ نہیں چلتا۔ صرف ایک افسانہ نویس ہی یہ دعوے کر سکتا ہے کہ وہ اپنے کردار کو سمجھتا ہے ان کے متعلق سب کچھ جانتا ہے اور پھر یہ کوئی افسانہ نہیں۔ محض زندگی کا ایک ٹکڑا ہے۔ شاید ایک افسانے کا آغاز ہے۔ لیکن صرف آغاز۔ میں تو چند احساسات تم تک پہنچانا چاہتا ہوں لیکن الفاظ کیا کر سکتے ہیں۔ اگر میں شاعر ہوتا تو شاید . . . . . !"

شاعر نے اپنی نظریں کسی موہوم نقطے پر گاڑ کر کہا "یہ بھی ایک دھوکا ہے۔ اگر تم شاعر ہوتے تو جانتے کہ شاعر بھی آخر انسان ہوتا ہے ایک مجبور اور بے چارہ انسان۔ ممکن ہے اور لوگوں کی بہ نسبت وہ الفاظ میں زیادہ جان ڈال سکتا ہو۔ لیکن جذبات اور احساسات کو پوری طرح الفاظ میں کون ادا کر سکتا ہے۔"

طالب علم نے جواب دیا "ممکن ہے ایسا ہی ہو ہر انسان کی اپنی الگ کائنات ہوتی ہے . . . . لیکن میں بہک رہا ہوں۔ اصل واقعہ اگرچہ بہت مختصر ہے لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ اس سے میری زندگی میں ایک انقلاب آ گیا ہے۔

"تم جانتے ہو میں مرغوب کے ساتھ والے مکان میں رہتا ہوں۔ اس کی بیوی بہت خوبصورت تھی۔ میں نے اسے دو ایک مرتبہ دیکھا اور

جیسے اکثر نوجوان کسی خوبصورت عورت کو دیکھ کر یہ چاہتے ہیں کہ وہ ان کی طرف مائل ہو جائے میرے دل میں بھی یہ خواہش پیدا ہوئی لیکن کسی شدومد سے نہیں۔ اگر کوئی غیر معمولی واقعہ نہ ہوتا تو یہ خواہش اپنی قدرتی موت مر جاتی۔

ایک دن شام کو میں اپنے میز کے سامنے بیٹھ کر پڑھ رہا تھا۔ دروازے کی طرف میری پیٹھ تھی۔ اچانک میں نے محسوس کیا کہ کمرے میں کوئی اور بھی ہے میں نے مڑ کر دیکھا۔ دروازے میں وہ کھڑی تھی۔ مرغوب کی بیوی۔ میں اٹھ بیٹھا لیکن پریشانی میں کوئی بات کہہ نہ سکا۔ وہ بھی بالکل چپ چاپ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی بستر پر بیٹھ گئی۔ مجھے اچھی طرح یاد نہیں کہ ہم نے کیا باتیں کیں۔ ہاں اس کا پراسرار چہرہ اور اس کا غمگین تبسم اب تک آنکھوں کے سامنے پھر رہا ہے اس کی اداس آواز اب تک کانوں میں گونجتی ہے

"جس پراسرار طریقہ سے وہ آئی تھی اسی طرح واپس چلی گئی مجھے ایک ناقابل بیان بے چینی نے گھیر لیا۔ یہی بے چینی اور کشمکش کی حالت ہے جو میں بیان نہیں کر سکتا یا زیادہ درست یہ ہے کہ تمہیں محسوس نہیں کرا سکتا وہ اکثر آیا کرتی تھی ہمیشہ خاموش رہتی کبھی کبھار بات کر لیتی۔ میری بے چینی بڑھتی جاتی تھی یوں معلوم ہوتا تھا کہ گویا زمین میرے پاؤں کے نیچے سے سرکتی جا رہی ہے۔ دم گھٹنے سے جو اثر جسم پر ہوتا ہے۔ اسی طرح اس کی یاد کا دماغ پر ہوتا تھا۔ میرے لیے یہ فیصلہ کرنا بہت مشکل تھا کہ میں کیا چاہتا ہوں میں اب بھی نہیں جانتا کہ مجھے کس چیز کی خواہش ہے اس کو مجھ سے بہت محبت تھی اس کا مجھے یقین ہے لیکن جب وہ میرے پاس بھی بیٹھی ہوتی تو ایسا محسوس ہوتا تھا کہ وہ بہت دور ہے کروڑوں میل دور۔

"یہ بے چینی یہ ناقابل بیان بے چینی مجھے پریشان رکھتی تھی۔ ایک بہت حسین عورت کی سچی محبت کے نشے میں سرشار ہونے سے روکتی تھی۔ جوں جوں وقت گزرتا جاتا تھا میں محسوس کرتا تھا کہ میں اپنے آپ کو گنوا رہا ہوں۔ میری روح میرے قبضے سے نکلی جا رہی تھی۔ . . . .

"یہ یہ سنانے سے کیا فائدہ۔ شاید تم مجھ پر ہنستے ہو گے۔ تم سوچتے ہو میں بہکی بہکی باتیں کر رہا ہوں۔ ممکن ہے ایسا ہی ہو ——— اکثر آدمی جب بہکی بہکی باتیں کرتے ہیں تو وہ بھی دراصل الفاظ کی تلاش میں سرگرداں ہوتے ہوں ہر انسان آپ بیتی سنانا چاہتا ہے۔ تنہائی کے قید خانے کو توڑ کر نکلنے کی سعی کرتا ہے۔ لیکن اس کی دیواریں مضبوط ہیں اور زنجیریں کڑی ہیں تو صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میری زندگی ایک خواب بن کر رہ گئی ہوش و حواس ایک عجیب مدہوشی میں گھلتے چلے گئے۔ زندگی کے رہوار کی باگیں میرے ہاتھوں سے نکلنے لگیں۔ وہ کچھ نامعلوم اور موہوم خواہشات بیدار کرتی تھی جن کو پورا کرنا میرے بس کی بات نہ تھی۔ نہ شاید اس کے ہی بس کی بات تھی۔

"ایک شام وہ مجھ سے ملنے آئی۔ مجھے یہی محسوس ہو رہا تھا کہ وہ کہیں بہت دور ہے۔ اپنا جسم اور اپنی روح دے چکنے کے بعد بھی مجھ سے کروڑوں میل دور ہے۔ جی چاہتا تھا کہ اپنی یا اس کی زندگی کو ختم کر کے اس ذہنی کرب سے نجات حاصل کر لوں۔ اس کے چلے جانے کے بعد وہی بیتابی وہی پریشان کن ناقابل بیان بے چینی مجھ پر طاری ہو گئی میں نے پڑھنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہا۔ پھر کمرے میں ٹہلنا شروع کیا لیکن بے سود بستر پر لیٹا تو اپنے جسم اور بالوں اور کپڑوں کی مہک وہ چھوڑ گئی تھی مجھ تک پہنچی اور میرے دماغ میں پرلطف مگر بھیانک یادوں کا ایک طوفان برپا ہو گیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ تکیے پر سر رکھے چھت کو تک رہی ہے اور آہستہ آہستہ باتیں کر رہی ہے۔ میں صرف ہونٹ ہلتے ہوئے دیکھتا ہوں۔ لیکن وہ کسی اور دنیا میں ہے . . . . "

طالب علم یکایک رک گیا اور اداس نگاہوں سے ہم تینوں کو دیکھنے لگا۔ تم سمجھتے ہو میں کیا کہہ رہا ہوں! میں جانتا ہوں میری باتیں بے ربط ہیں لیکن بے معنی نہیں یہ کوئی افسانہ نہیں۔ یہ تو صرف ایک واقعہ ہے یا ایک آغاز صرف آغاز۔ لیکن بہکنے سے کیا حاصل . . . . . .

میں کمرے سے باہر نکلا۔ رات کافی گزر چکی تھی۔ اندھیری رات میں پھیکے رنگ کا آسمان تاروں سے لدا ہوا تھا۔ تارے ٹمٹما رہے تھے گویا زندگی کے آخری سانس لے رہے ہیں۔ بے ترتیب بے شمار تارے میری طبیعت پر بوجھ ڈالتے تھے۔ سڑک پر بجلی کے لمپوں کی قطار تھی جو بہت دور تک چلی گئی تھی اور یوں معلوم ہوتا تھا کہ انتہا تک چلی جاتی ہے۔ سڑک سنسان تھی اور اندھیری۔ صرف روشنی کے دھبے نظر آتے تھے لیکن رات کی عالمگیر تاریکی ان پر ہنستی معلوم ہوتی تھی۔ میرا جی چاہتا تھا کہ اسی سڑک پر چلتا جاؤں۔ اس دنیا کو اس بے چینی کو پیچھے چھوڑ جاؤں۔ جب تھک کر چور ہو جاؤں تو اسی سڑک کے کنارے لیٹ جاؤں اور تاریکی اپنا پراسرار اور وسیع دامن پھیلا کر مجھے چھپا لے۔

"مجھے کچھ یاد نہیں کہ میں کہاں کہاں پھرتا رہا۔ لیکن اتنا خیال ہے صبح ہونے سے پہلے میں اپنے کمرے میں واپس آ گیا۔ میرا جسم دکھ رہا تھا۔ میرا سر چکرا رہا تھا۔ میں اسی طرح آ کر لیٹ گیا اور میری آنکھ

لگ گئی۔

"صبح اُٹھ کر پہلی بات یہ سُنی کہ مرغوب نے اپنی بیوی کو مار ڈالا ہے۔ شہر بھر میں یہ خبر بجلی کی طرح پھیل گئی۔ سب حیران تھے کہ یہ کیا ماجرا ہے۔ مرغوب اور اس کی بیوی کے تعلقات میں کسی طرح کی کشیدگی نہ پائی جاتی تھی۔ میرے خیال میں اس حادثے کی ایک ممکن وجہ یہ ہے کہ وہ جذبات کو ابھارتی تھی موہوم خواہشات بیدار کرتی تھی جن کے پورا ہونے کا کوئی امکان نہ تھا۔ مجھے وہ چاہتی تھی اس کا مجھے یقین ہے لیکن میرا یہ حال تھا کہ اگر یہ معاملہ طول پکڑ جاتا تو نہ جانے میں کیا کر بیٹھتا اور مرغوب بیچارے کی یہ حالت تھی کہ وہ اس کی محبت بھی نہ کرتی تھی لیکن اس کی بیوی تھی ہر وقت اس کے پاس رہتی تھی اور اس میں وہ سب خواہشات وہ ناقابل بیان جذبات ابھارتی رہتی تھی جو پورے نہ ہوتے تھے۔ اس حالت میں اگر مرغوب نے اسے مار ڈالا تو کیا عجب ہے۔ اس نے خود جا کر پولیس کو اطلاع دی کہ میں نے اپنی بیوی کی زندگی کا خاتمہ کر ڈالا ہے۔ لیکن یہ اس نے نہیں بتایا کہ کیوں شاید وہ خود بھی نہیں جانتا۔

ممکن ہے میں سب کچھ جانتا ہوں... ممکن ہے کچھ بھی نہیں اور ممکن ہے کہ مرغوب کے پاس کوئی اور خاص وجہ ہو جسے وہ اپنے سینے کے اندر لے کر دفن ہو جائے گا۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ اس واقعے کی یاد میں کبھی نہیں بھلا سکوں گا۔ ایک خبیث روح کی طرح یہ میرا پیچھا کرے گی اور خوبصورت مگر بھیانک لباس اختیار کر کے میرے امن کو تاراج کر دے گی لیکن میں اس سے انکار نہیں کر سکتا کہ میں اس ذہنی کرب سے جو اس کی زندگی میں مجھے نجات حاصل کرنے پر کسی قدر خوش ہوں اب میرا دکھ اور قسم کا ہے اس کا برداشت کرنا اتنا مشکل نہیں

میں اکثر سوچتا ہوں کہ مرغوب کیا کچھ جانتا ہے... کون کہہ سکتا ہے.....؟"

ہم چاروں پر پھر ایک لمحے کیلئے خاموشی چھا گئی

آغا عبدالحمید

رباعی

پھر قلب کو تعلیم تپیدن سے آج
پھر زخم بہ انداز خلیدن سے آج
اے آہ و فغاں نہیں کہاں لے جاؤں
پھر یار بہ طرز نشیدن سے آج

رباعی

آئینہ اگر ہے مقابل ہو جائے
یکتائی کا دعوے جو باطل ہو جائے
ممنون نہ ہو یہ سخن کا اگر
ممکن نہیں حسن تیرا کامل ہو جائے

سعید احمد اعجاز

جوانی

طلسموں کا دریا ہے، خوابوں کے دھارے دُھندلکوں میں لپٹے ہوئے ہیں نظارے
مری ناؤ کس سرزمیں کو رواں ہے

فضاؤں میں نکہت سی پھیلی ہوئی ہے پُراسرار ظلمت سی چھائی ہوئی ہے
یہ کس گیت کا ماہ پیکر رواں ہے

ہر اک چیز نغموں کی لے سے بنی ہے ہر اک چیز نیندوں کی مے سے بنی ہے
ہر اک چیز پر حُسن پرتو فشاں ہے

ستاروں کی آواز ہے یا جوانی لطافت بھرا ساز ہے یا جوانی
جوانی ہے یا نغمۂ کہکشاں ہے

ستارے ہیں، دریا ہے، اور چاندنی ہے مری ناؤ خود اک حسیں راگنی ہے
مری طرح فطرت کی ہر شے جواں ہے

کسی دھن میں کھویا ہوا جا رہا ہوں سفینے میں سویا ہوا جا رہا ہوں
نہیں کچھ خبر میری منزل کہاں ہے

عدمؔ

دماغی پریشانیاں اور اُن کا علاج

ہر ایک زمانہ میں ہر ایک خطۂ ارض کے لوگ پریشانیوں پر قابو پانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ فلسفہ اور سائنس انسانی تنہائیت کے اسباب معلوم کرکے انسانی روح کے لئے امن اور سکون بہم پہنچانے کی سعی کرتے ہیں۔ انجمن اقوام اور تحدید اسلحہ کی کانفرنس جیسے اداروں کے پیش نظر بھی یہی مقصد ہے۔ اپنے طور پر یہ ادارے بھی نہایت مفید ہیں۔ لیکن ماہر نفسیات کے خیال میں یہ ادارے صحیح طور پر کامیاب نہیں ہو سکتے کیونکہ جنگ و نزاع کے اسباب فطری طور پر انسان کے قلب کی گہرائیوں میں پنہاں ہیں۔ جس سے ان اداروں کو کوئی تعلق نہیں۔

حال ہی میں ایک ماہر نفسیات نے دریافت کیا ہے۔ کہ ہر ایک انسان میں مہذب ذہن کے پہلو بہ پہلو PRIMITIVE MIND ذہن قدیم بھی قائم رہتا ہے۔ جو اصلی طور پر وحشی اور گنوار ہوتا ہے۔ اور ہماری بے خبری کے عالم میں انسان اور انسان میں بلکہ خود انسان کے اپنے قلب میں نزاع پیدا کرتا رہتا ہے۔ یہ ایسا ذہن ہے۔ جس کا ہمیں علم یا شعور نہیں۔ اس لئے اسے ذہن لاشعوری کہتے ہیں۔ یہی وہ ذہن ہے۔ جس میں ہماری بیشتر دماغی پریشانیوں کے اسباب موجود ہوتے ہیں۔

ہندوستان کے یوگیوں کو اس ذہن لاشعوری کا علم تھا اور وہ اسے گپت من (गुप्त मन) پکارتے تھے۔ لیکن علمی طور اس کا مطالعہ موجودہ صدی میں وی آئنا کے ماہر نفسیات فرائڈ نے ہی کیا ہے۔ جس کے سر اس کی دریافت کا سہرا تو نہیں۔ لیکن وہ پہلا انسان ہے۔ جس نے اس کی تحقیق کرکے ایسے قوانین وضع کئے ہیں۔ اور وہ طریقہ معلوم کیا ہے۔ جن کی اعانت سے ہماری اس ذہن تک رسائی ہو سکتی ہے اس طریقہ کو طریقۂ تحلیل نفسی کہتے ہیں۔

ہر ایک آدمی کو اپنی ذات یعنی "میں" یا انا کا شعور ہوتا ہے۔ اس "انا" کی مختلف خواہشات ہوتی ہیں۔ مثلاً یہ کہ تم ایک نامور کھلاڑی بننا چاہتے ہو۔ تم رولز رائس پر سواری کرنا چاہتے ہو۔ تم چاہتے ہو۔ کہ تمہاری بیوی بہت خوبصورت ہو۔ تم چاہتے ہو۔ کہ بنک میں تمہارے حساب کے آگے ہندسوں کی طویل رقم لکھی ہوئی ہو۔ تم چاہتے ہو۔ کہ دنیا کے گرد سفر کرو۔ تم چاہتے ہو کہ پلیٹ فارم پر کھڑے ہو کر دھواں دھار تقریر کرو۔ اور تمہارا نام جلی حروف میں اخبارات میں درج ہو۔ تم چاہتے ہو کہ تمہارے بچے بہت خوبصورت ہوں۔ یا بالکل نہ ہوں یہ تمہاری چند ایک خواہشات ہیں۔ تم انہیں اپنی خواہشات کہتے ہو۔ میں انہیں اپنی خواہشات کہتا ہوں۔ دوسرے الفاظ میں یہ "انا" کی خواہشات ہیں۔

اب اگر کوئی آدمی تم سے یہ استفسار کرے۔ کہ تمہیں بے شمار دولت کیوں چاہئے؟ تمہیں شہرت کیوں چاہئے؟ تم دنیا کیوں دیکھنا چاہتے ہو؟ تو تمہیں محسوس ہوتا ہے کہ اس کا جواب تمہارے پاس کوئی نہیں۔ ان خواہشات کے وجوہ ذہن لاشعوری میں پنہاں ہیں۔ جس کا تمہیں علم نہیں۔ زیادہ سے زیادہ تم یہ کہہ سکتے ہو۔ "آخر کار میں انسان ہوں" جس سے تمہاری مراد یہ ہوگی۔ کہ یہ خواہشات فطرتِ انسانی کا حصہ ہیں۔ ماہر نفسیات تمہیں بتائے گا کہ جب تم پیدا ہوتے ہو۔ تو اسی وقت سے تمہارے دماغ میں عمل اور تحصیل کے رجحانات موجود ہوتے ہیں۔ یہ رجحانات تمہاری نشو و ارتقاء کے مختلف منازل پر اپنی تسکین چاہتے ہیں۔ ان فطری رجحانات کو جبلت کہا جاتا ہے۔ مثلاً خوراک کی تلاش، التجب، جنسی خواہشات، مادری اور اجتماعی جبلت، خوئے تسلیم اور اپنے حقوق کا تحفظ جو ایک بنیادی خواہشات ہیں۔ جو انسانی فطرت سے اپنی تسکین کا تقاضا کرتی ہیں۔ یہ رجحانات یا جبلتیں ذہن لاشعوری میں پنہاں رہتی ہیں

اور ہماری کسی شعوری کوشش کے بغیر بھی تسکین اور خواہشیں پیدا کرتی رہتی ہیں۔ مثلاً عورت کے ایک خاص حصے میں جنسی جبلت پختہ ہو جاتی ہے اور لاشعوری طور پر اس سے متعلق خواہشیں پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔ یہ خواہشیں قدرتی ہوتی ہیں۔ ان میں تعلیم کو کوئی دخل نہیں۔

ہر ایک سماج نے ان جبلتوں کے لئے تسکین بہم پہنچانے کے طریقے وضع کئے ہیں۔ ہر ایک فرد کے لئے اس کا سماج اس کی ان جبلتوں کی تسکین کے لئے ذرائع مہیا کرتا ہے۔ یا کم از کم مہیا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اعزانی اور اجتماعی جبلت کے لئے انجمنیں، کلب اور اسی طرح کے دیگر ادارے قائم کئے جاتے ہیں۔ جنگ آزمائی کی جبلت کے لئے کبڈی، ہاکی، فٹ بال، کشتی اور کبڈی جیسی کھیلیں ایجاد کی گئی ہیں۔ جنسی جبلت کی تسکین کے لئے شادی کی رسم کی ترویج کی گئی ہے۔ اسی طرح پر ذاتی اقتدار اور شرکی جبلت کی تسکین کے کئی طریقے ہیں۔

لیکن سماج ہر ایک طرح کی جبلتوں، مثلاً جنسی خواہشات اور ذاتی و مادی کی تکمیل کی کامل تسکین کرنے کی اجازت نہیں دیتا کیونکہ ایسا کرنا ممکن نہیں۔ ان جبلتوں کی تسکین کی تحدید کرنے کے لئے سماجی آئین و قوانین بنائے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک آدمی میں جنسی خواہش بہت زیادہ ہے۔ وہ اگر تنہا چھوڑ دیا جائے۔ تو شاید ایک سو ایک شادیاں کرنے سے بھی سماجی آئین اس کو اجازت نہیں دیتا۔ اسی طرح ہر دولت کا حریص چاہیگا کہ وہ تمام دنیا کی دولت غصب کرلے۔ اور اپنے آپ کو دنیا کا آقا بنا کر تمام لوگوں کو اپنا بندہ بننے پر مجبور کرے لیکن سماجی قانون نے اس ذاتی کبر و پندار کی تسکین کے لئے حد بندی کر دی ہے۔

فرائڈ نے یہ عظیم الشان حقیقت آشکار کی ہے کہ تمام دماغی پریشانیوں کا ایک ہی سبب ہے۔ یعنی خواہش کا پورا نہ ہونا۔ انا کی خواہشات تسکین کا تقاضا کرتی ہیں۔ ان کی مخالفت کی جاتی ہے۔ اور ان کی تسکین نہیں ہوتی۔

پابندیاں ابتدائی سالوں سے ہی اپنا اثر ڈالنا شروع کر دیتی ہیں۔ اور ہماری ذات مثالی کے لئے بنیاد کا کام دیتی ہیں۔ جس کی تعمیر دو سال کی عمر سے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ اور جوں جوں ہم عمر میں زیادہ ہوتے ہیں۔ اس ذات مثالی کا بھی ارتقا ہوتا رہتا ہے۔ اس ذات مثالی کو ضمیر کہا جاتا ہے۔ فرائڈ نے اسے فوق انا کے نام سے پکارا ہے۔

زندگی کے عرصۂ پیکار میں انا یا میں، مافوق انا کی اخلاقی ذات اور بیرونی دنیا میں ایک مستقل جنگ جاری رہتی ہے۔ غریب انا اپنی جبلی خواہشات کے مطالبات، بیرونی دنیا کے مطالبات اور اخلاقی ذات کے مطالبات میں پھنسا ہوا ہوتا ہے۔ اس طرح ہمارے ذہن میں پریشان کن نزاع پیدا ہو جاتی ہے۔ جو زندگی کی جملہ پریشانیوں کا باعث بنتی ہے۔

فرض کرو کہ ایک آدمی کو اپنے ہمسایہ کی بیوی دلکش معلوم ہوتی ہے۔ وہ اس کو اپنے قبضہ میں لانا چاہتا ہے۔ اس کی اس خواہش کی مخالفت کی جاتی ہے۔ پہلے تو اس سماج کی طرف سے جس کا وہ ایک رکن ہے۔ کیونکہ سماج کا قانون اس کی اجازت نہیں دیتا۔ دوسرے اس کا فوق انا اس کی اس خواہش کی مخالفت کرتا ہے۔ اس طرح اس کے ذہن میں ایک نزاع پیدا ہو جائے گی۔ جو ہر ایک طرح کی دماغی پریشانیوں کا باعث ہوگی۔ جو خواہشات لاشعوری طور پر ہمارے ذہن میں پیدا ہوتی ہیں۔ اور جن کی مخالفت کرکے انہیں پورا نہیں ہونے دیا جاتا۔ وہی دماغی پریشانیاں پیدا ہونے کا باعث بنتی ہیں۔ ہماری بہت سی پریشانیاں اپنے آپ کو دوسروں سے برتر بنانے کی خواہش سے متعلق ہیں۔ مختلف انسانوں کا تھوڑا سا مطالعہ کرنے سے پتہ چل جائے گا۔ کہ وہ کس طرح ہر وقت اپنے آپ کو اپنے ہمسایہ سے برتر بنانے میں کوشاں رہتے ہیں۔ کس طرح ہر ایک آدمی اپنا نام اپنی تصویر کے ساتھ ملک کے مقتدر جرائد میں چھپا ہوا دیکھنا چاہتا ہے۔ یہاں تک کہ ماہر نفسیات کو بڑے بڑے آدمی بھی قومی، ملکی اور سماجی اجتماعات میں اس لئے بیتاب نظر آتے ہیں۔ کہ اخبارات کے نمائندے انہیں دیکھ لیں۔ بہت سے آدمی اپنی عظیم الشان تقریر کے اعلان کی غرض سے بڑے بڑے اشتہارات دیواروں پر لگواتے ہیں۔ لیکن عین موقع پر ان کی طرف سے یہ عذرت پیش کی جاتی ہے۔ کہ ان کی طبیعت ناساز ہے۔ یہ کیوں۔ اس لئے کہ تقریر صرف ثانوی حیثیت رکھتی تھی۔ طبیعت کی ناسازی سے وہ اپنا مزید اشتہار دے سکتے ہیں۔ ہر ایک آدمی کم و بیش طور پر اپنے آپ کو دوسرے آدمیوں سے بہتر بنانے کی خواہش کرتا ہے۔ جب یہ خواہش پوری نہیں ہوتی۔ دماغی پریشانیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ ادنےٰ سے لے کر اعلےٰ انسان تک کے دماغ کی یہی کیفیت ہے۔

یہ خواہشات ہماری جبلتوں سے متعلق ہیں۔ یعنی جذبۂ جنسی، حرص زر اور پدری خواہشات وغیرہ سے ان کا تعلق ہے۔ یہ خواہشات بنی نوع انسان میں یکساں طور پر موجود ہیں۔ یہاں تک کہ اوتار و اقطاب کی بھی اپنی خواہشات ہوتی ہیں۔ اور اپنی ہی پریشانیاں۔ ماہرین نفسیات کو ابھی تک اس آدمی کی تلاش ہے۔ جس کی تمام خواہشات پوری ہو چکی ہوں۔ اور وہ ہر لحاظ سے مطمئن ہو۔

اب ہمیں جملہ پریشانیوں کا باعث معلوم ہو گیا ہے۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ ان کے تدارک کا کوئی ذریعہ ہے؟ بنی نوع انسان ازل سے اس سوال کا جواب مہیا کرنے میں کوشاں ہے۔ ہندوستان کے یوگیوں اور صوفیاء کا ایک ہی مقصد ہوتا تھا۔ اور وہ یہی کہ دنیاوی پریشانیوں سے کس طرح نجات پائی جائے۔ لیکن ان کے طریقے اتنے مشکل اور ناقابل عمل ہوتے تھے۔ کہ عام آدمی ان پر عمل پیرا نہیں ہو سکتے تھے۔ عام آدمیوں نے پریشانیوں سے نجات پانے کا یہی طریقہ سمجھا ہے۔ کہ انہیں فراموش کر دیا جائے۔ یہ لوگ زندگی کی تلخ حقیقتوں سے منشیات خوش خیالی لہو و لعب اور اسی طرح کے دیگر غیر معمولی ذریعوں کی وساطت سے نجات پانے کی کوشش کرتے ہیں۔

منشیات سے عارضی نشہ ہو جاتا ہے۔ اور دنیا کے رنج و محن فراموش ہو جاتے ہیں خوش خیالی اور فرضی قلعوں کی تعمیر انا کے وہ طریقے ہیں جن سے وہ دنیا کے مصائب کو فراموش کرنا چاہتا ہے۔ اور اس طرح اپنی اُن خواہشات کی تکمیل کر لیتا ہے۔ جن کی تسکین عام حالات میں نہیں ہو سکتی۔ یہ عمل مندرجہ ذیل طور پر وقوع پذیر ہوتا ہے۔

جب انا کی خواہشات کی مخالفت کی جاتی ہے۔ تو دماغ میں ایک قسم کی الجھن پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ الجھن غیر محدود وقت تک قائم نہیں رہ سکتی۔ اس لئے اس کا تجربہ کرنا ضروری ہوتا ہے۔ مثلاً ایک قصبہ کا بااثر آدمی ہے۔ اُس کی توقع تھی۔ کہ اس کے قصبہ میں جو عظیم الشان اجتماع ہونے والا ہے۔ وہاں اُسے بھی مدعو کیا جائے گا لیکن اُسے کوئی دعوت موصول نہیں ہوتی۔ اور اجتماع ہو جاتا ہے۔ اس واقعہ سے اُسے کچھ الجھن سی ہوتی ہے۔ اب اس صورت حالات میں وہ تین طرح پر اپنی الجھن سے نجات پا سکتا ہے۔ یا تو یہ کہ وہ دعوت دینے والوں کے پاس سیدھا چلا جائے۔ اور دلائل و براہین سے ان سے اپنے احترام کا مطالبہ کرے۔ لیکن یہ طریقہ اُسے سماج کے آداب کے خلاف معلوم ہوتا ہے۔ دوسرا طریقہ اس کے پاس یہ ہے۔ کہ وہ خاموشی سے وہ وجہ معلوم کرنے کی کوشش کرے جس کی بنا پر اُسے دعوت سے محروم رکھا گیا ہے۔ ممکن ہے۔ کہ لوگ اُسے اتنا اہم آدمی نہ سمجھتے ہوں۔ جتنا وہ خود اپنے آپ کو خیال کرتا ہے۔ اور اس حقیقت کو تسلیم کر لینے سے اس کا غم و غصہ دُور ہو جائے گا۔ ایک اور تیسرا طریقہ بھی ہے۔ کہ وہ کچھ عرصہ تک اس واقعہ پر کڑھتا رہے۔ اور پھر اسے لاشعوری طور پر فراموش کر دے۔ اس لاشعوری فراموشی کو فرائڈ Repression کے نام سے پکارتا ہے۔ یہ فراموشی کسی شعوری کوشش کا نتیجہ نہیں ہوتی۔ یہ لاشعوری کیفیت ہوتی ہے۔ اور ہمیں معلوم نہیں۔ کہ یہ کس طرح واقع ہوتی ہے۔ فرائڈ نے ہمیں ایک اور صداقت عظیم کا درس دیا ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ فطرت انسانی ناگوار تاثرات کو فراموش کر دیتی ہے۔ اس طرح ہم قرض واپس کرنا بھول جاتے ہیں۔ لیکن وصول کرنا نہیں بھولتے۔

ناگوار تاثرات ذہن شعوری سے اس لئے مفقود ہو جاتے ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ عرصہ تک انہیں گوارا نہیں کر سکتا۔ لیکن یہ تاثرات جاندار اشیاء کی طرح نشوونما پاتے ہیں۔ اگر کسی ساکن پانی کی جھیل میں ایک روڑا پھینکا جائے۔ تو وہ پانی میں ایک چھوٹا سا حلقۂ تموج پیدا کر کے گم ہو جاتا ہے۔ اس حلقہ کے گرد ایک بڑا حلقہ بنتا ہے۔ اور پھر اس کے گرد ایک اور۔ حتیٰ کہ یہ بہت بڑے حلقے بن جاتے ہیں۔ اسی طرح ہر ایک ناگوار تاثر اپنے اردگرد ناگوار تاثرات کے بڑے بڑے حلقے پیدا کر لیتا ہے۔ اس طرح ذہن لاشعوری میں بہت سے ناگوار جذبات کا مجموعہ پیدا ہو جاتا ہے۔ فرائڈ اس مجموعہ کو Complen کے نام سے پکارتا ہے۔ یہ Complenes پرجوش طور پر زندہ رہتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ہمیں ان کا علم نہیں ہوتا۔ یہ ذہن شعوری میں نہیں آتے۔ کیونکہ اسے ان کی موجودگی گوارا نہیں ہوتی۔ اس لئے یہ بالواسطہ دوسرے طریقوں سے اپنا اثر ظاہر کرتے ہیں۔ اور وہ طریقے مندرجہ ذیل ہیں:—

(۱) یہ ہمارے خوابوں میں ظاہر ہوتے ہیں۔ اور ہمارے ذہن لاشعوری کی ترجمانی کرتے ہیں۔ ہر ایک خواب ایک ایسی خواہش کی تکمیل ہوتی ہے۔ جو بیداری میں تشنۂ تکمیل رہ گئی تھی۔ نوآموز آدمی اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوگا۔ کیونکہ خواب کے علامات

مختلف ہیں۔ اور وہاں خیالات کا اظہار مختلف طور پر ہوتا ہے۔

(۲) یہ Complexes خواب بیداری اور اوہام کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں۔

(۳) ذہنی خرابیاں اور ہسٹیریا جیسے امراض انہی کا نتیجہ ہوتے ہیں۔

(۴) غیر معمولی دماغی حالتیں اور عادات کے ذمہ دار بھی یہی ہیں۔

یہ Complexes بعض دفعہ زندگی کے پہلے سال میں ہی بن جاتے ہیں۔ فرض کرو۔ کہ تمہارے ہاں ایک بچہ پیدا ہوتا ہے۔ تم اس بچے کی ہر طرح سے نگہداشت کرتے ہو۔ اور اس کی ہر ایک خواہش کو پورا کرتے ہو۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد دوسرا بچہ پیدا ہوتا ہے۔ اور قدرتی طور پر پہلے بچے کی اہمیت کم ہو جاتی ہے۔ بس اسی انقلاب سے اُس کے دماغ میں Complexes پیدا ہو جاتے ہیں۔ جو بر باپ۔ خوفناک ماں۔ سوتیلی ماں۔ اور اسی طرح کی دیگر چیزیں Complexes کی تخلیق کی ذمہ دار ہیں۔ یہی Complexes باغی نوجوان۔ گستاخ عورتیں۔ سارق لڑکے۔ اور مالیخولیا کے مریض پیدا کرتے ہیں۔ بچوں کے بہت سے نقائص کے اسباب کا پتہ ان Complexes سے چلتا ہے۔ جو ان کے بچپن کے ابتدائی سالوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ ہمارا روزمرہ کا رویہ۔ ہماری نفرت اور ہماری حقارت کا انحصار انہی Complexes پر ہے۔ یہاں تک کہ بعض دفعہ ہم کسی آدمی کو خواہ مخواہ نفرت کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ اور ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا۔ کہ ہم ایسا کیوں کرتے ہیں۔

اس کی وجہ کچھ تو شعوری ذہن ہی جانتا ہے۔ Complexes کے جذبات کا رجحان بالعموم اس چیز کی طرف ہو جاتا ہے۔ جس کو انسان Complexes کے پیدا ہونے کے بعد پہلی دفعہ دیکھتا ہے۔ بہت سے آدمی معمولی معمولی باتوں کے متعلق پریشان ہوتے ہیں۔ اور بہت پریشان ہوتے ہیں۔ لیکن انہیں یہ معلوم نہیں ہوتا۔ کہ وہ ایسا کیوں کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہوتی ہے۔ کہ ان کے Complexes جذبات مختلف انجموں میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ اور انہیں اپنی پریشانی کا باعث معلوم نہیں ہو سکتا۔ بعض استاد جماعت سے باہر کسی استاد سے ناراض ہو کر جماعت میں آتا ہے۔ تو خواہ مخواہ طلبہ سے ناراض ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ طلباء کے معمولی معمولی قصور اسے بڑے گناہ نظر آنے لگتے ہیں۔ کیونکہ اس کے Complexes کے جذبات کو کسی چیز سے متعلق ہونے کا آسانی سے موقع مل جاتا ہے۔ اس عمل کا عام مظاہرہ کئی دفعہ ہماری گلیوں میں ہوتا ہے۔ دو بچے ایک دوسرے سے لڑتے ہیں۔ ایک بچہ دوسرے کو پیٹتا ہے۔ پیٹنے والا اپنی ماں سے جا کر شکایت کرتا ہے۔ اور دونوں بچوں کی مائیں ایک دوسری کو بُرا بھلا کہتی ہیں۔ اگر پیٹنے والے بچے کی ماں کو اس جنگ میں شکست ہو۔ تو وہ اپنے ہی بچے کو پیٹنے لگتی ہے۔ یہ جذبات کا نہایت منحوس انتقال ہے۔

ایک دن میں نے مندرجہ ذیل خبر ایک اخبار میں پڑھی:۔

"مس ——— کی شادی بڑی دھوم دھام سے ——— کے ساتھ ہوئی ہے۔"

ان الفاظ نے مجھ پر بجلی گرا دی۔ دفعتہً میری آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ یہی لڑکی پہلے میرے ایک دوست سے منسوب ہو چکی تھی۔ لیکن خبر کی اشاعت سے ایک مہینہ قبل یہ نسبت منسوخ ہو گئی تھی۔ اب لڑکی کی شادی کسی اور جگہ ہوئی۔ جب مجھے پہلی دفعہ اس کی اطلاع ملی تھی۔ اس وقت مجھے کچھ افسوس سا ہوا تھا لیکن خبر کے مطالعہ نے اس افسوس کو غم کی صورت میں تبدیل کر دیا۔

کچھ عرصہ کے بعد جب میرے حواس درست ہوئے۔ تو میں نے اپنے ذہن کا مطالعہ کیا (یہ میری عادت ہے) ایسا کرنے سے مجھے معلوم ہوا کہ اسی صبح کو میرے ایک حاکم نے میری تحقیر کی تھی۔ اور میں دل میں بہت خفیف ہوا تھا۔ لیکن آداب مجلس مجھے اجازت نہ دیتے تھے۔ کہ میں اپنے غصہ کا اظہار کروں۔ اس لئے میں صرف ہنس دیا۔ کچھ دیر کے بعد میں یہ واقعہ بھول گیا لیکن خبر کے مطالعہ نے میرے دبے ہوئے جذبات کو ایک اور واقع کی طرف منتقل کر کے ظاہر ہونے پر مجبور کیا۔ اور میں رو دیا۔

ہم حرم یا ناقابلیت کے جذبات کو دبا دیتے ہیں۔ لیکن یہ جذبات ذہن لاشعوری میں Complexes کی صورت میں قائم رہتے ہیں۔ اور موقع ملنے پر اپنی شکل تبدیل کر کے دوسری چیزوں کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔ جو شرابی اپنی بیوی کے اخلاق پر حملہ کرتا ہے۔ وہ لاشعوری طور پر اپنے جرم کو چھپاتا رہتا ہے۔ یہی حال نامرد آدمی کا ہے۔ جو اپنی بیوی کے بانجھ ہونے کا اعلان کرتا رہتا ہے۔ بہت سے آدمی تمہیں ایسے ملیں گے جو ہر وقت مذہبی اذکار سے تمہارا سر

کھا جائیں گے۔ شعوری طور پر یہ لوگ بہت مخلص ہوتے ہیں۔ لیکن اگر ان کے ذہن کا مطالعہ کیا جائے۔ تو معلوم ہوگا کہ اس ساری نمائش کی پشت پر کوئی جرم نقاب جوان کے اس رویہ کا ذمہ دار ہے۔ شعوری طور پر ان کے جذبات نہائت پاکیزہ ہوتے ہیں۔ لیکن ذہن لاشعوری کی زبان میں وہ اس طرزِ عمل سے کسی ایسی گذشتہ فروگذاشت کا ازالہ کر رہے ہوتے ہیں۔ جس کے خیال کو وہ ایک عرصہ سے دبائے ہوئے ہیں۔ اور اس کے متعلق وہ بہت پریشان رہتے ہیں۔ ماہرِ نفسیات کا یہ قول یاد رکھیئے۔ کہ جب کوئی آدمی ہر وقت کسی خاص مسئلہ پر زور دیتا رہے تو اس سے یہ مراد ہوگی۔ کہ اس کے دماغ میں کوئی Complen پیدا ہو گیا ہے۔

یہی Complenes ان گنت پریشانیوں کے باعث ہوتے ہیں۔ اور یہ پریشانیاں اس لحاظ سے بہت جابر ہوتی ہیں۔ کہ ہمارا ان پر کوئی بس نہیں چلتا۔ ان پر قابو پانے کا ایک ہی طریقہ ہے۔ کہ اُن کو ذہنِ شعوری میں منتقل کیا جائے۔ اور پھر ان کو رفع کرنے کی تدبیر کی جائے۔ فرائڈ نے دنیا کو وہ طریقہ بتایا ہے۔ جس سے محض پریشانیاں ذہنِ شعوری میں منتقل کی جا سکتی ہیں۔

یہاں تحلیل نفسی کا طریقہ مجمل طور پر بیان کیا جائے گا۔ اتنی قلیل سی جگہ میں تفصیلات بیان نہیں کی جا سکتیں۔ اگر تم کسی تحلیل نفسی کرنے والے سے ملو۔ تو تمہیں وہ نہائت خوشگوار انسان نظر آئے گا۔ وہ تمہارے ساتھ مروّت سے پیش آئے گا۔ اور اس کی جملہ حرکات سے ہمدردی اور خلوص کا اظہار ہوگا۔ اور تمہیں ایک آرام دہ نشست پر بٹھا کر تم سے تمہارے ماضی کے وہ واقعات دہرانے کو کہے گا جو تم دہرا سکتے ہو۔ یہاں تک کہ وہ تمہیں تمہارے بچپن کے زمانہ تک لے جائے گا۔ تمہارے بیان کردہ واقعات سے وہ چند ایک اشخاص، واقعات، حادثات اور الفاظ کو چُن لے گا۔ اور ان کو آزاد تلازم میں استعمال کرے گا آزاد تلازم تحلیل نفسی کا مرکزی جزو ہے۔ اور یہ اس طرح عمل میں لایا جاتا ہے کہ مریض کو نہائت آرام سے بٹھایا جاتا ہے۔ عام طور پر اس کی دماغی کیفیت کو اونگھ میں تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ اور اُسے کہا جاتا ہے۔ کہ جو کچھ اس کے دماغ میں آئے۔ وہ بولتا چلا جائے۔ تحلیل نفسی کرنے والا خاموشی سے اپنے لئے کچھ نوٹ درج کرتا رہتا ہے۔ بعض دفعہ تحلیل نفسی کرنے والا کوئی لفظ بول دیتا ہے۔ اور مریض اس لفظ کو سن کر جو کچھ اُس کے دماغ میں آتا ہے۔ فوراً بول دیتا ہے۔ اس لفظ کو مہیّج لفظ کہتے ہیں۔

بعض دفعہ دبی مریضوں سے آسان طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کو ہر لحاظ سے پُرسکون کر کے انہیں ایک کاغذ اور پنسل دے دی جاتی ہے۔ اور کہا جاتا ہے۔ کہ ان کے جی میں جو کچھ آئے۔ وہ اس پر لکھ دیں۔ اس طریقہ میں بھی بعض دفعہ مہیّج الفاظ بولے جاتے ہیں مریض کو کہا جاتا ہے۔ کہ وہ اپنی تنقیدی قوت کا بالکل استعمال نہ کرے۔ اور نہائت آزادی سے جو کچھ اس کے جی میں آئے۔ وہ کہہ دے یا لکھ دے اس طرح ذہنِ لاشعوری کے خیالات اُبھر آتے ہیں۔ اور ہماری گرفت میں آ جاتے ہیں۔

اس سلسلہ میں خوابوں کا بھی مخصوص اور اہم استعمال کیا جاتا ہے۔ خواب ذہنِ لاشعوری کی ترجمانی کرتے ہیں۔ آزاد تلازم کے سے خوابوں کو بھی مہیّج کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ تحلیلِ نفس کرنے والا مریض کے سامنے نہیں ہوتا۔ بلکہ ایک پردہ کے پیچھے بیٹھتا ہے۔ وہ کوئی تنقید نہیں کرتا۔ صرف مریض کی ہمت افزائی کرتا ہے۔ کہ وہ بولتا رہے۔ تحلیلِ نفسی کرنے والے کو علم ہوتا ہے۔ کہ ذہنِ لاشعوری سے کسی قسم کی اطلاع حاصل کرنا آسان کام نہیں۔ مریض ہر ایک طرح کی رکاوٹ پیش کرتا ہے۔ اور لطف کی بات یہ ہے۔ کہ یہ رکاوٹیں لاشعوری ہوتی ہیں۔ شعوری طور پر مریض تحلیلِ نفسی کرنے والے کی مدد کرنا چاہتا ہے۔ لیکن ذہنِ لاشعوری اس کے خلاف بغاوت کرتا ہے۔ مریض یہ کہتا ہوا سنا جاتا ہے۔ "صاحب میں یاد کرنے کی تو بہت کوشش کرتا ہوں لیکن کچھ یاد نہیں آتا"۔ رفتہ رفتہ رکاوٹ رفع ہو جاتی ہے۔ اور مریض بہت سے واقعات دہرانے لگتا ہے۔

دورانِ تحلیل میں مریض کو تحلیل کرنے والے سے ایک اُنس سا ہو جاتا ہے۔ یہ اُنس محبت کے درجہ تک پہنچ جاتا ہے۔ جب تک یہ نہ ہو۔ تحلیل کرنے والا کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اور لاشعوری رکاوٹ ختم نہیں ہوتی۔ مجمل طور پر تحلیل نفسی کا طریقہ یہی ہے۔ اب کچھ پریشانیوں کے متعلق لکھا جاتا ہے۔

بہت سی پریشانیاں Complenes کا مجموعہ ہوتی ہیں۔ تحلیل کرنے والا ان Complenes کو پنہاں سے پیدا کر لیتا ہے۔ اور انہیں مریض کے سامنے لا کھڑا کرتا ہے۔ اس طرح سے پریشانیاں صحیح شکل میں ہمارے سامنے آ جاتی ہیں۔ دوسرا

عمل اب ان پریشانیوں کو رفع کرنا ہوتا ہے۔ تحلیل کرنے والا ہم پر ہمارے نقائص، گناہ اور جرم واضح کرتا ہے جنہیں ہم ایک عرصہ سے چھپائے ہوتے ہیں۔ ہم ان کو اس لئے چھپائے ہوتے ہیں کہ ان کا خیال ہمارے لئے نہایت ناگوار ہوتا ہے۔ ہم ان کا اقبال کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ لیکن اب ان کا اقبال ہی ہمیں پریشانیوں سے نجات دلا سکتا ہے۔

چونکہ پریشانیاں ہماری تشنۂ تکمیل خواہشات سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے بسا اوقات یہ علاج بھی تجویز کیا جاتا ہے۔ کہ اگر ممکن ہو۔ تو ہمارے ماحول میں ایسی تبدیلیاں کر دی جائیں جن سے ہماری خواہشات پوری ہو جائیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو صحت آور فلسفہ کی دوا سے کام لیا جاتا ہے یعنی مریض کو یہ سمجھنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ کہ اس دنیا میں ہر ایک خواہش کی تسکین ممکن نہیں۔ اور تمام عمل کو ایک مختصر سے جملہ میں بیان کیا جاتا ہے۔

"اپنے آپ کو سمجھو۔ اپنی حالت پر قانع رہو۔"

تحلیل نفسی صرف اسی صورت میں مفید ہو سکتی ہے کہ اس کے بعد فلسفۂ حیات کا درس دیا جائے۔ کیونکہ زندگی کے سانحات پریشانیوں کے باعث نہیں ہوتے۔ صرف ان سانحات کی طرف اپنا رویہ ہوتا ہے جو پریشانیوں کی تخلیق کا ذمہ دار ہے۔ یہ رویہ فلسفہ کی مدد سے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ ہمیں یہ تعلیم دی جانی چاہیئے۔ کہ ہم زندگی کی حقیقتوں کو تسلیم کرنے کے لئے تیار رہیں۔ کیونکہ ان کو تسلیم کر لینے سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے۔ کہ ہر ایک جائز اور ناجائز خواہش کا پورا ہونا ضروری نہیں۔ سماج کی بہتری کے لئے صرف جائز خواہشات پوری ہو سکتی ہیں۔ تحلیل نفسی کے بعد اپنے جرم کا اقبال اور اپنے نقائص کا اقرار کر کے اپنی ناجائز خواہشات سے دستبردار ہونے سے ہم اپنی تمام پریشانیاں رفع کر سکتے ہیں۔ تحلیل نفسی صرف اتنی مدد کرتی ہے۔ کہ وہ ہمیں صحیح شاہراہ پر لے آتی ہے۔ فرائڈ کا یہ احسانِ عظیم بنی نوعِ انسان کو ہمیشہ یاد رہے گا۔ کہ اس نے دنیا کو سکون اور آرام کی زندگی بسر کرنے کا راستہ بتا دیا۔ کیونکہ اس کو سمجھنے کے بعد کوئی پریشانی نہیں رہتی +

(آر۔ آر۔ کمریا) **نسیم رضوانی**

معراجِ سخن

آہ کی فریاد کی شکوا کیا — کیوں خفا ہیں آپ ہم نے کیا کیا؟

کیا کہوں تاثیرِ ضبطِ سوزِ غم — دل کی بستی سے دھواں اٹھا کیا

قصۂ دردِ جگر کیوں کر کہے — کہنے والا عمر بھر سوچا کیا

بات جب سے دردِ دل پیدا کرے — دل اگر پیدا کیا تو کیا کیا

اچھے آئے تم عیادت کے لئے — چارۂ دردِ جگر اچھا کیا

ایک وہ ہیں چین سے سویا کئے — ایک میں ہوں رات بھر تڑپا کیا

آپ گر مصروفِ آرائش نہ تھے — آئینہ پہروں کسے دیکھا کیا

پردے والا لاکھ پردے میں رہا — دیکھنے والا مگر دیکھا کیا

رازِ دل معراج کیوں ہوتا عیاں

اشتیاقِ دید نے رسوا کیا

معراج

دھولپوری

غزل

حسن و الفت کی تھیں راہیں اور دلِ خود کام تھا
جوشِ وحشت میں خیالِ دوست سے آرام تھا

بیکسی تھی، قبر تھی، میں تھا، دلِ ناکام تھا
آج وہ ظاہر ہوا جو عشق کا انجام تھا

آنے والی اس جہاں میں ایک ہی وہ رات تھی
ہم سرِ بستر تڑپتے تھے تمہیں آرام تھا

چلنے والے رک کے دنیا کا تغیر دیکھ لے
وہ لحد پر آج ہے جو کل زباں پر نام تھا

اللہ اللہ دن سے تھی اتنی ترقیٔ فراق
دل کا ہر اٹھتا ہوا شعلہ چراغِ شام تھا

فکرِ بیمارِ غم ان کو کب ہوئی پیدا کہ جب
قلب کو جنبش نہ تھی اور نبض کو آرام تھا

یاد ہیں "تاباں" ہمیں بھی عشق کی مصروفیاں
دل کو کب فکرِ سحر تھی کب خیالِ شام تھا

"تاباں" (بریلوی)

اپریشن

امنگوں اور تمناؤں کی آندھی طوفان نکل جانے کے بعد جب شباب کی سرسوتی میں تمناؤں کو چھو لینے والی موجیں تھم تھم کر اٹھنے لگیں اور صاف و شفاف روئے آکاش کے نیچے پریم کی سادہ سی چال سے زندگی کا سفر طے کرنے لگی تو ڈاکٹر پرمانند کو ایک نئی بات معلوم ہوئی

"اس شاعر نے ——— اب اس میں کچھ شک نہیں ورنہ اس آدمی رات کے سمے میں جب سب لوگ دنیا کے جھمیلوں سے اکتا کر نیند کی گود میں آرام کر رہے ہیں اور اس چھت کی منڈیر پر وہ دھیلے دھلی سنگ مرمر کی مورتی کی طرح دنیا اور دنیا والوں سے بے خبر بیٹھی ہوئی یہ آسمان میں کیا دیکھ رہی ہے ——— ؟ اب تک سنا کرتے تھے کہ شاعر پاگل ہوتے ہیں۔ آج آنکھوں سے دیکھ لیا۔"

لتا نے مڑ کر دیکھا تو پرمانند دونوں ہاتھ منہ لیتے ہوئے تکیہ پر منہ رکھ کر ہنس رہے ہیں۔ اس نے پوچھا ——— کیوں کیسے ہنس رہے ہو؟ ابھی تک نیند نہیں آئی کیا؟

پرمانند نے اسی طرح ہنستے ہوئے کہا ——— یہاں آؤ ——— !

لتا آکر پلنگ پر بیٹھ گئی انھوں نے بجلی کی طرح باریک ساڑی کے نیچے پڑی ہوئی چوٹی پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا ——— میں تو سمجھتا تھا کہ ڈاکٹری ہی کے امتحان پاس کرنے میں محنت کرنی پڑتی ہے۔ لیکن آج معلوم ہوا کہ شاعر بننے کے لئے بھی رات رات بھر جاگ کر گھور تپسیا میں کرنی پڑتی ہیں"

لتا نے چارپائی سے اٹھتے ہوئے کہا ——— چلو رہنے دو۔ یہ جانے کیا نیا وہم تمہیں سوار ہو گیا ہے"۔

* * *

کچھ دن اور اسی طرح گزر گئے۔ ڈاکٹر پرمانند کی پریکٹس اب زور شور کے ساتھ چل نکلی تھی۔ دو ڈھائی برس پہلے وہ ولایت سے ایم۔ ڈی کی ڈگری لے کر واپس آئے تھے اس وقت اگر وہ چاہتے تو کسی اچھی سرکاری پوسٹ کو پکڑ کر بیٹھ جاتے اور ہمیشہ کے لئے بے فکر ہو جاتے۔ لیکن وہ دیدہ دانستہ اس راستے سے الگ رہے۔ ان کا ایک لائف مشن تھا۔ انھوں نے جب دیکھا کہ اس کی تکمیل کے لئے کوشش کرنے کا وقت آگیا ہے تو وہ اپنی تمام قوتوں کے ساتھ اس میں منہمک ہو گئے۔ اس کے لئے آیندہ انہیں کن مصیبتوں سے دوچار ہونا پڑیگا اس کا انہوں نے کبھی خیال تک نہیں کیا۔

یہ مشن تھا سرجری کو رواج دینا۔ دنیا کے کونے کونے میں گھر گھر میں سرجری کی بنیاد قایم کر کے دم لینا وہ سرجری کے اسپیشلسٹ تھے۔ ان تھوڑے دنوں کی پریکٹس میں انھوں نے ایسے ایسے کامیاب اپریشن کئے تھے کہ انہیں دیکھ کر اچھے اچھے تجربہ کار ڈاکٹر دانتوں تلے انگلی دبا کر رہ گئے تھے معمولی لوگ تو انہیں دیوتا سمجھنے لگے تھے ان کی ڈسپنسری کے سامنے صبح سے شام تک غریب دکھیوں کی بھیڑ لگی رہتی تھی اور وہ باری باری سب کی سنتے اور ان کا علاج کرتے تھے۔

ڈاکٹر پرمانند کا قول تھا کہ ——— خود اعتمادی اور قربانی کے زور سے ایک ادنیٰ آدمی بھی دنیا میں دوام حاصل کر سکتا ہے ——— !

یہی دو قوتیں تھیں جن کے بھروسے پر انھوں نے اپنے سنہرے خوابوں کی دنیا سجائی تھی سرجری کا نہیں نشہ سا چھایا رہتا تھا، جوں جوں اس کی طاقتوں کی جستجو میں آگے بڑھتے جاتے تھے۔ قدرت کے اسرار کی طرح وہ اور بھی پیچیدہ ہوتی چلی جاتی تھیں ان کی نگاہ میں ساری دنیا کے سکھ آنند اور ان کی جملہ خرابیوں کا علاج انہیں قوتوں میں مضمر تھا انہیں پہلے دریافت کر کے پھر صرف رواج دینے کی ضرورت تھی۔

جیسے جیسے وقت گذرتا گیا، ویسے ہی ویسے ان کا یہ رنگ اور بھی گہرا ہوتا گیا۔ پرمانند چاہتے تھے کہ ان کا یہ پاک پیغام بچے بچے کے کانوں تک پہنچ جائے۔ اس لئے وہ جس سے ملتے زیادہ باتیں اسی کے متعلق کرتے۔

جو لوگ اپنی زندگی کو کسی خاص مقصد کے لیے وقف کر دیتے ہیں ان میں یہ ایک کمزوری ہوتی ہے۔ اور ڈاکٹر پرمانند بھی اس سے بری نہ تھے۔ اگر انہیں کوئی نہ ملتا تو وہ لتا ہی کو اپنے پاس بٹھا لیتے اور سرجری کے

متعلق اپنے نئے اور پرانے تجربات نیز علم الابدان کے دقیق مسائل بیان کیا کرتے۔ لتا ایک بے سمجھ بچی کی طرح پرمانند کی آنکھوں سے آنکھیں ملا کر ان کی باتیں سنا کرتی لیکن بہت کوشش کرنے کے بعد بھی اس کی سمجھ میں یہ نہ آسکا کہ سرجیکل ڈیکس میں رکھے ہوئے طرح طرح کے ان ٹیڑھے میڑھے چاقوؤں کا نفسیات کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ وہ اس موضوع سے دلچسپی لینے کی بہت کوشش کرتی تھی۔ لیکن ان کی کٹھور صورت تک پہنچنے سے پہلے ہی اس کے نازک تخیلات پژمردہ ہو جاتے تھے۔

کوٹھی کے پاس ہی پرمانند کا اپنا ایک پرائیویٹ اسپتال تھا جس میں ہر درجہ کے لوگ داخل ہو کر اپنا علاج کراتے تھے غریبوں کے لئے اس میں بڑے بڑے لمبے وارڈ تھے۔ اور امیروں کے لئے ان کے اوپر آزاد کمرے۔ سارا اہتمام انگریزی اسپتالوں کی اسٹائل پر کیا گیا تھا۔ ویسا ہی انتظام وہی نرس۔ ویسے ہی ہاؤس۔ سرجن۔ کمپاؤنڈر۔ نوکر۔ چاکر۔ غرض سب کچھ ویسا ہی۔

شام کے وقت لتا اس طرف نکل جاتی۔ جہاں غریب بیمار اپنے دکھوں کی لمبی راتیں ہال کی اونچی چھت پر آنکھ لگائے کاٹا کرتے تھے اور ان سے ان کے دکھ سکھ کی باتیں پوچھا کرتی۔

یہ اس کا روز کا معمول تھا۔ کبھی کبھی بارہ بارہ اور دو دو بجے تک آدھی رات میں سناٹے میں بجلی کی صرف ایک بتی کی دھندلی روشنی میں خیالی دنیا کی ہستی کی طرح کرسی پر تنہا بیٹھی ہوئی کسی مریض کے افسردہ چہرے کی طرف ٹکٹکی لگا کر دیکھا کرتی۔ اور ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں اس کی بیان کردہ زندگی کی کہانی کو سنا کرتی تھی۔ اسی درمیان میں کبھی کبھی ہال کے دوسرے حصے سے کسی دکھیا کی درد بھری آواز اسے اپنی طرف کھینچ لیتی وہ کرسی سے اٹھ کر دبے پاؤں اس کی چارپائی کے پاس جاتی اور اس کے سر پر ہاتھ پھیر کر پوچھتی

"کہو کیا تکلیف ہے؟"

لتا کی نرم آواز سن کر مریض اپنی نیم وا آنکھیں کھول دیتا۔ اسے ایسا معلوم ہوتا جیسے کوئی آسمانی دیوی اپنا دست شفا پھیر کر اس کی تکلیفوں کا خاتمہ کرنے آئی ہو۔ اس کی سفید آنکھوں سے مسرت اور احسانمندی کا بوجھ لے کر آنسوؤں کے دو قطرے لڑھک جاتے۔ لتا بھی نہال ہو جاتی اسے ایسا معلوم ہوتا جیسے اسے دنیا کی سب سے بڑی دولت مل گئی ہو۔

لتا کو وہ سب چیزیں حاصل تھیں جن سے دنیا والے دوسروں کے سکھ کا اندازہ لگایا کرتے ہیں موٹریں تھیں۔ نوکر چاکر تھے۔ باغ باغیچے تھے۔ کئی کوٹھیاں تھیں۔ اور ان سب چیزوں کے نباہنے کے لئے ایک خاصی آمدنی تھی لیکن جو سکھ۔ جو اطمینان اسے ان غریبوں اور بیکسوں کی تکلیف دور کرنے اور ان کے ساتھ ہمدردی کرنے میں ملتا تھا۔ وہ اسے نہ تو موٹروں میں بیٹھ کر ہوا خوری میں ملتا تھا اور نہ بجلی کی روشنی سے جگمگاتے ہوئے آپیرا ہاؤس میں بیٹھنے سے۔

اسپتال کے غریب اور دکھیا مریضوں کے پاس بیٹھ کر ان کی درد بھری کہانی سننے اور درد و غم ملے ہوئے جذبات کے ساتھ اس کا دل اسی رنگ میں رنگ گیا تھا۔ دنیا کی ساری چیزوں میں وہ صرف اسی رنگ کو دیکھنے کے لئے بے قرار رہتی تھی۔ سمندر کے ساحل کے غروب آفتاب گھنے جنگلوں کے طلوع آفتاب۔ پہاڑوں کی آغوش میں کھیلتے ہوئے آبشار اور خاموش بہنے والی ندیاں۔ اسے ایک لمحے کے لئے اپنی طرف کھینچتی تھیں لیکن تھوڑی دیر تک قدرت کے ان مناظر کو دیکھتے دیکھتے وہ سوچ اور اداسی کے گہرے سمندر میں غوطے کھانے لگتی۔ اس وقت اس کی حالت ٹھیک اس انسان کی سی ہو جاتی جو شراب کے دو چار گھونٹ پی کر تھوڑی دیر تک ہنستا رہتا ہے اور پھر بے ہوش ہو کر سو جاتا ہے۔

ایک روز لتا اسی طرح تخیلات کی رو میں بہہ رہی تھی۔ شام کا وقت تھا۔ ساون کا مہینہ۔ کالے بادلوں کے دل کے دل آسمان پر اڑتے ہوئے چلے آرہے تھے۔ سامنے بہت دور افق میں سورج ٹوٹے ہوئے جہاز کی طرح بادلوں میں ڈبکیاں لگا رہا تھا۔

ٹھنڈی ہوا مستانی ادا سے چل رہی تھی زمین اور آسمان اندھیرے کی ایک ہلکی سی چادر میں چھپے ہوئے۔ بہت دنوں کی جدائی کے بعد آنکھوں میں خوشی اور مسرت کے آنسو بھر کر آپس میں ملنے کی تیاری کر رہے تھے لتا اپنی کھڑکی کے پاس آرام کرسی پر بیٹھی ہوئی سوچ رہی تھی

"ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس زمین کے باہر خلا میں جو کچھ ہے۔ سب حسین ہے۔ سب آزاد اور آنند ہے۔ یہاں دکھ تکلیف اور پاپ بے خوف ہو کر شکار کھیلتے ہیں۔ لوگ یہاں صرف مرنے کے لئے جیتے ہیں۔ بچھڑنے کے لئے ملتے ہیں اور بوڑھے ہونے کے لئے جوان ہوتے ہیں اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ لامحدود آسمان۔ یہ پرجوش سمندر

اور چنچل ہوا اتنی دل کش کیوں معلوم ہوتی؟ اور دل انہیں میں کھو جانے کے لئے کیوں تڑپتا ..... ؟ اور دلفریب صبح نہ ہوتی تو اس دنیا میں آہ و فغاں اور چیخ و پکار کے سوا اور کیا ہوتا ..... ؟ اس زمین سے جو چیز جتنی ہی دور ہے اتنی ہی منور، اتنی ہی دلفریب اور اتنی ہی پاک ہے۔ یہ چڑیاں جب پنجرے میں بند کر لی جاتی ہیں تو ان میں سے جیسے روح نکل جاتی ہے۔ لیکن یہی چڑیاں جب آسمان میں اڑتی ہوئی نظر آتی ہیں تو ہمیں ان پر رشک ہونے لگتا ہے۔ یہ ندیاں پہاڑیوں کی گود میں مچلتی ہوئی کیسی خوش نظر آتی ہیں لیکن زمین پر اترتے ہی ان کی ساری خوشی، سارے ولولے خاک میں مل جاتے ہیں۔ یہ ہرے بھرے درخت برف سے ڈھکی ہوئی پہاڑیوں کی چوٹیاں زمین سے جتنی ہی اونچی اٹھتی ہیں، اتنی ہی دلفریب اتنی ہی منور معلوم ہوتی ہیں۔ اور یہ گرجتے برستے، بجلی سے آنکھ مچولیاں کھیلتے ہوئے بادل جب زمین پر چھا جاتے ہیں تو ہماری سوئی ہوئی خواہشیں جاگ اٹھتی ہیں۔ اور ہم دکھ درد کے کفن کو منہ سے ذرا سرکا کر دنیا کی قدروں سے ایک بجلی گانے کی کوشش کرنے لگتے ہیں۔

رات بھر پی پیا سنگ سینواں میں

لتا قلم لے کر بیٹھ گئی۔ وہ چاہتی تھی کہ اس مرتبہ وہ اپنی نظم میں اپنے دل کے سارے درد کو سمیٹ کر یک بارگی ہی رکھ دے تاکہ اس کے لئے اسے بار بار نہ رونا پڑے۔ اس نے ایک بار دھوئیں کی طرح منڈلاتے ہوئے بادلوں کی طرف ٹھیک اسی طرح دیکھا جیسے مصور اپنی تصویر میں رنگ بھرنے سے پہلے اپنے برش میں رنگ لگاتا ہے۔ وہ کچھ لکھنا ہی چاہتی تھی کہ یکایک سامنے کا دروازہ کھلا۔ اور ڈاکٹر صاحب سامنے آکر کھڑے ہو گئے

"کیا کر رہی ہو؟"

"کچھ نہیں"

پرمانند کے ہاتھ میں چمکتا ہوا ایک نشتر تھا اور چہرے پر فتحمندی کا جوش۔ نشتر کی طرف ایک محبت بھری نظر ڈالتے ہوئے انہوں نے لتا سے کہا "میں تمہیں کیا بتاؤں کہ اس نشتر سے میں نے کیسے کیسے خوفناک اپریشن کئے ہیں کیسے کیسے لوگوں کی جانیں بچائی ہیں کبھی کبھی تو مجھے ایسا معلوم ہونے لگتا ہے کہ یہ شہرت یہ ناموری اور یہ دھندا جو تم دیکھ رہی ہو سب اسی کی بدولت ہے۔ تم کہتی ہو گی کہ اس نشتر میں ایسی کیا کرامت ہے۔ یہ تو اپنی اپنی قابلیت اور ہاتھ کی صفائی کی بات ہے تمہارا یہ سوچنا ایک حد تک ٹھیک ہے۔ لیکن جس چیز نے اتنے دنوں تک میرا اس طرح ساتھ دیا ہے کیا اس کے ساتھ محبت نہیں ہو سکتی؟ یوں تو میرے پاس ایک سے ایک قیمتی نشتر ہیں لیکن مجھے ان پر اتنا بھروسہ نہیں ہے جتنا اس چھوٹی سی چیز پر ہے۔ میں اکثر سوچتا ہوں کہ کسی روز یہ کھو جائے تو ..... ؟"

ڈاکٹر نے نشتر کو اپنے منہ کے پاس لے جا کر چوم لیا۔ اور پھر اسے موڑ کر اپنی جیب میں رکھ لیا لتا ان سب باتوں کا کچھ جواب دیئے بغیر ہی کچھ دیر تک پرمانند کی طرف بے معنی نگاہوں سے دیکھتی رہی۔ پھر اس نے اپنا قلم اور نظم لکھنے کی کاپی کو اٹھا کر پاس کے طاق پر رکھ دیا۔ جب پرمانند کمرے سے باہر جانے لگے تو اس نے پوچھا ..... "کوئی اپریشن کیا تھا کیا؟"

"اور تم نے سنا کیا؟ خوفناک اپریشن تھا۔ دس انچ لمبا ..... ! بائیں طرف کی ران کا ریوسیس تھا۔ اگر تم نے دیکھا ہوتا تو غش کھا گئی ہوتیں اف کتنا خون کتنا مواد نکلا ..... "

"کیا کہیں ٹہلنے نہ چلو گے؟"

"چلو کینس گارڈن۔ وکٹوریا پارک۔ جوہو کلب۔ جہاں جی چاہے چلو لیکن بادل آ رہے ہیں۔ کہیں بارش نہ ہونے لگے۔

* * * * *

رات بھر لتا کچھ افسردہ سی رہی۔ دوسرے روز سویرا ہوتے ہی وہ اپنا دل بہلانے کے لئے اسپتال کی طرف نکل گئی وہاں وہ روز کی طرح ایک ایک کمرے کے مریضوں کو دیکھتی بھالتی ایک ایسی چارپائی کے پاس جا پہنچی جس پر ایک نوجوان آنکھیں بند کئے کروٹ کے بل پڑا تھا۔ اس کی بائیں ران میں پٹیاں بندھی ہوئی تھیں۔ اور ان میں سے خون بہہ بہہ کر نیچے کی چادر کو بھگو رہا تھا۔ نرس نے بتایا کہ کل شام کو اس کا اپریشن ہوا تھا۔ ابھی ابھی ڈریسنگ ہوئی ہے۔ اسی لیے تھک کر سو گیا ہے اسے جگانا ٹھیک نہیں۔

لتا کو خیال آ گیا کہ یہ وہی مریض ہے۔ جس کے اپریشن کا ذکر پرمانند نے کل کیا تھا۔ وہ آہستہ سے کرسی سرکا کر چارپائی کے پاس بیٹھ گئی۔ اس نے دیکھا۔ نوجوان کا دبلا پتلا جسم ناقابل برداشت تکلیف کی وجہ سے اور بھی لاغر ہو گیا ہے۔ حسین چہرہ خون کی کمی کے باعث بالکل زرد پڑ گیا ہے

اور سر کے بال نہ جانے کتنے دنوں سے سنوارے نہ جانے کی وجہ سے روکھے ہو گئے ہیں۔ لیکن یہ سب کچھ ہونے پر بھی اس کے چہرے پر ایک قسم کی غیر معمولی چمک ہے۔ بلند پیشانی ایک خاص شخصیت کا پتہ دے رہی ہے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں کی ساکن پلکوں کے نیچے ایک حسین زندگی جاگ رہی ہے۔

لتا کو خیالات کی رو میں بہتے دیر نہ لگی تھی۔ اس کے دل میں طرح طرح کے سوالات پیدا ہونے لگے۔ یہ کون ہے کہاں سے آیا ہے؟ اس کی سرگزشت کیا ہے؟ کس بری طرح بیمار ہے۔ لیکن ایسے میں بھی کوئی اس کا پرسان حال نہیں کوئی دوست، کوئی عزیز نہیں۔ اف یہ دنیا کیسی عجیب و غریب جگہ ہے؟

لتا اسی ادھیڑ بن میں لگی ہوئی تھی کہ مریض نے آہستہ آہستہ آنکھیں کھولیں اور پھر اسی طرح بند کر لیں۔ یہ کرسی پر بیٹھی ہوئی ایک حسین عورت یہ نرس۔ یہ قلیوں اور بہروں کی چہل پہل سب اسے خواب سا معلوم ہوا۔ وہ سو گیا۔

* * * * * * *

لتا اب شام کو روزانہ نوجوان مریض کے پاس بیٹھتی۔ اور اسپتال کے دوسرے مریضوں سے فرصت پانے کے بعد جو وقت ملتا۔ اس میں ادھر ادھر کی باتیں کر کے اس کا دل بہلایا کرتی۔ نوجوان اب کچھ کچھ اچھا ہو چلا تھا اور اب اپنی ران کو اپنی خواہش کے مطابق حرکت دے سکتا تھا۔ لتا کے آنے پر وہ اٹھ کر ایک تکیہ کے سہارے بیٹھ جاتا۔

نوجوان کو یہ معلوم کرتے دیر نہ لگی کہ لتا کون ہے؟ اور وہ اس طرح کیوں روزانہ شام کو آ کر مریض کی خبر لیا کرتی ہے۔ لتا کو بھی یہ معلوم ہو گیا کہ نوجوان ایک پاک طینت انسان ہے۔ اس نے شادی نہیں کی۔ والدین بچپن ہی میں چل بسے۔ اس نے کالج کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے لیکن سیاحت کی طرف زیادہ میلان طبع ہے۔ اس لئے اکثر سفر ہی میں رہتا ہے۔ اس وقت وہ کشمیر سے واپس ہو رہا تھا کہ یکایک اس کی ران میں درد شروع ہو گیا۔ اور مجبوراً اسے یہاں اتر جانا پڑا۔

لتا نے پوچھا ——— "آیندہ کے لئے آپ کا کیا پروگرام ہے؟"

نوجوان نے کہا ——— "اگر ایک ہفتہ کے بعد مجھے یہاں سے فرصت مل گئی۔ اور میں چلنے پھرنے کے لائق ہو گیا تو یہاں سے سیدھے اودے پور جاؤں گا۔ برسات میں راجپوتانے کی بہار دیکھنے کے لائق ہوتی ہے اور خاص کر اودے پور تو اپنے قدرتی مناظر کے لئے مشہور ہے اسے لوگ ہندوستان کا وینس کہتے ہیں۔"

لتا نے کہا ——— "ہاں تاریخی نظر سے بھی وہ ایک اہم جگہ ہے"

"آپ نے درست فرمایا لیکن میں تاریخ کا اتنا عقیدت مند نہیں ہوں۔ میں تو قدرت کے حسن کا ایک ناچیز پجاری ہوں۔ پہاڑی بستیاں ندی کنارے کے گاؤں۔ سنسان تاریک گھاٹیاں اور جنگلی جھاڑیوں سے ڈھکے ہوئے اندھیرے کنج۔ نیز ایسے ہی اور حسین مناظر اپنی خاموش دعوتوں کے ذریعے مجھے اپنے پاس بلایا کرتے ہیں۔ قدرت کی دلکش موسیقی کو سننے کے لئے شاعروں نے اس میں جو زندگی دیکھی ہے اسے سمجھنے کے لیے انسان کو ایسی ہی جگہوں میں جانا پڑتا ہے۔ اپنے پیٹ میں صدیوں کو ہضم کر کے جمائی لینے والے تاریخی کھنڈروں اور شان و عظمت کے بوجھ سے دبے ہوئے شہروں کے قابل دید مناظر میں اس کے تخیل کا عکس تک نہیں پہنچتا!"

لتا کو ایسا معلوم ہوا جیسے کوئی اس کے دلی جذبات کی تصویر کھینچ رہا ہو ——— وہ بولی ——— "آپ کا میلان طبع تو بالکل شاعروں کا سا ہے....."

نوجوان کسی قدر مسکرا کر بولا ..... "آپ نے ٹھیک ہی سمجھا ہے۔ میرا یہ پاگلوں سا مارے مارے پھرنے کا خبط اسی طبیعت کا عطیہ ہے۔ تخیل میرے لئے ایک کوئل ہے۔ جہاں کہیں مجھے اس کی کوک سنائی دیتی ہے۔ وہیں میں اپنی شاعری کا دام بچھا کر بیٹھ جاتا ہوں۔ اور جب تک میری طبیعت سیر نہیں ہوتی۔ وہاں سے دوسری جگہ نہیں جاتا۔

"اوہو! تو آپ شاعر ہیں ———؟" لتا نے چونک کر پوچھا۔

شاعر تو ہوں۔ ہاں نظمیں لکھتا ہوں۔ شاعر ہونا تو بڑی بات ہے" شاعر نے نہایت سادگی سے جواب دیا

تعجب اور حیرت سے لتا کا دل اچھل پڑا۔ جیسے سمندر نے چودھویں کا چاند دیکھ لیا ہو۔ وہ اصرار کر کے بولی ——— "اگر تکلیف نہ ہو تو ایک نظم سنائیے۔"

شاعر نے ایک شعر سنایا کیسی شیریں آواز تھی۔ کیسے اچھوتے خیالات تھے۔ لتا کا دل کیف و سرور سے جھوم اٹھا وہ بے ساختہ بول اٹھی ——— "واہ وا کیا شعر کہہ دیا آپ نے۔ ہاں دو چار اور سنائیے!"

شاعر چن چن کر اپنے اشعار سناتا جاتا تھا اور لتا کا پیاسا دل

کمال شوق کیساتھ کیف و سرور کی شراب سے اپنی تشنگی بجھا رہا تھا۔

شام چلی گئی رات آئی۔ اسپتال ایک بار پھر نرسوں اور قلیوں کی چیخ و پکار سے گونج اٹھا۔ پھر کچھ دیر کے بعد ہال کے سارے مریض ایک ایک کر کے اپنے دکھوں کی چادروں میں سمٹ کر سو گئے۔ لیکن تنا کی آنکھوں میں نیند کہاں ——! جب وہ کرسی سے اٹھ کر اپنی بلڈنگ کو جانے لگی تو اس نے ہال کی گھڑی پر نظر ڈالی۔ ٹھیک بارہ بجے تھے۔

کئی روز تک یہی شغل جاری رہا۔ ایک ہفتہ نہ جانے کب ختم ہو گیا شاعر کو خبر بھی نہ ہوئی اور ——— تنا کی تو زندگی ہی بدل گئی۔ اس میں اب ایک نئی صبح کا طلوع ہوا۔ اس کے چاروں طرف اب تک سیاہ پردے پڑے ہوئے تھے جنہیں چھو کر سکھ آنند کی روشن دنیا واپس چلی جاتی تھی۔ اسے اب اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ غیر ہمدردانہ حالت اور ملگی فضا کے ہاتھ میں اپنے آپ کو سونپ کر اس نے اپنے لئے ایک ایسی دنیا کی تخلیق کر لی تھی۔ جہاں اس کے نفرت انگیز اصول سیاہ تخیل پیدا کرتے تھے

اس تخیل کی شراب کو پی کر جب تک وہ اپنا کلیجہ خاک نہ کر لیتی اسے چین نہ آتا تھا۔ شاعر کی دنیا اس کے برخلاف کیسی حسین کیسی دلفریب اور کیسی ہنگامہ خیز تھی۔ اس میں تنا کی گرم آہوں کی جگہ سکون کی ٹھنڈی جھلک تھی آنسوؤں کے سیلاب کی جگہ تبسم کی ہلکی لہر تھی اور ترک دنیا کی خاموشی کی جگہ دنیا کی محبت کا مدھر راگ چھڑا ہوا تھا وہاں جہنم تھا۔ یہ بہشت ہے۔ وہ خزاں تھی یہ بہار ہے۔ دونوں ایک ہی تصویر کے دو رخ تھے۔ اور ایک دوسرے کے کتنے نزدیک ——— لیکن بدنصیب تنا کے لئے کتنے دور.... ؟

تنا کی سفارش سے نوجوان کو ہال کے اوپر اب ایک آزاد کمرہ مل گیا تھا۔ اور نوکر جا کر نیز کھانے پینے کی خاص سہولتیں مہیا کر دی گئی تھیں۔ تنا اب یہیں بیٹھ کر نوجوان شاعر کی نظمیں سنا کرتی۔ اور اس کے بہت اصرار کرنے پر کبھی کبھی دو چار نظمیں اپنی بھی سنا دیا کرتی تھی۔

شاعر دیکھتا جس حسن کے لئے وہ پہاڑوں اور جنگلوں کی خاک چھانتا پھرتا تھا جس تخیل کو اپنانے کے لئے وہ جگہ جگہ ڈیرے ڈالتا رہتا تھا۔ اسے تنا کا نسوانی دل پیدائش کے وقت سے اپنے ساتھ لایا ہے ——! تنا نے تخیلات کو اپنے رنگ میں اتنا ضرور ڈبو لیا ہے کہ ان میں ایک کالی چمک آ گئی ہے۔ لیکن ان میں وہ تصنع نہیں ہے۔ جو کبھی کبھی اس کی نظموں میں پیدا ہو جایا کرتا ہے۔ شاعر کی نظم پہاڑی آبشاروں کو روک کر تیاکی پہاسنگ مرمر کا حسین تالاب تھا۔ تو تنا کی نظمیں جنگل میں بہتی ہوئی دلکش ندی ——!

اس شاعرانہ صحبت اور نظموں کے سننے سنانے سے نوجوان کی صحت میں کمال سرعت سے تبدیلی ہونے لگی۔ اس کا زخم تقریباً بھر چکا تھا جسم میں طاقت بھی آ گئی تھی۔ اور چہرے کی رونق بھی آہستہ آہستہ واپس آ رہی تھی۔ جیسے پہاڑوں کی چوٹیوں پر برساتی دھوپ سایہ کو آگے آگے بھگاتی ہوئی پھیل جاتی ہے۔

ایک روز نوجوان نے کہا ——— "سنا ہے جو قیدی لمبی سزا کاٹ کر چھوٹتے ہیں۔ وہ جیل خانے سے نکلتے وقت رویا کرتے ہیں۔ مجھے جب کبھی اس دن کا خیال آتا ہے جب میں اسپتال چھوڑ کر باہر جاؤں گا تو تمہاری منوہر مورتی اپنے دونوں ہاتھ پھیلا کر آگے سے میرا راستہ روک لے گی۔ میں سوچتا ہوں۔ اگر تم نہ ہوتیں تو میری کیا حالت ہوتی۔ تنا! تمہاری اس محبت اور مہربانی کا معاوضہ کیا میں اس زندگی میں کبھی ادا کر سکوں گا؟"

تنا نے کہا ——— "جسے تم مہربانی سمجھتے ہو اسے میں اپنی بہت بڑی غلطی سمجھتی ہوں۔ تم آج یہاں ہو تو میری آنکھوں کے سامنے ہو۔ کل چلے جاؤ گے تو کس سے باتیں کروں گی؟ کس کے پاس اس محبت سے بیٹھوں گی؟ تمہاری یہ دن دونی سدھرتی ہوئی حالت مجھے کسی زبردست حادثہ کی طرح آنے والی مصیبت کا پتہ دے رہی ہے مجھے وہ دن رہ رہ کر یاد آتا ہے۔ جب میں نے پہلے پہل تمہاری بھیگی ہوئی آنکھیں۔ مرجھایا ہوا چہرہ اور کسی اجڑے ہوئے مندر کے کلس کی طرح خاموش مگر بلند پیشانی دیکھی تھی۔"

شاعر ——— "اگر تم نے اپنے نازک بازوؤں پر یہ بار نہ لیا ہوتا تو ممکن ہے میں ہمیشہ کے لئے چارپائی کی رونق کا باعث بنا رہتا۔ سچ پوچھو تو میرے حقیر جسم کو تم نے زندگی عطا کی ہے۔ یہ تمہارا ہے۔ اگر اس اسپتال میں زندگی بھر اسی طرح پڑے رہنے سے تمہارے دل کو ذرہ بھر بھی سکھ ملے تو اس جسم کا اس سے اچھا اور کوئی استعمال نہیں ہو سکتا۔ ایشور نے تمہیں سندر روپ دیا ہے۔ ویسا ہی منوہر تمہارا دل بھی بنایا ہے۔ اور اس میں پریم بھرے جذبات بھی دئے ہیں۔ قدرت کے حسین اور دلکش مناظر پر برسوں تک منڈلا کر بھی جس شہد کے چھتے کو میں نہ بھر سکا اسے تمہاری مدھ بھری آنکھوں نے ایک ہی لمحے میں رس سے بھر دیا ——— شاعر کی لطیف تخیل تخیل کا دلکش حسن۔ اور حسن کی بے پناہ کشش تم میں آ کر ختم ہو جاتی ہے ——— تم کائنات کی لازوال دولت ——— قدرت

کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

کا مجموعی حسن ۔ اور زندگی کا مجسم شوق ہو تمہارے قدموں کا سہارا پاکر ایسا کون بدنصیب ہوگا جو ادھر جھانکنا چاہے گا لیکن ....."

لتا ——— "لیکن کیا ———؟"

شاعر ——— "یہی کہ انسان مصائب و حوادث کا پتلا ہے۔ اور ان حالات کے پیدا کرنے میں سماج کے سخت اور بے رحم قانون کا بڑا ہاتھ ہے۔ جو بات دیکھنے اور سننے میں بھلی معلوم ہوتی ہے۔ وہی حقیقت کے چکر میں گھوم کر انتہائی تکلیف دہ ہو جاتی ہے۔ ہمارے تمہارے خواب و خیال جنت کے کومل جیو ہیں اس لوبھی سنسار کے کٹھور ست کو سامنے لاتے ہی اس کے رنگ جھلس جائیں گے۔ پھر ایسے سپنوں کو پال کر ہردے کو دکھی بنانے سے کیا فائدہ ———؟"

لتا ——— "نہیں اس میں کچھ فائدہ نظر نہ آئے۔ یہ دوسری بات ہے لیکن میں تو انہیں کے سہارے جیتی ہوں۔ اب تک میں سنسار میں اکیلی تھی جنگل میں بھولی ہوئی کوئل کی طرح میں اپنی سب بولیاں بھول کر صرف ایک دردناک چیخ سے اپنے دل کے پرسکون آسمان کو صدائے بازگشت سے گونجانے کی کوشش کیا کرتی تھی۔ یہ سارا سیرے لئے ایک کارخانے کی طرح تھا جہاں انسان لوہے کے کل پرزوں کی طرح الگ الگ اپنے دائروں میں گھوما کرتے ہیں وہ دن رات آپس میں ملتے ہیں۔ کھاتے ہیں۔ پیتے ہیں۔ اٹھتے ہیں۔ بیٹھتے ہیں اور زندگی بھر ساتھ رہتے ہیں لیکن ایک دوسرے کو سمجھ نہیں سکتے ... ! ان کے دلوں کو پہچان نہیں سکتے۔ جیسے مشین کے پرزے آپس میں رگڑ کھاتے ہوئے بھی آگ نہیں پیدا نہیں کر سکتے۔ میرا یہ مال و دولت اور فردوسی حسن اب تک ایک قبر پر لہلہا رہا تھا۔ جہاں میری فراہم شدہ آرزوئیں ایک مدت سے مایوسی کے اندھیرے میں سوئی ہوئی پڑی تھیں۔ تم انہیں جگانے کے لئے نہ جانے کہاں سے آگئے اور اب جب وہ کسی چنڈ دیوتا کی طرح مجھ سے کہہ رہی ہیں "بر مانگو نہیں تو بھسم کرتا ہوں .... !" تو تم کہتے ہو "یہ سب خواب ہے اسے پالنے سے کیا فائدہ؟"

لتا کی آنکھیں ڈبڈبا آئیں۔ اس نے شاعر کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے کر کانپتی ہوئی آواز میں کہا ——— "سچ بتاؤ کیا یہ ممکن نہیں ہے کہ ہم تم دونوں ایک پنچھی کے جوڑے کی طرح اس زمین پر ساتھ ساتھ گھومیں انہیں سایہ دار کنجوں میں۔ انہیں ندی نالوں میں۔ انہیں گھاٹیوں میں جن میں تم اب تک سیر کرتے رہے ہو تم اپنی آواز میں بہار کی ساری مستی بھر کر ایک گیت گاؤ۔ اور میں شام کے وقت انہیں کنجوں میں تمہاری گود میں سر رکھ کر اسے سنوں۔ جب تک یہ سنسار اور ہم دونوں مل کر شم شکل نہ ہو جائیں۔ اور میں آنند سے بے سدھ ہو کر تمہارے ..... !"

شرم نے لتا کی زبان پکڑ لی لیکن اس کے ہاتھ نہ رک سکے پریم سے دیوانی ہو کر اس نے شاعر کا ہاتھ اوپر کو اٹھایا اور پاگلوں کی طرح چوم لیا ..... !

نوجوان شاعر کے دل میں بجلی سی دوڑ گئی۔ وہ کچھ کہنے کے لئے منہ کھولنا ہی چاہتا تھا کہ یکایک کمرے کا دروازہ کھلا۔ اور ڈاکٹر پرمانند اندر داخل ہوئے۔

لتا کے جسم میں سے جیسے جان نکل گئی۔ شاعر کے ہاتھ میں اس کا ہاتھ دھرا ہی رہ گیا۔ ڈاکٹر صاحب یہ دیکھ کر بولے ..... "کیوں اس کی حالت کیسی ہے! ٹمپریچر معلوم ہوتا ہے کیا؟"

لتا کو سانس لینے کی جگہ نہ ملی سنبھل کر دبی آواز سے بولی "ہاں ان کی طبیعت آج کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ ذرا دیکھئے تو!"

ڈاکٹر نے نبض دیکھی نبض میں نوجوان کا کمزور دل زور سے دھڑک رہا تھا اور واقعی کچھ گرم تھا۔ انھوں نے برآمدے میں سے گذرتی ہوئی ایک نرس کو اشارے سے بلایا اور اس سے نوجوان کا ٹمپریچر لینے کی خاص ہدایت کر کے کمرے سے باہر نکل گئے۔

* * *

دوسرے دن نرس سے لتا کو معلوم ہوا کہ نوجوان کو ہر وقت ٹمپریچر بنا ہے۔ اور اس کا پیر دوبارہ کھولا جائے گا۔ ڈاکٹر صاحب کہتے تھے کہ کسی بناء مواد رہ گیا ہے۔

شاعر نے پھانسی کی سزا کی طرح یہ خبر سنی۔ خدا کی قدرت میں وہ کیا دخل دے سکتا تھا! اس نے بغیر کچھ کہے سنے نہایت اطمینان اور سکون سے خود کو حالات کے حوالے کر دیا۔

دو روز تک ڈاکٹر صاحب نے بخار کا اتار چڑھاؤ اور دیکھا۔ اور پھر اپریشن کر دیا۔ اس مرتبہ اپریشن کے بعد مریض کی حالت زیادہ نازک ہو گئی تھی۔ صورت پر ایک خاص طرح کی اداسی آگئی تھی۔ اور آواز ایک دم سست پڑ گئی تھی لتا یہ حالت دیکھ کر رو پڑی۔

اس نے نوجوان کی دیکھ بھال میں دن رات ایک کر دیئے۔ اسپتال میں دواؤں کی ندی بہا دی۔ لیکن مریض کی حالت روز بروز گرتی چلی گئی۔

ایک روز شام کو جب سورج کی کرنیں اسپتال کی کھڑکی سے ایک شیشے میں ہو کر اندھیرے سے لڑنے کی آخری کوشش کر رہی تھیں شام اپنی مایوس آنکھیں لتا کے اداس چہرے پر گاڑ کر اس دنیا سے چل بسا۔

لتا نے اپنی پریم کی ارتھی کو اپنی آنکھوں کے سامنے جاتی ہوئی دیکھا اور جی بھر کر رو بھی نہ سکی۔ اس کے دل کا غم بند چمنی کے دھوئیں کی طرح اندر ہی گھٹ کر رہ گیا۔

* * *

دنیا بھی عجیب محفل ہے۔ جن کے لئے ہم سوچتے ہیں کہ ہم ان کے بغیر مر جائیں گے۔ ہمارا دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔ وہ اس دنیا سے اٹھ جاتے ہیں۔ اور ہم جیتے رہتے ہیں ——— ہم پہلے کی طرح کھاتے پیتے ہیں راگ رنگ میں شریک ہوتے ہیں۔ اور کچھ دنوں کے بعد سب کچھ بھول جاتے ہیں۔

لتا بھی سب پچھلی باتیں بھول گئی ——— کچھ بھول گئی کچھ اس نے کوشش کر کے بھلا دیا۔ اب اس کے دو لڑکے تھے کئی لڑکیاں تھیں لڑکے کیمبرج یونیورسٹی میں پڑھتے تھے اور لڑکیوں کی شادی ہو گئی تھی یہ واقعہ مذکور کے بیس برس بعد کی بات ہے۔

ڈاکٹر پرمانند اب خاندان سمیت لندن میں رہتے تھے۔ ہندوستان میں انھوں نے کافی دولت اور ناموری حاصل کی لیکن ہندوستان جیسا ملک ان کی بڑھی ہوئی تمناؤں اور بلند حوصلوں کے لئے بہت ہی تنگ تھا۔ اس لئے موقع پاتے ہی وہ ولایت چلے گئے۔ اور وہیں جا کر بس گئے وہاں رہ کر انھوں نے کیا کیا؟ اپنی اہم تحقیقات کی بدولت وہاں کے ڈاکٹروں کے طبقہ میں کیسی ہل چل مچا دی! ان باتوں کا تذکرہ ہمارے افسانے کے موضوع سے الگ ہے۔ ہم یہاں اخیر میں ایک ایسا واقعہ بیان کریں گے جو ڈاکٹر پرمانند کی سیرت کے اس پہلو پر روشنی ڈالتا ہے جس سے اب تک ان کی رفیقۂ حیات لتا بھی بالکل بے خبر تھی ———!

* * *

کنگس اسٹریٹ کے ایک عالی شان ہوٹل میں ڈاکٹر پرمانند لتا کے ساتھ بیٹھ کر چائے پی رہے تھے۔ عمر کی زیادتی کی وجہ سے ان کے سر کے کنپٹیاں سفید ہو چلے تھے اور گردن کا کساؤ کچھ ڈھیلا ہو کر ایک بدنما شکن پیدا کر رہا تھا۔ ان کی بڑی بڑی آنکھوں کے نیچے کچھ دور تک سیاہی پھیلی ہوئی تھی اور بھرے ہوئے پپوٹوں پر گہری آڑی شکنیں سن رسیدگی کے جمے ہوئے خیالات اور پرانے تجربات کا پتہ دے رہی تھیں

لتا ٹیبل کے دوسرے سرے پر بیٹھی تھی۔ لندن میں برسوں رہ کر بھی اس کے دل میں اپنی تہذیب کی محبت اس طرح موجود تھی اس کے بدن پر ایک ریشمی ساڑھی تھی۔ اور پیشانی کی ایک لٹ بالوں کا ساتھ چھوڑ کر بھوؤں کے پاس لٹک رہی تھی۔ جوانی کے خیالات کا پرشور سیلاب وقت کے پتھریلے راستے پر بہت دنوں تک بہہ کر سست ہو گیا تھا۔ اور دل ذاتی دکھ سکھ سے بے نیاز ہو کر اولاد کو سکھی دیکھنے میں زیادہ خوشی محسوس کرتا تھا وہ اب نظمیں نہیں لکھتی تھی لیکن تخیل کا پودا ویسا ہی ہرا بھرا تھا۔

پرمانند چمچے سے چائے میں چینی ڈالتے جاتے تھے اور لتا سے باتیں کرتے جاتے تھے۔ سامنے ٹیبل پر تازہ اخبار پڑا تھا چائے کی پیالی سے ہٹ کر ان کی نگاہ اخبار کی ایک سرخی پر پڑ گئی تو وہ ہنس پڑے۔ لتا نے دیکھا ٹائیٹل پر موٹے موٹے ٹائپ میں چھپا ہوا تھا

LOVE AFFAIR IN HOSPITAL

PATIENT COMMITS SUICIDE

SENSATIONAL DISCLOSURES OF NURSE

یعنی: "اسپتال میں عشق بازی ———!

مریض نے خودکشی کر لی۔ نرس نے راز فاش کر دیا ———!"

ڈاکٹر پرمانند بولے ——— "لوگ کیسے کڑے ہیں کہ اسپتال میں بھی محبت کرنے سے باز نہیں آتے۔"

لتا نے ذرا متانت سے جواب دیا ——— "پریم دیش اور کال کو نہیں دیکھتا۔ اس کی پہنچ ہر جگہ اور ہر وقت ہے یہی اس کی خصوصیت ہے۔"

پرمانند نے بہت دنوں کے بعد آج اپنی بات میں تمسخر کا رنگ دیتے ہوئے کہا ——— "لتا! تم نے بھی کسی سے پریم کیا ہے یا نہیں"

لتا اور بھی سنجیدہ ہو گئی بیس برس پہلے کے مناظر زندہ ہو کر آنکھوں کے سامنے ناچنے لگے ——— جیسے انہیں میں نے نکل کر اس نے جواب دیا ——— "جو پریم نہیں کرتا۔ وہ آدمی نہیں ہے ———!"

پرمانند کو اس جملے میں تلخی کا اثر محسوس ہوا تو کہنے لگے ——— "میں نے مذاق سے کہا تھا۔ تم ناراض ہو گئیں!"

لتا نے ایک لمبی سانس کھینچ کر کہا ——— "ناراض ہونے کی بات نہیں ہے۔ تم مذاق کر رہے ہو لیکن میں سچ کہہ رہی ہوں ———!"

ڈاکٹر ——— "کیا کہہ رہی ہو؟"

لتا ——— "یہی کہ میں نے محبت کی تھی۔ لوگ کہتے ہیں کہ جرم کا اقبال کر لینے سے سزا نہیں بھگتنی پڑتی۔ یہی سوچ کر اتنے دنوں تک یہ بات چھپا کر بھی آج میں اسے ظاہر کرنے بیٹھی ہوں میں نے محبت کی تھی۔"

"پرمانند ——— کس سے ———؟"

لتا ——— "ایک نوجوان سے۔ یہ اپنے اسپتال کا واقعہ ہے ——— تم تو بھول گئے ہوگے۔ یاد ہے ایک دبلا پتلا لڑکا ———؟ جو ہال کے اوپر کے کمرے میں کچھ دنوں تک رکھا گیا تھا۔ اس کے پیر کا تم نے دو بار اپریشن کیا تھا۔"

ڈاکٹر ——— "وہی نا جو شاعر تھا ———؟"

لتا ——— "ہاں! ہاں! وہی تمہیں کیسے معلوم ———؟"

پرمانند نے لتا کے چہرے پر سے اپنی آنکھیں سمیٹ کر چائے کی پیالی میں ڈبو دیں۔ اور بولے ——— "میں نے ہی تو دوبارہ اپریشن کر کے اسے مار ڈالا تھا ———"

لوگ کہتے ہیں جج جس قلم سے پھانسی کی سزا دیتے ہیں اسے وہیں توڑ ڈالتے ہیں۔ اگر ڈاکٹر پرمانند میں جرأت ہوتی تو ان لفظوں کو کہنے کے بعد اپنی زبان کاٹ ڈالتے ———؟

(ترجمہ) **آسی رام نگری**

آہنگِ نو

(دھرم سالہ کی ایک رنگین شام)

(۱)

کوہسار!
وہ شفق کا لالہ زار!
شام نے پہنی قبائے زرنگار
جس کے جلووں کا ہے خود نظارگی جوشِ بہار
رخصت اے سرمایۂ صبر و قرار!
ہر طرف ہیں نغمہ بار
آبشار!

(۲)

نام و ننگ؟
اب کسے پروائے ننگ؟
جاگ اٹھی دل میں محبت کی امنگ
اک طرف آہنگِ نغمہ اک طرف ہے موجِ رنگ
آج چشم و گوش ہیں مصروفِ جنگ
بج رہا ہے جلترنگ!
جلترنگ!

حفیظ ہوشیارپوری

رباعی

وہ حورِ سحر کا روئے روشن چمکا — کافور ہوا سیاہ بادل غم کا
نغموں کے ہیں آبشار جاری ہر سو — کیا روح فزا ہے لطف زیر و بم کا

(ا۔ حسان)

غزل

بستیاں ڈھونڈتی ہیں اب انہیں ویرانوں میں
بڑھ گئیں وحشتیں حد سے ترے دیوانوں میں

ایک رنگینیٔ ظاہر ہے گلستاں میں اگر
ایک شادابیٔ پنہاں ہے بیابانوں میں

وسعتیں بھی ہیں نہاں تنگیٔ دل میں غافل
جی بہل جاتے ہیں اکثر انہیں میدانوں میں

بزمِ مے بے خود و بے تاب نہ کیوں ہو، ساقی
موجِ بادہ ہے کہ درد اٹھتا ہے پیمانوں میں

جان و ایمان جنوں سلسلہ جنبانِ جنوں
کچھ کششہائے نہاں جذب ہیں ویرانوں میں

جس جگہہ بیٹھ گئے آگ لگا کے اٹھے"
گرمیاں ہیں ابھی کچھ سوختہ سامانوں میں

یہ جو ہر غنچۂ گل میں ہے اک اندازِ جنوں
کچھ بیاباں نظر آتے ہیں گریبانوں میں

دل بے تاب کی زد پر نہ یہ آئے ہوں کہیں
ایک رعشہ سا ہے قاتل ترے پیکانوں میں

دیکھ جب عالمِ ہو کو تو نیا عالم ہے
بستیاں بھی نظر آنے لگیں ویرانوں میں

دلِ صد چاک بھی دیکھا ہے کبھی جامہ درو
دامنوں میں ہے یہ عالم نہ گریبانوں میں

اب وہ رنگِ چمن و خندۂ گل بھی نہ رہے
اب وہ آثارِ جنوں بھی نہیں دیوانوں میں

اب وہ ساقی کی بھی آنکھیں نہ رہیں رندوں سے
اب وہ ساغر بھی چھلکتے نہیں میخانوں میں

اب وہ اک سوزِ نہانی بھی دلوں میں نہ رہا
اب وہ جلوے بھی نہیں عشق کے کاشانوں میں

اب وہ اک سازِ غمِ آگیں بھی نہیں شمعِ خموش
اب وہ اک سوزِ دروں بھی نہیں پروانوں میں

اب ترا کام ہے بس اہلِ وفا کا پانا
اب ترا نام ہے بس عشق کے غم خانوں میں

اب نہ وہ رات کہ امیدیں بھی کچھ تھیں تجھ سے
اب نہ وہ بات غمِ ہجر کے افسانوں میں

تا بکے وعدۂ محبوب کی تفصیلِ فراق
شبِ فرقت کہیں کٹتی ہے ان افسانوں میں

فراق گورکھپوری

نواب بدر عالم بیگم صاحبہ بدرؔ

جان عالم واجد علی شاہ نے جاں اور شوق کئے شعر و سخن سے بھی بڑی دلچسپی لی چنانچہ جان عالم کی کئی ایک مثنویاں دیوان وغیرہ موجود ہیں نہ صرف اختر پیا خود شعر کہتے تھے بلکہ اپنے دربار میں بھی اچھے اچھے شعرا جمع کئے تھے یہی نہیں کہ وہ مردانے میں شعر و سخن کی داد دیتے تھے اور خود حصہ لیتے تھے بلکہ محلات میں بھی انہوں نے ایک ادبی روح پھونک دی تھی چنانچہ محلات کی اکثر بیگمات اور ممتوعات شعر کہتی تھیں نواب بادشاہ محل صاحبہ جو جان عالم کی بیاہتا بیوی تھیں بڑے اچھے شعر کہتی تھیں رجن کی شاعری سے متعلق ہمارا ایک مضمون ادبی دنیا بابتہ جولائی ۱۹۳۰ء میں طبع ہو چکا ہے) ان کے علاوہ اور کئی بیگمات کے کلام کے نمونے ہمارے پاس موجود ہیں مگر فی الحال نواب بدر عالم بیگم صاحبہ بدرؔ کی نظم اور نثر کے چند نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔

نواب بدر عالم بیگم صاحبہ جان عالم کی محبوب ممتوعہ تھیں جب جان عالم کلکتہ بھجوا دیئے گئے تو کسی وجہ سے یہ ساتھ نہ جا سکیں مگر جان عالم کو آنکھوں سے دور ہونے کے باوجود دل سے دور نہیں کیا خود لکھنؤ میں رہیں مگر کلکتہ کے محبوس بادشاہ جان عالم کے تصور میں مگن رہیں چنانچہ خط و کتابت کا سلسلہ جاری رکھا ۱۲۷۳ھ سے ۱۲۷۶ھ تک مسلسل خط و کتابت کرتی رہیں جان عالم چونکہ جوہری تھے اس لئے انھوں نے ان جواہر پاروں کو جو خط کی شکل میں بدر عالم کے پاس سے آیا کرتے تھے محفوظ رکھا اور تمام خطوط کو ایک جگہ کتابی صورت میں جمع کر کے ان پر ایک دیباچہ سپرد قلم کیا۔

اتفاق سے جان عالم کا مرتبہ نسخہ سید محمد علی لغانی ملیح آبادی مرحوم کے ہاتھ لگا اور انھوں نے ۱۳۲۲ھ میں ان خطوط کو "وقعات بدر" کے نام سے چھپوا دیا مگر افسوس ہے کہ اس مطبوعہ رسالہ کی اشاعت اور شہرت بالکل نہیں ہوئی اور عام لوگوں تک نہ پہنچ سکا انتہا یہ کہ باوجود حیدرآباد میں رہنے کے میں خود اس سے ناواقف تھا حالانکہ یہ محمود قاسم پریس حیدرآباد دکن میں طبع ہوا ہے اگر عزیزی سید شاہ عبد القادر صاحب سلمہ اپنی مہربانی سے ایک نسخہ جو تیل میں بھیگا ہوا اور حاشیوں کو تقریباً نذر دیمک کر چکا تھا عنایت نہ کرتے تو شاید اب تک ناواقف ہی رہتا۔

جان عالم نے دیباچہ حمد و نعت کے بعد اس طرح شروع کیا ہے:۔

"اما بعد راقم الحروف ابو المنصور ناصر الدین سکندر جاہ بادشاہ عادل قیصر زماں سلطان عالم واجد علی شاہ بادشاہ اودھ حوالۂ صفحۂ بیان کرتا ہے کہ جب سپہر بوقلموں نے نیا رنگ دکھلایا اور سفر کلکتہ کا اتفاق ہوا بعض محلات سلطانی کہ جلباب دوری اور پردۂ مہجوری میں رہیں اکثر خطوط نو درد آمیز بھیجتی تھیں اور اشتیاق اور محبت کی یاد دلاتی تھیں بہ پاس مراسم الفت کے مطمح نظر ہوا کہ وہ فراہمیں حسن تالیف پائیں تاکہ رائیگاں نہ جائیں لہذا ماہ ذی الحجہ ۱۲۷۵ھ میں خطوط نواب بدر عالم صاحبہ کو زیور ترتیب عطا کیا اور تحریرات ہر سال کو باب اور ہر ماہ کو فصل قرار دیا اور تاریخ بدر نام رکھا۔"

یہ رسالہ تین ابواب پر مشتمل ہے پہلے باب میں ۱۲۷۳ھ دوسرے باب میں ۱۲۷۵ھ اور تیسرے باب میں ۱۲۷۶ھ کے خطوط ہیں کل چوبیس خطوط ہیں جن میں سے پانچ خطوط منظوم ہیں۔ چنانچہ پہلے خط کا کچھ حصہ نقل کیا جاتا ہے۔

مودت نامۂ اول

"مہر تمثال۔ یوسف جمال۔ داؤد الحان سلیمان زماں جان عالم خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ ستم رسیدۂ مہاجرت۔ آفت رسیدۂ مفارقت بدر عالم۔ بعد عالم ارادت و نیاز

و جہان تمنائے دولت مواصلت مسرت آغاز کے ملتمس یہ
ہے کہ نامۂ الطاف تطاسم انتخاب انضمام حملوئے شکوہ و شکایت
و متضمن ارشاد و ہدایت نسبت اس بیمار زار اسیر شکنجۂ عجز و
اضطرار۔ ورود مسعود سے عزت افزا و مسرت پیرا ہوا۔ اس
عنایت پر جانفشانی۔ حیات جاودانی اور مجھ شیفتہ نوازی
موانسہ مایۂ انبساط روحانی ہے جس خدائے عزوجل نے
مجھ کو شیدائے جمال جہان آرا کیا اُسی کو گواہ کرتی ہوں کہ رات
دن تمہارے درد فراق سے سوائے گریہ و سوز مشغلہ
نہیں رکھتی ہوں۔ اور سب ساتھی اور سنگت والیوں سے
کنارے بسر کرتی ہوں اور خداوند حقیقی سے کہ چارہ گر
بیچارگان ہے ہزار زبان دعا مانگتی ہوں کہ جان عالم کو باحشمت
و اقبال و سلطنت و اجلال زینت افزائے تخت و تاج
دیکھوں۔"

اس خط کا بقیہ حصہ نواب باقر محل صاحبہ نواب چتر محل صاحبہ اور
نواب اکمل محل صاحبہ کی شکایت سے بھرا ہوا ہے شاید ان تینوں محلات نے
بدر پر کچھ تہمت اٹھائی تھی اور جان عالم کو بدر کی طرف سے بدظن کرا دیا تھا۔
جس کی صفائی اس خط میں کی گئی ہے یہ خط محرم ۱۲۷۳ھ کا مکتوب ہے جمادی الآخر
۱۲۷۵ھ میں ایک منظوم خط اور غزل کے بعد یہ چند سطریں لکھی ہیں عبارت
صاف زبان سلیس اسلوب حد درجہ پاکیزہ اور انداز بالکل مکالمے کے ہیں۔

"جان عالم ہمارے اختر پیارے! بدر عالم تمہارے عجب
صدمہ میں گرفتار ہے درد دوری سے بے قرار ہے۔
حال مختصر اگرچہ سلسلۂ نظم میں موزوں کیا ہے لیکن کچھ نہیں لکھا
گیا ہے دل کی کیفیت بیان میں نہیں آتی ہے جو حقیقت گزرتی
ہے نظم و نثر میں کسی طرح نہیں سماتی ہے میکاسے دوری
ہے مریض محبت کی جہاں سے رخصت ضروری ہے زندگی
کا سہارا اب فقط خط تمہارا ہے للہ ہاتھ جوڑتی ہوں منتیں
کرتی ہوں جان عالم ادھر دیکھو ہماری طرف منہ پھیرو سنتے ہو
خط جلدی جلدی لکھا کرو۔ اچھے جان عالم! ہماری طرف سے
غافل نہ ہو نہیں تو ہم سچ کہتے ہیں مر جائیں گے جہان سے
گذر جائیں گے کوئی مصیبت اٹھ نہیں رہی ہے جو ہم پر
نہیں پڑی ہے اب ہم پر رحم کا مقام ہے درد دوری سے
ہمارا کام تمام ہے زیادہ سوائے آرزوئے وصل خطوط
کے کیا لکھیں حال زار اپنا کہاں تک کہیں فقط۔"

۱۱ ذیقعدہ ۱۲۷۵ھ کو ایک خط لکھتی ہیں:۔

اختر پیارے میں صدقے تمہارے ہمیشہ شاد رہو دائماً
آباد رہو خدا تم کو قید سے نجات دے مجھ کو آب حیات دے
وہ دن آئے کہ تم یہاں اور پیاری پیاری صورت مجھ کو دکھاؤ۔
تم کو پاؤں مرتی ہوں جی جاؤں جب یہ غزل آئی میرے دل
مضطر کو کل آئی سبحان اللہ کیا فصاحت ہے ماشاء اللہ کیا
بلاغت ہے نظیری تمہاری بے نظیری کا مقر ہے۔ ظہوری
کے انہار حال سے یہی ظاہر ہے جامی تمہارے جام باده
شاعری سے مدہوش ہے نظامی تمہارے کلام سحر نظام کا
حلقہ بگوش ہے انوری تمہاری روشن بیانی کا قائل ہے
فریدالدین عطار نسخۂ صحت کا تم سے سائل ہے عرفی شرعاً
اور عرفاً تمہارا مدح خواں ہے۔ خاقانی تم کو خاقان اقلیم سخن
جان کر قربان ہے۔ انوری اگر دعوے کرے تو سراپا اس کی نااہلی
ہے صائب اگر قائل نہیں تو رائے صاحب نہیں بلکہ بڑا
جاہل ہے حسان بن ثابت پر ثابت اور عیاں ہے ملا فرط
غیرت سے سرنگوں ہے۔ مرزا انیس واقف خوب واقف
ہے سلمان ساوجی سلیمان ادبیات سخن جان کر تمہارا واصف
ہے شمس الدین فقیر تمہارے باب ابیات کا گدا ہے کلیم
کو کیا کلام ہے بلکہ تمہارے کلام کا طالب سدا ہے فردوسی
اور سعدی ہر ایک تمہارے گلستان سخن کا مگس ہے بیدل
بے دل۔ حزیں حزین کوئی تمہارا ثانی نہیں ہے ہر شب ماہ
کامل بایں کمال نظم ثریا کو دکھاتا ہے ہر صبح پیر فلک بایں کہنہ
سالی مطلع آفتاب کو باصد اصلاح لاتا ہے ہر بیت ایک مثنوی
ہر شعر ایک دیوان ہے بلکہ مثنوی صد تے دیوان قربان
ہے یہ بحر مل مسدس مقصور شش جہت میں لاجواب ہے
ہر مضمون اس بحر میں گوہر نایاب ہے سر مطلع تکرار لفظ بدر عالم
نے قند مکرر کا مزہ دیا فصاحت کا دریا بہا دیا آخر۔"

۹ ذی الحجہ ۱۲۷۵ھ کو ایک خط لکھتی ہیں:۔

"اختر جانی زاد اللہ محبتہ بعون اللہ سبحانہ

تعالیٰ۔

بیوم خامس شہر ذی الحجہ ۱۳۴۵ھ مژدہ صحت مزاج عیسیٰ لا علاج نامہ اعلیٰ صیغہ والا آیا اعجاز مسیحائی دکھلایا ..... ایک جوڑا جہانگیری مرصع الماس فرحت آساس کی آمد کا مژدہ پایا بن دیکھے بے پہنے دل نے مزا اٹھایا الحق سوا تمہارے کون ہے۔ جو اس از خود فراموش کو یاد کرے اور ایسے ایسے تحائف بھیج کر پھر اس اجڑی ہوئی بستی کو آباد کرے واللہ ایک جہانگیری پر کیا ہے میں نے کل زیورات و اسباب قدیمی کو صبر کیا باغیوں اور ظالموں کی کٹی لگایا تمہاری سلامتی کی دعا لیل و نہار ہے یہی اب زیور اور یہی سنگھار ہے خدا تمہارے جہانگیر ثانی کو آباد رکھے خرم و شاد رکھے ہر چند کہ اس مہجورہ کے پاس اب کچھ نہیں ہے مگر تم سلامت رہو تو سب کچھ ہے اور تم نے جو لکھا ہے کہ صندلی کلائیوں میں ہر اوٹ ان کی مبارک ہو شاخ گلاب میں سجاوٹ کی چمک ہو سنو جان عالم! بغیر تمہارے ان صندلی کلائیوں میں جہانگیریوں کا نقشہ یہ ہے کہ گویا شاخ گل صندل میں مار پیچاں لپٹا ہے ان دونوں خلش خار الم نے شاخ گلاب کو پژمردہ کیا ہے طائر دل کو مانند عندلیب نالاں کے افسردہ کیا ہے آج کل روپیہ کا بڑا توڑا تھا نہ بہت تھا نہ تھوڑا تھا نام نے ہزار روپیہ بھجوائے سنا تو ہے کہ آئے مگر میں نے ابھی نہیں پائے جس وقت پاؤں گی رسید بھجواؤں گی خداوند تعالیٰ اب تم کو جلد لائے اور جلوۂ جمال جہاں آرا ہم کو دکھلائے واللہ اب تاب مفارقت نہیں ہے ضبط کی طاقت نہیں ہے زیادہ اشتیاق فقط۔"

یہ نمونہ ہے ایک پردہ نشین خاتون کی نثر کا جو مرزا غالب کی وفات سے دس سال پہلے لکھی گئی ہے خود ہندی اور اردو کے معلّٰی میں انہیں سنین کے رقعے مرزا غالب کے بھی نظر آتے ہیں۔ آپ ان رقعوں کو بدر کے ان رقعوں سے ملائیے اور پھر دیکھئے کہ مرزا نوشہ کی طرز اچھی ہے یا بدر عالم کی اگر بدر کے رقعات مرزا غالب کے رقعات سے بڑھے ہوئے نہیں تو گھٹے ہوئے بھی نہیں ہیں یہ رقعات اس زمانے کے ہیں جب کہ عورتوں کو تعلیم سرے سے دلائی ہی نہیں جاتی تھی آج تعلیم عام ہے اور بڑے شہروں میں تقریباً پچاس فی صدی خواتین پڑھی نظر آتی ہیں اور رسائل و اخبارات میں مردوں کے دوش بدوش لکھتی ہیں مگر کسی خاتون کی نثر اس پائے کی نظر نہیں آتی۔ کیا ان خطوط کو دیکھ کر ہماری انشا پرداز بہنیں نصیحت حاصل نہیں کریں گی!

اوپر ہم نے بدر عالم صاحبہ کی نثر کے نمونے پیش کئے ہیں اب ان کی نظم کے نمونے دئے جاتے ہیں نثر کی طرح نظم پر بھی بدر عالم صاحبہ کو کافی عبور تھا اور نظم میں بھی وہی شان ہے جو نثر میں نظر آتی ہے چنانچہ ایک منظوم رقعہ جو جمادی الآخر ۱۳۴۵ھ کا مکتوب ہے نقل کیا جاتا ہے۔

دوائے دردمنداں جان عالم! مسیحائے مریضاں جان عالم!
قیامت تک رکھے تم کو سلامت خدائے پاک با اقبال و شوکت
پس ذوق وصال و شوق دیدار میں اپنا حال یوں کرتی ہوں اظہار
جدا تم سے ہوئی ہوں جس گھڑی سے تنگ آئی ہوں اپنی زندگی سے
چھڑایا ہے فلک نے تم کو جب سے گھلی جاتی ہوں میں رنج و تعب میں
ستاتا ہے مجھے درد جدائی بلا یہ کیسی میرے سر پہ آئی
کہوں کیا اپنے دل کی بیقراری ہوئی ہوں جان سے اپنی میں عاری
تمہاری ہر گھڑی ہے یادگاری ہر اک دم آنکھوں سے آنسو ہیں جاری
کھلے رہتے ہیں میرے دیدۂ تر نہیں آتی ہے مجھ کو نیند دم بھر
تڑپتی ہوں سحر سے لے کے تا شام نہیں ملتا کسی دم مجھ کو آرام
یہ اول خانۂ تن میں ہے بے تاب خدا آگاہ ہے مانند سیماب
تیری فرقت میں فرش رنج و غم پر پڑی رہتی ہوں ہر دم تلملاتے
ہوئی ہے مجھ کو صحبت رنج و غم سے بہا کرتے ہیں آنسو چشم نم سے
ہوئی ہوں یاں تلک میں زار و لاغر ہوا ہے جسم شکل تار بستر
ہوا ہے بار دوش اپنا مجھے سر ہوئی ہے اب تو اپنی جان دوبھر
یہاں تک جوش سودے کی ہے کثرت کہ اپنے سایہ سے آتی ہے وحشت
ہوا ہے گھر مجھے زنداں سے بدتر دہان مار ہے گھر کا مجھے در
زیادہ دم بدم ہوتا ہے سودا نہیں مجھ کو خبر کچھ اپنی اصلا
بلائے ہجر میں جب پھنسی ہوں میں انگاروں کے اوپر لوٹتی ہوں
پڑی ہوں نیم جاں فرقت میں تیری ہوئی ہوں ناتواں فرقت میں تیری
تڑپتا ہے میرے پہلو میں یہ دل ہر اک ساعت برنگ مرغ بسمل
تپ فرقت ستاتی ہے بہت اب نہیں ملتی مجھے راحت کسی شب
الجھتا ہے مرا دم خود بخود اب ملائے کاش مجھے تم سے خدا کب
دعا ہے ہر گھڑی میری خدا سے تمہاری شکل پھر مجھ کو دکھا دے

ہوئی ہے تم سے جس دن سے جدائی — عدوئے جان ہوئی ساری خدائی
نہیں لگتا کسی جا پر مرا جی — تڑپتی پھرتی ہوں مانندِ وحشی
خدا آگاہ ہے یہ بدرِ عالم — تمہاری یاد میں رہتی ہے ہر دم
ہوئی شدت جنوں کی جبکہ مجھ کو — پڑھا تب اس غزل کو میں نے دردو

غزل

خدا لائے یہاں سلطانِ عالم! — تمہیں باعزوشاں سلطانِ عالم!
تمہاری یاد کرتے ہیں شب و روز — حسینانِ جہاں سلطانِ عالم!
کرے سرسبز باغِ آرزو کو — بہارِ جاوداں سلطانِ عالم!
ہر اک گلرو یہی کہتے ہیں ہر دم — گلِ باغِ جہاں سلطانِ عالم!
پڑی ہوں بستر غم پر یہاں میں — گئے جب سے وہاں سلطانِ عالم!
تمہاری بزمِ عشرت یاد کر کے — ہوں روتی شمع ساں سلطانِ عالم!
غم و اندوہ و رنج و درد و صدمہ — مرے ہیں مہرباں سلطانِ عالم!
تمہارے ہجر میں میں زار و لاغر — پڑی ہوں بیم جاں سلطانِ عالم!
یہ کیسی سر پہ میرے آگئی ہے — بلا اک ناگہاں سلطانِ عالم!
ہیں جلتے آتشِ فرقت سے ہر دم — ہمارے استخواں سلطانِ عالم!
کہوں کس سے میں حالِ دل کو اپنے — نہیں کوئی یہاں سلطانِ عالم!
نہ روؤں کس طرح میں شب و روز — ہیں آنکھوں سے نہاں سلطانِ عالم!
حباب آسا ہوں اس بحرِ جہاں میں — کوئی دم میہماں سلطانِ عالم!
کیا غربال تیرِ ہجر نے دل — مرے ابر و کماں سلطانِ عالم!
مریضِ ہجر کی اب کوئی دم میں — نکلتی ہے یہ جاں سلطانِ عالم!
اب اپنی بدرِ عالم کو یہاں سے — بلا لیجے وہاں سلطانِ عالم!

رجب ۱۲۷۵ھ ہجری کے لکھے ہوئے رقعہ میں ایک غزل ہے

شکل دکھلاؤ بس اب بہرِ خدا اختر! — ہوں بہت رنجِ جدائی سے مکدر اختر!
رات دن تیرے تصور میں بسر کرتی ہوں — اس دلِ زار کو سمجھاؤں میں کیونکر اختر!
پھٹ گیا آبِ خورش صدمۂ ہجراں سے کیا — کیا کہوں تجھ سے کہ جیتی ہوں میں کیونکر اختر!
تجھ سلیمانِ جہاں سے جو محبت ہے مجھے — طائرِ دل کو بناتی ہوں کبوتر اختر!
سیدھے ہو کر چمن و ہر میں باغ و الم — یاد کرتے ہیں تجھے سرو صنوبر اختر!
سانپ سے سینۂ مجروح پہ لہراتے ہیں — یاد آتی ہیں جو زلفیں تیری یکسر اختر!
ناتوانی نے کیا جسم کو ایسا لاغر — ضعف ہوتے ہیں ہر گام پہ چکر اختر!
بدرِ عالم یہی کہتی ہے سدا در و زباں — نورِ دیدار سے کر دل کو منور اختر!

ایک اور غزل ایک رقعہ میں لکھی جس کے چند شعر نقل کئے جاتے ہیں:

شکل اپنی دکھاؤ جانِ عالم! — بس اب نہ ستاؤ جانِ عالم!
مجھ زار و حزیں کے جان و دل پر — صدمہ ہے اب آؤ جانِ عالم!
دل پھنکتا ہے آتشِ الم سے — تم آکے بجھاؤ جانِ عالم!
راحت بھری تمہیں جو منظور — مجھ کو بھی بلاؤ جانِ عالم!
فرقت کے الم سے رو رہی ہوں — اب تم نہ رلاؤ جانِ عالم!
تم میری محبت و وفا کو — دل سے نہ بھلاؤ جانِ عالم!
غم کھاتی ہوں خونِ دل ہوں پیتی — یہ شغل چھڑاؤ جانِ عالم!
ہر دم ہے یہ ذکرِ بدرِ عالم
للہ اب آؤ جانِ عالم!

ذیقعدہ ۱۲۷۵ھ میں ایک منظوم خط لکھا گیا ہے تمہید میں دعائیہ اشعار لکھ کر یوں ابتدا کی ہے

پس از شوقِ وصالِ جانِ عالم — بیاں کرتی ہوں اپنا حالِ پرغم
تپِ فرقت سے یہ بیتاب ہے دل — مثالِ پارۂ سیماب ہے دل

اسی طرح کے چند اشعار لکھ کر لکھتی ہیں۔

خداوندا کبھی پھر وصل ہوگا — مبدل وصل کیا یہ فصل ہوگا
کبھی دل مجھ زیب و زین ہوگا — کبھی اس جان کو پھر چین ہوگا
کبھی آئیں گے یاں سلطانِ عالم — میں پھر دیکھوں گی شکلِ جانِ عالم
کبھی یہ دور دل کا داغ ہوگا — میسر پھر وہ قیصر باغ ہوگا
کبھی پھر عیش کا سامان ہوگا — کبھی پورا میرا ارمان ہوگا
کبھی نکلے گی میرے دل کی حسرت — خوشی کی پھر کبھی دیکھوں گی صورت
ستاتا ہے بہت دردِ جدائی — دوہائی ہے خداوندا دوہائی

ایسے ہی فراقیہ شعر لکھ کر اس طرح رقعہ ختم کرتی ہیں۔

اسی فقرے کے اوپر خاتمہ ہے — کہ خاکی بدرِ عالم راقمہ ہے

اور ایک منظوم رقعہ بڑی دھوم دھام سے لکھتی ہیں۔

معدنِ الفت مسیحائے زماں — جانِ عالم جانِ عالم جانِ عالم!
تا صد و سی سال تم قائم رہو — شیرِ حق حامی رہیں اور مہرباں!
داستانِ شوق کیا کیجے رقم — مختصر بھی ہو نہیں سکتی بیاں!
ہے تپِ فرقت سے بھڑکی دل میں آگ — آہ کا سینہ سے اٹھتا ہے دھواں!

اسی طرح اپنے ہجر کے صدمات لکھ کر اپنے قرضے اور تنگ دستی کا

بھی تذکرہ بڑے مزے سے کیا ہے۔

کس قدر دشوار ہے آزارِ ہجر — قرض کا بھی سر پہ ہے بارِ گراں
تین ہزار اور ایک سو کی قرضدار — ہو گئی ہوں اِن دنوں اے جانِ جاں
اطلاعاً کر دیا افشائے حال — ورنہ تھا یہ راز سینہ میں نہاں

آخر میں اس دعا پر رقعہ ختم ہوتا ہے۔

یا الٰہی وصلِ اختر ہو نصیب — ہو پذیرا اب دعائے عاشقاں
ہو کہیں یوسف کو زنداں سے نجات — آرزومندوں کا دل ہو شادماں
بدرِ عالم سے نہ ہونا بے خبر — اے میرے اختر میرے بختِ جواں

اور ایک خط بڑے مزے سے نظم ہوا ہے۔

اے سرورِ رعیتِ باغِ مراد — آب بخشِ نہالِ باغِ مراد
افسرِ افسرانِ کشورِ حسن — خسروِ خسروانِ کشورِ حسن
نگہت افزائے گیسوئے قدرت — جوہرِ تیغِ ابروئے قدرت
نیرِ آرزو منور باد — ظلِ الطاف سایہ گستر باد
بعدِ اظہارِ شوقِ بوسِ کنار — شرح کرتی ہوں حالتِ دلِ زار
لاکھ میں آپ کو سنبھالتی ہوں — ہر طرح دردِ ہجر پالتی ہوں
خود بخود دم مگر نکلتا ہے — دل کو جیسے کوئی مسلتا ہے
سوزِ غم سے ہوا ہے دل تفتہ — رفتہ رفتہ ہوا ز خود رفتہ
گاہ اٹھتی ہوں گاہ گرتی ہوں — چاہ میں بادلی سی پھرتی ہوں
ہائے تقدیر کا پڑا یہ بھوگ — جان کو لگ گیا کہاں کا روگ
لالۂ باغ میں تو چار ہیں داغ — ایک دل میں میرے ہزار ہیں داغ
دن گذر کر جو شام ہوتی ہے — ایک منزل تمام ہوتی ہے
کشورِ دل خراب ہے پیارے — رنج اب بے حساب ہے پیارے
مدتوں سے مدام رونا ہے — صبح رونا ہے شام رونا ہے
اب یہ چوتھا برس ہوا ہے شروع — نیرِ وصل نے کیا نہ طلوع
ایک دو میں سے حال ہو جائے — وصل ہو یا وصال ہو جائے
تم سے یہ التجا ہے جانِ جہاں — کوئی صورت تو زیست کی ہو عیاں
واقعی کم ملال ہوتا ہے — خط بھی نصف الوصال ہوتا ہے
جانِ عالم پہ رحیم و رؤف — آمد و شد نہ خط کی ہو موقوف
ہجر سے جان دردناک ہے اب — زندگی بر سبیلِ ڈاک ہے اب
دردِ دل جس قدر لکھوں کم ہے — راقمہ خط کی بدرِ عالم ہے

محرم ۱۲۷۶ھ کو ایک منظوم رقعہ لکھا گیا ہے جس کے چند شعر نقل کئے جاتے ہیں۔

ہمارے قدرداں سلطانِ عالم! — سلیمانِ زماں سلطانِ عالم!
سپہرِ مہر و الفت کے ستارے — تم ہی ہو اخترِ طالع ہمارے
میرے مالک میرے سلطانِ غازی — میرے وارث خداوندِ مجازی

اس کے بعد جانِ عالم کا خط وصول ہونے اور اس خط کے ذریعہ سے جانِ عالم کی رہائی کی خبر ملنے اور جہانگیری اور روپوں کی وصولی کا تذکرہ کیا ہے بدرِ عالم صاحبہ کے کلام میں نہ صرف روانی سلاست اور تندہے بلکہ روز مرہ درست محاورہ چست اور زبان حد درجہ صاف ہے سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اپنے لئے مذکر ضمیر استعمال نہیں کرتی ہیں بعض شعر نہایت عمدہ بلکہ لاجواب ہیں ان منظوم خطوط میں نثر کے ساتھ ساتھ دو دو چار شعر بھی لکھ دیتے ہیں۔ جن میں سے چند نقل کئے جاتے ہیں۔

تمہارے خط کو جب دیکھا تو دم میں جان آئی — ہوا ثابت کہ ہے تحریر میں اس کے مسیحائی

تو نے ہمیں بے گناہ مارا — بیساختہ دل یہی پکارا

سینہ میں جگر نہیں سنبھلتا — ہاتھوں سے ہے کوئی دل کو ملتا
ہر دم ہے جگر کا داغ روشن — قندیل میں ہے چراغ روشن
سوزاں ہوں مگر دھواں نہیں ہے — گویا منہ میں زباں نہیں ہے
ایسا جینا کسے ہے منظور — مرتی ہوں تمہاری جان سے دور

جان تک اس کی محبت میں گنواں بیٹھے ہیں
ہاتھ جینے سے سر دست اٹھا بیٹھے ہیں

اس مجموعہ کے خاتمہ پر حبیب الدین احمد بردوانی نے عربی میں مختصر خاتمہ لکھ کر ۱۶ جمادی الآخر ۱۲۷۶ ہجری لکھا ہے اس طرح یہ مجموعہ پونے سائز کے ۵۵ صفحات پر ختم ہوا ہے اور سطر ۱۷ سطری ہے۔

انشاء اللہ آئندہ جانِ عالم کی اور محلات کی شاعری کے نمونے پیش کئے جائیں گے۔ فقط۔

سید تمکین کاظمی

کلوپیٹرا کی ایک رات

کلوپیٹرا چند سہیلیوں کے ساتھ دریائے نیل کے کنارے اپنے قصر میں چپ سادھے بیٹھی ہے۔ انٹنی مصر میں موجود نہیں، اس لئے زندگی اس کے لیے دوبھر ہو رہی ہے۔ اس وقت اُسے یونان، اپنا وطن یاد آتا ہے اور وہ مصر اور اُس کی ہر چیز سے متنفر سی ہو رہی ہے۔ کچھ سوچ کر وہ اپنے دل کی بات اپنی سب سے بڑی سہیلی سے یوں کہتی ہے:

شارمیان! اگر میری زندگی میں کوئی دلچسپی ہوتی، محبت، آہ والہانہ محبت تو پھر مجھے مصر کا یہ ویرانہ بھی اپنے یونان کی طرح پیارا معلوم ہوتا جس کے عاج کے بت، ایوان معبد، صفا چشمے اور فضا گلزار ہر وقت میری نگاہوں میں رہتے ہیں کاش میری زندگی میں کوئی دلچسپی پیدا ہو کوئی جنوں خیز واقعہ پیش آئے۔ مگر کون ایک ملکہ سے محبت کرنے کی جرأت کر سکتا ہے!

کلوپیٹرا انہی خیالات میں غرق ہے کہ ہوا کو چیرتا، سائیں سائیں کرتا ہوا ایک تیر کھڑکی کے راستے سے اندر آتا ہے اور زناٹے کے ساتھ دیوار کے چوبی حصے میں پیوست ہو کر تھرتھرانے لگتا ہے۔ تیر کے ساتھ ایک رقعہ بندھا ہے جس پر یہ الفاظ لکھے ہیں: "مجھے تم سے محبت ہے"۔ یہ وہی چیز ہے جس کے لئے اس وقت کلوپیٹرا کا دل بے قرار ہے۔

تیر انداز جس نے ملکہ کی محبت کے جنون میں جان کی بازی لگائی ہے ایک نوجوان شکاری میامون ہے جس کا مردانہ حسن کسی دیوتا کے تانبے سے ڈھلے ہوئے مجسمے کی یاد دلاتا ہے تیر چلانے کے بعد وہ غائب ہو جاتا ہے لیکن محض اس لئے کہ شاہی حمام میں پانی پہنچانے کی راج بہا میں غوطہ لگا کر باغ میں جا نکلے اور کسی درخت کے پتوں میں چھپ جائے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب کلوپیٹرا جس کے بالوں میں ایک پن دیوی کی طرح کائی کے ریشے اور کنول کے پھول گندھے ہیں تیرنے کے تالاب سے برآمد ہونے لگتی ہے تو دفعتہً اس کی نگاہیں دو آتشیں آنکھوں سے دو چار ہوتی ہیں۔ جو درختوں کے پتوں کے درمیان اُس پر ٹکٹکی جمائے ہوئے ہیں۔ کلوپیٹرا کی ہلکی سی چیخ سُن کر اس کے غلام جھپٹتے ہوئے آتے ہیں۔ اور اس بے باک نامحرم کو گرفتار کر کے طرفۃ العین میں ملکہ کے قدموں میں لا ڈالتے ہیں کلوپیٹرا کے اس سوال کے جواب میں کہ کیوں نہ فوراً قتل کر دیئے جاؤ وہ یہی چند الفاظ گنگناتا ہے۔ "مجھے تم سے محبت ہے"۔

کلوپیٹرا ہکا بکا سی رہ جاتی ہے۔ تیر کے ساتھ رقعہ باندھ کر بھیجنے والا نوجوان یہی ہے۔ وہ دفعتہً اپنے دل میں ایک فیصلہ کرتی ہے۔ نوجوان شکاری رات بھر اسکے پاس رہے گا۔ لیکن صبح اسے موت کے گھاٹ اترنا ہوگا۔

نوجوان جو خوشی سے پھولا نہیں سماتا، محل میں پہنچا دیا جاتا ہے جہاں حسب معمول ایک عظیم الشان ضیافت کا سامان ہو رہا ہے۔

رات گزر جاتی ہے اور پو پھٹنے کے ساتھ ہی ایک خوفناک گھڑی شکاری کے سر پر آکھڑی ہوتی ہے۔ ایک غلام اُسے سیمنگ کا ایک پیالہ پیش کرتا ہے جس میں ابلتا اور پھنکارتا ہوا ایک زہر ہلاہل بھرا ہے۔

کلوپیٹرا کا رنگ اس وقت زرد ہے۔ اُس نے اپنا ایک ہاتھ شکاری کے بازو پر رکھا ہے جس کی جرأت دیکھ کر ملکہ کا جذبہ رحم برانگیختہ ہو رہا ہے اور وہ یہ کہنا ہی چاہتی ہے کہ ابھی زندہ رہ اور مجھ سے محبت کر کہ ایوان سے باہر نرسنگے کی آواز بلند ہوتی ہے۔ یہ مارک انٹنی کی واپسی کا نقیب ہے۔ کلوپیٹرا اپنی انگلیاں نوجوان کے بازو سے اٹھا لیتی ہے وہ پیالہ لبوں سے لگا کر غٹاغٹ چڑھا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ہی اس کی لاش یوں زمین پر گر جاتی ہے گویا اس پر بجلی آپڑی ہے۔

انٹنی نمودار ہوتے ہی کہتا ہے "میری پیاری ملکہ! معلوم ہوتا ہے میں وقت گزرنے کے بعد آیا ہوں۔ ضیافت ختم ہو چکی ہے مگر فرش پر یہ لاش کیسی ہے؟"

کلوپیٹرا مسکرا کر جواب دیتی ہے "کچھ نہیں آقا! میں ایک نئے زہر کی تلاش کر رہی تھی آپ تشریف رکھئے اور ذرا ان یونانی بہروپیوں سے اپنا دل بہلائیے!"

(تلخیص و ترجمہ)

حامد علی خاں

خوابِ رنگین

(مکتوب جو ایک خودکشی کرنے والے کی نعش کے ساتھ ملا)

محترمہ!

آپ کا خیال ہے۔ کہ میں اس موضوع پر اپنی رائے کا اظہار کرنے میں چرب زبانی سے کام لے رہا ہوں۔ یا بالکل جھوٹ بول رہا ہوں۔ آپ یقین نہیں کرسکتیں۔ کہ دنیا میں ایک ایسا شخص بھی ہے۔ جو تمام عرصۂ حیات میں کبھی مبتلائے محبت نہیں ہوا۔ تاہم میں ایک انسان ہونے کی حیثیت سے آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ کہ میں نے کبھی محبت نہیں کی۔

اس کی وجہ ——— درحقیقت میں خود بھی نہیں جانتا۔ میں نے کبھی اپنے دل کو اپنی عقل و دانش کے مقابلہ میں تیز رفتاری کا موقع نہیں دیا اور نہ کبھی ایک عورت کی محبت میں اس جنون کی حد تک گرویدہ ہوا کہ اپنی خودی کو اس کے حلقۂ دام میں محصور کروں۔ آپ کی صنف کے کسی فرد کو اتنی قدرت حاصل نہیں ہوئی۔ کہ اس نے کبھی مجھ کو رلایا ہو یا مبتلائے رنج و آلام کیا ہو میں نہ ان راتوں سے آشنا رہا۔ جن کی بیداریوں میں اختر شماری کی جاتی ہے۔ اور نہ اس نمودِ سحر سے واقف ہوں۔ جس کی خوشگوار فضا میں محروم لذتِ کام و دہن رہنا پڑتا ہے۔ امید و بیم میرے لئے الفاظ بے معنی ہیں۔

کیونکہ میں نے کبھی محبت نہیں کی۔

اکثر میں خود متعجب ہوتا ہوں کہ آخر میرے ساتھ ایسا اتفاق کیوں نہیں ہوا۔ اس کا تسلی بخش جواب صرف ایک ہوسکتا ہے۔ اور وہ یہ کہ میں عورت کی ذہنیت سمجھنے میں اتنا اچھا نقاد ہوگیا ہوں۔ کہ کسی کی شخصیت سے اثر پذیر ہوکر مرعوب نہیں ہوسکتا۔ محترمہ! میری اس صاف گوئی پر اظہارِ برہمی نہ کریں۔ . . . . . آپ جانتی ہیں۔ کہ ہر متنفس کی ایک مادی شخصیت ہوتی ہے۔ اور دوسری رُوحانی . . . . . اور لازمی طور پر آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ کسی سے صادق اور پرخلوص محبت کرنے کے لئے محبوب کی ذات میں ان دونوں شخصیتوں کا باہمی اجتماع اور ہم آہنگ ہونا اشد ضروری ہے۔ لیکن فی زمانہ یہ حسنِ امتزاج شاذ و نادر ہی وقوع پذیر ہوتا ہے۔ کیونکہ بسا اوقات آپ دیکھیں گی۔ کہ ایک عورت ظاہری اعتبار سے پیکرِ حسن و جمال اور مجسمۂ شباب و رعنائی ہے۔ لیکن بلحاظِ فطرت و ذہنیت ایک قابلِ نفرین و خترِ اہرمن۔ اور کبھی یہ بھی مشاہدہ میں آئے گا۔ کہ ایک عورت اخلاقِ برگزیدہ و اوصافِ حمیدہ کی تقدس مآب دیوی کہلائے جانے کے لائق ہے۔ لیکن جسمانی موزونیت کے لحاظ سے اس کی کوئی خوبی کسی کو اپنی طرف مائل کرلینے کے لئے مقناطیسی کشش نہیں رکھتی۔

محبت کرنے کے لئے مرد کو اندھا ہوجانا ضروری ہے۔ اسے چاہئے کہ صرف جذبۂ الوہیت کے ساتھ اندھا دھند محبت کے جال میں جا گرے۔ اور محبوبہ کے نقائص و عیوب کی طرف سے آنکھوں پر پٹی باندھ لے۔ وہ اس کے ساتھ دورانِ گفتگو میں سنجیدہ موضوع کو زیرِ بحث نہ لائے۔ وہ اس کے نازک لبوں پر صرف مہرِ الفت ثبت کرے۔ اور اسے اپنا بنالے۔ محبوبہ کی ہرزہ کاریاں اور خیالاتِ باطلہ اس کی نظر میں ایسے معلوم ہوں۔ گویا یہی شانِ حسن اور اقتضائے جمال ہیں۔ خیر! میں اس کور چشمی کا طالب نہیں ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ انسان سے لے کر کائنات کے ذرّوں تک ہر شے کو حقائق کی روشنی میں دیکھوں۔ نہ کہ اپنی آرزوؤں اور تمناؤں کے مطابق۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ حسین و جمیل لڑکیاں ہی خلافِ توقع بے مہر و وفا ثابت ہوتی ہیں۔ برخلاف اس کے سادہ لوح ہستیاں کبھی مایوس نہیں کرتیں۔ کیونکہ ان سے کسی چیز کی توقع ہی نہیں کی جاتی۔

تاہم عرصۂ دراز ہوا۔ مجھے یقین واثق ہوگیا تھا کہ میں گرفتارِ محبت ہوں۔ صرف ایک ساعت کے لئے۔ محض ایک خوشگوار رات میں۔ لیکن سب

سے زیادہ فضا اور ماحول میری گرفتاری میں ممد و معاون تھا۔ مجھے یقین ہے۔ کہ واقعات کی تفصیل سن کر آپ بھی اس ضمن میں میری ہی ہم خیال ہو جائیں گی۔ اچھا سنئے۔

ایک روز شام کے وقت ایک حسین دوشیزہ سے میری ملاقات ہوئی۔ عالی حوصلگی اور جدت طرازی اس کی فطرت میں داخل تھی۔ لہٰذا اس نے تجویز پیش کی کہ ہم دونوں تمام شب دریا کی پرسکون سطح پر ایک سفینہ کے آغوش میں بسر کریں۔ اگر مجھ سے پوچھا جاتا۔ تو میں گھر کی چار دیواری میں شب بیداری کو ترجیح دیتا۔ مجھے یہ زیادہ مرغوب ہے۔ تاہم محض دل بستگی کے طور پر میں نے سفینہ میں بیٹھنے کی دعوت قبول کر لی۔

جون کا مہینہ۔ تفریح شکن سہانی رات۔ خوشگوار چھٹکی ہوئی چاندنی۔ بادِ صرصر کے لطیف جھونکے۔ ہم تقریباً دس بجے روانہ ہوئے۔ میں کسی قدر کبیدہ خاطر تھا۔ لیکن میری شریکِ سفر خوش مسرت میں جھوم رہی تھی۔ میں سنبھل کر بیٹھ گیا۔ پتوار اٹھا لئے۔ اور روانگی عمل میں آ گئی۔

دل فریب نظارہ تھا۔ دریا میں کہیں خشکی کے ٹیلے ابھرے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ ان پر درختوں کی ہریاول اور ان میں قمری و عنادل کے روح پرور چہچہے۔ پانی کی روانی آہستہ آہستہ ہم کو بہائی رہی۔ ساحل کے قریب دلدل میں مینڈک ٹرا رہے تھے۔ جھاڑیوں میں ہوا مدھم سروں کا راگ گاتی معلوم ہوتی تھی . . . سہانی رات کی لطیف اور خوشگوار رعنائیوں کا اثر طاری ہوتا گیا۔ میں نے محسوس کیا۔ کہ صرف ایسے وقت میں زندہ رہنا حقیقی زندگی کے مترادف ہے۔ اور وہ بھی ایک نوخیز۔ پرشباب حسین و جمیل دوشیزہ کے پہلو میں۔

نقرئی چاندنی کی مستی و سرشاری اور اپنی ہم جلیس کے انتہائی قرب کے احساس سے میری رگوں میں تلاطمِ جذبات اور جوششِ ترنگ کی سیمابی کیفیت پیدا ہو گئی۔

"ہم کو اسی طرح بیٹھے رہنا چاہیئے۔" اس نے کہا۔ "آؤ۔ میرے پاس بیٹھ جاؤ۔ اور پتوار ہاتھ سے رکھ دو۔"

میں نے ارشاد کی تعمیل کی۔ اس وقت میں اس کے ہر حکم کو دائرہ عمل میں لانے کے لئے تیار تھا۔ اس نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا۔

"مجھے کچھ اشعار سناؤ۔"

میں نے حیل و حجت کرنی چاہی۔ لیکن اس کے اصرار نے مجبور کر دیا۔ ظاہر ہے۔ کہ وہ ہر اس شے کو حاصل کرنے پر تلی ہوئی تھی۔ جس کے ذریعہ ہیجانِ جذبات ممکن ہو۔ سہانی رات۔ نقرئی چاندنی۔ پرسکون سطحِ آب۔ فضائے شعر و سخن۔ اور ایک جوان مرد اس کے پہلو میں۔ محض بہلانے کی غرض سے میں نے غلط سروں میں گانا شروع کر دیا۔ اور اشعار بھی فارسی کے منتخب کئے۔ جن کو سمجھنا اس کے لئے کسی قدر دشوار تھا۔ لیکن مجھے سخت تعجب ہوا۔ جب میری بیہودگی پر ملامت کرنے کی بجائے وہ فہیمانہ طور پر اپنے سر کو جنبش دیتی رہی۔ گویا خوب سمجھ کر داد دے رہی ہے۔ اور ساتھ ہی دبی زبان سے کہا۔

"یہ الفاظ صداقت سے کس قدر لبریز ہیں۔"

میں ورطۂ استعجاب میں غرق تھا۔ حقیقتاً اتنی سمجھدار عورتیں کہاں ہیں۔ ہمارا چھوٹا سفینہ پانی پر چھائے ہوئے ساحلی درختوں کے سایہ میں گزر رہا تھا۔ میں نے اپنی ہم جلیس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے آغوش میں لے لیا۔ اور آہستہ آہستہ اپنے لبوں کو اس کی پیشانی تک پہنچانے کی کوشش کی لیکن فوری غصہ کے ساتھ اس نے جواب دیا۔

"بس مجھے تنہا چھوڑ دو۔ تم ہر ایک چیز میں بے لطفی پیدا کر رہے ہو۔"

میں نے کوشش کی کہ کسی طرح اس کو مناؤں۔ لیکن اس نے علیحدہ ہو جانے کے لئے بہت جد و جہد کی۔ اور درخت کی ایک شاخ کو اس قدر گھبراہٹ کے ساتھ پکڑا کہ مجھے گمان ہوا۔ کہ بس اب سفینہ الٹ جائے گا۔ اور ہم دونوں پانی میں جا گریں گے۔ اس نے کہا۔

"اگر تم پانی میں گر پڑے تو یہ سزا تمہارے لئے مناسب ہو گی۔ مرد کس قدر اجڈ ہوتے ہیں۔ وہ ہمیشہ یہی چاہتے ہیں۔ کہ شکستِ خواب کر کے دوسری ہستی کو بیدار کر دیا جائے۔ اور ہاں تم تو ابھی ابھی مجھ کو کچھ اشعار سنا رہے تھے۔"

اس نے مجھے لاجواب کر دیا۔ میں خاموش تھا۔

پھر اس نے کہا۔ "ہمیں کچھ اور دور چلنا چاہیئے۔"

میں نے خیال کرنا شروع کیا کہ واقعات طیر موزوں سے ہوتے جا رہے ہیں۔ اور یہ فکر بھی دامن گیر ہوئی۔ کہ تمام رات اسی طرح ضائع ہو گی۔ میری ہم جلیس نے مجھ سے کہا۔

"میں تم سے ایک وعدہ لینا چاہتی ہوں۔"

"بہتر۔" میں نے جواب دیا۔ "بشرطیکہ میں اسے پورا کر سکوں۔"

"اچھا وعدہ کرو کہ تم بالکل خاموش اور نیک بنے رہو گے۔ اگر میں

تم کو اجازت دوں۔۔۔۔۔۔۔۔"

"کیا؟"

"اگر میں تم کو اجازت دوں کہ میرے قریب پہلو میں لیٹ جاؤ۔ سفینہ کے زیرین حصہ میں۔۔۔ اور میری طرح صرف آسمان پر چمکنے والے ستاروں کا مشاہدہ کرتے رہو۔"

میں نے محسوس کیا کہ صورتِ حال مضحکہ خیز ہوتی جا رہی ہے۔ لیکن پھر بھی جواب دیا۔

"بہت بہتر۔ جو آپ کی مرضی ہو۔"

"نہیں معلوم ہونا چاہیئے۔" اس نے وضاحت سے کہا۔ "تم کو ہرگز اجازت نہیں ہوگی۔۔۔ مجھے چھونے کی۔۔۔ مجھے پیار کرنے کی۔۔۔ یا۔۔۔ یا۔۔۔ یا مجھے چھیڑنے کی۔۔۔ مجھے ستانے کی۔"

"میں وعدہ کرتا ہوں۔"

"اور اگر تم نے ذرا بھی حرکت کی۔ تو میں سفینہ کو اُلٹ دوں گی۔"

کس قدر واہیات بات تھی۔ ہم قریب قریب لیٹے رہے۔ سفینہ کی خفیف جنبشوں کا ترنم اور وہ نغمۂ حیات جو ساحل کی طرف سے مدہم سروں میں سنائی دے رہا تھا۔ ہمارے لئے لوری بن کر رہ گیا۔ اور عین اس لمحہ۔۔۔ اپنی تمام زندگی میں پہلی مرتبہ۔۔۔ کسی سے محبت کرنے کی آرزو میرے دل میں پیدا ہوگئی۔ میں نے چاہا کہ اپنے وجودِ مطلق کے اسرار و رموز کو کسی پر منکشف کر دوں۔ اور بطورِ خراج اسے پیش کر دوں۔۔۔ اپنے تخیل کا پرتو۔۔۔ اپنے جسم کی موزونیت۔۔۔ اپنے قلب کی پُرخلوص تپش۔۔۔ اپنی حیات کی سرمستیاں۔ اور ہر وہ چیز جو مجھ سے متعلق ہو۔

اچانک میری ہم جلیس نے خواب کی سی دنیا میں ایک ایسی آواز میں جو بہت دور سے آ رہی ہو۔ مدھم سروں میں کہا۔

"ہم کہاں ہیں؟ کدھر جا رہے ہیں۔۔۔۔۔ معلوم ہوتا ہے۔ ہم کرۂ ارض کی کششِ ثقل سے نکل چکے ہیں۔ سرحدِ ادراک سے بھی پرے ہیں۔ کتنا پُرلطف سماں ہے۔ آہ! کاش! تم مجھ سے تھوڑی ہی سی محبت کرتے۔"

میرے دل نے زور زور سے دھڑکنا شروع کر دیا۔ اور میں کوئی جواب نہ دے سکا۔ معلوم ہوتا تھا کہ مجھے اس سے محبت ہوگئی ہے۔ میں نے خیال کیا کہ ایسا ہوگیا ہے۔ پھر بھی میرے اندر کوئی رقیق جذبہ بیدار نہیں ہوا میں نے صرف محسوس کیا کہ میں کامل سکون کی دنیا میں ہوں۔۔۔ اس مقام پر۔ اس حسینہ کے پہلو میں۔۔۔ اور بس یہ احساس ہی میرے لئے کافی تھا۔

اسی طرح ہم بہت دیر تک لیٹے رہے۔۔۔ بہت دیر تک۔۔۔ جنبش کئے بغیر۔۔۔ ہم نے ایک دوسرے کا ہاتھ میں ہاتھ لے لیا۔۔۔ دلنوازانہ طریقہ پر۔۔۔ خاموشی کے ساتھ۔۔۔ کوئی نامعلوم قوت ہم پر حاوی تھی۔۔۔ غیر محسوس طریقہ پر۔ ہمارے درمیان ایک رشتہ قائم ہوگیا۔۔۔ پُراسرار۔۔۔ الوہیانہ۔۔۔ تعجب انگیز۔۔۔ آخر وہ کیا تھا۔۔۔ شاید اسی کا نام محبت ہو۔

سکوتِ شب کا طلسم صبحِ کاذب کی نمود سے ٹوٹ گیا۔ تقریباً تین بجے کا عمل ہوگا۔ سفینہ کسی شے سے ٹکرایا۔۔۔ وہ ایک چھوٹا سا جزیرہ تھا۔ میں بحرِ تحیر میں غرق ہوگیا۔ آسمان کی تمام سطح سُرخ گلابی اور عبیر آلود ہونے لگی۔ بادل کے شگافوں میں سے نورِ سحر پھوٹنے لگا۔ دریا کا پانی خونناب بن گیا۔ اور اس کے دونو ساحل آتش گرفتہ معلوم ہونے لگے۔

میں اپنی ہم جلیس کی طرف جُھک گیا۔ تاکہ اس دلفریب منظرِ نور و ضیا سے لطف اندوزی حاصل کرنے میں اسے بھی شریک کروں لیکن مجھ سے یہ نہ ہوسکا۔ بلکہ میں خود اس کے پرتوِ جمال کی آئینہ سامانی میں محو ہو کر رہ گیا۔ کیونکہ وہ بھی شفق کی طرح گل تمثال تھی۔۔۔ اس کے رخسار۔۔۔ اس کے لب۔۔۔ اس کا تبسم۔۔۔ اس کا لباس۔۔۔ وہ پھولوں کی شہزادی معلوم ہوتی تھی۔ اور میں اس وقت میں اسے صبح کی دیوی سمجھنے لگا۔

وہ نزاکت کے ساتھ اٹھی اور اپنے لب مجھے پیش کر دیئے میں اس کی طرف بڑھا۔ پیش قدمی اور انبساط کے کیف ارتعاش میں ڈوبا ہوا۔ گویا میں ایک آستانۂ قدوسی کا بوسہ لینے والا تھا۔ ایک ایسے خواب کا بوسہ لینے والا جو پیکرِ نسائی میں تبدیل ہوگیا ہو۔۔۔۔۔ اس نے مجھ سے کہا۔۔۔۔۔۔

"آہ! میرے محبوب! تمہارے ریشمی بالوں میں ایک کیڑا اُلجھ رہا ہے۔"

شاید اس کے تبسم کی یہی وجہ تھی۔ میں نے اپنے سر پر ایک ضرب سی محسوس کی۔ اور ایسا معلوم ہوا۔ گویا نمودِ سحر سے قبل ہی فضا کی تمام رعنائیاں دُور ہوگئی ہیں۔ اور طلسمِ خواب کے ٹوٹتے ہی میں اس دنیائے آب و گل میں آگیا ہوں۔ اور بس۔

یہ محض ابلہی اور طفلِ تسلی ہے۔ جو چاہو۔ سمجھو۔ لیکن یہی وہ معمولی سی بات ہے۔ جو انسان کو دل برداشتہ کر دیتی ہے۔ اور سب سے زیادہ دلربا ہستی سے متنفر۔

بہرحال اس دن سے آج تک میں نے کسی سے محبت نہیں کی۔

(مولیساں)

طاہرہ دیوی شیرازی

ساون میں

ساون بیتا جائے سجنی! پریتم گھر نہیں آئے
کیسے کاٹوں رات برہ کی ناگن بن بن کھائے

ٹھنڈی ٹھنڈی پُروا سن کے بادل گھر گھر چھائے
ننھی ننھی بوندیں ٹپکیں اور بجلی لہرائے
یاد انھوں کی میرے دل کو رہ رہ کر تڑپائے
ساون بیتا جائے سجنی! پریتم گھر نہیں آئے

مور پپیہا۔ جھینگر۔ سارس مل کر شور مچا دیں
ناچیں۔ کودیں۔ کریں کلولیں پھولے نہیں سما دیں
راگ رنگ اور کھیل کود کی بات نہ من کو بھائے
ساون بیتا جائے سجنی! پریتم گھر نہیں آئے

کنج کنج میں پڑے ہیں جھولے مل مل سکھیاں جھولیں
پینگ بڑھائیں تان اڑائیں ہنس ہنس کر پھولیں
ہنسی خوشی کی بات پریمی من کو اور جلائے
ساون بیتا جائے سجنی! پریتم گھر نہیں آئے

اندرجیت شرما

رُوم کا آخری جانباز

تاریخ روما کا ایک عبرت ناک ورق

رُوم کی ابتدائی ترقی کے زمانے میں عوام کی جانب سے جانباز سرداروں کا انتخاب عمل میں آتا تھا۔ ان سرداروں کو ہمیشہ رائے عامہ کا ساتھ دینا پڑتا تھا۔ لیکن اس کے باوجود ان کے قبضے میں نہایت وسیع اختیارات ہوتے تھے۔ مثلاً قوانین کو جاری کرنا۔ صلح و جنگ کا اعلان کرنا۔ اور ملکی نظم و نسق کو قابو میں رکھنا انہیں کے اختیار میں تھا۔ اور ان وجوہ سے ان کی حیثیت بعض اوقات خود مختار بادشاہوں سے بھی بڑھی چڑھی ہوتی تھی۔

صدیوں کے انقلابات میں "لیڈر" یا سردار کی شخصیت کا وجود بھی باقی نہ رہا۔ روم کے مطلق العنان و متکبر شہنشاہوں کے خاتمے کے بعد جب روم کی سطوت اور جبروت رخصت ہوئی۔ تو ملک میں ہر طرف طوائف الملکی اور لامرکزیت کا دَور دَورہ ہوگیا۔ ملک میں ہر وقت خانہ جنگیاں برپا رہتیں۔ جس سے بیرونی دشمنوں کے خطرات بہت بڑھ گئے تھے۔ اسی لئے ملک کا امن اور اس کی آسودہ حالی شر و فساد سے بدل گئے۔

چودھویں صدی عیسوی کے وسط میں ملک کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے۔ جن پر جابر رؤسا اور امراء قابض ہوگئے۔ جن کے درمیان ہمیشہ لڑائیوں کا سلسلہ جاری رہتا۔ ان خانہ جنگیوں کی وجہ سے ملک کی حالت بدتر ہوتی چلی گئی ان ہی مطلق العنان رؤسا میں "آرسنی" اور "کاونا" نامی دو سربرآوردہ خاندان بھی تھے۔ جن کی لڑائیاں ضرب المثل ہوگئی تھیں۔ آپس میں یہ ہمیشہ خونریز معرکوں میں مبتلا رہتے اور یہ سردار ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ شہر روم کے دو زبردست محلوں میں جن کے گرد مضبوط فصیلیں اور خندقیں تھیں۔ یہ لوگ ہمیشہ محصور رہتے۔ اور جب کبھی موقع ملتا ایک خاندان کے لوگ دوسرے خاندان کے جتنے آدمی مل سکتے انہیں ختم کردیتے۔ تجارت کی حالت بہت خراب ہو گئی تھی۔ دن میں دکان کھولنا گویا لٹ جانے کے مترادف تھا۔ عورتوں اور بچوں کی جانیں اچانک حملوں اور بدمعاشوں کی پکڑ دھکڑ سے معرضِ خطر میں تھیں۔

حالات اس قدر مایوس کن تھے۔ کہ کسی زبردست مصلح کے بغیر روم کا سنبھلنا ناممکن تھا۔ حتیٰ کہ پوپ کی عظمت ٹھکرا دی گئی تھی اور اس نے اپنی جان کے خوف سے شہر "ایوگنان" میں پناہ لی تھی۔ اسی پر آشوب زمانے میں ایک نوجوان نے ملک کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا۔ جس کے دل میں خلوص۔ ایثار۔ راستی اور محبت کے جذبات موجزن تھے۔ اُس نے دل میں اپنی بھائیوں کی بیکسی اور افلاس کو دور کرنے اور انہیں گذشتہ دَور کی ترقی اور آسودہ حالی پر لے جانے کی ٹھانی۔ اس کے اس خیال کو اسکے نتھے بھائی کے ناگہانی قتل سے مزید تقویت پہنچی۔ اس کا چھوٹا بھائی ایک دن اپنے گھر کے قریب ایک گلی میں کھیل رہا تھا۔ کہ آرسنی خاندان کے کچھ سپاہی اس طرف سے گزرے۔ اتفاقاً دوسری جانب سے کاونا کا رئیس تھوڑی سی فوج کے ساتھ وہیں آپہنچا۔ اور جس گلی میں بچہ کھیل رہا تھا۔ وہیں ان کی مُڈ بھیڑ ہوئی۔ زبردست جنگ ہوئی۔ جس میں وہ بچہ بھی مارا گیا۔ لیکن کسی نے اس کی طرف توجہ بھی نہ کی۔

لوگوں کے اس نئے سردار کا نام "رینزی" تھا۔ اس نے عوام کو دعوتِ اتحاد و عمل دی۔ اور اپنی جادو بیانی۔ نغز گفتاری۔ راست گوئی اور حق پرستی سے روز بروز اپنے رفقاء میں معتد بہ اضافہ کرنے لگا۔ آہستہ آہستہ روم کے سارے باشندے اس کے ایک اشارے پر لبیک کہنے کے لئے تیار ہو گئے۔ اور موقع کے منتظر رہے۔ کہ کسی نہ کسی طرح دونوں جنگجو رئیسوں کو شکست دے کر اپنی سلب شدہ آزادی دوبارہ حاصل کرلیں۔ نوجوان سردار کی محبت ان کے قلوب میں جاگزیں ہوگئی۔ اور اس کی ہر بات کے لئے وہ جان تک دینے کو تیار تھے۔ اس نے اپنے لئے کسی اور لقب کی بجائے گذشتہ عہد کے جانبازوں کی یادگار میں "جانباز" کا نام تجویز کیا۔ اور اس

کو عملاً ثابت کرنے کی کوشش میں ہر وقت مصروف رہنے لگا۔

چھوٹے بھائی کی وفات کے بعد خاندان بھر میں صرف اس کی بہن "آیرین" ہی اس کی تنہا رفیق رہ گئی۔ اس کی آنکھیں نشیلی تھیں۔ اس کے گیسو سیاہ و دراز تھے۔ اور اس کا حسن فائق فریب۔ وہ رینزی کے گھر کا گوہرِ شب چراغ تھی۔ "رینزی" حقیقتاً شاعر تھا۔ اس کے لئے سکوت۔ مطالعہ۔ مناظرِ قدرت اور بہار یہ سب بیخود کرنے والی چیزیں تھیں۔ لیکن ملک کی موجودہ فضا نے اس کی شاعرانہ طبیعت پر غلبہ حاصل کر لیا اور کچھ عرصے کے لئے وہ اپنی فطرت کے بدلنے پر مجبور ہو گیا۔ تاہم اس تبدیلِ فطرت کے باوجود اس میں ہر شخص پر اعتماد کرنے کی عادت موجود تھی۔ جو شاعروں کی ایک خاص خصوصیت ہے۔ اور جو سیاست دان کے لئے مہلک ترین چیز ہے۔

ایک دن "آیرین" کسی کام سے باہر گئی ہوئی تھی۔ راستے میں اتفاقاً آرمنی خاندان کے ایک شخص کی نظر اس پر پڑی اور "آیرین" کے عشق کا تیر اس کے جگر کے پار ہو گیا۔ "آیرین" کے انکار کا خیال کر کے وہ بجائے سیدھے طور پر اظہارِ محبت کرنے کے اس کو اُڑا لے جانے کی سوچنے لگا۔ یہ حرکت کتنی ہی بہیمانہ سہی لیکن "رینزی" کے پرآشوب زمانے میں ایسے بیسیوں واقعات آئے دن ہوتے رہتے تھے۔

موقع پا کر انہوں نے ایک بھیانک رات میں "رینزی" کے مکان کا رُخ کیا۔ ان کی یہ چال نہائت کامیاب رہی۔ کیونکہ "رینزی" عموماً رات میں لوگوں کو جمع کر کے مشورہ کیا کرتا تھا۔ اور "آیرین" مکان میں اکیلی رہتی۔ سیڑھیوں کے ذریعے آناً فاناً وہ گھر میں پہنچ گئے۔ اور بیکس لڑکی کو پکڑ لیا وہ ہر چند مدد کے لئے چیخی چلائی لیکن کسی نے توجہ نہ کی۔ قریب تھا کہ وہ اس کو لے کر فرار ہو جاتے لیکن ایک عجیب واقعہ رونما ہوا۔ خاندان کالونا کا ایک نوجوان چند مسلح سپاہیوں کے ساتھ ان پر حملہ آور ہوا۔ آپس کی کشمکش اور گڑبڑ سے بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔ اسی اثنا میں کالونا کا وہی نوجوان موقع پا کر بیہوش "آیرین" کو اس ہنگامے سے نکال کر علیحدہ ایک جانب لے گیا۔

لڑائی کا سلسلہ جاری ہی تھا کہ "رینزی" آ پہنچا۔ اور اس نے فوراً لڑائی کو موقوف کر دینے کا حکم دیا۔ لوگ کائی کی طرح چھٹ گئے۔ اس نے اپنی قابلِ احترام تقریر سے دونوں دشمنوں کو بے حد شرمندہ کیا۔ قانون اور اطلاق کو مدِ نظر رکھ کر انہیں فوراً وہاں سے چلے جانے کا حکم دیا۔ دونوں دشمن قہر آلود نگاہیں ڈالتے ہوئے بیچارگی کے عالم میں عوام کے اس نئے سردار کے آگے سر جھکا کر رخصت ہو گئے۔ لیکن انہوں نے آپس میں یہ طے کیا کہ شہر کے حصار کے باہر کھلے میدان میں کل صبح مقابلہ کریں گے۔

ادھر دشمن روانہ ہوئے اور ادھر لوگوں نے "رینزی" کو مجبور کیا کہ حاصل شدہ موقع کو کھونے کی بجائے لڑ بھڑ کر دشمنوں سے شہر کو پاک کرنا چاہیئے۔ عوام نے باہمی مشورے سے یہ بات طے کر لی کہ کل جس وقت دونوں رئیس شہر کے باہر اپنی افواج کو لئے ہوئے مصروفِ پیکار ہوں۔ اسی وقت شہر کے سارے دروازوں کو بند کر دیا جائے۔ اور جب تک وہ لوگ قوانین کی اطاعت کا حلف نہ اٹھالیں۔ اس وقت تک اُن کو شہر میں داخل ہونے کی اجازت نہ دینی چاہیئے۔ عوام کی رائے سے وہ ہر وقت متفق تھا۔ اُس نے فوراً حاضرین سے مخاطب ہو کر کہا کہ اپنے عزیز ترین اور قدیم شہر کی عزت اور آزادی کو برقرار رکھنا ہو تو بس یہی ایک موقع ہے۔ کہ کل اپنی ساری قوت صرف کر دیں۔ اور ہر ایک یہی سمجھے کہ بقائے زندگی کی کشمکش میں وہ اپنی ساری قوت صرف کر رہا ہے۔

سب لوگوں نے اس کی تائید کی۔ مجمع چھٹ گیا۔ اور "رینزی" کو اب موقع ملا کہ اس جھگڑے کا اصلی سبب معلوم کرے۔ رہائی پانے والا سوائے اپنی بہن کے اور کوئی نہ تھا۔ اب اس کے حواس بجا تھے۔ اور وہ ایک دیوار کے سہارے سے بیٹھی ہوئی تھی۔ "رینزی" اس کو دیکھتے ہی چلا اٹھا:۔

"آیرین! اڈرین!!"

"بھائی جان خدا کا فضل ہے"۔ اس نے کہنا شروع کیا۔ "ہمارے شکریہ اور تعریف کا مستحق صرف یہی نوجوان ہے۔ اگر آج اس نے بہادری اور جوانمردی کا ثبوت نہ دیا ہوتا۔ تو واقعات کی صورت ہی کچھ اور ہوتی۔ ہم پر اس کا یہ احسانِ عظیم ہے"۔

"اڈرین اس کے لئے ہم بے انتہا ممنون ہیں۔ اور تمہارا جتنا شکریہ ادا کیا جائے۔ کم ہے"۔ رینزی نے کہا۔

کالونا کا ایک طرفدار اڈرین اگرچہ بچپن سے رینزی کا دوست تھا لیکن واقعات نے مجبوراً انہیں علیحدہ کر رکھا تھا۔ اڈرین نے کہا کہ میں نے کوئی کارنامہ تھوڑا ہی کیا ہے۔ جس کی داد دی جائے۔ بلکہ دشمن پر حملہ کرنے سے پہلے میں نے واقعات کو سمجھا ہی نہ تھا۔

اب "رینزی" کو یہ خوف لگ گیا کہ کہیں اڈرین ان کی اسکیم کو دشمنوں سے بیان نہ کر دے۔ جس سے ممکن تھا کہ لڑائی موقوف کر کے

دونوں اپنے اپنے گھر بیٹھ رہیں۔ لہٰذا اس نے اپنی قدیم رفاقت کے بھروسے پر کہا۔ کہ آج کی کوئی بات اپنے اہلِ خاندان سے نہ کہنا!

ابتداءً تو اڈرین نے پریشانی ظاہر کی لیکن "رینزی" نے نہایت دانشمندانہ پیرائے میں کہنا شروع کیا کہ اس میں اس کی کوئی ذاتی بھلائی یا منفعت مقصود نہیں بلکہ اس میں ملک اور شہر کی بہبودی مضمر ہے۔ اور کہا کہ صرف یہی ایک وجہ تمہارے خاموش رہنے کے لئے کافی ہے۔

"اور جب تم نے اتنا بڑا احسان ہم پر کیا ہے۔ تو کیا تم سے اس معمولی چیز کی امید نہیں رکھ سکتے۔" آیرین نے کہا۔

"میں وعدہ کرتا ہوں۔" اڈرین نے جوش سے کہا۔ "اور یہ صرف میرے ملک اور تمہاری خاطر!"

"آیرین مسکرائی اور اس کی آنکھوں میں عجیب قسم کی شوخی چمکنے لگی۔ نوجوان کے دل پر اس برق پاش تبسم نے تیر نیمکش کا کام کیا۔ اور اس نے دل میں ایک نئی خواہش اور جذبۂ نو کو نشو و نما پاتے ہوئے محسوس کیا۔ جو اس سے پہلے کبھی پیدا نہ ہوا تھا۔ اور صرف اس کی خاطر وہ اپنی جان۔ مال اور ناموس قربان کرنے کو تیار ہو گیا۔

صبح ہوئی اور سارا شہر جاگ اٹھا دونوں رئیس اپنی افواج کے ساتھ شہر کے باہر جا نکلے۔ "رینزی" اور اس کے ساتھی تیاریوں میں مصروف تھے۔ اور مسلح سپاہی لوگوں کو جمع کر رہے تھے۔ سارے لوگ "رینزی" کا ساتھ دینے پر تیار ہو گئے۔ حتیٰ کہ اس میں دکاندار۔ بنئے۔ بقال اور بزاز بھی شامل تھے۔ . . . . . سورج قدرے بلند ہوا اور نقارے پر چوٹ پڑی۔ یہ "رینزی" کی آمد کی اطلاع تھی۔ دیکھتے دیکھتے ہزارہا آدمی سڑکوں اور گلی کوچوں سے نکل کر جمع ہو گئے۔ شہر کے چوک کے قریب اس نے مجمع کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہی کے روز ان کی ہمت اور جوانمردی شہر کی عظمت کو برقرار رکھ سکتی ہے۔ اس کے بعد دروازوں کو بند کر کے اس نے ہر جگہ معتدبہ آدمیوں کی ایک جماعت کو پہرہ پر مقرر کیا اور خود جنگجو رئیسوں کی آمد کا منتظر رہا۔

حقیقتاً یہ نہایت سہل فتح تھی۔ کیونکہ جب دونوں رئیس لڑ بھڑ کر تھکے ماندے واپس ہوئے تو انہوں نے دروازوں کو مضبوطی سے بند کیا ہوا پایا۔ جن پر سخت نگرانی کی جا رہی تھی۔ بالآخر شہر میں داخل ہونے سے مایوس ہو کر انہوں نے صلح کی شرائط مان لیں۔ لہٰذا "رینزی" کو جانشین مانتے اور قوانین کی اطاعت کا حلف اٹھانے کے بعد انہیں شہر میں داخل ہونے اور اپنے اپنے گھروں کو واپس جانے کی اجازت ملی۔ "رینزی" کے مقابلے میں اپنی ذلت کو دونو ظالم سردار برداشت نہ کر سکے لیکن اس قدر کثیر تعداد کے مقابلے میں وہ کچھ بھی نہ کر سکتے تھے۔ لہٰذا انہوں نے خفیہ طور پر سازش کرنی شروع کی۔

اس واقعہ کے بعد جب "رینزی" نے پہلی مرتبہ دار العوام میں ایک مجلس منعقد کی۔ تو عوام کی طرح دونوں سرکش امیروں کو بھی اس میں شریک ہونا پڑا۔ اس میں بہت سے مشاہیر دوسری سلطنتوں کے سفیر اور بیشتر ممتاز اہلِ شہر بھی شریک تھے۔ خبر رسانوں کے ذریعے ہر طرف اطلاعات روانہ کی گئیں۔ احکامات جاری کئے گئے۔ ملک میں ہر طرف سے صلح و امن کے پیغامات آنے لگے۔ دوسرے ممالک سے بھی اطلاعیں آئیں۔ اکثر ممالک نے "رینزی" کو ملک کا نیا جانشین تسلیم کیا۔ لوگ اس کی حکومت اور عمر کی درازی کے لئے دعائیں مانگنے لگے۔

سوائے ان باغی امیروں کے ہر ایک کو "رینزی" کی حکومت سے خوشی ہو رہی تھی۔ امیروں نے اس بڑھتے ہوئے خطرے کو پہلی مرتبہ محسوس کیا۔ اور سازش کرنا شروع کی کہ کسی نہ کسی طرح "رینزی" کا خاتمہ کر دیا جائے۔ دونوں نے مطلب براری کے لئے اپنی رقابت کو عارضی رفاقت سے بدل لیا۔ اڈرین جو اس موقع پر حاضر تھا۔ اس نے لعنت ملامت کرنی شروع کی کہ وہ اپنے عہد سے پھر رہے ہیں۔ انہوں نے اس کی کوئی پروا نہ کی۔ خود اڈرین کے والد نے جو کالونا کا ایک سپہ سالار تھا۔ اس کا تمسخر اڑایا اور اور اڈرین کے اس استدلال کو سنا بھی نہیں کہ ملکی مفاد ہر چیز پر فوقیت رکھتا ہے۔ دونوں سردار اپنے لباسوں میں دو خنجر چھپا کر "رینزی" کی تلاش میں نکل پڑے۔

"رینزی" لوگوں کو مخاطب کر کے کچھ کہہ رہا تھا۔ جبکہ "اڈرین" نے دوڑتے ہوئے اس کے قریب پہنچ کر چپکے سے اُسے آنے والے خطرے سے آگاہ کر دیا۔ ادھر اس نے "رینزی" کی جان کی حفاظت کرنے کو کہا۔ اور ادھر سازشی اس کے گرد جمع ہو گئے۔ انہوں نے اس سے کہا کہ وہ کسی اہم چیز کے متعلق کچھ استفسار کرنا چاہتے ہیں۔ سازشیوں کا اضطراب اور اُن کی بوکھلاہٹ اُن کے چہروں سے ان کے قابلِ نفرین مقصد کو ظاہر کر رہی تھی۔ اگرچہ ایک لمحہ دونوں کو اپنے اپنے خیال پر عمل پیرا ہونے کے لئے کافی تھا۔ لیکن ادھر تو سازشی امیروں نے اپنے اپنے خنجر اس کے جسم میں کھونپنے کے لئے نکالے اور ادھر چالاک "رینزی" نے اس سے پہلے اپنی آہنی زرہ بکتر

بہن ہی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ خنجر اسی میں اٹک کر رہ گئے۔

"پکڑو! بدمعاش! قاتل! کمینے! انہیں گرفتار کرلو! قتل کردو!!"

کی صدائیں ہر طرف سے بلند ہوئیں۔ دیکھتے دیکھتے سارے لوگ اُن پر ٹوٹ پڑے اور گرفتار کرکے اُن کی مشکیں کس دیں۔ اور اسی وقت انہیں دو تاریک زندانوں میں قید کردیا گیا۔ لوگوں نے غصے اور جوش میں "رینزی" کو کہا جو اب اپنی کرسی پر بیٹھ چکا تھا کہ انہیں فوراً قتل کردینا چاہیے۔ "رینزی" بھی مشتعل تھا۔ وہ اس لئے اس کی جان نہیں لینا چاہتا تھا۔ کہ وہ خود اس کی جان کے درپے تھے۔ بلکہ آزادی دلانے والی نئی جماعت کا اس طرح خاتمہ کرکے وہ پھر اپنی جابرانہ حکومت اور اپنے ذاتی مفاد کے خواب دیکھ رہے تھے۔ اُن کے لئے وہ قتل کا حکم جاری کرنے ہی والا تھا کہ ایک جانب سے "اڈرین" اور "آیرین" داخل ہوئے۔

"اڈرین" کو علم تھا کہ دونوں ظالم رئیسوں کے ساتھ ساتھ اس کے بوڑھے باپ اور دیگر افراد خاندان کو بھی قتل کردیا جائے گا۔ اس لئے "آیرین" سے واقعات کا اظہار کرکے بہ منت اس کے بھائی سے ان قیدیوں کے درگزر کرنے کو کہا۔ "آیرین" نے بے انتہا عاجزی سے کہا کہ عدل کے مقابلے میں درگزر کرنا یقیناً اپنی عالی ہمتی کو ظاہر کرنے اور دشمنوں کی تنگ ظرفی کو درست کرنے کا بہترین آلہ ہے۔

کوتہ اندیش بھائی نے فوراً بہن کا کہا مان لیا۔ اپنے دستخط شدہ کاغذوں کو پھاڑ کر اپنی سحر بیانی کے بھروسے پر مجمع سے خطاب کرکے رحم و معافی کا خواستگار ہوا۔ لوگوں نے اس کی بات کو منظور تو کرلیا لیکن اس کی ناتجربہ کاری سے وہ کھٹک گئے۔ امیروں میں سے ہر ایک اپنی زندگی کے آخری لمحے گن رہا تھا۔ موت کی سزا یقینی تھی۔ اگر ان میں سے کوئی "رینزی" کی بجائے حاکم ہوتا تو سب سے پہلے وہ یہی کام کرتا۔ اس کی بجائے دوستوں کی طرح اس نے اُن سے یوں خطاب کیا:۔

"دوستو تمہاری ناشائستگی کی وجہ سے تمہیں پابندِ سلاسل دیکھ کر مجھے بے حد رنج ہو رہا ہے۔ جہاں تک میری زندگی کا تعلق ہے۔ میں اس کی کوئی پروا نہیں کرتا۔ اپنے ملک کی بہبودی کے لئے میں ہمیشہ سرگرم رہتا ہوں۔ لیکن آپ نے مجھ پر جو قاتلانہ حملہ کیا۔ اس کی بڑی وجہ مجھے ہلاک کرنے کی بجائے میرے ملک کو نقصان پہنچانے کی تھی۔ آپ نے قانون شکنی کے علاوہ اپنے وعدہ کا پاس نہ رکھا۔ اگر میں صرف عدل ہی پر قائم رہوں تو آپ کی موت کے لئے ایک لمحے سے زیادہ عرصہ لگے گا۔ لیکن مقدس انجیل کی تعلیم نے ہمیں رحمدلی کا سبق سکھایا ہے۔ اسی لئے میں نے آپ کی جان بخشی کے لئے عوام سے درخواست کی ہے۔ جس کو انہوں نے اپنی فراخدلی سے قبول کرلیا ہے۔ اب آپ لوگوں کی جان بخشی اسی میں مضمر ہے۔ کہ آپ لوگ از سرِ نو ایفائے عہد اور عوام کی طرح میری سیادت کا حلف اٹھائیں....."

اس غیر متوقع طرزِ عمل سے دونوں رئیس مبہوت ہوگئے۔ انہوں نے بظاہر تمام شرائط کو مان لیا۔ اور عہد کیا کہ وہ اس کی حکومت کو تسلیم کریں گے لیکن دل میں وہ کوتہ اندیش "رینزی" کی کارروائیوں پر ہنس رہے تھے۔ لہٰذا رہائی کے بعد سب سے پہلے وہ انتقام کی ترکیبیں سوچنے لگے۔

مشہور ہے۔ کہ بھلائی کا بدلہ برائی ہے۔ دوسرے ہی روز لوگوں کا اندیشہ پورا ہوا کہ انتقام کی تلاش میں راتوں رات دونوں سرکش امیر روم سے بھاگ گئے ہیں۔ اور فوجیں جمع کر رہے ہیں۔ کہ روم پر حملہ کردیں اب تو عوام رینزی کی کم فہمی پر علانیہ ملامت کرنے لگے۔ تاہم انہوں نے اس کا ساتھ نہ چھوڑا اور یہ بھی مدافعانہ کارروائی میں مصروف رہے۔ "رینزی" کا چہرہ اب بھی متبسم تھا۔ اور اس کی موجودگی لوگوں کے دلوں میں غیر معمولی جوش پیدا کرنے کے لئے بہت کافی تھی اور اس کی بات پر وہ جان تک دینے کے لئے تیار تھے۔

واقعات کے گوناگوں الٹ پھیر نے سب سے زیادہ "اڈرین" کو مبتلائے مصیبت کردیا۔ ایک طرف اپنے خاندان اور بوڑھے باپ کا خیال تھا۔ تو دوسری طرف ملکی فلاح اور حقوقِ عوام کی طرف داری کی سخت ضرورت تھی۔ اس کے علاوہ "آیرین" کی محبت نے اس ماحول میں بھی اسے بالکل دیوانہ بنا دیا تھا۔ اور جوں جوں لڑائی کی مدت قریب ہوتی گئی۔ اُس کی بے چینی بڑھتی چلی گئی۔

بالآخر رئیسوں کی متحدہ افواج شاہانہ غرور کے ساتھ شہر کے بند دروازوں کے قریب آکر رک گئیں۔ رئیسوں نے فوراً دروازے کھولنے کا حکم دیا۔ "رینزی" نے بھی اپنی افواج کے ساتھ ترکی بہ ترکی جواب دینے کا تہیہ کرکے شہر کے دروازوں کا رُخ کیا۔ مقابلے کا حکم دینے سے پہلے

"اڈرین" فوج کی صفوں کو چیرتے ہوئے آگے بڑھ کر "رینزی" سے ٹھیرنے کی استدعا کرنے لگا۔ گھوڑے کی باگ روک کر "رینزی" نے سوال کیا:۔

تمہاری اس دخل اندازی کی کیا وجہ ہے؟

رئیسوں کی سرکشی کو ایک مرتبہ اور معاف کر دو ـــــ ممکن ہے میرے کہنے سے اپنی غلطی پر نادم ہو کر تمہاری سیادت کو بغیر لڑائی بھڑائی کے تسلیم کر لیں۔" اڈرین نے کہا۔ "اب اس کا وقت نہیں ہے" رینزی نے کہا۔ ایسے بدعہدوں کو سرکوبی کی سخت ضرورت ہے۔ دروازے کھول دو اور تلوار کی سونت لو" . . . پھاٹک کھلے اور شکار پر جھپٹنے والے عقاب کی طرح دونو فوجیں ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑیں۔ قدیم روم کی جنگ آشنا دیواروں نے اس سے بڑے گھمسان معرکے کو پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ عوام کے جوش و خروش کی کوئی انتہا نہ تھی ایک طرف باغی رئیسوں کے دلوں میں نفرت اور حقارت کے جذبات موجزن تھے۔ تو دوسری طرف لوگوں کو آزادی کی خواہش اور حصولِ حقوق نے بے جگری سے لڑنے پر مجبور کیا تھا اس ہولناک معرکے میں ہر طرف "رینزی" کی ہمت بڑھانے والی آواز سنائی دے رہی تھی۔ اور اپنے سیاہ گھوڑے پر خطرناک سے خطرناک مقامات میں وہ دراتا ہوا گھس رہا تھا۔

اس فیصلہ کن جنگ میں میدان "رینزی" کے ہاتھ رہا۔ دونوں امیر بھاگ گئے۔ مقتولین میں "اڈرین" کے باپ کی لاش بھی موجود تھی۔ فتح مند سپاہی ترانے گاتے ہوئے شہر میں داخل ہوئے۔ اپنے پرجوش سردار کی عظمت کا سکہ اور زیادہ مضبوطی سے ان کے قلوب پر ثبت ہو گیا۔ روم کی تاریخ میں گویا ایک نئے باب کا اضافہ ہو گیا۔

رئیس شکست سے مایوس ہونے کی بجائے دونی ہمت سے اور سبیل کی تلاش میں نکل پڑے۔ انہوں نے شہنشاہ جرمنی سے مدد طلب کی جس کی حکومت میں ایک عرصے تک روم بھی شامل تھا۔ "رینزی" پر غاصب کا الزام لگا کر اس کے خلاف انہوں نے شہنشاہ کے کان بھرنے شروع کئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے "ایوگنان" جا کر پوپ سے ملاقات کی۔ پوپ جس نے انہیں کی ہنگامہ آرائیوں اور سازشوں سے روم کو ترک کیا تھا۔ اب ان کی چالوں میں آ گیا۔ انہوں نے پوپ کے سامنے "رینزی" کو بے دین۔ مرتد اور باغی ٹھیرایا۔ جس کو سن کر پوپ نے ان کی مدد کرنے کا وعدہ کیا۔ شہنشاہ جرمنی نے بھی اپنے سفیروں کو واپس بلانے کے احکامات جاری کر دیئے۔

جونہی یہ خبریں روم پہنچیں۔ ایک نیا انقلاب رونما ہوا۔ بہت سے لوگ اپنے چہیتے سردار ہی کے خلاف ہو گئے۔ اس فساد میں ایک اور مہلک تحریک کا آغاز ہوا جس کا بانی "جیکو" نامی ایک لہار تھا۔ بدنظمی کے زمانے میں "جیکو" اور اس کے ساتھیوں کو خیال پیدا ہوا کہ ہاتھ پاؤں ہلانے سے کچھ نہ کچھ حاصل ہو گا۔ لہٰذا "رینزی" کے خلاف اس نے زہر اگلنا شروع کیا۔

ان سب کا سردار سوائے "اڈرین" کے اور کوئی نہ تھا۔ باپ کی موت کے بعد اس نے اعلان کر دیا تھا کہ اس کے بدلے میں "رینزی" کو قتل کر دوں گا بہت سے لوگ اس کے ہم خیال ہو گئے۔ اور "رینزی" کا کلمہ پڑھنے والے آن کی آن میں اس کے خون کے پیاسے نظر آنے لگے ـــــ "یہی تو دنیا کا دستور ہے"۔

چند ایسے بھی تھے جنہوں نے ان باتوں کو تمسخر سے زیادہ اہمیت نہ دی۔ اسی اثناء میں کلیسا کے گھنٹے بجنے لگے۔ فتح کی مسرت میں شکریہ ادا کرنے کے لئے ایک جلسہ ترتیب دیا گیا تھا۔ پوپ کا نائب اپنے دوسرے راہبوں کے ہمراہ کلیسا کی جانب جانے لگا۔ اس سے لوگوں کے خیالات پھر "رینزی" کی طرف مائل ہونے لگے۔ ان کے خیال میں جب پوپ بھی اس فتح کی خوشی میں "رینزی" کا شریک تھا۔ تو انہیں اس کی مخالفت کرنے کی بظاہر کوئی وجہ دکھائی نہ دیتی تھی۔ اتنے میں "رینزی" اپنی بہن کو ساتھ لئے کلیسا جانے کے ارادے سے نکلا۔ ہجوم میں "رینزی" کے خلاف آوازے کسنے والے بھی بالکل خاموش ہو رہے۔ خود "اڈرین" جس نے اس کے قتل کا بیڑا اٹھایا تھا۔ اس کی پُر رعب شکل اور قابلِ احترام شخصیت کے آگے ماند پڑ گیا۔

"آیرین" کا چہرہ بے حد اداس تھا۔ ایک طرف اس کے دل میں پیارے بھائی کی سلامتی کی دعائیں موجود تھیں تو دوسری طرف "اڈرین" کی حالت پر رحم آ رہا تھا۔ اگر اڈرین آیرین کے دلی جذبات سے واقف ہو جاتا تو اس کے دل میں بھی ایک ایسا جذبہ پیدا ہو جاتا جو اسے بیک وقت غمگین اور خوش دونوں بنا سکتا

جونہی "رینزی" اور "آیرین" کلیسا کے دروازے پر پہنچے۔ ایک عجیب واقعہ رونما ہوا۔ پوپ کا نائب کلیسا کے اندر سے دروازے پر آیا۔ اور ان کو اندر جانے سے روک دیا۔ اور ان کی راہ میں حائل ہو گیا۔ بلند آواز میں اس نے "رینزی" کو بد دعائیں دینی شروع کیں۔ اور عوام سے مخاطب ہو کر کہا کہ جو کوئی اس منکرِ دین کا کسی طریقے پر ساتھ دے گا۔ اس کی

بھی مذہباً یہی گت بنے گی کلیسا کی یہ سخت ترین سزا تھی۔ جو صرف مرتدوں باغیوں اور قزاقوں کو دی جاتی تھی۔

"رینزی" پر اس غیر متوقع طرز عمل سے ایک بجلی سی گری۔ اپنی بیش بہا خدمات کے عوض ایسی سزا یقینی صبر شکن تھی۔ وہ فرطِ حیرت سے کئی قدم پیچھے ہٹ گیا۔ لوگ جس طرح پلیگ زدہ سے بھاگتے ہیں۔ اس کے اطراف سے ہٹ گئے۔ اتنے میں "اڈرین" نے بڑھ کر "آیرین" سے کہا:۔

"چلو تمہاری مدد کرنے کو تیار ہوں ـــــ کلیسا کی یہ سزا تو تمہارے لئے نہیں ہے"۔

"آیرین" نے اپنے بھائی سے چمٹتے ہوئے کہا۔ "نہیں! ہرگز نہیں!! ـــ جہاں میرا بھائی جائے اور جو مصیبت اس پر پڑے اُس میں میں اُس کی شریک رہوں گی"۔

"لیکن تم اُسے بچا نہیں سکتیں ـــــ آؤ اب بھی وقت ہے"۔

"نہیں!" اس نے کہا اور بھائی کے ہمراہ آہستہ آہستہ گلی کی راہ سے گھر واپس ہو گئی۔ لوگ حیرت سے ٹکٹکی لگائے دیکھ رہے تھے۔ اس ہمت شکن ضرب سے "رینزی" مایوس نہیں ہوا۔ اس نے خیال کیا کہ اب بھی صحیح واقعات کو روشنی میں لایا جائے تو لوگ اس کا ساتھ دیں گے۔ غصے کی بجائے رحم کے جذبات اس کے دل میں بھر گئے۔ اس نے ایک نئی ترکیب سوچی۔

"دارالعوام کے بیرونی حصے پر ٹھیر کر تقریر کی جائے تو؟" اُس نے بہن سے کہا۔

"نہیں بھائی ہرگز نہیں۔ ہمیں اپنی جان کی حفاظت کے لئے فوراً یہاں سے فرار ہو جانا چاہیئے ـــــ جب روم کے لوگوں میں صداقت اور حق پرستی کا جذبہ موجود ہی نہیں۔ تو تمہاری بڑی سے بڑی خدمات کے عوض تمہاری وہ لوگ کیا قدر کرنے والے ہیں"۔

"اور میں اس طرح مجرم بنوں؟" اس نے جواب دیا۔ "یہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اس کے علاوہ میں جاؤں کہاں؟ روم سے محبت بلکہ اس کی ہر چیز سے مجھے عشق ہے۔ میری زندگی روم کے ساتھ ہے ـــ اگر روم کے مصائب میرا خون پی کر دُور ہو سکتے ہیں۔ تو میں بخوشی اس کے لئے تیار ہوں ـــ آہ! میری حقیر زندگی اس کی بھلائی میں صرف ہو۔ تو اس سے بڑھ کر اور کونسی مسرت ہو گی؟"

"آیرین" اس کو سمجھانے کی بجائے بالکل خاموش ہو گئی۔ وہ دونوں گھر سے نکل کر دارالعوام کی جانب چلنے لگے۔ یہاں سیڑھیوں پر پہرہ داروں نے اس کو باقاعدہ سلام کیا۔ چوبداروں اور نقیبوں کو حکم دے کر وہ دارالعوام کے ایک کمرے میں داخل ہوا۔ یہاں اس نے اہلِ روم کی سلامتی اور بہبودی کے لئے سچے دل سے دعائیں مانگیں۔

پوپ کی بددعا اور "رینزی" کی بدنامی کے واقعات سارے شہر میں بارود پر چنگاری کا کام کر رہے تھے۔ "جیکو" اور دوسرے سازشیوں نے موقع کو ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ اور واقعات کو نمک مرچ لگا کر لوگوں کے سامنے بیان کیا۔ اور کہا۔ کہ اس کے گذشتہ بُرے اعمال اور بدکاریوں کے نتائج کا یہ خمیازہ ہے ـــ لہٰذا اس کو فوراً قتل کر دینا چاہیئے۔

برخلاف اس کے "اڈرین" نے اپنی پوری قوت "رینزی" کو بیگناہ ثابت کرنے میں صرف کی لیکن اس کا کچھ نتیجہ نہ نکلا۔ اُلٹے لوگوں نے اس کے الفاظ سے اسی کو نشانۂ ملامت بنایا۔ "جیکو" اور اس کے ساتھیوں کا اثر دم بڑھتا چلا گیا۔ اس بات کا سب کو علم ہو چکا تھا کہ "رینزی" دارالعوام میں پناہ گزیں ہے۔ لہٰذا انہوں نے ادھر ہی کا رُخ کیا۔ "رینزی کو نکالو" کے ساتھ ساتھ "دارالعوام کو جلا دو!" کی صدائیں بھی بلند ہونے لگیں۔

"رینزی" کے بچنے کی کوئی صورت نہ پا کر اڈرین گلیوں کے راستے سے فوراً دارالعوام پہنچا۔ بھائی کی حفاظت کے لئے دروازے پر "آیرین" موجود تھی۔ اس نے اس سے دریافت کیا کہ "رینزی کہاں ہے؟ اب ہم کو فوراً فرار ہونا چاہیئے"۔

"وہ وہاں ہے!" آیرین نے بتلاتے ہوئے کہا۔ "لیکن وہ کبھی فرار نہ ہو گا۔ اور میں اس کے ساتھ ہوں"۔

"آہ! آیرین! آیرین!! مجھے تم سے کتنی محبت ہے ـــ جب سے کہ میں نے اس گلی میں پہلی مرتبہ تمہیں دیکھا۔ آج تک میری محبت روز افزوں ہے۔ میرے ساتھ آؤ ـــ ہم دونوں تمہارے بھائی کو چلنے پر مجبور کریں گے ـــ اگر وہ نہ بھی مانے تو تم ناحق اپنی جان کیوں گنواتی ہو؟"

وہ اس کا جواب سنے بغیر کمرے میں گھس گیا جہاں "رینزی" عبادت میں مشغول تھا۔

"چلو"۔ اڈرین نے کہا۔ "لوگ اس عمارت کو جلانے کے لئے آ

ہے ہیں۔ اگر تم اور تمہاری بہن ایک خفیہ راستے کے ذریعے جس کا صرف مجھے ہی علم ہے۔ میرے ساتھ نہ چلو گے تو تمہاری ہلاکت یقینی ہے۔ کیا تم سنتے ہو؟ ——— دیکھو گلیوں سے آوازیں آ رہی ہیں!"

"لیکن وہ لوگ میرا کیا بگاڑیں گے جو میں اُن سے خوف کھاؤں" رینزی نے کہا۔ "لیکن آئرین میں تم سے درخواست کرتا ہوں کہ میرے اس دوست کے ساتھ چلی جاؤ"

آئرین جو کمرے میں داخل ہو چکی تھی۔ یہ سن کر متحیر ہو گئی ——— آوازیں قریب سے قریب تر ہوتی گئیں۔ لیکن "رینزی" مسکرا رہا تھا۔

"میں نے اس سے پہلے بھی ہمراہ چلنے کو کہا ہے" اڈرین نے کہا۔ "خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ کہ میں اس وقت بھی اس کی حفاظت کے لئے دنیا کی کوئی تدبیر اٹھا نہیں رکھوں گا۔ میں عاجزانہ استدعا کرتا ہوں۔ کہ تم بھی ہمارے ساتھ چلو"

"بہن کیا تم اس شخص سے محبت کرتی ہو؟" رینزی نے مربیانہ انداز سے پوچھا۔

"ہاں" آئرین نے آہستہ سے کہا۔ اور اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اور وہ مضبوطی سے اپنے بھائی سے چمٹ گئی۔

"تب اس کے ہمراہ چلی جاؤ" اس نے آئرین کا ہاتھ اڈرین کے ہاتھ میں دیتے ہوئے کہا۔ "میں نے بھی محبت کی ہے ——— اور میرا محبوب شہر روم رہا ہے۔ جس طرح تم اب ایک دوسرے سے وابستہ رہو گے۔ اسی طرح میں بھی اپنے بدنصیب شہر کا ساتھ دیتا ہوں ——— خدا حافظ!"

لوگ عمارت کے قریب پہنچ چکے تھے۔ اڈرین نے ایک لمحہ ضائع کئے بغیر رینزی سے ہاتھ ملایا۔ اور بے ہوش آئرین کے جسم کو اٹھا کر خفیہ تاریک زینے سے اتر کر چلا گیا۔

لیکن نڈر "رینزی" جس نے آخر دم تک جانبازی سے منہ نہ موڑا۔ سیڑھیوں سے اوپر کی منزل پر چڑھ آیا کہ لوگوں کو مخاطب کرے "جیکو" اور اس کے ساتھیوں نے اس کو کچھ کہنے کا موقع ہی نہ دیا۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ اپنی قادر الکلامی اور سحر بیانی سے وہ سب لوگوں کو ایک لمحے میں اپنی طرف مائل کر سکتا ہے۔ پہلے تو انہوں نے پتھر برسانے شروع کئے۔ لیکن "رینزی" اپنی جگہ سے نہ ہلا ——— اس کے بعد عمارت کو آگ لگا دی گئی۔ دھوئیں کے غبار نے ساری عمارت کو نظروں سے چھپا دیا۔ لیکن جب ہر طرف آگ کا قبضہ ہو گیا۔ اور شعلے بلند ہونے لگے۔ تو لوگوں نے دیکھا کہ رینزی وہیں کھڑے کھڑے لوگوں کو مخاطب کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ بالآخر ساری عمارت جل کر خاکستر ہو گئی۔ اور راکھ کا ایک ڈھیر باقی رہ گیا۔

یہ تھا روم کے آخری جانباز کا انجام ؎

تا سحر تو نے نہ چھوڑا اس کو اے بادِ صبا
یادگارِ رونقِ محفل تھی پروانے کی خاک

سید ابوالفضل عثمانیہ

رباعیات

ہر شے میں کچھ انقلاب پوشیدہ ہیں
ہر خار میں کچھ گلاب پوشیدہ ہیں
ہشیار ہو اور زمین پہ چلنے والے
ان ذروں میں آفتاب پوشیدہ ہیں

احساسِ مآل سے ہراساں ہو جائے
آغاز میں انجام سے لرزاں ہو جائے
رحمت سے اسی کا خاص حصہ منظر
جو کچھ نہ کرے اور پشیماں ہو جائے

منظر صدیقی اکبرآبادی

خلوت گاہِ حُسن

دیدنی ہے ہمنشیں خلوت میں ان کا اضطرار
چھو رہی ہوں جیسے اُن کو میری نظریں بار بار

بیٹھے بیٹھے بیخودی میں مُسکرا پڑتے ہیں وہ
جھوم کر فرطِ خوشی سے کھلکھلا پڑتے ہیں وہ

پھر کسی احساس پنہاں کے اثر سے یک بیک
جھلملا اُٹھتی ہے اُن کے رُخ پہ سرخی کی جھلک

دیکھتا ہوں جیسے ان کو کوئی چھپ کر پاس سے
دل میں کچھ محجوب ہو جاتے ہیں اس احساس سے

ناز کی اک لہر شامل جس میں ہو رنگِ حجاب
چاند سے ماتھے پہ ہو جاتی ہے ہنس کر بے نقاب

دفعتہً کچھ سوچ کر خاموش ہو جاتے ہیں وہ
چونک کر سنجیدگی کی رو میں کھو جاتے ہیں وہ

دیر تک رہتا نہیں لیکن تکلف برقرار
خود بخود ہوتی ہے پھر دل کی حقیقت آشکار

دِلربا چہرے پہ لوٹ آتا ہے پھولوں کا نکھار
ہنسنے لگتا ہے ہر اک عضوِ حسیں بے اختیار

رقص کرتے ہیں مچل کر ناز سے زلفوں کے بال
گدگداتا ہے انہیں میری محبت کا خیال!

اُن کے یہ سب رنگ چھپ کر دیکھتا رہتا ہوں میں
مجھ سے کچھ کہتا ہے دل اور دل سے کچھ کہتا ہوں میں

عدمؔ

سُوت کی انٹی

چوماسہ ختم ہوا۔ گاؤں کی لڑکیوں نے تیجن پڑھانے کی رسم ادا کی۔ اس سال جس لڑکی نے سب سے زیادہ سوت کاتا اُسے آیندہ تیجن کی رانی بنایا گیا جب پکوان تقسیم ہو چکا تو لڑکیوں نے اپنی اپنی کتبیاں اور چرخیاں اٹھائیں جس بیوہ کے گھر میں تیجن تھا۔ اسے ایک آخری سلام کیا۔ اور ڈبڈبائی آنکھوں سے یکے بعد دیگرے باہر نکل گئیں لڑکیاں جھانجے کی چھڑیاں ہیں۔ خدا جانے آیندہ اساڑھ تک کس کس کا ڈھکنا ہو جائے۔ اور اس تیجن کی بچھڑی سہیلیوں میں سے آیندہ سال کون کون مل کر بیٹھ سکیں۔ اس خیال سے سب کی سب آبدیدہ تھیں۔

جن لڑکیوں کی روئی ختم نہیں ہوئی تھی۔ انھوں نے تاوان کے طور پر رسم کا خرچ ادا کیا۔ کوئی گڑ لائی کوئی تیل اور کوئی آٹا۔ باقی روئی سہ دی تری گھر پہ کاتنے کے لیئے اٹھا لے گئیں۔ رشیدہ انہی پھڈی لڑکیوں میں سے ایک تھی۔ میری لڑکیاں تو فارغ تھیں لیکن رشیدہ اور اس کے ساتھ کی دوسری لڑکیاں دوپہر کے وقت تھوڑا بہت سوت کاتتی تھیں۔

رشیدہ نے اپنا نیا پروگرام مرتب کیا۔ صبح منہ اندھیرے اٹھ کر وہ دودھ بلوتی۔ اس کے بعد صبح کا دودھ دوہ کر بھینس کو باہر نکالتی اور گوبر اٹھا کر تھوڑے سے میں چلی جاتی۔ وہاں سے فارغ ہو کر آتی تو جھاڑو پیار دکرتی۔ پانی لاتی اتنے میں روٹی کا وقت ہو جاتا۔ رشیدہ بھاوج کے پہلوٹھے کو ذرا باہر پھلاتی وہ روٹی ڈال لیتی۔ یکا رندھ کر بھاوج اُدھر فارغ ہوئی رشیدہ نے روٹی کھائی۔ باہر کھیتوں میں بھجوائی۔ اور چرخہ لے کر بیٹھ گئی۔ دن ڈھلے کچھ سینا پرونا یا پڑھنا لے بیٹھتی اور پھر بھتیجے کو کھلانے باہر چوپالیوں میں چلی جاتی۔ وہاں دن بھر کے کام پر تبصرہ ہوتا۔ اور چراغ جلے اپنے اپنے گھر!

گھر کے باقی کام رشیدہ کی ماں اور بھاوج نے بانٹ رکھے تھے جب تک رشیدہ دودھ کے کام سے فارغ ہوتی یہ چکی پیس کر اٹھا لیتیں۔ بھاوج ابھی نئی تھی باہر کا کام کاج وہ نہ کر سکتی تھی۔ اس لئے رشیدہ اس کی آرام طلبی پر اُس سے ذرا کھچی کھچی رہتی لیکن بھائی کی محبت کے مارے چپ تھی۔ اُدھر بھاوج جی میں سمجھتی تھی کہ چلو نند کو کوئی دن کی ہے۔ یہ دو باتیں کہہ بھی جائے تو پروا نہیں۔ آخر گھر میں سب کچھ میرا ہے۔

بڑھیا کا یہ حال کہ کبھی بہو کو سمجھا رہی ہے۔ کبھی بیٹی کو رو رو کر نصیحت کر رہی ہے۔ گھر غریب تھا۔ لیکن گھر والے شریف تھے۔ رشیدہ تھی تو کمیری۔ لیکن مزاج میں بچپن تھا۔ اس لئے ہمیشہ کوئی نہ کوئی ایسی حرکت کر بیٹھتی جس سے بھاوج کا دل بھی دکھتا اور ماں بھی چیخ چلاتی۔ زیادہ کسی نے کہا سنا۔ تو شام کو بھائی کے کان بھر دیئے اور بھاوج کی مرمت کرا دی۔ پھر جو دن بھر بھاوج کو چڑاتی تھی۔ بس خدا کی پناہ! اس طرح یہ چھوٹا سا کنبہ اپنی ہنسی وسرور زندگی گزار رہا تھا۔

(۲)

معمول کے مطابق رشیدہ کات رہی تھی۔ اور اس کی ماں اٹیرنی لیئے سوت اٹیر رہی تھی۔ اب تک رشیدہ نے گھر پہ جو سوت کاتا تھا۔ اس کی چار انٹیاں اتر چکی تھیں۔ پانچویں انٹی اٹیرنی پر تھی۔ دس انٹیاں اور بس پھر باقی چاہوا کام ختم! ماں بیٹی باتیں کرتی جاتی تھیں۔

"بس اماں ایک بتائی کام ختم ہوا۔ دو بتائی اور"

"تیرا تو دیدہ ہی نہیں لگتا تجھ سے آدھی آدھی لڑکیوں نے تیجن میں ہی سارا کام ختم کر لیا"

"اور باقی کام کون کرے۔ بھابی کو تو تم نے ایسا سر پر چڑھا رکھا ہے"

"چپ رہ! بھاوجوں کو یوں کہا کرتے ہیں۔ خدا خدا کر کے اب تو اس کے میکے کا غم غلط ہوا ہے۔ جب پرائے گھر جائے گی تو تجھے معلوم ہوگا"

"اچھا یہ لو نیچلا۔ بس یہ انٹی اس میں پوری ہو جائے گی۔ میں چرخہ اٹھاتی ہوں۔ پٹواری کی بیوی کل آئی ہے۔ آج ہم سب اسے دیکھنے جائیں گی۔ بیاہی آئی بیچاری دو تین دن ہی، دیکھنا ہی نہ ملا۔ کہتے ہیں اماں وہ کشیدہ بہت اچھا جانتی ہے"

"اماں کیوں نہیں۔ تعریف میں نے بھی سنی ہے بڑی سگھڑ لڑکی ہے اور پھر ہو کیوں نہ پڑھے لکھے گھر کی جو ہے۔ بیٹی فرصت نکال کر تھوڑا سا سینا پرونا تو بھی سیکھ لے۔ کام آئے گا"

چرخہ اٹھا کر رشیدہ نے کونے سے لگایا۔ ہم جولیوں کی آواز باہر سے آ رہی تھی۔ دوڑ کر ان میں جا ملی اور چلیں سب کی سب چہل کرتی ہوئی

پٹواری کے مکان کی طرف! رشیدہ کی ماں ابھی وہیں بیٹھی اٹیر رہی تھی۔ کہ اُسے دودھ جلنے کی چراند آئی۔ ماٹیرنی ہاتھ سے رکھ کر ہانڈے کی طرف جو دوڑی تو دیکھا کہ کُلسے میں سے دودھ اُبل اُبل کر گر رہا ہے۔ جلدی سے چینی اٹھا کر پانی کا چھینٹا دیا۔ اور بولی۔

رشیدہ کے کسی کام میں بھی تو بھدک نہیں۔ اتنے اُپلے لگا دیئے خدا جانے اس بچی کو کس دن سدھ بدھ آئے گی۔ جوان ہونے آئی۔ مگر رہی پھوہڑ۔ سارا دودھ نکل گیا۔ اور بہو تم نے بھی نہ دیکھا! یہ کہہ کر اُسنے آس پاس کی راکھ سلگتے اپلوں پر ڈال دی کہ آنچ کم ہو جائے۔ اور اوچھی چینی دے کر جو لوٹی تو پوتے نے ایک چیخ ماری۔

"اے ہے! بچے کیا ہوا۔ صدقے واری" کہہ کر پوتے کو گود میں اٹھایا اور ہمسائے کے ہاں چلی گئی۔ جاتے جاتے بہو کو تاکید کر گئی کہ دودھ کا خیال رکھنا میں ننھے کو بہلاتی ہوں۔ تم ہنڈیے سے گیہوں چھنک لو۔ اور دھو کر دکھا دو۔ اب تک اناج سے چھاسہ کا اثر نہیں گیا۔ پیتے میں چکی چکٹ جاتی ہے

بہو نے گیہوں نکالے۔ اور چھاج لے کر بیٹھ گئی۔ اناج میں سے دو تین چوہے نکل کر ادھر اُدھر بھاگے اور تھوڑی دیر صحن میں اچھل کود کر جہاں جس کا سر سمایا گھس گیا۔ بہو نے گیہوں صاف کیے چارپائی پر کپڑا بچھا کر دھوپ میں ڈال دیئے۔ ساس آئی تو بچہ اس کی گود سے لیا۔ ادھر رشیدہ آ گئی

(۳)

رشیدہ۔ لو بی اماں دیکھو۔ ہمیشہ مجھے کہا کرتی ہو۔ کہ بھاوج سے لڑتی ہو۔

ماں۔ کیا ہوا!

رشیدہ۔ اچھی خاصی چار انٹیاں کُنتی میں چھوڑ کر گئی تھی۔ ایک غائب ہے!

ماں۔ انٹیاں تھیں تو چار ہی۔ لیکن اس میں بھاوج کی کیا خطا!

رشیدہ کی بھاوج۔ میں نے تو دیکھا بھی نہیں کہ انٹیاں تھیں کہاں اور کے تھیں۔

رشیدہ۔ تم بھلا کیوں دیکھو گی رانی بنی جو بیٹھی رہتی ہو۔ جیسے گھر سے کوئی تعلق ہی نہیں۔ اب یہ بتاؤ یہ نقصان کہاں سے پورا ہو گا۔ بڑی آئیں امیر کہیں کی!

ماں۔ بیٹا! یوں کہا کرتے ہیں۔ وہ خیر سے بچے والی ہے۔ کیا کیا کام دیکھے! یہ تو میری خطا ہوئی کہ ننھے کو لے کر چلی گئی۔ اور انٹیاں اٹھا کر نہ رکھیں۔

رشیدہ۔ پھر بھابی کس مرض کی دوا ہیں۔ اور یہاں سے انٹی لے کون گیا۔ ایک آدھ پُونی کی بات ہو تو خیر اتنا سوت! اور میری اتنی محنت!

بھاوج۔ بہن! کیا کہوں اب تم ماننے لگی ہو!

رشیدہ۔ رُخ بنا کر "اب تم ماننے لگی ہو"

ماں۔ چل چپ رہ بیٹا! بھائی باپ سنیں گے۔ تو خفا ہوں گے۔ نقصان تو بہت بڑا ہے۔ لیکن اب لڑنے جھگڑنے سے تھوڑی پورا ہوتا ہے۔

ایک ہمسائی! لو بھئی سنو۔ بھلا اس بچی کا دل تھوڑا نہ ہو گا بچاری کتنی محنت سے کاتتی ہے۔ اور پھر پوری انٹی غائب!

دوسری۔ نندیں تو ہمیشہ بھاوجوں کی آنکھوں میں کانٹے کی طرح کھٹکتی ہیں۔ میری بھاوج نے وہ وہ ظلم توڑے ہیں کہ چپ ہی بھلی ہے

تیسری۔ ساس تعریفیں کرتی کرتی نہیں تھکتی اور بہو کے لچھن دیکھو۔ ارے جو نہیں دیکھی وہی بھلی!

چوتھی۔ ساس بچاری کیا کرے۔ تعریف نہ کرے تو اپنی ٹانگ اپ کھولے اور لاجوں مرے! زمانہ ہی کم بخت ایسا آ رہا ہے۔

پانچویں۔ نند بھی کونسی بھلی مانس ہے۔ اگر بھر کی تو اس کی زبان ہے!

پہلی۔ بجا ہی تو ہے۔ بھر پول چال کا بدلہ۔ یہ کیا کہ انٹی غائب کر لی۔ اور صورت دیکھو تو ہر وقت بھیگی بلی سی بنی رہتی ہیں رشیدہ کے باپ بھائی کو پتہ لگے تو بھلا وہ اس نقصان پر چپ رہیں گے!

(۴)

شام ہوئی۔ گھر کے سب آدمی جمع ہوئے۔ رشیدہ نے ٹھنک ٹھنک کر بھائی سے شکایت کی اور رو رو کر بُرا حال کر لیا رشیدہ کے باپ نے اس کی ماں کو اس غفلت پر بُرا بھلا کہا۔ بھائی بھاوج کے سر ہو گیا۔ وہ منتیں کرتی ہاتھ جوڑتی لیکن کون سنتا ماں نے رشیدہ کو ایک دوہتڑ مارا۔ غرض اتنی کیا گئی کہ ایک دوسرے کی جان کا لاگو ہو گیا۔ روٹی پکی پڑی رہی۔ رشیدہ نے نہ کھائی۔ بھائی بھاوج نے نہ کھائی۔ رشیدہ کی ماں رات گئے بیٹے کے پاس دودھ لے کر گئی۔ اس نے

لہ مٹی کا دودھ کڑھانے کا کٹھلے کی شکل کا آلہ۔ اوپر سے کھلا ہوتا ہے۔ پیندے میں اُپلے رکھ آگ دے دیتے ہیں ان کے اوپر دودھ کی ہانڈی رکھ کر صبح سے دن ڈھلے تک کڑھاتے ہیں! اس کی اصل "ہانڈی" معلوم ہوتی ہے۔ اس کو یوپی میں بڑوی کہتے ہیں۔

وہ بھی نہ پیا۔ رشیدہ کی بھاوج کا یہ حال کہ دل ہی دل میں کڑھ رہی ہے اور کسی پر بس نہیں چلتا۔ ذرا ذرا سی دیر کے بعد ننھے پر غصہ نکالتی ہے۔ بیچارے کا مار مار کر بُرا حال کر دیا۔

باپ بیٹا نہیں بولتے۔ ماں بیٹی نہیں بولتیں۔ نند بھاوج میں تو شروع سے ہی کٹم کٹا تھی۔ گھر پر ایک سکوت سا طاری تھا۔ لیکن دلوں میں آگ سلگ رہی تھی یہ رات سب نے انگاروں پر کاٹی۔ اور صبح کو چپ چاپ جیسے کسی نے منہ سی دئے ہوں سب اپنے اپنے کام پر لگ گئے۔

رشیدہ کا بھائی غصے میں جو اٹھا۔ تو بیل کھولتے کھولتے ان کی کمر پر دو تین لاٹھیاں جما دیں اندر والے گھر سے بیل جو چمک کو بھاگے تو ایک بیل چکی کے اوپر جا چڑھا۔ چکی کا ہتا بھی اکھڑ گیا اور "بھڑ" بھی ٹوٹ پھوٹ گیا۔

رشیدہ دودھ بلونے اٹھی تو غصے میں رئی چاٹی پر دے ماری اس کا گلا الگ ہو گیا۔ اور لسی ادھ بلوئی رہ گئی۔ گھی کچھ یوں ہی ہاتھ واتھ مار کر ذرا ٹھور نکالا۔

غرض دن چڑھے تک کبھی کچھ کبھی کچھ نقصان ہوتا رہا۔ منہ سے کوئی کچھ نہیں بولتا تھا لیکن ایک دوسرے پر دل ہی دل میں غصہ کھا رہا تھا اور ہر ایک اپنی جگہ اپنے آپ کو معصوم و مظلوم اور دوسرے کو ظالم اور گناہ گار سمجھتا تھا۔ آخر بڑھیا نے اپنی دانائی سے سب کے پھولے ہوئے منہ سیدھے کئے

روٹی باہر بھیج کر بڑھیا نے کہا۔ کہ لڑکیو آج نئی "بھڑ" بنیگی۔ چکی اسی طرح رہی تو صبح کے لیئے آٹے کا تو ٹھیک ہے لیکن بیلوں کا دانہ کل سے ختم ہے۔ لو مٹی بھگو کر ذرا بنا تو ڈالو "بھڑ"۔ آج اور کل کی دھوپ کھا کر ٹھیک ہو جائے گی کل شام کو جوڑ دیں گے!

(۵)

اگلے دن "بھڑ" تیار تھی۔ جڑنا باقی تھی۔ بہو باہر صحن میں اس کا گھیرا گیلے ہاتھوں سے ہموار کر رہی تھی۔ اندر ماں بیٹیاں پُرانی بھڑ کھیڑ رہی تھیں۔ پچھلا پاٹ جو اٹھاتی ہیں تو دیکھتی کیا ہیں کہ دیوار کے ساتھ چوہے کا بل ہے اور اس کے منہ کے پاس باہر پاٹ کے نیچے گرد و غبار میں بھری انٹی پڑی ہے۔ رشیدہ نے پاٹ دیوار سے لگا جھٹ انٹی اٹھالی اور بولی۔ آہا۔ انٹی۔ اماں۔ انٹی!!

ماں نے کہا۔ انٹی! دیکھو اس انٹی نے کیا کھونی کھوئی۔ اور ملی کہاں سے! رشیدہ میں نہ کہتی تھی بھاوج کو الزام نہ دے۔ جا اس سے کہہ دے۔ کہ انٹی مل گئی اور جا کر معافی مانگ! یا اللہ شکر تیرا۔

رشیدہ خوشی خوشی دوڑی باہر گئی۔ بھاوج "بھڑ" کے پائے دیکھ رہی تھی رشیدہ نے ہنستے ہوئے کہا۔ بھابی میری انٹی مل گئی چکی کے نیچے پڑی تھی کم بخت کوئی چوہا لے بھاگا۔ اب تو بھابی تم ناراض نہیں، لو ذرا ہنسو! تمہیں گڑ کھلاؤں گی! یہ کہہ کر رشیدہ نے بھاوج کی طرف دیکھا۔

بھاوج کی آنکھوں سے دو موٹے موٹے آنسو رخساروں پر ڈھلک گئے۔

وقار انبالوی

جامِ صہبائی

چمنِ بہجت یہ چمن پرداں کا نظارہ
ہر چیز نے نورِ سحر سے غرق ہے
ہر روئے نگار پر شفق کا غازہ
یا طور ہے یہ خرمنِ لالہ طور

نورِ شبنم میں جلوہ آرا ہے
گلہائے بہار میں ہویدا ہے
ہر شے میں جھلک رہا ہے نورِ ایزدی
دنیائے جہاں میں ہے نشیمِ صہبائی

اثرِ صہبائی

ایک آرزو

جب سحر کی ظلمتوں سے پردۂ شب چاک ہو
جب سیاہی سے بلند و پست عالم پاک ہو

جب طلوعِ صبحِ رنگیں ہمکنارِ نور ہو
جب فضا کی ہر خلا تنویر سے معمور ہو

جب حرم اور بتکدے میں جاگتی ہوں نیکیاں
جب ہو ذرّوں کی زباں بھی فطرتاً تسبیح خواں

ہر کلی بے چین ہو جب پھول بننے کے لئے
قطرۂ شبنم ہو مضطر جب پگھلنے کے لئے

جب ہوں مشرق سے ہویدا کچھ طلائی بجلیاں
جب چمک جانے پر آمادہ ہو خورشیدِ جہاں

کاش ایسے وقت میں تم آؤ بن کر جانِ دل
ہو تبسم سے تمہارے منجلی ایوانِ دل

کشمکش سے دو جہاں کی تنگ جب ہو جاؤں میں
اور جب راہِ محبت میں کہیں کھو جاؤں میں

جب نہ رہبر ہو کوئی میرا نہ کوئی رہنما
جب ہو میری روح میں پیدا غمِ بے انتہا

جب جنونِ عشق کر دے پرزے پرزے پیرہن
اور جب ہر ذرۂ صحرا ہو مجھ پر خندہ زن

جب ہلاکِ غربت و بے چارگی ہونے لگوں
جب میں اپنا حالِ ابتر دیکھ کر رونے لگوں

ضعفِ دل سے سانس تک لینا بھی جب دشوار ہو
جب طبیعت ہی مری خود زیست سے بیزار ہو

کاش اُس ساعت میں تم لاؤ پیامِ زندگی
صبح میں تبدیل ہو پھر میری شامِ زندگی

جب فزوں ہو جائیں دردِ عشق کی بے چینیاں
جب دلِ صد چاک ہو جائے مرا آتش بجاں

جب نفس کی آمد و شد ہو شکارِ بیکسی
جب میری ہستی ہو رہینِ اختیارِ بیکسی

جب مرا جینا نگاہِ دو جہاں میں ننگ ہو
جب فراز و پستِ عالم میرے دل پر تنگ ہو

جب غمِ ایام سے ہو جائے مشکل زندگی
جب نظر آنے لگے خود مجھ کو باطل زندگی

جب نہ کوئی دردمندِ دل نہ چارہ ساز ہو
جب میری روحِ پریشاں مائلِ پرواز ہو

کاش ایسے وقت میں ممکن تمہاری دید ہو
از سرِ نو زندگی کی مجھ کو پھر امید ہو

نذیر احمد ظفر

فنِ صحافت کا معیار

(آیندہ دس سال میں)

فنِ صحافت نے جو مقبولیت مغربی ممالک میں حاصل کی ہے۔ اور جو مدارج اس نے وہاں طے کئے ہیں۔ غالباً اس کا عشرِ عشیر بھی ہندوستانی صحافت کو نصیب نہیں ہوا۔ شاید اس کی وجہ انگریزی حکومت اور زبان انگریزی کی مقبولیت ہے۔ یا خود اردو کی اوائل عمری لیکن علوم اصطلاحیہ میں مشرق کی قدرتی پستی بھی اس کی ذمہ دار ہو سکتی ہے۔ کیونکہ جو معلومات عرصہ گزرا، ہم نے مغربی ممالک میں پڑھی تھیں۔ آج کل ہندوستان میں رائج ہو رہی ہیں۔ تاہم مغرب اور مشرق میں ایک بات مشترک ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ جس طرح لوگ اُن ممالک میں فنِ صحافت پر زوال آجانے کی شکایت کر رہے ہیں۔ اسی طرح باخبر حلقے ہمارے اخبارات اور رسائل کے معیار میں کمی محسوس کر رہے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے۔ کہ وہ لوگ اس کمی کو رفع کرنے کی تدابیر بھی سوچ رہے ہیں۔ اور ہم ابھی اس طرف متوجہ بھی نہیں ہوئے۔ یہ سچ ہے۔ کہ اخبارات اور رسائل کی تعداد میں اضافہ ہو چکا ہے۔ لیکن یہ بات عموماً تسلیم کی جائے گی۔ کہ انکا معیار زیادہ بلند نہیں رہا۔ اس لئے لازمی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ گذشتہ زمانے نے تو فنِ صحافت میں انحطاط کا زمانہ دیکھا۔ لیکن آئندہ وقت میں اس کا معیار کیا ہوگا۔ کیا اس تنزل کا احساس جلدی ہی ہو جائے گا۔ اور مختلف تجاویز عمل میں لائی جائیں گی۔ یا ابھی اردو صحافت میں اور خرابیاں پیدا ہوں گی؟ غالباً ناظرین مجھ سے اتفاق کریں گے کہ اردو صحافت کے پیشِ نظر ایک شاندار مستقبل ہے۔ اور یقیناً آئندہ دس سال میں ان تمام عیوب کا ازالہ ہو جائے گا۔

انگریزی اخبارات میں اس موضوع پر ہر روز متعدد مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ لوگ اخباروں کے موجودہ نظم و نسق کو پسندیدہ نظروں سے نہیں دیکھتے۔ اور اُن کا مطالبہ ہے۔ کہ جلدی ہی صحافت کے معیار کو بلند کرنے کی کوشش کی جائے۔ یہ احساس اب اس حد تک پہنچ چکا ہے۔ کہ لوگ یہ قیاس آرائیاں بھی کر رہے ہیں۔ کہ آج سے دس سال بعد انگلستان میں روزانہ اخباروں کا معیار کیا ہوگا۔ اور ان کا اجراء کس دستور العمل کے ماتحت ہوا کرے گا۔ اسی قسم کا ایک مقالہ اخبار سپکٹیٹر (SPECTATOR) میں مسٹر سینٹ جان ارون کی طرف سے شائع ہوا ہے غالباً دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ اگر اس کے چند اقتباسات اس جگہ نقل کئے جائیں۔

"مسٹر آر۔ ڈی۔ بلوم فیلڈ نے اپنی دلچسپ اور پُر از معلومات کتاب "میرے وقت کا پریس" میں اس بات کو وضاحت سے بیان کیا ہے۔ کہ آج کل اخبار کے نامہ نگار کی ذاتی خصوصیات بیس سال یا اس سے پہلے کے نامہ نگار کی خصوصیات سے ادنےٰ درجہ کی ہیں۔ وہ اس کی کئی وجوہ بتاتے ہیں۔ جن میں سے سب سے بڑی یہ ہے۔ کہ آج کل لوگ اپنی سرگرمیوں کے دائرے کو محدود کرتے جا رہے ہیں۔ مثلاً ایک اخبار کے نامہ نگار کو موٹر کے متعلق ہر قسم کی واقفیت ہونی چاہیے۔ خواہ اس کے علاوہ اسے کسی اور چیز کا علم ہو یا نہ ہو۔ تقریباً تیس چالیس سال پہلے کا نامہ نگار جو ہر نوع کے مضمون پر ایک اعلےٰ پایہ کا مقالہ لکھ سکتا تھا۔ آج کل معدوم ہوتا جا رہا ہے۔ نامہ نگاروں کے اس ذہنی زوال پر یہ اثر پڑا ہے۔ کہ قابل۔ اولوالعزم۔ اور تعلیم یافتہ نوجوان اُس پیشہ کی طرف بہت کم توجہ دے رہے ہیں۔ جو ان کی قابلیت اور لیاقت کے اظہار کا بہت کم موقع دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ معیار صحافت میں بھی زوال

آتا جارہا ہے۔ مسٹر بلوم فیلڈ کا بیان شاید ایک بوڑھے آدمی کی قنوطیت کا نتیجہ خیال کیا جائے۔ لیکن ان کے دوست مسٹر بلوم فیلڈ پر یہ الزام عاید نہ کریں گے کیونکہ اُن کی دیانتداری اور وسیع النظری مسلّم ہے۔ اور ان کی خوش مذاقی کے سب معترف ہیں۔ آج کا کثیر الاشاعت اخبار کل کے کثیر الاشاعت اخبار سے گرا ہوا ہے۔ ۱۹۳۳ء کے "ڈیلی میل" اور "ڈیلی ایکسپرس" سے ۱۹۳۴ء کے "ڈیلی میل" اور "ڈیلی ایکسپرس" کا مقابلہ ظاہر کرتا ہے۔ کہ ان کے علمی اور ادبی مواد میں ایک حیرت انگیز کمی واقع ہوگئی ہے۔ یہ کمی لوگوں کی ذہانت میں عام کمی کی وجہ سے ہے۔ جو ۱۹۱۴ء کے بعد ظہور میں آئی۔ اور جس کو آجکل ہر شخص ہر جگہ محسوس کر رہا ہے۔ نہ کہ لارڈ نارتھ کلف اور لارڈ رادھرمیر کی شخصیتوں میں فرق ہونے کی وجہ سے۔ اگر اول الذکر آج زندہ ہوتا تو وہ موجودہ "ڈیلی میل" سے ہر طرح مطمئن ہوتا۔ کیونکہ یہ بھی عوام کی ذہنیت کا پوری پوری طرح آئینہ دار ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ لارڈ نارتھ کلف کا اخبار اُن کے بھائی کے اخبار کے برعکس دماغی لحاظ سے اعلےٰ پایہ کے لوگوں میں پڑھا جاتا تھا۔

جنگِ عظیم کے دوران میں جب میں فرانس سے چھٹی پر تھا۔ اور انگلستان آیا ہوا تھا۔ تو میں مسٹر بلوم فیلڈ سے ملا اور اس سے شکایت کی کہ اس کے ایڈیٹوریل اب ناقص ہوتے جارہے ہیں۔ انہوں نے میری شکایت کا جواب دیا۔ پہلے ایک کالم کے دو مضمون شائع ہوا کرتے تھے۔ اب اپنی ہی جگہہ آٹھ مضمون شائع ہوا کرتے ہیں۔ لوگ تین سو سے زیادہ الفاظ کے مضمون پر غور نہیں کرسکتے۔ ہماری ملاقات کے بعد ہی میں نے دیکھا کہ ایڈیٹوریل طویل ہونے شروع ہوئے۔ اور آٹھ کی بجائے صرف چھ چھپنے لگے۔ اور آخر کار اُن کی تعداد فقط چار رہ گئی۔ آج کل ہر کثیر الاشاعت اخبار کا ادارہ موٹی موٹی سرخیوں۔ حوالوں۔ نقلوں اور تصاویر وغیرہ سے پُر ہوتا ہے۔ اور اس قدر مہیب دکھائی دیتا ہے۔ کہ سوائے چڑچڑے مزاج کے لوگوں کے اُسے کوئی نہیں پڑھ سکتا۔ اشاعت میں کمی کی وجہ شاید یہ ہے کہ اخبار کے ایڈیٹروں کو حالات پیش آتے رہے ہیں لوگ اس سے تنگ آچکے ہیں۔ ایک ہی ہفتہ میں دو ایڈیٹروں کا اپنے منصب سے عہدہ برآ ہو جانا ثابت کرتا ہے۔ کہ ہمارے پریس میں ایک زبردست انقلاب آنے والا ہے۔ مسٹر بلوم فیلڈ کہتے ہیں۔ کہ عوام متانتِ خیال میں بالغ ہوچکے ہیں۔ جبکہ اخبارات ابھی بچپن کا دَور ہی ختم کر رہے ہیں۔

"آئندہ دس سال میں صحافت کا معیار کیا ہوگا؟ مسٹر بلوم فیلڈ نے پیشین گوئی کی ہے۔ کہ آئندہ دس سال میں اخبار کی ایک زیادہ اہم اشاعت ہوا کرے گی۔ اور اس کا علمی اور ادبی معیار بلند ہوا کرے گا۔"

اور واقعی مسٹر بلوم فیلڈ کا قیافہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ اخبار موجودہ حالت سے زیادہ اچھا اور اس سے زیادہ بے وقعت اور کیا ہوسکتا ہے۔ بیہودہ خبروں کی اشاعت بہت حد تک کم ہو جائے گی۔ اور اگر ایسا مواد اخبار کو بہم پہنچایا گیا۔ تو اسے اتنی اہمیت نہ دی جائے گی۔ اخبار کی تیاری میں زیادہ وقت صرف ہوگا۔ اور اسے محض چھاپ دینے کی کوشش نہ کی جائے گی۔ آج کل اخبار کا بہت سا حصہ موٹی موٹی سرخیوں میں ضائع کر دیا جاتا ہے۔ اور لطف یہ ہے۔ کہ اکثر ایسی سرخیاں بے معنی اور گمراہ کُن ہوتی ہیں۔ لیکن آئندہ دس سال میں ایسا نہ ہوگا۔ کسی سنجیدہ بحث میں دلائل کے درمیان مزاقیہ فقرے استعمال کرنے کی فضول کوشش کم ہو جائے گی۔ اخبار کے ادارہ میں تصاویر حوالے نقلیں اور موٹی موٹی سرخیاں بالکل ایسی معلوم ہوتی ہیں۔ جیسے ایک گستاخ لڑکا ایک سنجیدہ گفتگو میں بیہودہ مداخلت کر رہا ہو۔ لفظ "سنجیدہ" اپنے صحیح معنی حاصل کر لے گا۔ اور آج کل کے رواج کے مطابق اس کا مطلب پھُس پھُسی اور بے معنی خبریں نہ ہوا کریں گی۔ خبریں سوچ بچار کے بعد لکھی اور ڈھونڈ کر انتخاب کی جائیں گی۔ نیز آج کل کی دیوالہ نکالنے والی تجاویز جن سے خریداروں میں مفت تحائف تقسیم کئے جاتے ہیں۔ بند ہو جائیں گی۔ اور وہی روپیہ جو مستقل خریداروں میں سگرٹ کیس۔ کپڑوں کے پریس۔ اور ایچ۔ جی۔ ویلز کے ناول تقسیم کرنے میں صرف ہوتا ہے۔ اخبار کو زیادہ دلچسپ بنانے میں خرچ ہوگا۔ مستند مضامین کو چٹکلوں پر ترجیح دی جائے گی۔ ایڈیٹر کی ہمیشہ یہی کوشش ہوگی کہ وہ خریداروں کو اتنی ہی قیمت میں زیادہ سے زیادہ مواد بہم پہنچائے۔ "آبزرور" اور "سنڈے ٹائمز" کی کثیر اشاعت اس بات کی شاہد ہے۔ کہ لوگ قابل مطالعہ مستند چیزوں کے اب بھی خواہاں ہیں۔ تمام قومی اخباروں کا بیشتر حصّہ صرف دس منٹ میں ختم کیا جاسکتا ہے۔

"لیکن سب سے بڑی تبدیلی جو واقع ہوگی۔ وہ یہ ہے۔ کہ اخبارات مختلف فریقوں کی حمایت کرنے اور آپس میں لڑنے جھگڑنے کی بجائے ملکی مفاد کو ترجیح دیا کریں گے۔ اس کا مطلب یہ نہیں۔ کہ وہ اپنے دستور العمل کو بھی بدل دیں گے۔ بلکہ اپنے مخالفین کو بالکل نظر انداز

* دو مشہور انگریزی اخبار ہیں۔

کردینا اور ان کے وجود سے ہی انکار کرنا ان کا کام نہ ہوگا۔ میں اس وقت کا انتظار کر رہا ہوں۔ جب جان بوجھ کر غلط خبریں چھاپنے اور سیاسی لیڈروں کے بیانات کو غلط پیرائے میں چھاپنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ چلّا چلّا کر غلط خبریں سنانے والا اخبار فروش بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔ اور اس کی سزا قید ہوگی۔ میں کوئی وجہ نہیں دیکھتا کہ محض ذاتی عناد کی وجہ سے اپنے سیاسی مخالفین کے اعلانات غلط پیرائے میں چھاپنے والا کیوں نہ سخت سے سخت سزا کا مستوجب ہو۔ لاسلکی اخبار والوں کے لئے سخت مشکلات حائل کر رہی ہے۔ کیونکہ مسٹر بالڈون کی تقریر کے متعلق مجھے دھوکا دینا آسان نہیں جبکہ میں خود اس تقریر کو بذریعہ لاسلکی سُن چکا ہوں۔ لاسلکی لوگوں کے دلوں پر گہرا اثر کر رہی ہے۔ یہ ایک ایسا اثر ہے۔ جسے مسٹر بلوم فیلڈ مستحسن نظروں سے دیکھتے ہیں۔ اور جس کے وہ منتظر ہیں۔ لیکن اس سے اخبارات کے بیشتر ایڈیٹر ڈرتے ہیں۔ اور سخت نفرت کرتے ہیں۔ یہ غلط ہے۔ کہ لاسلکی کو وسعت دینے سے اخبارات کی ہر دلعزیزی کو نقصان پہنچے گا بلکہ ان کی بہتری کے لئے اور ان کے معیار کو بلند کرنے کے لئے میرے خیال میں اس سے زیادہ مفید اور کوئی چیز نہ ہوگی۔ اس میں شک نہیں کہ لوگوں کو تفریح کے لئے زیادہ وقت مل جانے کا اثر اخبارات پر بھی ضرور پڑے گا۔ کیونکہ ہر شخص جانتا ہے۔ کہ زندگی کے میکانیکی پہلو اس قدر ترقی کر گئے ہیں۔ کہ آئندہ ہمارے کام اس سے چوتھائی وقت میں ہو جایا کریں گے۔ ایک ملک یا قوم جس کو اتنی فرصت ہے۔ کہ وہ اس چیز پر جس کا وہ مطالعہ کرتی ہے۔ غور کر سکے۔ تو ضروری ہے۔ کہ وہ اس بات کا مطالبہ کرے کہ اس کو پڑھنے کے لئے بہتر چیزیں دی جائیں۔ ہفتہ وار تنقیدیں زیادہ اور طویل ہو جائیں گی۔ جن کی قیمت کم ہوا کرے گی۔ اور تعداد اشاعت بھی ادارہ کے خواب و خیال سے بہت زیادہ بڑھ جائے گی۔ مجھے حیرت نہ ہوگی۔ اگر دس سال کے بعد "سپکٹیٹر" کی قیمت دو آنے اور اس کی ہفتہ وار اشاعت ایک لاکھ تک پہنچ جائے۔ ہزارہا مزدور پیشہ لوگ اس کو اس کی قیمت کی زیادتی کی وجہ سے نہیں خریدتے۔ ہاں اگر اس کی قیمت کم ہو جائے تو بہت سے اس کو خریدنے کے لئے تیار ہو جائیں۔ مزدور پیشہ لوگ اخبار کو اس واسطے بھی نہیں خریدتے کہ باقی اخباروں کی طرح اس میں بھی ایسی کتابوں کے ریویو شائع ہوتے ہیں۔ جو صرف ایک مخصوص علمی طبقے کی دلچسپی کا باعث ہو سکتی ہیں۔ چالیس صفحے کا ایک تنقیدی رسالہ جس کی قیمت دو آنے ہے۔ اور جس میں اعلےٰ درجہ کے کارٹون۔ گاہے بگاہے تصاویر اور دیگر مضامین اُن مصنفین کے شائع ہوتے ہیں۔ جن کو اپنی آرا پر اعتماد ہے۔ اور جو ان آرا پر مذاق کئے جانے سے نہیں گھبراتے۔ ضرور کامیاب ہوگا۔ تم میں سے ہر شخص ایک پرچہ کا خواہاں ہے۔ جو ہمیں صبح شائع ہونے والے روزناموں کی خبروں کی پڑتال کرنے میں مدد دے۔ اور یہی ایک ہفتہ وار اخبار کا منشا اور مقصد ہوتا ہے۔ لیکن اس کی کم اشاعت اور مقابلۃً زیادہ قیمت اسے اپنے مقصد میں ناکامیاب رکھتی ہے۔ بے کار آدمیوں کو لائبریریوں میں "سپکٹیٹر" پڑھتا دیکھ کر ہر شخص کو میرے دعوے کی سچائی معلوم ہو جائے گی۔ اور اس پر یہ ظاہر ہو جائے گا۔ کہ میری پیشین گوئی بالکل درست ہے۔ مجھے کامل یقین ہے۔ کہ ۱۹۳۵ء کا اخبار ۱۹۳۴ء کے اخبار سے بدرجہا بہتر ہوگا۔ اگرچہ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ ۱۹۱۳ء کے اخبار سے بھی بہتر ہوگا یا نہیں۔"

مقبول الٰہی

رباعی

جذبات کو بے پناہ کیوں کرتا ہے
ہستی اپنی تباہ کیوں کرتا ہے
کیا جانے گناہ تو، جو ناواقف ہے
واقف ہے تو پھر گناہ کیوں کرتا ہے

منظر صدیقی اکبرآبادی

اتفاقات

آہ، اس ساعتِ دزدیدہ و نایاب میں بھی،
جسم ہے خواب سے لذت کشِ خمیازہ ترا!
تیرے مژگاں کے تلے نیند کی شبنم کا نزول
جس سے مٹ جانے کو ہے غازہ ترا!
زندگی تیرے لیئے رس بھرے خوابوں کا ہجوم
زندگی میرے لیئے کاوشِ بیداری ہے!
اتفاقات کو دیکھ،
اس زمستاں کی حسیں رات کو دیکھ!
ناامیدی سی تری روح پہ کیوں طاری ہے؟
چھوڑ دے وہم کے جال،
بھول جا اپنے شبستانوں کو جانے کا خیال
آتنائے صرفہ نہیں تیرا جمال!
اس زمستاں کی جنوں خیز حسیں رات کو دیکھ
آہ، اس ساعتِ دزدیدہ و نایاب میں بھی،
تشنگی روح کی آسودہ نہ ہو!
جسم ہے تیرا جوانی میں کہ نیسانِ بہار
رنگ و نکہت کا فشار!
پھول ہیں، گھاس ہے، اشجار ہیں، دیواریں ہیں،
اور کچھ سائے کہ ہیں مختصر و تیرہ و تار،
تجھ کو کیا اس سے غرض ہے کہ خدا ہے کہ نہیں!
ایسے موہوم خیالات سے آلودہ نہ ہو!
دیکھ پتوں میں لرزتی ہوئی کرنوں کا نفوذ،
سرسراتی ہوئی بڑھتی ہے رگوں میں جیسے
اولیں بادہ گساری میں نئی تند شراب،
دفعتاً جس سے لرز اٹھتے ہیں جذبات کے تار!
تجھ کو کیا اس سے غرض ہے کہ خدا ہے کہ نہیں!
کہکشاں میری تمناؤں کا ہے راہ گذار
کاش اس راہ پہ مل کر کبھی پرواز کریں!
آسماں دور ہے لیکن یہ زمیں ہے نزدیک،
آ اسی خاک کو ہم جلوہ گہِ راز کریں!
روحیں مل سکتی نہیں ہیں تو یہ لب ہی مل جائیں،
آ اسی لذتِ جاوید کو آغاز کریں!
صبح جب باغ میں رس لینے کو زنبور آئے،
اس کے بوسوں سے ہوں مدہوش گلاب،
شبنمی گھاس پہ دو پیکرِ یخ بستہ ملیں،
اور خدا ہے، تو پشیماں ہو جائے!

ن۔م۔ راشد

دربار مسرو

فریبِ دولت

قروسس ، شاہِ لیڈیا | ایسپ
خسرو ، شاہِ فارس | سولن } فلسفی

القمانہ ، قروسس کا سپہ سالار

[قروسس، شاہ لیڈیا کا دربار، بادشاہ کی تاج پوشی کی دسویں سالگرہ کا جشن]

قروسس، حضرات! آپ کو اس لئے دعوت دی گئی ہے۔ کہ آپ ہماری تخت نشینی کی دسویں سالگرہ میں شریک ہو کر ہماری مسرت میں اضافہ کریں اور اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کہ دیوتاؤں نے ہماری رعایا پروری اور عدل گستری سے خوش ہو کر کس طرح ہم پر اپنے احسانات کی بارش کی ہے۔ اور خزانوں کے مُنہ ہمارے لئے کھول دیئے ہیں۔ دس سال یوں تو آنکھ جھپکنے میں گزر جاتے ہیں۔ لیکن اس قلیل عرصہ میں دیوتاؤں نے ہم سے کیا کیا عظیم الشان کام لئے ہیں۔ جب سلطنت کی ذمہ داریوں کا بار ہم پر پڑا تو اس وقت ملک خستہ حال تھا۔ فوج میں ابتری پھیلی ہوئی تھی۔ تجارت سرد تھی۔ رعایا کا جان و مال محفوظ نہ تھا۔ علما اور اہلِ ہنر مارے مارے پھرتے تھے۔ زندگی لوگوں کے لئے ایک وبال تھی۔ مگر اب ہم نے ایک ایسا لشکر جرار فراہم کر لیا ہے۔ کہ کوئی بادشاہ اِدھر آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا۔ ملک میں امن و امان ہے۔ کوئی شریر دم نہیں مار سکتا۔ تجارت ترقی پر ہے۔ مصر سے چاندی کے جہاز لدے آتے ہیں۔ تو شام سے مشک اور عنبر کی پیٹیاں آ آ کر ہمارے ملک کو مہکاتی ہیں۔ بابل سے سنگِ مرمر آتا ہے۔ تو فلسطین سے معمارِ زمین جگہ جگہ ہمارے لئے خزانے اُگل رہی ہے۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے۔ کہ اس بات میں سرِ مُو بھی مبالغہ ہے؟

حاضرین۔ بے شک بادشاہ کا فرمانا بجا ہے۔ درست ہے۔ حقیقت ہے! اس میں مبالغے کا شائبہ تک نہیں۔

قروسس۔ ہمیں اپنے دانا مشیروں اور اپنی وفادار فوج پر فخر ہے۔ ہم ان میں سے ہر ایک کی خدمات کی قدر کرتے ہیں۔ اور ہر ایک کو اس کی حیثیت کے مطابق انعام و اکرام سے بہرہ اندوز کریں گے۔ بالخصوص القمانہ کی بہادری کی ہم بہت تعریف کرتے ہیں۔ جس نے لٹیروں کی گوشمالی میں نمایاں حصّہ لیا ہے۔ اور ان کے لئے جان کی کبھی پروا نہیں کی۔ القمانہ کو شاہی خزانے میں داخل ہونے دیا جائے۔ اور اُسے اجازت ہے۔ کہ جتنا سونا سمیٹ سکے۔ اپنے ساتھ لے جائے۔

[القمانہ خزانے میں داخل ہو کر اپنی جیبیں۔ اپنے کپڑے۔ اپنے بوٹ اور اپنا منہ سونے سے بھر لیتا ہے۔ اور سر پر بھی سونے کے ذرّات بکھیر لیتا ہے۔ یہ بھیس بنا کر وہ قروسس کے سامنے حاضر ہوتا ہے]

قروسس۔ آخاہ! یہ سونے کا پرندہ کہاں سے آ گیا! لیکن ابھی کچھ کسر رہ گئی ہے۔ اس سنہری عقاب کی چونچ تو کوّے جیسی ہے۔ اس کے چہرے پر بھی سونے کا چُورا بکھیر دو تاکہ کسی کو شک نہ ہو۔

[اس کے حکم کی تعمیل کی جاتی ہے]

قروسس۔ ہم آدھی دنیا سے خراج لیتے ہیں۔ لیکن علم وہ طاقت ہے کہ ہمیں بھی اس کے سامنے جھکنا پڑتا ہے۔ ہماری تمام سلطنت کا خراج ایک طرف اور ایسپ سا عالم ایک طرف۔

ایسپ۔ شہنشاہ کی یہ ذرّہ نوازی ہے۔

قروسس۔ ایسپ۔ ہم تمہیں اپنے تاج کا رخشندہ ترین گوہر سمجھتے ہیں۔

ایسپ۔ حضور ناچیز کی قدر افزائی کرتے ہیں۔ میری خوش قسمتی ہے کہ شہنشاہ

عالم پناہ ایک غلام کو ایسے ناموں سے یاد فرماتے ہیں۔

قروسس۔ علم بہترین متاع ہے۔ اور عالم کا دماغ بہترین کانِ جواہر ہے۔

ایسپ۔ بادشاہ کی ذات کیمیا ہے۔ اور بادشاہ کی نظر ذرّے کو لعل اور قطرے کو گوہر بنا سکتی ہے۔ لعل اگر بادشاہ کی نگاہوں سے دُور ہے تو ایک بے حقیقت پتھر ہے۔ اور عالم اگر بادشاہ کی عنایات سے محروم ہے۔ تو ایک بے فیض چشمہ ہے۔ بادشاہ کا وجود دنیا میں ایسا ہے۔ جیسے آنکھ میں نور، جیسے جسم میں جان، جیسے انگشتری میں نگینہ۔ جیسے انسان میں عقل، جیسے مندر میں دیوتا۔

قروسس۔ آفرین، صد آفرین، ایسپ، تیری جتنی شہرت سنی تھی تجھے اس سے بڑھ کر پایا۔ (اپنی قبا اتار کر ایسپ کو پہناتا ہے۔ اور اُسے تخت کے ساتھ ہی جگہ دیتا ہے۔)

ایسپ۔ بادشاہ کا اقبال رہتی دنیا تک قائم رہے۔

قروسس۔ کیا سولن فلسفی بھی یہاں موجود ہے۔ (سولن حاضر ہوتا ہے) سولن! تم نے موت وحیات کے کئی عقدے سلجھائے ہیں، تمہاری تمام عمر زندگی کے نکتوں کی گرہ کشائی کے لئے وقف ہے۔ کیا تم نے کبھی یہ خیال کیا ہے۔ کہ دنیا میں سب سے خوش قسمت شخص کون ہے؟

سولن۔ یہ تو آسان بات ہے۔ میں نے ٹیلس جیسا خوش قسمت شخص کوئی نہیں دیکھا۔

قروسس۔ ٹیلس؟ ٹیلس کون؟ ہم نے تو کبھی اس شخص کا نام تک نہیں سنا۔

سولن۔ حضور نے اس کا نام سنا ہو یا نہ سنا ہو، اس سے اُس کی خوش قسمتی میں کوئی فرق نہیں آتا۔

قروسس۔ ایک گمنام شخص دنیا کا سب سے خوش قسمت انسان کیونکر ہو سکتا ہے۔

سولن۔ شہرت خوش قسمتی کی کوئی دلیل نہیں، میں ٹیلس کو اس لئے دنیا کا سب سے خوش نصیب انسان تصور کرتا ہوں کہ اُس نے حلال کی روزی کما کر زندگی بسر کی۔ اور اپنی زندگی وطن کے ناموس پر نثار کر دی۔

قروسس۔ ٹیلس کو چھوڑو، کسی اور شخص کی بات کرو۔

سولن۔ میں نے دو اور خوش نصیب نوجوان دیکھے ہیں۔ کلوبی اور بطنی۔

قروسس۔ تم نے کس بنا پر یہ رائے قائم کی ہے؟

سولن۔ میں کلوبی اور بطنی کو اس لئے خوش قسمت سمجھتا ہوں۔ کہ انہوں نے اپنی ماں کی خدمت میں کوئی کوتاہی نہ کی۔ اُن کی ماں ایک بیل گاڑی میں جا رہی تھی۔ دشمن تعاقب میں لگے ہوئے تھے۔ لیکن بیل تھک کر رہ گئے، فرض شناس بیٹوں نے یہ گوارا نہ کیا کہ اُن کی ماں پیادہ چلے۔ اس لئے وہ خود گاڑی میں جُت گئے۔ اور اُسے منزل پر پہنچا آئے۔ منزل پر پہنچ کر دونوں نے دم توڑ دیا۔ اور اس طرح ہمیشہ کے لئے سرخرو ہو گئے۔

قروسس۔ اگر تم مُردوں ہی کو خوش قسمت سمجھتے ہو۔ تو زندوں کا تو کوئی ٹھکانہ نہ ہوا۔ یہ تو سوچو کہ زندگی بھی آخر ایک نعمت ہے۔ زندوں میں بھی تو کوئی خوش قسمت ہو گا۔ مجھے ہی دیکھو، مجھے کون خوش قسمت نہ کہے گا۔

سولن۔ جہاں پناہ! اس مسئلہ میں عقل بیکار ہے۔ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں یہ کسی سے وفا نہیں کرتی۔ دنیا نہ کسی کی ہو کر رہی ہے۔ نہ رہے گی۔ دولت ڈھلتی چھاؤں ہے۔ صبح یہاں ہے شام وہاں۔ قسمت کا بھی یہی حال ہے۔ آج کسی کو تخت پر بٹھاتی ہے۔ تو کل اُس کو تختۂ دار پر چڑھاتی ہے۔ جب تک کوئی شخص زندہ ہے۔ ہم اُسے خوش قسمت نہیں کہہ سکتے۔ اس کا فیصلہ موت ہی کرتی ہے۔ کہ اس کی زندگی کامیاب تھی یا ناکام۔ میں اُس کو خوش قسمت سمجھتا ہوں جس کا انجام اچھا ہو۔ انجام سے پہلے کوئی خوش قسمت نہیں۔

قروسس۔ ہمیں تم ایسے عالم سے یہ امید نہ تھی ؎

ہم کو یہ راگ سناؤ گے یہ معلوم نہ تھا
شہد میں زہر ملاؤ گے یہ معلوم نہ تھا
خوب موقع تھا دلوں کو یہ دکھانے کے لئے
تم یہاں آئے تھے کیا وعظ سنانے کے لئے

سولن۔ میں نے صرف آپ کے سوالوں کا جواب دیا ہے۔ اور آپ کو حقیقت سے آگاہ کرنے کی کوشش کی ہے۔

ایسپ۔ سولن، یاد رکھو، بادشاہوں سے تمہاری گفتگو یا تو مختصر ہونی چاہیئے یا پُر لطف۔

سولن۔ پُر لطف! ایسپ، تمہاری منطق کدھر گئی، فلسفی ہو کر لفظوں کا صحیح استعمال نہیں کرتے؟ پُر لطف! فلسفی بھی کیا کوئی بھانڈ ہے

مسخرا ہے۔ یا نقال ہے۔ جو پُر لطف باتوں سے جی پر جائے۔ یہ کہو گفتگو! مختصر ہونی چاہیئے یا پُر مغز۔ سمجھے فلسفہ مآب ایسپ صاحب

ایسپ۔ سولن! مصلحت وقت دیکھ کر بات کرو۔

سولن۔ تم وقت کو دیکھو، میں عاقبت پر نظر رکھوں گا۔

قروسس۔ ہم نے اس لفظی جنگ سے بہت حظ اٹھایا ہے۔ اب بہتر ہے کہ اسے ختم کر دیا جائے۔

منظرِ دوم

قروسس کا دربار

قروسس۔ (شاہ ہمدان کا خط پڑھتا ہے۔) "ہمیں بہت افسوس ہے۔ کہ حالاتِ مملکت نے ہمیں اتنی مہلت نہ دی کہ ہم شاہ والا تبار قروسس کی تقریب سالگرہ میں شریک ہو کر لطف اندوز ہوتے۔ ہم بعض سرکشوں کی گوشمالی کرنے میں بہت مصروف ہیں۔ ورنہ ہم خود شاہ عالی قدر قروسس کے جشن میں ہونے کی آرزو پوری کرتے۔ ملکۂ ہمدان کو بھی افسوس ہے کہ وہ اپنے برادرِ ذوالاقتدار کی مسرت میں اضافہ نہیں کر سکیں۔"

آخر یہ "حالاتِ مملکت" ہیں کون سے جنہوں نے ہمدان شاہ کو اپنے ملک میں رہنے پر مجبور کر دیا ہے؟ سنا ہے کہ ہمدان سے کچھ مسافر آج ہی یہاں وارد ہوئے ہیں۔ سپہ سالار القمانہ کو ہمدان کے حالات سے پوری پوری واقفیت حاصل کرنی چاہیئے۔ (سپہ سالار مسافروں سے حالات دریافت کر کے عریضہ پیش کرتا ہے۔)

قروسس۔ القمانہ لکھتا ہے۔ "مسافروں کے بیانات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب وہ ہمدان میں تھے تو خسرو امیر فارس نے جنوبی ایران میں بغاوت کا علم بلند کیا۔ اور پے در پے شاہی فوجوں کو شکستیں دیں۔ شاہِ ہمدان بہ نفسِ نفیس اس کے مقابلے کے لئے صف آرا ہوئے لیکن اس پر غلبہ نہ پا سکے۔ آخر کار جی ہار کر میدان خالی کر گئے۔ جب مسافر ہمدان سے روانہ ہوئے۔ تو شہر کو باغیوں نے گھیرا ہوا تھا۔"

(خسرو شاہِ فارس کا ایلچی داخل ہو کر خسرو کا نامہ پیش کرتا ہے۔)

قروسس (خط پڑھتا ہے۔) "خسرو شاہِ ایران"۔ شاہِ ایران! حقیقت ہے۔ یا میں کوئی خواب دیکھ رہا ہوں۔ (آنکھیں مل کر) "خسرو" شاہِ ایران بنام قروسس، شاہ لیڈیا ہرگاہ کہ اعلیحضرت کیخسرو شاہِ ایران استیا جو شاہِ معزول کی جگہ تخت نشین ہوئے ہیں۔ آنجناب سے یہ امید ہے کہ دولتِ ایران اور شاہِ لیڈیا میں وہی تعلقات از سرِ نو قائم ہوں گے۔ جو شاہ معزول کے عہد میں تھے۔"

اس کا مطلب یہ ہوا کہ فارس کا ادنیٰ سردار لیڈیا کے شہنشاہ سے یہ کہتا ہے۔ کہ مجھے اپنے برابر سمجھو اور مجھ سے برابری کا سلوک کرو۔ کہتے ہیں مینڈکی کو زکام ہونا۔ باغی خسرو سے کہ دو کہ جب تک سورج مغرب سے نہ چڑھے۔ اور سمندر خشک نہ ہو جائیں۔ شاہِ لیڈیا تجھ جیسے نیچ۔ کمینے اور محسن کش سے خطاب کرنا بھی خلافِ شان سمجھتا ہے۔ خسرو اچھی طرح جان لے۔ کہ گیدڑ کی موت آتی ہے۔ تو وہ شہر کا رُخ کرتا ہے۔ اور فارس کے رذیل رجواڑے کی شامت آتی ہے۔ تو وہ شاہِ لیڈیا کے مُنہ آتا ہے۔

منظرِ سوم

قروسس۔ تم شہزادے کی فوج کے ہمراہ تھے، کیا خوشخبری لائے ہو۔

القمانہ۔ حضور . . . . . .

قروسس۔ القمانہ۔ کیا خیر تو ہے۔ تو اتنا گھبرایا ہوا کیوں نظر آتا ہے۔

القمانہ۔ حضور کیا عرض کروں . . . . . .

قروسس۔ کیا ہمارے شہسواروں نے ابھی ایران کے سرحدی قلعوں کو فتح نہیں کیا؟

القمانہ (سر ہلاتا ہے۔)

قروسس۔ کیا وہ ابھی بدبخت خسرو کے حملے کا انتظار کر رہے ہیں۔

القمانہ۔ حضور جان بخشی ہو تو عرض کروں۔

قروسس۔ جو بات ہے۔ بے خوف ہو کر کہو، لیکن ہمیں اور بیتاب نہ کرو، بتاؤ، جلد بتاؤ۔ شہزادے کو شکست تو نہیں ہوئی۔

القمانہ۔ عالم پناہ۔ ایسا ہی ہوا ہے۔

قروسس۔ یہ کس طرح ممکن ہے۔ کہ ایک بے سروسامان لٹیرے نے ہماری مسلح فوجوں کو زک دی ہو۔

القمانہ۔ جہاں پناہ! ایسا ہی ہوا ہے۔ خسرو ہمارے شہسواروں کے سامنے ٹھیر نہ سکتا تھا۔ لیکن اس نے ان کے مقابلے کے لئے شتربان آگے کر دیئے، ہمارے گھوڑے اونٹوں کو دیکھ کر سہم گئے۔ اور پیچھے کو بھاگنے لگے۔ شہسواروں نے ہزار کوشش کی کہ میدان میں جمے

رہیں۔ لیکن گھوڑے بے قابو ہوگئے، دشمن نے اس پریشانی سے فائدہ اٹھا کر ہمارے خیموں کو لوٹ لیا۔ اور ہمارے اِکّے دُکّے نوجوانوں کو پکڑ کر قتل کر دیا۔ اگر گھوڑے نہ بھاگتے۔ تو ضرور ہماری فتح ہوتی۔

قروسس۔ شہزادہ کہاں ہے؟

القمانہ۔ جہاں آپ اُسے کبھی نہ دیکھ سکیں گے۔ کاش آپ یہ سوال مجھ سے نہ پوچھتے!

قروسس۔ غضب ہوگیا! میری تمام عمر کی دولت لٹ گئی میرا اکلوتا بیٹا یوں ہاتھ سے چلا گیا۔ آہ! بیٹا! تم بوڑھے باپ کو اکیلا چھوڑ کر کہاں چلے گئے۔ مرنا مجھے تھا۔ تم نے کیوں پہل کی۔ ہائے میرے لئے موت کیوں نہیں آتی؟

القمانہ۔ خدا شہنشاہِ عالم پناہ کو سلامت رکھے! جہاں پناہ! ضبط سے کام لیجئے، اور شہزادہ عالی تبار کا انتقام لینے کی کوئی تدبیر کیجئے، جان نثار اس وقت تک دم نہ لیں گے۔ جب تک خسرو کا سر حضور کے قدموں پر نہ ڈال دیں گے۔ لیکن اب تو ضبط کیجئے۔

قروسس۔ ضبط! ایسا صدمہ اور ضبط!! . . . . . .
اس کی تصویر آنکھوں کے سامنے آ آ کر مجھے رلاتی ہے۔ آہ! جوانِ مرگ! وہ دن شباب کی بہاریں تو دیکھتے۔

القمانہ۔ جہاں پناہ! خسرو کی روک تھام کی کوئی تدبیر کیجئے۔ قلعہ کی دیواریں شکستہ حالت میں ہیں۔ ان کی مرمت کا حکم دیجئے۔ تمام ملک میں بھرتی کا اعلان فرما دیجئے تاکہ حملہ آوروں کی مدافعت ہو سکے۔

قروسس۔ قلعہ کی مرمت دیکھی جائے گی۔ فوج بھی اپنے وقت پر فراہم کر لی جائے گی۔ اب سردی کا موسم آگیا ہے۔ عنقریب برف باری بھی شروع ہو جائے گی۔ طارس کا پہاڑ میرا قلعہ ہے۔ اور برف و باراں میری فوج۔ خسرو اس قلعے کو کیسے سر کرے گا۔ اس فوج کو کیسے شکست دے گا؟ سردی گزرنے تک یونان سے کمک آ جائے گی۔ اور ہم خود فوج کی کمان اپنے ہاتھ میں لیں گے!

القمانہ۔ لیکن جاں نثار اتنی دیر تک کیونکر صبر کریں گے۔ وہ شہزادے کے انتقام کے لئے مضطرب ہیں۔ اس حادثہ سے مملکت کو جو صدمہ ہوا ہے۔ اس کی تلافی کیسے ہوگی؟

قروسس۔ اس کا بار بار ذکر کر کے مجھے نہ رلاؤ۔ میرے زخموں پر نمک پاشی نہ کرو۔ آہ! میرا دل بیٹھا جاتا ہے۔ میں نے تمام عمر شراب نہیں پی لیکن اب اس کی ضرورت محسوس کر رہا ہوں۔ ایک دو گھونٹ شراب!

[شراب لائی جاتی ہے۔]

القمانہ۔ عالم پناہ! دشمن نے کوہ طارس کو عبور کر لیا ہے۔ نواح کی رعایا بھاگ کر یہاں پناہ گزیں ہوئی ہے۔ فرمایئے اب ان کے انتظام کی کیا صورت ہوگی۔ دشمن کا مقابلہ کیونکر ہوگا؟

قروسس۔ [شراب پیتا ہے۔]

القمانہ۔ فوج آس پاس کے شہروں میں بکھری پڑی ہے۔ یا تو اسے یہاں جمع ہونے کے احکام جاری فرمایئے۔ یا شہر کو خالی کرنے کی اجازت دیجئے۔

قروسس۔ [شراب پیتا ہے۔]

القمانہ۔ اگر تمام رسد اسی ہفتے کے اندر اندر قلعے میں جمع کر دی جائے۔ تو ایک سال تک دشمن کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ ورنہ ———

قروسس۔ [شراب پیتا ہے۔ اور گاتا ہے۔]

سلطنت ہاتھوں سے جاتی ہے تو جائے
اب مے و نغمہ سے مجھ کو کام ہے
غم غلط کرنے کا ہے اچھا طریق
ورثۂ جم بادۂ گل فام ہے

منظر چہارم

[خسرو قروسس کے قلعہ میں داخل ہوتا ہے۔]

القمانہ۔ میں اکیلا خسرو سے لڑوں گا۔ یا یہ تلوار خسرو کی گردن اڑا دے گی یا یہ سر مرے آقا پر نثار ہو جائے گا۔

[خسرو قروسس کے محل میں داخل ہو کر اُسے گرفتار کر لیتا ہے۔ اور اس کی مشکیں کسوا کر اُسے جلائے جانے کا حکم دیتا ہے۔]

قروسس۔ (چتا پر بندھا ہوا) آہ! سولن! سولن! سولن!

خسرو۔ اسے چتا پر سے اتار دو۔ ہم قیدی سے کچھ پوچھنا چاہتے ہیں۔

(قروسس چتا سے اتارا جاتا ہے) کیا سولن تمہارے کسی دیوتا کا نام ہے؟

قروسس۔ ہاں! اب مجھے معلوم ہوا ہے۔ کہ سولن ایک دیوتا تھا۔ جو

انسان کا بھیس بنا کر آیا اور میں نے اس کی قدر نہ کی۔

خسرو۔ وہ کیوں۔

فردوس۔ فردوس ہمیشہ بے یار و مددگار نہ تھا۔ اس کی بھی سلطنت تھی۔ سپاہ تھی۔ جاہ و حشم تھا۔ دولت تھی۔ دنیا اس کی فوج کا شمار نہ کر سکتی تھی۔ اس کی دولت صحرا کے ذروں سے زیادہ اور آسمان کے ستاروں کی طرح بے اندازہ تھی۔ قسمت اُس کی ہمرکاب تھی۔ اقبال اس کے قدم چومتا تھا۔ طول و عرض عالم میں اس کی تعریف کے راگ گائے جاتے تھے۔ تمام دنیا اس کی شہرت پر رشک کرتی تھی۔ اُسے خوش قسمت فردوس کہا کرتی تھی۔ لیکن ایک شخص تھا جسے اس کی دولت مرعوب نہ کر سکی۔ جس کی آنکھیں اس کی دولت سے خیرہ نہ ہوئیں۔ اور وہ شخص تھا سولن! وہی تھا جس نے مجھے خوش قسمت نہ کہا۔ اور اس بات پر مُصر رہا کہ قسمت کا فیصلہ موت کے ہاتھ میں ہے۔ آج اس کی بات حرف بحرف سچ ثابت ہوئی ہے۔

خسرو۔ فردوس۔ مجھے تجھ سے جو حکمت کا درس ملا ہے۔ میں اس کے صلہ میں تیری جاں بخشی کا حکم دیتا ہوں۔ اب تو ہمیشہ میرے ساتھ رہے گا۔ اور میں تیرے مشوروں پر عمل کرتا رہوں گا۔

القمانہ۔ زندہ باد سولن! جس نے ایک بادشاہ کی جان بچائی۔ اور دوسرے کو ہدایت دی۔

کلیم

رُباعی

ہر چیز کا کھونا بھی بڑی دولت ہے
بے فکری سے سونا بھی بڑی دولت ہے
افلاس نے سخت موت آساں کر دی
دولت کا نہ ہونا بھی بڑی دولت ہے

امجد

دل

رسائیٹ

دل بظاہر خون کا اک قطرۂ ناچیز ہے
اس میں ہے لرزاں مگر رنگِ شرابِ زندگی
اس کے آگے جلوۂ لعلِ شفق کیا چیز ہے
منحصر اس کی نمو پر ہے شبابِ زندگی

جس طرح روشن فلک پر آفتابِ زرنگار
اس طرح دل خاکدانِ دہر میں ہے نور پاش
عقل ہو جاتی ہے جب بیگانۂ ہوش و قرار
دل ہی کرتا ہے فریبِ رنگ و بو کے راز فاش

دل، محبت، لفظ تو دو ہیں مگر مطلب ہے ایک
منسلک دونوں ازل سے ایک ہی رشتے میں ہیں
جس طرح آغاز و انجامِ مہ و کوکب ہے ایک
ایک ہی منزل ہے ان کی، ایک ہی رستے میں ہیں
آدمی کو آشنائے غم بنا دیتا ہے دل
عشرتِ جاوید کا محرم بنا دیتا ہے دل

ضیا فتح آبادی

سوزِ تمام

جہاں تجھ کو بٹھا کر پوجتے ہیں پوجنے والے
وہ مندر اور ہوتے ہیں شوالے اور ہوتے ہیں

دہانِ زخم سے کہتے ہیں جن کو جبرِ بسمل
وہ خنجر اور ہوتے ہیں وہ بھالے اور ہوتے ہیں

جنہیں محرومیٔ تاثیر ہی اصلِ تمنا ہے
وہ آہیں اور ہوتی ہیں وہ نالے اور ہوتے ہیں

جنہیں حاصل ہے تیرا قرب خوش قسمت سہی لیکن
تری حسرت لئے مرجانے والے اور ہوتے ہیں

جو ٹھوکر ہی نہیں کھاتے وہ سب کچھ ہیں مگر واعظ
وہ جن کو دستِ رحمت خود سنبھالے اور ہوتے ہیں

تلاشِ شمع سے پیدا ہے سوزِ ناتمام اختر
خود اپنی آگ میں جل مرنے والے اور ہوتے ہیں

ہری چند اختر

ساس

(ایک ایکٹ کا ڈرامہ)

افراد تمثیل

ڈاکٹر ——— لال چند
کام لتا ——— ڈاکٹر لال چند کی بیوی
پرمانند ——— ان کا بیٹا
سروج ——— پرمانند کی بیوی
ایک بھکارن ———

منظر: ایک مکان کا صحن، صحن کوئی خاص لمبا چوڑا نہیں ادھر اُدھر کچھ گملے پڑے ہیں، ایک میز کے گرد چار پانچ کرسیاں دکھائی دیتی ہیں، میز پر ایک دو اخباریں اور ایک دو کتابیں پڑی ہیں، میز کے قریب ایک معمولی مستطیل چٹائی بچھی ہے صحن کے دائیں بائیں دروازے الف اور ب ہیں۔ الف ایک کمرے میں کھلتا ہے اور ب باہر سڑک کی طرف۔ الغرض کمرہ نہایت سادہ ہے لیکن صفائی بہت ہے۔ لال چند کرسی پر بیٹھا ہے۔ نہایت سادہ لوح اور پرلے درجے کا شریف انسان واقع ہوا ہے۔ عمر کوئی چالیس کے لگ بھگ ہے۔ بیوی ذرا سخت مزاج ملی ہے۔ اُس سے ہمیشہ خائف رہتا ہے۔

ڈاکٹر لال چند۔ (اپنے آپ سے، میز پر پڑی ہوئی کتاب کو اٹھاتے ہوئے) یہ ہے زندگی ڈاکٹر کی۔ آرام سے کھانا نہ وقت پر سونا۔ زخموں کی چیر پھاڑ، مریض کی چیخ پکار۔ کوئی نمونیا کا مریض ہے کوئی ہیضہ میں مبتلا ہے کسی کو نزلہ ہے۔ کوئی درد گردہ میں تڑپ رہا ہے۔ اور کہیں بدقسمتی سے مریض چل بسے تو ڈاکٹر پر الزام اگر واقف سے فیس مانگے تو ڈاکٹر پر لعنت۔ نہ مانگے تو پیٹ کا سوال بس یہ ہے زندگی ڈاکٹر کی۔

(کتاب کھولتا ہے۔ پڑھتے پڑھتے مسکراتا جاتا ہے۔ پھر ایک ساتھ ہنس پڑتا ہے۔ کام لتا دروازہ الف کے اندر کھڑی دیکھ رہی ہے)

لال چند۔ قہ قہ قہ.... مصنف کی جتنی داد دی جائے کم ہے کیا خوب لکھتا ہے" انسان کا سچا رفیق مونس و ہمدرد اس کی بیوی ہوتی ہے۔ دوست آشناؤں، بھائی بہن ماں باپ، رشتہ داروں کو مرتے دیکھا۔ لکھوکھا لڑائیاں دیکھیں ملک تباہ ہوتے دیکھے، سلطنتیں برباد ہوتی دیکھیں خاندان غارت ہوتے دیکھے مگر بیوی کی ناراضگی (زور دے کر) سب سے بڑھ کر (جلدی سے) دیکھی!... قہ قہ قہ

(کام لتا سفید دھوتی پہنے داخل ہوتی ہے)

کام لتا۔ یہ کہیں سے آج سو دو سو کا توڑا ملا ہے جو اتنے خوش ہو رہے ہیں۔

لال چند۔ آہا آپ تشریف لے آئیں۔

کام لتا۔ (چٹائی پر بیٹھتی ہوئی) جی ہاں

لال چند۔ اچھا کیا یاد دلایا۔ دو سو کا نام لے دیا مجھے ایک مریض کو دیکھنے جانا ہے۔

کام لتا۔ اسی لئے تو میں ہزار بار کہہ چکی ہوں کہ آپ کے حافظہ میں کچھ فرق ہے۔ دس چیزیں بتلاتی ہوں جس میں سے آپ دو منگوا کر دیتے ہیں۔ اور جو پوچھتی ہوں کہ دس گزہلل کے لئے

کہا تھا ایک کنگھی چاہئے تھی۔ بہو کے لئے دھوتی کو کہا تھا۔ شین خراب ہو رہی ہے اس کا تیل منگوانے کو کہا تھا۔ تاگا ختم ہو گیا ہے تو جواب ملتا ہے۔ بلل منگوانے کو کب کہا تھا۔ دھوتی کا ذکر ہی نہیں کیا۔ کنگھی میری الماری میں پڑی ہے۔ تیل کا خیال ہی نہیں رہا۔ اور ہاں البتہ تاگا منگوانا بھول گیا۔

لال چند (کچھ کھسیانا سا ہو کر) یہ۔ یہ۔ سب ——— بالکل جھوٹ

کام لتا۔ جھوٹ! واہ جھوٹ کی بھی ایک ہی کہی۔ دور کیوں جاتے ہیں۔ کل ہی کا ذکر ہے آپ کے دوست بہاری لال آپ ہی سے کتاب مانگ کر لے گئے اور ابھی آدھ گھنٹہ بھی نہ گذرا ہوگا کہ لگے مجھ پر برسنے کہ تم نے کہیں کتاب ادھر اُدھر پھینک دی ہے

لال چند۔ ہاں ذرا اپنا بھی تو ذکر کرو۔ کل شام ہی کی تو بات ہے کہ دس دس کے دو نوٹ بکس سے نکال کر اپنی دھوتی میں باندھ لئے اور سارا مکان سر پہ اٹھا لیا تھا۔

کام لتا۔ چلو گذرے ہوئے زمانے کا کیا ذکر۔ اب یہ بتلاؤ کہ دو تین ہزار روپیہ پر جو پانی پھیر دیا۔ اس کا کیا نتیجہ نکلا۔

لال چند کیسا روپیہ۔ کہاں کا ذکر۔ یوں پہیلیاں نہ بجھوایا کرو

کام لتا (حیرانگی سے) خوب! دو ہزار روپیہ ضائع کر دیا اور یہ خبر ہی نہیں کہ کہاں اور کس لئے گیا۔

لال چند۔ ہاں تو ذرا سوچ لینے دو (سوچتا ہے) کوئی سامان تو خریدا نہیں۔ کسی کو دیا نہیں لیا نہیں (پھر سوچتا ہے) ہاں ——— نہیں پرمانند نے نہیں مانگا یوں ہی دماغ پریشان کر رہی ہو۔ کسی کو دیا نہیں ضائع نہیں کیا۔ مجھے کچھ یاد نہیں۔

کام لتا۔ خرچ آپ کریں یاد میں کرایا کروں۔

لال چند (اچانک) ہاں ہاں یاد آ گیا۔ ٹھیک کہتی ہو۔ مگر ——— مگر ہاں پچھلے اتوار ایک میز جو نیلام گھر سے لایا تھا۔ اس کی مرمت کروائی بڑھئی کو دس روپیہ دی تھی۔

کام لتا۔ (حیرت سے) خوب۔ میں ہزاروں کا ذکر کرتی ہوں یہ دس روپوں کو لئے بیٹھے ہیں۔ وہ تے نس پل ٹی (میونسپلٹی) کی ممبری پر جو روپیہ خرچ ہوا ہے میں اس کا ذکر کر رہی ہوں۔

لال چند (ہنسی کو روکتے ہوئے) ہے نس پل ٹی

کام لتا (اونچی آواز سے) جی ہاں

لال چند (ہنستے ہوئے) ہے نس پل ٹی

کام لتا۔ اب یاد آیا

لال چند۔ تم دو ہزار کیسے کہہ رہی ہو۔ یہاں پانچ سو سے زیادہ ایک پائی نہیں لگی۔

کام لتا۔ اور وہ پانچ سو کس طرح خرچ ہو گئے

لال چند۔ پارٹی بازی میں ہزار ہا روپے خرچ ہو جاتے ہیں۔ شکر کرو یہاں صرف پانچ سو پر ہی گلو خلاصی ہوئی۔

کام لتا۔ یعنی پانچ سو خرچ ہو گئے ——— خرچ کیا ضائع ہو گئے۔ خاک میں مل گئے اور آپ کو ذرا رنج نہیں پہنچا۔

لال چند۔ رنج۔ رنج کیسا!

کام لتا۔ لٹا دو سب کچھ۔ ممبری نہ ہوئی جائداد مل گئی یہ آخر ہے نس پل ٹی کیا ہے۔ کوئی گھر ہے دکان ہے کوئی پہاڑی مقام ہے۔ یہ کونسی بلا ہے جو آپ کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔

لال چند۔ (اٹھتے ہوئے) میں چلتا ہوں تمہاری واہیات باتوں کا کیا جواب دوں۔

کام لتا۔ ذرا بیٹھئے تو سہی مجھے دو ایک باتیں اور کہنا ہیں۔

لال چند۔ (بیٹھتے ہوئے) گویا ابھی کچھ کسر باقی ہے۔

کام لتا۔ (لال چند کے پاس پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھتے ہوئے) آپ کو پرمانند نے بتلایا ہے!

لال چند۔ کیا! کچھ بھی نہیں۔ کس چیز کے متعلق!

کام لتا۔ پرمانند اور سروج باتیں کر رہے تھے۔

لال چند (جلدی سے) اور تم سن رہی تھیں

کام لتا۔ جی ہاں۔ وہ اپنی تبدیلی کرا رہا ہے

لال چند (حیرانگی سے) تبدیلی! کہاں

کام لتا۔ دہلی

لال چند۔ تمہیں کس طرح معلوم ہے۔

کام لتا۔ یہ ہے آپ کا حافظہ

لال چند۔ ہاں ہاں ٹھیک ہے تم چوروں کی طرح سن رہی تھیں (گھڑی دیکھ کر) اوہ بہت وقت ہو گیا ہے میں چلتا ہوں (اٹھتے ہوئے) گھروں میں ایسی باتیں ہوا ہی کرتی ہیں۔

(چلا جاتا ہے)

کام لتا دو ہزار ادھر اڑ گیا۔ ادھر پرمانند جا رہا ہے۔ سروج جائے گی۔ لوگ کیا کہیں گے۔ بیٹا ناراض ہو گیا ہے۔ بیوی کو ساتھ لے گیا ہے۔ ناک کٹ جائے گی۔ انگلیاں اٹھیں گی یہ منتر جادو جو کچھ کیا ہے۔ سروج نے ہی کیا ہے (سوچتی ہوئی بیٹھ جاتی ہے پرمانند دروازہ الف سے داخل ہوتا ہے)

پرمانند بھابی

کام لتا۔ (چونک کر) تم آ گئے بہت دیر لگا دی۔ کہاں تھے۔ سروج کے پاس بیٹھے ہو گے!

پرمانند۔ آپ نے تین سوال ایک ہی وقت پوچھ ڈالے۔ کس کس کا جواب دوں۔

کام لتا۔ تم تھکے ہوئے معلوم ہوتے ہو آؤ بیٹھو۔

(پرمانند بیٹھ جاتا ہے)

کام لتا۔ میں ڈاکٹر صاحب سے ابھی تمہاری تبدیلی کا ذکر کر رہی تھی

پرمانند (سراسیمگی سے) تبدیلی!

کام لتا (کچھ چونک سی جاتی ہے۔ اس کے چہرے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے تبدیلی کا نام لے کر غلطی کی ہے)

ہاں۔ تبدیلی۔ وہ تبدیلی۔ تم کیا ذکر کر رہے تھے۔ میں کچھ بھول سی گئی ہوں۔

پرمانند۔ تبدیلی! آپ کیا چیز بھول گئی ہیں۔

کام لتا (ادھر ادھر دیکھ کر) وہ تم سروج کو کیا کہہ رہے تھے۔

پرمانند۔ سروج کے ساتھ تبدیلی کا ذکر ــــ آپ کے سامنے (ایک اخبار اٹھاتا ہے)

(سروج دروازہ الف کے پیچھے کھڑی سب باتیں سن رہی ہے پرمانند کے چہرے پر حیرانگی کے آثار نمایاں ہیں۔

کام لتا۔ وہ تم سروج سے کہہ رہے تھے۔ کہ ہم دہلی ــــ ہاں اب مجھے اچھی طرح یاد آ گیا ہے کہ ہم دہلی چلے جائیں گے۔

پرمانند (اخبار میز پر رکھتے ہوئے) ہم دہلی چلے جائیں گے! آپ نے کب سنا!

کام لتا۔ جب تم سنا رہے تھے

پرمانند۔ کس کو

کام لتا۔ جس نے تم کو یہ عقل دی۔ تم کو سکھلایا کہ والدین کو چھوڑ کر تم دہلی جا بیٹھو

پرمانند۔ تو آپ کا مطلب سروج سے ہے

کام لتا۔ ہاں میرا مطلب اسی بے وقوف سے ہے جس نے تمہاری عقل کو بھی تالا لگا دیا ہے۔

پرمانند۔ بالکل جھوٹ۔ سروج بھولی بھالی لڑکی ہے۔ وہ مجھے کس طرح بہکا سکتی ہے۔

کام لتا۔ آہا یہ سروج بھولی کب سے بنی ہے۔ چالاک! ایسی چالاک کہ جس کی حد نہیں۔ مغرور لڑکی تند مزاج۔ ایسی کڑوی باتیں کرتی ہے کہ دل اُبل اٹھتا ہے

پرمانند (خاموش رہتا ہے)

کام لتا۔ (غصے میں) یہ سب اسی کی پٹی پڑھائی ہوئی ہے۔ ورنہ مجھے بھی خوب یاد ہے کہ تمہیں تو بات بھی نہیں کرنی آتی تھی۔

(سروج غصے سے لال پیلی ہو رہی تھی مگر یہ بات سن کر مسکراتی ہے۔ اور دیوار کے ایک کونے سے چونے کا پلستر اکھیڑ کر پرمانند کی طرف پھینکتی ہے پرمانند ادھر ادھر دیکھتا ہے مگر اس کو معلوم نہیں ہوتا)

پرمانند۔ (خاموش ہے)

کام لتا۔ کل تماشہ دیکھنے گئے تھے رات کو تین بجے واپس آئے۔ کیا خبر اس نے وہیں پر کچھ سکھایا ہو۔

پرمانند۔ یہی تو وجہ ہے کہ میں دہلی جانا چاہتا ہوں۔ یہ روز کی کھٹ پٹ تو بند ہو گی۔

کام لتا (نرمی سے) یہ ہے اولاد کا سکھ۔ لاڈ اور پیار کا نتیجہ۔ ماں باپ بچوں کے لئے کیا کیا نہیں کرتے

پرمانند۔ آپ بھی تو چلیں گی نہ ساتھ۔

کام لتا۔ یہ شرارت سروج کی ہے۔ یہ تم پر جادو ٹونا کرنا اسی کا کام ہے

پرمانند۔ یہ ہے تعلیم نہ دینے کا نقصان۔ اگر آپ کے والدین آپ کو تعلیم دلواتے تو آپ بھی اس سے کچھ فائدہ اٹھاتیں

(پرمانند اخبار اٹھاتا ہے۔

کام لتا۔ یہ تو بتلاؤ تعلیم کا کیا فائدہ ہوا۔ اپنی ہی مثال لے لو ماں باپ کا کہنا نہیں مانتے۔

پرمانند۔ (کچھ شرمندہ ہو کر) تو آپ کیا چاہتی ہیں۔

کام نشا۔ بس میں یہی چاہتی ہوں کہ تم میری بات مان لو یعنی تبدیلی کا خیال چھوڑ دو۔

پرمانند۔ بہت اچھا میں یہیں رہوں گا۔

(سروج پرمانند کی بات سن کر کانپ اٹھتی ہے۔ حیرانگی سے اس کی طرف دیکھتی ہے۔ کام نشا اٹھتی ہے۔ اور جوں ہی دروازہ الف سے جانے لگتی ہے۔ سروج باہر نکل آتی ہے۔ دونوں ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں۔ سروج منہ پھلائے رونی صورت بنائے ایک کرسی پر آ بیٹھتی ہے۔ میز سے ایک اخبار اٹھا کر کھولتی ہے)

پرمانند۔ میں تم کو بلانے ہی جا رہا تھا

سروج (خاموشی سے اخبار پڑھتی رہتی ہے)

پرمانند۔ سروج تم نے سنا؟

سروج (خاموش)

پرمانند۔ سروج

سروج (خاموش)

پرمانند (اٹھ کر سروج کے پاس آتا ہے۔ یہ کیا قسم کھالی ہے کہ بولنا ہی نہیں

سروج۔ (خاموش)

(سروج کے شانے ہلاتا ہے۔ اخبار چھین کر پھینک دیتا ہے)

پرمانند۔ سروج (توقف) کیا سندر چہرہ ہے

سروج (ذرا نزاکت سے) ہوگا۔

پرمانند۔ آخر خفگی کا باعث۔ ناراضگی کا سبب۔ تو یہ ایسی روٹھی ہے کہ منائے سے بھی نہیں مانتی۔

سروج (منہ بنا کر) ہماری بلا مانتی ہے۔ اس سے غرض واسطہ

پرمانند (میز کے اوپر سامنے بیٹھتے ہوئے) تو کیا ہم جائیں۔

سروج۔ شوق سے بھابی سے باتیں کیجئے۔ اپنی نوکری کا ذکر کیجئے۔ تبدیلی کا تذکرہ چھیڑیئے ہم کو گالیاں دلوائیے۔ ہم نے تو آپ پر جادو ٹونا کر دیا ہے اب آپ کا کیا بنے گا۔

پرمانند۔ (حیرانگی سے) تمہاری کیا شکایت ہے کس سے گلہ ہے۔ جادو ٹونا ـــــ گالیاں کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

سروج۔ سمجھنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔

(توقف)

آپ تو بیٹھے سارا دن دفتر میں حکومت کریں اور ہم گھر میں ہزاروں جھڑکیاں سنیں اور گالیاں کھائیں۔ انسان کی زبان ہوتی ہے مجھ سے تو کہہ دیا کہ اگلے مہینے الگ ہو جائیں گے۔ ادھر بھابی سے وعدہ کیا کہ آپ ہی کے پاس رہیں گے۔ میں اتنی بے سمجھ تو نہیں کہ سمجھتی ہی نہیں۔ اب میرے پاس آئے سبز باغ دکھلانے۔

پرمانند (ہنستے ہوئے) سنو آج چھبیس تاریخ ہے یعنی اگلے مہینے کی پہلی کو پانچ دن باقی ہیں۔ اگر ابھی گھر والوں کو ناراض کر لیں تو یہ پانچ دن روٹی کون دے گا۔ تبدیلی کا حکم غالباً اگلے مہینے آئے گا۔ اگر کوئی اور خطا ہو گئی تو میں .....

سروج (ہنس کر) ہوں

پرمانند۔ اب سمجھی

(باہر سے ایک بھکارن کے گانے کی آواز آتی ہے آواز سریلی اور موثر ہے)

پرمانند۔ آہا کتنی دلکش آواز ہے کوئل کی کوکو اور پپیہے کی پی کہاں سے بڑھ چڑھ کر ہے بلانا سروج اس کو گانا ہی سنیں۔

سروج بڑے گانے کے شوقین ہیں

پرمانند۔ دیکھو وہ چلی جائے گی

سروج اونہہ۔ ہم تو نہیں اٹھتے۔

پرمانند (اٹھتے ہوئے) تم تم

(سروج اٹھ کر دروازہ بند کھولتی ہے۔ اور پکارتی ہے۔ ایک لانبے قد کی حسین عورت پھٹے پرانے کپڑوں سے داخل ہوتی ہے اس کے ہاتھ میں سارنگی ہے۔ پرمانند سروج کو اشارہ کرتا ہے۔

پرمانند (آہستہ سے) سروج دیکھا

سروج۔ کیا

پرمانند۔ دیکھا تم نے بلا کی حسین ہے

(بھکارن گانا شروع کرتی ہے۔ سروج اس کی طرف پیٹھ کر لیتی ہے

پرمانند کیوں سروج تمہارا کیا خیال ہے۔

سروج کیا خیال۔

پرمانند۔ اگر اسے بھی دہلی لے چلیں۔

(سروج اٹھتی ہے ابھی گانا ختم نہیں ہوتا مگر اسے پیسے دے کر واپس لوٹا دیتی ہے)

پرمانند (ہنستے ہوئے) واہ یہ کیا کیا۔ کتنا اچھا گا رہی تھی۔

سروج گویا گانے کے ماسٹر تو آپ ہی ہیں۔ کہیں سے ایک دو گانے کی پھٹی پرانی کتابیں اٹھا لائے ہیں جو شروع سے آخر تک غلط واہیات۔

(مسکراتی ہوئی) یہ آپ تان سین کب سے بنے ہیں۔ راگ دویا کو کھیل سمجھا ہوگا۔ کل غسل خانے میں کیا گا رہے تھے!

پرمانند میں کب گا رہا تھا۔ تو یہ جھوٹ کی بھی حد ہوتی ہے

سروج وہ کھیل جو رات کو دیکھا تھا کیا عمدہ تھا۔

پرمانند۔ ایک سین تو لاجواب تھا۔ ساس بہو کا جھگڑا توبہ توبہ

سروج مجھے تو جب وہ سین یاد آتا ہے۔ دل کانپ اٹھتا ہے۔ آنکھوں میں اب بھی نیند ہے۔ سونے کو دل چاہتا ہے

پرمانند۔ میں بھی داڑھی مونڈ لوں تم یہیں بیٹھو۔

(پرمانند اٹھ کر چلا جاتا ہے۔ سروج اخبار پڑھتی پڑھتی اونگھنا شروع کرتی ہے۔ وہ چونک کر اٹھتی ہے۔ اخبار دیکھتی ہے اور پھر اونگھتی ہے اور جلدی ہی نیند میں مدہوش ہو جاتی ہے پردہ آہستہ آہستہ گرتا ہے اور پھر اٹھتا ہے)

کام لتا (ہاتھ میں ایک کھلی چٹھی لئے داخل ہوتی ہے) اس سنسار میں دکھ ہی دکھ ہے۔ جب اپنے بیٹے سے سکھ اور آرام نہ ملا تو غیر سے سکھ کی توقع رکھنا ہی غلطی ہے۔

(سروج کے قریب آکر)

بے شرم تجھے اگر موت نہیں آتی تو زہر کیوں نہیں کھا لیتی۔

سروج (خوف زدہ ہو کر) بھابی بھابی یہ

کام لتا۔ خاموش جھوٹی مکار لڑکی۔ اگر مجھے تو نے پھر بھابی کہا تو یاد رکھ تیری زبان ہی کاٹ لوں گی۔

سروج (خوف زدہ ہو کر) میرا ــــــ قصور

کام لتا ابھی قصور پوچھ رہی ہے یہ ہے تیرا کرتوت تجھے گھر میں رکھا جو چیز تو نے مانگی وہ منگوا کر دی۔ اور تو نے اس کے عوض یہ صلہ دیا کہ گھر خط لکھ مارا کہ میری کوئی عزت نہیں مجھے مارتے ہیں یہ کرتے ہیں وہ کرتے ہیں

سروج۔ خط۔ بھابی کیا کہہ رہی ہو

کام لتا۔ تجھے معلوم ہو جائے گا۔ ذرا پرمانند کو تو آنے دے۔

سروج۔ اس خفگی کا باعث۔

کام لتا۔ خفگی۔ ابھی خفگی کا باعث پوچھتی ہے۔ تو نے ہماری بدنامی کی اپنی کی اور سب سے زیادہ اس کی بدنامی کی جس کی زندگی تیرے ساتھ وابستہ ہے جو تیرا سرتاج ہے۔

سروج۔ بس خاموش میں اور کچھ نہیں سن سکتی۔

کام لتا۔ اور میں بھی تجھے چوبیس گھنٹے کا نوٹس دیتی ہوں کہ کل اپنا اسباب وغیرہ اٹھا اور جہاں سینگ سمائیں وہاں چلی جا! لڑکے کی اگر زندگی رہی تو ہزاروں اور شادیاں ہو جائیں گی۔

سروج۔ اب خود ہی بتلایئے آپ نے کتنی باتیں کی ہیں گالیاں دیں میں نے کونسا برا کیا جو گھر لکھ دیا۔

کام لتا۔ تھو ہے تجھ پر اور لعنت ہے تیرے خاندان پر جنہوں نے بغیر سوچے سمجھے تیری ہر بات کو مان لیا۔ تو نے ہمارے ہمسایوں سے لڑائی کرانے کی کوشش کی اور نہ معلوم تو نے کیا کیا نہیں کیا۔

سروج۔ چلو یہی سہی میں نے سب کچھ کیا۔ کیا آپ کا سلوک مجھ سے اچھا رہا ہے؟

کام لتا۔ نہیں تو بچہ تھی! جو تجھ کو مارا کرتی تھی!

سروج۔ آپ کا سلوک۔ آپ کا سلوک جو بچوں سے ہوا کرتا ہے۔ اس سے بھی بدتر تھا اور اب بھی ہے

کام لتا ہوگا۔

سروج (اخبار ایک طرف پھینکتے ہوئے) یہ ہے زندگی ہندوستانی لڑکیوں کی ہم گو بر اٹھانے اور جھاڑو دینے کے لئے پیدا ہوئے ہیں گالیاں دینا کوئی کمال نہیں۔ باقی رہا سوال نکلنے اور سینگ سمانے کا تو وہ بھی دیکھ لیا جائے گا

کام لتا۔ تجھے غرور ہوگا اپنے والدین کا۔ اپنے حسن کا۔

سروج ہاں ہے۔ آپ کو اس سے غرض واسطہ

کام لتا۔ غرض میری بلا کو ہوگی۔ تو جادوگرنی ہے جادوگرنی شکر ہے کہ مجھے پہلے معلوم ہو گیا۔ تو نے پرمانند پر جادو کر دیا ہے۔ معلوم نہیں دہلی سے جا کر اسے کیا کرتی۔ ہم سے الگ ہونے کا مقصد یہی تھا۔ تو ناگن نکلی ناگن سانپ سے کھیلنا اپنی جان سے کھیلنا ہے۔

سروج۔ اسی لئے تو کہتی ہوں کہ خاموش ہو جائیے۔

کام لتا۔ پہلے تجھے خاموش کر لوں تو پھر اپنے خاموش ہونے کی بھی فکر کروں گی کمبخت ہمارے گھر کیا آئی دنیا کی جتنی مصیبتیں ہیں اپنے ساتھ لائی تیرا ہمارے ہاں اب کوئی کام نہیں چل میری آنکھوں سے دور ہو جا

(سروج دھرتی سے منہ چھپا لیتی ہے اور سسکیاں بھرتی ہے)

سروج یہ دن بھی دیکھنا تھا۔ اس میں کسی کا کیا قصور!

کام لتا۔ قصور! سراسر تیرا قصور۔ اول تو خط کا لکھنا ہی بیہودہ پن تھا اور اگر لکھ بھی دیا۔ تو اپنے قصور کو نہ ماننا اس سے بڑھ کر غلطی ہے اگر تجھے یہاں سکھ نہیں ملا تو کل سے اپنے گھر سکھ لے لینا۔ شادیانے بجانا۔ ناچنا گانا غرضیکہ جو دل میں آئے کرنا ہم بھی دیکھ لیں گے کہ تجھے گھر میں پھولوں کی سیج پر کون سلاتا ہے تیرے لئے وہاں مخملی فرش بچھا ہے باندیاں لونڈیاں رکھی گئی ہیں۔ جو تیرے آگے پیچھے پھرا کریں گی۔ راجہ اندر کی پریاں ہیں۔ کھانے کا انتظام ہو رہا ہے ناچ گانا یعنی یہ کہ محل میں مچل ہو رہا ہے۔ تجھے معلوم ہے کس لئے؟ تیری شادی کا انتظام ہے اب کی دفعہ تری شادی بڑے امیروں راجاؤں کے گھر ہو گی جہاں تجھے بہت سکھ ملے گا۔

(سروج غصے میں کرسیاں ادھر اُدھر پھینکتی ہے۔ میز پر پڑی ہوئی ایک دو کتابوں کو پھینک دیتی ہے)

سروج۔ اگر یہی بات ہے تو میں عدالت تک چلنے کے لئے تیار ہوں۔

کام لتا۔ عدالت کیا کہتی ہو عدالت ـــ عدالت پرمانند کو بلاتی ہوں تمہاری عدالت" فقرہ کہے بغیر باہر چلی جاتی ہے

(پردہ ۵)

(پردہ اٹھتا ہے کرسیاں پہلے کی طرح رکھی ہوئی ہیں کتابیں میز پر پڑی ہیں۔ سروج نیند میں مدہوش ہے گھبرا کر اٹھ بیٹھتی ہے۔ اِدھر اُدھر دیکھتی ہے حیران ہو رہی ہے کہ کیا معاملہ ہے دائیں بائیں چاروں طرف غور سے دیکھتی ہے۔ نہایت پریشان اور پشیمان ہو رہی ہے)

سروج۔ آئیں کیا میں الگ ہو گئی ہوں۔ کیا یہ سچ ہے (دل کو ہاتھوں سے تھام کر) کیا میں نے خط لکھا۔

(پھر اِدھر اُدھر دیکھتی ہے) یہ کس طرح ہو سکتا ہے ـــ کیا وہ رات کے کھیل کا سین تھا۔ آخر کیا تھا۔

(بار بار مڑ کر دیکھتی ہے۔ آنکھیں ملتی ہے۔ حیرت اور سراسیمگی کے آثار نمایاں ہیں۔ پرمانند شیونگ برش ہاتھ میں لئے اور گلے اور رخساروں پر صابن ملے داخل ہوتا ہے۔ سروج پرمانند کو دیکھ کر عجیب سی شکل بنا لیتی ہے)

پرمانند۔ سروج تو تیار ہو جاؤ۔

سروج (آپ کہاں تھے (پرمانند کی طرف غور سے دیکھتی ہے)

پرمانند آہا کہاں تھے! کیا بھول گئی ہو۔

سروج نہیں، ہاں وہ آپ کیا کہہ رہے تھے۔

پرمانند تم شاید سو کر اٹھی ہو۔ جو بہکی بہکی باتیں کر رہی ہو۔

سروج (پھر چاروں طرف دیکھتی ہوئی) ہاں، شاید آنکھ لگ گئی تھی مگر آپ نے وہ خط نہیں پڑھا

پرمانند۔ (حیرانگی سے) خط کیسا خط۔ کیا کہہ رہی ہو۔

سروج اوہ مجھے کچھ اور خیال تھا۔ وہ بھابی کچھ ذکر کر رہی تھیں

پرمانند۔ کس کے متعلق!

سروج۔ (پھر آنکھیں ملتی ہے) وہ کیا کہہ رہی تھیں (خاموش ہو جاتی ہے)

پرمانند۔ (ہنستے ہوئے) سروج پاگل ہو گئی ہے۔ ہاں وہ میں کہنے آیا تھا کہ آج بھی وہی کھیل ہو گا۔ جو کل ہوا تھا۔

سروج۔ میں نہیں دیکھنے جاؤں گی۔

پرمانند تم تو اس کی تعریف کر رہی تھیں۔

سروج (اِدھر اُدھر دیکھ کر) بھابی کدھر ہیں

پرمانند اندر کہیں ہوں گی۔ کیوں! کیا کچھ کام ہے۔

سروج۔ نہیں نہیں (پھر چاروں طرف دیکھتی ہے) میں ایسے ہی پوچھ رہی تھی

پرمانند (سروج کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے) تم کچھ خوفزدہ معلوم ہو رہی ہو۔

سروج (کچھ عجیب طرح ہنستے ہوئے) نہیں تو! آپ دہلی کب جائیں گے

پرمانند (ہنس کر) ابھی دہلی کے خواب آ رہے ہیں آئندہ ماہ میں جائیں گے۔

(پرمانند اق کی شیونگ برش سے سروج کے منہ پر تھوڑا سا صابن لگا دیتا ہے)

سروج (کچھ خوش ہو کر) مگر اِدھر اُدھر دیکھتی رہتی ہے) میرا خیال ہے۔

پرمانند۔ ہاں

سروج ہم یہیں رہیں گے۔ تبدیلی کرانے کا کوئی فائدہ نظر نہیں آتا (چاروں طرف دیکھ کر) بھابی کو ناراض نہیں کرنا چاہئے۔

پرمانند۔ خوب تو مجھ پر الزام مت لگانا۔

سروج۔ نہیں ہرگز نہیں

پرمانند تو آؤ جلدی چلو بھابی کو کہہ دیں کہ ہم دہلی نہیں جائیں گے آپ کے پاس رہیں گے

(سروج اٹھتی ہے جاتے ہوئے بھی اِدھر اُدھر دیکھتی جاتی ہے)

(پردہ ۵)

اندر لال داس قمر

ہمارے ہاں پیرس اور لندن کے بہترین کارخانوں کی خوشبویات، غازے اور آرائش حُسن کے اعلیٰ ترین مرکبات فروخت ہوتے ہیں۔ ہم مشہور و معروف "سیڈ کو" بیوٹی لوشن کے واحد ایجنٹ ہیں جس نے یورپ کی دنیائے حُسن میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ سیڈ کو کی دلآویز کتاب حُسن جس میں خوبصورتی دوبالا کرنے کی بہترین ہدایات ہیں ہر خاتون کی خدمت میں مفت روانہ کی جاتی ہے ادبی دنیا کے حوالہ سے منگوائیے۔

سردار بہادر ڈاکٹر کرتار سنگھ انگریزی دواساز ان

مال روڈ۔ لاہور

صحت انسان کی بقا اور کامیابی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ کمزور اور بیمار آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔ ترقی کے تمام راستے اس کے لئے بند ہو جاتے ہیں۔ دنیا کی دولت بغیر تندرستی کے بیکار ہے۔ مرد اور عورت کو خواہ وہ غریب ہو یا امیر اپنی بہبودی اور راحت کے لئے صحت اور تندرستی کا خیال سب سے مقدم رکھنا چاہئے اور بقائے زندگی کے لئے ہر ممکن طریقہ پر کوشش کرنی چاہئے۔

طاقت وہ قدرتی قوت ہے جو انسان کو ہر کام انجام دینے کے قابل بناتی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ انسان تندرست ہو مگر یہ لازمی نہیں کہ وہ قوی اور طاقتور بھی ہو۔ کمزوری اور کمی قوت جسم کی اندرونی چند خرابیوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے عمر کے ساتھ یہ خرابیاں اور اس کے ساتھ کمزوری بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ انسان زندگی کا پورا لطف اور اس کے تمام کام انجام نہیں دے سکتا۔ تمام قوتیں یعنی قوت دل و دماغ۔ قوت جسم۔ قوت باہ مرد اور عورت کے لیے ضروری ہیں تاکہ زندگی خوش آرام اور پرلطف گزر سکے۔ ان قوتوں کو قائم رکھنا ایسا ہی ہے جیسا زندگی کو برقرار رکھنا اگر آپ چاہتے ہیں کہ اپنی زندگی کا پورا پورا لطف اٹھائیں تو ضروری۔ لاغری اور قوت مردانہ کی کمی کو نہ صرف فوراً دور کیجئے بلکہ اپنی طاقت اور قوت کو بڑھائیے اور برقرار رکھنے کی کوشش کیجئے۔

جوانی مردوں اور عورتوں کے لئے یکساں ضروری ہے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ جوانی کسے کہتے ہیں اور اس کے کیا فائدے ہیں۔ جوانی عمر کا وہ حصہ ہے جبکہ زندگی کا جوش زندگی کی حرارت اور تمام قوتیں پورے طور پر جسم میں موجود ہوں تاکہ انسان اپنی زندگی سے وہ لطف اور فوائد حاصل کر سکے جو ہر مرد اور عورت کا حق ہے۔ ہر شخص چاہتا ہے کہ جوانی کا شباب۔ تازگی۔ اور جوانی کی قوت کو برقرار رکھے۔ بڑھاپا اور کمزوری اور اس سے متعلق تمام شکایتیں دور رہیں۔ گرم ممالک میں یہ شکایتیں اور بھی جلد یعنی بہت قبل از وقت نمایاں شروع ہو جاتی ہیں۔ سائنس کے تجربوں سے یہ معلوم ہو گیا ہے کہ جوانی کس طرح قائم رہ سکتی ہے اور انسان اپنی مردانہ طاقت اور جسمانی قوت کو کس طرح آخر وقت تک محفوظ رکھ سکتا ہے

قوت اور جوانی کا دارومدار کس چیز پر ہے؟

فطرت نے ہر انسان کو دماغی اور جسمانی قوت کی ایک خاص مقدار عطا کی ہے۔ جو عمر کی طوالت کے ساتھ گھٹتی جاتی ہے بلکہ بسا اوقات گرم ہوا بہت زیادہ محنت ناکافی غذا اور کثرت جماع سے بہت جلد کم ہونے لگتی ہے اوکاسا اس روز بروز گھٹنے والی قوت کو برقرار رکھنے کا سب سے زیادہ حکمی طریقہ ہے۔ بہت سے وہ تمام اجزا رکھتا ہے جو زندگی۔ قوت اور جسمانی طاقت کو قائم رکھنے میں۔ اوکاسا تمام دنیا میں مشہور ہو چکی ہے اور دنیا بھر میں ہر شخص اس کے بے نظیر فوائد کا قائل ہو چکا اوکاسا آپ کی کمزوری کو دور کرتی ہے اور آپ کو آخر زندگی تک ہر ممکن طور پر جوان اور طاقتور رکھتی ہے۔

آج ہی سے اوکاسا کا استعمال شروع کیجئے

آپ اس کے ذریعے بے نظیر صحت پوری طاقت اور جوانی کا لطف حاصل کریں گے فوری اور یقینی فوائد کے لئے سرخ لیبل والی اوکاسا استعمال کیجئے۔

تمام مشہور دوا فروشوں کے ہاں مل سکتی ہے

تازہ اوکاسا پورے لٹریچر جنین الاقوامی اسناد کی کاپیوں اور ہندوستان و یورپ کے صاحب تعریفی حصہ کی عقول کے لئے مندرجہ ذیل پتے پر لکھئے:۔

اوکاسا کمپنی برلن (انڈیا) لمیٹڈ

۱۲ رامپرٹ روڈ۔ فورٹ۔ پوسٹ بکس نمبر ۳۲۶ بمبئی

لاہور میں سے کا پتہ: جگت سنگھ اینڈ سنز دی مال لاہور اور میسرز بیلی رام برادرس انارکلی۔ لاہور

پنڈت ٹھاکر دت شرما دید موجد امرت دھارا کی چند بے نظیر ادویات جو کہ ہزارہا مریضوں کو نفع پہنچا چکی ہیں!

میٹھا پھل (حیرت انگیز ایجاد) — یہ ایک عجیب ایجاد کو حیرت میں ڈالنے والی دوائی ہے۔ جب حمل ہو جاوے ۳ ماہ کے بعد تیسرے مہینے جبکہ اعضا بنتے ہیں۔ صرف ایک دن گولیوں کو دودھ سے کھلایا جاتا ہے۔ ناقابل بیان طاقت سے یہ ایجاد کرتی ہے کہ لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔ چاہے حمل کے اندر لڑکی ہو یا لڑکا۔ جن کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں ان کیواسطے خاص طور پر نعمت خداداد ہے۔ اقرار اس کے ساتھ یہ ہے کہ لڑکی پیدا ہو تو قیمت واپس کر دی جاویگی۔ قیمت دس روپے۔

پھل گھرت — عورتوں کے لئے آیورویدک اعلےٰ ترین نسخہ ہے۔ رحم کی تمام خرابیوں کو دور کر کے عورتوں کو اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ قیمت فی سیشن روپے (ستا)

پتالی (عرق مدر حیض) — حیض کا نہ آنا، درد سے آنا۔ ان سے پیدا شدہ کل امراض کو دور کرتی ہے۔ کھولتی ہے اور صاف کرتی ہے۔ طاقت بخشتی ہے۔ عورتوں کے واسطے ٹانک دوائی ہے۔ قیمت چار اونس دو روپے۔ نمونہ مفت

سوماوتی (دوائی جریان الرحم) — عورتوں کو جو سفید پانی آتا ہے۔ سکو لیوکو۔ یا شوبت پیدا۔ جریان الرحم۔ سیلان۔ رطوبت۔ ناں وغیرہ کہتے ہیں۔ خون کی کمی بھی ہو چکا ہو۔ اس سے آرام آ جاتا ہے۔ قیمت دو روپے۔ نمونہ مفت

گربھ چنتامنی رس — حاملہ عورت کی تمام امراض بخار۔ کھانسی۔ بدہضمی۔ سوجن۔ جی متلانا۔ قے۔ اسہال۔ درد۔ پیچش۔ سردی۔ نمونہ کو مصیبت۔ حاملہ کی کوئی بھی بیماری ہو اس سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ قیمت ۲ گولی دو روپے۔ نمونہ چار گولی مفت

موتی پاک (معجون مروارید) — جن عورتوں کو اسقاط حمل ہو جاتا ہے۔ ان کو جب حمل کا پتہ لگے۔ اسی وقت اس دوائی کو شروع کر کے اول تو کل زمانہ حمل تک ورنہ اس ماہ کے اخیر تک میں حمل گر جاتا ہے اس دوائی کو کھانا چاہیئے۔ اکسیر دوائی ہے۔ قیمت فی پاؤ دس روپے۔ آدھ پاؤ پانچ روپے۔ اس سے کم منگوانے کا فائدہ نہیں۔

دوائی بندش خون — سب خون علاوہ حیض کے جاری ہو۔ تو اس دوائی کے تین دن کے استعمال سے بند ہوگا۔ خوراک دو دن قیمت دو روپے۔ تین دن کی خوراک بارہ آنے (۱۲)۔

من رنجن — عورتوں کی مرض ہسٹریا کی بھرپور دوائی ہے۔ قیمت ۲ گولی چار روپے نمونہ سولہ گولی ایک روپیہ (۱)۔

سکھ جنائی — اس دوائی کے صرف کمر پر باندھنے سے بچہ بآسانی پیدا ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ اور چھ ماہ کے اندر ضمنی بار چاہو بہت سکتے ہو۔ اثر کم نہ ہوگا۔ اپنا کام کر کے اور کا بھلا کر سکتے ہو۔

مانع حمل — جب کبھی حمل عورت کے واسطے خطرناک ہو۔ ایسی تدابیر کی ضرورت پڑتی ہے۔ وجہ صحیح لکھ کر ایک آنہ کا ٹکٹ جواب کیواسطے بھیجیں۔ اطمینان ہونے کے بعد بتائی جاویگی۔

سپاری پاک — عورتوں کی امراض رحمی۔ سفید رطوبت۔ کثرت طمث کو دور کر کے اعضا مضبوط و تندرست بناتی ہے۔ قیمت فی پاؤ چھ۔

بال سکھ — بچوں کیواسطے ٹانک دوائی ہے۔ بدہضمی۔ قبض۔ دائمی ہرے پیلے دستوں کا آنا۔ بخار۔ شدت کی پیاس۔ بچے کا سوکھتے جانا اور بیمار رہنا دور ہوتے ہیں۔ قیمت ۴ گولی ۱۲ گولی ۱۲ گولی ۱۲

کالی دور — بچوں کی کالی کھانسی کیواسطے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ چند دنوں کے اندر فائدہ ہوتا ہے۔ قیمت ۱۲ گولی ۱۲

جلاب بچگان — بچوں کو اکثر امراض قبض سے شروع ہوتی ہیں۔ سو گولیاں ایک یا دو عدد ماں کے دودھ کے ساتھ دینے سے ایک یا دو دست بہت عمدہ طور سے ہو جاتے ہیں۔ قیمت ۴ گولی ایک روپیہ ۳۲ گولی ۱۲

امرت دھارا کی میٹھی ٹکیہ — جس کے ذریعے بچے اور نازک مزاج عورتیں امرت دھارا کو خوشی سے کھا سکتے ہیں ان کے جوشاندے بنانے سے حسب ضرورت کا کام دیتا ہے۔ قیمت فی ڈبہ ایک ٹکیہ صرف چار آنے (۴)

پھولو پھلو (عجیب دوائی) — یہ دکھیا سال کی عجیب دوائی ہے۔ اس کو صرف کمر پر باندھا جاتا ہے۔ اور وہاں سے باریک باریک کیڑے نکلتے ہیں۔ یہ مرض کا باعث ہوتے ہیں۔ پیٹ دل کے اندر کرم نکل جاتے ہیں۔ اور وہ بچہ جو دن بدن سوکھتا جاتا تھا۔ اور ہڈیاں نظر آتی تھیں اب تر و تازہ ہونا شروع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔

سوکھا ہرا — اگر مند جہ ماں دوائی سے کرم نہ نکلیں اور پھر بھی سوکھتا جاتا ہو۔ تب اس دوائی کو دینا چاہیئے۔ اگر کرم نکلیں تو بھی اس دوائی کو کھانے سے بچے بہت طاقت پکڑ جاتی ہے۔ یہ دوائی بچوں کے سوکھے کیواسطے اکسیر ہے۔ قیمت ۳ گولی ایک روپیہ۔

امرت دھارا — ایک ہی دوائی جو ایک ہی چند لوند اور پھر دنیا بھر کی امراض کا علاج کرتی ہے بات ہے۔ مگر سچ ہے۔ لاکھوں استعمال کرنیوالوں میں سے ۳۰ ہزار سے زائد لکھ کر بھیج چکے ہیں کہ امرت دھارا ہر وقت ہر شخص کو موجود رکھنی چاہیئے کیونکہ یہ اکیلی دوائی کھانے اور لگانے سے تقریباً کل امراض کا جو عام طور پر گھروں میں بوڑھوں بچوں نوجوانوں کو ہوتی رہتی ہیں تسلی علاج ہے۔ قیمت فی شیشی چار نصف چھ۔ نمونہ مفت۔ مفصل حالات کے لئے رسالہ امرت منگوا دیں!

ادویات متعلقہ خوبصورتی

ابٹن (پیت موہنی) — چہرے کے تمام داغ دھبے اور چیچک کے داغ دھبے دور ہو کر چہرہ صاف کرتا ہے اور پھر بال نہیں اگتے۔ قیمت صرف ایک روپیہ نمونہ ۱۲

دل سندری (حسن افزا) — یہ تیل ہے جو چہرہ کو چمکاتا ہے اور اس کیل وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۲ نمونہ ۱۲

بال اڑانے کی بے نظیر دوائی — اس دوائی کو پانی میں گھول کر لگانے سے ایک منٹ کے اندر سخت سے سخت اور نرم سے نرم جگہ کے بال صاف کامل بڑھنے سے دور ہوتے ہیں۔ قیمت فی ڈبیہ ۱۲

باغ پھول تیل — بالوں پر تمام تیلوں کا سرتاج ہے۔ بالوں کو نرم و ملائم کرتا ہے۔ بڑھاتا ہے۔ سیاہی کو قائم رکھتا ہے۔ صرف نوجوانوں میں مفید بھی ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔

اکھ ٹھنڈ — یہ سرمہ روزانہ استعمال کے واسطے ہے۔ آنکھوں کو اکثر امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ بصارت کو قائم رکھتا ہے اور طراوت بخشتا ہے۔ قیمت فی تولہ آٹھ آنے (۸) نمونہ ۱۲

پران سکھ — پستانوں کو ڈھلکنے سے بچاتا ہے اور ڈھلکتے ہوئے پستانوں کو اصلی حالت پر لاتا ہے۔ پھٹے پستان والی عورت کے لئے وبال جان ہوتے ہیں۔

قیمت چار روپے۔ نمونہ ایک روپیہ

مفصل حالات جاننے کے لئے فہرست ادویات اور فہرست کتب ذیل کے پتہ سے مفت منگوا دیں!

المشتہر — خط و کتابت و تار کا پتہ:- **امرت دھارا ۱۵۴ لاہور**

میجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا اسٹرک۔ امرت دھارا ڈاک خانہ لاہور۔

جاپان میں اُردُو

جاپان اور ہندوستان کے مابین روحانی تعلقات بہت پرانے ہیں۔ ۵۵۶ء میں بودھ مذہب جاپان میں آیا تھا۔ اس کے بعد جاپانیوں میں بودھ مذہب کا رواج ہوتا چلا گیا ایک شہزادہ نے جو ہمارے شاہی خاندان میں سے تھے اور جنھوں نے بودھ مذہب اختیار کر لیا تھا۔ ہندوستان جانے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ ۸۶۱ء میں وہ جاپان سے سفرِ ہندوستان پر روانہ ہوئے۔ اُس وقت اُن کی عمر تقریباً اسی برس کی تھی۔ پانچ برس تک وہ چین میں رہے بالآخر ۸۶۶ء میں انہوں نے چین سے چل کر ہندوستان پہنچنے کا قصد فرمایا کہ راستہ میں ملایا پہنچکر اُن کا انتقال ہو گیا۔

بودھ مذہب جاپان میں رفتہ رفتہ زور پکڑتا رہا۔ یہاں تک کہ سب جاپانی اسی مذہب کے پیرو ہو گئے۔ مذہبی مسئلوں میں بڑے تعجب کی بات معلوم ہوتی ہے کہ مذہب اسلام نے جس کے آثار مغرب کی طرف ہسپانیہ سے لے کر مشرق کی طرف ملک چین اور منچوریا تک پائے جاتے ہیں جاپان میں کیوں قدم نہ جمایا۔

بہرحال ایسی حالت میں کیا شک ہو سکتا ہے کہ جاپان کی تہذیب و معاشرت پر جو آثار تہذیب ہند کے پائے جاتے ہیں وہ اسی بودھ مذہب کے ذریعے پڑے تھے۔

تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ ۱۴۰۸ء میں پہلی دفعہ پرتگیزوں کا جہاز جاپان پہنچا اور ۱۵۴۹ء میں اہل ہسپانیہ وارد جاپان ہوئے۔ جو اہل یورپ اسی زمانے میں جاپان آئے وہ زیادہ تر پادری لوگ تھے۔ اگرچہ انھوں نے عیسائی مذہب کے پھیلانے کی بڑی کوشش کی لیکن اس مذہب نے زیادہ رواج نہ پایا

۱۵۹۱ء میں پرتگیزوں کے وائسرائے ہند نے جو گوا میں تھے۔ ایک خط پادری کے ہاتھ تویوتومی ہیدے یوشی کو جو اسی زمانہ کا سب سے طاقتور سردار تھا بھیجا۔ اس کے جواب میں ہیدے یوشی نے بھی ایک خط وائسرائے کے نام روانہ کیا تھا۔

ہیدے یوشی کی وفات کے بعد جاپان کے تعلقات یورپ کی قوموں کے ساتھ اور بڑھ گئے۔ پرتگیزوں اور اہل ہسپانیہ کے وارد ہونے کے بعد ڈچ، انگریز، فرانسیسی، روسی اور اہل امریکہ کی قومیں کی آمد ہونے لگی۔ اس زمانے میں اہل یورپ کی آمد نے جاپانی تہذیب قدیم کے جمود میں انقلاب کی تحریک پیدا کرنے کا کام کیا۔ اور جب کہ ہم حالت خواب میں تھے ہمارے آرام میں خلل ڈال دیا۔ دنیا کو سمجھنے اور علوم و فنون یورپ و امریکہ کے حاصل کرنے کی خواہش ہم میں پیدا ہو چلی تھی۔ ایسے موقع پر کیا تعجب ہے کہ غیر ملکی زبانوں کی اہمیت اور ان کی سخت ضرورت محسوس ہو گئی۔ چنانچہ ۱۸۷۳ء میں توکیو سکول آف فارن لینگویجز (مدرسہ السنہ غیر توکیو) قایم کیا گیا۔ لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ ۱۸۸۴ء میں یہ مدرسہ بند کر دیا گیا۔ اس کے بعد ۱۸۹۴ء کی جنگ چین کے بعد غیر ملکی زبانوں کی تحصیل کے لئے بڑی زوردار تحریک ملک بھر میں پیدا ہو گئی۔ پس ۱۸۹۶ء میں توکیو سکول آف فارن لینگویجز نے دوبارہ جنم لیا۔ اپنی گذشتہ چہل سالہ زندگی میں یہ مدرسہ کامیابی کے ساتھ قومی خدمات انجام دیتا رہا ہے۔ اور ہندوستانی صیغہ جس میں ہندوستانی یعنی اردو زبان پڑھائی جاتی ہے اسی مدرسہ کا ایک جزو ہے

اب میں نفس مضمون کے متعلق معزز ناظرین کی خدمت میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس مضمون پر کچھ لکھنا مدرسہ السنہ غیر توکیو جاپان کے صیغہ ہندوستانی کی تاریخ کا قلم بند کرنا ہے۔ اس مدرسہ پر ہمارے معزز دوست شیخ بدرالاسلام صاحب فضلی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی ہمارے مدرسہ کے سابق زبان اردو کے پروفیسر نے رسالہ ہمایوں کی جلد بیس نمبر ۱ میں مختصر حال بیان فرمایا تھا۔

جنگ چین اور جنگ روس کی فتوحات کے بعد جاپان کی حالت مستحکم ہو گئی اور ممالک دنیا کے ساتھ دوستانہ تعلقات ترقی کرتے رہے۔ اس زمانے میں جاپان اور اس کے مشرقی ہمسایہ ہندوستان کے درمیان آمد و رفت اور تجارتی تعلقات عجیب طور پر بڑھنے لگے نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستانی زبان

کی سخت ضرورت محسوس ہونے لگی لیکن جاپان میں اردو یا ہندوستانی زبان کی تحقیقات بہ نسبت السنۂ یورپ کے بہت دیر میں شروع ہوئی۔ جاپان میں زبان اردو کی تعلیم پہلی دفعہ اپریل ۱۹۰۸ء میں مدرسہ السنۂ غیر توکیو میں شروع ہوئی۔ اس وقت اردو زبان کے پڑھانے کے لئے بائیس گھنٹے ہفتہ وار مقرر تھے اور مدت نصاب ایک سال کی تھی۔ اور سبق اکثر شام کے وقت پڑھایا جاتا تھا۔ پہلی مرتبہ ۱۹۰۸ء میں بارہ۔ دوسری مرتبہ ۱۹۰۹ء میں دو پھر ۱۹۱۰ء میں پانچ طلبا اس جماعت سے کامیاب ہو کر نکلے

اس وقت اردو زبان کے ساتھ تامل زبان بھی پڑھائی جاتی تھی۔ اردو زبان کے پڑھانے کے لئے جو ہندوستانی پروفیسر بلائے گئے تھے اُن میں اول ۱۹۰۸ء سے ۱۹۰۹ء تک دت صاحب مقرر ہوئے تھے ۱۹۰۹ء میں اُن کی جگہ مولوی محمد برکت اللہ صاحب مرحوم پروفیسر مقرر ہوئے۔ مولوی برکت اللہ صاحب مرحوم ۱۹۱۴ء تک ہمارے مدرسہ میں پروفیسر رہے۔ اسی زمانہ میں ایک جاپانی لیکچرار کے۔ فوجیتا نامی ان کے ساتھ کام کرتے رہے۔

مارچ ۱۹۱۱ء میں اردو اور تامل دونوں جماعتیں بند کر دی گئیں اور اپریل ۱۹۱۱ء میں ہندوستانی صیغہ قائم کیا گیا۔ اب بجائے شام کے دن کو تعلیم ہونے لگی اور وہ تامل جماعت ہمیشہ کے لئے بند کر دی گئی۔ مولوی محمد برکت اللہ صاحب اس صیغہ کے طلبا کو برابر اردو زبان پڑھاتے رہے۔ ۱۹۱۵ء میں اُن کے مدرسہ چھوڑنے کے بعد ایک سال تک دیواری لال سنگھ صاحب ۱۹۱۶ء سے ۱۹۱۷ء تک، اُن کے چلے جانے پر ۱۹۱۷ء میں پنڈت ہری ہرناتھ تھرل اُل صاحب مرحوم اُن کی جگہ اردو پروفیسر مقرر ہوئے۔ وہ خوش مزاج، نیک دل، صاحب کمال۔ عالم و فاضل اور بڑے محنت کرنے والے تھے۔ وہ ۱۹۲۰ء تک طلبا کی تعلیم میں سخت تکلیفیں اٹھاتے رہے۔ یہ خاکسار بھی جس کو ۱۹۱۹ء میں ہندوستانی صیغہ میں داخلہ کی عزت نصیب ہوئی تھی ان کے شاگردوں میں تھا لیکن صد ہزار افسوس کہ ۱۰ جون ۱۹۲۱ء کو ان کا انتقال توکیو میں ہو گیا۔ اس ہر دل عزیز پروفیسر کی یاد اکثر ان کے شاگردوں کو تڑپاتی اور خون کے آنسو رُلاتی ہے۔ اُن کے انتقال کے بعد کچھ عرصہ تک کوئی ہندوستانی پروفیسر نہ رہے۔ اسی سال ہمارے صیغہ کے ایک فارغ التحصیل طالب علم مسمی اینوئی صاحب نائب پروفیسر مقرر ہوئے۔ وہ ۱۹۲۲ء تک مدرسہ میں کام کرتے رہے۔ ۱۹۲۲ء میں ہنری ڈرامنڈ صاحب ہندوستانی پروفیسر مقرر ہوئے وہ نہایت مہربان پروفیسر تھے۔ میں جو اُن کے شاگردوں میں تھا اکثر ان کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا اور وہ ہمیشہ بڑی عنایت سے پیش آتے تھے۔ وہ تقریباً دو سال تک مدرسہ میں کام کرتے رہے۔ ان کی جگہ ۱۹۲۴ء میں بشمبر دت صاحب پروفیسر مقرر ہوئے اور کوئی ایک سال تک پروفیسر رہے۔ ۱۹۲۶ء میں لالہ عطر سین صاحب جین پروفیسر مقرر ہوئے۔ وہ تین سال تک پروفیسری کا کام کرتے رہے۔ اسی عرصہ میں نومبر ۱۹۲۵ء میں یہ خاکسار اسی مدرسہ میں ہندوستانی لیکچرار مقرر ہوا۔ ۱۹۲۹ء میں لالہ عطر سین صاحب جین کے مدرسہ چھوڑنے کے بعد ایک سال تک کیشو رام صابر دال صاحب ہندوستانی لیکچرار مقرر ہوئے۔ اور دسمبر ۱۹۳۰ء میں شیخ محمد بدر الاسلام صاحب فضلی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی ہندوستان سے تشریف لائے۔ وہ نہایت نیک دل، صاحب کمال تھے اور اردو و فارسی ادب میں گہری علمی لیاقت اور ذوق رکھتے تھے۔ وہ مارچ ۱۹۳۲ء تک اردو زبان اور کچھ فارسی بھی پڑھاتے رہے۔ شاید جاپان کی آب و ہوا نے ان کی صحت پر کچھ برا اثر ڈالا۔ وہ کبھی کبھی بیماریوں میں مبتلا رہے۔ اور اُنہوں نے سخت تکلیفیں اُٹھائیں۔ افسوس ہے کہ سوا سال کے بعد علالت طبع کے باعث وطن تشریف لے گئے۔ لیکن خوشی کی بات ہے کہ اپنے وطن واپس تشریف لے جانے کے بعد اُن کی صحت بحال ہو گئی۔ وہ اب پانی پت میں عالی مسلم ہائی سکول کے عہدۂ ہیڈ ماسٹری پر فائز ہیں۔ اگرچہ جاپان میں ان کی زندگی کا بیشتر حصہ بیماریوں کے علاج میں گزرا۔ تاہم وہ اکثر جاپانی مسئلوں پر مضمون قلم بند کر کے رسالہ "ادبی دنیا" یا "ہمایوں" کو بھیجا کرتے تھے۔ "ادبی دنیا" کی جلد ۵۔ نمبر ۱ میں "جاپانی زبان کی دلچسپ خصوصیات" اور ہمایوں کی جلد ۲۰ نمبر ۱ میں ٹوکیو سکول آف فارن لینگویجز وغیرہ مضامین ان کے قلم بند کئے ہوئے شائع ہوئے۔

شیخ فضلی صاحب کی جگہ اکتوبر ۱۹۳۲ء میں ان کے معزز دوست مرزا محمد نور الحسن برلاس صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی علیگ ہندوستانی پروفیسر مقرر ہوئے وہ نہایت خوش مزاج۔ نیک دل۔ صاحب کمال اردو و فارسی ادب اور مذہب اسلام پر گہری علمی لیاقت رکھتے ہیں اور بڑے محنت کرنے والے ہیں ان کی زوجہ محترمہ اشرف جہاں بیگم صاحبہ بھی ان خوبیوں سے متصف ہیں۔ جاپان تشریف لانے کے بعد برلاس صاحب اور ان کی زوجہ محترمہ یہاں کے تہذیبی اور معاشرتی مسئلوں پر جو اُن کی نظر میں دلچسپ ہوں۔ اکثر رائے قائم کر کے رسالہ "ساقی" "عصمت" "تہذیب نسواں" وغیرہ میں مضامین شائع کراتے رہتے ہیں۔ ان دونوں صاحبان کی مہربانی اور محنت و مشقت سے جاپان کی بہت کچھ خوبیاں ہندوستانی ناظرین کے سامنے پیش کی جا رہی ہیں۔

اس کی تحریریں اکثر گہری تحقیقات سے قلم بند کی جاتی ہیں۔ اور وہ جاپانیوں کی تہذیب و معاشرت کی جیتی جاگتی تصاویر ہوتی ہیں۔ ان کے مضامین میں سے بعض مندرجہ ذیل ہیں:۔

(۱) جاپان اور منچوریا از برلاس صاحب مطبوعہ رسالہ "ساقی" دہلی فروری و مارچ ۱۹۳۴ء

(۲) جاپان میں ہندوستانی ڈرامہ از بیگم برلاس صاحبہ مطبوعہ رسالہ "ساقی" دہلی جون ۱۹۳۴ء

(۳) ٹوکیو میں مسلمان از برلاس صاحبہ مطبوعہ رسالہ "شاہجہاں" دہلی اگست ۱۹۳۴ء

(۴) جاپان میں گلنور از برلاس صاحبہ مطبوعہ رسالہ "ساقی" دہلی ستمبر ۱۹۳۴ء

علاوہ ان کے دس مضامین ہندوستان کے مشہور رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں اور باقی دس گیارہ مضامین اب شائع ہونے والے ہیں۔

ہمارے ہندوستانی صیغہ کے اب تک کئی جاپانی لیکچرار مقرر ہو چکے ہیں لیکن وہ اکثر صرف چند مہینے رہے۔ وہ لیکچرار سب ہمارے صیغہ کے فارغ التحصیل تھے۔ اپنی مناسب پہلے اسسٹنٹ پروفیسر تھے۔ بالآخر یہ ناچیز ۱۹۲۵ء میں لیکچرار اور ۱۹۲۶ء میں اسسٹنٹ پروفیسر اور ۱۹۳۴ء میں پروفیسر مقرر ہوا۔

جاپان میں اردو مندرجہ بالا ہندوستانی اور جاپانی پروفیسروں اور لیکچراروں کی بے انتہا کوشش اور بے حد محنت و کاوش سے جاپانی طلبا کو پڑھائی جا رہی ہے۔ اس وقت ہمارے صیغہ کی تیسری جماعت میں دس اور پہلی جماعت میں پندرہ طالب علم اردو زبان پڑھ رہے ہیں۔ صیغہ کے فارغ التحصیل طلبا کی تعداد تقریباً ایک سو ہے۔ ان میں سے بعض ہندوستان یا دیگر غیر ملکوں میں جا چکے ہیں۔ انھوں نے زیادہ تر تجارت کے کام میں حصہ لیا ہے لیکن ان میں سے دو محکمہ خارجہ میں کام کر رہے ہیں۔ بعض مڈل سکول میں انگریزی زبان کی تعلیم دیتے ہیں۔ بعضوں نے سرکاری ملازمت اختیار کر لی ہے۔ بعض جنوبی منچوریا ریلوے کمپنی کی خدمت کر رہے ہیں۔ مختصر یہ کہ یہ لوگ مختلف پیشوں میں کسب معاش کر رہے ہیں۔

۱۹۲۶ء سے پہلے مدرسہ کی مدت نصاب تین سال تھی۔ لیکن اب ۱۹۲۶ء سے چار برس کی ہو گئی ہے۔ جو گھنٹے ہندوستانی زبان کی تعلیم کے لئے مقرر ہیں وہ پہلی جماعت کے لئے بارہ گھنٹے ہفتہ وار، دوسری جماعت کے لئے نو گھنٹے، تیسری کے لئے سات، چوتھی کے لئے چھ گھنٹے ہیں۔ مدرسہ میں جو اردو کتابیں استعمال کی جاتی ہیں وہ زیادہ تر لاہور یا پنجاب کی درسی کتابیں ہوتی ہیں۔ پرائمری کورس کی کتابیں ختم کرنے کے بعد جغرافیہ، تاریخ، مذاہب ہند وغیرہ کا مختصر حال پڑھایا جاتا ہے۔ پھر مشہور افسانہ نگاروں کے افسانے، اردو اخبارات اور رسالوں کے مضامین، بڑے بڑے اہل قلم کے تحریر کردہ مضامین کے انتخابات، کچھ نظم، جاپانی زبان سے اردو میں ترجمہ، املا، خطوط نویسی وغیرہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔

ہمارے صیغہ کے طلبا کے لئے علاوہ اردو زبان کے انگریزی زبان، مادری زبان، اقتصادیات، علم تجارت، مشق انشائے تجارت، ضابطۂ حکومت، قانون سول، قانون تجارت، قانون بین الاقوامی، اصول تعلیم اور جمناسٹک وغیرہ کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنا لازمی ہے۔

ہمارے مدرسہ میں مارچ کے مہینے میں جلسہ دستار بندی کے موقع پر یہ قاعدہ ہے کہ گیارہ صیغوں میں سے دو کے طلبا اپنی اپنی حاصل کی ہوئی غیر ملکی زبان میں رئیس المدرسہ اور پروفیسروں کا شکریہ ادا کر کے الوداعی تقریر کرتے ہیں۔ اس سال ہمارے ہندوستانی صیغہ کی باری تھی تو ہمارے ایک طالب علم نے یہ فریضہ انجام دیا تھا۔ اس تقریب کی بابت بیگم برلاس صاحبہ ایک مضمون بعنوان "یونیورسٹی کی الوداع" رسالہ "حیات نو" کراچی بابت جولائی ۱۹۳۴ء کے پرچہ میں شائع کرا چکی ہیں۔ اس جلسہ کے علاوہ مدرسہ میں ہر سال نومبر کے مہینے میں دس غیر ملکی زبانوں میں ڈرامے کئے جاتے ہیں۔ ہمارے ہندوستانی طلبا بھی ان میں شرکت کرتے ہیں۔ یہ ڈرامہ اکثر سب سے اونچی جماعت کے طلبا کرتے ہیں گویا یہ چوتھی جماعت کے طلبا کا کام ہوتا ہے۔ اور ہمارے ہندوستانی صیغہ کی صرف دو جماعتیں ہوتی ہیں۔ یعنی اگر اس سال پہلی اور تیسری جماعتیں ہیں تو اگلے سال دوسری اور چوتھی جماعتیں ہوں گی۔ پھر پہلی تیسری، پھر دوسری چوتھی۔ اس لئے جب چوتھی جماعت ہوتی ہے اس وقت اردو ڈرامہ کیا جاتا ہے۔ القصہ اردو ڈرامہ ایک سال بیچ کیا جاتا ہے۔ پچھلے سال اردو ڈرامہ "پرتگیا" کیا گیا تھا۔ جس کو جناب سدرشن صاحب نے چند سال ہوئے رسالہ "زمانہ" کانپور میں چھپوایا تھا۔ اس ڈرامہ پر ایک مضمون بیگم برلاس صاحبہ نے گذشتہ جون کے رسالہ "ساقی" دہلی میں "جاپان میں ہندوستانی ڈرامہ" کے عنوان سے شائع کرایا تھا۔

مدرسہ کے کتب خانہ میں ہندوستانی صیغہ کے لیے اردو، ہندی فارسی، عربی، انگریزی، جاپانی وغیرہ زبانوں کی کتابیں علم ادب، تاریخ، سوانح عمری، مذہب، افسانہ، قصہ، جغرافیہ، رسم و رواج، زبان، علم اللسان، تعلیم، صرف و نحو وغیرہ موجود ہیں۔ ان کتابوں کی تعداد تقریباً ایک ہزار پانسو ہے۔ اگرچہ یہ تعداد ہرگز زیادہ نہیں کہی جا سکتی لیکن جاپان میں کسی اور کتبخانہ میں اتنی زیادہ اردو، فارسی، عربی وغیرہ کی کتابیں نہیں مل سکتیں۔ روکتابوں میں بڑے بڑے اہل قلم کی تصانیف اور اردو ادب کے نمونے بہت کچھ موجود ہیں۔ رسالے جو ہندوستان سے منگائے جاتے ہیں وہ رسالہ "اردو" (اورنگ آباد) "اسلامک کلچر" حیدرآباد دکن، "ریاست" (دہلی) میں خود مجھ کو ایڈیٹر صاحب "ادبی دنیا" بڑی مہربانی سے اپنا رسالہ باقاعدہ مرحمت فرما رہے ہیں اور رسالہ "ہندوستانی" (الہ آباد) بھی ایڈیٹر صاحب "ہندوستانی" کی بے حد عنایت سے میرے پاس بیختیار رہتا ہے۔ رسالہ "ہمایوں" "رنگ خیال" اور ہندی رسالہ "ہنس" بھی تھوڑے عرصے تک میں پڑھتا رہا۔

"مدرسہ السنہ" غیر میں ہندوستانی صیغہ کے طالب علموں کی ایک مجلس ہے جس کا مقصد زبان، ادب، تاریخ، سوانح عمری، رسم و رواج، مذہب وغیرہ کی تحقیقات کرنا ہے۔ اب اس مجلس کا سرمایہ اتنا کم ہے کہ یہ زیادہ کام نہیں کر سکتے۔ لیکن سال میں ایک مرتبہ موسم گرما کی تعطیلات کے بعد چھوٹا سا رسالہ نکلا کرتا ہے۔ اس رسالہ میں کبھی کسی اردو مضمون کا ترجمہ شائع ہوتا ہے اور پروفیسر صاحبان اردو یا انگریزی میں مختلف مضامین پیش کرتے ہیں۔

ہمارے لئے یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ جاپان میں اردو زبان کی یا اس کے متعلق مطبوعات بہت کم ہیں۔ ارہیرو سے صاحب نے ایک چھوٹی سی کتاب اردو گفتگو کی لکھی ہے۔ میرے ایک دوست دی تاکا اوچی صاحب نے جو چار سال تک ہندوستان میں رہے تھے "ملک ہند کی حقیقی حالت" کے عنوان سے ایک کتاب جاپانی زبان میں تصنیف کی ہے۔ انہوں نے اپنی کتاب کے آخری حصہ میں ضمیمہ کے طور پر چند صفحات میں اردو زبان کی گفتگو چھپوائی ہے۔ حال میں ایس نومورا صاحب نے ایک کتاب بعنوان "اردو زبان کا خود آموز" شائع کرائی ہے۔ ان سب کتابوں میں اردو عبارت رومن حروف میں ہے اور ان میں اکثر غلطیاں پائی جاتی ہیں۔ یہ تمام کتابیں شاید کچھ زیادہ کارآمد نہیں ہو سکتیں۔ علاوہ ان کے ایک ہندوستانی صرف و نحو ہے جس کو اس خاکسار نے تصنیف کیا ہے۔ یہ مدرسہ میں اردو زبان کی صرف و نحو کی تعلیم میں استعمال کرنے کی غرض سے لکھی گئی ہے۔ عوام الناس کے استعمال کے لیے تو شاید موزوں نہیں۔ اس میں جو اردو عبارتیں موجود ہیں وہ سب اردو حروف میں ہیں۔

اردو زبان کے افسانوں یا ناولوں کا ترجمہ جاپانی زبان میں زیادہ نہیں ہوا ہے۔ ایک ہندوستانی کیشو رام صابر دال صاحب نے جو مدت سے ٹوکیو میں قیام پذیر ہیں اور جاپانی زبان میں مکمل مہارت حاصل کر چکے ہیں رسالہ "کائزو" میں جو جاپان کے سب سے بڑے اور مشہور رسالوں میں سے ایک ہے منشی پریم چند صاحب کی کہانیوں کے جاپانی ترجمے چھپوائے تھے۔ ان میں سے ایک "منتر" کا ترجمہ تھا۔ منشی پریم چند صاحب کے متعلق چند سال ہوئے میں نے اخبار "توکیو نچی نچی" میں مختصر سوانح عمری اور ان کی افسانوں پر اپنی رائے ظاہر کی تھی۔

موجودہ زمانہ کے جاپان میں چھپائی کا ہنر بڑی ترقی کر چکا ہے۔ اخباروں کی تعداد ملک بھر میں تقریباً آٹھ ہزار ہے اور ان میں سے روزانہ اخباروں کی تعداد ایک ہزار ایک سو سے زیادہ ہے۔ بڑے اخباروں میں سے "اوساکا مائی نچی" روزانہ پندرہ لاکھ سے زائد "توکیو نچی نچی" دس لاکھ سے زیادہ شائع ہوتے ہیں۔ اور اخبار "توکیو اساہی" اور "اوساکا اساہی" کی اشاعت کی تعداد بھی تقریباً "اوساکا مائی نچی" اور "توکیو نچی نچی" کی اشاعت کی تعداد کے برابر ہوتی ہے۔ اور مشرقی زبانوں میں سے چینی زبان اور یورپ کی اکثر زبانوں میں کتابیں شائع ہو سکتی ہیں۔ سنسکرت زبان کے لئے بھی ناگری ٹائپ موجود ہے لیکن عربی، فارسی، اردو، اور زبان ملایا کے لئے ٹائپ کا ملنا بہت مشکل ہے۔ اگر مل جائے تو بھی اس کے استعمال میں بڑی مشکل پیش آتی ہے۔ چونکہ اب تک جاپانیوں میں ان زبانوں کے سیکھنے کا شوق زیادہ پیدا نہیں ہوا لازمی طور سے ان زبانوں کی کتابیں شائع نہیں ہوئیں۔ اس لئے بڑے بڑے مشہور مطبعوں کے تجربہ کار مزدوروں کو بھی عربی، فارسی اردو حروف کے استعمال کا تجربہ نہیں۔ لیکن اب میرا تصنیف کردہ چھوٹا سا رسالہ صرف و نحو فارسی سفارت خانہ ایران کے سکرٹری مرزا احمد خاں اردشیر صاحب کی مہربانی سے شائع ہونے والا ہے۔ اس میں جو عبارت یا الفاظ فارسی زبان کے ہیں ان سب کو کسی طرح فارسی ٹائپ میں چھپوانے کا ارادہ ہے۔

اب میں مدرسہ السنہ غیر اوساکا کے متعلق معزز ناظرین کی خدمت میں کچھ عرض کرتا ہوں۔ یہ مدرسہ ۱۹۲۲ء میں اوساکا میں جو جاپان کا سب سے بڑا تجارتی شہر ہے قائم کیا گیا تھا۔ اس مدرسہ میں بھی اردو زبان پڑھائی

جاتی ہے۔ وہاں اے۔ ساوا صاحب پروفیسر زبانِ ہندوستانی مقرر ہوئے ہیں۔ وہ ہمارے ہندوستانی صیغہ کے ایک پرانے فارغ التعلیم ہیں انہوں نے ۱۹۰۷ء میں ہمارا مدرسہ چھوڑا تھا۔ علاوہ ان کے وہاں کے یاماموتو نامی صاحب ایک اسسٹنٹ پروفیسر ان کے ساتھ کام کر رہے ہیں اس مدرسہ کی مدتِ نصاب تین سال کی ہے۔ چونکہ یہ مدرسہ بالکل نیا ہے اس لئے کتبخانہ میں بھی زیادہ کتابیں موجود نہیں۔ گذشتہ مارچ کو پروفیسر لالہ عطر سین جین صاحب کے مدرسہ چھوڑنے کے بعد جناب مدن لال صاحب لاہوری ہندوستانی پروفیسر مقرر ہوئے ہیں۔ جو گذشتہ مئی میں جاپان تشریف لائے ہیں۔ میں نے سُنا ہے کہ وہ ہدایت نیک دل صاحب کمال اردو اور فارسی ادب میں گہری علمی لیاقت اور ذوق رکھتے ہیں۔ ان کا اوساکا تشریف لانا مدرسہ معروف کی بڑی خوش نصیبی ہے اس مدرسہ میں بھی ہندوستانی صیغہ کی دو جماعتیں ہوتی ہیں اور طلبا کی تعداد عام طور پر تیس۔ اسی صیغہ کے گریجویٹوں کی تعداد تقریباً ایک سو ہے۔ اسی صیغہ کے طالب علموں کی مجلس سال میں ایک دفعہ رسالہ "انڈیو" رسجرِ ہند شائع کرتی ہے جس میں ہندوستان، افغانستان، ایران وغیرہ ممالک کے متعلق مختلف اقسام کے مضامین شائع کئے جاتے ہیں۔

مندرجہ بالا بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ جاپان میں تعلیم زبانِ اردو کی ابتدا کب اور کہاں ہوئی اور کن کن اشخاص کی محنت و مشقت کا نتیجہ ہے مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ جاپان اور ہندوستان دونوں ملکوں کے درمیان جوں جوں آمد و رفت بڑھتی جائے گی اور تجارتی تعلقات ترقی کرتے جائیں گے جاپانیوں میں ملک ہند کی تہذیبی اور معاشرتی حالت کے متعلق تحقیقات کی اور تاریخی و مذہبی معلومات حاصل کرنے کی ضرورت زیادہ محسوس ہوتی جائے گی۔ اور ہندوستان کی مروجہ زبانوں میں سے اردو و ہندی دونوں زبانوں کی تحقیقات کی اہمیت عوام الناس کے ذہن نشین ہو جائے گی۔

۳۱ اکتوبر ۱۹۳۴ء

آر۔ گامو

(از ٹوکیو۔ جاپان)

بہرۂ عام

منظرِ صبحِ ازل پھر یاد مجھ کو آگیا آج پھر اس کا تصور دل مرا تڑپا گیا

حصہ ہر انسان کا جب مجھ کو دکھلایا گیا

خود میں حیراں ہوں کہ مجھ سے کس طرح دیکھا گیا

سامنے محمود کے وہ لعل و گوہر کی نمود وہ سکندر اور وہ فوجِ سکندر کی نمود

وہ فریدوں کی نمائش اور وہ اکبر کی نمود

تخت پر ان کو بٹھا کر تاج پہنایا گیا

ذوق بخشِ کائناتِ زندگی تھا مرا حسنِ شیریں کا وہ جلوہ وہ فسوں پرور مرا

کیا کوئی ہے درد کی لذت سے بھی بڑھ کر مرا

مفت میں کیا کوہکن کے دل کو تڑپایا گیا

کیا کہوں ہے اس کا میرے دل پہ کس درجہ اثر یادِ تقسیمِ ازل ہے کارفرما ذہن پر

بعض لوگ افسردہ خاطر بھی نظر آئے مگر

میں نے ہنس کر لے لیا جو کچھ مرے پاس آگیا

جب ہو کارآمد ابد تک بہرۂ عامِ ازل رازِ حسرت کیوں نہ ہو انعام و اکرامِ ازل

کر سکے کوئی بیاں کیا شانِ اقسامِ ازل

بہرہ دستِ غیب سے کس کو نہ پہنچایا گیا

علی منظور حیدرآبادی۔